PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN DEBATES

29th June, 1967

20th Rabi-al-Awwal, 1387 A.H.

Vol. V—No. 31

Vol-VII

OFFICIAL REPORT

Assembly
25 1 66

CONTENTS

Thursday, the 29th June, 1967

		Page
Recitation from the Holy Qur'an	...	8085
Starred Questions and Answers	...	8086
Short Notice Questions and Answers	...	8131
Answers to Starred Questions laid on the Table	...	8143
Question of Privilege— *re : contradictory statements of the Ministers of Finance and Health in respect of mobile X-Ray machines in Mayo Hospital*		8171
Extension in time for the presentation of Standing Committees' Reports	...	8176
The West Pakistan Finance Bill, 1967	...	8177

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 29th June, 1967

پنج شنبہ ۲۰ ربیع الاول ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ۝ اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَاۗىِٕرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ۝ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ۭ وَلِلنِّسَاۗءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۭ وَسْـَٔـلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

(پ ۵۔ س ۴۔ ع ۲۔ ایات ۲۹ تا ۳۲)

اے ایمان والو! تم ایک دوسرے کا مال ناحق مت کھاؤ۔ ہاں اگر آپس کی رضامندی سے تجارت کے لین دین کے طور پر ہو (تو جائز ہے) اور اپنے آپ کو ہلاک مت کرو۔ بلاشک و شبہ اللہ تم پر بڑا مہربان ہے۔ اور جو تعدی و ظلم سے ایسا کرے گا ہم اس کو عنقریب آگ میں داخل کرینگے اور یہ اللہ کو بہت آسان ہے۔

اگر تم بڑے بڑے گناہوں سے جن سے تم کو منع کیا جاتا ہے اجتناب رکھو گے تو ہم تمہارے چھوٹے چھوٹے گناہ معاف کردیں گے اور تمہیں عزت کے مسکنوں میں داخل کریں گے۔ اور جس چیز میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اس کی ہوس مت کرو۔ مردوں کو ان کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کئے اور عورتوں کو ان کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کئے۔ اور اللہ سے اس کا فضل و کرم مانگتے رہو۔ بلاشبہ اللہ ہر چیز سے باخبر ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Hamza.

LOCAL COUNCIL SERVICE

*3923. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the number of vacancies occurred in Class I Junior and Class II Senior in the Local Council Service during the period from 1st January 1966 to 31st July 1966 alongwith the reasons for the occurrence of each vacancy ;

(*b*) whether vacancies mentioned in (*a*) above have since been filled up ; if not, the time by which the same are likely to be filled ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) :

Class I (Junior)	...	3 :	1 due to retirement.
			1 due to death.
			1 new post included in L.C.S.
Class II (Senior)	...	3 :	2 due to the promotion to Class I (Junior).
			1 new post included in L.C.S.

(*b*) Two vacancies of Class I (Junior) and one vacancy of Class II (Senior) have been filled up. The rest of the vacancies are expected to be filled up shortly.

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر بلدیات یہ بتا سکتے ہیں کہ جو اسامیاں خالی پڑی ہیں ان کو پر کیوں نہیں کیا گیا ؟ ''جلد'' کہہ دینے کی بجائے کوئی مدت متعین کریں تو بہتر ہوگا -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ چونکہ لوکل کونسل سروس کی تنظیم نئی بنی تھی - اس سلسلے میں پہلی مرتبہ لوگوں کو امتحانات کے ذریعے سے لے رہے ہیں اور

انٹرویوز ہوچکے ہیں ۔ ہمیں امید ہے کہ سیشن کے کچھ عرصہ بعد انشاءاللہ فیصلہ ہو جائے گا ۔

COLLECTION OF PROFESSIONAL TAX BY DISTRICT COUNCIL, LYALLPUR

*4120. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the amount collected by the District Council, Lyallpur under the Head "Professional Tax" during 1965-66, alongwith names of the trades for which it was collected ;

(*b*) the amount spent by the said District Council on the Staff, etc., engaged for its collection during the said period ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Amount collected was Rs. 2,61,696. The name of trades is given in the *ex*-Punjab Government notification No. 1102-L.G. 48/9302, dated 8th March, 1948, a copy of which is placed on the Table of the House.*

(*b*) Rs. 57,782.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات کو یہ احساس ہے کہ اس ٹیکس کے اکٹھا کرنے پر زیادہ رقومات خرچ ہو رہی ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ بظاہر یہی بات معلوم ہوگی اور یہی سوال میرے ذہن میں بھی پیدا ہوا ۔ میں نے اس سلسلے میں مزید اطلاعات لائلپور سے لی ہیں کہ آیا یہ سٹاف پروفیشنل ٹیکس کے جمع کرنے کا کام کرتا ہے یا اس کے علاوہ بھی کوئی کام کرتا ہے ۔ ویسے اطلاع یہ ہے ۔

"The staff engaged for the collection of professional tax performs certain other important duties as well. These are licensing and checking of 'Tongas' and 'Gaddas' and secondly supervision of ferries and thirdly licensing and

*Please see Appendix I at the end.

checking of oil engines. There is an income of about Rs. 50,000 from these items and there are six Tax Inspectors. In the new budget, 2 posts have been abolished. There will be only one Tax Inspector for each Tehsil in future."

تو ان چیزوں کے پیش نظر میرے خیال میں اگر وہ پہلی فگرز لی جائیں تو واقعی حمزہ صاحب کا جو ارشاد ہے اس کی روشنی میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے لیکن ان دو تشریحات کے بعد میرے خیال میں یہ مناسب حد میں آجائے گا۔

مسٹر حمزہ - کیا وزیر بلدیات نے یہ نوٹیفیکیشن پڑھا ہے اور دیکھا ہے کہ یہ چھابڑی لگانے والے ، مچھیرے ، بڑھئی ، دھوبی ، موچی ، جولاہے یعنی چھوٹے چھوٹے کام کرنے والے غریب لوگ جن کی آمدنی مشکل سے ۳۰۰/۰۰ روپیہ سالانہ ہے یا تقریباً ۲۵ روپیہ ماہوار ہے ان سے یہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے تو کیا ان حقائق کے پیش نظر یہ ٹیکس ظالمانہ نہیں ؟ اگر ظالمانہ ہے تو اس کو اس ترقی پذیر ملک میں اور اس انقلابی حکومت کے ہوتے ہوئے جاری رکھنا کس لحاظ سے مناسب ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - ہر معاملے میں حالات کا خیال کرتے ہوئے یہ ٹیکس لگایا جاتا ہے - ڈسٹرکٹ کونسل اور متعلقہ ادارے کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ مناسب صورت میں وہ معاف بھی کر دے - اور میں ساتھ ہی یہ عرض کروں گا کہ اگر میرے فاضل دوست اس چیز کو ظالمانہ کہیں تو اس ضمن میں گذارش یہ ہے کہ اصل میں کام کی نوعیت اور اس کے مقصد کو پیش نظر رکھنا ہوتا ہے کیونکہ جتنے ٹیکس لگائے جاتے ہیں یہ عوام ہی کے فائدے کے لئے لگائے جاتے ہیں - لائلپور میں جتنے لوگ ادا کرتے ہیں اس میں سے ہر ایک پیسہ

ڈسٹرکٹ کونسل کا لائلپور کے عوام کی خدمت کے لئے خرچ ہوتا ہے لیکن اگر آپ یہ کہیں کہ جتنے ٹیکس ہیں وہ معاف کر دیئے جائیں تو یہ بھی ناممکن ہے۔

مسٹر حمزہ - میرا خیال ہے کہ جناب وزیر بلدیات اپنے زمانہ طالب علمی کے وقت سے یہ جانتے ہوں گے کہ ٹیکس ان پر لگایا جاتا ہے جن میں ادا کرنے کی طاقت ہو - وہ لوگ جن کی سالانہ آمدنی ۳۰۰/ ۴۰۰ روپیہ ہے اور جو بیچارے اپنے پیٹ بھی نہیں پال سکتے - کیا ان سے یہ ٹیکس وصول کرنا مناسب ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - جو پیٹ نہیں پال سکتے ان سے ٹیکس وصول نہیں کیا جاتا - صرف ان لوگوں سے یہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جو اس کے دینے کے قابل ہوں یا قابل ہوتے ہیں -

خان اجون خان جدون - میں جناب وزیر بلدیات کے نوٹس میں لاتا ہوں کہ جب یہ نوٹیفیکیشن ہو جاتی ہے کہ فلاں فلاں ٹیکس وصول کرنا ہے تو ٹیکس انسپکٹرز بلا استثنیٰ اس بات کے کہ وہ معلوم کریں کہ ان کی سالانہ آمدنی کیا ہے وہ ٹیکس اکٹھا کرنا شروع کر دیتے ہیں اور دوسری طرف غریب آدمیوں کے لئے بڑی دشواریوں اور پیچیدگیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ان کے پاس اتنا پیسہ نہیں ہوتا کہ وہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز پر جا کر ڈی - سی کو اپیل کر سکیں - اس کی معافی کے لئے تو کیا میں وزیر بلدیات کی خدمت میں یہ التماس کر سکتا ہوں کہ وہ کوئی ایسا طریقہ اختیار کریں کہ پہلے وہ ان کی آمدنی assess کریں اور بعد میں ان سے ٹیکس وصول کیا جائے۔

وزیر بنیادی جمہوریت - آمدنی assess تو کی جاتی ہے لیکن میں

اپنے فاضل ممبر اور ایوان کے دوسرے اراکین کو یقین دلاتا ہوں کہ اس سلسلے میں ہم مزید دیکھ لیں گے اور جہاں کہیں رعایت دینے کی ضرورت ہوئی تو ایسے اقدامات کریں گے کہ وہ رعایت ضرور دی جائے۔

میجر ملک محمد علی - کیا میں جناب وزیر صاحب کی خدمت میں گذارش کر سکتا ہوں کہ وہ ڈسٹرکٹ کونسل کو کوئی ایسی ہدایات جاری کریں گے جس کی بنا پر وہ بھی ان ٹیکسوں کو ایسے ہی منصفانہ طریقہ پر لگائیں جیسے کہ آپ فرما رہے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ ٹیکس لگائے جاتے ہیں - میرا خیال ہے کہ میرے دوست مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ جو ادارے ٹیکس لگاتے ہیں ان کے پاس اختیارات ہوتے ہیں اور ان اختیارات کی بھی حدود ہوتی ہیں جن کے اندر انہیں رہنا پڑتا ہے - تو ڈسٹرکٹ کونسلیں اور لوکل باڈیز جتنے بھی ادارے ہیں ان کے بارے میں حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ جو ان کا دائرہ اختیار ہے اس میں وہ زیادہ سے زیادہ خود مختار ہوں اور جناب والا - وہاں عوام کے نمائندے موجود ہوتے ہیں - ان کو یہ اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے دائرہ اختیار میں مکمل آزادی سے کام کرتے رہیں جب تک کہ مفاد عامہ کو کسی طریقہ سے ان کے اقدامات مجروح نہ کریں اور اگر ایسی صورت ہو تو پھر حکومت یا کنٹرولنگ اتھارٹی دخل دیتی ہے یا ایسے اقدامات کرتی ہے کہ عوام کا مفاد پوری طرح سے محفوظ کیا جائے اور اس بارے میں نوٹیفیکیشن جو میں نے عرض کیا ہے وہ جاری ہو چکا ہے اور اس میں یہ ہوتا ہے کہ مختلف چیزیں ڈسٹرکٹ کونسل کے اپنے دائرہ اختیار میں ہوتی ہیں - اس لئے ہر معاملے میں ، تمام ڈسٹرکٹ کونسلوں میں یا لوکل باڈیز میں ۱۰۰ فی صد ایک سی پالیسی ہے اور اگر

اس پر عمل نہ کیا جائے تو کام کرنا ناممکن ہو جاتا ہے اور جیسے کہ فاضل ممبر کا ارشاد ہے تو اس سلسلہ میں میں یہ دیکھنے کو تیار ہوں اور حکومت بھی غور کرے گی کہ آیا جو قانون موجود ہے اس سے عوام کو کوئی تکلیف تو نہیں پہنچ رہی اور اگر کہیں ناجائز ٹیکس تو نہیں لگایا جا رہا ۔ تو جناب والا ۔ اس سلسلے میں ہم مکمل طور پر دیکھ لیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات مجھے بتائیں گے کہ ایسی ڈسٹرکٹ کونسلیں بھی ہیں جو ڈویژنل پبلک سکولوں کو ۲ لاکھ یا ۳ لاکھ روپیہ سالانہ چندہ دے سکتی ہیں ۔ ایسے محنت کشوں سے ۸۵ ہزار وصول کرنا جن کی سالانہ آمدنی ۳۰۰/۴۰۰ روپیہ ہے ۔ کیا یہ انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و بلدیات ۔ میرے فاضل دوست بہت سی باتیں مفروضوں کی بنا پر کر رہے ہیں جو پہلے سوال میں موجود نہیں تھیں اور جن کی تفصیل میں بغیر ریکارڈ کے نہیں جایا جا سکتا ۔ لائلپور کے ضلع کی آبادی میرے خیال میں ۲۵ لاکھ سے کم نہ ہوگی اور یہ ۱۹۶۱ء کے مطابق ہے ۔ وہاں کے کارخانے ، فیکٹریاں اور زمیندار اور دوسرے کام کرنے والے جن لوگوں پر پروفیشنل ٹیکس لگتا ہے ان کی تعداد ۲ لاکھ ۶۹ ہزار ہے اور یہ ٹیکس ایسا ٹیکس ہے جو کافی دیر سے لگا ہوا ہے ۔ اس وقت بھی عوام کے نمائندے موجود تھے اور شاید چیئرمین صاحبان بھی غیر سرکاری تھے ۔ اس کے بعد اسمبلیاں رہی ہیں کہ جو ان کے خیال کے مطابق زیادہ نمائندہ تھیں ۔ اس وقت تک یہ ہوتا رہا ہے ۔ اگر فاضل ممبر اس قسم کی تکلیف کا اظہار فرما کر اس بارے میں پیمائش حاصل کرنا چاہتے ہیں تو وہ الگ بات ہے کیونکہ اگر تکلیف

اتنی زیادہ ہوتی تو وہ ضرور حکومت کے نوٹس میں لائی جاتی ہے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ وہ بہت ساری باتیں محض مفروضوں کی بنا پر کر رہے ہیں ۔ اگر پبلک سکولوں کو بھی ڈسٹرکٹ کونسلوں نے چندہ دیا ہے تو اس کی غرض و غایت تعلیم ہے ۔ اس کے باوجود میں نے پچھلے سیشن میں سوالات کے وقفہ میں یہ عرض کیا تھا کہ اس بارے میں حکومت اس امر پر غور کر رہی ہے کہ ایسی گرانٹیں جو لوکل باڈیز lump sum میں دیتی ہیں ان پر پابندی عاید کر دیں اور اس بات پر ہم غور کر رہے ہیں ۔ میرے فاضل دوست کا یہ کہنا کہ لوگوں پر یہ ٹیکس ظالمانہ طور پر لگایا جا رہا ہے یہ درست نہیں ۔ مجھے یقین ہے کہ ۱۹۴۸ء سے اس وقت تک اس ٹیکس کا لگنے آنا اور شکایت کا نہ ہونا ، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اتنا ظالمانہ طور پر نہیں لگایا گیا اور نہ ہی وہ ظالمانہ طور پر وصول ہو رہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جو شیڈول دیا گیا ہے اس میں درج ہے کہ یہ چھابڑی والے مچھیرے ، موچی ، لوہار ، ان سب پر تین روپے ٹیکس لگایا جاتا ہے ، اگر ان کی سالانہ آمدنی ۳ سو سے ۴ سو روپے تک ہو ۔ اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہیں کہ تقریباً ۵۰ ہزار انسانوں سے یہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے ۔ انہوں نے جواب دیتے ہوئے کہا ہے اور اس طرح ایک اور پردہ اٹھا دیا ہے کہ اس ٹیکس کو ہول سیل وصول کیا جاتا ہے اور اس کا بیشتر حصہ اہل کاروں کی جیب میں جاتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ سپلیمنٹری نہیں ہے ۔

BUILDINGS OF HIGH SCHOOLS RUN BY DISTRICT COUNCIL SAHIWAL

*4180. Mr. Hamza : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(a) the number of High Schools being run by the District Council, Sahiwal ;

(*b*) whether it is a fact that the buildings of most of the said Schools are in a dilapidated condition and the strength of the staff posted therein is inadequate ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the steps taken or intended to be taken for the construction of new buildings for the said Schools and staff therein ;

(*d*) whether it is a fact that the said District Council had once decided to open one new High School every year ; if so, the number of schools opened after the said decision ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) 23.

(*b*) The condition of most of the High Schools is normal and the strength of the staff therein is according to the requirements of the schools.

(*c*) Does not arise.

(*d*) No such decision was taken by the District Council, Sahiwal.

ملک محمد اسلم خان - میں یہ پوچھتا ہوں کہ ان سکولوں کو حکومت کی طرف سے کچھ گرانٹ دی جاتی ہے یا نہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے، دی جاتی ہے -

ملک محمد اسلم خان - جناب والا - وزیر صاحب نے کہا ہے جہاں تک انکے خیال کا تعلق ہے گرانٹ دی جاتی ہے - میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ واقعی گرانٹ دی جاتی ہے - مگر حالت یہ ہے کہ گرانٹ بہت دیر سے پہنچتی ہے - مثال کے طور پر کیمبل پور کی ڈسٹرکٹ کونسل کے سکولوں کو ابھی تک گرانٹ نہیں ملی - وہاں کے سکولوں کے اساتذہ نے اخبارات میں بھی لکھا ہے اور دوسری جگہ بھی درخواستیں دی تھیں کہ ہمیں تنخواہ نہیں مل رہی - کیا وہ اس طرف توجہ فرمائیں گے اور انہیں جلد گرانٹ دینے کی کوشش کریں گے -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ گرانٹ محکمہ تعلیم کی طرف سے دی جاتی ہے - میں بھی محکمہ تعلیم کو لکھ دونگا ویسے اگر آپ یہ سوال محکمہ تعلیم سے کریں تو زیادہ بہتر ہوگا -

چودھری محمد نواز - کیا وزیر موصوف بتائیں گے کہ ڈسٹرکٹ کونسل کی طرف سے ایجوکیشن پر کل خرچ کیا ہے ؟ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ گورنمنٹ کی موجودہ پالیسی کے تحت جو ڈسٹرکٹ کونسل کا actual خرچ تھا، اس سے زیادہ گورنمنٹ کو یا محکمہ تعلیم کو ڈسٹرکٹ کونسل کو دینا پڑتا ہے اور ان کو فائدہ ہونے کی بجائے نقصان ہو رہا ہے - تعلیم پر کم خرچ ہو رہا ہے، اور ان سے لیا زیادہ جا رہا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - اب یہ دو مسئلے ہیں - یہ سوال ہائی سکولوں کے بارہ میں ہے کیا آپ کا مطلب ہائی سکولوں کی تعلیم سے ہے یا آپ کا سوال پرائمری سکولوں کے متعلق ہے - آپ کا سوال جہاں تک میں سمجھ پایا ہوں اسکی دو صورتیں ہیں - پہلے ڈسٹرکٹ کونسلوں کے پاس پرائمری اور ہائی سکول دونوں تھے - پرائمری سکول purely ڈسٹرکٹ کونسلوں کے پاس تھے - اور ہائی سکولوں میں کچھ ڈسٹرکٹ کونسلوں کا دخل تھا اور کچھ گورنمنٹ کا - ۱۹۶۲ء میں گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا کہ پرائمری تعلیم پہلی سے آٹھویں تک اپنی تحویل میں لے لے - پہلے یہ ڈسٹرکٹ کونسل کے پاس تھی اور گورنمنٹ اس کے لئے کافی گرانٹ دیا کرتی تھی - جب گورنمنٹ نے یہ سکول پرائمری مڈل اور ہائی اپنی تحویل میں لے لئے تو فیصلہ کیا گیا کہ لوکل ریٹ کا کچھ حصہ ، میرے خیال میں ۳۳ فی صد، ڈسٹرکٹ کونسل سے لیکر حکومت کو دیا جائے یہ حصہ میونسپل کمیٹیوں کے بارہ میں انکی انکم کے دس فی صد کی حد تک ہے - مجھے معلوم ہوا ہے کہ کئی ڈسٹرکٹ

کونسلوں میں اس سے بے حد تکلیف ہو رہی ہے ۔ کچھ ایسی ہیں جن کی مالی حالت اچھی ہے انکو کم دقت ہو رہی ہے ۔ راولپنڈی ڈویژن کی چو ڈسٹرکٹ کونسلیں ہیں ۔ مثلاً کیمبل پور کی، انکو بڑی دقت کا سامنا ہے ۔ حکومت نے یہ پروویژن رکھی ہے کہ اگر کسی لوکل باڈی کی مالی حالت کمزور ہو اور وہ اپنا حصہ ادا نہ کر سکے ، تو اسے اس سے مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے ۔ راولپنڈی کو یہ رعایت دی بھی گئی ہے ۔ کئی اور ڈسٹرکٹ کونسلوں کا کیس اس بارہ میں زیر غور ہے ۔ ہائی سکولوں کی پوزیشن مختلف ہے ۔ جتنے ہائی سکول ہیں ہم نے انکو پراونشلائز کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ اگرچہ ابھی اس پر عمل در آمد نہیں ہو سکا ۔ مجھے امید ہے کہ ہم جلدی اس پر عمل درآمد کرنے والے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر نے فرمایا ہے کہ ساہیوال میں سکول کی عمارتوں کی حالت معمول کے مطابق ہے ۔ کیا میں ان سے دریافت کر سکتا ہوں کہ معمول کے مطابق سے انکا کیا مطلب ہے ۔ اگر مطلب تسلی بخش ہے تو کیا طلبہ کی جتنی تعداد وہاں موجود ہے انکے لئے کمرے موجود ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ یہ تو نہیں ہے کہ وہ سو فیصد معیاری سکول ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ ہم دیہات کے ان سکولوں کو اپنی تحویل میں لے رہے ہیں ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ جس طریق سے وہ سکول عام طور پر چلتے رہتے ہیں (قطع کلامی) ''معمول کے مطابق'' سے مقصد بالکل واضح طور پر 'معمول کے مطابق' ہے ۔ میں حمزہ صاحب سے صرف یہ چاہتا ہوں کہ جب وہ سکولوں کی بات کریں تو وہ چھوٹی سی عمر کے طالب علم نہ بن جائیں ۔ کہ مجھے سکول ماسٹر کی طرح لفظوں کی تشریح کرنی پڑے ۔ اس کے لئے تو ۴۵ منٹ کا ایک پیریڈ چاہئے ۔

مسٹر سپیکر - آپ کے اور حمزہ صاحب کے سوال جواب خاصے لمبے ہو رہے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - جتنے سوال لمبے ہوتے ہیں اتنے جواب لمبے ہوتے ہیں -

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر بنیادی جمہوریت اور لوکل باڈیز کو علم ہے کہ ساہیوال میں محض ایک ناچ گھر کی تعمیر کے لئے ۱۶ لاکھ روپیہ صرف کیا گیا ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت - کیا فاضل ممبر اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر پوری ذمہ داری سے کہنے کو تیار ہیں کہ وہ ناچ گھر ہے -

مسٹر حمزہ - اس کے لئے تمام کے تمام افسروں نے ناجائز طریق سے روپیہ اکٹھا کیا ہے - اور سکولوں کی حالت یہ ہے -

(قطع کلامیاں اور شور)

وزیر بنیادی جمہوریت - میں ان الفاظ کی پر زور تردید کرتا ہوں - وہ آڈیٹوریم ہے ناچ گھر نہیں ہے - اس کی ابتدا قرآن پاک اور نعت خوانی سے ہوئی تھی - اس میں اساتذہ کی کنونشن ہوئی - وہیں اطبا نے اکٹھے ہو کر اپنے مسائل پر غور و خوض کیا اسے ناچ گھر کہنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

مسٹر حمزہ - جناب والا - میں نے سوال اتنا مختصر سا کیا تھا ان کا جواب دیکھئے -

وزیر بنیادی جمہوریت - اگر کوئی یہ کہہ دے کہ قبل از مسیح کے حکمرانوں کے حالات بتاؤ تو اس کا سوال ایک لائن کا ہوگا مگر اسکا جواب ۵۰ صفحات پر مشتمل ہوگا -

ALLOCATION OF AMOUNT UNDER RURAL WORKS PROGRAMME IN 1966-67 FOR RAWALPINDI DIVISION

*4444. **Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state the total amount allocated under Rural Works Programme in the year 1966-67 for Rawalpindi Division alongwith the month-wise expenditure incurred therefrom in its each district up-to-date ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Total allocation for Rawalpindi Division for 1966-67 Rs. 43,11,992.

Expenditure—It is not possible to supply the figures of monthly expenditure as the labour involved is not commensurate with the benefit to be derived therefrom. Up-to-date expenditure figures in respect of each district are however, given below :—

Name of District		*Expenditure incurred* Rs.
Campbellpur	...	3,42,448
Rawalpindi	...	1,47,055
Jhelum	...	6,37,760
Gujrat	...	8,59,574

ملک محمد اسلم خان - کیا وزیر موصوف بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۶۶-۶۷ء میں یہاں ہر ضلع کو کتنی allocation ہوئی تھی ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - کیا آپ کی مراد اس ڈویژن سے ہے ؟ اس کے متعلق میں عرض کر سکتا ہوں -

کیمبل پور	۹ و ۵۸ و ۹۵۳
راولپنڈی	۱۱ و ۷۰ و ۱۷۳
جہلم	۹ و ۲۴ و ۳۷۳
گجرات	۱۲ و ۶۸ و ۴۹۳

ملک محمد اسلم خان - جناب والا - جواب میں بتایا گیا ہے کہ کیمبل پور کو ۹ لاکھ روپیہ ملا ہے اور اس میں صرف ۳ لاکھ ۴۲ ہزار ۴۴۸ روپے خرچ ہوئے ہیں - کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ اتنا کم خرچ ابھی تک کیوں ہوا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - یہ چیز مجھے ان سے پوچھنا چاہئے تھی کیونکہ ڈسٹرکٹ کونسل کے وائس چیئرمین وہ ہیں لیکن میں ان کی طرف سے اطلاع عرض کئے دیتا ہوں - اس کی وجہ ایک یہ تھی کہ رقم کم رکھی گئی تھی - یہ آپکو پتہ ہے کہ صرف ۵ کروڑ روپیہ تھا - دوسری وجہ یہ رقم release بڑی دیر سے ہوئی - میں اس بارے میں ایوان میں ایک سے زیادہ مرتبہ پہلے بھی بیان دے چکا ہوں اور اس بارے میں مزید اطلاع یہ عرض کروں گا کہ ۵ کروڑ روپیہ اس سال کیلئے مختص کیا گیا تھا جو تقریباً فروری میں release ہونا شروع ہوا - ساڑھے تین کروڑ روپیہ پچھلے سوالات کے وقفے کے دن تک release ہو چکا تھا - ڈیڑھ کروڑ روپیہ کیلئے ہم کوشش کر رہے تھے اس میں سے ۵ لاکھ روپیہ کل ہمیں وصول ہو گیا ہے اور ایک کروڑ آج وصول ہونے والا ہے وہ بھی انشا اللہ جلدی ڈسٹرکٹ کونسلوں اور یونین کونسلوں کو بھیج دیا جائے گا -

ملک محمد اسلم خان - یہ روپیہ اگلے سال کیلئے ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - دیہی ترقیاتی پروگرام کے بارے میں حکومت کی دیہات کے ساتھ خصوصی دلچسپی ہے اس کی بنا پر دیہی ترقیاتی پروگرام کے لئے جتنی رقم ہوتی ہے وہ lapse نہیں کرتی - اس لئے یہ اسی سال میں آئے گی جب یہ رقم

آئے گی اس وقت اس سے منصوبے مکمل ہو جائیں گے لیکن یہ رقم lapse نہیں ہوگی اس وجہ سے بھی یہ دیر سے پہنچ رہی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب وصول ہونے کے کتنی دیر بعد یہ رقم ضلعوں کو release کرتے ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جب ہمارے پاس رقم پہنچتی ہے اس کے تقریباً ۴۰ دن تک یونین کونسلوں کو یہ رقم پہنچ جاتی ہے ۔ پہلے ہمیں اطلاع ہوتی ہے پھر ہم نے آگے اطلاع ان کو دینی ہوتی ہے ۔ کچھ Book transfer ہوتی ہے تقریباً ۴۰ دن لگ جاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Can't it be expedited ?

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ اس کے بارے میں مزید دیکھ لیں گے کیونکہ ہر چیز محکمہ مالیات کے قواعد و ضوابط کے مطابق ہوتی ہے وہ ایک ایک بات کے بارے میں بڑا sure کرنا چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Particularly this year the grant has been received very late.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ ہم کوشش کریں گے ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ وزیر موصوف نے سوال کے جواب میں کہا ہے کہ دیہی ترقیاتی پروگرام پر جو پیسہ خرچ کیا جاتا ہے وہ فنڈز lapse نہیں ہو سکتے اگر ایک سال میں روپیہ خرچ نہ ہو تو دوسرے سال اسکو خرچ کرنے کی اجازت ہوتی ہے لیکن جہاں تک مجھے معلوم ہے پہلے ایسا نہیں تھا ۔ جو کام ایسے ہوتے تھے اگر وہ ایک سال کے درمیان میں ختم نہ ہوں پھر دوبارہ ان کو پیسہ نہیں ملتا تھا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - میرے خیال میں یہ اطلاع آپ کو جن لوگوں نے دی ہے انہوں نے آپ کے ساتھ انصاف نہیں کیا ہے - حقیقت یہی ہے -

---

ALLOCATION OF AMOUNT UNDER RURAL WORKS PROGARMME IN 1963-64 FOR SARGODHA DIVISION

*4445. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the total amount allocated under Rural Works Programme in the year 1963-64 for Sargodha Division alongwith the month-wise expenditure incurred therefrom in its each district during the said year and balance at the close of the year ;

(*b*) reasons for non-utilization of the amount, if any, or excess expenditure, during the year and the date by which the saving was finally utilized during the subsequent year ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Total allocation for Sargodha Division for 1963-64 Rs. 1,13,26,568.

Expenditure—It is not possible to supply the month-wise expenditure incurred as the labour involved in supplying the information is not commensurate with the benefit to be derived therefrom. Expenditure for the whole year together with the balance in respect of each district is however, as under :—

Name of district		*Expenditure during the year*	*Balance*
		Rs.	Rs.
Sargodha	...	22,50,244	5,44,498
Mianwali	...	15,95,036	3,14,106
Lyallpur	...	33,20,045	9,50,697
Jhang	...	19,34,051	4,17,891

(*b*) *Reasons for non-utilization of the amount*—Rural Works Programme funds are non-lapseable and as such there is no saving. If the schemes cannot be completed within a financial year work on them continues during the following years. The reasons are as follows :—

(*i*) 1963-64 was the first year of the programme and a large number of obstacles had to be surmounted before the programme could be put under way.

(*ii*) the setting up of suitable technical organisations for each district for implementing the schemes took a considerable time.

(*iii*) release of funds to the district was delayed.

Date by which the funds were subsequently utilized—

Sargodha	...	July 1964.
Mianwali	...	Out of this balance a sum of Rs. 2,90,718 has since been utilized. Balance of Rs. 23,388 is committed against scheme under implementation.
Lyallpur	...	Out of this balance a further sum of Rs. 8,09,905 has since been spent, leaving a balance of Rs. 1,40,792 which is being spent during current financial year.
Jhang	...	31st May, 1967.

میاں محمد شفیع—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جو ممبر صاحبان یہاں تشریف نہیں رکھتے ھیں ان کے سوالات کے جوابات نہ پڑھے جائیں ان کے متعلق صرف ضمنی سوالات پوچھ لئے جائیں تا کہ تمام سوالات پر غور ھو سکے ۔

Mr. Speaker : Any supplementary please.

ملک میجر محمد علی ۔ جناب والا ۔ وزیر موصوف نے فرمایا ھے کہ دیر اس وجہ سے ھوئی ھے کہ ٹیکنیکل آرگنائزیشن کی تنظیم کر رھے

تھے ۔ کیا آپ فرمائیں گے کہ آپ کی ٹیکنیکل آرگنائزیشن کیا ہے ۔ ضلعی سطح پر وہ کونسے ٹیکنیکل آدمی ہیں ۔ اسکے متعلق آپ فرمائیں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ جس طرح فاضل ممبر صاحب کے علم میں ہوگا کہ دیہی ترقیاتی پروگرام ۱۹۶۳-۶۴ء میں جس سال کے بارے میں یہ سوال ہے اس سال شروع کیا گیا ۔ اس سے پہلے نہ تو کوئی منصوبہ بندی تھی اور نہ کوئی سابقہ تجربہ تھا اور نہ ہی کوئی ٹیکنیکل آرگنائزیشن کے بارے میں سٹاف تھا جس کی وجہ سے کئی عملی دقتیں سامنے آئیں ۔ اس چیز کے بارے میں اور بتدریج پرانے تجربے کی بنا پر ٹیکنیکل سٹاف بہت سے اضلاع میں بھرتی کر چکے ہیں بلکہ سب اضلاع میں بھرتی کیا جا چکا ہے ۔ یونین کونسلوں کے سامنے بھی گذشتہ پانچ چھ سال کا تجربہ ہے . . . .

ملک میجر محمد علی ۔ ٹیکنیکل سٹاف کیا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ ٹیکنیکل سٹاف وہ ہوتا ہے جو یہ بتائے کہ سڑک بنانی ہے تو یہ کیسے بنے گی ۔ یہ مکان بننا ہے تو یہ کیسے بنے گا ۔ یہ ہلیہ بننی ہے تو یہ کیسے بنے گی اسکو ٹیکنیکل سٹاف کہتے ہیں ۔

ملک میجر محمد علی ۔ اس میں پی ڈبلیو ۔ ڈی کا کوئی ٹیکنیکل سٹاف نہیں ہے ۔ وہی ضلع کا سٹاف ہے ۔ وہی گڑ بڑ ہے ۔ ڈپٹی کمشنر کے کنٹرول میں نہیں ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ وہ سٹاف ڈپٹی کمشنر کے کنٹرول میں ہے ۔ اگر کسی جگہ ڈپٹی کمشنر کے کنٹرول سے باہر سٹاف ہے تو وہ میرے نوٹس میں لائیں ۔ ڈسٹرکٹ کونسل کے

کنٹرول میں وہ سٹاف ہے ان کی ہدایت کے مطابق وہ کام کر رہا ہے ۔ اب مزید ڈویژنل کونسل میں Evaluation Team بنائی ہے وہ بھی ان کے کنٹرول میں ہے ۔ آپ کے کنٹرول میں ہے ۔ چیئرمین کے کنٹرول میں ہے ۔ مجھے افسوس ہے وہ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے کنٹرول میں نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ درست نہیں ہے کہ ڈپٹی کمشنر کے کنٹرول میں XXXXX*

Mr. Speaker : This is not a supplementary question. The Member may please withdraw his remarks.

Mr. Hamza : I withdraw Sir.

Mr. Speaker : Remarks made by Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly.

ملک میجر محمد علی ۔ کیا میں وزیر موصوف سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ آپ کی کوئی ایسی آرگنائزیشن ہے جس سے دیہی ترقیاتی پروگرام کو smoothly چلایا جائے ۔ کچھ وقت پہلے سارا کنٹرول ڈپٹی کمشنر کے ہاتھ میں ہوتا تھا اب یہ کنٹرول یونین کونسل کی سطح پر چلایا گیا ہے ۔ آپ کی ہدایات اس سلسلہ میں کیا ہیں ؟

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ مشکل یہ ہے کہ میرے دوست نے شاید اس سسٹم کا مطالعہ نہیں فرمایا ہے ۔ میں ان سے استدعا کروں گا کہ وہ اس پر اپنی نگاہ شفقت رکھا کریں اور یونین کونسلوں کی طرف بھی توجہ فرمایا کریں وہ بھی ان کی توجہ کی محتاج ہیں ۔ اصل میں یہ ایسا سسٹم ہے کہ دیہی ترقیاتی پروگرام میں یونین کونسلوں تحصیل کونسلوں ڈسٹرکٹ کونسلوں اور ڈویژنل کونسلوں کو باقاعدہ شریک کیا گیا ہے اس میں ہر ایک لیول پر . . .

*Expunged as orderd by the Speaker.

مسٹر سپیکر - میاں صاحب کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ یہ detailed programme آپ میجر صاحب کو اپنے چیمبر میں سمجھا دیں -

Major Malik Muhammad Ali : May I request Sir that I be given an answer to it.

مسٹر سپیکر - یہ سوال بھی بہت لمبا ہے اس لئے اسکا جواب اس ایوان میں نہیں دیا جا سکتا -

ملک میجر محمد علی-جناب والا - اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں - میں نے صرف یہ پوچھا تھا کیا ان فنڈز کا کنٹرول ڈپٹی کمشنر کے ہاتھ میں تھا جو فنڈز کا actual expense یونین کونسلوں کے چیئرمینوں کو دے دیا گیا ہے - آپکی ہدایات اس سلسلہ میں کیا ہیں ؟

مسٹر سپیکر - میجر صاحب یہ صورت نہیں ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - جناب والا - میں عرض کرتا ہوں - انسان تمام چیزوں کو نہیں جان سکتا ہے - اگر پوری تفصیلات جان کر سوال فرمائیں تو آپ کا سوال درست ہوگا - موجودہ صورت میں مجھے ساری پالیسی ۱۹۶۳ء سے اب تک بیان کرنی چاہئے لیکن سپیکر صاحب کا ارشاد ہے کہ وقت کم ہے اس لئے میں اسکو بیان نہیں کر سکتا -

---

LEAVE TAKEN BY CHAIRMAN, MUNICIPAL COMMITTEE, GOJRA

***4619. Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) the number of days Chairman, Municipal Committee, Gojra remained on leave during the months of September, October and November, 1966 ;

(*b*) the authority who granted the said leave to him and reasons for which leave was taken ;

(*c*) whether it is a fact that due to his remaining on the said leave the public of the said town experienced much difficulties ; if so, whether Government intend to make arrangement for the disposal of work of the Chairman if he proceeds on leave in future ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) 5 days in September, 1966 (from 22nd to 26th September 1966).

10 days in October 1966—

(From 3rd October to 8th October 1966 ; 13th and 14th October ; 25th and 26th October 1966).

10 days in November, 1966—

(From 14th to 23rd November, 1966).

(*b*) prior permission was given by the Deputy Commissioner, Lyallpur, in anticipation of the sanction of the Controlling Authority *viz* Commissioner, Sargodha Division.

The leave was taken for domestic reasons.

(*c*) No such complaint of inconvenience was received from the public or from any other quarter. The Controlling Authority is however; being directed to ensure interim arrangements are made as and when the Chairman proceeds on leave.

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر بلدیات کے نزدیک یہ مناسب ہے کہ ایک چیئرمین جسکو کہ موجودہ قانون کے تحت اتنے وسیع اختیارات حاصل ہیں تین ماہ میں پچیس دن غیر حاضر رہیں اور جناب ڈپٹی کمشنر صاحب متوقع منظوری کے پیش نظر ان کو چھٹی دے رہے ہوں ۔

وزیر بلدیات۔جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ یہ اس صورت میں مناسب نہیں تھا لیکن شاید فاضل رکن مجھ سے بھی زیادہ اس کیس کے پس منظر کو جانتے ہیں اور میرے خیال میں وہ اس معاملے میں

میرے بہترین گواہ ہیں کہ اس سلسلے میں جو مناسب اقدامات حکومت کو کرنے چاہئے تھے - وہ کئے تھے -

مسٹر حمزہ - اس کا علم جناب وزیر بلدیات کو بھی ہے اور مجھے بھی ہے تو کیا جب ان کو بھی اس کا علم ہے تو پھر ان کا یہ جواب دینا کہ انہوں نے یہ چھٹیاں گھریلو ضروریات کے لئے یا مجبوری کی بنا پر لی ہیں - درست ہے ؟ انہوں نے یہ چھٹیاں آپکے محکمے کے ساتھ مقدمہ بازی کرنے کے لئے لی تھیں -

وزیر بلدیات—جناب والا - ان کا یہ ارشاد اس حد تک بجا ہے کہ اگر مجھ سے یہ پوچھا جائے تو میں یہی کہہ سکتا ہوں کہ میری اطلاع کے مطابق وہ مقدمے کی پیروی کر رہے تھے لیکن انہوں نے درخواست میں domestic reasons لکھے تھے اور فاضل رکن کے علم میں ہے کہ جب یہ بات میرے نوٹس میں لائی گئی تو ہم نے اس سلسلے میں جو بھی مناسب اور فوری اقدامات کرنے چاہئیے تھے وہ کئے تھے -

---

APPOINTMENT OF MR. IRSHAD HUSSAIN BOKHARI, AS MUNICIPAL ENGINEER IN LYALLPUR MUNICIPAL COMMITTEE

*4950. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Mr. Irshad Hussain Bokhari, at present working as Municipal Engineer, Lyallpur Municipal Committee, was serving in the B & R Department as S.D.O. in the year 1961 ;

(*b*) whether it is a fact that the said official was caught red handed while accepting bribe and was dismissed from service by Government ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, reasons for his employment by the said Municipal Committee ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes. He was dismissed but the order of dismissal was subsequently changed to removal.

(*c*) While applying for the post of Municipal Engineer, Mr. Irshad Hussain Bokhari, did not disclose the fact of his having been dismissed from Government service. Of the candidates who appeared before the Board consisting of the Deputy Commissioner, Lyallpur, Superintending Engineer, Lyallpur Provincial Circle and the Chairman, Municipal Committee, Lyallpur for appointment as Municipal Engineer, Mr. Irshad Hussain Bokhari was considered more suitable and was, therefore, appointed as Municipal Engineer.

The fact that he was a dismissed Government servant came to the notice of the Commissioner, Sargodha Division in September 1966. He is being served with a Show Cause Notice and further action will be taken on merits of the case.

No action was taken earlier because Mr. Irshad Hussain Bokhari had filed a Writ Petition in the High Court of West Pakistan against the orders of his dismissal which he only withdraw in the end of January 1967, when the orders of his dismissal were changed into those of removal.

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر بلدیات مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ اتنا عرصہ گذر جانے کے باوجود آجتک ان کے محکمے نے یا کمشنر سرگودھا ڈویژن نے ان کے خلاف باضابطہ کارروائی کیوں نہیں کی -

وزیر بلدیات - جناب والا - ہم باضابطہ کارروائی کر رہے ہیں لیکن پوزیشن یہ تھی کہ اس شخص کو چیئرمین میونسپل کمیٹی نے suspend کیا تھا جسکے بارے میں حکومت کو مارچ میں اطلاع ملی تھی اب فاضل رکن مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ اس چیز کا فیصلہ قانون اور procedure کے مطابق کرنا ہوتا ہے اور اگر کسی ایک معاملے میں پروسیجر کے مطابق کام نہ کیا جائے تو اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ آدمی ہائیکورٹ میں جا کر حکومت کے اس فیصلے کو چیلنج کرتا ہے اور پھر کئی دفعہ

تو پانچ پانچ چھ چھ سال کے بعد یہ فیصلہ ہوتا ہے کہ چونکہ فلاں formality پوری نہیں کی گئی تھی اس لئے اسکو re-instate کیا جاتا ہے جس کے نتیجے میں کمیٹی کو یا حکومت کو ان سالوں کی تنخواہ بھی دینی پڑتی ہے جن سالوں میں ان سے کام بھی نہیں لیا ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سی الجھنیں پیدا ہوتی ہیں چونکہ اس معاملے میں Appointing Authority حکومت تھی اس لئے قواعد کے مطابق suspension کے لئے بھی یہ ضروری تھا کہ حکومت ہی اسکو چارج شیٹ کرتی اور پھر اس کے بعد اسے suspend کیا جاتا ۔ اس سلسلے میں کنٹرولنگ اتھارٹی کی طرف سے میرے پاس اطلاع آئی ہے کہ چند ہی دنوں میں ہم اس کے بارے میں ان کو لکھیں ۔ ہم ان کو لکھ کر بھیج رہے ہیں کہ قانون کے مطابق اسکی پوری formalities observe کرتے ہوئے اس کے خلاف تحقیقات کی جائیں اور اس کے بعد کارروائی کی جائے ۔ میں نے رات کو اس کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا تھا کہ آیا ہم اسے straightaway ہی suspend کر سکتے ہیں، تو میں فاضل رکن اور اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ قانون کے مطابق اس بات کی اجازت نہیں ہے کیونکہ یہاں پر قانون کی حکومت ہے اور اس کے مطابق ہی چلنا پڑتا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ اس کے جواب میں آپ فرماتے ہیں کہ اس کے dismissal کے بارے میں آپ کے محکمے کو ستمبر ۱۹۶۶ء میں معلوم ہوا تھا ۔ پھر آپ فرماتے ہیں کہ مارچ ۱۹۶۷ء میں اس کو suspend کیا گیا اور اس میں آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ "Show Cause Notice is being served" تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب ستمبر ۱۹۶۶ء میں آپ کو معلوم ہو گیا تھا اور اب آپ کہتے ہیں کہ "Show Cause Notice is being served" تو اب تک ان پر نوٹس کیوں نہیں serve ہوا تھا ۔

وزیر بلدیات - جناب والا - میں نے عرض کیا ہے کہ جنوری تک Writ petition pending رہی اور جب محکمے نے ان کو سزا دی تھی انہوں نے dismissal کو removal میں تبدیلی کر دیا جسکے بعد اس نے اس سال جنوری میں اپنی Writ petition واپس لے لی تھی - پھر میں نے عرض کیا ہے کہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن نے اسکو suspend کیا جو اقدام کہ قواعد کے مطابق نہ تھا کیونکہ قواعد کے مطابق دو چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے - پہلے تو Show Cause Notice دینا پڑتا ہے اور جب یہ نوٹس موصول ہو جائے تو اسکے بعد اگر اسکا جواب تسلی بخش نہ ہو تو پھر اسکے خلاف چارج شیٹ frame کیا جاتا ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - آپ نے Show Cause Notice کب دیا تھا -

وزیر بلدیات - اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ اس بارے میں یہ irregularity ہوئی کہ چیئرمین نے اسکو suspend کیا تھا حالانکہ کرنا یہ چاہئے تھا کہ قواعد میں یہ provision ہے کہ جو Appointing Authority ہو وہی اتھارٹی ڈسمس بھی کر سکتی ہے چونکہ چیئرمین انکی Appointing Authority نہیں تھے اس لئے ان کا جتنا بھی action اس سلسلے میں تھا وہ خلاف قانون تھا اس لئے اسکو اپنے احکام rescind کرنے پڑے - اگر ہم اس پر تمام چیز کی بنیاد رکھیں تو چار چھ مہینے کے بعد جب اسکا فیصلہ ہوگا تو وہ یہی ہوگا کہ یہ سب کچھ قواعد کے خلاف تھا - کیونکہ پہلے Show Cause Notice کا جواب لینا ہوتا ہے اور اسکے بعد چارج شیٹ frame کرنی ہوتی ہے اور اسکے بعد باقاعدہ تحقیقات کرنی ہوتی ہیں - پہلے جب Show Cause Notice دیا جاتا ہے تو اس وقت متعلقہ شخص کو suspend نہیں کیا جا سکتا ہے بلکہ اسے اس

وقت suspend کیا جانا ہوتا ہے جب مذکورہ نوٹس کے بعد اسکو چارج شیٹ دیدیا جائے ، تو اس سلسلے میں اقدام کئے جا رہے ہیں اور چونکہ چیئرمین نے اسے پہلے suspend کر دیا اور پھر بعد میں اسے اپنے احکام کو rescind کرنا پڑا کیونکہ یہ خلاف قانون تھا ، اس لئے اس سلسلے میں کمشنر کو مزید ہدایات دی جا رہی ہیں کہ وہ جلد از جلد اقدامات کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ جب اسکو برخاست کیا گیا اور جسکے بارے میں آپ اب یہ فرماتے ہیں کہ یہ Removal from service تھا ، ملازمت سے محض علیحدگی تھی اور اسکی وجہ ان پر رشوت خوری اور غبن کے الزامات تھے ، تو کیا جناب وزیر بلدیات مجھے از راہ کرم یہ بتائیں گے ۔ میں نہیں چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں کوئی بدمزگی پیدا کروں ، اسی لئے کسی پر ذاتی حملہ نہیں کرنا چاہتا ہوں ۔ کیا آپ نے کوئی ایسا انتظام کیا ہوا ہے کہ اپنے طور پر کسی اہلکار کے اخلاق اور اطوار کے بارے میں آپ معلومات حاصل کر سکیں ، یا آپ کے محکمے میں ایسا کوئی انتظام ہے ، اگر نہیں تو کیوں ۔

وزیر بلدیات—جناب والا ۔ ہمارے پاس تو یہی انتظام ہے کہ وہاں کے نمائندے ذکر فرماتے ہیں ، بنیادی جمہوریت کے ممبران اس سلسلے میں ذکر فرماتے رہتے ہیں ۔ لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق ہے اور جہاں آپ کو اس حقیقت کے علم ہونے پر تکلیف پہنچی ہوگی ، اس سے کہیں زیادہ مجھے اس بات کا احساس ہے ، لیکن بات یہ ہے کہ قانون کے تحت اسکا فیصلہ کیا جانا ہے اور آپ نے جو حقائق ارشاد فرمائے ہیں اور جو بظاہر معلوم ہوتے ہیں کہ درست ہیں ۔ میں نے ''بظاہر'' اس

لئے کہا ہے کہ قانون کے مطابق مجھے یہ حق نہیں پہنچتا کہ میں ابھی declare کر دوں کہ یہ آخری چیز ہے لیکن جو بظاہر درست معلوم ہوتے ہیں اور اگر تحقیقات کے بعد بھی یہ درست معلوم ہوں تو اس شخص کو سخت سے سخت سزا دیجائیگی ۔

خان اجون خان جدون—جناب والا ۔ جناب وزیر صاحب نے یہ جو فرمایا ہے کہ وہ ابھی Show Cause Notice دیں گے اور اسکے بعد اس کے خلاف کارروائی کریں گے ، تو کیا انہوں نے یہ معلومات نہیں کی ہیں کہ جو شخص سرکاری ملازمت سے remove ہو چکا ہو ، اسے آپ ملازمت سے straightaway برطرف کر سکتے ہیں اگر اس نے اپنی تقرری کے وقت اس بات کو چھپایا ہو اور Show Cause Notice تو اس وقت دیا جاتا ہے جب کسی محکمے میں دوران ملازمت اس نے کوئی غلط کام کیا ہو ۔ کیا آپ اس سلسلے میں Legal Department سے مشورہ لیں گے ۔

وزیر بلدیات—جناب والا ۔ اس سلسلے میں میں آپ کی اجازت سے سپریم کورٹ کے ایک فیصلے کا حوالہ دیتا ہوں اور قواعد میں یہ چیز باقاعدہ طور پر موجود ہے کہ یہ مواقع ان کو دیئے جاتے ہیں لیکن سپریم کورٹ نے یہ hold کیا ہے کہ اگر کسی قانون میں اس بات کے متعلق باقاعدہ دفعات موجود نہ بھی ہوں تو بھی انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہم ہر قانون میں ان الفاظ کو پڑھیں گے کہ

"No man will be condemned unheard"

اور میں نے اسی لئے عرض کیا ہے کہ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ بظاہر تو یہ درست معلوم ہوتا ہے لیکن ثبوت کے لئے کچھ طریق کار مقرر ہے یعنی اگر کوئی شخص آج قتل کر دیتا ہے اور ہم یہ جانتے بھی ہوں کہ اس نے قتل کیا ہے تو بھی ہم اسے پھانسی پر فوراً نہیں

لٹکا دیتے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ خواہ ہم یہ جانتے ہوں کہ ابن نے قتل کیا ہے ۔

Mr. Speaker : Next question.

CHICHAWATNI MUNICIPALITY, DISTRICT SAHIWAL

*5642. **Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government, be pleased to state the income of Chichawatni Municipality, District Sahiwal from 1st July 1966 to date and the expenditure incurred by the said Municipal Committee on education and health during the said period?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): The requisite information is given below:—

		Rs.
(*a*) Income of Municipal Committee, Chichawatni from 1st July 1966 to 31st May 1967	...	12,02,824
(*b*) Expenditure for the said period—		
(*i*) Education	...	2,49,216
(*ii*) Health	...	2,21,871
Total	...	4,71,087

CHICHAWATNI–OKANWALA ROAD

*5650. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister for Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that about two miles portion of Chichawatni-Okanwala road was constructed by District Council Sahiwal sometime ago;

(*b*) whether it is a fact that the said portion of the road became unserviceable after month's time, if so, the action taken by the District Council against the contractor to whom the said construction work was entrusted?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) Yes; one mile 7 furlongs Chichawatni. Okanwala Road was metalled by District Council Sahiwal in September, 1966.

(b) The portion of the road in question is in serviceable condition. However some patches appeared which were being repaired. The security money of the Contractor is lying with the District Council which will be released after due satisfaction of the Department. Moreover the final payment of the Contractor for this work has not been made so far, and the same will be done when the work is found according to specifications. The patches are being repaired.

چودھری محمد نواز - وزیر صاحب نے جواب میں فرمایا ہے کہ The portion of the roads in question is that it is in serviceable condition میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جو جواب انہوں نے دیا ہے کیا یہ حقیقت کے منافی نہیں - اصل پوزیشن یہ ہے کہ سوا سال سے وہ سڑک بند ہے - جب اس پر ٹریفک شروع ہوتا ہے ، یا کوئی ٹرالی ، یا کوئی چھکڑا گذرتا ہے تو سڑک آگے کو چلنا شروع ہو جاتی ہے - مجھے ذاتی طور پر معلوم ہے کہ سڑک کے جس حصہ کو انہوں نے کہا ہے کہ serviceable condition میں ہے وہ آٹھ ماہ سے بند پڑی ہوئی ہے - اس پر بڑے بڑے درخت کاٹ کر رکھ دئے ہیں اس کے متعلق ان کا کیا ارشاد ہے -

وزیر بلدیات - جب وہ خود فرماتے ہیں تو میں کیا عرض کر سکتا ہوں اگر میں چیلنج کروں گا تو یہ مناسب نہیں ہو گا - وہاں پر جو بڑے بڑے درخت پڑے ہیں میں آپ کی بات تسلیم کرتا ہوں اور ڈسٹرکٹ کونسل کو حکم دوں گا کہ وہاں سے درخت اٹھا دئے جائیں -

چودھری محمد نواز - وہاں پر درخت پڑے ہیں اس وجہ سے وہ سڑک بند نہیں درخت گر کر سڑک بند نہیں ہوئی بلکہ درخت کاٹ کر سڑک پر رکھے گئے ہیں تاکہ سڑک استعمال نہ کی جا سکے -

وزیر بلدیات - میں ہدایات جاری کر دوں گا کہ ایم پی اے مسٹر نواز نے جس سڑک کے متعلق فرمایا ہے کہ وہ بند ہے اور وہاں لکڑی وغیرہ رکھی ہوئی ہے یا درخت پڑے ہیں وہ وہاں سے اٹھا دئیے جائیں -

چودھری محمد نواز - درختوں کے ہٹانے کی بات نہیں سڑک کو ٹھیک کرائیں -

وزیر بلدیات - سڑک کی جو پوزیشن ہے وہ تو بتا دی ہے -

چودھری محمد نواز - میں نے یہ عرض کیا تھا کہ سڑک خراب ہے - جب ٹریفک گذرتی ہے تو سڑک آگے کو چلنا شروع کر دیتی ہے -

وزیر بلدیات - تعجب ہے کہ لوگ یا ٹریفک جب سڑک پر سے گذرتی ہے اور سڑک آگے کو چلتی ہے پھر تو آپ کو مبارک ہو -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - چودھری نواز صاحب کی وضاحت اور حقیقت حال کے بیان کرنے کے بعد کیا وزیر بلدیات ڈسٹرکٹ کونسل سے وضاحت طلب کریں گے کہ وہ سڑک unserviceable ہے یا serviceable ہے -

وزیربلدیات - آپ کے سوال کا جواب دینا تو بڑا ticklish ہو جاتا ہے - آپ تو ماشاالله اپنی مرضی کے مطابق سوالات کو پڑھتے ہیں -

---

METALLING ROAD FROM IQBAL NAGAR TO KAMAND IN DISTRICT SAHIWAL

***5658. Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that road from Iqbal Nagar to Kamand in District Sahiwal was to be metalled during the years 1956-57 and 1957-58 by the District Council, Sahiwal :

(*b*) if the answer to (*a*) above be in the affirmative, the mileage of the said road alongwith the mileage of the said road on which only soling work was done ;

(*c*) the total amount allocated therefor and actual expenditure incurred on it ;

(*d*) whether it is a fact that work done on the said road was unsatisfactory, if so, the action Government have taken in the matter ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) Only a portion of 5 miles out of the total length of 18 miles of the road was proposed to be metalled during the period.

(*a*) The entire length of 18 miles of the said road was soled.

(*c*) An amount of Rs. 2,28,517 was spent by the District Council on soling work.

(*d*) The work done by the P.W.D. and was in satisfactory condition at that time. As such there was no necessity of taking any action on that account.

چودھری محمد نواز ۔ میرا سوال نمبر ۵۲۶۵ جو ۱۵ جون کو آیا تھا اس میں آپ نے فرمایا تھا کہ the remaining portion of the said road is brick paved. اور پھر وہ فرماتے ہیں کہ اس کی condition تسلی بخش ہے ۔ لیکن اصل پوزیشن جو ہے وہ اس کے بالکل برعکس ہے ۔ soling لگائی گئی تھی لیکن وہ ٹھیک نہیں تھی ۔ وہ بالکل ٹریفک کے قابل نہیں اور میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس وقت جو جواب دیا گیا تھا وہ اور تھا اور اب جو کچھ فرمایا ہے یہ اور ہے اس کی کیا وجہ ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ دونوں سوالات کا حوالہ دے کر آپ unstarred question بھیج دیں ۔

PETROL PUMPS CONSTRUCTED IN THE VICINITY OF MIANI SAHIB GRAVEYARD ON BAHAWALPUR ROAD AND LYTTON ROAD NEAR MOZANG

*5791. **Mian Muhammad Shafi**: Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) the number of petrol pumps constructed in the vicinity of Miani Sahib Graveyard on Bahawalpur Road and Lytton Road near Mozang duly sanctioned alongwith justification for allowing their setting up there;

(*b*) whether it is a fact that the construction of the above said petrol pumps is not only against the bye-laws of the Miani Sahib Graveyard but is a source of inconvenience for the smooth flow of traffic; if so, the names and designations of Officers who have accorded approval for these constructions ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Watto): (*a*) There is no petrol pump constructed in the vicinity of Miani Sahib Graveyard, on Bahawalpur Road. However, there is one petrol pump on Lytton Road belonging to ESSO Firm. This was installed in 1951. There was no other petrol pump at that time in this locality, therefore, its installation was justified.

(*b*) No. It is not against Mian Sahib Graveyard Act as this Act came into existence in 1962. This petrol pump existed before 1962. It is not a source of inconvenience to the smooth flow of traffic.

No. Objection Certificate was given by Mr. Ahmad Raza Khan, P.C.S., who was the then District Magistrate, Lahore (now Commissioner, Sargodha Division). Before issuing a No Objection Certificate, he obtained a report from the S.S.P., Lahore and from the Chairman, L.M.C if the site fell in the area of the L.M.C.

میاں محمد شفیع - جناب والا - اس فہرست میں جو جواب چھپا ہوا ہے وہ ایک فیصد بھی صحیح نہیں اور حقائق کے بر عکس ہے - اس لئے میں تمام حقائق عرض کرتا ہوں -

لٹن روڈ پر ۱۹۶۲ء سے دو پٹرول پمپ چل رہے ہیں - ایک ESSO کا اور دوسرا برما شیل کا - ان کے درمیان ایک فرلانگ کا فاصلہ ہے - چھ

ماہ ہوئے دو پمپ بہاولپور روڈ اور لٹن روڈ پر منظور کئے گئے - ایک میانی صاحب قبرستان کے اندر اور ایک بہاولپور روڈ کے اوپر - جب وہاں کے لوگوں نے شور مچایا تو افسران بالا نے لٹن روڈ والے پمپ کے لئے جو ٹینک وغیرہ کھودے گئے تھے وہ اٹھوا دئے - لیکن بہاولپور روڈ والا پٹرول پمپ مکمل ہو چکا ہے - آپ بھی کئی بار ادھر سے گذرے ہوں گے اور آپ نے دیکھا ہو گا - یہ پٹرول پمپ نیشنل آئل کمپنی نے دیا ہے - اب ایک آدھ ہفتہ کے بعد اس کی opening ceremony ہو گی اور پٹرول بیچنا شروع کر دیں گے - وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ بہاولپور روڈ پر کوئی پٹرول پمپ نصب ہی نہیں کیا گیا - کیا آپ کا جواب ان حقائق کی روشنی میں درست ہے -

وزیر بلدیات - جہاں تک فاضل ممبر کی اس بات کا تعلق ہے - ایک پٹرول پمپ میانی صاحب میں بغیر اجازت حاصل کئے اور No objection certificate حاصل کئے تعمیر کرنا شروع کر دیا گیا تھا - جب یہ بات ہمارے نوٹس میں آئی تو اسے روک دیا تو جیسا کہ فاضل ممبر نے فرمایا ہے کہ اسے اٹھوا دیا گیا ہے - اور جہاں تک دو پٹرول پمپوں کا تعلق ہے جن کا معزز ممبر نے ذکر کیا ہے اس کا جواب دے دیا گیا ہے کہ

there is no Petrol Pump constructed in the vicinity of Miani Sahib Graveyard.

اس بارے میں فاضل ممبر کا ارشاد بجا ہے لیکن اس میں اختلاف رائے ہو سکتا ہے کہ وہ vicinity کے معنی کیا لیتے ہیں - اس بات کے متعلق کل شام خاص بحث ہوئی کہ قبرستان کے پاس ایک سڑک ہے اس کے پاس کچھ ایریا بہاولپور ایسٹیٹ کا ہے یہ پٹرول پمپ بہاولپور ایسٹیٹ میں بنا ہوا ہے - جو کہ قبرستان کی حدود میں نہیں - vicinity سے انہوں نے یہ مراد لی ہے کہ قبرستان کی حدود میں ہے قبرستان کی حدود میں جس کی تعمیر

کی جا رہی تھی اسے ختم کر دیا گیا ہے - یہ پٹرول پمپ ایسی جگہ پر ہے جہاں سامنے آبادی ہے اس کے دائیں طرف آبادی ہے - اور یہ قبرستان سے الگ ہے اب یہ دیکھنا ہے کہ vicinity کس کو کہتے ہیں vague term کے مطابق vicinity کے معنی قریب کے ہیں - یہاں vicinity سے مراد یہ ہے کہ میانی قبرستان کی حدود میں نہیں بلکہ قریب ہے -

میاں محمد شفیع - آپ نے پہلے تو یہ فرمایا ہے کہ بہاولپور روڈ پر کوئی پٹرول پمپ نہیں لگایا گیا اور یہ کہ قبرستان کے قریب کوئی پٹرول پمپ نصب نہیں کیا گیا - اب آپ نے یہ فرمایا ہے کہ پٹرول پمپ لگایا ہے - میں نے یہ عرض کیا تھا کہ یہ پٹرول پمپ میانی قبرستان کی حدود کے اندر ہے اور بہاولپور روڈ کے اوپر ہے - اس سے ٹریفک میں بڑی روکاوٹ پیدا ہو رہی ہے - اور میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ سارٹیفیکیٹ دیتے وقت ان باتوں کا کیوں خیال نہیں رکھا گیا -

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - وہ میانی صاحب کے قبرستان کی حدود کے اندر نہیں ہے - فاضل ممبر vicinity کے معنی وہ نہ لیں جو وہ لے رہے ہیں - جو میں نے عرض کیا ہے اس سے فاضل ممبر یہ مطلب لیں کہ اس کے کتنا قریب ہے تو درست ہو گا - میں عرض کر رہا ہوں کہ وہ میانی صاحب کے قبرستان کے حدود میں نہیں ہے -

---

SALARIES AND ALLOWANCES OF OFFICERS AND STAFF OF K.D.A.

*5885. **Mr. Zain Noorani:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

(*a*) the amount spent every month by way of salaries and allowances of the Officers and Staff of the K.D.A.;

(*b*) the number of persons employed by the K.D.A. both as Officers and otherwise ?

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo): (*a*) Rs. 9,31,509.67 are spent each month on an average as pay and allowances of the officers and staff on the regular establishment of K.D.A.

(*b*) There are 256 Officers and 5408 Subordinates employed in K.D.A. excluding work-charged staff.

Let me mention here that K.D.A. has been treating the work-charged staff who have put in a service of three years or more as regular staff which otherwise would have been work-charged but because these people have been in service for three years or more they have been treated as regular staff.

Mr. Zain Noorani: Work-charged staff or otherwise the fact remains that the monthly bill of the salary and allowances of officers and staff of K.D.A., as per answer, is Rs. 9,31,509.67, at the same time the annual budget allocation for Karachi being ten crores of rupees, would it not be correct to state that during the last ten years the people of Karachi have had to lose one year's entire allocation of development fund merely on the salaries of the K.D.A. staff and officers ?

Minister of B.D. and Local Government: Well the persons who are required to render service are bound to be paid.

Mr. Zain Noorani: I am talking about the figures. The monthly salary and allowances of the K.D.A. staff and officers comes to more than nine lakhs per month whereas the annual allocation of development fund is ten crores on an average.

Mr. Speaker: The Member can draw his own conclusion.

BUS STANDS IN GUJRANWALA CITY

*6012. **Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Minister of Basic Democracies and Local Government be pleased to state:—

I would say that I can quote several instances where, not intentionally of course, they did not bother to verify the information, which was supplied to them, and they accepted the unverified information, the incorrect information as a correct one, and based their speeches on them. I can easily quote such instances, but I would not resort to that because I do not intend to unnecessarily, as I said earlier, enlarge the scope of this controversy. If he has misunderstood it, or, Sir, if I have not been able to convey the information in the language which he easily understands, then, Sir, I may be at fault, but no breach of the privilege is involved in any case.

So, I would request Sir that in view of the fact that this portable machine is also mobile, the information supplied through the statement, made by me yesterday is in no way incorrect, is in no way misleading, and in any case it was in no way my intention to mislead this House. Sir, this is a very minor matter ; this is a very trifling matter and I don't know why Mr. Hamza in his wisdom thought it fit to raise this very unimportant and insignificant matter before this House. I don't know ; but I think that today we are going to deal with the Finance Bill, which is a very important piece of legislation, and I wish he had not raised it today, and particularly when before he left the House yesterday, he was kind enough to see me and I took pains to explain to him. And apparently it looked that he went satisfied but later on he thought it fit to move this Privilege Motion. With these words I submit that there is no breach of privilege of the House as suggested by Mr. Hamza.

مسٹر سپیکر - بیگم صاحبہ کیا میں دریافت کر سکتا ہوں کہ کرمانی صاحب نے جو فرمایا ہے کہ دو یونٹ - - - - - -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب سب کو انگریزی میں بولنے کی آزادی ہے - بیگم صاحبہ بھی انگریزی میں تقریر کر دیں -

ملک محمد اختر - جناب بیگم صاحبہ فائننس منسٹر صاحب کی تردید کر دیں گی -

وزیر خزانہ (سید احمد سعید کرمانی) - جناب میں نے ان کے behalf پر عرض کیا تھا کہ ان دو یونٹوں میں سے ایک ایسا ہے کہ وہ ٹھیک نہیں ہے -

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ آپ فرمائیں کہ کیا پوزیشن ہے ۔

What is the actual position in the Mayo Hospital? Is it about Mobile X-Ray or about the Portable ?

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ ۔ اس کے لئے اگر آپ ٹائم دے دیں تو ہم اطلاع دے دیں گے کہ کس میں نقص ہے ۔

Mr. Speaker : Alright, we will take up this Privilege Motion tomorrow.

Minister of Finance : Sir, I thought that your goodself wants this information independently of this Privilege Motion and I suggested that I would supply that. There was sufficient material .....

Mr. Speaker : I want this information for the disposal of this Privilege Motion. Is it not readily available ?

Minister of Finance : The Health Minister says that one of these portable machines .....

Mr. Speaker : So, the portable is out of order.

Minister of Finance : One of the portables is out of order and the portable which we call, for example, mobile has gone to the mechanic for repairs. Not two but one of them.

Mr. Speaker : I reserve my ruling.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEES' REPORTS

Mr. Speaker: There are two motions for the extension of time. Minister of Revenue to move these motions.

Minister of Revenue (Mr. Ghulam Sarwar Khan): I beg to move—

That the time limit fixed by the Assembly for submission of the Report of the Standing Committee on Revenue on the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 27 of 1966), having expired on 31st May, 1967, be extended till 31st December, 1967.

Mr. Speaker: Motion moved, the question is—

That the time limit fixed by the Assembly for submission of the Report of the Standing Committee on the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 27 of 1966), having expired on 31st May, 1967, be extended till 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker: Next motion.

Minister of Revenue: I beg to move—

That the time limit fixed by the Assembly for submission of the Report of the Standing Committe on Revenue on the West Pakistan (Land Administration Laws) Amendment Bill, 1966 (Bill No. 36 of 1966), having expired on 31st May, 1967, be extended till the 31st July, 1967.

Mr. Speaker: Would the Minister be able to get the Report of the Standing Committee till 31st July, 1967?

Minister of Revenue: We will try, Sir. But I would request that, if it is possible, the time may kindly be extended up to 31st December, 1967.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): We accept that resolution.

Mr. Speaker: The question is—

That time limit fixed by the Assembly for submission of the Report of the Standing Committee on Revenue on the West Pakistan (Land Administration Laws) Amendment Bill, 1966 (Bill No. 36 of 1966), having expired on 31st May, 1967, be extended till 31st December, 1967.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN FINANCE BILL, 1967

Mr. Speaker: We will now take up the Orders of the Day, *i.e.* the West Pakistan Finance Bill, 1967. The Minister of Finance.

Minister of Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani): Sir, I beg to move—

That the West Pakistan Finance Bill, 1967 be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the West Pakistan Finance Bill, 1967 be taken into consideration at once.

Khawaja Muhammad Safdar: Opposed.

Minister of Finance: Sir, by this Bill, which of course we want to enact into an Act, the only thing that is being done is that we are trying to continue for the next year those temporary taxes which were levied under the West Pakistan Finance Act of 1966. This being done primarily to meet the heavy commitment of the Provincial Government in the field of development and also its increased financial requirements on education, health, roads and irrigation. Two exemptions have been made in the case of these temporary taxes which are not continued under the present Bill.

Those are the taxes of freight fares on vessels plying in the inland waters of Karachi and the toll on vessels plying in the inland waters of Karachi. These two temporary taxes are being dropped.

Sir, the temporary taxes which are being continued for the next year are being continued at the existing level. Now, besides that, in order to provide relief to the common man, certain concessions have also been provided by way of amendments which are being incorporated in the present Bill, that is, the stamp duty on transfer of shares has been reduced by half through a new provision in this Bill.

Secondly, Stamp Duty on group term insurance has been reduced to six paisas per rupee on one hundred, payable as premium. This reduction is also being contemplated in this Finance Bill. Then Sir, there are about 4 other concessions which the Government intends to bring about by administrative action under the appropriate laws. Firstly, the fee charged under the rules for the registration of voluntary social welfare organisations is being abolished. Then, the registration fee for registration of Trade Unions under the Trade Unions Act is also being dropped. Then Sir, the Property Tax is not being levied on those persons who do their constructions within the three years of the Third Plan period. And lastly, Sir, in case of Plays which are to be enacted by the Educational Institutions, there will be no entertainment duty on them.

These are, Sir some of the few important concessions which are being contemplated in this Finance Bill by way of enabling the Government to issue necessary notifications under the appropriate laws. You will please appreciate that no new taxes are being levied despite the vague fact that the commitments of the Provincial Government have increased consider ably; the development activities of the Provincial Government have increased considerably. Yet the Government thought that it should find out resources other than through taxes and Sir, this miracle has been achieved by presenting this Bill to this august House and Sir, with these few words, I request this House, through you that this Bill be taken into consideration.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - جناب والا - صوبہ مغربی پاکستان کا ۱۹۶۷-۶۸ء کا میزانیہ جو اس ایوان میں گذشتہ ہفتے سے زیر بحث ہے - آج اس مسودہ قانون کیساتھ اپنے آخری مرحلے میں داخل ہو رہا ہے اور اگر میں یہ عرض کروں تو مبالغہ نہ ہوگا کہ اس بجٹ کے

سارے دستاویزات سے اہم جزو یہ مسودہ قانون ہے جس کو کہ مالیاتی بل کہتے ہیں اور میں ایک قدم آگے بڑھ کر یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے ملک میں جتنے قوانین بھی نافذ ہوتے ہیں ان میں سب سے زیادہ اہمیت کا حامل وہ قانون ہے جس کو فائننس ایکٹ کہتے ہیں ۔ یہ وہ قانون ہے جس سے ملک کا ایک ایک فرد متاثر ہوتا ہے ۔ یہ وہ قانون ہے جو ہمارے ترقیاتی اور روزانہ کے اخراجات کے لئے رقم مہیا کرتا ہے ۔ آمدنی کے ذرائع پیدا کرتا ہے اور ہمارے خزانے میں وہ وسائل جمع کرتا ہے جس سے کہ ہم صوبے کی ضروریات کو پورا کر سکیں ۔ جناب والا ۔ اگر کسی قانون کی تعریف یہ ہو اور اس کی صفت یہ سمجھی جائے اور اس کی خوبی یہ سمجھی جائے کہ وہ تخیل کی پرواز سے عاری ہو اور فکر کی گہرائیوں سے تہی دامن ہو تو میں یہ کہوں گا کہ اس معیار پر یہ قانون پورا اترتا ہے اور یہ بہت ہی اچھا قانون ہے ۔ جناب والا ۔ اگر کسی قانون کو پچھلے قوانین کی نقل پر مشتمل سمجھنا اس کی تعریف کا باعث ہو تو یہ قانون نہایت ہی قابل تعریف ہے ۔ میں دور نہیں جاؤں گا ۔ آپ گذشتہ چند سالوں کے فائننس بل اٹھا کر دیکھ لیجئے گا اور پھر اس کو سامنے رکھ کر دیکھئیے تو آپ پائیں گے کہ دفعات وہی ہیں ۔ ٹیکس وہی ہیں ۔ محصولات کی شرح وہی ہے گویا کہ بال برابر بھی فرق نہیں ہے ۔ ۱۹۶۵ء کا مالیاتی بل اگر ۱۹۶۷ء کے مالیاتی بل کے سامنے رکھا جائے تو انسان محسوس کریگا کہ صرف تاریخوں کا فرق ہے اور شاید ایک آدھ کلاز کا فرق ہو ورنہ کوئی فرق نہیں ۔ جناب والا ۔ یہ کام محکمہ فائننس کا ایک معمولی کلرک بھی کر سکتا ہے پھر اتنا بڑا مالیات کا محکمہ اور اس کا دفتر اور اتنے بڑے بوجھ کا حامل فائننس منسٹر جنکا مالیاتی بوجھ یہ صوبہ سنبھالے ہوئے ہے بجا طور پر ان سے یہ توقع رکھتا تھا

اور لوگ ہر سال اس کے منتظر رہتے ہیں اور جب بجٹ کا اعلان ہوتا ہے تو ہزاروں اور لاکھوں لوگ یعنی عوام ریڈیو کے گرد جمع ہو جاتے ہیں یہ سننے کے لئے نہیں کہ آپ کے اخراجات کس مد میں کتنے ہو رہے ہیں بلکہ یہ جاننے کے لئے کہ آپ فائننس بل جو اس صوبہ میں نافذ کرنیوالے ہیں اس میں کس قدر ٹیکسوں کا اضافہ ہے اور یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپ نے ملک کے کس طبقہ کو کوئی رعایت یا سہولت دی ہے ۔ جناب والا ۔ میرے پاس وقت کم ہے ۔ میں صرف دو باتوں کیطرف نشاندھی کرنے پر اپنی تقریر کو محدود رکھوں گا ۔ پہلی بات جو اس قانون کا اچھا حصہ ہے وہ یہ کہ کراچی میں Inland Water پر جو Toll Tax سر چارج اور جو freight پر سر چارج تھا اسے ختم کیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ وہ ٹیکس تھا جو کراچی کی سمندری نواحی بستیوں کے باشندے اپنے ذرائع معاش کے حصول کے لئے روزانہ شہر میں آنے جانے کے لئے کرایہ پر اضافہ کیصورت میں دیا کرتے تھے یا یہ کہ ان کو اس صورت میں یہ ٹیکس دینا پڑتا تھا ۔ میں غور کرتا رہا ہوں کہ اس ٹیکس کو ختم کرنے کی مبارکباد کس کو دوں اور جتنا بھی میں نے غور کیا میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ اگر کوئی اس مبارکباد کا مستحق ہے تو یہ خاکسار ہے ۔ اس نیک قدم پر اور کراچی کے مظلوم طبقہ کو یہ رعایت دیئے جانے پر اس ایوان میں اگر کوئی شخص مبارکباد کا مستحق ہے تو میں ببانگ دہل کہتا ہوں کہ یہ وہ خاکسار ہے ۔ (ہیئر ہیئر) اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ قانون یہ Toll Tax اور سر چارج کراچی کی آبادی کے طبقہ پر ۱۹۵۰-۵۱ء یا اس سے پہلے سے نافذ تھا ۔ وہ سیاست دان جنکو آپ بدنام کہتے ہیں انہوں نے بھی یہ ٹیکس اس طبقہ سے وصول کیا اور ۱۹۵۸ء سے ۱۹۶۶ء تک آپ اور آپ کی انقلابی حکومت رفاہی حکومت ہونے کے دعویٰ کے باوجود اس کو وصول کرتی رہی ۔

جناب والا ۔ اس ایوان میں آپ سے بہتر مجھے اس بات کا کوئی گواہ نہیں مل رہا ہے کہ ۱۹۶۵ء کے فائننس بل میں اور ۱۹۶۶ء کے فائننس بل پر تقریر کرتے ہوئے میں نے اس وقت کے فائننس منسٹر سے پر زور اپیل کی تھی کہ یہ ٹیکس ظالمانہ ہے ۔ یہ مظلوم طبقہ کیساتھ زیادتی ہے جو معاش حاصل کرنے کے لئے کراچی کا سفر کرتا ہے اس سے آپ یہ ٹیکس حاصل کرتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ میری ان درخواستوں اور اپیلوں کا نتیجہ ہے کہ اس ٹیکس کو آپ نے اس مسودہ قانون سے خارج کیا ہے ۔ بہر حال میں اتنا خود غرض نہیں ہوں کہ ساری کی ساری مبارکباد میں خود رکھ لوں میں اس میں آپ کو بھی حصہ دار بناتا ہوں اور آپ کے وزیر مالیات کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ کام جو آج سے کئی سال پہلے ہونا چاہئیے تھا وہ کام جو ان کے پیش روؤں کو کرنا چاہئے تھا وہ کام جو اس صوبہ کے وزرا اور محکمہ مالیات کو اس سے بھی پہلے کر دینا چاہئے تھا وہ آج آپ نے کر کے ایک بہت اہم خدمت سر انجام دی ہے ۔ جناب والا ۔ میں جس بنیاد پر یہ بات کہتا ہوں کہ یہ مسودہ قانون تخیل سے عاری اور فکر کی بلند پروازی سے خالی ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ملک کا ایک بہت اہم طبقہ جس کو کاشتکار طبقہ کہتے ہیں اس کے متعلق اس بل میں کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔ جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ زراعت سے متعلق یہ وہ طبقہ ہے جس پر کہ ملک کی بنیادیں قائم ہیں ۔ ملک کی ۷۰-۷۵ فیصدی آبادی اس پیشے سے متعلق ہے ۔ ملک کا ۹۰ فیصد زر مبادلہ اس طبقہ سے حاصل ہوتا ہے ۔ ملک کی غذائی پیداوار یہ شعبہ فراہم کرتا ہے اور یہ وہ طبقہ ہے جو ملک کی آمدنی میں ۸۰ فیصدی کا شریک ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس صوبے کے اس حصے کے لوگوں نے بارہا مغربی پاکستان کی حکومت سے یہ مطالبہ کیا کہ آپ ان چھوٹے زمینداروں

کو مالیانہ سے چھوٹ یعنی ان کا مالیانہ معاف کریں جنکے پاس زمینیں اتنی ہیں کہ جو آپ کے کہنے کے مطابق subsistence holding ہیں ۔ اور ان کے ذریعہ معاش کے لئے صرف کافی ہیں ۔ صرف کافی کا لفظ اس لئے کہہ رہا ہوں یا کہتا ہوں کہ subsistence holding کا مطلب یہ ہے کہ اس سے ان کو تعیش کی زندگی مہیا کرنے کے ذرائع نہیں ہو سکتے بلکہ صرف اتنی زمین جو ان کے شب و روز کے اخراجات کو جو ان کے جسم و جان کے رشتے کو قائم رکھنے کے لئے ان کو ذرائع معاش مہیا کرتی ہے تو وہ طبقہ اس بات کا مستحق تھا کہ آپ اس فائننس بل کی دفعات میں کوئی گنجائیش اس بات کی رکھتے کہ چھوٹے کاشتکاروں کو مالیانہ کی معافی یا کوئی فائدہ یا کوئی چھوٹ ملتی ۔

جناب والا ۔ ان چھوٹے کاشتکاروں کو مالیہ کی معافی نہ دینی اسلام کے خلاف ہے ؟ اصول انصاف کے خلاف ہے اور اس ملک کے دستور کے خلاف ہے ۔ اس لئے کہ ملک کے دو طبقوں میں عدم مساوات یا عدم توازن عدل کے منافی ہے ۔ جو لوگ شہروں میں دوکانوں پر یا صنعتی اداروں میں کام کرکے اپنی روزی کماتے ہیں اگر ان کی آمدنی پانچ سو روپے ماہانہ یا چھ ہزار روپے سالانہ سے کم ہو تو آپ ان سے کوئی ٹیکس وصول نہیں کرتے ۔ اور وہ ملک کی تمام رفاہی سہولتوں میں برابر کے حصہ دار اور شریک کار ہیں ۔ وہ سڑکوں سے ہسپتالوں سے اور تعلیمی اداروں سے پورا فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ باوجودیکہ وہ ٹیکس کی صورت میں انکے اخراجات میں کوئی حصہ ادا نہیں کرتے ۔ اور یقیناً انہیں یہ حق حاصل ہے کہ اگر ان کی آمدنی اتنی نہیں ہے کہ وہ کوئی ٹیکس ادا کر سکیں تو اس کے باوجود انہیں یہ حق ہے کہ حکومت کی سہولتوں سے انہیں،

فائدہ پہنچے ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ ایک کاشت کار یا زمیندار جس کی چند ایکڑ زمین ہے اور صرف گزارہ ملکیت کا مالک ہے کیا اس کی آمدنی پانچ سو روپے ماہانہ ہے ۔ آپ یقیناً جواب دیں گے نہیں ہے ۔ اگر ۱۲ ایکڑ کے مالک زمیندار کی ماہانہ آمدنی ۵ سو روپے نہیں ہوتی تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا یہ عدل اور مساوات کے مطابق ہے کہ اگر ایک شخص شہر کے اندر پان کی دوکان رکھکر پانچ سو روپے ماہانہ کماتا ہو تو اس سے کوئی ٹیکس نہ لیا جائے اور دوسرا شخص جو شہر سے ۶ میل کے فاصلے پر زمین کو کاشت کر کے ملک کی اہم ضرورت پورا کرنے میں اپنا فرض ادا کرتا ہو ۔ اس پر آپ مالیہ لگائیں اور وصول کریں ۔ یہ عدل و انصاف اور مساوات کے منافی ہے اور اس لحاظ سے دستور اور اسلام کے خلاف ہے ۔ میں آپ سے توقع رکھتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں جیسے آپ نے پہلے ٹیکس کو رفع کیا اور دور کیا ۔ آپ آئیندہ اس مسئلہ پر بھی غور فرمائیں گے ۔ آپ اسے سیاسی مسئلہ نہ بنائیں صرف انسانی مسئلہ کی بنیاد پر اس پر غور کریں ۔ جس شخص کے پاس ۲ ایکڑ زمین ہے اس سے مالیہ وصول کرنے کا آپ کو کوئی حق نہیں پہنچتا ۔ جناب والا ۔ میں اپنی بات ختم کرنے سے پہلے یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ صرف یہی نہیں بلکہ پچھلے سال چھوٹے کاشتکاروں پر جو ایڈیشنل ایگریکلچرل انکم ٹیکس عائد کیا گیا تھا وہ اس سال بھی قائم ہے ۔ آپ نے یہ قانون پچھلے سال نافذ کیا تھا اب اس بات کی ضرورت تھی کہ اگر انہیں نئی مراعات نہیں دے سکتے تو وہ ظالمانہ ٹیکس جو آپ نے پچھلے سال نافذ کیا تھا اسے اس سال دور کر دیتے ۔ آپ نے اب تک اس طبقہ کے ساتھ مجرمانہ حد تک تغافل برتا ہے ۔ وزرائے کرام سے میری یہ گذارش ہے کہ دیکھئے جس شاخ

پر آپ کا آشیانہ ہے وہ بڑی کمزور ہے معلوم نہیں آئندہ سیشن میں میری آپ سے ملاقات ہو گی یا نہیں ہو گی اس لئے جب تک آپ یہاں موجود ہیں اور جب تک اللہ تعالی نے آپ کو اقتدار اور ذمہ داری کی کرسی دی ہے آپ اپنے اقتدار سے ملک کے سب طبقوں کو فائدہ پہنچائیں ۔ تا کہ آپ اللہ تعالی کے نزدیک بھی سرخ رو ہوں اور دنیا میں بھی ۔ اور ہم آپ کو مبارکباد دے سکیں ۔

ملک محمد اختر (لاہور-۲) ۔ جناب سپیکر ۔ فائننس بل کے لئے کافی وقت ہونا چاہئیے تھا ۔ صرف دو دن دینا بڑی زیادتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں چند منٹوں میں اپنی گذارشات پیش کروں گا ۔ باقی کلاز بائی کلاز ڈسکشن پر بات ہو گی ۔ اس صوبہ میں موجودہ جو صوبائی ٹیکس ہیں وہ یہ ہیں ۔

Land Revenue, Water rate, Motor Vehicles levies, Stamp duty, Provincial Excise, Entertain Duty, Property Tax ..

آخرالذکر کو نئی تعمیرات کی حد تک معاف کیا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ یہ جو ۷ ٹیکس ہیں ہمارے صوبائی ٹیکسوں کے ریونیو کا ۹۰ فی صد ان پر مشتمل ہے ۔ اس کے علاوہ ۴۰ دوسرے ٹیکس ' سیس اور ڈیوٹیز ہیں جو آپ ہم لوگوں سے لے رہے ہیں اس صوبہ میں ۔ جناب والا ۔ یہ جو طریق کار اختیار کیا گیا ہے فائننس بل کا ۔ یہ ایک دھوکے اور سراب کی صورت ہے ۔ اس قانون میں ایسے ٹیکس شامل کئے جاتے ہیں جن کو مستقل حیثیت دے دی جاتی ہے ۔ کچھ ایسے ٹیکس ہوتے ہیں جن کی حیثیت سالانہ ہوتی ہے ۔ یہ صوبائی ٹیکسیشن جو ان ۷ ٹیکسوں کی شکل میں جاری رکھی گئی ہے ۔ یہ ۱۹۵۳ میں ۱۸ کروڑ ۵ لاکھ تھی جو کہ بڑھ کر اب ۵۴ کروڑ ۳۸ لاکھ ہو چکی ہے ۔ جناب والا ۔ ٹیکسیشن میں یہ جو

اضافہ ہوا ہے یہ ہماری مالی حالت کے مطابق نہیں ہے نہ ہماری وصولی بڑھی ہے اور نہ آبادی میں اس قدر اضافہ ہوا ہے کہ صوبائی ٹیکسوں میں ۳ سو فی‌صد کا اضافہ کر دیا جائے ۔ جناب والا اس کے ساتھ ہی ساتھ مجھے یہ بھی گذارش کرنا ہے ۔ آج میں پھر اسے دہراتا ہوں ۔ کہ یہ زیادہ ہم شہریوں کو دینے ہوتے ہیں جو شہری آبادی کے ٹیکس ہیں ان کے مقابلے میں لینڈ ریونیو اور آبیانہ جو ہے وہ بتدریج کم ہو رہا ہے ۔ ۵۶–۱۹۵۵ میں مالیہ اور آبیانہ کل محاصل کا ۲ء۷ فی صد تھا اور اب ۶۷–۱۹۶۶ میں یہ ۵۰ فی صد رہ گیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کا مطلب ہے کہ وصولی کم ہو رہی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جی ہاں ۔ وصولی میں کمی ہے ۔ دوسرے پنجسالہ منصوبے میں ۱۹۶۲ سے اب تک آپ نے الکم ٹیکس میں فائننس بل کی رو سے جتنی سالانہ ایزادی کی ہے اب میں اسکا تجزیہ کروں گا ۔ جناب والا ۔ ایکسائز کی ڈیوٹی میں اضافہ سے انہوں نے ۱۹۶۲ سے تا حال ایک کروڑ روپے وصول کئے ہیں ۔ اسی طرح ریلوے کے کرایہ اور فریٹ پر جو سر چارج یکم جولائی ۱۹۶۲ سے لگایا گیا تھا اس سے انہوں نے ۴۴ لاکھ روپیہ زائد وصول کیا ہے ۔

جناب والا ۔ اسکے بعد ریٹ اینڈ ڈویلپمنٹ سیس ـــ جو ۲۵ فیصد تھا اس کو ۳۵ فیصد کر دیا ۔ یکم جولائی ۱۹۶۳ میں سالانہ آمدنی ۶۴ لاکھ کی ہوئی اور واٹر ریٹ کو ۱۹۶۳ میں ۱۰ فیصد بڑھا دیا اور اس طرح ایک لاکھ ۱۵ ہزار روپیہ کا اضافہ ہوا شوگر کین ڈویلپمنٹ سیس یکم جولائی ۱۹۶۴ میں at the rate of twelve paisa per maund ۶۶ لاکھ روپیہ

سالانہ yield دے رہا ہے ۔ اس طرح بجلی کے عام صارفین پر یکم جولائی ۱۹۶۳ میں ڈیوٹی لگائی اور یہ ڈیوٹی at the rate of one paisa per unit for residential and commercial use. پر ہے ۔ ایک پیسہ for every four units consumed industrial undertaking پر لگایا گیا ہے اس طرح ۸۶لاکھ روپیہ سالانہ کی آمدنی بڑھالی ہے ۔ دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں جو انہوں نے ایڈیشنل ٹیکس وصول کیا ہے وہ ۴۷۵ لاکھ روپیہ ہے ۔ اب تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں پہلے دو سالوں میں اس قدر اضافہ کیا ہے جس کے متعلق میں عرض کرتا ہوں کہ water rate enhance کرکے ۱۰ فیصد یکم جولائی ۱۹۶۵ کو کیا تھا جس سے ۱۸۷ لاکھ روپیہ سالانہ کا اضافہ ہوا ہے ۔ اس کے بعد ہوٹل ٹیکس یکم جولائی ۱۹۶۵ کو لگایا ہے ۔ اس مد میں ۱۰ لاکھ ۹۰ ہزار ۴۷۶ روپے کی وصولی ہوئی ہے ۔ ایڈیشنل سٹیمپ ڈیوٹی یکم جولائی ۱۹۶۵ سے لگائی ہے ۔ اور ایسے دستاویزات پر جن کی مالیت ۵۰۰ روپیہ تھی اس پر ۵ روپیہ ۔ ۵۰۰سے ۱۰۰۰ روپیہ تک ۱۰ روپیہ لگایا ہے اس طرح yield ۴۰ لاکھ روپیہ سالانہ بڑھالی ہے ۔ موٹر وھیکاز پر یکم جولائی ۱۹۶۵ سے ٹیکس لگایا ہے اور اس سے ۶۸ لاکھ روپیہ سالانہ وصول کر رہے ہیں ۔آرمز لائسنسز فیس یکم جولائی ۱۹۶۵ سے بڑھائی ہے اس سے ۸ لاکھ روپیہ سالانہ کا اضافہ ہے ۔ گذشتہ دو سالوں سے حکومت نے ۳۱۴ لاکھ روپیہ سالانہ کا اضافہ کر لیا ہے ۔ کل اضافہ اگر دیکھا جائے تو یہ کم وبیش ۴۷۵ اور ۳۱۴ یعنی ۷۸۹ روپے کا اضافہ ہو گیا ہے ۔ یہ سالانہ اضافہ میں سمجھتا ہوں نہایت ہی زیادتی ہے ۔ جناب والا ۔ اس کے برعکس مجھے یہ گذارش کرنا ہے کہ موجودہ فنانس بل میں انہوں نے تجویز پیش کی ہے کہ ۱۹۶۷ کے فائننس بل میں سر چارج لگایا گیا تھا جو

لینڈ ریونیو پر ہے - یہ سر چارج ۳۵۰ روپیہ لینڈ ریونیو پر payable ہو گا تو یہ ۱۲ روپے کے قریب ہو گا - کم و بیش میرے اندازہ میں نصف لینڈ ریونیو کے برابر ہو گیا ہے - لینڈ ریونیو پر جو ۵۰۰ سے ساڑھے سات سو تک واجب الادا ہو گا وہاں ۲۴ روپے ہو گا جو غالباً واجب الادا لینڈ ریونیو کے برابر ہے - جہاں ۷۵۰ سے ۱۰۰۰ روپے مالیہ پر ۵۰ روپے ہو جائے گا جو کم و بیش لینڈ ریونیو سے ڈیڑھ گنا ہو جائے گا جہاں ۱۰۰۰ سے ۲۰۰۰ تک مالیہ لگایا گیا ہے وہاں ۱۰۰ روپے کے قریب ہوگا - جو approximately لینڈ ریونیو سے دو گنا ہو جائے گا - اسی طرح ۱۰۰۰ سے ۵۰۰۰ تک لینڈ ریونیو کم و بیش تین گنا ہو جائیگا - آخری رقم ۱۰,۰۰۰ لینڈ ریونیو پر جو سیس لگا رہے ہیں وہ اصل لینڈ ریونیو سے ۱۰ گنا زیادہ ہو گا - آپ اندازہ لگائیں کہ اس ویسٹ پاکستان فائننس بل کے تحت حکومت ٹیکس کی شکل میں - سرچارج کی شکل میں جو زیادتی کر رہی ہے اس سے کس قدر اضافہ ہے جو حکومت کر رہی ہے - اسکے برعکس اگر میں ان سے یہ مطالبہ کروں کہ آپ اس حصے کو جو کہ انہوں نے مرکزی حکومت سے حاصل کرنا ہے اس کو بڑھائیں - مرکزی حکومت نے ۵۳ - ۱۹۵۲ میں Raisman Award دیا تھا - اس Presidential Order ۱۹۶۲ کی آئین کی دفعہ کے تحت ان کو ۶۵ فیصد حصہ دیا جا رہا ہے - ۶۵ فیصد حصہ ان ٹیکسسز کا دیا جا رہا ہے جو مرکزی حکومت صوبہ سے وصول کرتی ہے - سیل ٹیکس کی ادائیگی کی جا رہی ہے وہ ۳۰ فیصد ہے - ایک اور قابل اعتراض بات یہ ہے کہ امپورٹ ڈیوٹی - ایکسائز ڈیوٹی - جہاں مغربی پاکستان میں ۴۶ فیصد دے رہے ہیں وہاں مشرقی پاکستان میں ۵۴ فیصد دی جا رہی ہے -

مجھے یہ بھی شکایت ہے کہ جہاں صوبہ پر ٹیکسوں کی بھر مار کر رہے ہیں وہاں مرکزی حکومت سے جو گرانٹ ملی ہے وہ بھی کم مل رہی ہے ۔ Current Financial Year میں ڈویلپمنٹ پروگرام کیلئے چھوٹی چھوٹی گرانٹ Malaria Eradication فرٹیلائزر ۔ اور فیملی پلاننگ کیلئے ہیں ۔ اس کے علاوہ مرکزی حکومت جو غیر ملکی قرضے دے رہی ہے اس کا اس طریقے سے سود وصول کیا جاتا ہے کہ ان کے اسٹبلشمنٹ کے جو چار جز ہیں وہ بھی ہم سے وصول کر لیتی ہے ۔ اس کے علاوہ اس سال railway fare کو continue کیا ہے ۔ سینما ٹیکس کو continue کیا ہے اس سال انہوں نے ایگریکلچرل ٹیکس جس کی تفصیل میں میں نہیں جانا چاہتا continue کیا ہے ۔ جناب وزیر خزانہ صاحب انڈسٹریلسٹ لارڈز پر بڑی مہربانی کر رہے ہیں اس کلاز ۸ میں انہوں نے پرویژن کی ہے ۔

"Government may by an order, notified in the official Gazette, exempt any Sugar Mill or all Sugar Mills in any specified area from the payment of the whole or any part of the cess under this section."

جناب والا ۔ ایک شوگر مل جب قائم ہوتی ہے تو اس پر ۷ کروڑ روپیہ صرف ہوتا ہے ۔ ایک صنعت کار جو ۷ کروڑ روپیہ صرف کر رہا ہے اس کو یہ exemption دینے کے لئے تیار ہیں لیکن ایک عام آدمی کو یہ exemption دینے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ لیکن سر چارج railway freight کی صورت میں لینے پر مصر ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیں کہ موجودہ فائننس بل کا سارے کا سارا بوجھ عوام پر ہے ۔ یہ عوام کے لئے پاکستان کو جنت بنا رہے ہیں بلکہ انڈسٹریلسٹ کے لئے پاکستان کو جنت بنا رہے ہیں ۔ تین سال تک جو نئی عمارتیں بنائی جائیں گی ان پر ٹیکس نہیں لگایا جائیگا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر یہ limit مقرر کر دیتے

۲۰۰ روپیہ یا اڑھائی سو روپیہ سالانہ کی مالیت پر کہ ان پر کوئی ٹیکس نہیں لگایا جائیگا تو اس میں یہ کچھ حق بجانب تھے ۔ یہ ایسی کوٹھیوں پر یہ ٹیکس وصول نہیں کر رہے ہیں جن کے مالک دو ہزار تین ہزار سالانہ کرایہ لیتے ہیں اور گلبرگ میں تو ایسا ہے جہاں ۱۵۰۰ یا ۲۰۰۰ ہزار ماہانہ کرایہ بنتا ہے ان کو بھی ٹیکس سے انہوں نے exempt کر دیا ہے ۔ جناب والا ۔ اب clause-wise discussion پر اگر بات ہو تو وہ زیادہ بہتر ہوگا کیونکہ مناسب وقت پر اگر مناسب بات کہی جائے تو زیادہ بہتر ہوتا ہے ۔ اس لئے میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہنا چاہتا کہ فائننس بل میں انہوں نے اکثر عارضی ٹیکسوں کا نام دیکر۔ مثلاً ۱۹۶۵ء کا جو فائننس بل تھا اس میں بھی جو ٹیکس لگائے گئے تھے ۔ وہ تھے تو عارضی لیکن در حقیقت جو ابدی اور مستقل تھے اور آج ان کا یہ کہنا کہ ہم فلاں ٹیکس کو چھوڑ رہے ہیں یا اس صوبے کو کوئی مراعات دے رہے ہیں یا اس صوبے پر کوئی مہربانی کر رہے ہیں ، یہ دراصل ایسا نہیں کر رہے بلکہ وہ اپنی کوتاہیوں اور ظالمانہ ٹیکسوں کو نرم ضرور کر رہے ہیں جو اس سے قبل لگائے جا چکے ہیں ۔

ملک قادر بخش (مظفر گڑھ ۔۲) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ اس موقع پر میں اصولاً یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی قوم یا کوئی فرد ٹیکسیشن کو برا نہیں کہتی بشرطیکہ ٹیکسوں کے ذریعے جسقدر بھی وصولی ہو ۔ وہ عوام کی بھلائی کے کاموں پر صحیح طور پر صرف ہو ۔ ٹیکسیشن کے بغیر کوئی حکومت چلائی ہی نہیں جا سکتی اور نہ ہی کوئی فلاحی کام ہی ہو سکتا ہے ۔ اس حکومت نے جتنے منصوبے گذشتہ سال بنائے تھے ۔ ان سب کو پائیہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے اس حکومت نے کوشش کی ہے یا اتنے بھی نئے منصوبے تیار کئے گئے تھے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان پر ایک ایک پائی جائز طور

پر خرچ ہوئی اور جو عوام کی بھلائی کے لئے خرچ ہوئی - چونکہ اس سال کوئی نیا ٹیکس بھی نہیں لگایا گیا اور فلاحی کام اور عوام کے مفاد کے جسقدر بھی کام ہیں - ان کو اور زیادہ تیزی سے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا حکومت ارادہ رکھتی ہے جسکے لئے میں حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں -

گذشتہ سال ایک وقت ایسا آیا تھا جبکہ صوبے میں خوراک کے متعلق آواز پیدا ہوئی تھی اور یہ حقیقت بھی ہے کہ غلے کی قیمت بہت اونچی چلی گئی تھی لیکن حکومت نے بڑے ہی تھوڑے وقت میں تمام کام کو سنبھال لیا اور یقین کیجئیے کہ صدر مملکت ، گورنر صاحب اور محکمہ خوراک و زراعت نے ملکر صرف شہروں ہی میں نہیں بلکہ دیہاتوں اور جنگلوں تک میں خوراک پہنچائی اور یہ اس طرح نہیں کہ دیہات سے لوگ آئیں اور شہروں میں سے غلہ خرید کر لے جائیں بلکہ ان کے گھروں تک غلہ پہنچایا گیا اور اگر ایسے کاموں کے لئے اور ایسے عملے کے لئے حکومت کوئی ٹیکس لگا دے تو چشم ما روشن دل ماشاد - ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے - ویسے تو ٹیکس لگانے پر اعتراضات ہوتے رہتے ہیں لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دیہاتی آبادی ٹیکسوں سے اس وقت تک ہرگز ہرگز نہیں گھبراتی جبتک کہ وہ یہ دیکھتی رہے اور دیکھ بھی رہی ہے کہ یہ ٹیکس ان کی بھلائی کے کاموں پر صرف کیا جا رہا ہے ، میں اس کے لئے بھی حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں -

جناب والا - پیشتر اس کے کہ میں اپنے main theme پر گفتگو کروں - میں جناب وزیر مال صاحب کی خدمت میں ایک دھاندلی کا ذکر کرنا چاہتا ہوں - دھاندلی کا ذکر بھی نہیں بلکہ مجھے اس سے بھی زیادہ سخت لفظ استعمال کرنا چاہئیے تھا اور وہ یہ کہ مظفر گڑھ میں باڑہ سکیم کے تحت

۱۹۵۴ء میں ۱۱۹ لاٹیں landless people کو الاٹ ہوئی تھیں ۔ اور یہ لوگ مقامی کاشتکار تھے جنکے لئے یہ شرط مقرر کی گئی تھی کہ حکومت اسکے لئے نہری پانی مہیا کریگی اور وہ لوگ اپنی محنت اور سرمائے سے چاہات بھی کھودیں ۔ مکانات وغیرہ بھی تعمیر کریں اور اس اراضی کو آباد کریں ۔ لوگوں نے چاہات بھی کھودے ، باغات بھی لگائے ، کسی نے چالیس فیصد ، کسی نے پچاس فیصد کیونکہ پانی کی کمی ہو گئی تھی ۔ انہوں نے رقبے آباد کئے لیکن وہ سب کے سب منسوخ کر دئیے گئے اور ان کو گھروں سے نکال دیا گیا حالانکہ وہ باغات عام پھل دے رہے ہیں ۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ قلمی آم ، لنگڑا آم ، اور وہ آم جو ملک صاحب کے باغ میں ہوتے ہیں ۔ وہ بھی وہاں پر ہوتے ہیں ۔ لیکن ان کو وہاں سے اس لئے نکال دیا گیا کہ انہوں نے بروقت وہ percentage پوری نہیں کی تھی یعنی جو اسی فیصد آبادی انہیں کرنی چاہئیے تھی ۔ حالانکہ وہاں پر درخت موجود ہیں ۔ Cattle sheds موجود ہیں ۔ پکے مکانات موجود ہیں ، کھالیں موجود ہیں ، رقبے آباد ہیں ۔ لیکن انہیں اسکے باوجود بھی وہاں سے نکال دیا گیا ہے ۔ مجھے یہ بھی منظور تھا ۔ لیکن ظلم در ظلم یہ کیا گیا کہ اُن ۱۱۹ لاٹوں کو پھر تقسیم کیا جاتا ہے ۔ ان میں سے تین چار بڑے بڑے آدمی تو ہمارے ہی ضلع کے ہیں اور باقی انارکلی کے دوکاندار ہیں ۔ باہر کے ملازمین کے رشتہ دار ہیں ۔ یعنی آباد کریں ہم گاڑھے پسینے کی کمائی تو اس پر ہم خرچ کریں لیکن انارکلی سے دوکاندار اٹھے ۔ کسی ملازم کا رشتہ دار آئے اور وہ ان آباد شدہ زمینوں پر بیٹھ جائے لیکن کوئی پرسان حال نہیں ہے ۔ میرے دروازے پر لوگ رو رہے ہیں ۔ آج بھی باہر ایک آدمی خدا بخش کھڑا ہوا ہے ۔ ایک لاٹ ہے

فیض بخش کے نام جسکے قلمی آم آج بھی میرے کوارٹر میں پڑے ہوئے ہیں ۔ وہ قلمی آم چوری سے اٹھا کر لایا ہے کیونکہ وہاں قانون گو کا قبضہ ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرتا ہوں کہ خدا کے نام پر اگر ان سے لینا ہی ہے تو پھر میرے ہی ضلع کے آدمی کو کیوں نہ ملے ان کو ہی کیوں نہ واپس کر دیں ۔ لیکن یہ انارکلی کے دوکاندار جنکا نام میں نہیں لینا چاہتا کہ وہ کون لوگ ہیں کیونکہ مجھے اس سے کوئی غرض نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Why has not the Member put a question about this matter ?

Malik Qadir Bakhsh : I was absent from the House.

Mr: Speaker : The Member should have sent a Question.

Malik Qadir Bakhsh : Yes, I should have but now I am requesting. Sir, I will pass on to other things.

مسٹر سپیکر ۔ آپ بیشک اسکے متعلق تقریر فرمائیں ۔ میں نے تو ویسے ہی عرض کیا ہے کہ آپ سوال کے ذریعے حکومت کے نوٹس میں یہ بات لاتے تا کہ اس پر غور کیا جاتا ۔

Malik Qadir Bakhsh : It is a very serious case and it requires probe.

دوسری گذارش یہ ہے کہ ۱۳۳ مربعے اراضی ہندو قوم برادری ہائی سکول لیہ کے لئے چھوڑی گئی تھی ۔ برادری ہائی سکول لیہ موجود ہے لیکن وہ زمین تھل ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے الاٹ کر رکھی ہے اور اسے علیحدہ کر دیا ہوا ہے اور حکومت اس رقبے سے پیداوار بھی حاصل کر رہی ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اس پسماندہ علاقے کو اتنا بھی حق نہیں پہنچتا تھا کہ یہ رقبہ جس غرض کے لئے دیا گیا تھا ۔ یعنی برادری ہائی سکول لیہ کے مصرف ہی میں آتا ۔ لیکن محکمہ اوقاف

کہتا ہے کہ ہم اس سے وصول شدہ رقم لاہور پر خرچ کریں گے ۔ حیدر آباد اور کراچی پر خرچ کریں گے لیکن لیہ والے جو بھوکے لوگ ہیں ۔ ان پر خرچ نہیں کریں گے ، یہ ظلم ہے ، اس لئے میں یہ التجا کروں گا ۔ کہ وزراء صاحبان اگر باہر سے ہمیں ایک پیسہ بھی نہیں دے سکتے اور اوقاف سے نہیں دے سکتے ۔ تو وہ ہمارے وقف کو تو نہ کھائیں ۔ یا تو یہ کہیں کہ ہم لائلپور سے زیادہ ترقی یافتہ ہیں یا لاہور اور کراچی سے زیادہ امیر ہیں ، اس لئے میں یہ درخواست کروں گا کہ حکومت اس جانب توجہ دے ۔ میں چاہتا تھا کہ جونیجو صاحب یہاں پر موجود ہوتے اور میں ان کی خدمت میں عرض کرتا کہ یہ ان کا بڑا احسان ہوگا کہ وہ جنہیں پکی سڑکوں کا نام دیتے ہیں ۔ ان پر سے بجری اور روڑی اٹھا کر ایک طرف پھینک دیں اور ہمیں وہی کچی سڑکیں دیدیں ۔ یہ ان کا احسان ہوگا کیونکہ ان پر نہ تو پیدل ہی چلا جا سکتا ہے اور نہ ہی گاڑی ان پر چل سکتی ہے ۔

آخر میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ادھر سے ہر روز شکوے ہوتے ہیں اور پولیس کی طرف سے بھی کہا جاتا ہے اور بجا طور پر کہا جاتا ہے کہ نظم و نسق میں خرابیاں ہیں اور بالخصوص رشوت ہے ۔ اور حکومت پر تہمت لگائی جاتی ہے ۔ لیکن اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ اگر میں حکومت کی کوششیں اور کاوشیں گن گن کر بتاؤں کہ حکومت وقتاً فوقتاً اس بارے میں کیا کرتی رہی ہے ۔۔۔۔ اور پہلے تو یہ کیا گیا کہ جتنے بھی قوانین تھے ، ان میں تبدیلی لائی گئی ۔ Criminal Law Amendment Act اور Summary Proceedings سمن کیس کے طریقے پر سماعت ہو اور بار ثبوت ملازم سرکار پر ہو ۔

یہ بڑی تبدیلی تھی جس کے لئے میں کہوں گا کہ حکومت نے رشوت ستانی کو بند کرنے کے لئے بڑا قدم اٹھایا ہے ۔ رشوت ستانی کو بند کرنے کے لئے بڑے اقدامات کئے گئے ہیں سپیشل عدالتیں قائم کی گئی ہیں تا کہ عام عدالتوں میں delay نہ ہو ۔ ملازم سرکار کی حیثیت اگر اس کے ذرائع آمدنی سے زیادہ ہو تو اس کی جائداد ضبط کر لی جائے اور اسے ملازمت سے نکال دیا جائے ۔ سکریننگ کمیٹی بنائی ہوئی ہے ۔ انسداد رشوت ستانی کا محکمہ بنا ہوا ہے ۔ گورنر کی انسپکشن ٹیم ہے ۔ انہوں نے دفتر شکایات قائم کیا ہے تا کہ ہر عورت اور مرد کی رسائی ان تک ہو سکے ۔ قوم ان کے اس اقدام کے لئے مشکور ہے ۔ گورنر صاحب اور صدر صاحب نے تحریری اور تقریری بیانات میں ہدایات دی ہیں ۔ دھمکیاں دی ہیں علاوہ ازیں صدر صاحب نے ایک ہائی لیول کمیٹی مقرر کی ہے ۔ اب آپ بتائیں کہ اس مہذب حکومت سے ہم اور کیا توقع رکھ سکتے ہیں ۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس کا نتیجہ کیا ہے ۔ ''مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی'' لیکن ہم حکومت پر تہمت نہیں لگا سکتے ۔ اس کو جو کرنا چاہئے تھا اس نے کر دیا ہے ۔ پھر ہمیں یہ سوچنا ہے کہ

Where is the wrong; at least there is some wrong and wrong is somewhere—

کہیں تو کوئی برائی ہے کوئی غلطی ہے اس کی تلاش کرنی چاہئے ۔ آخر وہ کونسی چیز ہے وہ کونسا پرزہ ہے جو کام نہیں کر رہا ۔ اتنا کچھ ہونے کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ رشوت بڑھ رہی ہے ۔ ? why جناب والا ۔ میں نے اس پر غور کیا ہے کچھ pains لی ہیں ۔ میرا خیال ہے بلکہ یقین ہے کہ محض قوانین کے وضع کرنے سے جرائم کی روک تھام نہیں ہو سکتی بلکہ بعض اوقات جب قوانین کسی جرم کو روک نہیں سکتے

تو وہ جرائم کو اپنا لیتے ہیں ۔ جنسی فعل کے جرائم کے متعلق جتنے قوانین انگلینڈ میں ہیں وہ لوگ ان کو repeal کر رہے ہیں ۔ صدیوں سے ایسے قوانین ہونے کے باوجود وہ لوگ باز نہیں آتے تھے ۔ اس لئے اب وہ تمام قوانین کو ہٹا رہے ہیں ۔ اب اسی طرح اگر آپ کہیں کہ رشوت کو جائز کر دیں ۔ حاشا و کلا ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ کیا قانون بے بس ہوچکا ہے یہ کہنا غلط ہے کہ قانون کو منسوخ کر دیں ۔ اور اس بات کی اجازت دے دیں اور چھٹی دے دیں کہ عدالتوں میں یا دفتروں میں سودے چکائے جائیں خدا وہ دن نہ دکھائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ تو آج ہو رہا ہے ۔

ملک قادر بخش ۔ میں اپنے دوستوں سے اور اس ہاؤس سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ حکومت کے ساتھ تعاون کریں ۔ میں تو اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ قانون تو ہے لیکن قانون کو صحیح طریقہ پر چلایا نہیں جاتا ۔ تعزیری قانون کو چلانے کے لئے حکومت کے پاس ایک ایجنسی ہوتی ہے ۔ یہ ہر ملک میں ہے ۔ اس کا نام پولیس ہے ۔ اگر وہ اپنا کام صحیح طریقہ پر کرے تو کوئی وجہ نہیں کہ قانون موثر نہ ہو ۔ اگر پولیس والے اپنے فرائض سے ہٹ جائیں گے تو چاہے کتنا ہی سخت قانون آپ بنائیں وہ موثر نہیں ہو گا ۔ میں اپنے ملک کی پولیس کی بڑی عزت کرتا ہوں ۔ میرے نزدیک اندرون ملک میں وہ ایک قسم کی سپاہ ہے ۔ رات کو جب میں اپنا محتاطانہ لے کر گھر پہنچتا ہوں تو گھر میں جا کر آرام کی نیند سوتا ہوں یہ کس لئے ہے ۔

Because the Police is there.

اگر میں سفر کرتا ہوں تو بے خطر کرتا ہوں کیوں ۔

Because the Police is there.

میں ان کا مشکور ہوں ۔

جناب والا ۔ میں نے اپنی ۴۰ سال کی زندگی میں سینکڑوں پولیس کے cases کئے ہیں including S.Ps. ۔ میں ان کو بڑی اچھی طرح سے جانتا ہوں میں ان کی عزت کرتا ہوں اور کبھی ان کے خلاف نفرت کے جذبات پیدا نہیں ہوئے ۔ ہمارے پاس capable لوگ ہیں میں ان کو جانتا ہوں وہ بڑے اچھے اچھے خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا پولیس والے اپنا کام صحیح کر رہے ہیں اگر آپ اس چیز کا حساب لیں یا ان کا محاسبہ کریں تو معلوم ہو گا کہ کچھ رشوت لیتے ہیں ۔ کیا آپ نے کبھی سوچا کہ وہ کیوں رشوت لیتے ہیں ۔ اور اب کیا ہم ان کو بند کر سکتے ہیں ۔ ''ایں خیال است و محال است و جنون'' ۔

اس کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ آپ ان کو صاف کریں ۔ ان کو ٹھیک کریں ۔ یہ ایک انفرادی شخص کی بات نہیں یہ وہ مسائل ہیں جن کے متعلق صدر صاحب فرما چکے ہیں اور گورنر صاحب کو دفتر شکایات کھولنا پڑا ۔ اس سے زیادہ وہ قوم کے لئے کیا کر سکتے ہیں اس سے لوگوں کی آس بندھ گئی ہے ۔ اور وہ کہتے ہیں کہ جائیں لاہور اور کریں درخواست ۔ اس چیز کا بڑا اثر ہوا ہے ۔ لیکن پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پولیس کا کیا ہو گا ۔ ہم نہر والوں کی رشوت تو برداشت کر لیتے ہیں ۔ کسی اورمحکمہ کی رشوت تو برداشت کر سکتے ہیں لیکن پولیس والوں کی رشوت برداشت نہیں کرسکتے ۔ ہر قوم اپنی پولیس سے پہچانی جاتی ہے ۔ اس لئے پولیس کا کردار اچھا ہونا چاہئے ۔ اگر کوئی Foreigner آتا ہے تو پولیس کے کام کو دیکھ کر وہ اندازہ لگا لیتا ہے ۔ اگر پولیس اچھی ہو گی تو وہ اچھی رائے لے کر جائے گا ۔ دراصل ہر شریف آدمی یہی چاہتا ہے کہ اس محکمہ میں لوگ ایماندار ہوں ۔ ایک دفعہ لابی میں تفریحاً یہ سوال پوچھا گیا کہ کیا پولیس میں کوئی شخص

ایماندار اور شریف بھی ہے ۔ تو بتایا گیا کہ سب انسپکٹر کی حد تک تو کوئی نہیں ۔

They could not name one and I cannot name one.

لیکن اوپر ہیں ۔ سب انسپکٹر بھی ہوں گے لیکن وہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں جو نظر نہیں آتے ۔ سیشن سے پہلے میرے پاس ایک زمیندار آیا اور اس نے کہا کہ آپ اسمبلی میں جا رہے ہیں ہم پر کوئی ٹیکس ضرور بڑھائیں وہ کچھ پڑھا لکھا تھا ۔ اس نے بتایا کہ ۴ کروڑ کی حد تک اس صوبہ پر ٹیکس لگایا جائے تو ٹھیک ہے پھر پولیس کی تنخواہیں بڑھائیں ۔ اس سے صوبہ کے عوام کو تعدی اور ظلم سے نجات مل جائے گی ۔ اس نے مجھے ایک واقعہ سنایا جو میں پیش کرتا ہوں ۔ وہ ایک المیہ واقعہ ہے اور بڑی ہی رنج دہ چیز ہے ۔ ایک عورت بیوہ تھی ۔ بد قسمتی سے اس کی ایک خوبصورت لڑکی تھی ۔ کسی نے اس عورت کے خلاف ایک درخواست دے دی یا اس سے دلوائی گئی کہ فلاں بڑھیا پیشہ کراتی ہے ۔ وہ درخواست تھانہ میں پہنچی تو ایک کنسٹیبل مامور ہوا جو اس بڑھیا اور اس کی لڑکی کو بلا کر لے گیا ۔ وہاں تھانہ میں لڑکی کو اس عورت سے الگ رکھا گیا ۔ اور ساری رات اس کے ساتھ Rape ہوتا رہا ۔ (شیم ۔ شیم) اس عورت کے متعلق پولیس والے یہ کہتے تھے کہ وہ لڑکی سے پیشہ کراتی ہے لیکن لڑکی کی ماں کہتی تھی یہ بالکل غلط ہے وہ کنواری ہے ۔ چنانچہ جب اسے ہسپتال معائنہ کے لئے لے گئے تو ڈاکٹر کی رپورٹ تھی کہ لڑکی کا پردہ بکارت تازہ تازہ پھٹا ہے اور لڑکی عصمت مآب تھی ۔ انہوں نے کہا کہ دعویٰ دائر کر دیا جائے ۔ جب دعویٰ دائر ہوا اور معاملہ عدالت میں پہنچا اور ایس ۔ آئی ۔ اور ہیڈ کنسٹیبل سب کو بلایا گیا اور ان کے ہاں جو لوگ آتے جاتے تھے انہیں

بطور گواہاں طلب کیا گیا اس وقت ایک قیامت تھی ۔ کئی گواہان کو گرفتار کر لیا ۔ ان کو زد و کوب کیا گیا اور زور ڈالا گیا کہ کسی طرح مقدمہ واپس لے لیا جائے ۔ مجسٹریٹ کے سامنے گواہ طلب ہو چکے تھے بیانات ہو چکے تھے اس کے باوجود وہ مقدمہ داخل دفتر ہو گیا ۔ یہ معاملہ یہیں پر ختم نہیں ہو جاتا بلکہ وہ گواہ آج بھی زیر عتاب ہیں ۔

وہ لڑکی جس طرح اس بڑھیا کی ہے اسی طرح میری اور ملک صاحب کی ہے بلکہ ان ۱۵۵ آدمیوں کی ہے جو اس ہاؤس میں تشریف رکھتے ہیں ۔ کہئے ٹھیک ہے نا (آوازیں ۔ ٹھیک ہے) ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ہاؤس کی عزت ہے قوم کی عزت ہے ۔

جناب والا ۔ اگر ایک واقعہ ہوتا تو کوئی چپ رہ سکتا تھا یا ایک آدمی ہوتا تو اس سے پوچھ سکتے تھے لیکن یہاں تو اتنے واقعات ہیں کہ اگر آپ مجھے وقت دیں تو میں دو دن تک ایسے بے شمار درد ناک واقعات سنا سکتا ہوں ۔

اس لئے میں معزز ایوان میں عرض کرتا ہوں کہ ہم پر ٹیکس لگایا جائے ہم دینے کو تیار ہیں ۔ اس سے کم از کم یہ تو ہو گا کہ ظلم سے بچ جائیں گے اور یہ جو گھر لئے جاتے ہیں عورتوں کی عزت محفوظ نہیں and daily these things are happening ۔

عورت کی عزت کے لئے تو ہم ہمیشہ جان دینے کو تیار رہتے ہیں ۔ اسلئے میں عرض کروں گا کہ ہم ٹیکسز سے نہیں ڈرتے ۔ اب میں آخری چیز کہتا ہوں کہ آخر اسکا علاج کیا ہے کہ پولیس کو کیسے ٹھیک کیا جائے ۔ کیا وہ ملر پیٹ سے یا مقدمہ چلانے سے ٹھیک ہو جائیگی یا انکو قید کرنے سے کوئی فائدہ ہوگا میں سمجھتا ہوں کہ نہیں

ہوگا ۔ سر دست میں زیادہ وقت نہیں لوں گا میں دو چیزیں پیش کرتا ہوں ایک تو یہ ہے . . .

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب جو واقعہ آپ نے بیان فرمایا ہے کیا یہ عدالت میں زیر تجویز ہے ۔

ملک قادر بخش ۔ نہیں یہ ختم ہو چکا ہے چونکہ اس بیوہ عورت نے خود درخواست دی تھی کہ میں پیروی نہیں کرتی لیکن گواہوں پر کیا ہوا یہ ایک علیحدہ کہانی ہے لیکن چونکہ یہ subjudice ہے اسلئے میں اسمیں نہیں جانا چاہتا ۔ جناب والا ۔ ابھی تھوڑا ہی عرصہ گذرا ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ڈسٹرکٹ پولیس کا ڈی ۔ آئی ۔ جی ۔ سمجھا جاتا تھا اور اعلیٰ پولیس افسر ضلع میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہوتا تھا اور پولیس کی سالانہ رپورٹ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لکھتا تھا اور سب انسپکٹر کا اعمال نامہ اور سٹیشن ہاؤس آفیسر کا اعمال نامہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لکھتا تھا ۔ تھانیدار کو ہمیشہ خیال رہتا تھا کہ جہاں اپنے ایس ۔ پی ۔ کو خوش رکھنا ہے وہاں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ تک بھی میری شکایت نہ پہنچے ۔ مجھے واقعات یاد ہیں کہ ایک ایس ۔ پی نے لکھا کہ ''تھانیدار بڑا اچھا ہے'' تو اس رپورٹ کے دوسرے کالم میں شیخ نور محمد ڈپٹی کمشنر نارووال نے لکھا mercilessly corrupt تو ایک کوتوال اور وہ dismiss ہو گئے ۔ لیکن آج ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا کوئی خوف سب انسپکٹر کو نہیں ہے کیونکہ ان کی موت و زندگی صرف ایک فرد واحد کے ہاتھ میں ہے اور وہ پولیس آفیسر انکا اپنا آدمی ہے ۔ انگریز اتنا بیوقوف نہیں تھا کہ اسوقت انگریز ایس ۔ پی اور ڈی ۔ سی دیسی ہوتا تھا لیکن ماتحت ڈی ۔ سی کے ہوتا تھا ۔ اس سسٹم کو پھر revive کیجئے اور اس سسٹم کو پھر introduce کیجئے ۔ دوسری چیز میں یہ عرض

کروں گا کہ میں کچھ سی - ایس - پی سے annoyed نہیں ہوں اور سی - ایس - پی کو فرشتہ بھی نہیں سمجھتا اور پی - سی - ایس کو برا نہیں سمجھتا لیکن سی - ایس - پی افسروں میں ایک چیز یہ ہے کہ وہ young age میں اور نو عمری میں جب تک وہ ڈپٹی کمشنر ہوتے ہیں انکے سامنے ترقی کا ایک لمبا میدان ہوتا ہے اور وہ اس لیول تک لوگوں کے ساتھ ہمدردی کرنے کو تیار ہوتے ہیں - اسکے بعد میری یہ تجویز ہے کہ ہر ایک پولیس ملازم چاہے وہ کانسٹیبل ہو یا اے - ایس - آئی ہو یا ایس - آئی ہو وہ ڈی - ایس - پی تک جاکر ٹھہر جائے اسکی آگے ترقی نہ ہو اور ایس - پی کیلئے سی - ایس - پی افسروں کو ٹریننگ دیجائے اور وہ بطور ایس - پی کے کام کریں - کوئی کہے گا کہ کہیں یہ ہو بھی سکتا ہے کہ کوئی سی - ایس - پی - ایس - پی لگا دیا جائے تو میں کہتا ہوں کہ آپکے یہاں ایک کرکٹ کا کھلاڑی فضل محمود ہے جسنے ساری عمر کرکٹ کھیلی اور اب وہ کرکٹ سے ریٹائر ہو گئے ہیں لیکن عہدہ انکا ڈی ایس پی تھا انہوں نے ڈی ایس پی کا کام نہیں کیا - کبھی تفتیش نہیں کی اور کرکٹ سے ریٹائر ہوئے تو ایس - پی بنگئے اگر وہ کامیاب ہو سکتا ہے اور کامیاب ہے تو سی - ایس - پی آفیسر ایک سال یا دو سال کی ٹریننگ لیکر کیوں کامیاب نہیں ہو سکتا -

مسٹر حمزہ - خدارا اسکی مثال نہ دیجئے -

ملک قادر بخش - اچھا میں اسکو ڈسکس نہیں کرنا چاہتا میں صرف یہ عرض کر رہا تھا کہ ڈبل گریجویٹ جو پی - ایس - آئی بھرتی ہوتے ہیں انکو investigation کی ٹریننگ دیجاتی ہے - انکو چاند ماری کی ٹریننگ دیجاتی ہے لیکن حکم کیا ہے کہ وہ ڈی - ایس - پی تک

چلیں گے اور آگے نہیں چلیں گے ۔ اگر ڈی ۔ ایس ۔ پی تک پولیس کا promotion رکھا جائے اور اس کے آگے اگر سی ۔ ایس ۔ پی نہیں تو کوئی اور طریقہ نکالا جائے لیکن خدا کے نام پر میں التجا کرتا ہوں کہ یہ جوان لوگوں کی ترقیاں ہو رہی ہیں انکو نہ ہونا چاہئے ۔ میرے خیال میں یہ interchangeable ہو سکتے ہیں لیکن انکو ایس ۔ پی نہ ہونا چاہئے this should be stopped ۔ ہو سکتا ہے جناب یہ میری آخری تقریر ہو کیونکہ میں عمر کے اس حصہ پر پہنچ چکا ہوں کہ اب الیکشن نہیں لڑوں گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یسین خان وٹو) ۔ خدا آپ کی عمر دراز کرے ۔

ملک قادر بخش ۔ لیکن میں جس جماعت میں ہوں اسی میں رہوں گا ۔ مسلم لیگ زندہ باد ۔ مسلم لیگ پائندہ باد اور ایک معمولی ورکر کی حیثیت سے رہوں گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ابھی دو سال ہیں ۔

ملک قادر بخش ۔ آپ سے بھی مجھے گلہ کرنا تھا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ اسکا اثر کیا ہوگا ۔

ملک قادر بخش ۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں بھی وزیر رہ چکا ہوں آپ میری کوئی بھی تقریر اٹھا کر دیکھ لیجئے میں نے کبھی یہ justification نہیں پیش کی کہ رشوت نہیں ہے جو ہمارے دوست اب کہتے ہیں میں کہتا ہوں کہ مانو call a spade a spade آپ تقریر اٹھا کر دیکھیں ۔ ممکن ہے آپ کہتے ہوں کہ بوڑھا آدمی ہے غلط بیانی کر رہا ہے اور رشوت ملک میں نہیں ہے everything is O.K.

تو میرے خیال میں تالی نہیں بجے گی اور وہ ٹھیک بھی نہیں ہوگا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ گورنمنٹ کے ڈیفنس میں جتنی تقریریں آپ کیا کرتے تھے وہی ہم کرتے ہیں ۔

ملک قادر بخش ۔ میں عرض کر رہا ہوں کہ جو کام بھی آپ کرتے ہیں آپ اس کے لیے ملازمین سرکار میں سے ایک ماہرین کی کمیٹی بنا دیتے ہیں اور آپ ان ہی پر بھروسہ کرتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ ایک دفعہ آپ اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنا دیجئے یہ آمد و رفت کے اخراجات بھی نہیں لیں گے اور آئیں گے اور انکی تجاویز مانگئے کہ کسطرح سے پولیس سے رشوت کم کیجا سکتی ہے ۔ کیونکہ ہم مریض ہیں اور ہم victim ہیں ۔ مریض کو جب تک ڈاکٹر اعتماد میں نہیں لے گا اسکا علاج نہیں کر سکتا ۔ ٹھیک ہے کہ سروسز کے آدمی بڑے بڑے قابل ہیں میں ان کو سلام کرتا ہوں لیکن آپ کے سامنے صرف ایک ہی چیز ہے کہ ملازمین سرکار کے گرد ہی حصار ڈالے ہوئے ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ ایک بار آپ اعتماد میں لیکر تو دیکھیں کہ کتنی بہترین تجاویز اور قابل عمل تجاویز یہ پیش کرتے ہیں ۔ ان سے گھبرائیں نہیں ۔ میں پھر کہتا ہوں کہ سی ۔ ایس ۔ پی آفیسر بہت قابل ہیں لیکن ان ۱۵۵ ممبران میں سے کوئی ان سے بہتر نہیں ہے ۔ اس چیز کو میں نہیں مانتا ۔ معاف کریں ۔ میں اس سے اتفاق نہیں کرتا ۔ آپ آزمائش کریں ۔ مذاق کے طور پر کہہ دیں ۔ ایک مہینہ دیدیں ۔ ایسے دس آدمی نکل آئیں گے جو یہاں بیٹھیں گے ۔ خرچ بھی اپنا کریں گے ۔ ٹی ۔ اے بھی نہیں لیں گے ۔ ڈی ۔ اے بھی نہیں لیں گے ۔ آپ کا اس میں کیا لگتا ہے تو ان الفاظ کیساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ آپ ناراض نہ ہوں کیونکہ میں ناراضگی کا نقصان اٹھا چکا ہوں ۔ ۱۹۶۵ء میں تقریر

کی اور دو ماہ کے اندر میرے ۳۴ آدمی جیل میں گئے اور میں چپ رہا ۔ میرے ۳۴ آدمی جیل چلے گئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس دفعہ ۶۸ جائیں گے ۔

ملک قادر بخش ۔ ایک صاحب تھے جو میرے مہربان تھے ۔ میری ان سے ایک دفعہ جھڑپ ہو گئی ۔ میں نے ان کو با عزت بری کرایا اور اس کو نوٹس دیا ہوا ہے جس نے دعوے کیا تھا سول کورٹ جانیکا ۔ تو میں عرض کرتا ہوں کہ میری نیت پر شک نہ کرو ۔ میں ملک کا ایک ادنیٰ سا غلام ہوں ۔ میں وزرا کا بھی غلام ہوں ۔ میں عمر میں بڑا ہوں لیکن میری بات پر ذرا غور کریں ۔ اس کو مذاق میں نہ ڈالو ۔ ملک کھوکھلا ہو رہا ہے ۔ رشوت جڑیں پکڑ گئی ہے ۔ اس لعنت کو ہم دور کریں ۔ یہ نکل سکتی ہے صرف اگر ایک محکمہ ٹھیک ہو جائے باقی پولیس خود ٹھیک ہو جائیگی ۔ سب انسپکٹران کے level تک بہت نا اہلیت ہے ۔ اگر میں ان کی نا اہلیت کے قصے سناؤں تو میں irrelevant ہو جاؤنگا ۔ جناب ان پڑھ تفتیش افسر نہیں ہو سکتا ۔ مجھے لوگ کہتے ہیں کہ قادر بخش بڑا وکیل ہے ۔ جناب میں بڑا وکیل نہیں ہوں ۔ میں سب انسپکٹران کی نالائقی کی روزی کھا رہا ہوں ۔ کیونکہ ان کی نالائقی پکڑ لیتا ہوں اور مقدمہ میرا acquit ہو جاتا ہے ۔ تو یہ سب کچھ ہو سکتا ہے ۔ ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہئے ۔ ہمیں خدا نے صدر وہ دیا ہے جو عوام کیساتھ بڑی ہمدردی رکھتا ہے ۔ گورنر وہ دیا ہے جو ہر ایک کی شکایت کو سننے کے لئے تیار ہے ۔ پھر بھی جناب اگر ہم فائدہ نہ اٹھائیں تو یہ ہماری بد قسمتی ہوگی ۔

میجر محمد اسلم جان—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب

نے خود فرمایا ہے کہ ان کے ۳۴ آدمی گرفتار ہیں کیا وہ یہ چاہتے ہیں کہ اس کے بعد جو ۲۵ ممبران ہیں ان کا بھی وہی حشر ہو ؟

Mr. Speaker : This is not a point of order.

مسٹر حمزہ (لائیلپور-۶) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ مالیاتی بل ایک صوبہ کا ہے ۔ پاکستان جس کو علامہ اقبال مرحوم کے تخیل کی تعبیر کہتے ہیں ۔ اور یہ وہ پاکستان ہے جو کہ قائد اعظم کی قیادت میں مسلمانان ہند نے بہت جدو جہد اور قربانی کے بعد حاصل کیا تھا لیکن مجھے یہ کہتے ہوئے دکھ ہوتا ہے کہ آج بھی مغربی پاکستان کے بہت بڑے حصے میں شخصی اقتدار دیکھنے میں آتا ہے اور اس شخصی اقتدار کے متعلق ایک بہت بڑے سیاستدان نے آج سے کئی سال پہلے یہ فرمایا تھا میں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

''میرا اعتقاد ہے کہ آزاد رہنا ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق ہے ۔ کوئی انسان یا انسانوں کی گھڑی ہوئی نوکر شاہی یہ حق نہیں رکھتی کہ خدا کے بندوں کو اپنا محکوم بنائے ۔ محکومی اور غلامی کے لئے کیسے ہی خوش نما نام کیوں نہ رکھ دیئے جائیں لیکن وہ غلامی ہی ہے اور خدا کی مرضی اور اس کے قانون کے خلاف ہے ،،

جناب سپیکر ۔ اس مالیاتی بل کا وہ حصہ جو کہ اس حکومت کو پابند کرتا ہے کہ کوئی بھی محصولات اس علاقے سے وصول نہ کئے جائیں جنکو کہ آزاد قبائل کا علاقہ کہا جاتا ہے اور ان قبائلی علاقوں میں ریاست دیر ، سوات ، چترال اور دوسری چھوٹی موٹی ریاستیں شامل ہیں ۔ جہاں اس وقت بھی لوگوں کو وہ آزادی نصیب نہیں جو کہ مغربی پاکستان کے دوسرے حصوں میں رہنے والے انسانوں کو نصیب ہے ۔ میرے

نزدیک آزادی کا مطلب محض یہ نہ تھا کہ ہم بیرونی حکمرانوں سے نجات حاصل کر لیتے ۔ ہماری حکومت نے انقلابی کہلوانے کے باوجود پاکستان کے شہریوں کو کئی طبقوں میں تقسیم کیا ہوا ہے اور آج بھی میں یہ کہنے میں حق بجانب ہونگا کہ ملک میں نوابوں ، آمروں اور بادشاہوں کا دور دورہ ہے ۔ کیا حکومت اس بات کی منتظر ہے کہ ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے انقلاب فرانس یا روس کا انقلاب بپا کیا جائے۔ جناب سپیکر ۔ مجھے از حد افسوس ہے کہ جب ان ریاستوں کے نمائندوں کو اس ایوان میں بیٹھنے اور رائے دینے کا حق ہے اور اس ایوان کی پاس شدہ رقومات بجٹ میں دی گئی ہیں اور وہ ان علاقوں پر صرف ہوتی ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ محصولات میں ان کا برابر کا حصہ نہ ہو ۔ جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک یہ قومی سالمیت کے تقاضوں کے عین منافی ہے کہ ایک ملک میں دوسری ریاست موجود ہو بلکہ یہ قومی سالمیت کے تصور کے منافی ہے ۔ کتنے دکھ کا مقام ہے کہ آج اس صوبے میں بعض ایسے حکمران ہیں جنکو His Highness کا لقب حاصل ہے اور جنکو توپوں کی سلامی دیجاتی ہے ۔ میں حکمرانوں سے یہ پوچھتا ہوں کہ یہ صورتحال کیوں ہے ۔ وہ اسلامی مساوات کے اصول کو کیوں نہیں اپناتے جس کی ضمانت آئین دیتا ہے ۔ آج وہ زمانہ ہے جبکہ افریقہ کے وحشی قبائل کو بھی آزادی حاصل ہو چکی ہے ۔ امریکہ کے حبشی بھی آزادی کی فضا میں سانس لے رہے ہیں لیکن مجھے یہ دکھ کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت کی یہ پالیسی عوام دشمنی کی بہترین یا بدترین مثال ہے ۔ بعض حلقوں کیطرف سے یہ کہا جائیگا کہ یہ نظام حکومت جو چترال یا سوات یا دیر میں موجود ہے ان علاقوں کے حالات کے عین مطابق موزوں اور مفید ہے اور بہت کامیابی سے چل رہا ہے ۔ میں حکمرانوں سے یہ پوچھتا ہوں اگر یہ نظام اتنا بہترین ہے جب یہی نظام

خاران ، مکران ، لاس بیلہ ، خیر پور اور ریاست بہاولپور میں چل رہا ہے تو میں پوچھتا ہوں کیا ان ریاستوں میں بھی بہتر اور موزوں طریقے سے نہیں چل رہا تھا ؟ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ اس ایوان کے معزز ممبر سردار حاجی عطا محمد صاحب یہاں بیٹھے ہیں اور ایوان کے بیشتر ممبر صاحبان جو سابقہ ریاست بہاولپور سے تعلق رکھتے ہیں اس معاملہ میں مجھے ان سے تبادلہ خیالات کا اکثر موقعہ ملا ہے ۔ ان کی یہ متفقہ رائے ہے کہ وہ نظام حکومت جو ون یونٹ بننے کے بعد خیرپور اور بہاولپور میں رائج ہوا یہ سابقہ نوابوں کے نظام حکومت کے مقابلہ میں بد ترین ہے اور وہ بہترین تھا ۔ آپ یہ کہیں گے کہ یہ عجیب استدلال ہے ۔ میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ جب یہ کہتے ہیں کہ دیر ، سوات اور چترال میں نظام حکومت کامیابی سے چل رہا ہے اس لئے ان کو مغربی پاکستان میں مدغم کرنے کی ضرورت نہیں ۔ پھر آپ نے خیرپور ، بہاول پور ، مکران ، قلات کیلئے موجودہ نظام کیوں پسند کیا ؟

جناب سپیکر ۔ جب کبھی ہماری طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ حکومت کی مہربانیوں سے انتظامیہ مشینری ناکام ہو چکی ہے تو ہمیں آپ یہ طعنہ دیتے ہیں کہ آپ ایک یونٹ کے دشمن ہیں ۔ میں حکومت سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ جب ۱۲ سال ہوئے ایک یونٹ معرض وجود میں آ چکا ہے پھر ان ریاستوں یا آزاد علاقے کی کیا ضرورت ہے ۔ اور یہ آج تک کیوں موجود ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ ہمیں تو یہ بتایا جاتا ہے کہ ہم نے ایک بہت بڑا کارنامہ کیا اور لینڈ ریفارمز نافذ کیں ۔ اور جاگیرداری نظام کو ختم کیا ۔ کیا میں آج یہ حکومت سے پوچھ سکتا ہوں کہ کیا آج ان ریاستوں میں جاگیرداری نظام سے بھی بدتر نظام موجود نہیں ۔ حالت یہ ہے کہ بیسویں صدی کے اس حصہ میں ان ریاستوں میں حقوق ملکیت کا

کوئی ریکارڈ نہیں ۔ مالیہ اور لگان کا کوئی باضابط ریکارڈ نہیں ۔ ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ وہاں شرعی قوانین نافذ ہیں ۔ کیا ان قوانین کے نفاذ کی تمام تر ذمہ داری اور اختیار علاقہ کے نواب کو حاصل نہیں ۔ کیا نواب کا وجود اسلام کے عین مطابق ہے ۔ جو لفظ ایک نواب کی زبان سے نکلتا ہے کیا اسے صحیفہ ہونے کا درجہ حاصل نہیں ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ شریعت کا قانون تو کجا انصاف اور قانون کا جو عام تصور ہے وہ بھی ان ریاستوں میں موجود نہیں ہے ۔ جب کبھی کسی شخص نے اس علاقے میں پھیلی ہوئی لاقانونیت اور آمریت کے خلاف ایک لفظ بھی کہا تو تمام کی تمام طاقت اس شخص کو کچلنے کے لئے صرف کی گئی ۔

Minister of Agriculture : Point of order. Is this within the competence of the Provincial Legislature ? I raised this point of order because this is a matter which concerns the Central Government.

خواجہ محمد صفدر ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا ۔

It is mentioned—

"except the Tribal Areas"

سوال یہ ہے کہ آیا یہ ریاستیں اور علاقے وحدت مغربی پاکستان کا حصہ ہیں ۔ جو کہ وہ یقیناً ہیں ۔ ان علاقوں کے متعلق بات یہ ہو رہی ہے جیسے ہم ٹیکس دیتے ہیں وہ کیوں نہ دیں ۔ میں قائد ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ قبائلی علاقہ جو ہے وہ وحدت مغربی پاکستان میں شامل ہے ۔ اور آپ نے بجٹ میں آزاد قبائلی علاقہ کے لئے رقومات رکھی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ان کی جو سرحدیں ہیں اور انکی جو ایڈمنسٹریشن ہے وہ ہمارے آئین کے مطابق کی جا رہی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ حمزہ صاحب کا پوائنٹ یہ ہے کہ انکو بھی

دوسرے حصوں کی طرح وحدت مغربی پاکستان میں شامل کر لینا چاہئیے تاکہ ان کی ترقی بھی ساتھ ساتھ ہو سکے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب یہ ایک احتیاط رکھیں کہ ان کی ایڈمنسٹریشن مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے ۔ صوبے کی ذمہ داری نہیں ہے ۔ اس کے متعلق نہ فرمائیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ قائد ایوان کو یہ علم ہوگا کہ اس ایوان میں ایک وزیر برائے قبائلی امور موجود ہیں بنفس نفیس تشریف فرما ہیں ۔ میں آپ کی ہدایت کے مطابق صرف ان چیزوں کا حوالہ دونگا جنکا اس ایوان اور حکومت مغربی پاکستان سے بلا واسطہ تعلق ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت کی یہ اعلانیہ پالیسی ہے کہ تمام صوبہ میں وہ ایک ہی قسم کے قوانین کو نافذ کرنا چاہتی ہے ۔ اور میرے خیال میں یہ ضروری اور لازمی بھی ہے یہ وحدت مغربی پاکستان کا لازمی نتیجہ ہے ۔ اور ایسا نہ کرنا حکومت کی پالیسی کے منافی ہے ۔ ایک بہت ہی مشہور سیاستدان کی رائے تھی کہ جمہوری نظام میں بھی نقائص موجود ہیں لیکن انسانی عقل نے ریاست کے معاملات چلانے کے لئے جمہوری نظام سے بہتر نظام آج تک ایجاد نہیں کیا ۔ جو نظام حکومت اس وقت ریاستوں میں موجود ہے وہ وہاں کے عوام اور مغربی پاکستان کے باقی عوام کے درمیان بہت بری طرح سے حائل ہے ۔ کیا آپ کبھی کسی ایسی وحدت کا تصور کر سکتے ہیں جہاں مختلف حصوں کے عوام میں کوئی ربط یا تعلق قائم نہ ہو ۔ وہ نظام جس کو اپنے عوام کا تعاون حاصل نہ ہو وہ کبھی اس علاقہ یا عوام کی خوشحالی یا فلاح کا ضامن نہیں ہو سکتا ۔

جناب سپیکر ۔ میں حکمرانوں سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے اوقاف کے

مجاوروں اور سجادہ نشینوں کی آمدنی ۔ انکے بڑوں سے منسوب ہونے کے باوجود ، محکمہ اوقاف کے حق میں ضبط کر لی ۔ مگر کیا وجہ ہے کہ والیان ریاست ، جن کی آمدنی محض انکے آباؤاجداد کی تحصیل و غصب پر اور بعض حالات میں قوم فروشی پر مبنی ہے وہ پاکستان میں اپنے منصب پر کیوں برقرار ہیں بلکہ میں یہ کہونگا ۔ کہ آج انکے اختیارات پہلے سے بھی زیادہ ہو چکے ہیں ۔ اور میرے نزدیک کسی جمہوری یا اسلامی ملک میں اسے پسندیدہ یا معقول نہیں گردانا جا سکتا ۔ میں حکومت سے یہ درخواست کرونگا کہ ہو سکتا ہے کہ آپ کے کسی حکمران کو کوئی ذاتی مجبوری لاحق ہو ۔ لیکن کسی فرد واحد کی ذاتی مجبوری کی بنا پر ملک کی سیاسی ترقی کو زیادہ عرصہ تک روکا نہیں جا سکتا ۔ بہتر ہے کہ آپ حالات زمانہ کا جائزہ لیں اور ملک اور قوم کے جو تقاضے ہیں انکو پورا کریں ۔ فنانس بل بناتے وقت یہ گنجائش رکھ لینا کہ یہ محصولات آزاد قبائلی علاقہ سے وصول نہیں کئے جائیں گے یہ بجٹ سازی کی بدترین مثال ہے ۔ اس سے نہ صرف اس علاقہ کی ترقی بری طرح رکی ہوئی ہے بلکہ مغربی پاکستان کے دوسرے علاقوں کی اقتصادی ترقی اور انتظامی ڈھانچہ بھی اس سے بری طرح سے متاثر ہو رہا ہے بلکہ میں تو یہ کہونگا کہ اس سے نہ صرف مغربی پاکستان بلکہ پورے پاکستان کی سلامتی بھی بہت بری طرح سے متاثر ہو رہی ہے ۔ آج سے چند دن پہلے جناب سینئر ڈپٹی سپیکر صاحب نے یہاں فرمایا تھا کہ انکے گھر میں چوری ہوئی اور چور چونکہ قبائلی علاقہ میں چلے گئے اس لئے اس انتظامی ڈھانچہ کی مہربانی سے انہیں گرفتار نہیں کیا جا سکتا ۔

جناب وزیر خوراک صاحب کو بھی علم ہوگا یہ ملک غلے کی جس قلت کا آج شکار ہے اس میں قبائلی علاقوں اور آزاد قبائل علاقوں کا بھی

بہت بڑا دخل ہے ۔ میں یہ کہونگا کہ ملک میں آج بہت سے لوگ دولت کے پیچھے بہت تیزی سے بھاگ رہے ہیں ۔ اس میں سمگلنگ اور رشوت خوری وغیرہ کا بڑا دخل ہے چونکہ لوگ دیکھتے ہیں اور عملاً دیکھتے ہیں اور اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھتے ہیں کہ آزاد قبائل اور خصوصی طور پر لنڈی کوتل میں جو سمگلنگ کیلئے بہت ہی مشہور ہو چکے ہیں ہماری حکومت کا کروڑوں روپیہ کا زر مبادلہ ضائع ہوتا ہے ۔ کروڑوں روپیہ کی چیزیں غیر ملکوں سے کھلے بندوں جو جرم ہے درآمد کی جاتی ہیں لیکن بہت سے لوگ راتوں رات لاکھ پتی بن جاتے ہیں ۔ میں حکومت سے التجا کروں گا اگر آپ واقعی چاہتے ہیں کہ ملک میں ترقی ہو ۔ اگر آپ واقعی چاہتے ہیں کہ مغربی پاکستان میں اتحاد ہو ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ لوگ یک جان ہو کر حکومت کی حمایت کریں اور ملک تعمیر و ترقی کی منزل کو تیزی سے طے کرے تو آپ اس کوتاہ اندیشانہ پالیسی کو جلد سے جلد ترک کریں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے بہت کچھ کہنا تھا وقت بہت تھوڑا ہے اس لئے میرا موضوع صرف رشوت کے متعلق ہوگا جو عام ہو رہی ہے ۔

جناب والا ۔ آج کل رشوت کے متعلق بہت ہی زیادہ شور ہے ۔ لیکن ڈکشنری میں کرپشن کے معنی یہ ہیں rottenness, impurity and bribery

جناب والا ۔ کرپشن کی کہیں بھی کوئی definition نہیں ہے ۔ اینٹی کرپشن لاز کے تحت اس کے متعلق جو کچھ ملتا ہے وہ یہ ہے ۔

"It is robbery, favouritism, nepotism, wilful mis-application or diversion of public money or money collected by public subscription or otherwise and any abuse or whatsoever kind of power or position, any attempt or abetment thereof, living disproportionate to once known source of income. Acceptance of illegal gratification."

اس کے علاوہ پبلک سرونٹس کے متعلق یہ ہے ۔

"Public servant taking gratification other than their legal remuneration."

پاکستان پینل کوڈ سیکشن ۱۶۱ میں اس کے متعلق یہ لکھا ہے کہ ۔

"Corruption is a mental attitude and way of thinking. It is anti-thesis to an honest way of thinking."

جناب والا ۔ میرے خیال میں یہ ایک انداز فکر یا وضع فکر ہے ۔ دیانتداری ، اخلاق ، سیرت کردار کے برعکس جو کسی کے خیالات ہیں وہ ذہنی تخریب یا کرپشن ہے ۔ یہ ایک ذہنی چیز ہے ۔ رشوت ناجائز خدمات کا معاوضہ ہے جو شرائط ملازمت کے خلاف عمل کرنے پر آدمی کو ملتا ہے یا جائز خدمات کا ناجائز معاوضہ ہے کیونکہ کام کرنے کا معاوضہ تو وہ پہلے ہی بمشکل تنخواہ لے چکا ہوتا ہے ۔ پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے اس کے اصول اسلامی اصول ہونے چاہئیں اس لئے رشوت لینا حلال ہے یا حرام اس کے متعلق کچھ عرض نہیں کرسکتا ۔ آپ لوگ خود اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ پاکستان میں کس قسم کی کرپشن رائج ہے ۔ سب سے زیادہ ضروری اور اہم کرپشن intellectual corruption ہے یعنی ذہنی تخریب ہے ۔ جب ہم سچ کو سچ ، جھوٹ کو جھوٹ ، کالے کو کالا اور سفید کو سفید سوچ سمجھ کر نہیں کہتے یا ہم میں کہنے کی ہمت نہیں ہوتی ۔ ہم میں کہنے کی جرأت نہیں ہوتی تو ہم ذہنی طور پر corrupt ہو جاتے ہیں ۔ یہ تمام کرپشن کا منبع ہے اور سب سے زیادہ خطرناک قسم کی کرپشن ہے ۔ اب یہاں سے کرپشن کی دوسری شاخیں نکلتی ہیں ۔ میں اس کی تفاصیل میں نہیں جانا چاہتا ۔ پہلی چیز favouritism یعنی ناجائز طرفداری ۔ ناجائز جانبداری یہ جانتے بوجھتے ہوئے کہ اس سے دوسروں کو تکلیف پہنچے گی ۔ اس سے دوسروں کو دشواریاں ہوں گی ۔ نمبر دو Nepotism یعنی اقربا پروری ۔ بھائی بندی ۔

گروہ بندی ۔ قوم بندی جس سے دوسروں کی جان بوجھ کر حق تلفی کی جائے ۔ delay in official work or creating hinderances in their own work سرکاری کاموں میں جان بوجھ کر تاخیر کرنا اس لئے کہ اس سے دوسرا فریق پریشان ہو ۔ وہ اس قدر پریشان ہو کہ وقت کی بچت کرنے کے لئے انہیں کچھ نہ کچھ دے ۔ ان کے حوالے کچھ نہ کچھ کرے ۔ ان کے ماتحت کو رشوت دے اس لئے کہ وہ ماتحت سے پیسے لیتے ہیں ۔ یہ illegal gratification یا bribery جسے رشوت کہتے ہیں ۔ رشوت کی دو قسمیں ہوتی ہیں ایک visible اور دوسری visible'non-visible وہ ہوتی ہے جو ظاہر ہو جو سامنے لین دین ہو اور non-visible وہ جو پوشیدہ ہو جو لین دین کسی دوسرے کی معرفت ہو ۔ عام طور پر یہ ماتحتوں کی معرفت ہوتا ہے ۔ اس میں ماتحت کا بھی حصہ ہوتا ہے ۔ non-visible میں جو عام لین دین ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ کسی نے کوٹھی بنوا دی یا کسی نے کھلونے دے دیئے ۔ visible میں یہ ہوتا ہے کہ کسی ماتحت کی معرفت رشوت لی جاتی ہے ۔ اس میں ماتحت کا بھی حصہ ہوتا ہے وہ براہ راست رشوت نہیں لیتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کی وجوہات کیا ہیں ۔ اس کی وجوہات یہ ہیں کہ پہلی اور دوسری جنگ عظیم نے ایک اقتصادی بحران economic depression غربت ، تباہی ، بد اخلاقی اور بد چلنی سے ہمیں دو چار کر دیا ۔ اس کے بعد ۱۹۴۷ء میں بھارت اور پاکستان کو آزادی مل گئی ۔ آزادی کے وقت بہت سے مسلمانوں کا قتل عام ہوا ۔ عورتیں اغوا ہوئیں ۔ مہاجرین بے سر و سامان لٹ کر آ رہے تھے اور جو لوگ یہاں سے ہندوستان گئے وہ زیادہ تر تاجر پیشہ تھے ۔ صنعت کار تھے ۔ صدیوں سے تجارت اور صنعت ان کے ہاتھوں میں تھی ۔ اس سے ہوا یہ کہ یکدم ہماری اقتصادی

حالت خراب ہونے لگی ایک عجیب و غریب سماجی انقلاب میں پھنس گئے ۔ حالات روز بروز بد سے بد تر ہو گئے ۔ کچھ مدت بعد ملک صنعتی ترقی کرنے لگا اور کروڑھا روپے کا روزانہ لین دین اور ہیر پھیر ہونے لگا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ امیر غریب اور غریب امیر بن گئے بلکہ امیر امیر تر بن گئے ۔ جو لوگ رشوت دینا جانتے تھے ۔ جو لوگ خوشامد پسند تھے ۔ جو لوگ چالاک تھے ۔ جو لوگ وقت شناس تھے انہوں نے جو کچھ کیا ان کی بنیاد میرے نزدیک ایک قسم کی رشوت ہے ۔ اور وہاں ایسے لوگ بھی تھے جو معمولی ذہن اور معمولی تعلیم اور قابلیت کے مالک تھے ۔ بلکہ وہ ہمارے افسران عالی بن گئے ۔ ان کو تنخواہوں کے بر عکس ان کو قابلیت اور ذہانت کے بر عکس ان کو لامحدود اختیارات سونپ دیئے گئے ۔ ہر چیز جو نا جائز تھی جائز سمجھنے لگے ۔ ہر ذوق و مزاج کے افسر کو اس کے ذوق و مزاج کے مطابق اشیا فراہم کی جانے لگیں ۔ ان کی عیاشیوں کے لئے ۱۹۴۷ء کے امیروں نے علیحدہ مکان بنا دیئے ۔ یہاں تک کہ وہ عیاشی کے اڈے ہو گئے ۔ یہ قدرتی بات ہے کہ انہیں ان کی خدمات کا صلہ ملنے لگا اور وہ ترقی کرنے لگے ۔ لیکن یہ چیز جب دوسروں نے دیکھی انہوں نے بھی ایسا ہی کیا جیسے ''خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے'' ۔ دوسری وجہ تھی insecurity of service ۔ بہت سے لوگوں کو عارضی طور پر رکھ لیا گیا انہوں نے سوچا آج نوکری ہے کل نہیں آج جو بن سکے وہ بنا لیں کل کو پتہ نہیں کیا ہوگا ۔ محکموں میں دیکھا دیکھی کہ یہ لوگ رشوت لیتے ہیں ہم بھی کیوں نہ لیں اس طرح رشوت عام ہونے لگی ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ افسران کے tours تھے ۔ بڑے بڑے افسران یعنی ڈپٹی کمشنر سے لے کر یا کمشنر سے لے کر تحصیلدار تک جب

دوروں پر جاتے ہیں یا tours پر جاتے ہیں (عام طور پر چند افسران اس سے باز رہتے ہیں) ان کے تمام اخراجات یعنی کھانے پینے اور رہن سہن کے انتظامات ماتحت عملہ کرتا ہے ۔ وہ ماتحت اپنی قلیل تنخواہوں سے تو یہ کام یا بندوبست نہیں کر سکتے وہ عوام سے روپیہ یا اشیا لیتے ہیں جو عوام سے لیتے ہیں وہ ایک قسم کی رشوت ہوتی ہے ۔ جب کوئی ماتحت رشوت خوری یا نا اہلی یا کسی اور وجہ سے پکڑا جاتا ہے تو افسران کے سامنے جب آتے ہیں تو وہ ان کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیتے اس لئے رشوت جو ہے وہ اور بڑھ جاتی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ آپ کے تمام محکمہ جات کے جو Tops ہیں They are very heavy اور جو دو سینئر افسر اس محکمہ میں پہلے کام کرتے تھے اب ان کی تعداد لا محدود ہو گئی ہے ، وہاں پر سیکرٹری ہے ، ایڈیشنل سیکرٹری ، جائنٹ سیکرٹری ، ڈپٹی سیکرٹری ، اسسٹنٹ سیکرٹری اور آفیسر آن سپیشل ڈیوٹی ہیں ۔ ان آفیسرز آن سپیشل ڈیوٹی کے متعلق جس طرح جسٹس کیانی مرحوم نے فرمایا تھا اور اگر وقت ہوا تو میں بھی اختصار کے ساتھ عرض کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Only five minutes more.

Major Muhammad Aslam Jan : I had twenty minutes, you will please give me ten minutes more.

دولت کی تقسیم غیر منصفانہ ہے ، ملک میں سماجی تحفظ نہیں ہے جیسا کہ برطانیہ اور دیگر ممالک میں ہے کہ وہاں ہر ہر شخص کے لئے free education ہے national health services, unadultrated food کی سہولتیں ہیں ۔ special grants دی جاتی ہیں ۔ جن کی آمدنی کم ہے ، ان کے لئے subsidies ہیں ۔ ان کی عدلیہ علیحدہ ہے اور وہ کہہ سکتے ہیں کہ جب وہ عدالت میں جائیں گے تو انہیں پورا انصاف ملے گا اور اس کے متعلق

مجھے مزید کچھ عرض کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہمارے ایک سابق وزیر خزانہ جناب شعیب صاحب نے خود اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ پاکستان میں انصاف نہیں ہے اور یہ کہہ کر میرے خیال میں اس ملک کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ بہر حال یہ کہا جاتا ہے کہ یہاں پر مجسٹریٹ رشوت کیوں لیتے ہیں، تو اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ یہاں پر ایک مجسٹریٹ کو ساڑھے چار سو روپے ماہوار تنخواہ ملتی ہے لیکن یہاں کے مقابلے میں انگلستان میں جو Stipendary Magistrates ہیں ان کی تنخواہ پانچ ہزار تین سو پونڈ سالانہ یعنی چھہتر ہزار آٹھ سو پچاس روپے سالانہ یا چھ ہزار چار سو چار روپے ماہوار ہے اور Ordinary Magistrates کی سالانہ تنخواہ چار ہزار سات سو پچاس پونڈ یعنی اڑسٹھ ہزار آٹھ سو پچھتر روپے سالانہ یا پانچ ہزار سات سو اڑتیس روپے ماہوار ہے اور جو Chief Clerks ہیں اور جو کہ Law Graduates ہوتے ہیں، ان کی تنخواہ تین ہزار پانچ سو پینتالیس پونڈ سالانہ یعنی چون ہزار دو سو تراسی روپے سالانہ ہے۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ وہاں کا معیار زندگی مہنگا ہے، تو میں نے اس سلسلے میں بذریعہ ہوائی جہاز ایک latest کتاب 'Notes on some prices in Britain' اسی مقصد کے لئے منگوائی ہے۔ اس کے چند اعداد و شمار کے مطالعہ سے آپ خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ میں نے اٹلی، جرمنی اور امریکہ کی مثالیں اس لئے نہیں دی ہیں کہ ان کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ تو تمام اشیائے ضروریہ خود ہی پیدا کرتے ہیں اس لئے میں نے انگلستان کی مثال دینی مناسب سمجھی ہے کیونکہ وہاں پر سال میں گیارہ مہینے بارش ہوتی ہے اور وہ تمام کی تمام اشیائے ضروریہ درآمد کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے وہاں پر Glass Houses بھی بنا رکھے ہیں جسے وہ بجلی کے ذریعے گرم رکھتے ہیں اور ان میں سبزیاں اگاتے ہیں۔ وہاں پر ایک loaf of bread جس کا وزن

پونے دو پونڈ ہوتا ہے اور جو کہ ہمارے حساب سے معمولی آٹے سے تیار کیا جاتا ہے ، اس کی قیمت وہاں پر پندرہ آنے ہے اور ہمارے ہاں ایک روپیہ پانچ آنے ہے ۔ اسی طرح self-raised flowers وہاں پر بائیس روپے من اور ہمارے ہاں اسی روپے من کے حساب سے فروخت ہوتے ہیں ۔ وہاں پر بسکٹ ایک روپے دو آنے اور ہمارے ہاں ساڑھے تین روپے پونڈ کے حساب سے بکتے ہیں ۔ یہاں پر دودھ چودہ آنے سیر اور وہاں پر ساڑھے نو آنے سیر کے حساب سے فروخت ہوتا ہے ۔ وہاں پر newly laid eggs جو کہ ہمارے ہاں کے انڈوں سے بڑے ہوتے ہیں ، ایک روپیہ چھ آنے درجن فروخت ہوتے ہیں جب کہ ہمارے ہاں تین روپے چھ آنے درجن کے حساب سے فروخت کئے جاتے ہیں ۔ اسی طرح مکھن جس سے کہ ہم گھی بناتے ہیں ، وہاں پر ایک روپے پانچ آنے فی پونڈ یعنی دو روپے دس آنے سیر کے حساب سے ملتا ہے جب کہ ہمارے ہاں ساڑھے تین روپے پونڈ یعنی سات روپے سیر کے حساب سے دستیاب ہوتا ہے ۔ پچھلے دنوں میں نے یہاں پر پوچھا کہ آلو کس بھاؤ ہیں تو معلوم ہوا کہ دس آنے سیر ہیں جب کہ وہاں پر آٹھ آنے فی سیر کے حساب سے فروخت ہوتے ہیں ۔ یہاں پر یہ معلوم ہوا کہ اگر گاجر کا موسم نہ ہو تو دو روپے سیر تک مل جاتے ہیں جب کہ اس کا نرخ وہاں پر بارہ آنے فی سیر ہے ۔ وہاں پر ایک مزدور کی اوسط تنخواہ بیس پونڈ فی ہفتہ ہے ۔ تو اگر ضروریات زندگی اور اخراجات زندگی کا مقابلہ کیا جائے تو ہمارے ہاں مقابلتاً دونوں ہی مہنگی ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ رشوت یا کرپشن ہونی چاہئے لیکن اس طرح یہ ایک لازمی چیز بن گئی ہے ۔ اس کے بعد آپ دیکھئے کہ کرپشن کے cases ۱۹۵۹ - ۶۰ء میں جن لوگوں کے خلاف دائر کئے گئے ان میں گزیٹڈ افسران کی تعداد ایک سو پچاس اور نان گزیٹڈ افسران کی

تعداد ساڑھے پانچ سو تھی یعنی کل سات سو - ۶۱ - ۱۹۶۰ء میں اڑھائی سو گزیٹڈ اور ساڑھے چھ سو نان گزیٹڈ افسروں کے خلاف مقدمات درج ہوئے یعنی اس سال ان کی تعداد نو سو تھی - اسی طرح ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں ان کی تعداد دو سو نوے اور اکیس سو علی الترتیب تھی یعنی کل دو ہزار تین سو نوے افسروں کے خلاف مقدمات درج ہوئے - یعنی ۱۹۶۰ء سے ۱۹۶۴ء تک ان چار برسوں میں کرپشن کے cases میں چار گنا اضافہ ہوا - مجھے ۱۹۶۵ء سے آج تک کے اعداد و شمار نہیں مل سکے کہ جس کو میں یہاں پر پیش کر سکتا کہ ان میں کس درجہ اضافہ ہوا ہے - تو آپ ہی بتائیے کہ اس کی وجوہات کیا ہیں - میرے خیال میں تو یہ کرپشن ہماری زندگی کا ایک جزو بن گئی ہے - جتنے بڑے افسر ہیں ، ان کے بچوں اور کتبوں کے بل ان کی تنخواہوں سے چار چار گنا زیادہ ہیں - حکومت نے انسداد رشوت ستانی کا جو محکمہ کھول رکھا ہے اس کا عملہ اتنا قلیل ہے کہ وہ اپنا کام بخوبی انجام نہیں دے سکتا ہے - تو میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ رشوت تو ختم نہیں ہو سکتی لیکن اس کا Tempo ضرور کم ہو سکتا ہے - - - - -

Minister of Finance : It is a good word.

میجر محمد اسلم جان - Tempo کو کم کیا جا سکتا ہے - حضرت آدم کے زمانے سے ہمارے ہاں رشوت چلی آ رہی ہے - ابلیس نے سانپ کی شکل میں جا کر اماں حوا کو mentally corrupt کیا اور حضرت آدم نے ندم کھائی اور وہاں پر بھی invalid permit تھا ..... She had entered in تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ انسداد رشوت ستانی کا جو قانون ہے وہ اس کرپشن کو ختم کر سکتا ہے - جواب ہے ''نہیں'' - کیا ہمارے انسداد رشوت ستانی کی عدالتیں کرپشن ختم کر سکتی ہیں - جواب ہے ''نہیں'' -

کیا انسداد رشوت ستانی کا عملہ اسے ختم کر سکتا ہے ۔ جواب ہے ''نہیں'' ۔ کیا انتظامیہ کی یہ جو مشینری ہے ، یہ اسے ختم کر سکتی ہے ۔ جواب ہے ''نہیں'' ۔ اس کے لئے نہ صرف یہ کہ ہمیں اپنا انداز فکر بدلنا چاہئے بلکہ ہمیں اسلامی اصولوں پر چلنے کی ضرورت ہے ۔ ہمارے ہاں آئین کے تحت جو قوانین بنتے ہیں ، ہم جلد ہی ان کو توڑ دیتے ہیں ۔ آپ انگلستان کو دیکھیں جہاں پر Unwritten Constitution ہے لیکن وہ اس قسم کی چیزیں سوچ بھی نہیں سکتے ۔ وہاں پر اگر آپ کا سامان گر جائے تو وہ اسے اٹھا کر Lost Property Office میں لے جاتے ہیں ۔ اگر آپ کا کروڑوں روپے کا سامان کھو جائے تو وہ بھی مل جاتا ہے اور کرپشن اور رشوت ستانی وہاں پر اس طریقے سے نہیں ہوتی ۔ چونکہ وقت تھوڑا ہے اس لئے اس کے جو causes ہیں میں صرف ان کے Headings آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اگر ہم عوام میں تعلیم مفت کر دیں تو شاید وہ یہ سوچنا شروع کر دیں کہ ہمیں کرپشن سے بچنا چاہئے ۔ جناب والا ۔ ہم رشوت اس لئے بھی لیتے ہیں کہ ہمیں اپنی لڑکیوں کی شادی کے لئے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے اس لئے جہیز کی جو لعنت ہے اور سینکڑوں آدمیوں کو کھانا کھلانے کے علاوہ جو دوسری رسومات ہیں اگر ان کے انسداد کے لئے کوئی اس قسم کا قانون نافذ کر دیا جائے کہ It should become really an offence and crime اگر آپ پچاس یا سو آدمیوں سے زیادہ کو کھانا کھلائیں گے تو شاید پیسے بچانے کی ہماری جو غرض ہے وہ پوری ہو سکے ۔ جو کرپٹ ہیں ، چھوٹے چھوٹے افسروں کی بجائے یعنی بجائے اس کے کہ چھوٹی مچھلیوں کو پکڑا جائے ۔ اگر بڑے بڑے مگرمچھوں کو

پکڑ کر ان کو عبرتناک سزائیں دی جائیں اور ان کو مشتہر کیا جائے تو پھر شاید لوگ ان سے عبرت حاصل کر کے سادہ رہائش اختیار کریں جو کہ انتہائی ضروری چیز ہے ۔

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان)۔جناب سپیکر ۔ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ بہت سی speeches ہوئی ہیں ۔ حزب اختلاف نے speeches کرنی ہیں ۔ ملک خدا بخش صاحب نے بھی تقریر کرنی ہے اسلئے میں زیادہ وقت نہیں لوں گا ملک قادر بخش صاحب نے ریونیو کے محکمہ کے متعلق اعتراض کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ زمینوں کے منسوخ کرنے میں دھاندلی کی گئی ہے اس لئے میں نے چاہا کہ کچھ عرض کروں ۔ چنانچہ میں مختصر طور پر گذارش کروں گا کہ یہ زمینیں جو دی گئی ہیں وہ چند شرائط پر دی گئی تھیں ۔ وہ شرائط پابند نہیں کرتیں ۔ اس لئے اگر حکومت نے ان کی تنسیخ کر دی تو اس میں کیا گناہ ہو گیا ۔ کونسا قصور ہو گیا ۔ یہ دوسری بات ہے کہ ان کو وہ زمین نہیں ملی ۔ کئی دفعہ اس کے لئے Representations بھی کی گئیں لیکن وہ نا منظور ہو گئیں ۔ جو شخص آم کا پودا لایا تھا وہ اس سے پہلے بھی کئی بار لایا تھا ۔ اس سلسلہ میں اگر وہ سوال پیش کرتے تو ان کو خاطر خواہ جواب مل جاتا چونکہ ان کو معلوم تھا کہ ان کی مرضی کے مطابق جواب نہیں ہوگا اس لئے انہوں نے سوال پیش نہیں کیا ۔ ان کی Representation پر پھر غور ہو رہا ہے ۔ جناب کو علم ہے کہ مجھے اسمبلی میں آئے ہوئے زیادہ عرصہ نہیں ہوا میرا یہ خیال تھا کہ اپوزیشن کا یہ رول ہوتا ہے کہ جہاں حکومت کی طرف سے اچھا کام ہو جائے تو اس کی داد دی جائے لیکن ایسا نہیں ہوتا ۔ اگر وہ اچھا کام بھی کرتی ہے تو اسے برا ہی کہتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں دیکھتا ہوں کہ اگر حکومت کلمہ پڑھتی ہے تو یہ کلمہ بھی نہیں پڑھتے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس لئے کہ آپ غلط پڑھتے ہیں ۔

وزیر مال ۔ تو میرا یہ خیال ہے کہ آپوزیشن کا جو طریقہ کار ہے میں اس سے نا امید ہو گیا ہوں ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ ہماری پریلویلج ہے ۔ یہ تو حقیقت ہے لیکن اسے اس حد تک stretch نہ کیا جائے کہ جو کچھ بھی کہا جائے اس کی مخالفت کی جائے ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ آپوزیشن کے حضرات سرکاری ملازمین کو target بنا رہے ہیں ۔ ان کو تختہ مشق بنا رہے ہیں ۔ میں یہ باتیں سرکاری ملازمین کی ڈیفینس میں نہیں کہہ رہا لیکن اس قدر عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ من حیث الجماعت ان کو condemn نہیں کرنا چاہئے ۔ ان میں اچھے لوگ بھی ہیں بڑے ایماندار لوگ بھی ہیں ۔ ان میں خراب بھی ہیں لیکن سب کو condemn کرنا من حیث الجماعت میرے خیال میں زیادتی ہے ۔ اگلے روز جناب محترم کرمانی صاحب نے ایک بات دہرائی تھی اور شکوہ کیا تھا کہ آپوزیشن ہر بات کی مخالفت کرتی ہے ۔ چاہے کوئی بات جائز ہو یا ناجائز ہو ۔ چاہے وہ درست ہو یا نا درست ہو ۔ کرمانی صاحب نے حمزہ صاحب سے سوال بھی کیا تھا کہ آپ کیوں خصوصیت سے ہر بات کی مخالفت کرتے ہیں ۔ سرکاری ملازمین کو انہوں نے دشمن سمجھ رکھا ہے ۔ ان کی کوئی بات بھی اچھی نہیں لگتی ۔ ملک قادر بخش صاحب نے اپنی تقریر میں سرکاری ملازمین کا نام لیا تو حمزہ صاحب نے بر انگیختہ ہو کر کہا کہ اس کا نام نہ لو ۔

جناب سپیکر ۔ میں نے حمزہ صاحب کے رویہ کے متعلق بہت سوچا ۔ اس کا مطالعہ کیا ہے کہ اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے میں یہاں نو وارد ہوں پھر بھی میں نے بہت سوچا دراصل ان کی حالت ایسی ہے جیسے انگریزی میں ایک لفظ ہے ۔ Disappointed Lover یہ Love ضروری نہیں کہ sexes کے درمیان کی جائے اس کی اور بھی صورت ہو سکتی ہے ۔ مثلاً ایک شخص کو موٹر بہت اچھی لگتی ہے اس کی خواہش ہوتی ہے کہ موٹر مل جائے وہ بہت کوشش کرتا ہے لیکن موٹر حاصل نہیں ہوتی ۔ اس کے لئے پھر دو ہی راستے کھلے ہوتے ہیں ایک تو یہ کہ کہیں ڈاکہ ڈالے اور موٹر خرید لے دوسرا یہ کہ چپ کر جائے ۔ نتیجہ یہ بھی ہوتا ہے کہ سامنے سے کبھی کوئی موٹر گذرے تو وہ منہ پھیر لے جیسے اس نے دیکھی ہی نہیں ۔ اسی طرح ایک شخص کسی سے محبت کرتا ہے جس کو چاہتا ہے وہ حاصل نہیں ہوتی ۔ آپ اخباروں میں روزانہ پڑھتے ہیں کہ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی زیادہ خواب آور گولیاں کھا لیتا ہے یا یہ بھی پڑھا ہو گا ۔ کہ اپنی beloved کو قتل کر دیتا ہے یا مجبوری کے وقت اپنے آپ کو قتل کر دیتا ہے ۔ اصل میں یہ mental attitude ہوتا ہے جیسا بھی کوئی develop کر لے ۔ حمزہ صاحب نے میرے خیال کے مطابق اور میری دانست کے مطابق ضرور کوشش کی ہے کہ انہیں کوئی سرکاری ملازمت مل جائے لیکن ان کو نہیں ملی ۔ اس لئے وہ allergic ہو گئے ہیں ۔ جب وہ کسی سرکاری ملازم کا نام سنتے ہیں تو برانگیختہ ہو جاتے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس کا کیا علاج کیا جائے ۔ کرمانی صاحب ۔ آپ ہی کچھ بندوبست کر دیں ۔ آپ وزیر خزانہ ہیں آپ لاکھوں اور کروڑوں روپیہ

خرچ کرتے ہیں ۔ آپ حمزہ صاحب کے لئے کوئی بندوبست ضرور کر دیں ۔

Minister of Finance : How can I do that ?

وزیر مال ۔ میں پھر قائد ایوان کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ وہ بڑے بڑے پراجیکٹ بنا رہے ہیں ۔ زمینوں کو reclaim کر رہے ہیں کسی طرح حمزہ صاحب کو reclaim کریں اگر ایسا نہیں کریں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ دوستی کا حق ادا نہیں کر رہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب وہ اس ایوان کے ممبر ہیں اور ہم اس چیز کی اجازت نہیں دیں گے کہ آپ انہیں reclaim کر دیں اور ہم ان سے محروم ہو جائیں ۔

وزیر مال ۔ ہماری خواہش ہے کہ اگر ان کا بندوبست ہو جائے گا تو وہ جو ہر بات پر مخالفت کرتے ہیں جائز ہو یا ناجائز موقع بے موقع ہر حال میں مخالفت کرتے ہیں وہ نہ ہوگی ۔ میں ساری عمر سرکاری ملازم رہا ہوں اور یہاں ابھی آیا ہوں ۔ اس سرکاری ملازمت کے زمانہ میں مجھے اس قسم کے لوگوں سے واسطہ پڑا ہے پھر بھی میں سمجھتا ہوں کہ ان کو ناجائز attack کرنا زیب نہیں دیتا ۔ ہمارے سامنے سرکاری ملازم بیٹھے ہیں سب کو corrupt کہہ دینا اچھی بات نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کوئی نہیں کہتا ۔

وزیر مال ۔ آپ کی طرف سے اکثر کہا جاتا ہے ۔ حمزہ صاحب تو مانتے ہیں کہ انہوں نے کہا ہے ۔ اگر ان ملازمین کو کچھ کہا جائے گا تو وہ جواب نہیں دے سکتے ۔ اس لئے ان کو ذہنی تکلیف ہوتی ہے ۔ کیونکہ میں خود بھی سرکاری ملازم رہا ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ زیادتی

ہے ۔ یہ تو یہاں protected ہوتے ہیں اس لئے ان کو یہاں ایسی چیز کہنی چاہئے کہ وہ اسمبلی سے باہر جا کر بھی کہہ سکیں ۔ بہر صورت میں کرمانی صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ کسی طرح حمزہ صاحب کو اپنا لیں پھر سب ٹھیک ہو جائے گا۔

Minister of Finance : We will sympathetically consider it.

حاجی سردار عطا محمد ۔ اگر آپ انصاف پر چلیں گے تو یہ خود بخود بند ہو جائیں گے ۔

وزیر مال ۔ اس بات کو تو ہر شخص تسلیم کرنے کو تیار ہے کہ کرپشن ہے لیکن سب corrupt نہیں ہیں اس کا علاج میرے خیال میں یہ ہے کہ جو شخص corrupt ہو اس کو ایسے لوگوں کے ہاتھوں میں یعنی اینٹی کورپشن والوں کے ہاتھوں میں چھوڑ دیا جائے جو ان کو deal کرتے ہیں ۔ اسکے بعد جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ کرپشن کو روکنا کوئی مشکل بات نہیں ہے ۔ کرپشن پہلے بھی تھا اور آج بھی ہے ۔ ہم نے کرپشن انگریزوں کے زمانے میں بھی دیکھا تھا اور آج بھی دیکھتے ہیں ۔ اگر کرپشن کا اس زمانے میں علاج تھا تو آج کیوں نہیں ہے ۔ نہیں آج بھی اسکا علاج ہے اور یہ بہت معمولی بات ہے ۔ اگر ایک شخص کرپشن میں پکڑا جاتا ہے تو اسکو نہ پوچھئے اور اسکو قانون کے حوالے کر دیجئے اور اسکے ساتھ وہاں جو کچھ ہوتا ہے ہونے دیجئے ۔ اسطرح کرپشن ایک سال میں بند ہو جائیگی ۔ میں آپ کی تسلی کرتا ہوں کہ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ ختم نہ ہو سکے اگر ہم اور باتوں کا علاج کر سکتے ہیں اور انکو آسان سمجھتے ہیں تو اسکا بھی علاج آسان ہے اور یہ بند ہو سکتی ہے ۔

جناب والا - حمزہ صاحب نے قبائلی علاقوں کے متعلق کچھ باتیں کی ہیں - حمزہ صاحب کو وہاں کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہئے تھا کیونکہ حمزہ صاحب وہاں کے الف سے ی تک جانتا تو درکنار وہاں کے الف کا بھی علم نہیں رکھتے - جس انسان کو وہاں کے واقعات کا علم نہ ہو تو اسکے متعلق ایوان میں کھڑے ہو کر باتیں کرنا بہت زیادتی ہے - میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں. کہ اس علاقہ میں بندوق کا لائسنس نہیں ہے وہاں اسلحہ بلا لائسنس چلاتے ہیں -

چوہدری محمد نواز - وزیر صاحب کو چاہئے کہ وہاں حمزہ صاحب کو لیجائیں -

وزیر مال - میں لیجانے کیلئے تیار ہوں - ہاں تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ وہاں اسلحہ چلانے پر لائسنس نہیں ہے - انکی آپسمیں دشمنیاں ہیں وہ لوگ ایک سیکنڈ کیلئے بھی بغیر اسلحہ کے نہیں چل سکتے - اگر آپ آرڈر کر دیں کہ تم اسلحہ کا لائسنس لو اور اسکی فیس دو تو آپ کو معلوم ہے کہ اسبات کو سنکر وہاں کیا اثر ہوگا - آپ کے پاس جو لوگ یہاں بیٹھے ہوئے ہیں وہ پڑھے لکھے کافی سمجھدار ہیں اور بڑے ہوشیار لوگ ہیں وہ اپنے معاملات میں ہم سے اور آپ سے سمجھدار ہیں - آپ کسی سے بھی پوچھ لیجئے نہ انمیں سے کوئی قتل کرتا ہے نہ ڈاکہ ڈالتا ہے لیکن اگر آپ ان سے کہدیں کہ تم اسلحہ کی فیس دو تو وہ کہیں گے کہ وہاں آپسمیں دشمنیاں ہیں اگر وہاں (اے) (بی) کو مار ڈالے تو کوئی جرم نہیں ہے یعنی اسکا مقدمہ بھی چل نہیں سکتا وہاں مقدمہ درج بھی نہیں ہو سکتا تو وہ وہاں کیسے بندوق نہ چلائیں انکو بندوق چلانا پڑتی ہے تو اسطرح وہ کیسے لائسنس لیں گے اور وہ یہ سن

کر کہے گا کہ آپ نے مجھ سے یہ بات کیسے کہی کہ تم لائسنس لو یا لائسنس کی فیس دو ۔ آپ نے سنا ہوگا کہ قلات میں جو کہ ایک ضلع ہے وہاں کسی مقدمہ میں کسی عورت کی شلوار کسی نے کیمیکل examiner کو بھیج دی تھی تو یہ جو قلات ڈویژن میں دو تین سال تک ہلہ گلہ ہوا تو وہ اسی شلوار کی وجہ سے ہوا تھا تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایسے واقعات ہیں تو حمزہ صاحب کا یہ کہنا کہ وہاں کیوں نہیں یہ قواعد و ضوابط لگائے جاتے ۔ مناسب نہیں ہے حالانکہ قلات ایک ضلع ہے مگر ٹرائیبل ضلع ہے لیکن وہاں تمام واقعات اور حالات ٹرائیبل ایریاز کے ایسے ہیں ۔ میں حمزہ صاحب سے عرض کروں گا کہ وہ انکے متعلق ایسی باتیں اسوقت کہیں جب کہ انکو وہاں کا علم ہو انکو وہاں کا کوئی علم نہیں ہے وہ بالکل کورے ہیں ۔ میں عرض کروں گا کہ ٹرائیبل ایریاز کیلئے حکومت نے بجٹ میں بہت رقومات رکھی ہیں تا کہ انکی ترقی پر صرف کی جا سکیں اور انکو اس وقت مدغم کیا جا سکتا ہے جب انکی مالی حالت سدھار لیجائے اور انکی مالی حالت سدھارنے کیساتھ ساتھ انکی دماغی کیفیت بھی سدھارنا ہوگی ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ یہاں جو ایم ۔ پی ۔ اے بیٹھے ہیں ان سے وہاں کے لوگوں کی دماغی کیفیت کا اندازہ نہ لگائیے اگر آپ ان سے اس قسم کی باتیں کریں گے تو وہ بالکل بیکار ہونگی وہ رواج پرست ہوں ۔ میں ایک اور چھوٹی سی مثال دیتا ہوں ۔ میں میران شاہ میں پولیٹیکل ایجنٹ تھا ۔ میرے پاس ایک مقدمہ پیش ہوا کہ ایک عورت نے اپنے خاوند کو مار ڈالا تو ہوا کیا تھا کہ اس عورت کے خاوند نے شادی سے پہلے اسکے باپ کو مار ڈالا تھا ۔ اسلئے کہ اسکی جائداد پر قبضہ کر لے اور پھر اسکی لڑکی سے شادی کر لے چنانچہ اسنے اسکی ماں سے کہہ سن کر اس سے شادی کر لی

اس کے دو بچے بھی ہو گئے تھے لیکن اس عورت نے اپنے خاوند کو اپنے باپ کا قصاص لینے کیلئے مار ڈالا ۔ چنانچہ اس بناء پر کہ قصاص لیا ہے اسکو چھوڑنا پڑا ۔ آپ اندازہ لگائیے کہ جہاں ایسے حالات ہوں کیا حمزہ صاحب کے خیال کے بموجب وہاں ایسے قوانین حاوی ہو سکتے ہیں ۔ ہرگز نہیں ۔ بہر حال میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا حکومت بہت کچھ انکے لئے کر رہی ہے ۔ میں حمزہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت انکے واسطے کوشش کر رہی ہے کہ انکے حالات بہتر ہو جائیں اور انشا اللہ وہ کسی وقت مد غم بھی ہو جائیں گے اور کسی وقت وہ خود کہیں گے کہ ہمکو مد غم کر لو آپ کو ان سے کہنے کی تکلیف نہیں کرنی پڑے گی ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور-۲)- جناب سپیکر صاحب ۔ آج سے دو چار روز پہلے قائد ایوان نے ہم سے کہا تھا کہ ہم سے تعاون کرو تو میں اسکو قبول کرتا ہوں اور ان سے چند گذارشات کرتا ہوں ۔ میں پہلے آپ سے ان مطالبات کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ آپ انکی طرف توجہ دیں یا ملک قادر بخش صاحب نے جو مشورہ دیا ہے ان کے مطابق ایک کمیٹی اس ہاؤس کی بنا دی جائے ۔ میں ساتھ ہی ملک صاحب سے عرض کروں گا کہ انہوں نے پہلے دن مجھ سے کہا تھا کہ وہ قرآن بھی پڑھتے ہیں ، حدیث بھی پڑھتے ہیں اور جھوٹ بھی کہتے ہیں اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ میں جھوٹ بولتا ہوں تو آپ کہہ سکتے ہیں اسلئے کہ آپ صاحب اقتدار ہیں ۔ لیکن واقعات یہی بتاتے ہیں کہ جو کچھ میں کہتا ہوں وہ صحیح کہتا ہوں مجھے آپ کا بیحد احترام ہے لیکن مجھے افسوس ہے کہ مجھے آپ سے یہ توقع نہیں تھی کہ آپ مجھکو یہ کہیں گے کہ میں غلط بیانی کرتا ہوں ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) - شکریہ -

حاجی سردار عطا محمد - میں سب سے پہلے اللہ تبارک تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے ہمیں پاکستان کا خطہ دیا - اس کے بعد میں آپکو اپنی معصوم لڑکیوں اور بہنوں کی عصمت اور مہاجرین کے خون کا واسطہ دیتا ہوں جنکے خون سے ہمیں یہ خطہ ملا ہے - اسکے بعد میں غازیوں ' مجاہدوں اور فوجیوں کی قربانیوں کا بھی واسطہ دیتا ہوں - ذرا سوچئے میں ان کو واسطہ دیتا ہوں کہ ذرا سوچو - اور میں ان معصوم عورتوں کا واسطہ دیتا ہوں جو آپ کو دیکھ رہی ہیں - اور ہر سوج کی طرف دیکھتی ہیں کہ کوئی مسلمان یہاں آکر نعرہ تکبیر بلند کرے تاکہ ہم قرآن پڑھیں - تو میں ان کا واسطہ دیتا ہوں اور جناب سپیکر میں حکام کو ان غریبوں کا واسطہ دیتا ہوں آزمائشیں کے وقت میں میں نے ان کو اور ان کے ننگے بچوں کو فاقہ کشی کرتے دیکھا ہے - تو میرے ان واسطوں سے مہربانی کرکے اپنی عیاشی کو چھوڑ دیں - اپنی نیند چھوڑ دو - اپنے آرام کو حرام سمجھو اور ۸۵ فیصد عوام کی حفاظت کے لئے مہربانی کر کے آپ میدان میں آجائیں - جناب سپیکر - اب میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ آپ نے زمینوں کارخانوں سے کافی حاصل کیا ہے - روٹ پرمٹوں سے کافی حاصل کیا ہے - رشوت سے کافی حاصل کیا ہے اور ایمانداری کے ساتھ سروسز دیکر تنخواہوں سے کافی آپ نے حاصل کیا ہے تو پھر بھی آپ کو کیا ضرورت ہے کہ ابھی آپ مال جمع کرنے کے لئے دوڑ رہے ہیں - کل کیلئے کچھ کیجئیے اور اللہ تبارک تعالیٰ بچوں کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر ہمارے بچے صالح ہوں تو ان کا متولی خدا ہے ہمیں ان کی فکر کرنی نہیں چاہئے - اس لئے میری گذارش ہے کہ آپ جوابات تو دیتے ہین اور دینے بھی چاہئیں آپ کو کیونکہ آپ

اپنے عہد حکومت پر الزام لگانا مناسب نہیں سمجھتے لیکن ساتھ ہی ساتھ آپ اپنے گریبان میں منہہ ڈال کر دیکھو کہ کیا ہو رہا ہے تو اس لئے میری گذارش ہے مساوات پر آ جاؤ - بڑی بڑی تنخواہوں کو چھوڑ دیجئیے - بڑے بڑے مکانات کو چھوڑ دیجئیے - مساوات پر آ جائیے - اپنی تنخواہوں کو کم کر دیں اور چھوٹے چھوٹے ملازمین جن کی ۱۳۰/۱۰۰ روپیہ ماہوار تنخواہ ہے ان کی تنخواہ بڑھا دیں - آپ ان کی دعائیں لیں اور آپ ان کی ہمدردی لیں کیونکہ یہ ممکن ہے کہ یہ کسی وقت پر آپ سے اوپر ہوں اور آپ ان سے نیچے - زمانہ بدلتا رہتا ہے کل کیا تھا - آج کیا ہے کل کون منسٹر تھا آج کون ہے -

وزیر خزانہ - مولانا خدا سے خیر مانگو -

حاجی سردار عطا محمد - کیونکہ اللہتبارک تعالیٰ عدل کے لئے حکم دیتا ہے کہ انصاف سے چلو - تو میں گذارش کروں گا کہ انسانوں کی آپس میں دوڑ ہو رہی ہے - کوئی کہتا ہے کہ میں صدر کا آدمی ہوں ، کوئی کہتا ہے کہ گورنر کا ہوں ، کوئی کہتا ہے کہ میں منسٹر کا آدمی ہوں ، کوئی کہتا ہے کہ میں ممبر کا آدمی ہوں - کوئی کہتا ہے کہ میں فلاں زمیندار کا آدمی ہوں اور اللہتبارک تعالیٰ کا کوئی آدمی نہیں کہلواتا - میں کہتا ہوں کہ خدا کے احکامات کو چیلنج مت کرو - میں بتا دیتا ہوں کہ کیا حالات ہیں - میں گذارش کر دوں کہ آپ اصلاح کریں - ویسے آپ کے ہاتھ میں حکومت ہے - ہمارے مشورے آپ چاہے لیں یا نہ لیں اس سے میرا کوئی تعلق نہیں -

وزیر خواک و زراعت (ملک خدا بخش) - آپ نے فرمایا تھا کہ آپ مشورے دیں گے آپ تو حالات بیان کرنے لگ گئے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد - میں نے اچھے مشورے دئے ہیں - آپ ان کو اپنے سینے میں جگہہ دیں -

وزیر خوراک و زراعت - سینے میں تو جگہہ دیتے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد - انصاف قیمت پر بک رہا ہے آج پاکستان میں کوئی زبانی بات نہیں کرتا - آپ کمشن مقرر کیجئیے - کمیٹی مقرر کیجئے - میں جو بات کہتا ہوں اس کو میں آپ کے سامنے ثابت کر دوں گا - اور پولیس کا کردار یہ ہے کہ یہ خود فریاد کرتے ہیں جیسا کہ ملک قادر بخش صاحب نے فرمایا ہے - ملزم عدالت میں پہنچے یا نہ پہنچے یہ ان کی مرضی ہے یا اس کو چھوڑ دیا جائے - کوئی ان سے پوچھنے والا نہیں - میں جناب ملک صاحب کی خدمت میں گذارش کروں گا کہ ہر پاکستانی اپنی عزت کو محفوظ نہیں سمجھتا -

وزیر خزانہ - ہر پاکستانی ؟

حاجی سردار عطا محمد - یعنی ہر غریب پاکستانی - آپ کے پاس عدل ہے - اب میں کچھ تعلیم کی حالت بتا دوں - میں ملک صاحب اور وزیر تعلیم صاحب سے کہوں گا کہ اگر آپ کا کہا گورنمنٹ نہیں مانتی تو آپ وزارت چھوڑ دیں اور اگر وہ آپ کا کہا مانتی ہے تو پھر اصلاح کیوں نہیں ہوتی - تعلیم کی حالت یہ ہے کہ اب تعلیم کی ڈگری قیمت پر بک رہی ہے - نا اہل صاحبزادے صاحب اقتدار اور صاحب کارخانہ جات کے پیسوں سے ڈگریاں لے رہے ہیں - غریب آدمی کے پاس پیسہ نہیں اور نہ اس کی رسائی ہے - وہ تعلیم سے مایوس ہو گئے ہیں - تعلیم کو حاصل کرنا انہوں نے چھوڑ دیا ہے - ملازمت کی حالت بھی یہی ہے - ملازمت اگر لینی ہے تو کرمانی

صاحب کی معرفت لے لیں گے یا ملک صاحب کی معرفت لے لیں گے ۔ لیکن انصاف کے ساتھ ڈگری نہیں ملتی ہے اور جہاں تک ترقی حاصل کرنے کا تعلق ہے جتنا مجھے معلوم ہے وہ میں عرض کئے دیتا ہوں ۔ اہلکاروں کی حالت کچھ عجیب سی ہے ۔ سیکریٹریٹ والے دس دس ہزار لیکر لوگوں کو اوپر لاتے ہیں ۔ کیا ضرورت ہے اس بات کی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طریقہ کار سے محب وطن پاکستانیوں کا حق تلف ہوتا ہے پامال ہوتا ہے ان کو ایسا نہیں کرنا چاہیئے اور میں اپنی گورنمنٹ کو بتا دیتا ہوں کہ چپڑاسی سے لے کر سیکرٹری تک گورنمنٹ کی مخالفت کرتے ہیں ۔ اس کی مشینری کی مخالفت کرتے ہیں ۔ محکمہ جنگلات کو لے لیں ۔ کروڑوں روپیہ ان کے ہاتھ میں ہوتا ہے لیکن شیشم کے درخت ایک ایک کر کے وہ بیچتے ہیں ۔ ۵۰۰ روپیہ کا درخت ۲۵ روپیہ میں بیچتے ہیں ۔

وزیر خزانہ ۔ یہ کس جگہہ ہو رہا ہے مولانا ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ اگر آپ ثبوت چاہتے ہیں تو کمیٹی مقرر کیجیئے ۔ میں ہر ایک بات آپ کے سامنے ثابت کر دوں گا ۔

وزیر خزانہ ۔ کس ضلع میں ؟

حاجی سردار عطا محمد ۔ محکمہ صحت ہی کو لے لیں ۔ ڈائریکٹر ڈاکٹر کو اچھی جگہہ تب بھیجتا ہے جب وہ اس کو پیسے دیتا ہے ۔

Minister of Health : Question !

آپ خود ہی تو ایک لیڈی ڈاکٹر کے لئے کہنے آئے تھے کہ اس کا فلاں جگہہ سے فلاں جگہہ تبادلہ کر دیا جائے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ اب آپ اس کا تبادلہ نہیں کر سکتے

آپ ڈائریکٹر کی مرضی پر چلتے ہیں صحیح بات کو آپ نہیں سمجھتے - پٹواری کی حالت یہ ہے کہ وہ ریونیو خوب کھا رہے ہیں اور آپس کے ساتھ مختار صاحب اور تحصیلدار بھی ہیں -

وزیر زراعت - آپ نے فرمایا تھا کہ آپ مشورے دیں گے تو اس لئے بہتر ہوتا کہ آپ کوئی مشورہ دیدیتے کیونکہ وقت کم ہے آپکا -

مسٹر سپیکر - وقت تقریباً حاجی صاحب کا پورا ہو چکا ہے اب تقریر ختم فرما لیجیئے -

حاجی سردار عطا محمد - اچھا جناب - میں اب آپ کو مشورہ دیتا ہوں - ان تمام چیزوں کا حل جو ہے واحد حل وہ یہ ہے کہ آپ اپنے اس وعدہ پر واپس آئیں - جس پر آپ نے پاکستان حاصل کیا تھا -

ومن لم یحکم بما انزل اللہ فااولئک ھم الکفرون

(ترجمہ) اور جو اس قانون کے مطابق فیصلہ نہ کرے وہ کافر ہے -

وزیر زراعت - یہ کلام مجید کی آیت ہے ہم تو اسے مانتے ہیں - ہم کیا کر رہے ہیں ؟

حاجی سردار عطا محمد - اس پر عمل کرنے کا آج دن ہے - یہاں صدارتی قانون ہے - صدر صاحب کے ہاتھ میں پوری حکومت ہے - پوری نیشنل اسمبلی آپ کے ہاتھ میں ہے - صوبائی اسمبلی آپ کے ہاتھ میں ہے -

وزیر زراعت - قرآن مجید سے بڑا قانون کیا ہو سکتا ہے بھائی -

حاجی سردار عطا محمد - اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اور ہم اس پر عمل کریں - ایک اور ارشاد باری تعالیٰ ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے اوپر اتارا گیا ہے اس کی پیروی

کرو اور دوسرے اولیا جو آپ نے اپنے کار ساز ٹھہرائے ہوئے ہیں ان کی پیروی نہ کرو ۔ یہ قانون ہم کو انگریز نے دیا تھا آپ کو اس کا حق نہیں کہ آپ اس پر چلیں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے پیشتر کہ میں اپنے موضوع کے متعلق اپنے ناچیز خیالات کا اظہار آپ کی وساطت سے اس ایوان کے سامنے کروں ۔ ابھی ابھی محترم وزیر مال نے ایک مسئلہ چھیڑ دیا ہے ۔ انہیں شکایت ہے کہ حزب اختلاف انکے اچھے کاموں کی بھی تعریف نہیں کرتی ۔ وہ تشریف فرما نہیں ہیں ۔ بہر حال میں انہیں آپ کی وساطت سے بتانا چاہتا ہوں کہ حزب اختلاف سمند حکومت کے لئے تازیانہ کا کام کرتی ہے ۔ اس کے علاوہ اس کے فرائض میں اور کچھ نہیں ۔ اگر گھوڑا اڑیل ہو تو جس طرح تازیانہ سے اسے سیدھا رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ اسی طرح حزب اختلاف کے فرائض میں بھی صرف یہی ہے ۔ کہ گورنمنٹ کے گھوڑے کو تازیانہ سے سیدھے راستہ پر رکھنے کی کوشش کرے اس صدی کے سب سے بڑے پارلیمنٹرین کا قول عرض کر دوں ۔ سرونسٹن چرچل نے کہا ہے ۔

"The duty of the opposition is to oppose."

جناب والا ۔ اگر ان کی پارٹی کی طرف سے انکی حمدوثنا میں کچھ نہ کہا جاتا تو شاید ہم اس کی کمی کو پورا کر دیتے ۔ لیکن وہ ان کی تعریف میں پہلے ہی اس قدر آگے نکل جاتے ہیں کہ ہمارے لئے گنجائش کم رہ جاتی ہے ۔

اب میں اصل موضوع کی طرف آتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں اپنی تقریر کو ایک سوال سے شروع کرتا ہوں ۔ کہ کیا یہ امر واقعہ ہے کہ

نہیں کہ موجودہ حکومت کے ۹ سالہ دور میں اجناس خوردنی کی پیداوار میں کما حقہ اضافہ کرنے میں جو ناکامی ہوئی ہے وہ حکومت کا انتہائی غلط اور صنعت نواز پالیسی کا نتیجہ ہے ۔ یہ ایک سوال ہے جناب والا ۔ اور میں کوشش کروں گا کہ اپنی دانست کے مطابق اس کا جواب پیش کروں ۔ بعض دوست کہہ سکتے ہیں کہ تم نے یہ مفروضہ کہ اجناس خوردنی میں کما حقہ اضافہ نہیں ہوا کیسے قائم کر لیا ۔ تو اس کے لئے میں محترم قائد ایوان اور وزیر خوراک و زراعت کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ پاکستان اکنامک سروے ۶۶-۱۹۶۵ کے صفحہ ۱۰ پر گوشوارہ ملاحظہ فرمائیں ۔

اس میں اجناس خوراک کی سال بہ سال درآمد درج ہے سن ۴۸-۱۹۴۷ سے لے کر ۵۸-۱۹۵۷ تک اجناس خوردنی کی کل درآمد ۴۵ لاکھ ۷ ہزار ٹن تھی اور ۵۹-۱۹۵۸ کے بعد ۱۹۶۵-۱۹۶۴ تک (۶۶-۱۹۶۵ کے اعداد و شمار نہیں دیئے گئے ، کل درآمد ۸۹ لاکھ ۵ ہزار ٹن ہے یعنی ۱۱ برسوں میں ساڑھے ۴۵ لاکھ ٹن اور ۸ برسوں میں تقریباً ۹۰ لاکھ ٹن ۔ اب اس پر ایک اور figure شامل کر لیجئے ۔ جب ۵۹-۱۹۵۸ کا سال شروع ہوا تو اس وقت ہمارے اناج کے ذخائر میں تقریباً ۳ لاکھ ٹن اناج موجود تھا ۔ اس حساب سے ہم نے اپنی پیداوار کے علاوہ ان ۸ سالوں میں ساڑھے ۹۲ لاکھ ٹن اناج درآمد کیا ۔ ان اعداد و شمار سے یہ ظاہر ہے کہ پہلے ۱۱ برسوں میں اوسطاً ۴ لاکھ ٹن سالانہ اناج درآمد ہوا ۔ اور پچھلے ۸ سالوں میں ہم نے تقریباً ساڑھے گیارہ لاکھ ٹن اناج فی سال درآمد کیا ۔ اس سے یہ بات بغیر کسی شک و شبہ کے ظاہر ہے کہ ہم نے اناج کی پیداوار میں کماحقہ اضافہ نہیں کیا ۔

اب میرے سوال کا دوسرا حصہ وہ جاتا ہے ۔ کہ ہماری پالیسی کس طرح اور کیسے غلط تھی اور صنعت نواز تھی یا نہ تھی ۔ ان دونوں باتوں کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ ہماری پالیسی اس ضمن میں انتہائی غلط بھی تھی اور انتہائی صنعت نواز بھی تھی ۔ جناب والا ۔ جب کبھی اس موضوع پر گفتگو ہوتی ہے کہ میرے دوست جو میرے سامنے تشریف فرما ہیں ۔ بجا طور پر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ ملک زرعی ملک ہے اور اسکی ۸۵ فی صد آبادی کا انحصار بالواسطہ یا بلاواسطہ زراعت پر ہے ۔ لازمی نتیجہ یہ ہے کہ ہمیں ۸۵ فیصد آبادی کی دیکھ بھال ابھی اپنی ۱۵ فیصد آبادی کے مقابلہ میں سے ضرور زیادہ کرنی چاہئے مگر پچھلے سالوں میں مجھے یہ شکایت ہے کہ ہم نے ایسا نہیں کیا ہے ۔

جناب والا ۔ جناب محترم وزیر خزانہ صاحب کی تقریر کے جواب میں اس ایوان میں عام بحث میں حصہ لیتے ہوئے میں نے یہ ضمناً عرض کیا تھا کہ دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں ہم نے زرعی اجناس کو پیدا کرنے کے متعلق جو مقاصد اپنے سامنے رکھے تھے ۔ جو مواعید قوم کے ساتھ کئے تھے وہ ہم نے پورے نہیں کئے ۔ محترم قائد ایوان نے میری اس تقریر کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ میں تلبیص کا مرتکب ہوں یعنی بعض چیزوں کے سیاق و سباق سے علیحدہ کرکے ایوان میں پیش کرتا ہوں ۔ میں اس سلسلے میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میں نے عمداً ایسا کبھی نہیں کیا ہے شائد سہواً کبھی ایسا ہو گیا ہو ۔ آج میں جو اعداد و شمار اور اقتباسات پیش کرونگا وہ ہرگز ہرگز سیاق و سباق سے الگ نہیں کی گئی ہوں گی ۔ اور میں دیانتداری سے انتہائی ایمانداری سے اعلان کرتا ہوں کہ میری غرض محض تنقید نہیں ہوتی میں جو خامیاں دیکھتا ہوں ان کی طرف آپ کی توجہ دلانے کی کوشش کرتا

ہوں ۔ ان کی نشان دہی کرنے کی کوشش کرتا ہوں ۔ میں انتہائی دیانت داری سے آپ کو ان باتوں کی طرف متوجہ کراتا ہوں ۔ اگر یہ ملک زرعی اجناس کے لحاظ سے یا خوراک کے اعتبار سے خود کفیل نہیں ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا مستقبل جس میں وہ بھی شامل ہیں اور میں بھی شامل ہوں تاریک ہے ۔ میں ان پر احسان نہیں کرتا میں اپنی ذات پر احسان نہیں کرتا ۔ بلکہ اس ملک کی بقا کی مجھے بھی ضرورت ہے ۔ ہمارے بال بچوں کو بھی ضرورت ہے ۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ ملک پھلے پھولے ۔ یہ ملک قائم و دائم رہے ۔ میں انتہائی درد مندی کے ساتھ جو کچھ عرض کروں گا اس لئے بھی عرض کروں گا کہ اصلاح احوال ہو ۔ جناب والا ۔ اس روز میں نے گذارش کی تھی کہ بلوچوں اس اس کے کہ ہم نے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں یہ دعویٰ کیا تھا یہ اعلان کیا تھا ہم آئندہ پانچ سالوں میں یعنی ۱۹۶۰ سے ۱۹۶۵ تک اس صوبہ کو بلکہ اس ملک کو چونکہ وہ منصوبہ بندی سارے ملک کے لئے ہے خوراک کے اعتبار سے خود کفیل بنا دیں گے ۔ اس روز میں نے صرف دومدات کے متعلق عرض کیا تھا اگر چہ وہ پانچ تھیں ۔ اس پر بھی جناب قائد ایوان کو شکایت پیدا ہوئی آج بھی میرے پاس وقت کم ہے اور میں انہیں دو مدات کا حوالہ دوں گا اور ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا ۔ میرے پاس دوسرا پانچ سالہ منصوبہ ہے ۔ یہ انہیں کا شائع شدہ دستاویز ان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

(i) "self-sufficiency in basic food production, maintaining, as a minimum, the present levels of foodgrain consumption for the rapidly growing population;

(ii) working towards an export position across full production front, not excepting foodgrains;"

جناب والا ۔ اگلے پیرا میں وضاحت کرتے ہوئے نہایت زور دار

الفاظ سے اس مقصد کو اس طرح بیان کرتے ہیں کہ ۔

"At the core of the agricultural programme is the determination to feed the nation with food grown on its own soil. While this policy is justifiable on such non-economic grounds as national self-respect, it also has solid economic motivations. Yields of foodgrains in the country are amongst the lowest in the world; and yet comparatively simple practices as well as higher technology for raising productivity are well-established and only waiting for application in the field."

صفحہ ۱۲۷ دوسرا پانچ سالہ منصوبہ ۔

جناب والا ۔ اس کے متعلق میں نے اس روز بھی عرض کیا تھا کہ ہمارا مقصد حل نہیں ہوا ۔ یہ بات ہمیں پانچ سال کے بعد معلوم ہوئی ہے ۔ یہ انکشاف خود گورنمنٹ کی اپنی رپورٹ میں ہے ۔ گورنمنٹ کو اپنے پانچ سالہ منصوبہ کی میعاد ختم ہونے سے پہلے معلوم تھا کہ وہ اجناس خوردنی کے اعتبار سے کما حقہ اپنی پیداوار میں اضافہ نہیں کر سکتی ۔ جناب والا ۔ یہ اس بنا پر میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔ ۶۵—۱۹۶۴ میں پاکستان میں اکنامک سروے ہوا تھا اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کردوں کہ تیسرے پنجسالہ منصوبہ کا خاکہ تیار کرتے وقت ۱۹۶۴ میں یہ بات واضح طور پر سامنے آگئی تھی اور اس پانچ سالہ منصوبہ میں انہوں نے اس بات کو قبول کیا کہ زرعی ترقی جہاں تک خوراک اور اجناس خوردنی کا تعلق ہے اس حد تک نہیں ہو رہی ہے جس سے ہم اپنا مقصد حاصل کر سکیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ ان مقاصد کو پورا نہ ہونے کے اسباب کیا تھے ۔ سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ ان اسباب میں سے سب سے پہلا یہ سبب تھا کہ ہم نے زراعت کو وہ فوقیت نہیں دی ۔ ہم نے اجناس خوردنی کو وہ فوقیت نہیں دی

جس کا ہم نے دعوے کیا تھا ۔ وہ مقاصد وہ نصب العین جو ہم نے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں سامنے رکھا تھا اسی پانچ سالہ منصوبہ بندی کے دوران ہم نے اس مقصد سے قطع تعلق کر لیا ۔ ہم نے یہ فیصلہ اپنے تئیں کر لیا کہ ملک کی فلاح وبہبود زراعت میں نہیں بلکہ صنعتی فروغ میں ہے ۔ اس سلسلہ میں تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کا رومن صفحہ ۸ میں سے چند سطور آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں اور ثابت کرتا ہوں کہ یہ میرا دعوے اس سلسلہ میں سو فیصد درست ہے ۔ جناب والا ۔ تیسرا پانچ سالہ منصوبہ ۱۹۶۴ میں تیار ہوا ۔ ڈپٹی چیئرمین مسٹر سعید حسن ۔ ایچ ۔ کیو ۔ اے نے اس کے رومن صفحہ ۸ کے پیرا ۳ میں ارشاد فرمایا

Outline of the Third Five Year Plan, 1964; page viii.

"In our approach to the composition of the programme, we have tried to emphasise selectivity. Our resources—human and material—are too meagre to allow us to try and to spread development too thin. We are, therefore, subjecting our projects to the closest scrutiny, inorder to have only those which have the highest economic justification in terms of our objectives. We are concentrating on a number of 'growing points' with a view to spreading development with sacrificing economic efficiency. (And Sir these lines are very important.) And we are putting special emphasis on industry."

This is Sir in 1964.

جبکہ ابھی دوسرے پانچ سالہ منصوبہ کی میعاد بھی ختم نہیں ہوئی تھی ۔

And we are putting special emphasis on industry.....

اور اس کی تعریف فرماتے ہیں

"..... the most dynamic sector in our economy and the one most likely to spread new techniques and attitudes which are at the heart of the development process. It is in this sector that we hope for the decisive break-through."

جناب والا ۔ منصوبہ بنانے والے نہایت محترم بزرگ ہیں لیکن ان کی رائے سے اختلاف کرنے کا مجھے حق حاصل ہے اور میں یہ حق استعمال

کر رہا ہوں - ۱۹۶۴ء میں جب کہ ابھی دوسرے پنجسالہ منصوبے کی میعاد بھی ختم نہیں ہوئی تھی تو ان کے ذہن میں اس وقت یہ خیال پیدا ہو چکا تھا کہ اس ملک کی فلاح زرعی اجناس کی پیداوار سے وابستہ نہیں ہے ، اس سے یہ ملک وہ ترقی نہیں کر سکتا جس سے کہ ہم ترقی کی منازل جلد از جلد طے کر سکیں، اس لئے انہوں نے یہ سوچا کہ صنعت ہی ایک ایسا سیکٹر ہے کہ جہاں یہ ملک زیادہ سے زیادہ اور جلد از جلد ترقی کر سکتا ہے اور اس ملک کی فلاح وبہبود صنعتی ترقی میں ہی ہے لہذا انہوں نے دوسرے پنجسالہ منصوبے کے تقریباً عین وسط میں ہی اس خیال کو ہی ترک کر دیا کہ ہم نے دوسرے پنجسالہ منصوبے کے مقاصد کو حاصل کرنا ہے - اور اس خیال کو جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب نے اپنے چیئرمین کے منہ میں بھی ڈالنے کی کامیاب کوشش کی ہے یعنی جناب صدر مملکت کے قسم سے بھی انہوں نے اسی قسم کے الفاظ نکلوائے کیونکہ اس پلان کا foreword جناب صدر مملکت نے ہی تو یہ فرمایا ہے اور اس کے پہلے صفحہ کے آخری فقرے کے سیاق و سباق کو مد نظر رکھتے ہوئے میں اسے پڑھے دیتا ہوں اور اس کے بعد آپ خود ہی ملاحظہ فرمالیں گے -

"Of course, the need of the hour is to move speedily towards a progressive technological, industrialised society."

جناب والا - انہوں نے یہ فتویٰ دیدیا ہے کہ ہماری ضرورت یہ ہے کہ ہم Technological Industry کی طرف فوری طور پر رخ کریں اپنی زرعی ترقی کی قیمت پر صنعتی ترقی کرنی ہے -

Minister of Agriculture: Is agriculture not an industry.

خواجہ محمد صفدر - آپ دونوں کو ملا کر پڑھئے - اور اس کے بعد فرمائیں کہ اس کے کیا معنی نکل سکتے ہیں - (قطع کلامیاں) - اس

پالیسی کا بلا واسطہ نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کا دوسرا پنجسالہ منصوبہ اس حد تک کامیاب نہیں ہو سکا کہ ملک کو خوراک کے معاملے میں خود کفیل بناسکے اور اس کی وجہ ذہنی طور پر یہی رجحانات ہیں ، ہر انسان ملک کی بہتری کے لئے سوچتا ہے اور انہوں نے بھی ملک کی بہتری کے لئے یقیناً سوچا ہو گا ، مجھے کیا حق حاصل ہے کہ میں کسی کی دیانت پر شک کروں ، دونوں بزرگوں نے ملک کی بہتری کے لئے شاید یہی سوچا ہو کہ اس طرح ملک زیادہ جلدی ترقی کریگا لیکن نتائج نے ہمیں بتایا ہے کہ ان کی یہ سوچ اس وقت غلط تھی ۔ تو اس ذہنی کیفیت کو بتانے کے بعد میں جناب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اسی طرح تیسرا پنجسالہ منصوبہ معرض وجود میں آگیا یعنی اسی صنعتی ذہن یا صنعت کو فروغ دینے والے ذہن کے تحت اور ان ہی حالات کے تحت یہ تیسرا پنجسالہ معرض وجود میں آیا ، وہی ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن تھے اور صدر مملکت بھی وہی تھے ، اب اس کے ساتھ ہی ملک صاحب کا بھی جواب آ جائے گا کہ تیسرے پنجسالہ منصوبے میں زراعت کے متعلق آپ کے مقاصد کیا ہیں ، تو اس سلسلے میں تیسرے پنجسالہ منصوبے (Revised) کا صفحہ نمبر ۳۹۶ ملاحظہ ہو ۔

یہ تیسرا پنجسالہ منصوبہ ۱۹۶۵ء کے درمیان سے شروع ہوا اور ۱۹۷۰ء تک چلے گا ۔ اگر میں اپنا مدعا اور اپنی غرض آپ کو نہ سمجھا سکا یا اسے واضح نہ کر سکا ، تو یہ میری بدقسمتی ہو گی...ذہن وہی تھا کہ صنعتی میدان میں ترقی کرنی ہے اور اب ملک صاحب نے یہ سوال اٹھا دیا ہے کہ کیا زراعت صنعت نہیں ہے ، ایک لحاظ سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے اور ہم بھی کئی مرتبہ اپنی تقاریر میں یہ کہتے ہیں کہ زراعت

ہمارے ملک کی سب سے بڑی صنعت ہے ۔ لیکن ان دونوں اقتباسات کو سامنے رکھئے اور پھر صفحہ ۳۹۶ پر بارھویں پیراگراف کو ملاحظہ فرمائیے ۔

Objectives, Strategy and Targets.

"The objectives and strategy that underlie the Third Plan are designed to take advantage of the accumulated agricultural momentum of the last 5 years, and to tap the potential and solve the problems that remain in the rural economy of both Provinces. These goals, which are also formulated within the context of the Perspective Plan, are very broadly defined as follows :—

(*a*) To increase the real income of farmers at least at the same rate as per capita increase in the non-agriculture sector ;

ذرا غور فرمائیے جناب قائد ایوان اور محترم وزیر خزانہ

(*b*) To move towards self-sufficiency in food requirements to the extent compatible with the other needs of the economy, including foreign trade, aiming at the same time, at improved nutritional standards in food consumption ; and

(*c*) To promote agricultural development on a sound, self-propelling basis by further improvements in agricultural organisations....."

تو دوسرے پنجسالہ منصوبے میں نہایت واضح طور پر یہ درج کیا گیا تھا کہ ہم نے خوراک کی حد تک نہ صرف یہ کہ خود کفیل ہی ہونا ہے بلکہ ہم نے اسکو برآمد بھی کرنا ہے یعنی ہم اسے اپنی ضروریات سے وافر مقدار میں پیدا کریں گے ۔ لیکن ہم اس میں خود کفیل بھی نہیں ہوئے ہیں ۔ تو جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ اگر یہ ذہن صنعت کی طرف حد سے زیادہ رجوع نہیں کر گیا تھا اور اس نے زراعت سے رو کشی نہیں کر لی تھی تو پھر کیا وجہ ہے کہ اگر ہم دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں کامیاب نہیں ہوئے تو پھر دوسرے پنجسالہ منصوبہ کے ان مقاصد کو تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں کیوں نہیں دہرایا گیا بلکہ جو الفاظ میں نے

ابھی پڑھے ہیں ۔ ان کا کیا مقصد ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ زراعت کی طرف اس حد تک توجہ دی جائے کہ جس حد تک یہ ہماری باقی اکانومی کے ساتھ مناسبت رکھے جس حد تک کہ اس سے ہماری باقی معیشت متاثر نہ ہوتی ہو جس حد تک کہ یہ ہماری باقی معیشت کے ساتھ ساتھ چل سکتی ہو یعنی خوراک میں خود کفیل نہیں ہوتے تو نہ ہوں تیسرے پنجسالہ منصوبہ کے مقاصد میں خاص طور پر دو چیزیں ہیں کہ ہم زر مبادلہ کمانے کی غرض سے کس حد تک زرعی پیداوار کو برآمد کر سکیں گے ۔ تو زرعی اجناس میں کن اشیأ پر زور دیا گیا ہے ۔ اجناس خوردنی پر نہیں بلکہ کسی چیز پر ہے تو ان زرعی اجناس پر ہے ۔ جیسے مثال کے طور چاول ۔ گنا ۔ کپاس اور پٹ سن جو برآمد ہو سکتی ہیں ۔ تو اسلئے ہم نے تیسرے پنجسالہ منصوبے میں اصل زور اس بات پر نہیں دیا کہ ہم اجناس خوردنی کے لحاظ سے خود کفیل ہو جائیں ۔ ایسی کوئی بات نہیں ۔ ہمیں اپنی اکانومی کے دوسرے حصوں کا خیال رکھتے ہوئے اس پر غور کرنا تھا کہ اگر اکانومی دوسرے حصوں کا منشاء یہ ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ کمائیں تو اجناس خوردنی کو چھوڑ دیجئے اور زر مبادلہ کمانے والی اشیاء پیدا کیجئے ۔ تو یہ ہے ان کا مقصد تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں ۔ اور میرا یہ اعتراض ہے کہ دوسرے پنجسالہ منصوبہ کے مقاصد کو چھوڑ کر نئے مقاصد کو کیوں اپنایا گیا ہے ۔ اس مقصد کے لئے دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں غلطی ہو سکتی ہے ۔ جیسا کہ قائد ایوان نے ارشاد فرمایا ہے کہ جس طرح ہم زرعی زمین کی آبپاشی کے نہری یا چاہی پانی کو جس طرح سے استعمال کر سکتے ہیں ۔ اس طرح ہم آسمان کے پانی پر قابو نہیں رکھتے ۔ موسم کا factor بھی زرعی پیداوار پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ ان کا یہ ارشاد مجھے قبول ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی دیکھنا ہے کہ آخر اتنے سال سے

اس منصوبہ پر کام کیا جا رہا ہے اتنے عرصہ میں کوئی ایک factor یا sector اس حد تک ہمارے قابو میں آ جانا چاہئے تھا تاکہ اجناس خوردنی کے سلسلہ میں ہم بھیک نہ مانگتے - پہلی آمر تو یہ ہے کہ دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں جیسا کہ فرمایا گیا ہے ہماری خوداری کا یہ تقاضا ہے کہ ہم اپنی زمین سے اگی ہوئی گندم کھائیں - چاول کھائیں اور دوسری چیزیں جو اشیائے خوردنی کے طور پر استعمال ہوتی ہیں حاصل کریں - اور امریکہ سے بھیک نہ لیں - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ہماری self respect کا یہی تقاضا ہے کہ ہم اپنے ملک میں پیدا شدہ اشیائے خوردنی کھائیں - مگر اس خوداری کے احساس کے خلاف کچھ عرصہ سے ہمارے حکمرانوں کے ذہن میں یہ بات آئی کہ گندم پیدا کرنے کی چنداں ضرورت نہیں - گندم امریکہ سے پی - ایل ۴۸۰ پروگرام کے تحت مل ہی جاتی ہے - ایسی اجناس پیدا کرنی چاہئیں جو برآمد کی جاسکیں - اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ ذہن کیوں پیدا ہوا اور اس کے محرکات کیا تھے - جناب والا - یہ بڑی دکھ بھری کہانی ہے - شاید میرے دوست مجھ سے اتفاق نہ فرمائیں - میں عرض کرتا ہوں کہ اس ملک کے حکمرانوں کا ذہن تھا کہ خوراک کے اعتماد سے اگر ہم خود کفیل نہیں تو کیا ہوا - ہم پی - ایل ۴۸۰ کے تحت گندم منگا لیں گے - خیرات لے لیں گے - دوسرے پنجسالہ منصوبہ میں جس خوداری کا ذکر تھا وہ بھلا دی گئی -

محترم قائد ایوان اور انکے ہمنواؤں نے یہ خیال کر کے کہ اگر اجناس خوردنی پر زور دیا گیا تو ترقی نہیں ہوگی - اس لئے انہوں نے یہ فیصلہ کر لیا کہ ہم خوراک امریکہ بہادر سے P. L. 480 کے تحت منگوا لیا کریں گے - مگر صنعتی میدان میں آگے بڑھنا ضروری ہے - اور اس طرح

زراعت کو صنعت کے تابع کر دیا گیا ۔ میں ان کی اپنی کتاب سے حوالہ دوں گا ۔

جناب والا ۔ وہ ماہر ہیں ۔ وہ زبان آور ہیں ۔ مجھے خطرہ ہے کہ پھر کوئی ایسی بات نہ بنا لیں ۔ میری تو یہ مشکل ہے ۔ وزیر خوراک ملاحظہ فرمائیں ۔

Outline of the Third Five Year Plan

Agriculture

"19. Considerable progress has been made during the Second Plan period in strengthening the organisational and institutional framework for agriculture showing justifiable prospects of more rapid development in the Third Plan. The aim is not only to increase the real income of the farmers....."

وہی جو تیسرے پنجسالہ منصوبہ کا پہلا مقصد ہے ۔

"..... but also to meet the growing demands of raw materials for industries and for exports."

اگر انڈسٹری شامل ہے تو زراعت شامل نہیں ہے ۔

"The main physical targets proposed for agriculture sector are : increase of foodgrain production by 25 per cent, cotton production by 35 per cent, jute production by 21 per cent, tea by 27 per cent, sugarcane by 34 per cent and tobacco by 33 per cent."

اب جناب اس سے آگے غور فرمائیں ۔

"P.L. 480 imports will be used to introduce a cropping pattern."

آپ مجھ سے زیادہ بہتر سمجھتے ہیں کہ cropping pattern کیا ہے ۔

"P.L. 480 imports will be used to introduce a cropping pattern which is in the best interests of economy."

اس سے یہ مراد ہے کہ اجناس خوردنی کو حذف کر دیا جائے ۔ اور اس قسم کی فصلیں پیدا کی جاویں جو صنعتی ترقی میں مدد ہو یا برآمد کی جاسکیں یعنی جیوٹ اتنی پیدا ہو ۔ کاٹن اتنی پیدا ہو علے الہذالقیاس دوسری چیزیں اتنی ہوں ۔ انہوں نے کہا ہے ۔

"P.L. 480 imports will be used for consumption or for introducing cropping pattern which is in the best interests of the economy."

اور فتویٰ دے دیا گیا کہ ملک کی اقتصادی خوشحالی کے لئے بہترین اور مفید ترین نسخہ یہ ہے کہ P. L. 480 کے تحت گندم درآمد کر کے کھائیں اور باقی زرعی اجناس میں ترقی کریں اور زرمبادلہ کمائیں۔

اس زمانہ میں گندم سستی تھی - پی - ایل ۴۸۰ کی شرائط بہت آسان تھیں مگر آخر کار اس کا نتیجہ کیا ہوا کہ پچھلے سال امریکہ نے اسے غلط یا درست کہہ لیجئے کیونکہ میں امریکہ اور پاکستان کے تعلقات کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا - ہمارے عمائدین مملکت خود اس پر شہادت دے رہے ہیں کہ P. L. 480 کی شرائط کو زیادہ سخت کر دیا گیا - اور گندم کا حصول اب آسان نہیں رہا یعنی جب ہمیں ضرورت ہو تب وہ نہیں دیتے تھے اور جب مشکل کا وقت دور ہو جاتا تھا تو ۸۵ ہزار ٹن مکی آ جاتی ہے کہ یہ کھا لو - خیر یہ دوسری بات ہے - اصل میں ذہنی کیفیت یہ تھی - جیسے حال ہی میں کہا گیا تھا کہ صوبہ کی نجات صنعت کی ترقی میں ہے زراعت کی ترقی میں نہیں - اگر خوراک میں کوئی کمی ہوگی تو P. L. 480 حاصل کر کے پوری کر لیں گے یہ ہمارے حکمرانوں کی اجتہادی غلطی ہے - ایسی غلطی ہر ایک سے ہو سکتی ہے - انسان غلطی کا پتلا ہے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ ہمارے حکمران اپنی غلطی کو نہیں مانتے - ان کو چاہئے کہ غلطی پر اصرار نہ کریں - انہوں نے بڑے خوش آئند الفاظ میں کہا تھا کہ P. L. 480 کو استعمال کریں گے لیکن اب صورت حال کیا ہے میں ان کی ہی ایک کتاب سے عرض کرتا ہوں - Third Five Year Plan کے revised edition کا Page 9 ہے -

اب اگر ملک صاحب کے نزدیک یہ درست ہے کہ چونکہ انڈیا بھی وہیں سے گندم لیتا ہے ہم بھی امریکہ سے حاصل کر لیں گے تو پھر ہمیں اس

بات کی ضرورت نہیں تھی کہ ہم اس پنجسالہ منصوبہ کی مدت کے دو سال گذارنے کے بعد اس منصوبہ میں ترمیم کرتے - یہ ترمیم بڑی دور رس ہے اس حد تک دور رس ہے کہ اس منصوبہ کی اولیت اور priority کو تبدیل کر دیا گیا ہے اور یہ تبدیلی سارے سیکٹروں میں کی گئی ہے - اس تبدیلی کی کیا ضرورت پڑی تھی - اور اگر ضرورت پڑی تھی تو جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا ہے کہ اگر آپنے دل میں اس پالیسی کی تبدیلی کا فیصلہ کر لیا ہے تو زبان سے قبول کیوں نہیں کرتے - گذشتہ جن طریقوں کو اپنایا ہوا تھا اگر وہ ملک کے لئے صحیح ثابت نہیں ہوتے تو اپنی غلطی کو مان لینے میں کوئی برائی نہیں ہے یہ بڑی جرأت کی بات ہے - اگر قومی مفاد کا تقاضیٰ ہے کہ سابقہ پالیسیوں کو تبدیل کر دیا جاوے تو میری نگاہ میں اس تبدیلی کا اعتراف نہ کرنا غلط ہے ان کی نگاہ میں ممکن ہے درست ہو - ابھی دو تین ماہ ہوئے ہیں غالباً یکم اپریل کو اعلان ہوا تھا کہ گورنمنٹ نے تیسرے پنجسالہ منصوبہ کو ترمیم کر دیا ہے - پھر بھی اگر وزیر زراعت صاحب یہ کہیں کہ یہ وہی منصوبہ ہے جو ۱۹۶۵-۶۶ یا ۱۹۶۶-۶۷ میں منظور ہوا تھا تو میں کیسے مان لوں -

"One of the original objectives of the plan was to move towards self-sufficiency in food to the extent compatible with the other needs of the economy....."

وہی مقاصد جو میں نے پڑھے تھے انکو یہ دھراتے ہیں -

"The revised priorities, however, have been drawn in the light of the food shortage in the country, the reduced availability and stringent terms for procuring food-grains under PL 480 programme....."

یعنی دو وجوہات ہیں اگر صرف خوراک کی کمی ہوتی تو کوئی بات نہیں تھی جیسا کہ پچھلے سالوں میں ہم ۱۱ لاکھ ٹن گندم منگا لیتے تھے یا ۱۲ لاکھ ٹن منگا لیتے تھے لیکن دو وجوہات کی بنا پر ارشاد

فرماتے ہیں تیسرے پنجسالہ منصوبے کے جو مقاصد تھے کہ ہم زرعی اجناس خوردنی میں اسی حد تک ترقی کریں گے اور اسی حد تک اس میں کوشاں ہونگے کہ جس حد تک ہماری دوسری اکنامی کے دوسرے سیکٹر ہمیں اجازت دیں گے ۔ لیکن ہمیں انکی ..... Revised priority

"The revised priorities, however, have been drawn in the light of the food shortage in the country, the reduced availability and stringent terms for procuring food-grains under PL 480 programme....."

Now, Sir, this is a drastic and I welcome this change.

"Top priority will henceforth be given to achieving self-sufficiency in food-grain production ;"

I welcome this change. I again read it because I love these words.

"Top priority will henceforth be given to achieving self-sufficiency in food-grain production ; programmes having a direct bearing on food-grain production will receive high priority. Both the Provincial Governments have formulated detailed operational plans....."

so on and so forth.

جناب والا ۔ وزیر خوراک صاحب نے جیسا کہ زراعت کو اور خصوصیت سے اجناس خوردنی کی زراعت کو صنعت میں شامل ہونے کا دعویٰ کیا تھا اگر صنعت میں زرعی ترقی شامل ہوتی تو ہمیں زراعت کو top priority دینے کی ضرورت نہیں تھی اور ہمیں اسکو عین تیسرے پنجسالہ منصوبے کے درمیان تبدیل کرنے کی ضرورت نہ پڑتی لیکن میں آج بھی اس تبدیلی کا welcome کرتا ہوں ۔ ''دیر آید درست آید'' ۔ ٹھیک ہے جبتک کہ ہم خوراک کے اعتبار سے خود کفیل نہیں ہو جاتے اسوقت تک ہماری کسی قسم کی ترقی بیکار ہے ۔ بے معنی ہے جب ہمارے غریب گندم کے حصول میں عاجز آ جائیں اور انہیں ۵۰ یا ۵۴ روپیہ فی من تک گندم کے لئے ادا کرنا پڑے مگر ہم چند کارخانے مزید نصب کر لیں تو وہ حالت اچھی ہے یا یہ حالت

اچھی ہے کہ عوام کو گندم سستے نرخ میسر آئے ۔ کارخانے بعد میں بھی لگ جائیں گے ۔ سامان تعیش بعد میں تیار ہو جائیگا ۔ پہلے خوراک کا انتظام ہو جائے ۔

جناب والا ۔ اس مسلسل اور متواتر غلط اور تباہ کن پالیسی کے نتائج کیا تھے میں ان واقعات کو دھرانا نہیں چاہتا جو کہ پچھلے سال یا سال رواں میں اس صوبے میں رونما ہوئے لیکن اسکے موٹے موٹے نتائج میں جناب قائد ایوان کی خدمت میں آپ کی وساطت سے پیش کروں گا ۔ اس زرعی اجناس پیداوار کی تاریخ کا پہلا واقعہ یہ ہے کہ باوجود اسبات کے کہ اس صوبے میں گذشتہ ۱۰ سال میں گندم کی کاشت میں تقریباً ۳۰ لاکھ ایکڑ رقبہ کا اضافہ ہوا ۔ ۱۹۵۰ سے ۱۹۵۵ء تک کا اوسط رقبہ تقریباً ایک کروڑ ۲ لاکھ تھا ۔ اور اس سال ایک کروڑ ۳۰ لاکھ ایکڑ آراضی میں گندم کی کاشت کیگئی ہے ۔ یعنی ۳۷-۳۸ لاکھ ایکڑ کا صرف گندم کی کاشت میں اضافہ ہوا اگرچہ میں اس اضافہ کا انکو کریڈٹ دینے کیلئے تیار نہیں ہوں ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ اور اگر ایسا نہ ہوتا تو کس پر یہ الزام آتا ۔ فرض کیجئے کہ اگر اتنا رقبہ گندم کیلئے زیر کاشت نہ آتا تو blame گورنمنٹ پر آتا ۔

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ میں اسلئے کریڈٹ نہیں دیتا کہ جسقدر بھی ۱۰ سال میں زرعی زمین میں اضافہ ہوا ہے وہ ان منصوبوں کی پیداوار ہے کہ جو اس حکومت کے معرض وجود میں آنے سے پہلے تکمیل ہو چکے تھے یا تکمیل ہو رہے تھے ۔

Rai Mansab Ali Khan: Question !

خواجہ محمد صفدر - میرے دوست کوئسچین کر رہے ہیں - میں کس کس کا نام لوں میرے پاس وقت تھوڑا ہے۔۔۔آپ Barrages کی زمینیں دیکھ لیجئے اسکا جناب والا نتیجہ یہ ہوا۔۔۔اور اسکے ساتھ ساتھ محکمہ زراعت پر ہمارے اخراجات کا بے پناہ اضافہ ہوا یعنی ۱۹۵۶-۵۷ء میں محاصل کے بجٹ میں سے زراعت کے محکمہ پر ایک کروڑ ۴۷ لاکھ روپیہ صرف ہونا تھا اور اس سال جناب وزیر خزانہ بہتر جانتے ہیں ۶ کروڑ ایک لاکھ روپیہ صرف ہوگا یعنی ہمارے اخراجات (میری غرض صرف زراعت سے ہے) چار گنا اضافہ ہو چکا ہے - یعنی ہم آج سے دس سال قبل کے مقابلہ میں زیادہ زمین بھی زیر کاشت لے آئے ہیں اور زیادہ روپیہ بھی صرف کر رہے ہیں یعنی چار گنا روپیہ صرف کر رہے ہیں اور یہ رقم صرف محاصل کی مد میں سے ہو رہا ہے اس کے علاوہ ۱۵ کروڑ روپیہ ترقیاتی اخراجات میں زراعتی کاموں پر صرف ہو رہا ہے اور یہ صوبے کے اخراجات کا حساب ہے ملکی سطح پر اخراجات کو دیکھئے - پہلے پنجسالہ منصوبے میں ہمنے زراعت پر ۱۲۱ کروڑ روپیہ خرچ کیا تھا - دوسرے پنجسالہ منصوبے میں ۳۴۲ کروڑ یعنی تین گنا اور تیسرے منصوبے میں ۸۶۷ کروڑ روپیہ صرف ہوگا - ۷۰-۶۵ کے پانچ سالوں میں صرف ہوگا - میں یہ پبلک سیکٹر اور پرائیویٹ سیکٹر کی کل رقم ملا کر بتا رہا ہوں - اور تیسرا سیکٹر زرعی پیداوار بڑھانے کیلئے کھاد کا سیکٹر ہے - ۱۹۵۰ء سے پہلے صوبے میں اور اس ملک میں کھاد کا کوئی نام نہیں جانتا تھا - یہ ہمارے سامنے کی بات ہے کہ ۱۹۵۰-۵۵ء تک اگر کسی کاشتکار یا زمیندار سے کہا گیا کہ مصنوعی کھاد استعمال کرو تو وہ کہتا تھا ''نہیں بابا'' مجھے اپنی فصل جلانا نہیں ہے - کھاد کے اعداد و شمار یہ ہیں ۱۹۵۹-۶۰ء

میں اس صوبے میں ۱۹ ہزار ٹن کل کھاد استعمال ہوئی تھی ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۸۷ ہزار ۲۰۰ ٹن کھاد استعمال ہوئی اور ان تمام امور کے باوجود پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوا ۔ ان تمام باتوں کے باوجود ہماری فی ایکڑ اوسط پیداوار میں اضافہ نہیں ہوا ۔ اور اگر ہوا ہے تو وہ اس قابل نہیں ہے کہ اس کا ذکر کیا جائے ۔ اگلے روز جناب وزیر زراعت نے اوسط نکال کر ہمیں بتایا تھا کہ ۵۵-۵۰ء تک ۸ من فی ایکڑ اوسط تھی اور ۶۰-۵۵ء تک پیداوار ۵٫۸ من تھی اور ۶۱ تا ۶۵ء میں ۹ من تھی ۔ جناب والا یہ دراصل ایسی بات ہے کہ جس کے متعلق سارے سالوں کا حساب سامنے رکھ کر ہی ہم کسی نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں ۔ ۵۱-۵۰ء میں گندم کی اوسط پیداوار ۹٫۹ من فی ایکڑ تھی ۔ ۵۴-۵۳ء میں ۹٫۴ تھی اور یہی پیداوار کم و بیش ہوتی رہی لیکن ۵۷-۵۶ء میں یا اسکے بعد ۶٫۸ اور پچھلے سال میں حساب کے مطابق اگر میں غلطی نہیں کر رہا تو صرف ۸ من تھی ۔ ۶۶-۶۵ء میں فی ایکڑ پیداوار ۸ من تھی ۔ اس سے پچھلے سال ۸٫۹ من تھی ۔ ۶۴-۶۳ء میں ۹ من تھی تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ۱۹۵۱ء میں جب کہ صوبے کی گندم کی پیداوار ۹٫۹ تھی ابھی ہم اس پیداوار کی حد تک دوبارہ نہیں پہنچے ۔ جناب والا ۔ میں کسی کو مطعون نہیں کرنا چاہتا لیکن میری گذارش یہ ہے کہ ہم ابھی تک اجناس خوردنی کی پیداوار میں کوئی ترقی نہیں کر سکے ۔ اس لئے میرا مقصد یہ ہے کہ اگر کہیں غلطی ہے تو اس کی اصلاح کر لیجائے اور پھر ہم اس کے بعد کامیابی کے راستہ پر چل سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میرا یہ دعوے ہے کہ ہمارے ہاں بہت خرابیاں ہیں ۔ پہلی خرابی تو یہ ہے کہ اراضی کی تقسیم کے بارے میں حکومت کی پالیسی میری رائے میں انتہائی ناقص ہے ۔ جناب

صدر مملکت نے اس ملک میں زمین کی اصلاحات فرمائیں اور ایسا کر کے یہ دعوئے کیا کہ انہوں نے بڑی بڑی زمینداریاں ختم کر دی ہیں اگرچہ عملی طور پر وہ ساری زمینداریاں موجود ہیں - ہمیں جو شکایت ہے وہ یہ کہ عمائدین مملکت نے سابقہ زمینداریاں کیا ختم کرنی تھیں نئی زمینداریاں پیدا کر دی ہیں اور مزید پیدا کر رہے ہیں - چھوٹی نہیں بڑی بڑی زمینداریاں اور وہ بھی غیر حاضر زمینداروں کی - پہلے زمیندار کم از کم اپنے کھیت میں خود جایا کرتے تھے اور ان کی دیکھ بھال ان کے ذمہ ہوا کرتی تھی اگر ان کے پاس ۳۰-۴۰ ہزار ایکڑ زمین ہوتی تھی تو وہ اس کی خود دیکھ بھال بھی کرتے تھے غیر حاضر تو نہیں ہوتے تھے - لیکن اب صورت حال یہ ہے غیر حاضر زمینداروں کی فوج کی فوج پیدا کردی گئی ہے جناب والا اس سلسلے میں میں تھوڑے سے اعداد و شمار عرض کرتا ہوں -

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب آپ کتنا وقت اور لیں گے ؟

خواجہ محمد صفدر—جناب والا - تھوڑا سا وقت اور لوں گا میں زرعی اراضی کی تقسیم کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - - -

I have grave doubts about that Sir.

جناب والا - میں نے اس ایوان میں سوال پوچھا تھا جو نشان زدہ نہیں تھا - میں نے پوچھا تھا کہ بارڈر ایریا سکیم کے تحت کس قدر زمین افسران اور ملازمین فوج کو تقسیم کی گئی تو اس کے جواب میں یہ بتایا گیا کہ شیخوپورہ - سیالکوٹ - لاہور - ساہیوال - اور بہاول نگر کے ۵ اضلاع میں ایک لاکھ ۸۰ ہزار ایکڑ تقسیم کی گئی ہے - اب جناب دوسری طرف آئیے میں نے ایک اور سوال پوچھا تھا بیراجوں کے متعلق کہ غلام محمد بیراج میں ملازمین کو چاہے وہ سول ملازم ہوں یا فوجی ان کو

کتنی زمین دی گئی ہے تو ارشاد فرمایا گیا جناب وزیر مال کی طرف سے کہ ایک لاکھ ۲ ہزار ۵۲۷ ایکڑ زمین ان کو دی گئی ہے بلکہ ایک لاکھ ۲ ہزار ۷۳۷ ایکڑ زمین مختلف افسران کو دی گئی ہے اور میں نے گدو بیراج کے متعلق بھی سوال کیا تھا تو انہوں نے فرمایا کہ ۹۷ ہزار ۸۵۷ ایکڑ زمین افسران والا تبار کو دی گئی ہے مختصر یہ کہ ان تین سکیموں کے تحت ۳ لاکھ ایکڑ سے زائد زمین افسروں کو دی گئی ۔

Minister of Finance : Most of them take interest in cultivation.

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ ملازمت کرتے ہیں یا زراعت کرتے ہیں ۔ دونوں کام تو ایک وقت میں نہیں ہو سکتے ۔

Minister of Finance : Most of them get after retirement.

خواجہ محمد صفدر ۔ خیر جناب وہ اس سکیم میں شامل نہیں ہیں ۔ میں افسران کے حالات کو تھوڑا جانتا ہوں ۔ جن ملازمین کو زمینیں ملی ہوئی ہیں پانچ پانچ سال گزر گئے مگر وہ اکثر حالات میں ان اراضیات کو آباد نہیں کر سکے کہ گدو بیراج میں اراضی کی تقسیم کے متعلق کل میرے سوال کا جواب دینے سے جناب وزیر مال نے انکار کر دیا تھا میں نے پوچھا کہ کتنا رقبہ افسران اور ہاریوں کے لئے مخصوص کیا گیا ہے ۔

Minister of Finance : Is this a Government publication ?

Khawaja Muhammad Safdar : This is not a Government publication.

Minister of Law : Haidar Bakhsh Jatoi's.

وزیر خزانہ ۔ حیدر بخش جتوئی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ وہ بزرگ ہیں جن کی زبان بندی ہے اور وہ میرا خیال ہے کہ وزیر مال صاحب نے ان کی زبان بند کوائی ہوگی ۔

اور ان کی زبان بندی کرنی کس کے ذمے ہو سکتی ہے ۔ وہ کوئی پمفلٹ شائع نہیں کرا سکتے نہ وہ کوئی تقریر کر سکتے ہیں ۔ قلم اور زبان دونوں پر پابندی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب آپ اپنی تقریر ختم کیجئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب اس مسئلے کو ختم کرتا ہوں لیکن ایک دوسرے مسئلے کے لئے کچھ تھوڑا سا وقت لینا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خیال نہیں تھا کہ آپ اتنا وقت لیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب ابھی ختم کئے دیتا ہوں ۔ ہاریوں کے پاس کل زمین کا ۳۸ فیصد ہے ۔ فوجیوں کے پاس ۱۵ فیصد ۔ سول افسران کے پاس ۵ فیصد اور نیلامی کے مختص زمین ۱۵ فیصد اور ۵ فیصد منڈیوں ، شہروں اور سڑکوں کے لئے وغیرہ مخصوص ہے جو رقبہ ہاریوں کے لئے مخصوص کیا گیا تھا اس کے زیادہ سے زیادہ ۴۰ فیصد کا قبضہ انہوں نے حاصل کیا ہے ۔ باقی رقبہ کا قبضہ ہاریوں نے حاصل نہیں کیا ۔ کیونکہ جو رقبہ انکو ملا ہے وہ ناقص ترین ہے اور اس کے برعکس افسران کو ۹۷ ہزار ایکڑ الاٹ ہوا ہے اس میں ۹۳ ہزار ایکڑ زمین کا وہ قبضہ لے چکے ہیں کیونکہ یہ رقبہ بہترین تھا ۔ جو خود کاشت نہیں کرتے انکے لئے بہترین رقبہ جات مخصوص کئے گئے ہیں ۔ اور بد ترین رقبہ ان کو دیا گیا ہے جو اپنے ہاتھ سے ہل چلاتے ہیں یا جنہوں نے اپنے ہاتھ سے ہل چلانا ہے ۔ جناب والا ۔ مجھے اس پالیسی سے قطعاً اتفاق نہیں ہے ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ دوسری اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک مدت کے پر زور مطالبہ کے بعد جناب ملک خدا بخش صاحب نے گندم کی قیمتوں کا مناسب تحفظ مہیا کیا ہے ۔ پہلے یہ ہوتا تھا کہ جب گندم کی فصل کاشت ہو جاتی تھی بلکہ جب گندم

کی فصل منڈیوں میں آنی والی ہوتی تھی ، اس وقت اس کی قیمت کا اعلان کیا جاتا تھا ۔ بلکہ بعض دفعہ اس کے بھی بعد ۔ اب انہوں نے ۳ سالوں کے لئے گندم کی قیمتوں کا اعلان کر دیا ہے جس سے زمیندار فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔ اب گندم کے زیر کاشت رقبہ میں اضافہ کا خاصا امکان ہے ۔ ہر شخص چاہتا ہے کہ اسے اپنے مال کا زیادہ سے زیادہ معاوضہ ملے ۔ زمیندار کو کیوں اس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے ۔ ان کو بھی ان کی مزدوری کا زیادہ سے زیادہ معاوضہ ملنا چاہئے ۔ اگر ان کو معلوم ہو کہ آئندہ ۳ سال میں انہیں گندم کی یہ قیمت ملے گی تو وہ نقد اور اجناس کی بجائے گندم پیدا کریں گے ۔ میں دور نہیں جاتا اپنے ضلع کی بات کرتا ہوں ۔ اگرچہ ہم گندم میں کبھی خود کفیل نہیں ہوئے پھر بھی وہاں اس قدر گندم ہو جاتی تھی جو ہماری ۸/۷ ضروریات کو پورا کرتی تھی ۔ مگر ہمارے زمینداروں نے گندم بونا بند کر دی اس لئے کہ دھان کی کاشت میں زیادہ منافع تھا ۔ اسی طرح فرنٹئیر میں بھی گندم کاشت ہو سکتی ہے اور ہوتی رہی ہے ۔ لیکن زمیندار کو اگر گنے اور تمباکو کی کاشت سے زیادہ منافع ہو تو وہ کیوں نہ انکی کاشت کر لے ۔ یہ اقتصادیات کا اصول ہے اور انکے خلاف ہمیں کوئی شکایت نہیں ہونی چاہئے ۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کو ترغیب دیں کہ وہ گندم کی کاشت کریں ۔ اور وہ اسی صورت میں ممکن ہے جب اس سے انکی آمدنی کا معقول انتظام ہو جائے ۔ مجھے یقین ہے کہ اگر وزیر زراعت صاحب عمدہ بیج مہیا کریں ۔ اور مشینی ذرائع کو فروغ دیں اور گندم کے رقبہ کا تعین کر دیں ۔ ہمارے پاس قانون موجود ہے جس کے تحت ہم مختلف اجناس کی کاشت

کے لئے رقبہ مقرر کر سکتے ہیں ۔ تو گندم کی کاشت میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکتا ہے ۔

اب میں نئے منصوبوں کی طرف آتا ہوں ۔ جناب والا ۔ میں نے اس کتابچہ کا بڑے غور سے مطالعہ کیا ہے اس میں ہمارا ٹارگٹ یہ ہے کہ ہم ۱۹۶۷-۶۸ء میں ۵۴ لاکھ ٹن گندم پیدا کریں گے ۱۹۶۸-۶۹ء میں ۶۱ لاکھ ٹن اور ۱۹۶۹-۷۰ء میں ۷۰ لاکھ ٹن ٹارگٹ نہایت معقول ہے اگر ہم اسے حاصل کر سکیں تو خود خوراک کے اعتبار سے خود کفیل ہو سکتے ہیں ۔ لیکن کیا کتاب میں لکھی ہوئی یہ تجاویز قابل عمل بھی ہیں ۔ میری رائے میں یہ تجاویز قابل عمل نہیں ہیں ۔ مثال کے طور پر پہلے سال کو لیجئے ۔ جناب والا ۔ میں زمیندار نہیں ہوں بلکہ زراعت کی بہت کم واقفیت رکھتا ہوں ۔ لیکن اپنے دوستوں سے ان معاملات پر اکثر گفتگو کرتا رہتا ہوں ۔ ملک صاحب کی کتاب ''ہماری زراعت'' بھی میرے پاس ہے ۔ میں نے کوشش کی ہے کہ میں یہ مسئلہ سمجھ سکوں ۔ اس نئے منصوبہ میں کہا گیا ہے کہ آئندہ سال ۲۰ لاکھ ایکڑ میں میکسیکن بیج کاشت کیا جاویگا ۔ اس صورت میں ہمیں کن چیزوں کی ضرورت ہوگی ۔ جناب والا اس سکیم میں یہ درج ہے کہ ۳۳ فیصد پانی کی زیادہ ضرورت ہوگی ۔ لیکن بعض دوستوں کی رائے ہے کہ اس کاشت کے لئے کم از کم ۵۰ فیصد زیادہ پانی کی ضرورت ہوگی ۔ ہمارے ہاں عام طور پر گذشتہ کئی دنوں سے ہر طرف سے یہ شور و غوغا ہے کہ صوبہ کے ہر حصہ میں نہری پانی کم مل رہا ہے ، پانی کی قلت ہے ۔ سب سے بڑی رکاوٹ ہماری کامیابی کے راستہ میں پانی کا حصول ہے ۔ انکے اس منصوبہ کے مطابق ۷۸ سو نئے ٹیوب ویل واپڈا لگائے گا اور ۳ ہزار محکمہ انہار اور ۴۰ ہزار عام لوگ لگائیں گے ۔ اب جناب والا ۔

لیکن اس وقت اس منصوبہ کی صورت حال کیا ہے ۔ محکمہ انہار کا یہ منصوبہ ابھی تک زیر تجویز ہے اور ابھی انکے لئے روپیہ بھی میسر آنا ہے ۔ آپ پہلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۔

A very high priority needs to be given to the revised public and private sector water programmes.

Within the revised, SCARP Programme for the Third Plan, there is need for giving a high priority to the non-perennial Bahawalpur SCARP. The yearly targets for installation of SCARP tubewells especially these should be finalised as quickly as possible.

آگے فرماتے ہیں ۔

WAPDA should be directed to finalise its projects SCARP 4,5 and 6 and SCARP Rohri quickly, get them approved and attempt to firm up foreign credits for them.

منصوبہ کا کوئی حصہ بھی مکمل نہیں ۔ اس کی تکمیل کب اور کہاں ہو گی ۔ ابھی تک صرف منصوبہ بندی ہے ۔

The foreign exchange component of the public investment in water, power distribution and rolling-stock of the railways can presumably be covered by foreign project assistance. Timely preparation of projects and negotiation of aid are the main requirements.

اس کے بعد مختلف محکمے منظوری حاصل کریں گے ۔ اور جب منظوری حاصل ہو جائیگی پھر ان منصوبوں کے لئے بیرونی قرضہ جات کا حاصل کرنا ہے ۔ میں جناب وزیر زراعت سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کا منصوبہ موثر ہو سکتا ہے ۔ مثال کے طور پر آپ نے ۴۰ ہزار پرائیویٹ ٹیوب ویل عوام کو ترغیب دے کر نصب کرانے ہیں ۔ صرف اس منصوبہ کے لئے ۱۵ کروڑ کی رقم زرمبادلہ کی شکل میں درکار ہے ۔ منصوبہ بندی کی اس کتاب میں یہ لکھا ہوا ہے ۔ ''فارن فرمز سے ہم رابطہ پیدا کرنے کا انتظام کریں گے آگے صفحہ ۱۵ پر درج ہے کہ اس سکیم کو پورا کرنے کے لئے ریلوے کے وسائل میں ترقی ہونی

چاہئیے ۔ اس کے لئے بھی قرضہ حاصل کرنے کے لئے پراجیکٹ بنانا ہے ۔ پھر قرضہ حاصل کرنے کے لئے بات چیت ہو گی ۔ پھر قرضہ ملنا ہے پھر ترقی ہونی ہے ۔ اس منصوبہ کی تکمیل کے لئے ۵ لاکھ ٹن مصنوعی کھاد کی ضرورت ہے ۔ اس کے حصول کے لئے بھی ابھی ابتدائی کام تک شروع نہیں ہوا ۔جیسا کہ اس عبارت سے ظاہر ہے ۔

"Presumably these amounts would be furnished by foreign private investors."

وہ کون سے ہیں ۔ کہاں ہیں ۔ کدھر ہیں ۔ کب ان سے رابطہ ہوا یہ کوئی پتہ نہیں ۔ واپڈا کے ذمہ ۸ ہزار ٹیوب ویل نصب کرنا ہے ۔

"For an annual programme of 8,000 wells, a sum of 1/2 crore rupees would, therefore, be required. It would be highly desirable to have a larger import programme in the initial year..... It may well be possible to obtain foreign loans for tubewell materials."

پھر جناب آگے چلئے ۔ اس ۳ کروڑ کے قرضہ کے لئے نہیں بتایا گیا کہ کہاں سے ملے گا ۔ پھر اس سے آگے درج ہے کہ ۷۵ کروڑ روپیہ درکار ہے ۔

"All these foreign exchange expenditure will, however, pay off very well indeed."

پھر جناب والا ۔ ہمیں جس قدر قرضے ملے ہیں ان کی ایک قسم پراجیکٹ لونز ہے ان کے حصول کا طریقہ یہ ہے پہلے کنسلٹنٹ کے ذریعہ ایک منصوبہ تیار ہوتا ہے ۔ وہ ملک یا ایجنسی جس سے قرضہ حاصل کرنا ہوتا ہے وہ ملک اس منصوبہ کو اپنے کنسلٹنٹ کے پاس بھیجتے ہیں کہ وہ اس منصوبہ کی جانچ پڑتال کریں اگر وہ ماہرین اس منصوبہ کر پسند کریں تو قرضہ کے لئے گفتگو جاری ہوتی ہے ۔ میں وزیر زراعت سے پوچھتا ہوں کہ آپ ۲ لاکھ ۲۰ ہزار ایکڑ کے لئے ۵۰ فی صد زیادہ پانی کہاں سے لائیں گے اس وقت ہم اپنی گندم کو صرف دو پانی دیتے ہیں ۔ بعض خوش قسمت زمیندار ہیں جو تین پانی دیتے ہیں ۔

تین پانی دینے سے فصل اچھی ہوتی ہے لیکن چونکہ پانی نہیں ملتا ہے ۔ نہروں میں پانی کم ہے ۔ دریاؤں میں پانی کم ہے ۔ اگلے روز وزیر انہار ارشاد فرما رہے تھے کہ جون جا رہا ہے دریاؤں میں پانی نہیں ہے ۔ اس لئے کاشت کار اکثر حالات میں گندم کی فصل کو دو بار پانی دے سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker: The time is extended till 2.p.m.

خواجہ محمد صفدر ۔ Thank you very much, Sir. جناب والا ۔ گذارش یہ ہے کہ جب تک پانی کا انتظام نہیں ہوتا ۔ جب تک ۵۰ فیصد زائد پانی کا انتظام نہیں ہو جاتا اس وقت تک فصل اچھی نہیں ہو سکتی ۔ یہ ٹھیک ہے اگر پانی پورا ہو جائے تو مجھے انتہائی خوشی ہو گی اگر ۵۰ یا ۴۰ ہزار ٹیوب ویلز سے اس صوبہ کی ضروریات پوری ہو جائیں یعنی پانی ہمیں مل جائے گا ۔ زمین ہمارے پاس ہے صرف پانی کی ضرورت ہے ۔ میکسی پاک بیج اس سال یا اگلے سال تک ہو سکتا ہے اس سال گورنمنٹ نے ۴۵ ہزار ٹن بیج درآمد کیا ہے اگلے سال یہ بیج بوئیں گے اس سے مقامی طور پر بیج کافی مقدار میں پیدا ہو سکتا ہے ۔ بیج کے سلسلے میں ہم کسی حد تک خود کفیل ہو جائیں گے لیکن پانی کے متعلق آپ کے جتنے منصوبے ہیں اس کیلئے ہم نے خود منصوبہ بندی کرنی ہے ۔ پھر وہ زر مبادلہ کی تلاش کرنی ہے پھر وہاں منصوبہ بندی کی پڑتال ہونی ہے پھر گفت و شنید ہونی ہے اس ضمن میں میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے لئے انتہائی مشکل ہے کہ ہم ان تین سالوں میں اس منصوبہ بندی پر کامیابی کے ساتھ عمل کر سکیں ۔ مثال کے طور پر میں سیالکوٹ کی بات کرتا ہوں ۔

صفحہ ۱۶ پر درج ہے کہ سیالکوٹ میں گندم کی پیداوار اس طرح بڑھ جائے گی پہلے سال ۱ لاکھ ۳۷ ہزار ٹن ہو جائے گی اس کے بعد

۔ لاکھ ۶۴ ہزار ٹن ہو جائے گی پھر اگلے سال ۱ لاکھ ۸۰ ہزار ٹن اگلے سال ہو جائے گی اور اس سے اگلے سال ۲ لاکھ ۳ ہزار ٹن ہو جائے گی ۔ میں جناب ملک خدا بخش صاحب سے پوچھتا ہوں کہ ہمارے ضلع میں تو پانی ہی نہیں ہے یہ فصل کہاں کاشت کریں گے ۔ کہاں سے یہ اضافہ ہوگا ۔ ہمارا ضلع بارانی ہے وہاں بیج ڈال دیا ، ہو گیا ہوگیا نہ ہوا نہ سہی ۔ آسمان کی طرف ہمارے زمینداروں کا دھیان ہوتا ہے کہ کہیں بارش برسے اور ہم کچھ کر سکیں ۔ جو وہاں تھوڑے بہت ٹیوب ویلز تھے ان میں سے ۹۱ ٹیوب ویلز ہندوستانی لے گئے ہیں جن کا ابھی تک کوئی معاوضہ نہیں ملا ۔ باقی چند ٹیوب ویلز ایک سکیم غالباً SCARP 3 کی اضافی سکیم کے تحت ہمارے ضلع میں نصب ہو رہے ہیں میں عرض کرتا ہوں کہ ضلع میں کچھ اور ٹیوب ویلز نصب کئے جائیں تاکہ ہم بھی اس مہم میں آپ کی کچھ مدد کر سکیں ۔ شائد اس وقت سیالکوٹ میں دو سکیمیں ہیں ان کو اگر آپ دیکھیں تو ایک سکیم میں ۵۴ ٹیوب ویلز ہیں اور ایک میں ۳۳ ٹیوب ویلز ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ تقریر ختم کرنے سے پہلے یہ پانی کی منصوبہ بندی کے متعلق بتائیں کہ یہ اس سے کیوں مطمئن نہیں ہیں اگر یہ مطمئن نہیں ہیں تو کیوں نہیں ہیں ۔ واٹر ڈویلپمنٹ پروگرام جو آپ نے study کیا ہے آپ کس لحاظ سے اس سے مطمئن نہیں ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں اس سے اس لئے مطمئن نہیں ہوں کہ نہ اس کیلئے ہمارے پاس سامان ہے ۔ ابھی ہم نے سامان امپورٹ کرنا ہے ۔ امپورٹ کرنے کیلئے ہمارے پاس پیسہ نہیں ہے وہ ہم نے قرضہ لینا ہے اس لئے یہ سکیم نامکمل ہے ۔ دو مہینے کے بعد یعنی ستمبر میں گندم کی بوائی کا موسم آجائے گا دو مہینے میں مجھے معلوم نہیں کہ کہاں

سے پانی آئے گا کس طرح ٹیوب ویلز نصب ہو جائیں گے ۔ واپڈا کے متعلق وزیر صاحب ارشاد فرمانا چاہتے ہیں ۔ اگلے روز راولپنڈی میں انکوائری شروع ہوئی ہے پتہ نہیں اس کا کیا ہوا ہے ۔ واپڈا کے متعلق اس ایوان میں ہم بات کرنا ہی پسند نہیں کرتے ۔ یہ ایسا ہی محکمہ ہے کہ جس کے متعلق نہ بات کی جائے تو بہتر ہے ۔ محکمہ انہار والے شائد ۳ ہزار ٹیوب ویلز لگا لیں لیکن محکمہ واپڈا والے سات یا آٹھ سو ٹیوب ویلز نصب کریگا میں ماننے کیلئے تیار نہیں ہوں ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ مجھے آپ نے زائد وقت میں سے ۲۵ منٹ دیئے ہیں ۔ میری مشکل کا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں ۔ آج First Reading کو ختم کرنا ہے ورنہ میں اپنی تقریر جاری رکھتا اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ میں تقریر کو مختصر کروں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے انتہائی افسوس ہے کہ میں غاصب ہوا ہوں کیونکہ میں نے زیادہ وقت لے لیا ہے ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ آج جو میری تقریر ہو گی اس میں اشاراتی اسلوب زیادہ ہو گا بجائے اس کے کہ تفصیلی بحث سے میں اپنے محترم دوست کو مطمئن کروں ۔ پیشتر اس کے کہ میں آپ کی توجہ خواجہ محمد صفدر صاحب کے ارشادات کی طرف مبذول کراؤں یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ میں ایک دو اور باتوں کی طرف آپ کی توجہ دلاؤں ۔

جناب والا ۔ میرے محترم دوست فاروق صاحب نے لینڈ ریونیو کے مسئلہ کو چھیڑ کر خواہ مخواہ ایک الجھاؤ پیدا کرنے کی کوشش کی یہ جناب بھی جانتے ہیں اور سارا ایوان بھی جانتا ہے کہ لینڈ ریونیو ایک ٹیکس نہیں ہے اس کا فلسفہ یہ ہے کہ یہ لگان ہے ۔ سرکار یا قوم جو زمین کی مالک ہوتی ہے یہی فلسفہ اسلام ہے ۔ یہی فلسفہ قانون مالگزاری ہے ۔

زمین کی overlordship سرکار یا قوم کے پاس ہے ہم لگان لیتے ہیں ۔ اس میں کوئی ٹیکس نہیں لیتے ہیں اس صورت میں جیسا کہ انہوں نے مثال دی ہے کہ آپ لوگ شہر والوں سے کیوں لگان نہیں لیتے ہیں ۔ شہر میں ہر مکان کا کرایہ لیا جاتا ہے ۔ ہر زمین پر ایک قسم کا کرایہ یا لگان لیا جاتا ہے ۔ خدا نہ کرے ۔ خدا نہ کرے اگر وہ کبھی برسر اقتدار آئیں . . .

ملک محمد اختر ۔ میں جلد برسر اقتدار آنا چاہتا ہوں ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ میں آپ کے متعلق نہیں کہہ رہا ہوں ۔ میں ان کے متعلق کہہ رہا تھا اور اگر انہوں نے اس تجویز پر عمل درآمد کیا اور ساڑھے بارہ ایکڑ والے لوگوں کو مستثنیٰ قرار دیا تو میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں تو ہمارے چھوٹے چھوٹے کھیت بٹ کر اور بھی چھوٹے چھوٹے ہوتے جائیں گے اور ایسی صورت پیدا ہو جائے گی جس سے ہم کسی قسم کی کاشت نہیں کر سکیں گے ۔ میں ان دو باتوں کے سوا اور کوئی بات ان سے عرض نہیں کرنا چاہتا ۔

جناب والا ۔ اب میں خواجہ محمد صفدر صاحب کے ارشادات کے ایک پہلو کے متعلق جو انہوں نے اپنے موضوع سے ہٹ کر کہا تھا کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔ حزب اختلاف کے متعلق سرونسٹن چرچل کی زبان سے یہ بتلایا ہے کہ ان کا مقصد صرف اختلاف کرنا ہے یعنی ان کا مقصد یہ ہے کہ حزب اختلاف کا کام ہی اختلاف ہے ۔ ان کی بنیاد بھی اختلاف ہے ۔ ان کا بقا بھی اختلاف ہے ۔ ان کی ارتقا بھی اختلاف ہے ۔ اس لحاظ سے اگر یہ بات درست ہے تو میرے خیال میں وہ مجھے معاف رکھیں گے اور میں حاجی عطا محمد صاحب کی تقلید کر رہا ہوں ۔ یہ اختلاف اسلامی انداز فکر

نہیں ۔ یہ انداز فکر نہیں بننا چاہئے ۔ یہ اختلاف کسی حد تک محدود ہونا چاہئے ۔ جو چیز قوم کے مفاد سے ٹکرائے اس سے بیشک اختلاف ہونا چاہئے ۔ مگر آپ نے یہ فرمایا ہے oppose کرنا ہمارا حق ہے ۔ میں نہایت ادب سے اور پوری دلسوزی کے ساتھ اپیل کروں گا اس اختلاف کے مطابق اختلاف کو اس حد تک نہ جانے دیجئے ۔ اس لحاظ سے میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں اختلاف والی تجویز جو ان کے ذہن میں ہے وہ اس وقت تو درست تھی جس وقت ہم آزاد نہ تھے اس وقت حزب مخالف کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ ہمیں اس حکومت کے ساتھ اختلاف کرنے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں تھا ۔ جب ہم آزاد ہو گئے ہیں تو حزب اختلاف کا بھی ایک مقصد ہے اس کا بھی ایک رول ہے ۔ اس کا مقصد یہ نہیں ہے کہ اختلاف برائے اختلاف ہو ۔ تنقید برائے تنقید ہو ۔ اختلاف اس بات پر ہو کہ جہاں قوم کا مفاد ٹکرا رہا ہو ۔ ہم ایسے اختلاف کا خیر مقدم کریں گے ۔ میں آج بھی اس بات کا متلاشی رہا مگر خواجہ محمد صفدر صاحب نے اپنے موضوع کے آخیر میں بیان فرمایا اورموضوع سے ہٹ کر سیمینار (Seminar) دوسرے پانچ سالہ منصوبہ۔۔۔کا حوالہ دیتے ہوئے ساری تقریر ختم کر دی ۔ دوسرے پانچ سالہ منصوبہ۔۔۔کو گذرے ہوئے دو سال کا عرصہ گذر چکا ہے اب اس کے تجزیے کے متعلق وہ اعداد و شمار پیش کر رہے ہیں ۔ اگر میں آپ کی خدمت میں اعداد و شمار پیش کروں تو میں یہ ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ جو نتیجے وہ نکال رہے ہیں وہ نتیجے درست نہیں ہیں یا جو نتیجے انہوں نے جس طریقے سے نکالے ہیں وہ درست نہیں ہیں ۔ میں نہایت ادب سے پھر ایک لفظ استعمال کروں گا کہ انہوں نے غلط تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں ہم نے جو ٹارگٹ مقرر کئے ہیں جو منتہائے نظر مقرر کئے گئے وہ حاصل کئے اگر وہ یہ ثابت کر دیں کہ

ہم وہ منتہائے نظر حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں تو ہم اس بات کے مجرم ہیں . . . مگر ہم نے منتہائے نظر ہی ایسے مقرر کئے تھے اور اس کے لئے رقم بھی اتنی رکھی تھی اور ہم نے اس کے لئے سرمایہ کاری بھی کی تھی اور ہم ان کے لئے اتنے ذرائع اور اتنے وسائل بھی لے آئے تھے تو پھر ہم کس طرح مجرم گردانے جا سکتے ہیں ۔ ہمیں کس طرح معتوب کیا جا سکتا ہے ، ہمیں کس طرح مغضوب قرار دیا جا سکتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ کا منتہائے نظر غذائی قلت ہے ۔

وزیر زراعت ۔ چونکہ میں نے بہت سے جوابات عرض کرنے ہیں اس لئے میں آپ سے معافی مانگتا ہوں (قطع کلامیاں) ۔ میں اس سے زیادہ تو تیز گام نہیں ہو سکتا ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر سپیکر ۔ ایک طرف تو آپ کہتے ہیں کہ جلدی کی جائے اور پھر آپ پوائنٹ آف آرڈر بھی اٹھا رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ ہمیں تو ہر روز اس سے واسطہ پڑتا ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔

وزیر زراعت ۔ چونکہ آپ کا حکم تھا ، میں اس لئے جلدی کر رہا ہوں مگر آپ خاموش رہیں گے تو بات بن جائیگی ۔ میں تو ہمیشہ آپ کی بات خاموشی سے سنتا ہوں اور کبھی بھی کوئی مداخلت نہیں کرتا ۔

تو میں یہ عرض کرنا چاہتا تھا ۔ میرا ارادہ یہ تھا ۔ میرا یہ خیال تھا تھا اور میرا نقطہ نظر یہ تھا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب ہمارے اس سال کے منصوبوں کے بارے میں ہمیں اپنے خیالات سے نوازیں گے کہ ہم کس

طرح ان میں کوتاھیاں کر رھے ھیں یا کس طرح ھم سے کوئی فروگذاشت ھوئی ھے تاکہ ان کی نشاندھی کی صورت میں ھم اپنے منصوبوں پر نظرثانی کریں تاکہ اس بات کا نتیجہ نکالیں کہ کس طرح ھم راہ راست پر چل کر ھم اپنے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے جلد از جلد کوشش کریں ۔ عرض احوال یہ ھے کہ چونکہ انہوں نے پانچ دس منٹ میں اپنے ارشادات سے ھمیں نوازا ھے تو اس لئے یہ ضروری معلوم ھوتا ھے کہ میں بھی اس سال کے منصوبوں کے متعلق اس معزز ایوان کی خدمت میں کچھ تھوڑا سا عرض کروں کہ یہ کیا منصوبے ھیں ۔ یہ منصوبے اس غرض کے لئے ھیں کہ ھم جلد از جلد اپنی ضروریات کے سلسلے میں خود کفیل ھوں اور اس وقت کیا منصوبے ھیں ھم نے ان کے لئے کتنا روپیہ رکھا ھے ۔ یہ بات بہت بڑھائی گئی ھے کہ صنعت کو ترجیح دی گئی ھے ۔ میں خواجہ صاحب کی خدمت میں بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ کوئی ملک ایسا نہیں ھے کہ جس میں صرف زراعت کی بنیاد پر ھی گذر بسر ھو سکے کوئی ملک ایسا نہیں ھے کہ جس میں صرف صنعت کی بنا پر گذر بسر ھو سکے اور پھر ھمارا تو مقصد ھے بھی یہ کہ ھم ملک میں Agric-Industrial Economy بنائیں گے ۔ نہ تو ھم زراعت کو چھوڑ سکتے ھیں اور نہ ھی صنعت کو چھوڑ سکتے ھیں ۔ اگر ایک کو ترقی دیں گے تو ھماری معیشت lop sided ھو جائے گی اور ھمارا نصب العین تو یہ ھے کہ ھماری معیشت Agric-Industrial Economy ھے کہ جس سے زراعت کا مقصد بھی پورا ھو اور زراعت بھی اپنا کردار ادا کر سکے ۔ اور صنعت بھی اپنا کردار ادا کر سکے ۔ کسی لحاظ سے ان میں کوئی تصادم نہیں ھے ۔ کم از کم اور میں زراعت اور صنعت میں کوئی تصادم نہیں پاتا ھوں ۔ معلوم نہیں کہ میرے دوست کو کہاں سے اعداد و شمار مل گئے ھیں کہ جو انہوں نے یہاں پر پیش

کئے ہیں دراصل بحث تو اس سال کے میزانیئے پر ہو رہی ہے اور اس سال ہم نے پندرہ سولہ کروڑ روپے کے قریب صنعت کے لئے رکھے ہیں اور انتیس کروڑ روپے کے قریب صرف زراعت کے لئے رکھے ہیں ۔ کیا اس سے کوئی ایسی صورت پیدا ہو سکتی ہے کہ ہم نے زراعت کے ساتھ سوتیلی ماں کا سا سلوک کیا ہو ۔ آپ آبپاشی کے لئے مخصوص کردہ پچاس کروڑ روپے کو بھی ملاحظہ فرمائیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ زراعت کے متعلق ہے یا صنعت کے متعلق ہے ۔ اس سے آگے ملاحظہ فرمائیں کہ پچیس فیصد جو Power کے متعلق ہے ۔ اور ٹیوب ویلوں کی تنصیب کے لئے رقم رکھی گئی ہے ۔ یہ تقریباً آٹھ کروڑ روپے کے قریب بنتی ہے ۔ اس کے علاوہ ایک اور بات کو بھی سوچنا چاہئے اور وہ یہ ہے کہ جو رقم یہاں پر موجود ہے ۔ صرف وہی نہیں لگائی جا رہی ہے ۔ آپ کو علم ہے کہ تینتیس کروڑ روپے کی کھاد ہمیں منگوانی پڑیگی اور آٹھ کروڑ روپے کا بیج خریدنا پڑے گا ۔ یہ رقم بھی اسی میں شامل ہے ۔ میں نے جو حساب لگایا ہے اسکے مطابق ہم امسال ۱۴۰ کروڑ روپے زراعت کے شعبے میں invest کر رہے ہیں اس پر خرچ کیا جا رہا ہے اور اسکے باوجود میرے دوست فرماتے ہیں ۔ کہ یہ رقم کافی نہیں ہے ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں کہ جو subsidy آج زراعت کو مل رہی ہے ان کے اپنے عہد میں بھی کبھی اتنی دی گئی تھی ۔ دس کروڑ روپے اس بات کے لئے مل رہے ہیں کہ ہم کافی کھاد استعمال کر سکیں ۔ تین کروڑ روپے pesticides کے لئے مل رہے ہیں ۔ دو کروڑ بیس لاکھ روپے mechanization کے لئے مل رہے ہیں ۔ اور ایک کروڑ روپے کے قریب بورنگ کے سلسلے میں مل رہے ہیں اور یہاں پر انہوں نے یہ فرما دیا ہے کہ کچھ انتظام نہیں ہے اور یہ کہ اتنا روپیہ کہاں سے آئیگا ۔ تو میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک

پرائیویٹ سیکٹر کا تعلق ہے اسمیں انہوں نے خود کوشش کی ہے اور کوشش کر کے انہوں نے چالیس ہزار کے قریب ٹیوب ویل نصب کر لئے ہیں اور جہاں پہلے تین چار ہزار ٹیوب ویل تھے اب وہاں خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم سے چالیس ہزار ٹیوب ویل ہیں اور اگر انہوں نے غور فرمایا ہو تو وزیر خزانہ نے از راہ نوازش اس منصوبے کے متعلق اپنے cash resources سے ایک کروڑ روپیہ دیا ہے تاکہ pipes حاصل کئے جا سکیں اور ان کی تکالیف کم ہو جاوے حالانکہ ان کے پاس بڑی کم رقم ہے لیکن pipes کے لئے پھر بھی ایک کروڑ روپے کا انتظام کیا گیا ہے کیونکہ ضرورت تو صرف pipes کی ہی ہوگی انجن موٹریں اور بجلی اور ڈیزل آئل تو یہاں پر موجود ہیں مقصد یہ ہے کہ ہمیں صرف pipes کی ضرورت ہوگی جس کے لئے انہوں نے اپنے cash resources سے ایک کروڑ روپے رکھے ہیں ۔ لہذا نہ کسی منصوبے کی ضرورت نہیں ہے نہ کسی قرضے کی ضرورت ہے اور نہ کسی کے سامنے دامن پھیلانے کی ضرورت ہے لہذا اس لحاظ سے ان کا یہ خیال بھی درست نہیں ہے ۔ بہر حال اصلی چیز تو یہ ہے اور انہوں نے بار بار یہ فرمایا ہے اور صنعت کو ترجیح دی جا رہی ہے ۔ انہوں نے ایک اخبار میں ایک مضمون بھی لکھا تھا اور میں نے نہایت ادب سے یہ جرأت کی تھی کہ ان کی توجہ اس طرف دلاؤں کہ صرف آٹھ فیصد صنعت کو مل رہا ہے اور پھر جناب والا آپ یہ ملاحظہ فرمائیں کہ آخر صنعت چیز کیا ہے ۔ اس میں پارچہ بافی ہوگی صنعت کیا ہے ۔ یہ کھاد کے لئے ہوگی اور pesticides کے لئے ہوگی تو کیا یہ سب زراعت کے متعلق نہیں ہیں ۔ کیا اسکے بغیر زراعت مل سکتی ہے ۔ کیا اسکے بغیر زراعت پنپ سکتی ہے ۔ میں جناب آپ سے اور اپنے دوست سے بھی یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ میرے دوست

تو اس معاملے میں بڑے اتحاد اور اتفاق کے حامی ہیں - وہ آخر کیوں سفائرت پیدا کر رہے ہیں - زراعت اور صنعت کی ضروریات ایک دوسرے سے ٹکراؤ نہیں کھاتی ہیں بلکہ زراعت اور صنعت بہم دگر لازم و ملزوم ہیں - آپ نے فرمایا ہے کہ یہ صنعت نواز پالیسی ہے - اگر آپ اس صنعت نواز پالیسی کو دیکھیں - تو اگر انہوں نے ۱۹۴۷ء کے بعد اپنے وقت میں کپڑے کے کارخانے لگائے تو اسکے لئے یہاں کپاس کی سولہ لاکھ گانٹھیں پیدا ہوا کرتی تھیں اور اب جبکہ کپڑے کے کارخانے زیادہ ہو گئے ہیں تو اسی لحاظ سے یہاں کپاس کی ساڑھے چھبیس لاکھ گانٹھیں پیدا ہوتی ہیں اور ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ سال کپاس کی پیداوار کو اٹھائیس لاکھ گانٹھوں تک پہنچا دیا جائے -

جناب والا - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ، میں آپ کو اپنا منتہائے نظر بتاتا ہوں - ہم نے گندم کے لئے چون لاکھ ٹن کا target مقرر کیا ہے ، چاول کے لئے چودہ لاکھ ٹن اور کپاس کے لئے جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں اٹھائیس لاکھ گانٹھوں کے targets مقرر کئے ہیں اور ۱۹۷۰ء تک کے لئے ہم نے کیا ارادہ کیا ہے ، ذرا وہ بھی سن لیجئے - ۱۹۷۰ء تک ہم نے گندم کے لئے اپنا target ستر لاکھ ٹن ، چاول کے لئے بیس لاکھ ٹن کا target اور کپاس کے لئے پینتیس لاکھ گانٹھوں کا target مقرر کیا ہے - تو ہم نے یہ targets مقرر کئے ہیں جن کے لئے میں نے عرض کیا ہے کہ ہم نے ایک سو تیس اور ایک سو چالیس کروڑ کے درمیان خرچ کرنا ہے - دراصل یہ خرچ انتیس کروڑ نظر آتا ہے لیکن پچاس کروڑ روپے اس میں شامل ہونے چاہئیں اور subsidy کے متعلق خواجہ صاحب نے بھی فرمایا ہے اور دوسرے دوستوں نے بھی اس بات پر

بڑا زور دیا ہے ، خواجہ صاحب تو اس طرف اشارہ کرتے ہوئے چلے گئے ، کسی نے فرمایا کہ محکمہ زراعت کی فوج ظفر موج پیدا ہو رہی ہے اور اس پر پہلے چھ کروڑ روپے خرچ ہوتے تھے اور اب انتیس کروڑ روپے خرچ ہوتے ہیں ، وغیرہ وغیرہ ۔ تو یہ کس طرح خرچ ہوتے ہیں ، چونکہ بات سے بات چل نکلتی ہے ، اس لئے میں عرض کر رہا ہوں کہ آپ کے وقت میں یہ خرچ چھیالیس لاکھ تھا اور اب دس کروڑ تو جاتا ہے اس بات کے لئے کہ کھاد کے لئے subsidy دی جائے اور چار کروڑ روپے دیئے جاتے ہیں pesticides کے لئے اور دو اڑھائی کروڑ روپے مشینی زراعت وغیرہ پر اور بھی دیئے جاتے ہیں تو دو تین کروڑ روپے کا فرق ضرور پڑا ہے ۔ لیکن اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے وقت میں کوئی فیلڈ ورکرز نہیں ہوا کرتے تھے ۔ آپ کے پاس افسر ہوا کرتے تھے ، کارکن نہیں ہوا کرتے تھے ۔ لیکن یہ شرف اسی حکومت کو سب سے پہلے حاصل ہوا کہ اس نے ہر زمیندار کے لئے فیلڈ اسسٹنٹ مہیا کیا اور یہ بتایا کہ یہی زمینداروں کی آنکھ ہیں ، کان ہیں ، وہ ان کی شکایات کو سنتے بھی ہیں اور ان کے مصائب کو دیکھتے بھی ہیں یعنی دونوں طرف ٹریفک چل رہی ہے ۔ آپ ان سے دریافت فرمائیں کہ ان کے وقت میں کوئی ایک زرعی کارکن بھی کہیں پر تھا ۔ نہیں تھا ۔ اور ہمارے پاس اس وقت تین ہزار بلکہ اس سے بھی زیادہ زرعی کارکن ہیں جو کہ دیہات میں پھرتے رہتے ہیں ۔ ان کے متعلق شکایات بھی کی جا سکتی ہیں کہ وہ اپنے کام سے بخوبی عہدہ برآ نہیں ہو رہے ہیں مگر یہ تو نہیں کہا جا سکے گا کہ وہ ہیں ہی نہیں ۔ اس کے علاوہ میں مختصراً آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں یہ سوال پیدا کیا جا رہا ہے کہ یہاں کوئی ترقی نہیں ہوئی ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ وہ کتابیں پڑھنے کے بڑے

ماہر ہیں ۔ وہ ہماری ہی کتابیں پڑھتے ہیں اور ان میں سے ہماری غلطیاں نکالتے رہتے ہیں ۔ میں ایک مثال عرض کرتا لیکن مجھے ڈر ہے کہ وہ کچھ سخت قسم کی ہے ۔ اس لئے عرض نہیں کروں گا کیونکہ احترام کا جذبہ بہر حال قائم رہنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ میں ترقی کے بارے میں دو تین مثالیں عرض کروں گا ۔ میرے پاس یہ ایک کتاب ہے International Financial Statistics اس میں ۱۹۵۸ء میں تین ملکوں یعنی ایران ، ترکی اور پاکستان کی ترقی کا موازنہ کیا گیا تھا ۔ یہ جو پاکستان کے متعلق کہا کرتے ہیں کہ یہاں پر اخراجات زندگی بڑھ رہے ہیں ، تو اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ میں نے اخراجات زندگی کا جائزہ لیا ہے کہ کس طرح بڑھے ہیں ، کتنے بڑھے ہیں ، کہاں بڑھے ہیں اور کیوں بڑھے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں میں دو تین چیزیں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ سب سے پہلے میں ایران ، پاکستان اور ترکی کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ ۱۹۵۸ء کے مطابق ان کا انڈکس یہ تھا ۔

ایران ۹۸ ۔ پاکستان ۹۵ اور ترکی ۱۰۳ ۔ اور اب ایران کا ۱۲۱ ۔ پاکستان کا ۱۳۱ اور ترکی کا ۱۲۰ ۔ اس اندازہ سے آپ دیکھیں گے کہ پاکستان کا بفضل تعالیٰ تینوں ملکوں سے ترقی زیادہ ہے ۔ cost of living کے متعلق جو میں نے بتایا ہے وہ یہ ہے ۔ ۱۹۵۸ء میں اگر ۱۰۰ تھا تو ۱۹۶۰ء میں ۱۰۳ ہوا اور ۱۹۶۶ء میں ۱۲۸ ہو گیا ۔ اسی طرح دیگر ممالک کا ۱۹۵۸ء میں ۱۰۰ تھا تو ذیل کے نقشہ کے مطابق ترقی ہوئی ہے ۔

ایران کا ۱۰۰ تھا اب ۱۳۱ ہے ۔

ترکی کا ۱۰۰ تھا اب ۱۷۳ ہے ۔

یو ۔ اے ۔ آر کا ۱۰۰ تھا اب ۱۲۹ ہے ۔

یو - ایس - اے کا ۱۰۰ تھا اب ۱۱۳ ہے -

یو - کے کا ۱۰۰ تھا اب ۱۲۷ ہے -

جاپان کا ۱۰۰ تھا اب ۱۵۱ ہے -

فرانس کا ۱۰۰ تھا اب ۱۳۲ ہے -

جرمنی کا ۱۰۰ تھا اب ۱۲۲ ہے -

اس تقابل سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ ہمارے ملک نے کتنی ترقی کی ہے اور cost of living کا اتنا اضافہ نہیں ہوا جو دنیا میں ہو رہا ہے - میں عرض کر چکا ہوں کہ ان کا یہ خیال کہ ہم اس پر عمل در آمد نہیں کر سکیں گے درست نہیں - میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت اس بات کا فیصلہ کر چکی ہے اور تہیہ کر چکی ہے کہ اس منصوبہ کو ضرور تکمیل تک پہنچایا جائے - اس کے متعلق میرے لیڈر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کا ارشاد ہے کہ انہوں نے ہمیں نہایت واضح اور قطعی طور پر بتا دیا ہے کہ زرعی پیداوار کے اضافہ کو حاصل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے - چاہئے تو یہ کہ اگر میرے دوست مایوسی اور بے اطمینانی کی ، بد گمانی کی اور انحطاط اور تنزلی کی باتوں کی بجائے اعتماد کی باتیں کریں تو ہماری حوصلہ افزائی ہوگی اور ہمیں خوشی ہوگی -

خواجہ محمد صفدر - خوشی تو اس وقت ہوگی جب آپ پورا کریں گے -

وزیر زراعت - آپ جو تنقید فرما رہے ہیں - بتائیں کہ اس میں کیا بات ہے -

خواجہ محمد صفدر - اس میں نقائص ہیں -

وزیر زراعت - اس میں انشاءاللہ کوئی نقائص نہیں ہیں - ہم نے

جو پہلے منصوبے بنائے ہیں جس طرح ان کو پورا کر کے دکھایا ہے اور اس کے targets حاصل کئے ہیں اللہ کے فضل سے ہم کامیاب ہوں گے ۔ اس معاملہ میں تو ہم سے تعاون کر لیجئے کوئی حرج ہی نہیں یہ تو مشترک معاملہ ہے اس میں تو ہمارے ساتھ ہو جائیں ۔

Will you follow Sir Winston Churchil or my request will be accepted ?

Khawaja Muhammad Safdar : Accepted.

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ اس موقع پر میں دو تین باتیں پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ ہیں کہ ہمارے قائد زرعی انقلاب فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کا ارشاد ہے کہ ہم تمام توانیاں اس طرف کر کے تمام قوتوں کو اس طرف کر کے اس بات کا تہیہ کرلیں کہ ہم ان targets کو حاصل کرنے کی کوشش کریں گے اور انشاءاللہ ہم ناکام نہیں ہوں گے ۔ لیکن ایک یہ چیز ہے کہ اس ہاؤس کو ہم پر اعتماد ہونا چاہئے کہ ہم ان targets کو practical طور پر کامیابی سے حاصل کر لیں گے ۔ اس لحاظ سے جتنی دلچسپی اور جتنی محنت سے اور گورنر صاحب ہماری رہنمائی اور نگرانی کر رہے ہیں مجھے یقین ہے کہ ہم ضرور کامیاب ہوں گے ۔ سب سے زیادہ اہم بات جس کے متعلق انہوں نے ذکر کیا ہے وہ کاشتکار کی رہنمائی اور اس سے ہمدردی ہے ۔ حکومت اس کے لئے ہر وقت تیار ہے ۔ اگر حکومت ان کو سب چیزیں دے دے اور حکومت وہ وسائل مہیا کر دے جن سے زرعی انقلاب آ سکتا ہے یا زرعی پیداوار بڑھ سکتی ہے تو پھر آپ ہی بتائیں کہ پھر اگر کوئی کام نہ کرے تو کون قابل الزام ہوتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ گورنمنٹ ۔

وزیر زراعت ۔ پھر بھی گورنمنٹ ۔ آپ نے اچھا مطالعہ کیا ہے ۔ بات

یہ تھی کہ میری کاشتکار برادری (میرے بھائی مجھ سے متفق ہوں گے) اللہ کے فضل سے اس بات کا تہیہ کر چکے ہیں کہ وہ اسے پورا کر کے رہیں گے۔ اب جناب والا ۔ دیکھنا یہ ہے کہ کاشتکار ہوتا کون ہے۔ کاشتکار وہی ہوتا ہے جو جنگ کے وقت سپاہی ہوتا ہے اور امن کے وقت وہی کاشتکار ۔ یہ ہے ہماری تفصیل ۔

جناب والا ۔ اس کے ساتھ ہی مجھے بڑا افسوس ہوا جب خواجہ صاحب نے زمین کی تقسیم کا ذکر فرمایا ۔ جناب زمین تو ان کو بھی ملنی چاہئے ۔ ہم کو بچایا کس نے تھا ۔ آپ نے بچایا تھا یا میں نے۔ ہمیں تو فوجوں نے بچایا تھا اگر ان کو ایک لاکھ ایکڑ زمین مل گئی تو آپ کون ہیں اعتراض کرنے والے ۔ انہوں نے خون دے کر اس ملک کو بچایا ہے۔ میں تو کہتا تھا کہ آپ یہ تقاضا کریں گے کہ وہ اس کے مستحق تھے کہ ان کو زیادہ زمین ملنی چاہئے تھی ۔ میں حیران ہوں کہ آپ کی فوج نے جس قسم کا قابل کارنامہ کیا ہے آپ نے اس پر نکتہ چینی کی ہے کہ ان کو زمین کیوں دی گئی ہے ۔ جناب ان کا حق تھا ۔ انہیں زمین ملنی چاہئے تھی انہوں نے حفاظت کی ہے ، سرحدوں کی ، فضاؤں کی اور سمندروں کی ۔ ہمیں کوئی شرم نہیں ۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ ہم نے ان کا حق ادا نہیں کیا ۔ ان کو زیادہ دینا چاہئے اور ہم زیادہ نہیں دے سکے ۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ ان کا یہ اعتراض بھی کسی طرح قابل پذیرائی نہیں ۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں جلدی سے اس لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کیونکہ صرف ۵ منٹ باقی رہ گئے ہیں ۔ خواجہ صاحب کی اور میری اعداد و شمار کی جنگ تو چلتی آئی ہے ۔ کبھی اخبار کے ذریعہ اور کبھی ایوان کے ذریعہ کبھی اشتہار کے ذریعہ اس میں

خوشی کی بات یہ ہے کہ جو ہم نے منصوبہ بنایا ہے اس کے متعلق پر امید ہیں اور ہم بڑی عاجزی سے انکساری سے مگر بڑی خود اعتمادی کے ساتھ آئندہ سال اس کی طرف گامزن ہو رہے ہیں اور کاشتکار بھائیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے ان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ تمام توانائیاں اس کی طرف لگا دیں تاکہ خواجہ صاحب کو اعتراض کرنے کا موقع نہ ملے اور یہ کہنے کا موقع نہ ملے کہ کاشتکار برادری نے اچھا کام نہیں کیا۔

خواجہ محمد صفدر - گورنمنٹ نے اچھا کام نہیں کیا۔

وزیر زراعت - یہ تو کاشتکاروں کا کام ہے۔ ہم نے وسائل مہیا کرنے میں راہنمائی مہیا کرنی ہے پیسہ دینا ہے۔ ہم نے یہ سب کچھ کرنا ہے باقی ان کا کام ہے۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملہ کو کبھی ایسا issue نہیں بنانا چاہئے۔ قائد حزب اختلاف نے یہ فرمایا تھا کہ ہم نے فوڈ اور ایگریکلچر کے متعلق سوچنا ہے تو سچی بات یہ تھی کہ میں اس سے بڑا مطمئن تھا اور مجھے خوشی تھی۔ وجہ یہ نہیں تھی کہ ''سو پشت سے پیشۂ آبا، ہے زراعت''۔ میں اس لئے خوش نہیں ہوا تھا کہ زراعت ہماری معیشت کی اساس ہے یا کاشتکار اس کی بنیاد ہے۔ اس لئے بھی خوش نہیں ہوا تھا کہ زراعت کو اولیت دی گئی ہے بلکہ مجھے خوشی اس بات کی تھی کہ قائد حزب اختلاف سے آج نہایت موثر قابل عمل اور مفید مشورے مجھے ملیں گے۔ اب میں ان کی صوابدید پر چھوڑتا ہوں کہ انہوں نے مجھے کہاں چھوڑا ہے۔ اگر وہ فرماتے کہ انہوں نے علم و حکمت اور عرفان کے موتیوں سے میری جھولی بھر دی ہے تو میں ان سے بحث نہ کرتا کیونکہ پارلیمانی طریقوں کے مطابق اس قسم کی تقریر کے لئے میرا تجربہ بڑا محدود ہے اور میں اس سوال کو ان پر ہی چھوڑتا ہوں۔ البتہ اس طرف سے اکثر اوقات مجھے نہایت مفید

مشورے ملے ہیں اور آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ہر مرحلہ پر میری رہنمائی کی ہے اور ہر طریقہ پر میری دستگیری کی ہے اور میں اپنے دوستوں سے اپیل کرتا ہوں کہ اس وقت ہمارا امتحان ہے ، پاکستان کا امتحان ہے ۔ آئیے چاہے حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہوں یا حزب آزاد سے تعلق رکھتے ہوں یا حزب اقتدار سے تعلق رکھتے ہوں آپ کا فرض ہے کہ اس اہم معاملہ میں ہماری رہنمائی کریں اور مل کر اس معاملہ کو حل کرنے کی کوشش کریں تاکہ ستمبر یا اکتوبر میں جب اجلاس ہو اور اکٹھے ہوں تو ہم حزب اختلاف سے کہہ سکیں کہ ہم نے اپنا مقصد achieve کر لیا ہے اور target حاصل کر لیا ہے ۔ اب آپ دعا فرمائیں مشورہ تو آپ دیتے نہیں کم از کم دعا میں ہی یاد فرما لیا کریں یا حاجی صاحب کی معرفت دعا کرا لیا کریں ۔

جناب والا ۔ میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے چند گذارشات پیش کرنے کی اجازت دی ہے ۔ وقت چونکہ کم تھا اس لئے میں ساری باتوں کا جواب نہیں دے سکا ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is—

That the West Pakistan Finance Bill, 1967 be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House is adjourned to meet tomorrow at 8.00 a.m.

The Assembly then adjourned (at 2.00 p.m.) till 8.00 a.m. on Friday, the 30th June, 1967.

APPENDIX I

(*Ref*: Starred Question No. 4120)

LOCAL GOVERNMENT DEPARTMENT

Boards

The 8th March 1948

No. 1102-L.G. - 48/9302.—In pursuance of the provisions of section 31 (6) of the Punjab District Boards Act, 1883 it is notified that the District Board of LYALLPUR has, with the sanction of the Governor of the West Punjab, imposed the tax described below, within the area subject to its authority. The tax shall come into force on the 13th June, 1948, from which date the taxes notified with Punjab Government notification No. 9348, dated 18th March, 1935, as subsequently amended by notifications Nos. 3997-LG-39/28449, dated the 4th September, 1939, and 1458-LG-42/20864, dated the 2nd April, 1942, shall be deemed to have been cancelled—

DESCRIPTION OF THE TAX

A tax at the rates given in the schedule below, on every person carrying on a trade profession, calling or employment in the area subject to the authority of the Board provided that no tax shall be leviable from any person who is mainly dependent on agrieulture for livelihood, or is a widow or whose annual income is not more than Rs. 300.00 per annum or from Co-operative Societies—

SCHEDULE

Rate of tax payable per annum on the basis of income of the persons following specified trades, etc.

Trades, profession, calling or employment of	Exceeding Rs. 300 but not exceeding Rs. 400.	Exceeding Rs. 400 but not exceeding Rs. 500.	Exceeding Rs. 500 but not exceeding Rs. 600.	Exceeding Rs. 600 but not exceeding Rs. 800.	Exceeding Rs. 800 but not exceeding Rs. 1,000.	Exceeding Rs. 1,000 but not exceeding Rs. 1,300.	Exceeding Rs. 1,300 but not exceeding Rs. 1,500.	Exceeding Rs. 1,500 but not exceeding Rs. 2,000.	Exceeding Rs. 2,000 but not exceeding Rs. 3,000.	Exceeding Rs. 3,000 but not exceeding Rs. 4,000.	Exceeding Rs. 4,000.

	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.	Rs.
Money-lender, contractor, pleader, grain dealer, saraf, cotton seed dealer, vegetable ghee seller, petrol agent, cloth merchant, commission agent of grain and corn and the superior servant of a private company or firm. Owner of a cotton woollen, leather or metal factory, brick kiln or printing press.											
Vaid, hakim, pansari, seller or commission agent of gur, sugar or ghee, dealer in medicines or drugs, liquor, opium, bhang or charas shop-keeper, dealer in building, stores, goldsmith, halvai (Sweetmeet maker or seller), hide merchant, bone merchant or dealer in cattle or horses. Owner of motor vehicle plying for hire or of a flour mill.											
Butcher, timber dealer in lime, metal-ware maker or seller, general merchant, merchant, petition-writer, insurance gramaphone or harmonium seller, photographer, cycle agent, dealer or iron merchant. Carpenter, mason, cycle repairer, manufacturer of or dealer in ice or aerated water dealer in old and second hand articles, teli, milk or curd seller of betel leaves, cigarettes or tobacco, motor driver, stamp vendor, book seller, tanner, boot and shoe (other than country maker), fodder commission agent, dealer in wood other than timber, sewing machine agent or cloth hawker.	3	6	9	12	15	20	25	30	35	45	50
Tailor, black-smith, country shoe maker, fisher, hawker other than cloth hawker, weaver, dyer, washerman, barber, potter, glass bangle dealer, painter, dealer, painter, dealer in chicks or chairs, sewing machine repairer, person plying camels, donkey mules, ponies, carriage or thella for hire, coolie, soap manufacturer, cotton cleaner, sheep and goat merchant, khawancha seller, ferrier, water-carrier, bharphunja, private or menial servant of a private company, or firm, Government and local body employees, any other trade profession, calling or employment not specified above.											

No. 1102-Lg-18/9303, dated Lahore, the 8th March 1948

A copy is forwarded to the Commissioner, Multan Division, for information, with reference to his Memo No. 1010/LV-45, dated the 2nd February 1948.

No. 1102-LG-48/9303

A copy is forwarded to the Deputy Commissioner, Lyallpur, for information and necessary action, with reference to his endorsement No. 35-G, dated the 17th January, 1948, addressed to the Commissioner, Multan Division.

By order

ABDUS SAMAD

Deputy Secretary to Government
West Punjab, Medical and Local Government
Departments.

APPENDIX II

(*Ref*: Starred Question No. 6207)

Class Municipalities —

1. Peshawar.
2. Quetta.
3. Sukkur.
4. Karachi (Municipal Corporation).
5. Multan.
6. Lahore (Municipal Corporation).
7. Gujranwala.
8. Sialkot.
9. Rawalpindi.
10. Murree.
11. Sargodha.
12. Lyallpur.
13. Hyderabad.

2nd Class Municipalities —

1. D. I. Khan.
2. Bannu.
3. Bahawalpur.
4. Ahmedpur East.
5. Bahawalnagar.
6. Haroonabad.
7. Chishtian.
8. Rahimyar Khan.
9. Khanpur.
10. Nowshehra.
11. Charsadda.
12. Kohat.

13. Mardan.
14. Sawabi.
15. Khairpur.
16. Larkana.
17. Shahdadkot.
18. Kambar.
19. Jacobabad.
20. Shikarpur.
21. Rohri.
22. Nawab Shah.
23. Shujabad.
24. Kehror Pucca.
25. Burewala.
26. Khanewal.
27. Mianchannu.
28. Vehari.
29. Sahiwal.
30. Okara.
31. Chichawatni.
32. Arifwala.
33. Pak Pattan.
34. Muzaffargarh.
35. Leiah.
36. D. G. Khan.
37. Kasur.
38. Pattoki.
39. Kamoki.
40. Hafizabad.
41. Wazirabad.
42. Daska.

43. Narowal.
44. She khupura.
45. Nankana Sahib.
46. Gujar Khan.
47. Gujrat.
48. Jalalpur Jattan.
49. Lala Musa.
50. Mandi Bahauddin.
51. Campbellpur.
52. Jhelum.
53. Chakwal.
54. Bhera.
55. Khushab.
56. Mianwali.
57. Jaranwala.
58. Go ra.
59. Kamalia.
60. Toba Tek Singh.
61. Tandlianwala.
62. Jhang.
63. Chiniot.
64. Tando Allahyar.
65. Tando Muhammad Khan.
66. Mirpur Khas.
67. Dadu.
68. Kotri.
69. Thatta.
70. Shahdadpur.
71. Tando Adam.

APPENDIX III

(*Ref*: Starred Question No. 6219)

CATEGORY 'D' 1000 Sq. Yds.

Allotment of Plots in Gulshan-e-Iqbal Scheme No. 24 to Individuals out of 10% Governing Body's Discretionary Quota.

Sr. No.	Name	Father Name	Address
1.	Mr. Abdul Rahman Habib.		C/o Arag Ltd., Adamjee Chamber, McLeod Road, Karachi.
2.	Sahibzadi Mahtaj	W/o Akhtar Ali Khan.	543, Dilawar Manzil, Gul Mohar Street, New Town, Karachi.
3.	Dr. Murtaza	Syed Mohd. Sharif	Civil Surgeon, Larkana.
4.	A.F.S. Salahuddin	Syed Abdul Razzak	105-E Satellite Town, Rawalpindi.
5.	Sq. Ldr. Mohd. Ashraf Bajwa.		C/o Pakistan Embassy in the USA Washington.
6.	A Ahmed		C/o Justice Qadeeruddin Ahmad, 5-Bath Island, Karachi-4.
7.	Mr. Hansotia (Retired S.P.)		F.D. 20 Jamshed Bagh Opp. Holy Family Hospital, Karachi.
8.	Parvez Ahmad Butt	Khadim Hussain Butt.	Chairman, K.M.C.
9.	Lt. Col. Sher Alam	Qaiser Khan	National Bank of Pakistan, Abbottabad.
10.	S. Imran Shah, C. S. P.	S. A. Sattar Shah	Political Agent, Gilgit.
11.	Mir Nawaz Khan Marwat.	Shadi Khan	1-New Standard Hotel above Taj Company Near Light House, Cinema Bunder Road, Karachi.
12.	Mohd. Alam	Mohd Kamil	Kragree House, K.D.A. Scheme No. A-1, Karachi.
13.	Anwar Hussain	K. B. Fazal Hussain	40-41, 42nd Street, Block 6, P.E.C.H.S., Karachi.
14.	Asmet Ibadullah	W/o Asmat Ibadullah.	147-F, Block II, Alflah Road, P.E.C.H.S., Karachi.

Sr. No.	Name	Father Name	Address
15.	Saeed Mohd. Durrani.	Khan Abdul Kareem Khan Durrani.	92, Rohail Khand Housing Society, Karachi-5.
16.	Abdul Asar Hafeez Jullundhri.	Hafiz Shamsuddin	C/o Mr. Shafi 48/K/2 P.E.C.H.S. Near Masjid Tayba, Karachi.
17.	Abdul Haque Khoso	Haji Abdul Ghaffar Khan Khoso.	51-D, Block 6 P.E.C.H. S., Karachi-29.
18.	Arbab Mohd. Ali	Arbab Karam Khan	Arbab Karam Khan Road, Quetta.
19.	S. Rahmat Ali Shah	K.B. Syed Sikandar Shah.	Additional Director, Excise and Taxation,
20.	Ahad Jan Agha	A. G. Agha	City and Additional District Magistrate, Karachi.
21.	Muzaffar Ahmad	Major A. A. Nizami	Additional Director Industries Department, Randal Road, Karachi.
22.	S. Zafarul Islam, T.Q.A., P.F.S.	M. A. Jalil	Ministry of Foreign Affairs, Islamabad.
23.	S.M. Huda		South/East Asia Treaty Organization Secretariat General P.O. Box-517, Bangkok.
24.	Najma Khan	Ijaz Ahmad Khan	C/o Izaz Ahmed Khan, Superintendent, 02M Deptt: Burmah Shell, Karachi.
25.	Anwar Gilani Syed, P.S.P.	Syed Said Ali Shah	Addl. Superintendent Police, Hyderabad.
26.	Hadi Raza Ali	Syed Hamza Ali	239-1, Staff Lines, Karachi.
27.	Mr. Ahmed Habib		
28.	Mr. Saied Alam		
29.	Mrs. Imdadul Haq		
30.	Mr. Ejaz Ahmed		Files are under submission, hence required particulars cannot be quoted presently.
31.	Mr. Husain Imman		
32.	Mr. M. S. Farrukh (I.T.)		
33.	Mst. Habiba Hassan		

APPENDIX 'A'

Scheme No. 24 (Gulshan-E-Iqbal)

Category 'E' 1500 Sq. Yds.

Sr. No.	Name of the allottee with father name		Address
1.	Mr. Syed Zafar Ahmad s/o Abdul Jalil	...	27-A, Mohd Ali Housing Society, Karachi.
2.	Mr. Mohd Afzal s/o M.J.K. Piracha	...	538/13, Garden East, Karachi.
3.	Mr. Justice Feroz Nana s/o K.B. Nana Ghulam Ali	...	Judge, High Court of West Pakistan.
4.	Major Mir Badshah Khan Mahsud s/o K.B. Haji Mehr Dil Khan	...	Tribal Textile Mills Ltd., D.I.Khan.
"5-A. In case of evacuee land the assessment shall be made and recoveries thereof accounted for as follows :-

(1) The evacuee shall be assessed on the basis of the total land revenue . . . . . ."

یعنی 'evacuee' shall be

Minister for Law : So Sir, the assessment is against the person and not on his holdings.

Mr. Speaker : My interpretation may be wrong ; but the Minister may look into it.

Minister for Law : Yes Sir.

Mr Speaker : I will now put the clause to the vote of the House. The question is :

That clause 3 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 4

Mr. Speaker : Clause 4, and there is an amendment from Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill. Yes please.

Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill : Sir, I beg to move :

That in clause 4 of the West Pakistan Finance Bill, 1967, in line 2 for the word "of" the word "or" be substituted.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, before you put the amendment to the House, I raise on a point of order.

میں جناب کی توجہ آئین کی دفعہ ۷۴ کی طرف مبذول کراتا ہوں ۔ یہ ترمیم اس دفعہ کی خلاف ورزی کرتی ہے دفعہ ۷۴ یہ ہے ۔

"(1) Except on the recommendation of the President, no Bill or amendment shall be introduced or moved in the National Assembly if :

(a) it would, if enacted and brought into operation, involve expenditure from the revenues or other moneys of the Central Government ; or

(b) it makes provision for any of the matters, specified below :

(i) The imposition, abolition, remission, alteration or regulation of any tax : "

یہ لفظ imposition کی زد میں آ جائے گا ، abolition میں نہیں آئے گا ، remission میں نہیں آئے گا مگر لفظ regulation اور imposition میں آ جائے گا ۔ یہ بڑی واضح بات ہے یہ operative کلاز ہے اور اس کلاز کے ذریعے درجہ اول کے سینما پر ایک ہزار روپے ، درجہ دوم کے سینما پر پانچ سو روپے اور درجہ سوم کے سینما پر سو روپے ٹیکس عائد کیا جائے گا یعنی Tax is being imposed through this clause. اور کوئی بھی ترمیم اس کلاز میں گورنر صاحب کی منظوری سے پہلے نہیں کی جا سکتی بلکہ اس ایوان میں پیش بھی نہیں کی جا

سکتی چہ جائیکہ اس کو منظور کیا جائے اس میں تو یہ ہے کہ Payable by owner of management لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ owner of management کے الفاظ کہاں تک صحیح ہیں اس کے معنی تو بالکل مختلف ہیں لیکن اگر owner of management کر دیں تو معنی اور ہو جاتے ہیں ۔

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) ۔ کیا یہ ہو سکتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ دوسری بات ہے کہ ہو سکتا ہے یا نہیں ہو سکتا ہے ۔

It is an operative clause.

لیکن میری یہ گزارش ہے کہ آپ گورنر صاحب سے اجازت حاصل کئے بغیر ایوان میں ترمیم پیش نہیں کر سکتے ۔

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Sir, it is a very innocent amendment which I have moved.....

Khawaja Muhammad Safdar : It is not innocent.

Parliamentary Secretary :.....and which has been opposed by the Leader of the Opposition. What I mean to say is that it is not covered by Section 47 because there is no such thing as "owner of management".

Khawaja Muhammad Safdar : Does not matter.

یہ غلط ہے اس کے مطابق ٹیکس نہیں لگا سکتے ۔

Parliamentary Secretary : Sir after this amendment it would be "owner or management". It would read :

"There shall be levied and collected a tax on cinemas payable by the owner or management thereof....."

Actually this has no financial effect. So far as my amendment is concerned it determines the parties and it clarifies the situation. Sir, when Khawaja Safdar got the floor I thought he is going to appreciate my amendment but to my surprise he opposed it. My submission is that this amendment is not covered by Section 47 of the Constitution. It is an innocent amendment and therefore, it should be pushed through.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اگر موجودہ الفاظ کو رکھا جائے تو کسی شخص پر ٹیکس نہیں لگے گا ۔ یہاں الفاظ ہیں ۔ owner of management جیسا کہ ملک صاحب بخوبی سمجھتے ہیں اس کے معنی اور ہیں ۔ یہاں کلاز ۴ میں جو ٹیکس تجویز کیا گیا ہے وہ کسی سے حاصل نہیں کر سکتے کسی پر عائد نہیں کر سکتے کسی سے لے نہیں سکتے ۔ اگر اس ترمیم کو منظور کر لیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ Tax will be imposed یہاں owner اور management دونوں فریق شامل ہو جاویں گے دونوں طرح سے یہ ترمیم کلاز ۴ کے مقاصد کے خلاف ہے جب آپ گورنر صاحب کی recommendation حاصل کریں گے تو پھر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا ۔

وزیر خزانہ ۔ حضور والا۔ یہ پرنٹنگ کی غلطی ہے ۔

The attempt on the part of my friend is to correct the printing mistake. There is no attempt to bring about any alteration in the text, it is being imposed, it is being properly regulated. All that we want to say is that this printing mistake be rectified.

جناب والا ۔ یہ تو آپ خود کر سکتے تھے ۔ لیکن ہم نے زیادہ احتیاط سے کام لے کر ترمیم پیش کر دی ہے ۔ جیسا کہ قائد ایوان نے فرمایا ہے کہ owner of management کا کیا مطلب ہوگا ۔

اس کی intention تو یہی ہے کہ یہ owner or management ہے ۔ اب بات کو جتنا چاہیں بڑھا لیں حقیقت یہی ہے کہ ایف کی بجائے آر کا حرف چاہئے ۔ یہ صرف پرنٹنگ کی غلطی ہے ۔

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) ۔ خواجہ صاحب یہ چاہتے ہیں کہ ان پر ٹیکس نہ لگے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ گورنر صاحب سے recommendation حاصل کر لیں کیونکہ آئین میں درج ہے اس کے علاوہ اور کوئی بات نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ قانونی اعتراض پر تو دو رائیں نہیں ہو سکتیں ۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ compassionate grounds پر اس کی گنجائش پیدا ہو سکتی ہے ۔

Mr. Speaker: The Member is recommending that a compassionate view be taken.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ معذور ہیں مجبور ہیں اور مجھے حق پہنچتا ہے کہ میں ان کے لئے کوئی راستہ تلاش کروں ۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Sir, clause 4 seeks to levy and collect a tax on cinemas. Let us stop here. Certainly the cinemas are owned and managed by certain people, certain concerns. Therefore, what the Governor has already consented and recommended is the imposition, levy and collection of tax on the cinemas owned and managed by certain concerns. Therefore, even if instead of "owner of management" "owner or management" is substituted it is yet within the scope of the original scheme which has been consented to by the Governor and thus it does not violate Article 47.

Mr. Speaker : The amendment moved by Mr. Gill seeks to correct a typographical mistake of "of" to "or" and I don't think there is any violation of Article 47 of the Constitution. By this amendment no new tax would be imposed, abolished, remitted or altered. I, therefore, allow the amendment.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - پہلے لوگ - - - -

مسٹر سپیکر - آپ تشریف رکھیں اب تو میں نے یہ ترمیم propose نہیں کی -

Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 4 of the West Pakistan Finance Bill, 1967, in line 2 for the word "of" the word "or" be substituted.

Is there any opposition ? .....

As there is no opposition I will now put the question.

The question is :

That in clause 4 of the West Pakistan Finance Bill, 1967, in line 2 for the word "of" the word "or" be substituted.

The motion was carried.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - - - - - -

مسٹر سپیکر - حمزہ صاحب کیا آپ اس کلاز کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں -

مسٹر حمزہ (لائلپور-٦) - جی ہاں- جناب سپکر- میں اس ٹیکس کی اس لئے مخالفت کرنا چاہتا ہوں اور یہ عرض کرتا ہوں کہ عام طور پر لوگوں کی یہ رائے تھی - تلخ تجربہ کی بناء پر ان کی یہ متفقہ رائے تھی کیوں کہ سینما میں جو لوگ جاتے ہیں ان کے لئے یہ بھی

تفریح کا ایک ذریعہ ہے ۔ ان لوگوں کو جس قسم کی فلمیں دکھائی جاتی ہیں ۔ سینما دھیرے دھیرے زہر ان میں بھر دیتے ہیں ۔ اور فلمیں دیکھنے والے افراد کے کردار کو تباہ کر دیتے ہیں۔ کیوں کہ جو فلمیں دکھائی جاتی ہیں صحت کی بربادی کے علاوہ جنسی خواہشات کو ابھارتی ہیں بلکہ اس سے بھی بڑھ کر ان کو لوٹ مار کے ایسے طریقے بتائے جاتے ہیں جن سے جرائم کو فروغ حاصل ہوتا ہے ۔ آپ نے متعدد بار یہ سنا ہوگا کہ اکثر معیاری فلموں کو ذی شعور لوگ جو قوم کے کریکٹر کی تعمیر کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں انتہائی نا پسندیدہ سمجھتے ہیں بلکہ ان سینماؤں میں جو اس وقت فلمیں دکھائی جاتی ہیں وہ آئندہ نسلوں کو تباہ کر رہی ہیں ۔ اس کے علاوہ شکایت یہ بھی ہے کہ سینما میں ایسی فلمیں دکھائی جاتی ہیں چونکہ بچوں کی کم عمری اور ذہن کی ناپختگی کی وجہ سے وہ ایسے ڈھب سیکھ لیتے ہیں۔ جو اُن کی زندگیوں کو تباہ کر دیتے ہیں لیکن اس کے باوجود آپ کی نظر سے گزرا ہوگا کہ کچھ عرصہ سے حکومت نے سینما کو تعلیمی ، تعمیری اور انقلابی مقاصد کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا ہے اس لئے میرے نزدیک اس ٹیکس سے سینما بینی کی حوصلہ افزائی نہیں بلکہ حوصلہ شکنی ہوگی میں نہیں سمجھتا کہ اس دور میں اور ان حالات میں یہ ٹیکس لگایا جانا کیوں پسند کیا گیا ۔ ابھی چند دن پہلے ایک فلم جو کہ خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق تھی اس کو حکومت کے کسی محکمہ نے تیار کیا ہے اور اس کی افتتاحی تقریب کے لئے جناب وزیر صحت صاحبہ تشریف لے گئی تھیں اور انہوں نے وہاں فرمایا تھا کہ آج ہمارے ملک میں بچوں کی جو تیزی سے پیدائش ہو رہی ہے اور وہ ایٹم بم سے بھی زیادہ خطرناک ہے ۔

جناب سپیکر میں اس سے یہ اندازہ نہیں لگا سکا کہ آیا ان کا اشارہ ھائیڈروجن بم کی طرف تھا لیکن انہوں نے یہ ضرور فرمایا تھا کہ تیزی سے انسانی پیداوار میں اضافہ کا رجحان ایٹم بم سے بھی زیادہ خطرناک ہے اس فلم کے ذریعہ تیزی سے انسانی پیدائش کو بڑھوتی کے خطرناک نتائج سے مطلع کیا جاتا ہے ۔ اس سے پہلے عام طور پر اللہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ مالک ہے وہ خالق ہے وہ رازق ہے اور ہم نے حکومت کا بھی پچھلے کئی سالوں سے رزاقی کا تجربہ دیکھ لیا ہے کہ کروڑوں روپیہ صرف کرنے کے باوجود یہ ہمیں ہماری ضروریات کے مطابق غلہ بہم نہیں پہنچاسکی ۔ اور اللہ سے بھی اب بے امیدی ہو گئی ہے حکومت سے تو بےامیدی ہو ھی چکی ہے۔ اس لئے ہم نے یہ طریقہ ایجاد کیا ہے بجائے اس کے کہ ہم تیزی سے آبادی کو بڑھاتے چلے جائیں ہم انسانوں کی پیدوار کو سختی سے روکیں ۔ اس سے پہلے جب عام طور پر آبادی کے تیزی سے بڑھنے کا ذکر آتا تھا تو اس کو انسانی آبادی کا بھونچال قرار دیا جاتا تھا لیکن چونکہ اب حالات پہلے سے بھی زیادہ خطرناک اور مخدوش ہو چکے ہیں اس لئے ہم مجبور ہوگئے ہیں کہ خاندانی منصوبہ بندی ۔۔۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ یہ بتائیے کہ یہ ٹیکس لگنا چاھئے یا نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ نہیں لگنا چاھئے ۔ اس کی وجہ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہ جو فلم تیار کی گئی ہے اور یہ جو کار خیر ہم ادا کر رہے ہیں یعنی اس ایٹم بم سے قوم کو بچانے کا ذریعہ فلم ہے جو سنیما گھروں میں دکھائی جائیگی اگر ان پر ٹیکس لگایا گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یہ جو ایٹم بم کا فیوز ہے وہ نہیں نکلے گا اور

وہ پاکستان میں پھٹ جائیگا اور جب یہ پاکستان میں پھٹ جائیگا تو سارے کا سارا پاکستان تباہ ہو جائیگا ۔ یہ حکومت کا نقطہ نظر ہے اور جناب وزیر صحت صاحبہ کا یہ تازہ بیان ہے جو دو تین دن ہوئے اخبارات میں شائع ہوا ہے میں اس کا حوالہ دے رہا ہوں ۔

جناب سپیکر۔ میرے خیال میں حکومت کروڑوں روپیہ خاندانی منصوبہ بندی پر صرف کر رہی ہے جیسا کہ ہمارے آئندہ سال کے بجٹ میں اس پر جو اخراجات کی گنجائش رکھی گئی ہے سے ظاہر ہے ہو سکتا ہے کہ اس ٹیکس کے لگانے سے خزانہ عامرہ میں چند لاکھ روپے کا مزید اضافہ ہو جائے لیکن جب اس کار خیر کو انجام دینے کے لئے کروڑوں روپیہ صرف کیا جا رہا ہے تو بہتر یہ ہے کہ ہم سنیما پر یہ ٹیکس نہ لگائیں ۔ اور سنیما والوں کو مجبور کریں کہ وہ یومیہ ایک فری شو دکھا دیا کریں جس سے لوگوں کو یہ تلقین ہو جائے کہ وہ بچے پیدا نہ کریں ۔ اور اس کے لئے جیسا کہ وزیر صاحبہ نے فرمایا ہے فلم بہترین ذریعہ ہے ۔ ہماری حکومت میرے نزدیک بہت ہی مایوس کن پالیسی پر گامزن ہے ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ اگر ملک کی آبادی بڑھ رہی ہے اور انسانوں کی جو قوت ہے یا قابلیت ہے اس سے پورا استفادہ کیا جاتا اور ایٹم بم جس کو کہ اس وقت تک ہم تیار کرنے میں ناکام رہے ہیں آسانی سے ہندوستان کی طرف ڈائرکٹ کر سکتے تھے۔ کم سے کم انقلاب چین کے بعد جسنے اپنی عددی قوت سے اپنے انسانی وسائل سے پورا فائدہ اٹھا کر دنیا میں تعمیر و ترقی کی ایک نئی مثال قائم کی ہے ۔ حکومت کی طرف سے اس قسم کا نقطہ نظر پیش کرنا اور اس قسم کے بیانات دینا قوم دشمنی کے مترادف ہے اور اس کے ہوتے ہوئے اس قسم کا

ٹیکس لگانا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یا تو وہ اس کو ایٹم بم سے زیادہ خطرناک تصور نہیں کرتے اور اگر ایسے خطرناک تصور کرتے ہیں تو پھر اس مقصد کو چند لاکھ روپے حاصل کر کے کیوں ضائع کرتے ہیں ۔ جیسا میں پہلے عرض کر چکا ہوں مجھے جہاں تک یاد ہے آئندہ سال ہماری حکومت بچوں کی پیدائش روکنے کے لئے (کہا جاتا ہے کہ وہ فرعون تھا جو بچوں کو مارا کرتا تھا) تو انہوں نے بھی ویسا ہی طریقہ اختیار کیا ہے اور ان کو بھی یہ خیال ہے کہ کوئی موسیٰ نہ پیدا ہو جائے اور اس وجہ سے یہ خاندانی منصوبہ بندی پر سختی سے عمل کرانا چاہتی ہے لیکن آپ کو بھی پتہ ہے اور تاریخ نے بھی بتا دیا ہے کہ اللہ جس کو پیدا کرنا چاہے تو وہ پیدا ہو جاتا ہے اور جس کے ہاتھوں خاتمہ کروانا چاہتا ہے ہو جاتا ہے اس قسم کے حربے ہمیشہ ناکام رہے ہیں اور ناکام رہیں گے لیکن دو ڈھائی کروڑ روپیہ جو خاندانی منصوبہ بندی پر صرف کیا جا رہا ہے اور چھ لاکھ روپیہ حاصل کرنے کے لئے جو نیک کام کرنے کا ارادہ کیا جا رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ حکومت کے اپنے نقطہ نظر سے بہت زیادتی ہے اور دوسری طرف اس میں ایک لفظ ہے There shall be levied and collected میں جناب وزیر مالیات کو collected کے لفظ کی طرف توجہ دلاتا ہوں مجھے یقین ہے اور انہیں بحیثیت وزیر کے ہو سکتا ہے کہ علم نہ ہو لیکن ایک سینما بین اور عام شہری کی حیثیت سے لازماً علم ہوگا کہ یہ جو entertainment ڈیوٹی ہے اس کا بیشتر حصہ ان کے اہل کاروں کی مہربانیوں سے ضائع ہو جاتا ہے تو کیا ہی بہتر ہوتا کہ حکومت اپنے اہلکاروں کی کارگذاری کو ٹھیک کر لے ان کو دیانتدار بنائے تو پھر اس ٹیکس کے لگانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ جناب سپیکر

آپ یہ اعتراض کریں گے کہ کوئی نیک کام کرنے کے لئے نیک ذرائع ہو سکتے ہیں لیکن یہ کیسے توقع کیا جا سکتی ہے کہ سنیما جیسا کاروبار ہو جس میں بچوں کو جرائم پیشہ بنانے کی تربیت دی جا رہی ہو اور جو افسران مقرر کئے جا رہے ہوں ان سے ہم نیکی کی توقع کریں ۔ کیا کوئی برا کام نیک طریقے سے بھی ہو سکتا ہے ؟ جناب سپیکر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ہو سکتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اب یہ محکمہ ہردلعزیز نوجوان انتہائی لائق فائق وزیر کے پاس ہے۔ جب وہ اس کار خیر کو کرنے کے لئے متعین کر دیئے گئے ہیں ان کا سایہ جہاں پڑے گا تمام اہلکاران کی کارگذاری پر خوشگوار اثر پڑنے کی قوی امید ہے۔ جناب سپیکر۔ ان معروضات کے پیش نظر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس نہیں لگانا چاہئے کیونکہ محکمہ کی کار گذاری تو اچھی اور بہتر ہو جائے گی ۔ روپیہ زیادہ ہو جائیگا ۔ مگر یہ جو منصوبہ بندی کا عظیم منصوبہ ہے ٹیکس کے لگنے سے اس پر بہت برا اثر پڑیگا ۔

مسٹر نثار محمد خان (پشاور ۔ ۵)۔ جناب والا۔ میرے ساتھی حمزہ صاحب نے اس ٹیکس کے لگانے کی مخالفت کی ہے لیکن میں اس کا خیر مقدم کرتا ہوں اور یہ کہوں گا کہ یہ ٹیکس شائد ہمارے اس معاشرے کی اس طریقے سے مدد کر سکے کہ سنیما والے اپنے سنیما ہال اور خاص کر فلم بنانے والے اس طرف توجہ دیں کہ اس قسم کی فلم بنائیں جو کیریکٹر بنانے کے لحاظ سے بہتر ہو ۔ جناب والا ۔ میں ایک تجویز پیش کروں گا کہ ۵۰۰ برائے سیکنڈ کلاس اور ۱۰۰ برائے فرسٹ کلاس ۔ یہ اگر مقرر کئے جائیں تو یہ چیز مدد دے گی کیونکہ لوگ سنیما کی کنڈیشن پر نہیں جاتے جناب والا سنیما لوگ

جاتے ھیں فلم کی نوعیت پر ۔ اگر فلم اچھی ھو تو خواہ سنیما کی کنڈیشن چاھے کتنی ھی خراب ھو لوگ وھاں جائیں گے اور سنیما دیکھیں گے لہذا میری یہ تجویز ھے کہ یہ ٹیکس لگایا جائے۔ اور میں اس کا خیر مقدم کرتا ھوں ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۲)۔ جناب سپیکر۔ یہ جو ٹیکس لگایا جا رھا ھے اس کے متعلق مجھے یہ شک ھے کہ سنیما کے مالکان یا ان کی انتظامیہ کہیں ٹکٹوں کے نرخ نہ بڑھا دے ۔

Mr. Speaker : This is in force during the current year.

میجر محمد اسلم جان ۔ بی انفورس یا نافذ العمل ھو سکتا ھے لیکن جناب کرمانی صاحب یہاں تشریف نہیں رکھتے ورنہ ھم اس چیز پر اور بھی وضاحت حاصل کر سکتے تھے ۔ چونکہ وہ ٹیکس لگا ھوا ھے اور ان حالات میں یہ انتہائی مشکل ھے کہ ٹیکس کی شرح کو بڑھایا جائے۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ یہ ٹیکس پرانا ھے نیا نہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا۔ ٹھیک ھے پرانا ھے لیکن سنیما کے مالکان ان کی شرح یا قیمت بڑھا دیتے ھیں ۔ مجھے سنیماؤں کے بارے میں کافی معلوم ھے کیونکہ میں اس کام میں کافی تربیت یافتہ ھوں ۔ صرف دو چار چیزیں جو میرے دماغ میں آئی ھیں وہ میں عرض کرتا ھوں ۔ جناب والا ۔ کل بھی میں نے اس چیز کے متعلق وضاحت کی تھی کہ کچھ سنیما ایسے تھے جن کی فرسٹ کلاس کی گیلری

منہدم ہوگئی تھی اور کچھ آدمی مر گئے تھے ۔ اس کی کیا وجوہات تھیں میں اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا ۔ اب زمانہ حاضرہ میں ٹیلی ویژن رائج ہو گیا ہے مگر وہ عام لوگوں کے لئے نہیں ۔ صرف امیر لوگ ہی ٹیلی ویژن کا خرچ برداشت کر سکتے ہیں اور وہ ٹیلی ویژن دیکھتے ہیں ۔ اسی طرح ٹکٹوں پر جو تفریحی ڈیوٹی لگائی جاتی ہے میں اس کا مقابلہ انگلستان کے سنیماؤں کے ساتھ کرونگا ۔ تین برس ہو گئے کہ میں وہاں سے آیا ہوں۔ لنڈن میں جو پکچر ریلیز ہوتی ہے خواہ کوئی پکچر ہو وہ ایک ہفتہ سے زیادہ نہیں چلتی ۔ اور وہاں پر ٹکٹ کی شرح تین ، سات اور دس شلنگ ہوتی ہے ۔ وہ تمام انگلینڈ میں دکھائی جاتی ہے اور ایک ہفتہ سے زیادہ وہ پکچر نہیں چلتی۔ یہاں پر بجائے اس چیز کے کہ ہم دیکھیں کہ ٹکٹ کی شرح کم کی جا رہی ہے ہم یہ دیکھتے ہیں اس پر تفریحی ڈیوٹی بھی لگا دی جاتی ہے۔ جناب سپیکر۔ میں نے پچھلے سیشن میں ایک سوال کیا تھا جس میں مجھے بتایا گیا تھا اور اس دفعہ کرمانی صاحب نے بھی فرمایا تھا کہ تفریحی ڈیوٹی کی ادائیگی ضرور ہوتی ہے ۔ مگر مجھے معلوم تھا کہ پنڈی کے کچھ سنیما ایسے ہیں جن کے اوپر چھاپہ مارا گیا لیکن گورنمنٹ کے کچھ ایسے لوگ ہیں جو ہمارے واقف ہیں دوست ہیں عزیز ہیں ان کے سنیما بھی تھے وہ اس کی زد میں آ گئے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کو پنڈی کی نسبت بتاتا ہوں کیونکہ میں اپنے علاقے میں پھرتا ہوں مجھے معلوم ہے کہ وہاں سب کے سب سنیما کے جو ہال ہیں وہ تمام کے تمام فل ہوتے ہیں لیکن ٹکٹ آپ کو نہیں ملتا ۔ ٹکٹ اصل میں تین یا چار بکے ہوئے ہوتے ہیں باقی انہوں نے گتے کے ٹکٹ بنائے ہوئے ہوتے ہیں ۔ وہ ان کو دے دیتے ہیں یا وہ ان کو کہہ دیتے ہیں کہ آپ بیٹھ جائیے ہم آ جاتے ہیں ۔ اور ہوتا یہ ہے کہ

جو ایکسائز سب انسپکٹران ہوتے ہیں وہ ان سے ملے ہوئے ہوتے ہیں اس طرح سے جناب والا جو لوگ پروڈیوسرز یا اس پکچر کو فنانس کرنے والے ہوتے ہیں وہ ہمارے ملک میں دونوں ایک ہی ہیں۔ وہی فلمیں تقسیم کرتے ہیں وہی بناتے ہیں اس لئے ان کی اس معاملہ میں مناپلی ہے۔ اور اسی مناپلی کی وجہ سے یہ چیز ہے کہ کوئی اچھی پکچر بھی نہیں بن سکتی۔ تو ہوتا یہ ہے کہ ایک پکچر جو ہوتی ہے وہ پرسنٹیج کی شرح پر لے لیتے ہیں تو پہلا ظلم اور دھوکہ اور بے ایمانی اس پروڈیوسر اور فنانس کرنے والوں کے ساتھ ہوتی ہے جس نے روپیہ لگایا ہے۔ اور انہوں نے یہ کہا کہ آپ کی فلم میں ٹکٹ نہیں بکے۔ اور جناب والا سب سے بڑا ظلم یہ ہے کہ وہاں پر بزنس میں ایک دوسرے کا گلہ کاٹتے ہیں۔ سب سے بڑا ظلم یہ ہے وہ ریونیو یا تفریحی ٹیکس کی ادائیگی سے گریز کرتے ہیں۔ اور پورا ہال پانچ چھ سو یا ہزار کا فل ہوتا ہے اور اگر جناب مجھ سے کوئی صاحب کہیں تو میں ان کو بذریعہ ٹیلی فون اطلاع دیتا ہوں بشرطیکہ مجھے اس امر کی یقین دہانی کرائیں کہ وہ نہیں کہیں گے جس دن وہ کہیں میں پنڈی کے کسی سنیما پر چھاپہ مروا کر دکھاؤں گا کہ وہاں کے جو بڑے بڑے سنیما گھر ہیں اور جن میں شریف لوگ بیٹھے ہوتے ہیں نصف سے زیادہ ہال میں بغیر ٹکٹ جاری کئے بٹھائے ہوئے ہوتے ہیں اور راولپنڈی کے باہر کے جو سنیما ہیں مثلاً ٹیکسلا، واہ وغیرہ وہاں تو پورے کے پورے ہال کی یہی کیفیت ہوتی ہے۔ حالانکہ پورا ہال وہاں پر فل ہوتا ہے اور اس طرح سے وہ تمام تفریحی ڈیوٹی بچاتے ہیں۔ اور اب میں ایکسائز سب انسپکٹر کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ یہ بیس بیس برس سے پنڈی میں تعینات ہیں۔ وہیں کے وہ رہنے والے ہیں اور وہیں پر

ان کا اپنے دوستوں کے ساتھ راہ و رسم ہے ۔ میری گذارش ہے کہ انہیں وہاں سے تبدیل کیا جائے ۔ وہ کہتے ہیں تبدیل کرینگے لیکن جناب وہ تبدیل نہیں ہوتے ۔ میں جناب والا۔ اب صرف یہ عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک فلموں کا تعلق ہے وہ بعض لوگوں کی اجارہ داری ہے چونکہ ہم نے جنگ سے پہلے بھارت سے فلموں کی در آمد بند کر دی تھی تاکہ ہماری اپنی انڈسٹری ترقی پذیر ہو ان کا معیار انتہائی طور سے گر چکا ہے ۔ وہ اس قابل نہیں کہ انہیں دیکھا جائے۔ سنسر بورڈ میں ایسے اشخاص یا افسران ہیں جنہیں یہ معلوم نہیں کہ سنیما چیز کیا ہے ۔ مجھے ذاتی طور پر تجربہ ہے کہ ان لوگوں کو سنیما کی ٹیکنیکل باتوں کا کچھ پتہ نہیں ۔ بیگمات ہیں یا افسران ہیں جن کی ٹیکنیکل کوالیفیکیشن نہیں ہے۔ اگر سنیما ہاؤسوں کی حالت بہتر ہو تو بیشک آپ ان پر چار گنا زائد ٹیکس عائد کردیں ۔ بشرطیکہ عوام پر ان کا بوجھ نہ پڑے ۔ سنیما کے مالکوں سے وصول کیجئے ۔ لیکن آپ ایک ایک سڑک پر سات سات آٹھ آٹھ سنیماؤں کی اجازت دے رہے ہیں معلوم نہیں وہاں کیا حالت ہوگی ۔

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir, I would like to make a reply on behalf of the Finance Minister.

Sir, for the information of the House, I might submit that all the three classes of Cinema Houses have Stalls within their premises where refreshments are served, and even those are leased out. Monthly lease money of these stalls comes to more than Rs. 1,000 in the case of a first class cinema. This is the least Sir, it could be more. It is in my knowledge that in Hyderabad, the monthly lease money is Rs. 1,500. Now here all the tax that is to be imposed is Rs. 1,000 per year in the case of a first-class cinema. I think these cinemas are doing very well and this amount of money should not be grudged to the Government.

With regard to the criticism that the tax is not being collected, I might invite attention of the learned Members of this House, to clause 9 of this very Bill, which is :

> "If the person responsible for the payment of the tax under section 4 fails to pay or collect the tax as the case may be, he shall be liable to pay, in addition to the amount of full tax, a penalty not exceeding the amount of the tax payable."

Therefore, Sir, enough provision has been made for that eventuality.

So far as the grievances against the longer stay of the taxation inspectors is concerned, the Government will certainly look into it, and see that no officer is generally permitted to stay at a station for more than three years. If there are cases of stay of people for 10 years or more or 4 years or more, Government will certainly look into that as well.

This is, I think, a little tax and should not be grudged. This will go to help the finances of the province from an Industry which is making tons of money.

مسٹر سپیکر ۔ اخوند صاحب آپ نے لکھا ہے کہ یہ افسروں کی صوابدید پر ہے خواہ وہ owners پر لگا دیں یا Management پر لگا دیں ۔

Minister for Law : Which Sir ?

Mr. Speaker :

> "There shall be levied and collected a tax on cinemas payable by the owner or management . . ."

Minister for Law : Sir, some times the owner is not the manager ; he has leased it out.

Mr. Speaker : He is not management but the discretion is here.

Minister for Law : Sir, it is "as the case may be", the owner or the management. Of course, if the owner is made liable, he will charge from the management.

Mr. Speaker : In case of a particular cinema, there may be an owner as well as a management, two different persons. And it would be left at the discretion of the Assessing Officers to assess or levy the tax on the management or the owner.

Minister for Law : Sir, ".....by the owner or the management thereof.....", in case the owner is management, then there is no question of anybody else.

Mr. Speaker : Quite right.

Minister for Law : In case the owner is not management and still the owner is made liable, he can make good the amount from the management because after all it is their job to realise the tax.

Mr. Speaker : The Minister means to say that it would be at the discretion of the officers.

Minister for Law : Sir, it would be managed.

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, I would like to supplement what the learned Law Minister has stated. Sir, this discretion on the part of the officers will be governed by the rules which would be framed under the Act.

Mr. Speaker : Govt. should keep it in mind while framing the rules."

I will now put the clause to the vote of the House. The question is :

That clause 4, as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 5

Mr. Speaker : Clause 5.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس کلاز کے ذریعہ موٹر وھیکلز ایکٹ کے تحت جو محصول عائد کیا گیا ھے اس میں اس طرح اضافہ کیا گیا ھے -

(i) Motor Vehicles used for the transport or carriage of goods and materials————Rs. 25.

یہ اس میں سرچارج ھوگا -

(ii) Motor Vehicles plying for hire and licensed to carry more than eight persons————Rs. 50.

جناب والا- آج کل حکومت کی یہ پالیسی ھے کہ وہ موٹر وھیکلز ایکٹ کے تحت بسوں کے لئے جو روٹ پرمٹ جاری کرتے ھیں ان کے متعلق یہ تصور کیا جاتا ھے جیسے وہ حکومت کی طرف سے ایک انعام یا تحفہ ھو - جس کسی کو چاھا دے دیا - حالانکہ موٹر وھیکلز ایکٹ کے تحت اس کے لئے ضابطہ قانون اور رولز بنے ھوئے ھیں - کہ اس ضمن میں حکومت کس طرح اپنے اختیارات کو استعمال کرے گی - مگر مجھے اس سے کوئی تعلق نہیں کہ یہ روٹ پرمٹ زید کو دیں یا بکر کو دیں - قانون کے مطابق دیں - یا قانون کے خلاف دیں یہ ان کی اپنی خوشی ھے - میں ان لوگوں میں سے ھوں جو بسوں پر سفر کرتے ھیں اس لئے میں اس نقطہ نظر سے اس ایوان میں اپنے خیالات کا اظہار کروں گا - جناب والا - سب سے پہلی بات یہ ھے کہ میں نے اپنی زندگی میں آج سے تقریباً پینتیس سال پہلے جو حالات دیکھے تھے ان بس سروسوں کے حالات آج ان سے بدتر ھیں - اس زمانے میں بسیں بازاروں میں کھڑی ھوتی تھیں - ابھی یہ ایکٹ نافذ نہیں ھوا تھا - کوئی سواری آ جاتی

تو اس کی گٹھڑی ایک بس والا کھینچ لے جاتا اور سواری کو دوسرا بس والا کھینچ لے جاتا ۔ اور آج بھی بعینہ یہی حالت ہے ۔ جن نئی بسوں کو آپ روٹ پرمٹ دیتے ہیں نہ ان کے پاس اپنے بس سٹینڈ ہیں نہ مسافروں کے لئے آرام گاہیں ہیں نہ غسلخانے ہیں ۔ موٹر وہیکلز ایکٹ کے تحت جو بنیادی ضروریات مہیا ہونی ضروری ہیں وہ ان کے پاس نہیں ہیں ۔ جن لوگوں کو آپ روٹ پرمٹ دیتے ہیں ان کے پاس ایک لاری ہوتی ہے جسے وہ سڑک پر کھڑا کرکے بھرلیتے ہیں ۔ بس میں اتنی سواریاں ہوتی ہیں جس کا کوئی حد و حساب نہیں ۔ نہ یہ بسیں وقت مقررہ پر چلتی ہیں نہ کہیں وقت مقررہ پر پہنچتی ہیں ۔ سب سے خطرناک چیز ان کی اوور لوڈنگ ہے ۔ میں اکثر سیالکوٹ اور لاہور کے درمیان آتا جاتا رہتا ہوں ۔ ایک روز میں سیالکوٹ سے آ رہا تھا وہ بس ۴۲ سواریوں کے لئے منظور شدہ تھی مگر اکیس سواریاں اس بس میں زائد سوار تھیں ۔ صرف اکیس ۔ ٹریفک پولیس کے سپاہی کھڑے تھے اور بس کے اندر کھڑے ہوئے مسافروں کو دیکھ رہے تھے لیکن کوئی پوچھتا نہیں ۔ اس کی پہلی وجہ یہ ہے کہ روٹ پرمٹ بڑے بڑے بااثر لوگوں کو ملتے ہیں اور وہ اپنے اثر و رسوخ سے پولیس کو جانچ پڑتال سے روک دیتے ہیں ۔ وہ چیکنگ نہیں کرتے ۔ اگرچہ پولیس بھی اتنی آسانی سے کام نہیں دیتی ۔ ان کا کچھ اثر بھی کام کرتا ہے اور کچھ نذرانہ بھی ان کو ہر بس کے حساب سے یومیہ ملتا ہے ۔ اس لئے پولیس نہ صرف over load کرنے میں ان کی امداد کرتی ہے بلکہ over load کرنے سے چشم پوشی کرتی ہے زائد سواریاں بٹھانے سے حادثات بڑھ جاتے ہیں ۔ ایک دوسرے سے سواریوں کی تلاش میں آگے نکل جانے کی کوشش میں جو حادثات ہوتے ہیں یہ ایک دوسرا مسئلہ ہے ۔

لاهور کے بس سٹینڈ کو لے لیجئے - جس زمانے میں متعلقه قانون بنا تھا اس وقت میں نے بڑی شدت سے اس کی مخالفت کی تھی آج اس قانون کو بنے ہوئے غالباً چار سال ہو گئے ہیں اور تین روپیہ فی بس بس سٹینڈ کی مالک یعنی کارپوریشن یومیہ وصول کرتی ہے - وہاں کبھی آپ جا کر دیکھیں کہ وہاں کیا حالت ہے - محترم وزیر صاحب تشریف فرما نہیں ہیں پچھلے سیشن میں انہوں نے وعدہ فرمایا تھا کہ بس سٹینڈ میں جا کر خود دیکھیں گے کہ حالات کیا ہیں - بارش کے موسم میں گھٹنوں تک کیچڑ ہوتا ہے - وہاں کوئی سایہ نہیں ہے - پینے کے پانی کا کوئی انتظام نہیں ہے - وہاں بس کے لئے سایہ تو کجا مسافروں کے لئے بھی وہاں سایہ نہیں ہے - اگرچہ ہزاروں روپیہ کی آمدنی کارپوریشن کو یومیہ ہوتی ہے - یہی حالت آپ کے گوجرانوالہ شہر کے بس سٹینڈ کی ہے - شہر سے تین میل بس سٹینڈ ہے - گوجرانوالہ سے لاهور کا کرایہ تو سوا روپیہ دینا پڑتا ہے لیکن شہر سے بس سٹینڈ کا کرایہ دو روپیہ دینا پڑتا ہے - یا کم سے کم وہ مسافر جو شہر سے تعلق نہ رکھتا ہو اس سے دو روپیہ لے لیتے ہیں اور جو شہر کا رہنے والا ہو اس سے ایک روپیہ لے لیتے ہونگے اس سے کم کیا کرایہ ہوتا ہوگا - جس روز بارش ہو جائے تو بس سٹینڈ کے اندر بس داخل نہیں ہو سکتی - وہاں دو روپیہ فی بس میونسپل کمیٹی گوجرانوالہ ان سے وصول کرتی ہے - سیالکوٹ کی حالت یہ ہے کہ وہاں تین چار پرانی کمپنیوں کے اپنے سٹینڈ ہیں مثلاً جی - ٹی بس سروس - نیشنل ٹرانسپورٹ - ہمالیہ وغیرہ اس کے علاوہ باقی بس کمپنیاں جو راتوں رات موجودہ گورنمنٹ کی بدولت پیدا ہوتی ہیں ان میں سے اکثر گزشتہ دو تین سال میں یعنی پریذیڈنٹ الیکشن سے تھوڑا عرصہ پہلے یا بعد میں بنی ہیں - بازاروں

میں چلنے کے لئے راستہ نہیں ملتا ہے ۔ بعض سڑکیں جو ریلوے سٹیشن کو جاتی ہیں ان پر اکثر بسیں کھڑی ہوتی ہیں اور جو پیدل لوگ جاتے ہیں ان کو راستہ نہیں ملتا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ آپ ٹیکس ضرور لگائیں کیونکہ ٹیکس کے بغیر کوئی حکومت نہیں چل سکتی ۔ جن قوانین کا نفاذ حکومت کے ذمہ ہے ان کے فرائض منصبی میں ہے خدارا ان کی طرف بھی دیکھیں ۔ ہر بس میں سواری کے بیٹھنے کے لئے بہت کم جگہ ہوتی ہے ۔ میاں محمد یاسین صاحب وٹو سے گزارش کروں گا وہ میری طرح جسم کے ذرا بھاری ہیں اگر وہ کسی بس میں گھٹنے سیدھے کرکے بیٹھ جائیں تو جو مجھے کہیں گے میں ان کو انعام دینے کے لئے تیار ہوں ۔ لاریوں میں leg space مفقود ہے ....

ملک محمد اختر ۔ میں بیٹھ سکتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ گود میں بھی بیٹھ سکتے ہیں ۔ (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر ۔ جس قدر سواریوں کے لئے بس ہے اتنی ہی سواریاں اس میں بیٹھنی چاہئیں ۔ بسوں کی باقاعدہ چیکنگ ہو ۔ کوئی بس زائد سواریاں نہ لاد سکے ۔ کسی بس کو روٹ پرمٹ نہ دیا جائے جب تک اس کے متعلق یہ نہ دیکھ لیا جائے کہ اس کے پاس مسافروں کی آسائش کے لئے کوئی بس سٹینڈ ہے رولز میں تو تحریر ہے کہ بس سٹینڈ کے بغیر روٹ پرمٹ نہ دیا جائے ۔ روٹ پرمٹ چاہے زید کو دیں یا بکر کو دیں ہمیں اس سے غرض نہیں لیکن قانون کے تقاضے پورے ہونے چاہئیں اور موجودہ افراتفری سے لوگوں کو نجات دلائیں ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - جناب قائد محترم نے اس کے متعلق بہت کچھ عرض کیا ہے - میں اپنی ذاتی معلومات کی بناء پر کچھ ایسے پہلو تھے جو تشنہ رہ گئے ہیں ان کی طرف توجہ دلاتا ہوں - عرض یہ ہے کہ موٹر وہیکل ایکٹ میں ایک دفعہ جس کے تحت روٹ پرمٹ دینے کے لئے پہلے سروے کرنا ضروری ہوتا ہے - میں نے اس اسمبلی میں متعدد بار سوال کئے اور پتہ چلا کہ حکومت سروے کرائے بغیر اور ضرورت کا تخمینہ لگائے بغیر لوگوں کو روٹ پرمٹ دیتی ہے - اور سب سے بڑی زیادتی یہ ہو رہی ہے اور یہ آپ کے علم میں بھی ہوگا کہ حکومت سے روٹ پرمٹ حاصل کئے بغیر بہت سی لاریاں چلتی ہیں- ساتھ ہی ساتھ مجھے شدید اعتراض اس بات پر ہے کہ مسافروں کی تکالیف تو وقتی ہوتی ہیں ان کو برداشت بھی کر لیا جاتا ہے لیکن حادثات کی سب سے بڑی وجہ ضرورت سے زیادہ روٹ پرمٹ جاری کرنا ہے - دوسری بڑی وجہ یہ ہے کہ سڑکوں کی جو دیکھ بھال یا سڑکوں کو ضرورت کے مطابق چوڑا کرنے کو قطعی طور پر نظر انداز کیا جاتا ہے - میرے نقطہ نظر سے حادثات میں روز افزوں اضافہ کی اہم وجوہات میں سے ایک وجہ یہ بھی ہے -

جناب سپیکر - جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے خصوصی طور پر مسافر گاڑیوں کے بارے میں ذکر کیا ہے - یہ ٹیکس ٹرکوں پر بھی لگایا جاتا ہے - میں جناب احمد سعید کرمانی صاحب کی توجہ اس امر کی طرف بھی مبذول کرواتا ہوں - مجھے بہت سے ڈرائیور اور ٹرکوں کے مالکان سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے رشوت ستانی کی انتہا یہ ہے کہ اگر ایک شخص نے لاہور سے پشاور تک ٹرک لے جانا ہو تو بیسیوں

جگہوں پر رشوت دینی پڑتی ہے ۔ مجھے ڈر لگتا ہے کہ جب میں رشوت کا نام لیتا ہوں تو جناب خان غلام سرور خان صاحب مجھ سے خفا ہوں گے کہ میں یہاں ہر وقت رشوت کی باتیں کرتا ہوں ۔ میں ان سے معذرت کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ آپ کے دور اقتدار میں رشوت کے علاوہ ملتا ہی کچھ نہیں ہے ۔ اب ہم کریں تو کیا کریں خدا معلوم اس میں میرا قصور ہے یا آپ کا .....

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے کہا ہے کہ مجھے رشوت کے سوا کچھ نہیں ملتا ہے ۔ یہ تو رشوت نہیں لیتے ہیں ۔

وزیر مال ۔ اس لئے میں نے کہا ہے کہ اس کا جلد از جلد قلع قمع ہو ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ پہلے لوگوں کو شکایت ہوتی تھی کہ حکومت بعض افراد کو سیاسی مصلحتوں کی بنا پر یا نوازنے کے لئے یا سیاست دانوں کو نوازنے کے لئے روٹ پرمٹ دیتی تھی ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں اور جناب کرمانی صاحب اس چیز کا اعادہ کرنے کی زحمت گوارا نہیں فرمائیں گے کہ سابقہ حکومتیں بھی یہ گناہ کرتی رہی ہیں یا سابقہ حکومتیں کرتی تھیں جن کو میرے بڑے بھائی کی ہمدردیاں حاصل تھیں ۔ لیکن موجودہ حکومت نے اس میں ایک بڑا اہم قدم اٹھایا ہے پہلے تو روٹ پرمٹ سیاستدانوں کو ملتے تھے اب پیروں کو بھی روٹ پرمٹ ملنے لگے ہیں...

Mr. Speaker : No repetition of arguments.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میرا اندازہ یہ ہے کہ ہماری حکومت یہ پیروں کو روٹ پرمٹ اس لئے جاری کرتی ہے تاکہ وہ اشخاص جو پیروں کی بسوں میں سفر کریں گے - اگر کسی حادثے کا شکار ہو جائیں تو لازمی طور پر وہ بغیر ٹکٹ جنت میں چلے جائینگے کیونکہ بس پیروں کی ہوتی ہے - انہوں نے سیاستدانوں کے علاوہ پیروں کا نیا طبقہ ٹرانسپورٹ کے کاروبار میں پیدا کیا ہے - میرے نزدیک اگر حکومت یہ واجبات یا محصولات وصول کرنا چاہتی ہے یہ بخوشی وصول کرے لیکن اس کے لئے لازمی ہے کہ موٹر وہیکل ایکٹ کی دفعات مد نظر رکھتے ہوئے سڑکوں کی حالت کو بہتر بنانے اور روٹ پرمٹ جاری کرنے کے طریقہ کو ملکی حالات کے پیش نظر اور اس میں کچھ نہ کچھ انسانی اور اخلاقی قدروں کو مد نظر رکھتے ہوئے جاری کرے- جو کچھ حکومت چاہتی تھی، کرتی رہی ہے اگر اس کی ساری کہانی اس ایوان میں بیان کی جائے ہو سکتا ہے کہ جناب وزیر موصوف اسے برداشت نہ کر سکیں ، اس لئے میں محض اتنی معروضات پر ہی اکتفاء کروں گا -

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور - ۲)- جناب سپیکر- میں اس ٹیکس کی مخالفت کرتا ہوں اور وہ ان وجوہات کی بناء پر کہ ہماری حکومت ہر طبقے میں ہر پہلو سے پھیل گئی ہے اور اس وجہ سے ہماری حکومت کو ٹیکس وصول کرنے کا کوئی حق نہیں ہے کیونکہ ٹیکس وہ وصول کرے جس کے پاس نظام صحیح ہو اور یہاں نظام کی حالت یہ ہے کہ یہ لاہور شہر مغربی پاکستان کا دارالخلافہ ہے اور امید ہے کہ آپ میری بات پر اعتبار کریں گے کہ یہاں پر ٹریفک کی یہ حالت ہے کہ یہاں ٹیکسی والے اپنے حق سے دگنا کرایہ

وصول کرتے ہیں، ورنہ اس ٹیکس کا اثر تو غریب لوگوں پر پڑتا ہے اور جو لوگ بااثر ہیں ان کی بسیں تو بغیر روٹ پرمٹ کے چلتی ہیں اس لئے ان پر اس ٹیکس کا کوئی اثر نہیں پڑے گا ۔ اس کے ساتھ ساتھ جو لوگ ٹیکس وصول کرنے والے ہیں ان کی شرح بھی مقرر نہیں ہے کہ وہ ایک تہائی کھائیں یا ایک چوتھائی کھائیں ۔ تو پہلے آپ ان کی اصلاح کریں اور بعد میں ٹیکس لگائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ کرمانی صاحب ۔ میں آپ کے نوٹس میں یہ ایک چیز لانا چاہتا ہوں۔ کلاز نمبر ۵ سب کلاز (i) میں یہ ہے کہ :

"Motor Vehicles used for the transport or carriage of goods and materials."

اس میں غالباً ایگریکلچر کی ٹرالیز اور ٹریکٹر بھی آئیں گے ۔ تو اگر گورنمنٹ ان کو exempt کرنا چاہے، تو رولز بناتے وقت اس چیز کا خیال رکھیں ۔

وزیر خزانہ ۔ بہت اچھا جناب ۔

Mr. Speaker : I will put the clause to the vote of the House. The question is —

That clause 5 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 6.

Mr. Speaker : Clause 6.

Minister of Finance : There is an amendment of Malik Akhtar.

Mr. Speaker : That amendment is out of order.

ملک محمد اختر ۔ چونکہ میں نے مختلف نظریے سے اسے پیش کیا ہے اور وہ یہ کہ یہ مرکزی قانون سے مطابقت نہیں رکھتا اس لئے آپ مجھے اس پر بات تو کر لینے دیجئے ۔

Mr. Speaker: The Member can oppose the clause but this amendment is obviously out of order.

وزیر خزانہ ۔ آرٹیکل نمبر ۴۷ ۔

ملک محمد اختر ۔ آپ مجھے کہہ لینے دیجئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ بیشک تقریر کریں لیکن آپ کی اطلاع کے لئے یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ نے جو ترمیم دی ہے وہ out of order ہے لیکن آپ اگر اس کلاز کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں تو آپ تقریرفرما سکتے ہیں ۔ اور آپ کی ترمیم اس لئے بھی out of order ہے کہ negation of clause کی ترمیم نہیں دی جا سکتی ۔ لیکن اس کے باوجود چونکہ آپ کو یہ حق ہے کہ آپ کلاز کی مخالفت کر سکتے ہیں اس لئے آپ اس پر تقریر فرمانا چاہیں تو آپ کو اس کی اجازت دی جا سکتی ہے ۔

ملک محمد اختر (لاہور-۲)۔ جناب سپیکر۔ مجھے یہ گزارش کرنا ہے کہ دفعہ ۶ کے تحت یہ قرار دیا گیا ہے کہ آئندہ سال ریلوے کے کرایوں اور باربرداری پر جو ٹیکس لگایا جائے گا اور جو کہ شیڈول نمبر ۲ کے مطابق ہوگا اور اس شیڈول کے مطابق فرسٹ کلاس پر پچاس پیسے، سیکنڈ کلاس پر پچیس پیسے ، انٹر کلاس پر بارہ پیسے اور تھرڈ کلاس کے ٹکٹ پر چھ پیسے ٹیکس لگایا گیا ہے ۔

تو میں نہایت دکھ درد کے ساتھ اپنے وزراء صاحبان کی خدمت اقدس میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جب متعلقہ سیکرٹری ان کے سامنے ایسی تجاویز رکھتے ہیں تو کیا وہ اُن کی calculation کو بھی دیکھتے ہیں کہ یہ تین پیسے ، دس پیسے یا پچاس پیسے کا جو ٹیکس ہے ان سے عوام پر کس قدر اثر پڑتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس ٹیکس کا آغاز یکم جولائی ۱۹۶۲ء سے کیا گیا اور چوالیس لاکھ روپے سالانہ کے حساب سے اب تک ہم کم و بیش دو کروڑ بیس لاکھ روپے اس سرچارج کی شکل میں عوام سے وصول کر چکے ہیں ۔ میں ان تفاصیل میں نہیں جانا چاہتا کیونکہ آج میں ریلوے کے حالات کے متعلق کوئی تقریر نہیں کرنا چاہتا ، لیکن صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے یہ جو سرچارج لگایا ہے ۔ اس کا وقت گزر چکا ہے ۔ میری مراد ۱۹۶۲ء کے Presidential Order No. 33 کی دفعہ ۸ سے ہے جس کو اغلباً آئین کی دفعہ ۲۳۲ کے تحت جب ریلوے transfer کی گئیں تو کچھ شرائط پریذیڈنٹ نے لگائیں اور Presidential Order کی دفعہ ۸ کے تحت ریلوے کو transfer کرتے وقت پریذیڈنٹ صاحب نے دفعہ ۸ میں یہ حکم فرمایا ۔

Section 8 of the Presidential Order No. 33 of 1962 :

> "The Provisions of the Separation Convention shall, until modified by the Provincial Government, apply mutatis mutandis to regulate the separation of the Railway finances from the General finances of the Province, and the Provincial Government shall, before the commencement of financial year, present to the Provincial Assembly a separate Railway Budget of the estimated receipts and expenditure of the Railway for that year,"

جناب والا۔ میں تو صرف ٹیکنیکل بات کرتا ہوں اور اگر کہیں پر کوئی کوتاہی ہو تو اس کی نشاندھی کر دیتا ہوں لیکن جناب وزیر ریلوے اس سرچارج کو جو کہ معمولی سرچارج نہیں ہے کیونکہ یہ چوالیس لاکھ روپے کا سرچارج ہے یہ بڑا بھاری ٹیکس ہے جو کہ آپ قانونی طور پر نہیں لے سکتے ہیں کیونکہ اس فنانس بل میں صوبائی بجٹ اور ریلوے کے بجٹ کو Presidential Order کے تحت یکجا نہیں کیا جا سکتا ہے ۔ اب وہ یہ کہیں گے کہ فنانس ایکٹ کے تحت انہیں اختیارات ہیں تو اس سلسلے میں میں محترم وزیر خزانہ کی توجہ آئین کے آرٹیکل نمبر ۱۳۴ کی طرف دلاتا ہوں

"When a Provincial Law is inconsistent with a Central Law, the latter shall prevail, and the former shall, to the extent of the inconsistency, be invalid."

یہ تو inconsistency ہوگئی ۔ یہ چوالیس لاکھ روپیہ ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ ۔ آپ خود ہی کہتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ نظریے کی بات ہے ۔ آپ داد دیجئے کہ کہاں سے میں دور کی کوڑی لایا ہوں اب آپ اسے مانیں یا نہ مانیں، اس کا آپ کو اختیار ہے ۔

جناب والا ۔ Presidential Order No. 33 of 1962 ایک مرکزی قانون ہے اور یہ فنانس بل ۱۹۶۷ء جسے آج ہم پاس کر رہے ہیں یہ ایک صوبائی قانون ہے اور مرکزی قانون یہ کہتا ہے کہ آپ ایک بجٹ بنائیں ۔ کیا یہ چوالیس لاکھ روپے ریلوے بجٹ کا حصہ نہیں ہے، یہ صوبائی بجٹ کا حصہ کس طرح بن جاتے ہیں ۔ جناب والا۔

میں اس سے زیادہ بات نہیں کرنا چاھتا کیونکہ اسے شاید گیارہ بجے تک پاس ھونا ھے۔ میں نے deletion clause اس لئے دی تھی کہ میں جناب وزیر خزانہ سے درخواست کروں کہ جب وہ آج consolidated جواب دیں ، تو اس وقت اس قانونی نکتہ کا جواب بھی دیں کیونکہ کہیں کل کو ایسا نہ ھو کہ کوئی شخص رٹ کر دے اور پھر سارے کا سارا مسئلہ یونہی رہ جائے اور میں نے اسی لئے یہ ترمیم دی تھی کہ اس کلاز کو delete کر دیا جائے کیونکہ میری نظر میں اس کا کوئی قانونی جواز نہیں ھے ۔ ریلوے بجٹ کے دوران میں اس کے لئے قانونی جواز ھو سکتا تھا ۔ آپ اس وقت جس قدر بھی چاھتے، ھو سکتا تھا لیکن آج کے لئے اس کا کوئی جواز نہیں ھے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان)۔ جناب والا۔ میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ اس پوائنٹ پر ملک اختر صاحب اچھے خاصے confused معلوم ھوتے ھیں ۔ جو روپیہ ریلوے fares اور freight پر لگے گا وہ صوبائی حکومت کی طرف سے ھے اور ریلوے بجٹ میں شامل نہیں کیا گیا ۔ جیسا کہ انہوں نے فرمایا ھے تقریباً ۱۹۶۵-۶۶ کو جو figures ھیں وہ -/۴۷۵۱۵۰۴ روپیہ ھےجو اکٹھا کرکے صوبائی حکومت کی تحویل میں دے دیا گیا ھےاور ڈویلپمنٹ فنڈ میں جاتا ھے ۔ جس کے متعلق قائد ایوان نے اختر صاحب کو بتایا تھا کہ ۱۴۰ کروڑ کی رقم اور ٹوٹل ۱۹۷ کروڑ کی رقم ڈویلپمنٹ کے کاموں پر خرچ کی جا رھی ھے۔ جس طرح صوبائی حکومت کے دوسرے ٹیکس ھیں اسی طرح ڈویلپمنٹ سیس ھے اور جو روپیہ وصول کیا جائے گا وہ ایک کروڑ کے قریب ھوگا ۔

اختر صاحب ہمیشہ confused رہے ہیں اور رہیں گے ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ اپنی طرف سے ریلوے جو کچھ وصول کرے گی وہ مسافروں اور ادنیٰ ملازمین کو سہولتیں مہیا کرنے اور ان کی بہتری کے لئے صرف کرے گی ۔ ڈویلپمنٹ ٹیکس صوبائی ٹیکس ہے اس کا صوبہ کے عوام کی بہبودی کے لئے اور ڈویلپمنٹ کے لئے خرچ کیا جانا مقصود ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That clause 6 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 7

Mr. Speaker : Now, we come to clause 7.

The question is—

That clause 7 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 8

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

May I move my amendment, Sir ?

Mr. Speaker : Both the amendments are out of order.

ملک محمد اختر ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ اب پھر consolidation کے سلسلہ میں یہ کیا پاورز لینا چاہتے ہیں ۔ پاورز یہ لینا چاہتے ہیں ۔

"Government may by an order, notified in the official Gazette, exempt any Sugar Mill or all Sugar Mills in any specified area from the payment of the whole or any part of the cess under this Section."

جناب سپیکر ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آرٹیکل ۹۰ کے تحت ایسے اختیارات حکومت کو نہیں دے جا سکتے ۔

جناب والا ۔ میری مراد یہ ہے کہ میں مختصر طور پر عرض کروں گا اگرچہ اس میں بڑی لمبی بحث ہو سکتی ہے لیکن میں صرف اشارے ہی کروں گا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر آپ سمجھیں تو ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ ٹیکسوں کو چھوڑنے کا مسئلہ ہے ۔ آرٹیکل ۹۰ یہ کہتا ہے ۔

"No tax shall be levied for the purposes of a Provincial Government except by or under the authority of an Act of the Provincial Legislature."

جناب سپیکر ۔ میں زیادہ بحث نہیں کرتا ۔ صرف اس قدر عرض کروں گا کہ ٹیکس لگانے کا یہ طریقہ ہے جیسا کہ گورنر صاحب اس فنانس بل کی دفعات کے یہاں پاس ہونے کے بعد اس کی consent دیں گے پھر یہ ٹیکس لگے گا ۔ میری مراد یہ ہے کہ ٹیکس کے لگانے یا اسے repeal کرنے کے لئے General Clauses Act کی دفعات موجود ہیں میں ان کو quote کر کے ایوان کا time consume نہیں کرنا چاہتا ۔ ٹیکسوں کے لگانے کی یہ شرائط ہیں کہ نہ تو خود گورنر صاحب کر سکتے ہیں نہ اسمبلی کر سکتی ہے بلکہ Provincial Legislature کر سکتا ہے ۔ یہاں اس کی approval کے بعد گورنر صاحب consent دیں گے ۔

"Government may by an order, notified in the official Gazette, exempt any Sugar Mill or all Sugar Mills in any specified area from the payment of the whole or any part of the cess under this Section."

اس کے علاوہ اگر وہ کچھ اور کہیں گے تو وہ اپنی argu-ments کو negative کر جائیں گے۔ اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کروں گا کہ cess does not mean a tax مجھے خوشی ہوگی اگر وہ یہ کہیں کہ انہوں نے سیس کے نام پر ۴۰ ٹیکس لگائے ہوئے ہیں اور گران قدر رقوم حاصل کر رہے ہیں ۔ یہ ایک ٹیکنیکل سی بات ہے ۔ اس لئے میں اس کے اندر ہی رہنا چاہتا ہوں ۔ مجھے صرف یہ بتایا جائے کہ لیجسلیٹو اسمبلی کس طرح سے competent ہے کہ اپنے اور گورنر صاحب کے اختیارات consolidated form میں delegate کرے اس کے لئے تو یہ ہے کہ Government means Secretary to Government میں نے ایک ترمیم اس کلاز کو delete کرنے کے لئے move کی تھی ۔ اور یہ کہا تھا کہ آپ یہ پاس نہیں کر سکتے کیونکہ یہ ultra vires ہے ۔ اس سلسلہ میں ایک مثال دوں گا ۔ پچھلی دفعہ Sugar cane cess میں چار آنے فی من رعایت دی تھی ۔ جس سے اگر میں مبالغہ نہ کروں تو کم و بیش ۵ کروڑ روپیہ کا نقصان کاشتکاروں کو ہوا تھا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ایسے کئی instances کے ہوتے ہوئے factual اختیارات یہ نہیں ہیں اور آئین کی رو سے delegation of powers یعنی اختیارات کسی کو تفویض نہیں کئے جا سکتے۔

مسٹر نثار محمد خان (پشاور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ یہ لفظ جو سیس کا استعمال کیا گیا ہے یہ بڑا تشویشناک ہے ۔ اور میں اسے oppose کرتے ہوئے یہ کہوں گا کہ سابقہ فرنٹئیر صوبہ میں تین

شوگر ملیں تھیں - چار سدہ شوگرمل - پریمئیر شوگرمل اور فرنٹئیر شوگرمل- ان پر raise 'voluntary Sugar cane cess کیا گیا- اس میں آدھا زمینداروں کا حصہ تھا اور آدھا شوگر ملوں کا - پچھلے سال گنے کے season میں مل والوں اور زمینداروں کی بڑی تباہی ہوئی جس کے لئے میں یہ کہوں گا کہ یہ سب حکومت کی غلط پالیسی کی وجہ سے ہوئی ہے - اگر حکومت بر وقت کوئی قدم اٹھاتی تو مل والے اور کاشتکار تباہی کا شکار نہ ہوتے - گورنمنٹ نے محسوس کیا ہے اور یہ سیس اس لئے لاتے ہیں کہ شوگر ملوں کو جو خسارہ یا کمی ہوئی ہے اس کو پورا کیا جائے - اس ضمن میں میں یہ بھی عرض کروں گا کہ شوگر کین سیس کی سالانہ رقم تقریباً ایک کروڑ روپیہ بنتی ہے - ایسا نہ ہو کہ ملوں کو کم کردیں اور زمینداروں کو ترجیح دے دیں -

جناب والا - جس طرح میں پہلے عرض کرچکا ہوں اگر ہم مرکزیت کے مرض میں مبتلا نہ ہوتے تو یہ روپیہ جو جمع کیا گیا ہے ہمارے علاقہ کی سڑکوں کی repairs پر صرف ہوتا تو ہمیں کوئی گلہ شکوہ نہ کرنا پڑتا لہذا میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ایسا نہ ہو کہ شوگر کین سیس اس مد کے اندر ملوں کی کمی کا باعث بنے -

Mr. Speaker : Kirmani Sahib—By virtue of the provisions of sub-section (5) which is going to be added in Section 12 of the West Pakistan Finance Act, 1964 the Government is having powers of exempting any Sugar Mill from the payment of the cess which was levied under Section 12 of the said Act. In sub-section (2) of section 12 of the Finance Act, 1964 the incidence of the cess was to be shared equally by the Sugar Mill and the person selling the sugarcane to the

Mill, but in this provision, no provision has been made for exempting the growers or the sugarcane cultivators.

Minister for Finance : This aspect was brought to our notice, and as a matter of fact, the payment is made by the mill owners even on behalf of the growers.

Mr. Speaker : The Minister means to say that if the Government will exempt the mill, growers will automatically be exempted. This is the intention.

Minister for Finance : That's right.

Mr. Speaker : Then let it be on the record that if the Government will exempt the mill, then growers or cultivators will automatically be exempted.

Minister for Food (Malik Khuda Bakhsh) : If he so desires.

Mr. Speaker : If the Minister so desire.

Minister for Finance : Yes, Sir.

Mr. Speaker: But that is not the intention. If the Government exempt a particular mill, that means they desire that a particular mill be exempted and if they exempt a mill, then automatically the growers will be exempted.

Minister for Finance : Sir, the power is being taken by this Bill to enable the Government to exempt the mill-owners alone as well as the mill-owner and the growers. This is the possibility. We will take care of this aspect of the matter whil[e] framing the rules under the act.

Malik Muhammad Akhtar : Let them undertake and amend it.

Mr. Speaker : I will now put the clause to the vote of the House. The question is :

That clause 8 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 9

Mr. Speaker : Clause 9.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Mr. Speaker : The first amendment is by Malik Muhammad Akhtar ; that is ruled out of order. Next amendment by Malik Muhammad Aslam ; please move.

Malik Muhammad Aslam : Sir, I beg to move :

That in clause 9 of the West Pakistan Finance Bill, 1967 for the word "full"occurring in line 4 the word "such" be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 9 of the West Pakistan Finance Bill, 1967, for the word "full" occurring in line 4, the word "such" be substituted.

I think there is no opposition to this amendment. The question is :

That in clause 9 of the West Pakistan Finance Bill, 1967, for the word "full" occurring in line 4, the word "such" be substituted.

The motion was carried.

Does Malik Muhammad Akhtar want to oppose this clause ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly Sir.

جناب سپیکر۔ یہ کلاز ۹ ہے ۔ اس کے مطابق

"If the person responsible for the payment of the tax under section 4 fails to pay or collect the tax as the case may be, he shall be liable to pay, in addition to the amount of full tax, a penalty not exceeding the amount of the tax payable."

جناب والا ۔ Finance Act کے تحت سال رواں میں کم و بیش ۵۴ کروڑ کی estimated انکم ہوئی ہے جو انہوں نے گھٹا کر دکھائی ہے اور اب مزید ٹیکس بڑھایا جا رہا ہے کیونکہ میں گذشتہ سال کی فیگرز دے رہا ہوں ۔ آپ یہ اندازہ فرمائیے یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ٹیکس دینے میں کوتاہی کرے گا تو اس سے اتنی ہی پینلٹی وصول کی جائے گی جتنا کہ ٹیکس واجب الادا ہے ۔ یا جتنا ٹیکس ادا کرنے کے لئے وہ ذمہ دار قرار دیا جائے گا ۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی لکھ دی گئی ہے کہ جو شخص collection کے لئے لگایا جائے (اگر میں غلط نہیں سمجھا ہوں) تو ان کی مراد یہ ہے

"... .....person responsible for the payment of the tax fails to pay or collect the tax as the case may be,....."

یعنی جو ان کی collection ایجنسیز ہیں ۔ اور میں یہ بھی نہیں سمجھا کہ گورنمنٹ کی کوئی ایجنسی ایسی ہوگی جس کے متعلق کہا جا سکتا ہے :-

"... or fails to collect....."

اس کا کیا مطلب ہے ؟ کیا یہ گورنمنٹ کے افسر اپنی جیب سے جرمانہ ادا کریں گے۔ یا اگر ٹیکس payer ہی جرمانہ ادا کرے گا تو گورنمنٹ کا افسر

"if he fails to collect....."

تو یہ ادائیگی کے ذمہ دار ہو جائیں گے اس کے بعد اگر کوئی ایسا آدمی

"if the person responsible for the payment of the tax"

چلئے اگر کسی نے fraud کیا تو یہ ایک responsible person پر پینلٹی ڈالیں گے ۔ لیکن

"or collect the tax"

کا کیا مطلب ہے ۔ اس سے دو خدشات ہیں ایک تو یہ کہ ٹیکس collecting ایجنسی پینلٹی کی liable ہو جائیگی اور گورنمنٹ کے افسران ۵۴ کروڑ روپے اپنی جیب خاص سے ادا کریں گے ۔ یا اگر گورنمنٹ کے افسر collect نہیں کرتے تو پھر بھی وہ شخص جو ٹیکس ادا کرنے کے لئے آمادہ ہے اس پر ۱۰۰ فی صد پینلٹی ڈالی جائے گی ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا ۔ جناب والا ۔ دوسرا اعتراض مجھکو یہ کرنا ہے کہ پینلٹی کی رقم بجلی کے صارفین ۔ ٹرمینل ٹیکس کے ادا کرنے والے اور واٹر ریٹ ادا کرنے والوں سے ۱۰ فیصد لی جاتی ہے ۔ عام حالات میں اگر وقت پر بل ادا نہ کیا تو ۱۰ فیصد پینلٹی پڑ جاتی ہے لیکن یہاں پر ۱۰۰ فیصد پینلٹی کیوں رکھی گئی ہے ۔ میں جناب والا۔ زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا کیونکہ یہ دھندا گیارہ بجے ختم ہوتا ہے ۔ میں صرف ٹیکنیکل باتیں کر رہا ہوں اگر اس کے merit پر آگیا تو پھر داستانیں چھڑ جائیں گی ۔ اور میں داستانیں نہیں چھیڑنی چاہتا ہوں میں صرف یہ پوچھتا ہوں کہ technically کیا یہ درست ہے ؟

وزیر خزانہ (سید احمد سعید کرمانی) ۔ آپ سیکشن ۹ کو پڑھئے گا ۔

"If the person responsible for the payment of the tax under section 4 fails to pay or collect the tax as the case may be,"

Mr. Speaker : Collect the tax.

ملک محمد اختر ۔ ٹیکس کے collection اور اس کی جتنی ایجنسیز ہیں یا جتنے اہلکاران ہیں وہ تمام taxable ہو جائیں گے اور اگر وہ ادا نہیں کر سکیں گے تو کرمانی صاحب سے لیا جائے گا ۔

Minister for Finance : Sir, we have now to see what is section 4. Section 4 says :

"There shall be levied and collected a tax on cinemas payable by the owner or management thereof at the following rates..."

So the collection has to be done by the cinema owners or the management.

Mr. Speaker : Tax will be levied and collected by the Govt. and that will be paid by the cinema owners. In section 4 it is stated that there shall be levied a tax on cinemas payable by the owner. The owner will pay it; the owner will not collect it. He is not going to collect any tax.

غلطی اس وجہ سے ہوئی ہے کہ پرانا ٹیکس جو تھا....

Minister for Basic Democracies : Sir, may I also say something. Sir, this is to be collected by the cinema-owners because this tax will be levied on the tickets The cinema-owners will collect and then pay it to the Government.

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir, that is not to be levied on the cinema tickets ; this is a lump sum tax.

مسٹر سپیکر ۔ ٹول فیس جو تھی اس کو آپ نے فائننس ایکٹ میں exempt کر دیا ہے جو اس ٹیکس کا پرانا reference تھا اس reference سے اگر دیکھا جائے تو یہ ٹیکس صحیح ہے ۔ اب چونکہ یہ حذف ہو گیا ہے اور صرف ایک سیکشن ہے تو میرے خیال میں payment of tax کا لفظ آنا چاہئے ۔ یہ ٹیکسز relate کرتے ہیں پہلے پراویژن کو اس کے متعلق ذرا آپ غور فرما لیجئے ۔

Minister for Finance : This matter was discussed threadbare, inter-se by our colleagues. The view that is being advanced by Mr. Yasin Wattoo is that the cinema people whatever they pay to the government they pay after collecting from some people. Obviously they collect this money from the cinema goers.

Mr. Speaker : One thousand, five hundred or one hundred rupees—they don't collect it from the cinema-goers.

Minister of Finance : I think, Sir, they will arrange their affairs in such a way and they will distribute this amount in such a way that they will raise their ticket money. They will increase the charges correspondingly after taking in view the number of cinema-goers to each cinema, they will keep in view the average and then they will increase their charges. After collecting that charge from the cinema-goers they will make the payment to the Government.

Mr. Speaker : What is meant by 'levied and collected.' You will levy the tax.....

Minister of Finance : Sir, we will levy it and they will collect it.

Mr. Speaker : The Government will levy it and then the Government will collect it. Thus it will be performing both functions.

Minister of Finance : In that sense that is true. What we intend to do is that it will be levied on the cinemas and they will collect it from the cinema goers and then after collecting the amount they will make payment to the Government.

Mr. Speaker : The position is that Section 9 of the Finance Bill 1966 says that if a person who is responsible for the payment of the tax or toll under Section 4 or Section 7 or for the collection and payment of a toll under Section 6 fails to pay or collect the tax or toll.

اگر وہ ادائیگی کر دے مگر اس کو اکٹھا کرنے میں وہ ناکام ہوں تو پھر بھی وہ قابل مواخذہ ہو جائیں گے۔

.....or collect the tax or toll as the case may be he shall be liable to pay a penalty not exceeding.....so much———so much.

Minister of Finance : Sir, Section 9 says :

"If the parson responsible for the payment of the tax under Section 4 fails to pay or collect the tax as the case may,....."

He has to collect it from the persons who visit his cinema. He shall be liable in addition to the amount of such tax not exceeding the amount of the tax payable.

It says : "tax payable." "not exceeding the amount of the tax payable." That clears the position ?

Mr. Speaker : That is clear.....

تو جو قابل ادائیگی ہوگا وہ ٹھیک ہے اور جو اس کو اکٹھا کرے گا وہ اس کے جمع کرانے کا بھی ذمہ دار ہوگا۔

".....responsible for the payment of the tax under Section 4 fails to pay or collect the tax as the case may be,"

The Minister means to say there are two things : first is the payment of the tax and the other is the collection of the tax.

Minister of Finance : Yes, Sir, that is it.

Mr. Speaker : If he does not pay even then he is liable and if he does not collect even then he is liable.

Minister of Finance : Because, Sir, we want that he should collect the tax so that he may easily pay it

مسٹر سپیکر ۔ اگر ہم اس کو ان معنوں میں لیں تو ٹھیک ہے ۔

If the person responsible for the payment of the tax under Section 4 fails to pay or collect the tax, even then he would be liable.

Minister of Finance : Normally he will not pay unless he collects. So this facility has been provided that you have to pay only after collecting it. The first step that he has to take is that he has to collect it and the second step after the collection is to make the payment.

Mr. Speaker : But the Section as it stands now says : that if he does not pay the tax or collect the tax, as the case may be, he shall be liable to pay a further sum..... so on..... Supposing he pays the tax to the Government but he does not collect it, even then he is liable for the similar amount.

Minister of Finance : Sir, it is a question of interpretation. I don't think the interpretation would be so harsh and so unreasonable that if a cinema owner or the management pays the tax and then they are told that you have paid the tax but since you have not collected it from your customers therefore you will be liable.

Mr. Speaker : What is the harm if the Minister makes it like this : "If the person responsible for the payment of the tax under Section 4 fails to pay the tax he shall be liable to pay..." so much, so much.

Minister of Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : But if he does not collect the tax ? He collects and pays. Is it not the process, Sir ?

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir. (*interruptions*)

Mr. Speaker : So far as this tax is concerned I agree with Khawaja Sahib.

خواجه محمد صفدر - اس ٹیکس کے اکٹھا کرنے کا سوال نہیں -

Mr. Speaker : The Government are not concerned with his collection. They have to charge a lumpsum amount,

خواجہ محمد صفدر - یہاں collection کا سوال ہی نہیں -

Minister of Finance : That is his internal arrangement. (*interruptions*).

Minister of Agriculture : My point was slightly different. I said, there are two parties under Section 4 as it has been amended—either owner or management. Now, it may be levied from either of the two. If it is levied from the management then he is to collect it from the owner or vice-versa. So, it will be an omnibus clause to safeguard a contingency of this type.

مسٹر سپیکر - میں اسے نہیں سمجھ سکا -

Minister of Agriculture : There are two parties. One is the owner or the management. You are right, Sir, that in this tax there is no third party as the cinema goer who will pay the tax. Now the arrangement between the two can be that this tax will be paid either by the owner or the management.

Mr. Speaker : Will the Government depend upon their arrangement ?

Minister of Agriculture : Because we have mentioned "owner or management".

Mr. Speaker : They will levy the tax either on the owner or management.

Minister of Agriculture : That is true. There might be some arrangement between them and they say that we have not collected from them.

Mr. Speaker : Then the Government will ascertain from each and every cinema owner.

Minister of Agriculture : It is not to ascertain. But should a contingency of this type arise in which there is an arrangement of this nature. It caters for a need which we have rightly described as of an exceptional character. It simply caters for a need of that type and this Section is intended to be put on the Statute for this contingency which may not happen, you are right, but should it happen then there will be fool-proof law and there will be no lacuna therein.

Mr. Speaker : But does the Minister think that by using the words "or collect the tax" there would be no lacuna and it would be a correct section. I think it will be more confusing and ambiguous.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir.

Mr. Speaker : This is upto the Government. They have to decide it. If these words remain here then according to the interpretation of Malik Akhtar.—I think there is some force in that argument—even their Officcers can be penalised, who do not collect the tax because the collection of the taxes is the responsibility of the officers of Government.

Minister of Agriculture : Undoubtedly the officers have to collect it but we are saying "person" and in this the officer is not involved.

Mr. Speaker : "If the person responsible for the payment of the tax under section 4 fails to pay" he is the owner, "or collect the tax as the case may be," the officer would be the person who would be collecting the tax.....

Minister of Agriculture : In the word "person" do you include the Officer ?

Mr. Speaker : Of course, why not ?

Minister of Agriculture : I don't think "person" has been defined in that context anywhere.

Mr. Speaker : "Person" has not been defined but after all he is a person,

Minister of Agriculture : He is. "Person" has been defined in the General Clauses Act.

Mr. Speaker : It does not mean that Government Officers are not persons.

Minister of Agriculture : They are. But persons have to be interpreted under the law, according to the General Clauses Act or according to the definition given under any particular Act. No definition has been given here. Under the General Clauses Act person does not include an officer.

Mr. Speaker : Why not ?

ملک محمد اختر - جناب والا - میں صرف یہی کہتا ہوں -

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذان لا الہ الا اللہ

Minister of Finance : If I have not misunderstood it and if I have understood it correctly your good self's objection is that the wording of this clause is such that there is a likelihood of a Government servant being penalised. That is the point. Am I right ? That there is a likelihood of putting such an interpretation on the wording of this section that a Government servant who is entrusted with the job of collecting the tax may be also penalised in case he fails to collect. I think, Sir, that is not the point. Now, Sir, with regard to that fear and with regard to that objection I will very humbly invite your attention to the opening words of this Section : "If the person responsible for the payment. "That is very important. So it is only that person, who is responsible for the payment of the tax. If he does not do this, this, this, then he will be subject to this penalty, and not the Government servant. Now we have to see whether the Government servant, who is entrusted with the task of receiving the payment or, as your honour has said, the task of collecting the payment, is the person responsible for the payment or not. Obviously he is not. So, Sir, this penal clause is only applicable to the rest of the persons, who

are responsible for the payment of the tax, and if these responsible persons do not pay the tax or do not collect the tax, in their turn of course they will be penalized. Now, it is very clear Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اگر وزیر خزانہ کی یہ تصریح قبول کر لی جائے کہ انتظامیہ یا مالکان سینما اس ٹیکس کو جو کہ کلاز ۴ کے تحت حکومت نے عائد کیا ہے اپنے گاہکوں سے یا سینما کے شائقین سے وصول کر سکیں گے تو اس کا ایک اور برا نتیجہ نکلے گا - آپ کو معلوم ہے کہ سینما کے ٹکٹوں کی قیمتیں مقرر ہیں اگر یہ ٹیکس جو میں سمجھتا ہوں کہ بلاواسطہ ٹیکس ہے سینما کی انتظامیہ یا مالکان پر- اگر ان کی یہ تصریح مان لی جائے تو سینما کے مالکان یا انتظامیہ کو یہ اختیار مل جائے گا کہ وہ ایک ہزار یا پانچ سو یا ایک سو روپیہ بھی ٹیکس کی مالیت کو سینما دیکھنے والوں پر ڈال دیں - اور اس طرح قانون میں جو ٹکٹ کی قیمتیں مقرر ہیں وہ ان میں اضافہ کر دیں گے - در اصل یہ ٹیکس ایک یکمشت رقم ہے جو گورنمنٹ نے سینما کے مالکان سے لینی ہے - انہوں نے اسے کسی سے اکٹھا نہیں کرنا - کلاز ۴ میں کہیں یہ درج نہیں ہے -

"There shall be levied and collected a tax on cinemas payable by the owner or management thereof. . . ."

یہ ایک ہزار یا پانچ سو یا ایک سو روپیہ کا ٹیکس ان کا محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن وصول کرے گا - لیکن اگر کلاز ۹ میں جا کر ہم اس کی علیحدہ تصریح کریں کہ ادا سینما دیکھنے والوں نے کرنا ہے اور کلکٹ سینما کے مالکان نے کرنا ہے. . . .

مسٹر سپیکر - یہاں الفاظ ہیں :-

"If the person responsible for the payment of the tax under section 4 fails to pay or collect the tax."

If he fails to collect the tax even then the Government will impose the penalty.

اگر collect نہیں کرتا تو آپ اس کو سزا دینگے ؟ کیونکہ یہ الفاظ ہیں

"pay or collect the tax"

Minister of Finance : Should I take it Sir that the first objection with regard to the fact that the Government servants can be penalised is no longer there ; that controversy is over ?

Khawaja Muhammad Safdar : That controversy is not over as far as we are concerned.

Minister of Finance : I come to this.

Mr. Speaker : Please come to this.

وزیر خزانہ - پہلے آپ نے فرمایا تھا کہ سرکاری ملازم اگر collect نہ کرے کہیں آپ ان کو پھر سزا نہ دے دیں - میری اس گزارش کے بعد وہ بات تو صاف ہو گئی -

"If the person responsible for the payment of the tax... .." So the penalty is confined to those persons, who are responsible for the payment of the tax. That controversy is over, I think. It is very important Sir. Now let us come to section 9 :

"If the person responsible for the payment of the tax under section 4....."

So it is only the person responsible, who will be penalised. So the Government servant will not be penalised. This objection disappears.

Your second objection is this that supposing a cinema proprietor or the person responsible under section 4 pays the tax to the Government, but he does not collect from the customers, then according to this he will be liable to penalty. Now, Sir, the words here are "fails to pay or collect".

مسٹر سپیکر ۔ 'fails to collect' کی کیا ضرورت ہے ؟

Minister of Finance : Sir, if you feel so strongly that this is unnecessary, we are prepared to move the amendment, but ordinarily in actual practice it will not happen.

Mr. Speaker : If the Minister feels so strongly that these words are very necessary and they are very much unambiguous, then I have no objection and he can keep the clause as it is.

Minister of Finance : If you allow me, Sir, then I would accept this much. "If the person responsible for the payment of the tax under section 4 fails to pay the tax, ... ", and then 'as the case may be" will have to be deleted. I, Sir, with your kind permission move the amendment like this that will be comprehensive.

Sir, I beg to move :

That in clause 9, for the words "or collect the tax as the case may be" occurring in lines 2 and 3, the words "the tax" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is :

That in clause 9, for the words "or collect the tax as the case may be" occurring in lines 2 and 3, the words "the tax" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put the clause to the vote of the House.

The question is :

That clause 9, as amended, do stand part of the bill.

The motion was carried.

CLAUSE 10

Mr. Speaker : Clause 10.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - Opposed Sir - جناب والا - مجھے وقت کی قلت کا احساس ہے - میں صرف دو تین منٹ میں اپنی بات عرض کروں گا - کلاز ۱۰ کے تحت یہ چاہتے ہیں ....

"No suit shall lie in any Civil Court to set aside or modify any assessment of tax made under this Act and the rules made thereunder."

جناب والا - میں لمبی چوڑی بات نہیں کرنا چاہتا - میں صرف یہ سمجھتا ہوں کہ یہ حق ہونا چاہئے کہ اگر کسی شخص کی جائیداد کی کوئی ایسی تشخیص کرتا ہے جو اس پر بالکل ہی عائد نہیں ہوتی تو بجائے اس کے کہ وہ ان کے قوانین کے تحت افسروں کے پاس اپیل ریویژن کرے اسے یہ remedy دینی چاہئے کہ وہ سول کورٹ میں جا سکے - اور اسیسنگ اتھارٹی کا جو فیصلہ ہو اسے سول کورٹ میں جا کر in due course منسوخ کرا سکے -

جناب والا - سول کورٹ میں یہ right ہے کہ وہاں فرسٹ اپیل اور سیکنڈ اپیل ہے لیکن باقی جگہوں پر یہ right نہیں ہے - اس لئے میں tax payer کے ساتھ جس کو assess کیا جاتا ہے اسے زیادتی سمجھتا ہوں - میرا اندازہ ہے یہ right سول کورٹ ــ ــ ــ ــ ــ ــ کو نہیں کہ اس کیس کو set aside کرا سکے -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جناب والا - میں اصولی طور پر اس کلاز کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں - ہم دیکھ رہے ہیں کہ گزشتہ پانچ سال سے جب سے یہ اسمبلی بنی ہے اس اسمبلی میں

اکثر و بیشتر قوانین خواہ وہ ہنگامی قانون کی شکل میں ہوں یا مسودہ قانون کی شکل میں ان کو اس طرح پیش کیا جاتا ہے کہ ان کے تحت حکومت کو جو اختیارات حاصل ہیں خواہ وہ ٹیکس وصول کرنے کے ہوں جیسے اس بل میں گورنمنٹ نے انتظامی اختیارات بھی حاصل کرنے ہیں ان کو دیوانی عدالتوں کے احاطہ سے باہر رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ اور دوسری طرف اکثر وقت بے وقت یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ اس ملک میں رول آف لاز یعنی قانون کی حکمرانی ہے ۔ قانون کی حکمرانی سے یہ مراد نہیں ہوتی آپ کتنا ہی غلط اور بے سروپا قانون بنائیں جس سے لوگوں کے حقوق چھین لیں اور اس قانون کے جواز کو عدالتی چارہ جوئی سے بالاتر کر دیا جاوے اور پھر یہ دعویٰ کیا جائے کہ قانون کی حکمرانی اس ملک میں قائم ہے ۔ یہ لوگوں کا بنیادی حق ہے کہ وہ کسی شکایت کو کسی دیوانی عدالت میں لے جا کر یہ فیصلہ حاصل کرے کہ اس کی شکایت جائز ہے یا ناجائز ہے ۔ یہ کسی طور پر بھی جائز نہیں خصوصی طور پر ایک ایسا قانون جس کے ذریعہ کروڑوں روپیہ کا مالی بوجھ اس صوبہ کے عوام پر عائد کر رہے ہیں ۔ پھر کیوں نہ اس صوبہ کے لوگوں کو یہ حق حاصل ہو کہ جو بھی اس قانون میں غلطی ہے وہ اگر ایگزیکٹو کی جانب سے اس قانون کو اکٹھا کرنے، جمع کرنے میں اس کو لگانے ــــــ میں اس کو عائد کرنے میں اگر کہیں زیادتی ہو تو ایگزیکٹو اتھارٹی یا ان کی collecting agency کے خلاف وہ شخص جس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اس کو اختیار ہونا چاہئے کہ وہ اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کر سکے ۔

جناب والا ۔ یہ آمرانہ ذہنیت کی غمازی ہے جو ہماری حکومت

کے رگوں میں سرایت کرچکی ہے۔ میں وزیر خزانہ صاحب کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ باوجود اس بات کے کہ انہوں نے دیوانی عدالتوں کے دروازوں کو اس طرح بند کر رکھا ہے لیکن ایک حد تک آرٹیکل ۹۸ کے تحت رٹ پٹیشن کے اختیارات باقی رہ جاتے ہیں۔ آپ لوگوں کو عدالتوں میں جانے سے روکنا چاہتے ہیں پھر ایک ہی دفعہ اس قصہ کو ختم کریں اور آرٹیکل ۹۸ کو آئین سے حذف کر دیں پھر جو چاہیں آپ کریں اور نہ عدالتیں آپ کا مواخذہ کر سکیں۔ نہ لوگوں کے حقوق کی حفاظت کر سکیں۔ آپ عدالتوں کو روک رہے ہیں کہ وہ لوگوں کے حقوق کی حفاظت نہ کر سکیں۔ اس غرض کے پیش نظر یہ شق اس قانون میں شامل کی گئی ہے لیکن پھر بھی رٹ پٹیشن کی گنجائش باقی رہ جائے گی۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔ ہم روکنا نہیں چاہتے ہیں۔

خواجہ محمد صفدر۔ اگر روکنا نہیں چاہتے تو اس کو حذف کیجئے اس کی کیا ضرورت ہے۔ پھر اس میں کونسی اپیل کا حق ہے۔ مجھے بتائیں۔ وزیر بلدیات نے بغیر پڑھے اور سمجھے جو جی میں آیا کہدیا ہے۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔ میں آرٹیکل ۹۸ کی بات کر رہا ہوں۔

خواجہ محمد صفدر۔ آرٹیکل ۹۸ ہائی کورٹ کی سپیشل jurisdiction ہے آپ دیوانی عدالتوں سے اس قدر خفا کیوں ہیں؟

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا۔ آرٹیکل ۹۸ ان کو اس لئے یاد ہے کہ یہ سب سے زیادہ ان کے محکمہ کے متعلق استعمال ہوئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - یہی ان کی خامیاں اور غلطیاں ہیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ۔ یہ بات نادرست ہے۔ ہائی کورٹ نے delimitation کے بارے میں ہمارے حق میں فیصلہ کیا تھا ۔ ہم قانون کے فیصلے کے تابع ہیں ۔ اگر ہائی کورٹ یہ کہے ہماری یہ بات نا درست ہے تو ہم تسلیم کرتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر - سپریم کورٹ نے ان کے خلاف کیا ہے ۔ سب سے بڑی عدالت کا فیصلہ آخری ہوتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - نہیں کیا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر - بلکہ ایک بل آ رہا ہے جس میں سپریم کورٹ کے ایک فیصلہ کو جو اس نے حکومت کے خلاف صادر کیا تھا اس بل کے ذریعہ کالعدم کرنا مقصود ہے ۔

جناب والا۔ آپ عام عدالتوں کے دائرہ کار کو محدود کرنے کی کوشش نہ کریں ۔ ان کا دعویٰ ہے کہ ہم ملک میں قانون کی حکمرانی چاہتے ہیں ۔ یہ اپنے گریبانوں میں منہ ڈالیں کہ یہ دعویٰ کیا کرتے ہیں اور عمل کیا ہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس کلاز کی شدید مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : I will now put the clause to the vote of the House.

The question is —

That clause 10 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 11

Mr. Speaker : Now, we come to clause 11.

The question is —

That clause 11 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 12

Mr. Speaker : Clause 12.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) ۔ Opposed ۔ جناب والا۔ ابھی ابھی میں نے آپ کی وساطت سے اس ایوان کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ ہماری یہ حکومت خبر نہیں کیا کیا دعوے کرتی ہے ۔ یہ جمہوری بھی ہے ۔ عادل بھی ہے ۔ منصف بھی ہے ۔ کاشتکاروں کی ہمدرد بھی ہے ۔ عوام کی ہمدرد بھی ہے خبر نہیں کیا کیا دعوے کرتی ہے ۔ ابھی اس کا نیا کارنامہ اور شاہکار جو انہوں نے اس میں کیا ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنے اختیارات کے احاطے کو وسیع کرتے ہوئے اسمبلی کے اختیارات کو بھی اپنے اختیارات میں شامل کر لیا ہے ۔ اسمبلی کے اختیارات میں ہے کہ وہ قانون بنائے قانون میں

ترمیم کرے ۔ یا اس کو منسوخ کرے یعنی قانون سازی کرے ۔ قانون سازی کا حق ہے دنیا بھر میں صرف پارلیمانی اداروں کے پاس ہے۔ ہمارے ملک میں انگریز نے ایک بری رسم چھوڑی ہے اگرچہ یہ رسم ان کے اپنے ملک میں نہیں ہے ۔ ہم نے اور ہندوستان نے یہ رسم اختیار کر رکھی ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Finance: What about the concept of delegated legislation ?

خواجہ محمد صفدر ۔ میں خود آرٹیکل ۷۹ کے متعلق عرض کرنے والا ہوں ۔ آرٹیکل ۷۹ میں درج ہے کہ اگر فوری طور پر ضرورت ہو تو جناب گورنر صاحب کو اختیار ہے کہ وہ کسی قانون میں ترمیم کر دیں یا منسوخ کردیں یا نیا قانون بنا لیں یہ ان کیلئے اختیارات تفویض کئے گئے ہیں ۔ اگر آرٹیکل ۷۹ سے بہت آگے جاتے ہوئے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ان کو یعنی اس گورنمنٹ کو یہ اختیار دیا جائے کہ جتنے موجودہ قوانین ہیں اس میں سے جس کو چاہیں منسوخ کر دیں ۔ جس میں چاہیں ترمیم کردیں ۔ اضافہ غالباً نہیں چاہتے ہیں ۔ یہ الفاظ ہیں

> "Government may, by notification in the Official Gazette, make such omission from, additions to, adaptations and modifications of, any West Pakistan Act as may be necessary for the purpose of the levy and collection of any tax imposed by or under this Act."

یہ حد درجہ preposterous proposition اس ایوان کے سامنے رکھی ہے یہ چاہتے ہیں کہ کوئی قانون معلوم نہیں وہ کونسا قانون ہوگا جسے ترمیم کرنے کا حق حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ میں

یہ اختیارات ذاتی طور پر کسی صورت میں ان کو دینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ یہ بنیادی طور پر اس اصول جمہوریت کے جس جمہوریت کا یہ دعویٰ کرتے ہیں اس کے خلاف ہے ۔ قانون سازی کی قوت انتظامیہ کے پاس نہیں ہونی چاہئیں ۔ یہ دونوں قوتیں یا اختیارات ایک ادارے کے پاس نہیں ہونی چاہئیں ۔ پولیٹیکل سائنس کا یہ مسلمہ اصول ہے کہ اگر قانون سازی کی قوت انتظامیہ کو دے دی جائے توجمہوریت مفقود ہو جاتی ہے ۔ اگرچہ آرٹیکل ۹۷ کے تحت ہنگامی حالات میں یہ کارروائی کی جاتی ہے مگر ان اختیارات کو بھی اکثر ناجائز طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ یہ آنکھیں رکھتے ہیں یہ سوچ سمجھ سکتے ہیں ہم ان کو کیسے مان لیں ۔ ہم اس کو کیسے تسلیم کر لیں ۔ حکومت کو یہ اختیار دینا ٹھیک نہیں ہے یہ کسی محکمہ کی کارکردگی کو خوش اسلوبی سے نہیں رکھ سکتے ہیں ان کو یہ اختیارات دینا میرے ذہن بھی نہیں آ سکتا ۔ میں اس کا تصور اپنے ذہن میں بھی نہیں لا سکتا ۔ اس اقدام سے بڑی خرابیاں پیدا ہونگی ۔ نوٹیفیکیشن سے قانون میں تبدیلیاں کی جائیں گی ۔ بلکہ یہ ایسی مثال ہوگی جس کی برائی کے حساب سے کوئی مثال اس ملک میں یا دوسرے ملک میں نہیں ہوگی ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ چاہئے تو یہ تھا کہ کام بہت جلد ختم ہو جاتا لیکن کیا کیا جائے کیونکہ میں اس دفعہ کی شدید مخالفت کرتا ہوں اور اس کے خلاف شدید احتجاج کرتا ہوں کیونکہ کروڑوں روپے کے صرفے سے قانون سازی کرنا اور اس کے لئے ہم جو لاکھوں روپے ماہوار کے اخراجات کر رہے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی حکومت کے عزائم بےنقاب

ہوگئے ہیں کہ وہ اس ملک میں محض ڈکٹیٹرشپ چاہتے ہیں ۔ آخر اس ملک میں اس قانون ساز ادارے کا مقصد اور مراد کیا ہے ۔ وہ یہ کیوں چاہتے ہیں کہ انکو اسقدر اختیارات دے دیئے جائیں کہ وہ محض ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے جس قانون میں بھی چاہیں ، ترمیم کر سکیں ۔ اگر اس سلسلے میں میں آئین کی دفعات کا حوالہ دوں تو بڑی لمبی چوڑی بحث ہو جاتی ہے ۔ قومی اسمبلی کے جو قواعد وضوابط صوبائی اسمبلی کی کارروائی کو منضبط کرنے کی غرض سے اپنائے گئے ہیں یہ کلاز ہمارے آئین کی ان دفعات سے متصادم ہے ۔ جہاں یہ کلاز ہمارے قانون سازی کے اختیارات کی نفی کرتا ہے اور ان اختیارات کو ہم سے چھیننا چاہتا ہے وہاں Money Bill کے لئے جو طریق کار اختیار کیا گیا ہے اس کو بھی regulate کرنے کے لئے جو کلاز ہے وہ بھی آئین کی اس دفعہ کے خلاف ہے کیونکہ ہم Money Bill میں گورنر صاحب کی منظوری سے پہلے کی قسم کی modification کرنا تو کجا، کسی قسم کی modification کی تحریک بھی آرٹیکل نمبر ۷۴ کے تحت نہیں کر سکتے ۔ لیکن حکومت کا کوئی بھی سیکرٹری ایک نوٹ put up کرکے صوبائی اسمبلی کے اختیارات استعمال کرنا چاہتا ہے اور جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ صوبائی اسمبلی کا مطلب صوبائی مقننہ plus صوبائی گورنر ہے ۔ جہاں ہمیں بجٹ پر محض بحث کرنے کی اجازت دی گئی ہے وہاں ہمارے جو قانون سازی کے محدود اختیارات ہیں وہ بھی ہم سے چھینے جاتے ہیں ۔ میں تو یہ کہوں گا کہ اگر وہ قانون میں کچھ اس قسم کی ترمیم لے آئیں کہ جس کے ذریعے بجٹ اس ایوان میں سرے سے پیش ہی نہ کیا جائے تو میں ان کو اس اقدام پر مبارکباد دوں گا ۔ مجھے نہیں معلوم کہ ان کے مشیر کون لوگ ہیں جو کہ اس قسم کی ناپاک اور

بدنام دفعات اس ایوان میں پیش کر رہے ہیں جن کی وجہ سے ہمارے ملک کی بین الاقوامی شہرت کو نقصان پہنچ رہا ہے ۔ اس لئے میں اس کلاز کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے اس کے سوا اور کچھ نہیں کہنا چاہتا کہ خدا آپ کو صراط مستقیم پر لائے تاکہ آپ ہمارے سامنے ایسی بدنام دفعات پیش نہ کیا کریں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦)- جناب سپیکر- جب کبھی ہماری جانب سے یہ اعتراض پیش کیا گیا کہ اس معزز ایوان میں جو ارکان تشریف فرما ہیں ان کے انتخاب کا طریقہ ناقص ہے تو ہماری حکومت نے اس کے خلاف شدید احتجاج اور اعتراض کیا اور ایک بار نہیں بلکہ مسلسل کیا جاتا رہا ہے، لیکن افسوس کا مقام ہے کہ وہ حکومت جو کہ عوامی حاکمیت کی دعویدار ہے اور جو کہ عوام کو اقتدار کا منبع گردانتی ہے ۔ جو یہ کہتی ہے کہ مقننہ نہ صرف یہ کہ انتظامیہ سے بلکہ عدلیہ سے بھی بالاتر ہے کیونکہ مقننہ جو قوانین مرتب کرتی ہے ان کی تشریح عدلیہ کے ذمہ ہے لیکن ہماری حکومت کا عمل اس کے بالکل برعکس ہوتا ہے ۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ اپنی حکومت سے یہ دریافت کرنا پڑتا ہے کہ کیا وجہ ہے کہ ہم دانستہ طور پر مقننہ کے اختیارات روز بروز انتظامیہ کو منتقل کر رہے ہیں جس طریقے سے یہ اختیار انتظامیہ کے کسی اہلکار یا انتظامیہ کے کسی محکمے کو دیا جاتا ہے ۔ یہ قانون یا قانونی حکومت یا جسے قانون کی حاکمیت کہتے ہیں اور جو کہ ہمارے آئین کا بہت ہی اہم حصہ ہے، کے بنیادی اصولوں کے ہی خلاف ہے ۔ اس قسم کے اختیارات انتظامیہ کو دینے سے قانون کی حاکمیت اسی طرح مفقود ہو جاتی ہے جسطرح کہ گدھے کے سر سے سینگ ۔ جب بھی حزب اختلاف ان

اداروں کی بے بسی کا ذکر کرتی ہے اور جب ہماری طرف سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ان کو بااختیار بنایا جائے ، جب بھی ہماری طرف سے اصرار کیا جاتا ہے کہ ان کے اختیارات میں اضافہ کیجئے ۔ آپ نے ان کے ہاتھ باندھے ہوئے ہیں ، تو ہمیں یہی حکومت غدار گردانتی ہے اور من گھڑت الزام عائد کر کے ڈیفینس آف پاکستان رولز کا بے دریغ استعمال کرتی ہے لیکن ان کا اپنا کردار یہ ہے کہ تمام تر اعلانات ، وعدے وعید اور دعاوی کے باوجود بھی وہ انتظامیہ کو روز بروز طاقتور بنا رہی ہے اور انہیں ایسے اختیارات تفویض کر رہی ہے جنکو دنیا کی کوئی بھی معقول اور مہذب حکومت تفویض کرنا کبھی بھی پسند نہیں کرے گی اور اس ملک میں سب سے بڑا سانحہ یا المیہ محض یہی ہے کہ ہماری حکومت کے اقوال ان کے افعال سے بالکل متصادم ہیں اور یہ قانون اس کی زندہ مثال ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the clause to the vote of the House. The question is :

That clause 12 do stand part of the Bill.

Those who are in favour of it should say 'AYE'

(*Voices AYE*)

Those who are against it should say 'No.'

(*Voices No*)

I think 'AYES' have it.....

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, 'NOES' have it. It is quite obvious,

وہ morally اتنے کمزور تھے کہ ان کی آواز حلق سے نکل ہی نہیں سکی ۔

Mr. Speaker : Those who are in favour of it should stand in their seats.

(اس مرحلے پر ممبران اپنی نشستوں پر کھڑے ہوئے)

خواجہ محمد صفدر ۔ اپنے ہاتھ پاؤں کیوں کاٹ رہے ہو ۔

وزیر بلدیات ۔ انہیں اپنی حکومت پر اعتمار ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ان کی زبان پر تالے لگے ہوئے ہیں ۔

Mr. Speaker : Those who are against of it should stand in their seats.

(*Some Members rose in their places*)

Malik Muhammad Akhtar : Sir, can we stand on the benches ? (*laughter*).

ایک ممبر ۔ ملک صاحب کو سکول کی عادت ابھی نہیں گئی ۔

Mr. Speaker : More Members are in favour of the clause forming part of the Bill. Therefore, the motion stands carried and this clause No. 12, forms part of the Bill.

وزیر بلدیات ۔ فیصلہ آواز سے نہیں بلکہ لوگوں کی رائے سے ہوتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ بلکہ ڈنڈے سے ہوتا ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ خدانخواستہ ۔

CLAUSE 13

Mr. Speaker : Clause 13 : The question is :

That clause 13 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

FIRST SCHEDULE

Mr. Speaker : First Schedule :

The question is :

That the First Schedule be the First Schedule of the Bill.

The motion was carried.

SECOND SCHEDULE

Mr. Speaker : Second Schedule.

There is one amendment from Malik Muhammad Akhtar; that is ruled out of order.

The question is.

That the Second Schedule be the Second Schedule of the Bill.

The motion was carried

PREAMBLE

Mr. Speaker : Preamble.

The question is.

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

SHORT TITLE

Mr. Speaker : Short title commencement and extent :

The question is :

That Short title, commencement and extent be the Short title, commencement and extent of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion please.

Minister of Finance (Syed Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, I beg to move :

That the West Pakistan Finance Bill, 1967 be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the West Pakistan Finance Bill, 1967 be passed.

Mr. Hamza : Opposed.

Mr. Speaker : Yes, please.

مسٹر حمزہ (لائیلپور - ۶) - جناب سپیکر- جو کچھ بھی اس مسودہ قانون کے پاس کرنے کے ضمن میں حکمران پارٹی کی طرف سے ایوان میں کہا گیا ہے مجھے تسلیم کرنے میں کوئی باک نہیں - ہماری حکومت کے ذمہ دار وزراء بڑے حوصلہ مند اور قابل داد انسان ہیں لیکن میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ حکومت پر کامیابی کے ڈونگرے کس وجہ سے برسائے جاتے ہیں - جناب قائد ایوان کا اپنا تمام تر زور بیان اس بات پر صرف ہوا کہ حکومت زرعی پالیسی میں مکمل طور پر کامیاب ہوئی ہے - لیکن میں حیران ہوں کہ جب وہ اس قسم کے اعلانات کرتے ہیں تو انہیں یہ یاد کیوں نہیں آتا کہ پچھلے سال ۲۴ لاکھ ٹن گندم غیر ممالک سے درآمد کی گئی -

حالانکہ ہماری حکومت نے کروڑھا روپیہ محکمہ زراعت پر صرف کیا ہے اور اس کے علاوہ پچھلےسال ۱۰ لاکھ ٹن کھاد غیر ممالک سے در آمدکی گئی تھی ۔ جناب سپیکر ۔ اگر وہ اعداد وشمار کو دیکھ لیتے جو پچھلے سال گندم کی پیداوار کے متعلق تھے تو ان کو معلوم ہو جاتا کہ ان کی تمام تر کوشش کے باوجود چالیس بیالیس لاکھ ٹن گندم مغربی پاکستان میں پیدا ہوئی ۔ اور اب جب کہ گندم ابھی لوگوں کے گھروں میں پہنچی ہی ہے تمام منڈیوں میں اس کی قیمت چھبیس ستائیس روپیہ فی من ہے ۔ قائد ایوان بڑے حوصلہ مند انسان ہیں جو ایوان میں کھڑے ہوکر اپنی حکومت کی یا حکومت کی زرعی پالیسی کی کامیابی کا دعویٰ کر سکتے ہیں ۔ اس لئے میں دوبارہ داد دیتا ہوں ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سمرو کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ کونسی منزل مقصود تھی جس تک ہماری حکومت پہنچ گئی ہے اور پہنچنے کے بعد ہماری حکومت ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر تمام قوم کو یہ بتاتی ہے کہ دیکھئے کہ ہم نے منزل کو پا لیا ۔ اگر حکومت کا عوام سے تھوڑا بھی تعلق ہوتا تو عوام کی بے چینی بدحالی غربت افلاس جوان کی غلط کارروائیوں کی وجہ سے پھیلی ہوئی ہے کا احساس ہوتا۔ اور اس قسم کے اعلانات قطعاً نہ کرتی ۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ان کو محض اپنے اقتدار یا خوش حالی کا خیال ہے ۔ اس میں پوری طرح کامیاب ہوئے ہیں ۔ وہ پہلے بھی خوش حال تھے آج بھی خوش حال ہیں آئیندہ بھی خوش حال رہیں گی ۔ جہاں تک قوم کی قسمت کا تعلق ہے یہ لوگ انہیں تباہ کرنے میں پوری طرح کامیاب ہوئے ہیں ۔ جناب سپیکر۔

آج جس زرعی پالیسی کی بات کرتے ہیں وہ ہماری حکومت کی اپنی پالیسی نہیں ہے۔ بلکہ تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کی نظرثانی شدہ پالیسی ہے۔ جس کا سہرا امریکن حکومت کے سر پر ہے ۔ جس نے ۴۸۰ PL جس کے تحت غلہ دیا جاتا تھا کی شرائط کو سخت کر دیا ہے اور جس کے تحت آئندہ کم غلہ ملنے کی توقع تھی ۔ اس لئے حکومت نے اس پالیسی کو تبدیل کیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں کہ وزیر خوراک کو سفیر بنا کر امریکہ بھیج دیا جائے پھر شاید وہ گندم کا مسئلہ حل کر دیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس پالیسی کا سہرا امریکہ کی حکومت کے سر ہے ۔ اگر امریکن حکومت حسب سابق آئندہ ۵ سے ۱۰ سال تک ۴۸۰ PL کے تحت ہماری حکومت کو لکھو کھا من گندم دیتی رہی یا ہماری حکومت کو یہ توقع ہوئی کہ وہ بدستور دیتے رہیں گے تو ہماری حکومت اس ملک کو خود کفیل بنانے کی قطعاً کوئی کوشش نہ کرتی ۔ میں اس مسئلہ کی طرف نہیں آتا کہ ہماری حکومت اپنی تمام تر کوششوں اور کاوشوں کے باوجود ۱۹۷۰ء تک مغربی پاکستان کو خوراک کے لحاظ سے خود کفیل بنا سکے گی یا نہیں محض حکومت کی غلط پالیسیوں کی طرف توجہ دلاؤں گا ۔

جناب سپیکر۔ آپ نے دنیا کے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں دیکھا ہوگا کہ مشینی زراعت اس وقت اپنائی جاتی ہے جب کہ

وھاں مزدور کم ملتے ھوں یا مزدوری بہت مہنگی ھو ۔ لیکن ھمارے حالات بالکل برعکس ھیں حکومت تسلیم کرتی ھے کہ اس وقت بھی اس صوبہ کی ۲۰ فیصدی آبادی بے کار یا نیم بیکار ھے ۔ اس کی بڑی اکثریت گاؤں میں رھنے والے لوگوں کی ھے ۔ میں حکومت سے پوچھتا ھوں کہ ان حالات میں آپ کاشتکاری کے لئے مشینی آلات کیوں اپنا رھے ھیں ۔ جہاں کہیں مشینی آلات کو اپنایا گیا وھاں مزدور کی کمیابی اور دوسرے وہ ممالک زرعی مشینری کے اندر تیار کرتے تھے ۔ وہ ملک جس کی زرعی پالیسی یہ ھو کہ وہ لکھو کھا ٹن غلہ غیر ممالک سے درآمد کرتا ھو اور اس کے ساتھ ھی جو حکومت سے کئی سال متواتر قوم کی گردن پر سوار رھنے کے باوجود بنیادی صنعتیں قائم نہ کر سکی ھو اس سے کیا توقع ھو سکتی ھے ۔ آج صورت حال یہ ھے کہ زرعی مشینری غیر ممالک سے منگوائی جاتی ھے لیکن ھمارے ھاں اتنا نہیں ھو سکا اور ھم اتنے اھل نہیں ھیں کہ اس کے چھوٹے چھوٹے پرزے یہاں بنا سکیں ۔ ان حالات میں جب کہ ملک میں بے روزگاری، بھوک اور افلاس عام ھو آپ دوسرے ممالک کی آبادی کو روزگار مہیا کرتے ھیں اور وہ آپ کو مشینری بنا کر دیتے ھیں ۔ دوسری طرف ھم بے روزگاری دور کرنے میں نہ ملازمتیں مہیا کر سکتے ھیں نہ ھم کسی قسم کے ایسے کاروبار کا انتظام کرتے ھیں جس پر ملک کے بیکار لوگ لگ سکیں ۔ اس کے باوجود حکومت کا نعرہ ھے کہ ھم مشینی کاشت کو اپنائیں ۔ مشینی کاشت کو اپنانے کی وجہ محض یہ ھے کہ حکومت چاھتی ھے کہ بڑے بڑے سرمایہ دار اور بڑے بڑے fendal lords اور بڑے بڑے زمینداران مزارعین کو جو تھوڑے بہت ابھی کام کر رھے ھیں اور جو پہلے ھی پریشان حال ھیں کو اپنی زمینوں سے علیحدہ کریں اور اپنے رقبہ جات میں خود

کاشت کرکے اپنی جیبیں بھریں ۔ مگر چونکہ ہماری حکومت کو بڑے زمینداروں کے مفادات کا خیال تھا اور قائد ایوان ہمیشہ اس ایوان میں کاشتکاروں کا نام لے کر خراج تحسین حاصل کرنا چاہتے ہیں یا خراج تحسین حاصل کرنے کے عادی ہوگئے ہیں اس لئے وہ کاشتکاروں کا برابر نام لیا کرتے ہیں حالانکہ ان کو کبھی کاشتکاروں کا خیال خواب میں بھی نہیں آیا ۔ میرے خیال میں اس سے ان کی مراد بڑے زمیندار ہوتے ہیں کیونکہ وہ خود بڑے زمینداروں میں سے ہیں ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ میری زمین نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر ان کو چھوٹے کاشتکاروں کا خیال ہوتا اور وہ آج بہت بڑے عہدہ پر متمکن ہیں میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ نے چھوٹے کاشتکاروں کے لئے کیا کیا یا وہ کاشتکار جن کے پاس زمینیں نہیں ہیں ان کے لئے سرکاری زمینیں تقسیم کرنے کا اہتمام کیا ہے ۔ آپ اس حکومت کے کل پرزے ہیں جو کہتی ہے کہ ہم غریبوں کو روزگار مہیا کرتے ہیں اور بے روزگار کاشتکاروں کے ہوتے ہوئے اور چھوٹے کاشکاروں کے ہوتے ہوئے بڑے بڑے زمینداروں اور بڑے بڑے افسروں کو آپ نے زمین دینے کی جرات کی ہے اور اس کے باوجود اس ایوان میں اگر یہ بیان کرتے ہیں کہ ہماری زرعی پالیسی بہت کامیاب ہے اور ہم کاشتکاروں کے بہی خواہ ہیں۔ اس سے بڑا قول و فعل کا تضاد میرے خیال میں کبھی دیکھنے میں نہیں آیا ہوگا ۔ جناب وزیر زراعت اس میدان میں بڑے بڑے کارنامے سرانجام دے رہے ہیں اور ایسے ریکارڈ قائم کر رہے ہیں جن کا مداوا آئندہ نسلوں کے لئے بھی مشکل ہوگا ۔ کل میں اس ایوان میں کچھ معروضات پیش کر رہا تھا تو جناب وزیر مال کو میری معروضات

بہت ناگوار گزریں ۔ میرا مقصد کسی شخص کی دل آزاری کرنا نہیں لیکن میرا یہ فریضہ بھی ہے کہ میں حقیقت حال بیان کروں اگر وہ کسی شخص کو ناگوار گزرتی ہے تو گزرے اگر لاکھوں انسان پریشان حال ہیں اور لاکھوں انسان ظلم و تشدد کا نشانہ بنے ہوئے ہیں اگر اس کے بیان سے ایک دو اشخاص کی دل آزاری ہوتی ہے تو میں اس دل آزاری کو برداشت کرتا ہوں اور خندہ پیشانی سے برداشت کروں گا ان کی خفگی اپنے ذمہ لینے کے لئے تیار ہوں لیکن میں ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا حزب اقتدار کے ایک معزز رکن نے آپ کو نہیں بتایا اور اس ایوان میں نہیں بتایا کہ رشوت ستانی کا اسقدر دور دورہ ہے اور اس سے ملک کے عام شہری سخت پریشان ہیں ۔ اس کے بعد اگر حمزہ عرض کرتا ہے کہ رشوت ستانی عام ہے تو اس پر یہ کہنا کہ تمام کے تمام افسروں کو رشوت خور کہتا ہے یہ ان کی زیادتی نہیں ہے تو کیا ہے ۔ میں آج اس ایوان میں ببانگ دہل کہتا ہوں کہ تمام کے تمام افسر رشوت خور نہیں ہیں لیکن یہ بھی حقیقت ہے جو جھٹلائی نہیں جا سکتی کہ ان میں سے بیشتر رشوت کی لعنت کا شکار ہو چکے ہیں اگر ہمارے حکام کا کیریکٹر ٹھیک ہوتا ان کا کردار مثالی ہوتا تو کوئی وجہ نہیں تھی کہ آج ہماری عام آبادی رشوت کا اتنی بری طرح شکار اور پریشان ہوتی میں نے جس شخص کا کل ذکر کیا تھا میں اسکا نام آج نہیں لینا چاہتا لیکن میں جناب وزیر مال کو چیلنج کرتا ہوں کہ وہ بذات خود ہی سہی میرے ساتھ آئین میں اس کے بارے میں کھلے بندوں حقائق پیش کروں گا کہ وہ شخص محض شراب پینے کا ہی عادی نہیں بلکہ کچھ اور قبیح حرکات کا بھی ارتکاب کرتا ہے اگر میں یہ ثابت نہ کر سکوں تو وہ جو سزا میرے لئے تجویز کریں گے اس کے لئے میں تیار ہوں اور اگر میں یہ ثابت کر دوں تو ان کا یہ فریضہ ہوگا کہ اسکو قرار

واقعی سزا دیں لیکن جناب سپیکر اس میں شک نہیں کہ ان وزراء میں یہ طاقت اور جان نہیں ان کا کام محض یہ ہے کہ اس ایوان میں بیٹھ کر افسران کی حمایت کریں ۔ انہوں نے وزیر مالیات سے کہا تھا کہ حمزہ کا کوئی انتظام کردو ۔ اگر انتظام کرنے سے انسان مطمئن ہو جاتا تو پھر کیا تھا ۔ میں آج اس ایوان میں کہتا ہوں کہ سابق وزیر مال نے ۱۰ مربع سرکاری زمین لی اور اپنے داماد اور بھتیجے کو تحصیلدار بھرتی کرایا اور موجودہ وزیر مال جو بہت بڑے زمیندار ہیں ۲۴۰ ایکڑ سرکاری زمین لی اور اپنے لڑکے کو غلط طریقہ سے تحصیلدار بھرتی کرایا ۔ اگر آپ کا پیٹ نہیں بھر سکتا تو آپ حمزہ کا کیسے پیٹ بھریں گے اور اگر آپ نے حمزہ کے بارے میں یہ سوچا ہے کہ وہ ذاتی مفاد کو قومی مفاد پر ترجیح دے گا اس کا ایسا ضمیر نہیں ہے اس کے نزدیک قومی مفاد کے آگے ہر چیز حقیر ہے اگر آپ نے حمزہ کے بارے میں یہ سوچا ہے تو یہ آپ نے اپنے ساتھ زیادتی کی ہے لیکن میں اتنا ضرور کہوں گا کہ ''فکر ہر کس بقدر ہمت اوست'' ۔

ملک قادر بخش ۔ صبر ۔ صبر ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ نے بھی شاید کوئی زمین لے لی ہے ۔ معلوم ایسا ہی ہوتا ہے ۔

وزیر خزانہ (سید احمد سعید کرمانی)۔ زمین اسی لئے ہے کہ لیجائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ریاستوں کے بارے میں بھی انہوں نے کچھ فرمایا تھا ۔ چونکہ وہ قبائلی علاقے کے وزیر بھی ہیں اس لئے انہوں نے مجھے بتایا کہ حمزہ کو ریاستوں کا حال یا آزاد قبائل کے حالات کا

پتہ نہیں ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ جناب وزیر موصوف کا مجھ سے زیادہ تجربہ ہے ۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ کل جب وہ حکومت کی پالیسی کی حمایت کر رہے تھے تو حمایت کرتے ہوئے انہوں نے حکومت کی پالیسی میں تضاد کی نشاندھی کی تھی اور انہوں نے یہ بتایا تھا کہ لسبیلہ قلات مکران اور خاران میں عام حالات settled ایریاز یا ان علاقوں کے مقابلہ میں جن کو ہم ترقی یافتہ علاقہ کہتے ہیں خواہ وہ سابق صوبہ سرحد کے ہوں یا پنجاب کے ہوں یا سندھ کے ہوں بالکل مختلف ہیں اور وہاں عام کاروبار لوگوں کے رسم و رواج کے مطابق چلتا ہے ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں لیکن میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ مساوات کے دعویدار ہیں آپ اس صوبے کے مختلف حصوں کو ضم کرنا چاہتے ہیں آپ اپنے کو ایک یونٹ کا محافظ کہلواتے ہیں جب آپ ریاست لسبیلہ قلات مکران اور خاران جن کے بارے میں آپکا ارشاد ہے کہ ان کے حالات مختلف ہیں ان کے مقامی حالت اور ان کی تہذیب و تمدن میں فرق ہے ان کے جذبات و احساسات ہم سے مختلف ہیں اور جب آپ نے ان کو مغربی پاکستان کے صوبے میں شامل کیا ہے تو کیا وجہ ہے کہ آپ دیر، سوات، چترال کو مغربی پاکستان کے صوبے میں شامل نہیں کرتے ۔ ہم نے کبھی یہ دعوٰی نہیں کیا لیکن آپ کو تو فخر ہے کہ آپ کی حکومت انقلابی ہے اور ترقی کر رہی ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اس ملک میں ترقی ہوئی ہے تو حکمرانوں نے ترقی کی ہے، سرمایہ داروں نے ترقی کی ہے، کارخانہ داروں نے ترقی کی، بددیانتوں نے ترقی کی ہے ۔ رشوت ستانوں نے ترقی کی ہے ۔ قومی فریضہ کسی نے ادا نہیں کیا ہے ۔ اور اگر ۲۰ سال بعد آپ نے ترقی کی ہے تو میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ آپ کی یہ ریاستی پالیسی کیسی ہے کہ یہاں ریاست کے اندر

ریاست موجود ھے اور ان آزاد قبائل کو انگریزوں کے زمانے میں بھی ایسی مراعات حاصل نہیں تھیں اور جو اس سے پہلے دیکھنے اور سننے میں نہیں آئی ھونگی -

وزیر خزانہ - یہ انکا حق ھے -

مسٹر حمزہ - سمگلنگ کرنا ان کا حق ھے - اور لنڈی کوتل میں کھلے بندوں مال درآمد کرنا ان کا حق ھے -

وزیر خزانہ (سید احمد سعید کرمانی) - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - یہ میرے بھائی خدا جانے اپنے جوش خطابت میں کیا کیا کہے چلے جا رھے ھیں جسے وہ خود بھی نہیں جانتے انہوں نے قبائلی علاقوں کے متعلق یہ تاثر دینا شروع کردیا ھے کہ وہ اس قسم کے کاروبار میں مصروف ھیں - میں عرض کرتا ھوں کہ انہیں کہا جائے کہ یہ الفاظ نہ صرف وہ واپس لیں بلکہ انہیں ریکارڈ سے بھی حذف کیا جائے - It is in bad taste ھر جگہ اچھے لوگ بھی ھوتے ھیں اور برے بھی - ایسے لوگ بھی ھوتے ھیں جو قانون شکنی کرتے ھیں اور ایسے بھی ھوتے ھیں جو قانون کا احترام کرتے ھیں - مگر ایک جنرل قسم کا بیان دینا میرا خیال ھے یہ مناسب نہیں اور میں امید کرتا ھوں کہ حمزہ صاحب اس پر غور فرمائیں گے کہ یہ نہایت ھی نامناسب تھا - تو میں بصد ادب آپ کے وسیلے سے عرض کروں گا کہ ان الفاظ کو وہ واپس لیں اور ان کو ریکارڈ سے بھی حذف کیا جائے -

مسٹر حمزہ - میرے معزز بھائی اور قابل احترام وزیر کو کچھ غلط فہمی ھوئی ھے - جناب سپیکر - اگر جناب کرمانی صاحب

یہ فرمائیں کہ میں نے تمام قبائلی علاقے کے لوگوں کو سمگلر کہا ہے تو یہ بات غلط ہے ۔ آپ بھی جانتے ہیں ۔ آپ اب انداز پر آ گئے ہیں ۔ میرے خیال میں کہ وضاحت کی ضرورت ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کشمیر کے جہاد میں اگر پاکستان کے کسی حصے کے عوام نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے تو وہ قبائلی علاقوں کے پٹھان لوگ ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ میں بہت خوش ہوتا اگر قبائلی علاقہ کے عوام کی زندگی کو آپ نے بہتر بنایا ہوتا ۔ جناب سپیکر۔ حقیقت یہ ہے کہ حکومت کی یہ سوچی سمجھی پالیسی ہے کہ چند افراد کو چن لیا جائے اور ان کی وساطت سے غریب عوام پر حکومت کی جائے ۔ آپ قبائلی علاقوں میں چلے جائیے ۔ ریاستوں میں چلے جائیے اور حقیقت یہ ہے کہ صرف چند خاندان عیش و عشرت کرتے ہیں اور عام انسانوں کی زندگی میں کوئی فرق نہیں۔ قبائلی علاقوں کے لوگ یہاں آ کر چھوٹے چھوٹے کام کرتے ہیں ۔ آپ نے ان کی طرف توجہ قطعاً نہیں دی ۔ یہاں چند لوگوں کو آپ نے روٹ پرمٹ اور فیکٹریاں دے کر خریدا ہے ۔ اسی طرح وہاں کے لوگوں کو جو کہ بڑے بڑے ملک ہیں کو روٹ پرمٹ اور فیکٹریاں لگانے کے لئے اجازت نامے دے کر خریدا ہے ۔ ان کو سمگلنگ کرنے کی آزادی اور وہاں کے حکمرانوں کو پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے باوجود اجازت دی ہے کہ وہ اپنے نام کے ساتھ ہز ہائی نیس لکھیں اور کئی کئی توپوں کی سلامی لیں ۔ آپ نے ان کو اختیار دیا ہے کہ ان کی زبان سے جو لفظ نکلے ان علاقوں میں وہ قانون کہلوائے اور اگر کوئی حکمران کسی کی جان و مال یا عزت کا دشمن بن جائے تو کوئی

طاقت نہیں جو اس کو روک سکے ۔ آج بھی وہ علاقے ھائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار سے باھر ھیں ۔ جناب سپیکر صاحب میں ان معروضات کے پیش نظر یہ کہوں گا کہ ھماری انقلابی حکومت نے بجائے اس کے کہ حالات کو بہتر بنانے کی کوشش کی ھو یا مستقبل میں ان مسائل کو حل کرنے کی کوئی بنیاد رکھی ھو اس نے تو قبائلی علاقوں میں لوگوں کو غلط لائین پر لگا کر چند ایک کو نواز کر آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے اور آئندہ آنے والی حکومتوں کے لیے خطرناک مسائل پیدا کئے ھیں ۔

اتالیق جعفر علیشاہ (پشاور ایجنسی ۔ ۶)۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ مجھے جہاں تک معلوم ھے حمزہ صاحب پشاور تک بھی نہیں گئے ۔ قبائلی علاقوں کے حالات کا ان کو کچھ پتہ نہیں تو وہ کس طرح کہہ سکتے ھیں کہ وھاں کے حالات اچھے نہیں ھیں ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ھے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں آج کسی تقریر کے ارادے سے کھڑا نہیں ھوا صرف ایک دو ضمنی باتیں عرض کرنی چاھتا ھوں ۔ جناب والا۔ میں عرض کرتا ھوں کہ معزز قائد ایوان نے کل ایک مسئلے کا جواب دیتے ھوئے کچھ ایسے ارشادات فرمائے جن سے مجھے سختی سے اختلاف ھے ۔ نہایت ادب سے مسئلہ اس طرف سے یہ چھیڑا گیا تھا کہ جہاں آپ نے اس مسودہ قانون کے ذریعے بڑے بڑے زمینداروں پر ٹیکس عائد کیا ھے وھاں آپ کی اس حکومت کو یہ بھی سوچنا چاھئے تھا کہ جو غریب زمیندار ھیں بلکہ ملک صاحب محترم کے الفاظ میں جو ان کی کاشتکار برادری کے مفلوک الحال

افراد جن کی اراضیات کا رقبہ ۶/۵/۴ ایکڑ تک محدود ہے کیا یہ مناسب نہیں کہ ان کو رعایت دیدی جائے۔ تو اس مسئلے کے متعلق محترم قائد ایوان نے اپنی جوابی تقریر میں یہ ارشاد فرمایا کہ یہ ایک مسلمہ اصول ہے ۔ یہ ان کے اپنے الفاظ ہیں جہاں تک ممکن ہو سکتا ہے میں اس وقت ان کے الفاظ دہرا رہا ہوں کہ زمین کی یعنی یہاں کی اراضیات کی مالک حکومت ہے اور جو لوگ اس زمین سے معاش حاصل کرتے ہیں ان کے لئے لازم ہے اور ان پر فرض ہے کہ وہ حق مالکانہ کے طور پر حکومت کو کچھ نہ کچھ دیں ۔ جناب والا ۔ یہ ٹیکسیشن کی تھیوری آج سے ۱۰۰ سال قبل تو درست تھی ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آج سے ۵۰ سال پہلے درست ہو لیکن میں نہایت ہی ادب سے جناب قائد ایوان کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ ٹیکسیشن کے اس اصول کو یا اس بنیاد کو اب مدت ہوئی کہ بے بنیاد تصور کیا گیا ہے بلکہ ٹیکسیشن کی بنیاد اس امر پر آج دنیا بھر میں ہے کہ ٹیکس اس شخص پر لگایا جائے جو ٹیکس ادا کرنے کی استطاعت رکھتا ہو ۔ ہمارے ہاں ان غریب کاشتکاروں کی حالت یہ ہے کہ سال بھر میں ان کی سالانہ آمدنی ۲۴۰ روپوں سے بھی کم بنتی ہے یعنی ۲۰ روپیہ ماہوار سے بھی ان کی آمدنی کم ہے ۔ جب ایک شخص دو وقت پیٹ بھر کر روٹی نہیں کھا سکتا ۔ جب اس کے پاس اگر تہہ بند ہے تو اس کے بدن پر کرتہ نہیں ہوتا یہ تو ایک عام مشاہدہ ہے کہ آپ کاشتکاروں کو اور زمینداروں کو دیکھیں گے کہ وہ بیچارے ننگے جسم ہوتے ہیں ۔ ان کو کرتہ تک میسر نہیں آتا ۔ جب ان کے بچوں کے لئے تعلیم کے کوئی مواقع نہیں اور جب ان کے گھر کا کوئی فرد بیمار ہو جائے تو وہ اس کا علاج معالجہ بھی نہیں کرا سکتے کیونکہ وہ اتنی استطاعت نہیں رکھتے تو پھر ان حالات میں وہ آپ

کو ٹیکس کیسے دے سکتے ہیں ۔ بنیادی طور پر ٹیکس عائد کرنے کے لئے حد ہوتی ہے ۔ جس طبقہ پر آپ ٹیکس لگا رہے ہیں ان کے اکثر و بیشتر لوگوں کے پاس ٹیکس ادا کرنے کی استطاعت نہیں ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ آپ کون سے ٹیکس کا حوالہ دے رہے ہیں ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ لینڈ ریونیو کے متعلق ہے یہ زمینداروں کے ٹیکس کے متعلق ہے ۔ جناب والا ۔ تفصیل کے ساتھ اس پر تب بات کریں گے جب لینڈ ریونیو بل سامنے آئیگا ۔ چونکہ ملک صاحب نے بات کر دی ہے تو میں چاہتا تھا کہ میں اپنی معروضات ان کی خدمت میں پیش کردوں لیکن محترم کرمانی صاحب نے میری ایک بحث کے جواب میں یعنی ریلوے کی بحث کے دوران یہ ارشاد فرمایا تھا کہ ہمیں مقابلہ کے لئے اپنے ہمسایہ ملک کی طرح دیکھ لینا چاہئے ۔ جب میں نے یہ بات کی تھی کہ ہماری ریلوں کی رفتار کم ہو رہی ہے تو انہوں نے اعداد و شمار بتائے تھے کہ ہندوستان کی ریلوں کی رفتار ہم سے بہت کم ہے اور ہمیں نصیحت کی تھی کہ اگر کسی جگہ سے اچھی چیز مل جائے تو ہمیں چاہئے کہ ہم اس کو اپنا لیں کیونکہ مسلمان کا یہ فرض ہے اور انہوں نے بھی یہی فرمایا تھا کہ جہاں سے بھی کوئی نیکی یا پاکیزگی کی چیز ملے تو اس کو اپنا لیا جائے ۔ حدیث شریف میں بھی کہا گیا ہے کہ ہر نیک اور پاکیزہ امر ہماری ملکیت ہے ۔ ایسا اور کہیں سے بھی میسر آئے تو اس کو اپنا لیا جاوے ۔ اس قسم کے الفاظ ہیں ۔ ہندوستان میں صورت حال کیا ہے ۔ مشرقی پنجاب کی اسمبلی نے آج سے چند روز پیشتر ایک قانون منظور کیا تھا کل مشرقی پنجاب کے گورنر نے اس پر مہر تصدیق ثبت کی ہے اور وہ قانون کی شکل اختیار کر گیا ہے ۔ اس

قانون کی رو سے مشرقی پنجاب کے تمام وہ زمیندار جن کی کل ملکیت پانچ ایکڑ یا اس سے کم ہے وہ ہر قسم کے لگان اور مالیہ سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھتا ہوں جناب وزیر زراعت اور قائد ایوان سے وہ کاشت کاروں کی برادری کے بڑے ہمدرد بلکہ ان کے رہنما ہیں کہ کیا یہاں ایسا قانون منظور نہیں کیا جا سکتا ۔

جناب والا ۔ پچھلے دنوں سے یہاں کچھ ایسی رو چلی ہے اور اس معزز ایوان میں ایسی باتیں ہوئی ہیں جنہیں میرا ذہن قبول ہی نہیں کرتا۔ نہ میں انہیں یہاں سننا چاہتا ہوں ایک تو بجٹ پر علاقائی بناء پر نکتہ چینی ہوئی ۔ کچھ لوگوں نے اپنے اپنے علاقائی مطالبات پیش کئے ۔ (قطع کلامی)۔ محترم وزیر خزانہ کو مجھ سے گلہ ہے کہ میں نے یہاں سیالکوٹ کی بات کیوں کی ۔ یہ تو میرے فرائض میں تھا ۔ آج پھر میں ایک بار جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں عرض کروں مسٹر چرچل نے جو ترجیحات قائم کی ہیں ۔

My first loyalty is towards the Crown and my second loyalty is towards my constituency, and then comes the Party.

میں نے اگر وہ غلطی کی تھی تو محترم وزیر خزانہ سے معذرت خواہ ہوں۔ اگر کہیں بھی کوئی غلطی ہو ۔ لاڑکانہ میں ہو، پشاور میں ہو یا لاہور میں ہو میں اس کی نشاندھی کرونگا ۔ میں سیالکوٹ کو صرف اس وجہ سے نہیں چھوڑ سکتا کہ میں اس سے تعلق رکھتا ہوں ۔ مجھے اس پر فخر ہے کہ میں اس سر زمین سے تعلق رکھتا ہوں جہاں اقبال پیدا ہوا ۔

میں جناب قائد ایوان کی خدمت میں نہایت درد مندانہ گزارش کرونگا کہ آئندہ اجلاس میں جب لینڈ ریونیو بل پیش ہو تو وہ اپنے

ذھن کو اس امر سے بالکل پاک صاف کر لیں کہ اس صوبہ کی اراضی سٹیٹ کی ملکیت ھے ھمارے مذھب کی رو سے زمین اللہ تعالیٰ کی ملکیت ھے اور جو اس پر قبضہ کرے وہ اللہ تعالیٰ کا نمائندہ ھونے کی حیثیت سے اس کا مالک ہے ۔

دوسری بات جس کی طرف میں تھوڑا سا اشارہ کرنا چاھتا ھوں وہ یہ ھے کہ میرے محترم قائد ایوان نے کل پھر آپوزیشن کے رول کے متعلق ایسی باتیں کہی ھیں جن کا جواب دینا ضروری ھے ۔ ان کا کہنا ھے کہ ھم صرف مخالفت برائے مخالفت کرتے ھیں اور قومی مفاد میں ان کا ساتھ نہیں دیتے۔ جناب والا۔ میں ریکارڈ کو درست کرنے کے لئے عرض کردوں کہ قومی مفاد کے کسی کام میں ھم ایک محب وطن کی حیثیت سے اگر ان کے آگے نہیں تو ان کے شانہ بشانہ ضرور چلتے ھیں (تالیاں) لیکن جیسے جناب حمزہ صاحب نے فرمایا تھا مشکل یہ ھے کہ ان کے قول و فعل میں تضاد ھے۔ یہ دست تعاون تو بڑھاتے ھیں مگر صرف زبان سے۔ اپنا ھاتھ آگے نہیں بڑھاتے ۔ ابھی حال ھی میں بجٹ پر بحث کرتے ھوئے ھماری ایک فاضل رکن اسمبلی نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ تعلیم کو ترقی دینے کے لئے صوبہ میں تعلیمی سیس عائد کیا جائے گورنمنٹ نے اسےاس حد تک قبول فرما لیا کہ اس کا جائزہ لےلیا جائے۔ اور اس کے لئے ایک کمیٹی مقرر کر دی ۔ نو یا آٹھ آدمیوں کی یہ کمیٹی بنا دی گئی ۔ مگر گورنمنٹ پارٹی کے تعاون کی عملی صورت یہ ھے کہ انھوں نے اس میں آپوزیشن کا ایک رکن بھی نہیں لیا ۔ حالانکہ یہ سارے مغربی پاکستان کا مسئلہ ھے اور اگرچہ آپوزیشن کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ھے تاھم آپوزیشن کا ایک نقطہ نظر تو ھے ۔

Minister for Finance: Sir, I rise to make an announcement that in that Sub-Committee we include Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I refuse to work on that Committee at this stage.

وزیر بنیادی جمہوریت - اب آپ اس کی رکنیت قبول فرما لیں -

Khawaja Muhammad Safdar : I refuse to be a Member Sir.

یہ میں آپ کی وسیع القلبی کا ثبوت دے رہا ہوں (قطع کلامیاں) یہ سہوا نہیں عمدا ہوا ہے -

وزیر زراعت - ہم نے دست تعاون بڑھایا ہے لیکن آپ نے اسے پکڑا ہی نہیں -

خواجہ محمد صفدر - جب کمیٹی قائم ہونے والی تھی اس وقت آپوزیشن سے یہ مشورہ ضروری تھا - اگر حکومت کو آپوزیشن کے تعاون کی ضرورت تھی مگر ایسا نہیں کیا گیا - حکومت اپنے دل کو صاف کرے - ہمیں ملک دشمن تصور نہ کریں جہاں تک ملکی مسائل کا تعلق ہے ہم ان سے اختلاف کر سکتے ہیں - ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ مسئلہ درست ہے یا درست نہیں ہے - ہماری رائے کچھ اور ہو سکتی ہے- اپنا اپنا نقطہ نظر ہے- لیکن جہاں تک ملک کی سلامتی اور بقا اور تعمیر و ترقی کا اور خوشحالی کا تعلق ہے ہم آپ کے ساتھ ہیں -

مسٹر نثار محمد خان (پشاور - ۵) - جناب والا - میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ شاید اس سے ہمارے کچھ ممبر صاحبان کو جو قبائلی علاقے سے تعلق رکھتے ہیں ٹھیس پہنچی ہے- جناب کرمانی صاحب نے بھی حمزہ صاحب کی تقریر میں مداخلت کرتے ہوئے یہ کہا کہ وہ

اپنے الفاظ واپس لیں ۔ ہمارے ایک ممبر صاحب یہ فرمانے لگے کہ جب مسٹر حمزہ وہاں گئے نہیں تو ان کو قبائلی علاقے کے متعلق یہ معلومات کیسے حاصل ہوئیں ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر مسٹر حمزہ کو کوئی شکایت ہے یا گلہ ہے یا اگر ہمیں کوئی گلہ یا شکایت ہوتی ہے تو وہ اس پر نہیں ہوتی کہ ہم مغربی پاکستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں ۔ میں اس ہاؤس کے معزز ممبر صاحبان سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس مسئلہ کی تہ میں جائیں۔ وہ اس مسئلہ کی گہرائی میں جائیں اور دیکھیں کہ یہ جو بے اعتمادی یا بے اعتباری ہم میں ایک دوسرے پر پیدا ہوگئی ہے وہ کس چیز کا نتیجہ ہے ۔ ہم انتظامیہ پر لاکھوں روپیہ خرچ کر رہے ہیں میرے خیال میں اگر یہ انتظامیہ موثر ہوتی تو شائد ہمیں اس بے اعتمادی اور اس بے اعتباری کا موقع ہی نہ ملتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سسٹم جس طرح میں باربار عرض کر چکا ہوں کہ یہ غلط ہے ۔ دنیا میں کہیں بھی آپ مجھے کوئی مثال نہیں دے سکیں گے جہاں پر اتنا وسیع علاقہ ہو اور اس طرح گنجان آبادی ہو اور وہ ایک ہی جگہ سے کنٹرول ہوتی ہو ۔ اگر آپ سابقہ صوبہ سرحد پنجاب ۔ سندھ ۔ بلوچستان یا دوسری ریاستوں کے نظام کو لے لیں تو شائد آپ کو اس طرح کا موقع یا حالات نہیں ملیں گے جس میں اس طرح بے اعتمادی یا بے اعتباری کا اظہار ہوا ہو ۔ لہذا میں گورنمنٹ سے یہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس قوم یا ملک کی بہبود کے لئے اس انتظامیہ کو زیادہ موثر کرنے کے لئے اگر وہ یونٹ کو دوبارہ اس طریقے سے توڑ نہیں سکتے تو وہ یونٹ میں ریجنل بیسسز پر ریجن بنائیں اور ان کو اتنی پاورز دے دیں کہ وہاں کے حالات کے متعلق بجائے اس کے کہ وہ اپنے کاغذات یا correspondence بھیجتے رہیں اور وہ

ٹرے میں پڑے سڑتے رہیں اور حالات اسی طرح خراب ہوتے جائیں وہ خود ان حالات سے نپٹیں ۔

جناب والا۔ اس بل کے اغراض ومقاصد میں زیادہ زور تعلیم صحت مواصلات اور آبپاشی پر دیا گیا ہے ۔ جس طرح ہمارے وزیر تعلیم محمد علی صاحب نے فرمایا ہے کہ تعلیم پر جتنی بھی رقم خرچ ہو سکے کم ہے ۔ میں ان کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں ۔ لیکن جب تک ہم اپنے سسٹم کو ٹھیک نہیں کریں گے ہم جتنی بھی رقم صرف کریں گے وہ رائیگاں جائے گی ۔ اس ضمن میں میری یہ تجویز ہے اور پہلے بھی جس طرح میں عرض کرچکا ہوں کہ ہمیں ان کے رجحان کا امتحان لینا چاہئے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ نثار صاحب تیسری خواندگی کے وقت جو کچھ بل میں ہے اس کے مطابق عرض کریں ۔

Aptitude tests is not covered by this Bill. Only the contents of the Bill be discussed.

Mr. Nisar Muhammad Khan : I would like to stress that the system of education should be more effective.

جناب والا۔ اس کے علاوہ ہمارے ہاں تعلیم پر یہ بھی اعتراض عوام کی طرف سے کیا جاتا ہے کہ تمام سکولوں میں ایک ہی قسم کی سہولتیں مہیا نہیں ہیں۔ مثال کے طور پر چارسدہ گرلز ہائی سکول کو لے لیجئے ۔ وہاں پر استانی جو متعین ہے وہ خود بھی میٹریکولیٹ ہے ۔

مسٹر ڈپٹی سپیکر ۔ اس بل میں تعلیم پر سیس کہاں ہے ؟

This Bill does not contain any cess or education. You will only talk of things regarding which provision has been made in this Bill. There is no cess.

Mr. Nisar Muhammad Khan : I am not talking about the cess but the word 'Education' is there.

Mr. Deputy Speaker : Talk of things which are being taxed.

Mr. Nisar Muhammad Khan : What for is the word 'Education' there ?

Mr. Deputy Speaker : You will talk only the aspects of the Bill.

Mr. Nisar Muhammad Khan: It is mentioned in the Statement of Objects and Reasons that any revenue collected under this Bill will be expended on Education.

Mr. Deputy Speaker : Therefore you discuss things which are being taxed in the Finance Bill.

Mr. Nisar Muhammad Khan : I am discussing the system of education which is going to be affected.

Mr. Deputy Speaker : Please talk of those things which are being taxed in the Finance Bill.

Mr. Nisar Muhammad Khan : I don't understand.

مسٹر ڈپٹی سپیکر - نثار صاحب یہ چیز آپ پہلی خواندگی میں کہہ سکتے ہیں - پہلی خواندگی اور تیسری خواندگی میں فرق ہے - تیسری خواندگی میں اس بل میں جو ٹیکس بڑھ رہے ہیں ان ٹیکسوں کے متعلق فرما سکتے ہیں -

Mr. Nisar Muhammad Khan : Well, there is tax on motor vehicles.

Mr. Deputy Speaker : You can talk on that.

مسٹر نثار محمد خان ۔ جناب والا۔ جہاں تک ہماری سڑکوں کا تعلق ہے ان سے میرے خیال میں صرف وزیر مواصلات ہی باخبر نہیں ہیں بلکہ سب وزراء صاحبان باخبر ہیں کہ پشاور ریجن میں سڑکوں کی حالت کیا ہے۔ میں مغربی پاکستان کی گورنمنٹ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ براہ کرم وہ ان سڑکوں کی طرف توجہ دے جن میں خاص طور پر قابل غور سڑکیں مردان سے چارسدہ پشاور روڈ ہے ۔ اور دوسری چار سدہ تنگی روڈ ہے ۔ ان کی طرف زیادہ توجہ فرمائیں جو ٹھیکے دیئے جاتے ہیں ان کا جو حشر ہوتا ہے کہ سڑک ابھی بنی نہیں ہوتی وہ پھر سے خراب ہونی شروع ہوجاتی ہے ۔ بہت بہت شکریہ ۔

وزیر خوراک و زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں اس وقت اس ایوان کے سامنے اس لئے کھڑا ہوا ہوں کہ میں دو تین منٹ میں چند گذارشات کرنا چاہتا ہوں ۔ ایک تو مجھے بے حد خوشی ہوئی کہ قائد حزب اختلاف نے جن جذبات کا اظہار فرمایا ہے میں ان کی بڑی قدر کرتا ہوں مجھے اس لئے بھی خوشی ہوئی کہ جب سیشن شروع ہوا تھا انہوں نے فرمایا تھا کہ اس حکومت سے ہم ماسوائے دفاع کے اور کسی چیز میں تعاون نہیں کریں گے ۔ مگر آج انہوں نے ازراہ نوازش ہماری گذارشات سنیں اور اس کے بعد اپنے تعاون کو زیادہ وسعت دیتے ہوئے تعمیرو ترقی اور ملک کی بہبودی کے لئے کہا ۔ میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے اپنے خیالات میں تبدیلی کر کے ہمیں شکریہ کا موقعہ دیا ۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر بعض اوقات کسی غفلت سے کوئی چیز رہ گئی ہو یا سہواً کوئی چیز رہ گئی ہو تو یہ علیحدہ بات ہے ورنہ قائد حزب اختلاف اس بات کو اچھی طرح محسوس کرتے ہیں کہ جتنا ممکن ہو

سکتا ہے ہم ان کے ساتھ ہمیشہ تعاون کی کوشش کرتے ہیں ۔ ان کے مفید مشوروں سے ہم استفادہ بھی کرتے رہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس کمیٹی کے سلسلہ میں جیسا کہ میرے فاضل دوست نے ان کو پیش کش کی تھی میں ان سے استدعا کروں گا کہ وہ ضرور اس میں خود یا کسی اور کو شامل ہونے کی اجازت دیں یہ ان کی طرف سے اس بات کا ثبوت ہوگا کہ وہ ہمارے دست تعاون کو کس حد تک پکڑنے کے لئے تیار ہیں ۔

جناب والا ۔ دوسری چیز جو ان کی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ کل میں نے ایک فلسفہ بیان کیا تھا اور وہ یہ تھا کہ لینڈ ریونیو ایک لگان ہے نہ کہ ٹیکس ہے ۔ اگر لگان کو مان لیا جائے تو میری تھیوری درست ثابت ہوتی ہے ۔ اگر ٹیکس مان لیا جائے تو ان کی تھیوری درست ثابت ہوتی ہے ۔ بہر حال جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ کل اس پر بحث ہوگی اور کھل کر لینڈ ریونیو بل کے متعلق بحث ہوگی ۔ مگر انہوں نے ایک اطلاع اس ایوان میں دی ہے کہ مشرقی پنجاب میں انہوں نے پانچ ایکڑ یا پانچ بیگھے والے کو مستثنیٰ کردیا ہے ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے کہ اجناس پر لگان ہے یا ٹیکس ہے ۔ اگر کپاس کاشت کرے گا تو پانچ روپیہ لگایا جائیگا ۔ اگر چاول بوئے گا تو اس قسم کا ٹیکس یا لگان لگایا جائے گا مگر مجھے اسکے متعلق زیادہ اطلاع نہیں ہے ایک وقت میں یہ بل وہاں پر چل رہا تھا ممکن ہے اس صورت میں ایسا ہوا ہو وہاں پر اس ٹیکس کی بجائے اس ٹیکس کو رکھ دیا گیا ہو ۔ ان کی اطلاع بھی محدود ہے اور میری اطلاع بھی محدود ہے ۔ بہر حال یہ شنید ہے ان کا دیکھا بھالا نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے نہایت کرم فرمائی کیساتھ حسب دستور مجھے مہتمم قرار دیا ہے کہ میں نے قول و فعل میں تضاد پیش کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میں ان کا بڑا مشکور ہوں کیونکہ یہ ان کا فرض ہے کہ جہاں کہیں بھی وہ میرے قول و فعل میں تضاد دیکھیں وہ اس کی نشاندھی ضرور کریں ۔ گو کہ میرے فرائض میں یہ بات شامل نہیں ہے کہ میں ان کے قول و فعل میں تضاد کی نشاندھی کروں ۔ بہر حال مسئلہ زیر بحث یہ تھا کہ کیا دوسرا پنجسالہ منصوبہ اپنا منتہا حاصل کرنے میں کامیاب ہوا ہے یا نہیں ۔ اس کے متعلق میرا نظریہ کچھ اور ہے اور میرے دوست قائد حزب اختلاف کا نظریہ کچھ اور ہے ۔ ہم دونوں نے اس بات پر بحث کی اور میں اپنے نظریے پر قائم ہوں اور میرے پاس بنیادی اعداد و شمار موجود ہیں جس کی بناء پر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے جتنے منتہا مقرر کئے تھے اور ہمارے جس قدر مسائل تھے ہم ان سے ان targets کے حصوں میں نہ صرف یہ کہ کامیاب ہوئے ہیں بلکہ ہم نے اپنے targets سے exceed بھی کیا ہے ۔ لہذا دوسرا پنجسالہ منصوبہ اس وقت ہدف ملامت یا ہدف طعن و تشنیع نہیں ہو سکتا ۔ اس مسئلے پر بحث ہو چکی ہے ۔ اب وہ درمیان میں خوراک کے مسئلے کو بھی لے آئے ہیں اور وہ اس کے متعلق جو کچھ بھی فرمائیں، وہ ان کا حق ہے ۔ میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک مغربی پاکستان کا تعلق ہے، جب یہ دوسرا پنجسالہ منصوبہ ختم ہوا تو اس وقت ہم نے سات لاکھ ٹن گندم باہر سے منگوائی تھی جس کی قیمت ستائیس اور اٹھائیس کروڑ روپے کے درمیان تھی اور اسی سال ہم نے جسقدر چاول باہر بھیجا تھا، اسکی قیمت بھی ستائیس، اٹھائیس کروڑ روپے تھی اور اس سے پہلے یعنی ۱۹۵۸ء سے پہلے کے جو سال ہیں ان میں ہم بارہ کروڑ

روپے کی چینی باھر سے منگوایا کرتے تھے لیکن اب خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم سے ھم چینی کے معاملے میں خود کفیل ھو گئے ھیں بلکہ اس سال اس میں کچھ بچت بھی ھو گئی ھے بلکہ پانچ کروڑ روپے کی چینی ھم نے مشرقی پاکستان کو بھی ارسال کی ھے۔ تو میرا مقصد یہ تھا کہ جب ۶۵-۱۹۶۴ء کا مسئلہ چل رھا تھا تو میں نے گزارش کی تھی کہ نمبر ایک ھم منتہائے مقصود کے حصول میں کامیاب ھوئے ھیں اور نمبر دو یہ کہ ھم آمدنی کے لحاظ سے خود کفیل ھیں ۔ کیونکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے کہ ھم نے ستائیس، اٹھائیس کروڑ روپے کی گندم باھر سے منگوائی تھی اور اتنی ھی رقم کا چاول ھم نے باھر بھیجا تھا، میں یہ سمجھتا ھوں کہ ھمیں سات، آٹھ لاکھ ٹن گندم باھر سے نہیں منگوانی چاھئے تھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ھمیں اچھی زمین عطا کی ھے اور ھمارے کاشتکار بھی اچھے ھیں اور جس طرح کہ ایک مثال ھے کہ ''موسم اچھا پانی وافر مٹی بھی زرخیز،، ۔ تو یہ درست ھے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دنیا کے کل آبپاشی رقبے کا بارھواں حصہ مغربی پاکستان میں واقع ھے اور کل مزروعہ رقبے کا نواں حصہ مغربی پاکستان میں شامل ھے اور پاکستان اس وقت دنیا کی پٹ سن کی پیداوار میں سرفہرست ھے، چاول کی پیداوار کے سلسلے میں تیسرے نمبر پر ھے، گنے کی پیداوار میں چوتھے نمبر پر ھے، روئی کی پیداوار میں اس کا چھٹا نمبر ہے اور گندم کی پیداوار میں دنیا میں دسویں نمبر پر ھے ۔ بہر حال ان اعداد و شمار کے عرض کرنے سے میرا مقصد یہ تھا کہ جو کچھ ھو رھا تھا ..... اور ھم کیوں ناکام ھوئے، جو بات ان کے ذھن میں ھے، میں اسکی وجوھات مختصر طور پر عرض کئے دیتا ھوں ۔ اول تو یہ کہ population explosion ھوا یعنی جسکو ھجوم آبادی کہہ لیں ۔ کیونکہ ۱۹۰۱ء میں ایک

کروڑ چھیاسٹھ لاکھ کی آبادی تھی اور جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو اس وقت تین کروڑ کے قریب آبادی تھی اور آج پانچ کروڑ سینتیس لاکھ کے قریب کا اندازہ ہے، اس لحاظ سے ایک تو آبادی بڑھی اور اسکے بعد دوسری وجہ یہ ہے کہ آبادی میں اضافے کے علاوہ، لوگوں نے خود کو شہروں میں منتقل کرنا شروع کیا جسکی وجہ سے شہروں کی آبادی میں بڑا اضافہ ہوا اور اسی وجہ سے جیسے کہ میرے عزیز دوست کرمانی صاحب نے بھی فرمایا ہے کہ لوگوں کی عادات میں بھی ایک انقلاب برپا ہوا - پہلے زمانے میں بھی جہاں تک پنجاب کا تعلق ہے، اسے اناج کا گھوارہ کہتے تھے، لیکن ان وجوہات کی بناء پر اور ان کے علاوہ بہت سے لوگ coarse grain کھانے کے عادی تھے جو کہ بالعموم مشرقی پنجاب سے آیا کرتا تھا تو اس وجہ سے ہمیں دشواریاں ہوئیں - آخر میں میں ایک بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ میں بالخصوص اپنے دوست حمزہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ نہ تو میں کوئی حرف آخر ہوں اور نہ ہی عقل کل ہوں - میں بھی ایک عام انسان ہوں اور اگر مجھ سے کوئی کوتاہی ہو جائے، تو اسکے لئے ذرا شدت اور حدت میں کمی کرکے مجھے ہدایت فرما دیا کریں، تو میں ان کا بڑا مشکور ہوں گا کیونکہ میں ذرا حدت اور شدت سے ڈر جاتا ہوں اس لئے میں ان سے درخواست کروں گا کہ ایک تو میری عمر کا بھی یہی تقاضا ہے کہ ان کا اور میرا رشتہ اسی قسم کا ہونا چاہئے کیونکہ میں ان کے ساتھ یہ عزت والا رشتہ رکھنا زیادہ پسند کرتا ہوں اور ان کی یہ حدت اور شدت بھی چونکہ محبت ہی کے سبب ہوتی ہے میں بھی اسے شفقت میں تبدیل کرکے اس کا نوٹس نہیں لیتا ہوں - بہر حال مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ جس بات کے لئے میں کھڑا

ہوا تھا، کیونکہ باتوں میں بات نکل جاتی ہے اور ایک جملہ معترضہ بن کر رہ جاتا ہے۔ مجھے اس بات کی خوشی ہوئی ہے کہ قائد حزب اختلاف ہماری گذارشات سننے کے بعد از راہ نوازش، از راہ وطن نوازی اور از راہ محب الوطنی تمام معاملات میں اس حکومت کی طرف اپنا دست تعاون بڑھایا اور میں امید کرتا ہوں کہ اس سے ملک میں صحیح حزب اختلاف معرض وجود میں آئے گا جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ حزب اختلاف کا انداز فکر منفی نہیں ہونا چاہئے کیونکہ ان کا کردار مثبت کردار ہے یہ تو ہمارے محاسب ہیں اور محاسب کا کام صرف یہ نہیں ہوتا کہ وہ نکتہ چینی ہی کرے بلکہ اسے کبھی کبھی شاباش بھی دینی پڑتی ہے۔ بہر حال یہ ان کی اپنی مرضی ہے۔ جیسے وہ مناسب سمجھیں گے۔ میں نے تو یہ چند ایک گزارشات اس لئے کی ہیں کہ میں ریکارڈ کو straight کرنا چاہتا تھا اور دوسرا اسلئے کہ اگر میں جواب نہ دیتا تو حمزہ صاحب گلہ کرتے کہ انہوں نے اسقدر حدت اور شدت سے بات کی ہے اور میں نے ان کا جواب نہیں دیا۔ اس لئے میں نہایت ادب کے ساتھ یہ عرض کروں گا کہ ہم کوشش تو کرتے ہیں کہ ہمارے قول و فعل میں تضاد نہ ہو اور آپ اسکی نشاندھی کرتے رہیں لیکن چونکہ زبان میں ہڈی نہیں ہے اس لئے اگر درشتی ذرا کم ہو تو میں بےحد مشکور ہوں گا۔

خواجہ محمد صفدر۔

تعاونوا علی البر والتقوی ولاتعاونوا علی الاثم والعدوان

(نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں تعاون کرو اور گناہ اور ظلم کے کاموں میں کسی قسم کا تعاون نہ کرو۔)

وزیر بلدیات۔ خدا آپ کو نیکی دیکھنے کی توفیق دے۔

خواجه محمد صفدر - اگر آپ اپنے آپ میں نیکی پیدا کر لیں تو پھر کیا بات ہے ہم بھی یہی چاہتے ہیں -

وزیر خزانہ (سید احمد سعید کرمانی) - جناب والا - آج ہم بجٹ کے آخری مرحلے پر پہنچ گئے ہیں اور اس دوران میں حزب اختلاف کی جانب سے اور حکومت کی جانب سے بھی بہت سے دوستوں نے بحث میں حصہ لیا ہے اور یہ بات باعث اطمینان ہے کہ کسی دوست نے نہ اس جانب سے نہ اس طرف سے ، آنے والے سال کے کسی منصوبے پر اس انداز سے نکتہ چینی کی ہو اور انہوں نے یہ کہا ہے کہ یہ منصوبے ضرورت اور افادیت کے لحاظ سے مناسب نہیں ہیں - جہاں تک میں سمجھتا ہوں، حزب اختلاف کے فائدے تو ان منصوبوں کی افادیت کا ایک لحاظ سے اقرار بھی کیا ہے۔ گو وہ یہ فرماتے رہے ہیں کہ ان منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اس حکومت کے پاس مطلوبہ صلاحیت نہیں ہے - میں اس کا جواب بعد میں دوں گا لیکن میں یہ بات کہتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہوں کہ اس بجٹ پر بحث کے دوران حزب اختلاف کی جانب سے بھی چند دوستوں نے اس بجٹ کو اشارتاً ایک عوامی بجٹ قرار دیا ہے - اور جناب والا - یہ بجٹ عوامی کیوں نہ ہو - اگر آپ اس فنانس بل کی مختلف دفعات پر غور فرمائیں گے تو ایک حقیقت سامنے کھل کر آ جائے گی کہ اول تو کوئی نیا ٹیکس ہی عاید نہیں کیا گیا اور دوم یہ کہ پچھلے عارضی ٹیکسوں کو برقرار رکھا گیا ہے اور وہ بھی اسی سطح پر جس سطح پر وہ پچھلے سال لاگو کئے گئے تھے - اب دیکھنا یہ ہے کہ پچھلے سال جو عارضی ٹیکس تھے جن کو آنے والے سال میں قائم رکھا گیا ہے ان ٹیکسوں کا بوجھ صوبہ کے کس طبقہ پر رہتا ہے - حضور والا۔ اگر آپ اس دفعہ کا بغور مطالعہ فرمائیں گے تو اس کے سوا آپ کے

پاس اور کوئی چارہ کار نہیں ہوگا کہ آپ یہ رائے قائم کریں کہ دفعہ ۳ کے تحت جو سرچارج لگایا گیا ہے اس کا اطلاق بھی اس طبقہ پر ہوتا ہے جو دیہاتی علاقوں میں متمول زندگی بسر کر رہے تھے اور خوشی سے ادا کر سکتے ہیں اس کا بوجھ کاشت کار پر نہیں متوسط درجہ کے زمینداروں پر نہیں ۔ اس کا تمام بوجھ دیہاتوں میں بسنے والے اونچے طبقہ کے زمینداروں پر ہے ۔ صرف یہ ایک بات ظاہر کرتی ہے کہ حکومت کو اس امر کا شدید احساس ہے کہ صوبہ کے ان لوگوں پر ٹیکس عائد کرنا چاہئے جو ٹیکس دینے کے نہ صرف اہل ہیں نہ صرف قابل ہیں اور آسانی سے دے سکتے ہیں بلکہ جو لوگ ماضی میں بھی بڑی آسانی سے ادا کرتے رہے ہیں ۔ اور جو ٹیکس برقرار رکھا جا رہا ہے اس کا اطلاق سنیما کے مالکان پر ہے اور سنیما کی انتظامیہ پر کیا گیا ہے۔ آج اس سلسلہ میں ایک ترمیم حزب اختلاف کی جانب سے آئی تھی ۔ جسے ابتدا میں ہی حکومت نے قبول کرنے سے انکار کر دیا لیکن ان جذبات کے پیش نظر اگر یہ ترمیم پاس ہو جائے تو ایک بات واضح ہوجائے گی کہ حکومت کی قطعاً یہ منشا نہیں اور یہ ارادہ نہیں کہ وہ ٹیکس جو مالکان سنیما سے وصول کیا جاتا ہے عام شہری پر اس کا بوجھ پڑے ۔ اگر نیت مختلف ہوتی یا ارادہ یہ ہوتا کہ ٹیکس کا بوجھ بالآخر شائقین سنیما پر ڈال دیا جائے گا تو حکومت اسے قبول نہ کرتی ۔ حکومت نے اس ترمیم کو منظور کرکے اس دعویٰ کا ثبوت مہیا کر دیا ہے کہ حکومت صوبہ میں جو پچھلے سال عارضی ٹیکس تھے ان لوگوں پر حاوی کر رہی ہے جو لوگ اس بوجھ کو برداشت کر سکتے ہیں اور ٹیکس دے سکتے ہیں ۔

یہ ٹیکس اونچے طبقہ کے لوگوں پر حاوی کیا جا رہا ہے اور جن لوگوں پر ٹیکس لاگو کیا جا رہا ہے وہ عوام پر منتقل کرنے نہ پائیں یہی قصہ Moter vehicles (to carry more than 8 persons) کا ہے ۔ یہ ٹیکس بھی مالکان سے لیا جائے گا ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

ان کو مجبور کیا جا رہا ہے کہ وہ اس ٹیکس کا بوجھ برداشت کریں اس بوجھ کو عام مسافروں پر روا نہیں رکھا گیا ۔

حضور والا ۔ اس کے علاوہ اس بل میں پہلی بار یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ Group Term Insurance کے بارے میں stamp duty کو کم کرنے کی اچھی خاصی ضرورت تھی ۔ ظاہر ہے کہ کمی سے صوبہ کے اس طبقہ کو فائدہ پہنچے گا جو غریب صنعتی علاقہ میں کام کرنے والے کارکنوں کا ہے ۔ جہاں دیہاتوں میں بسنے والے غریب کاشتکاروں اور متوسط درجہ کے زمینداروں کی بہبود کا خیال رکھا گیا ہے وہاں شہروں میں بسنے والوں اور صنعتی علاقوں میں کام کرنے والوں کا حد سے زیادہ خیال رکھا گیا ہے ۔ اس کا ثبوت اس سے ظاہر ہوتا ہے جو اس بل کے سیکشن ۷ میں پیش کیا گیا ہے ۔

حضور والا ۔ دوران تقریر دو باتوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ۔ دفعہ ۱۲ کے تحت حکومت چاہتی ہے کہ اس کے پاس وہ اختیارات آ جائیں جو صرف اس ہاؤس کے مخصوص اختیارات ہیں لیکن حزب اختلاف کے قائد نے ارشاد فرمایا کہ میں کسی صورت میں بھی اس قسم کے قانون کا ساتھ نہیں دے سکتا جس کی رو سے قانون سازی کے اختیارات اسمبلی کی بجائے انتظامیہ کو مل جائیں میں ان کی خدمت میں نہایت ادب سے عرض کروں گا کہ delegated legislation کا تصور

بھی خاصا پرانا ہو چکا ہے۔ دنیا کا کونسا ملک ہے جس میں قانون ساز ادارے اپنے مخصوص حالات کے پیش نظر اس قسم کے اختیارات delegate نہیں کرتے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ Delegation of Powers صرف رولز تک محدود ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ Local Authorities کو اختیار دے سکتے ہیں کہ وہ Sub-Legislation کر لیں ۔ تجربہ بتاتا ہے کہ قانون کو نافذ کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ خود قانون بنانے کا اختیار ہو اور ان agencies کے سپرد کر دیا جائے جنہوں نے قانون کے مقاصد کو حاصل کرنا ہے ۔ all over the world اب یہ practice ہو گئی ہے ۔ انہوں نے کلاز ۱۰ کی بھی مخالفت کی ہے کہ کوئی suit دیوانی عدالت میں بابت assessment of tax دائرہ نہیں ہو سکتا ۔ کاش وہ مزید غور کرتے تو ضرور نوٹ کرتے کہ اس ایکٹ میں بہت سی باتیں حکومت کے سپرد کی گئی ہیں ۔ ان کے تحت وہ فرائض انجام دے سکتے ہیں جو کہ حکومت سر انجام دینا چاہتی ہے ۔ دیوانی عدالتوں کے دائرہ سے جو فرائض نکل گئے ہیں وہ ہیں

Setting aside or modifying any assessment or tax.

باقی تمام فرائض دیوانی عدالتوں کے اختیار میں ہیں ان کی جانچ پڑتال کے دائرے سے باہر نہیں رکھا ۔ اگر وہ انصاف سے کام لیتے تو وہ یہ کہتے کہ یہ قانون واقعی اچھا ہے ۔ تمام باتیں جو حکومت کے سپرد کی گئی ہیں عدالتی چارہ جوئی سے دور رکھی ہیں لیکن ایسا نہیں کیا گیا ۔ حکومت کی تعریف کرنے کی بجائے حکومت کے کام کی

تعریف کرنے کی بجائے انہوں نے یہ مناسب سمجھا کہ اس پر بھی اس قسم کی طرز فکر برقرار رکھی جائے جو انہوں نے کئی برسوں سے حکومت کے بارے میں قائم کی ہوئی ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے یہ بات کہتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے کہ جن تین بنیادی اصولوں کا تذکرہ میں نے آغاز میں کیا تھا ان ہی تین بنیادی اصولوں کے پیش نظر یہ بل مرتب کیا گیا تھا اور آج یہ ہاؤس اس قابل ہوا ہے کہ ان تین بنیادی اصولوں کی روشنی میں وہ اس بل کو پاس کر سکے ۔ میں ارادتاً ان تینوں بنیادی اصولوں کو دھراتا ہوں ۔ پہلا اصول جو اس بل کے مرتب کرنے کے وقت پیش نظر تھا وہ یہ کہ دیہاتی علاقوں میں بسنے والے لوگوں کی بہبود کا خیال رکھا جائے دوسرا اصول صوبے کے عوام کو سستی خوراک مہیا کی جائے اور آخر میں تیسرا اصول جو پیش نظر رہا ہے وہ چھوٹے علاقہ یا کم ترقی یافتہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لایا جائے ۔ میں آپ کی وساطت سے حزب اختلاف کے ارکان سے پوچھتا ہوں کہ جو حکومت بجٹ بناتے وقت ان تین بنیادی اصولوں کو اپنے سامنے رکھے اور پھر ان اصولوں پر عمل پیرا بھی ہو تو کیا وہ حکومت حق بجانب نہیں ہے کہ وہ اس بات کا اعلان کرے کہ ان اصولوں کی وجہ سے یہ بجٹ ترقی پسند ہے اور عوامی ہے اور ہر لحاظ سے ہردلعزیز ہے ۔ اب جناب میں اپنے فاضل بزرگ ملک قادر بخش کی طرف آتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ تو چلے گئے ۔

وزیر خزانہ ۔ انہوں نے اپنے قصبہ کا ذکر کیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی دھیرے دھیرے اسی مرض میں مبتلا ہیں جس

مرض میں قائد حزب اختلاف ہیں اور صرف اپنے گاؤں کی سوچتے ہیں اس کے باہر سوچنا انکو محال ہو گیا ہے ان کے قصبہ میں جن لوگوں نے قانون شکنی کی ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ قانون شکنی وسیع پیمانے پر اور صوبے کے طول و عرض میں ہے ۔ یہ عجیب اندازفکر ہے کہ اگر تمام صوبے میں اینٹی سوشل elements کو قابو میں کر لیا گیا ہے اگر تمام صوبے میں ایسے عناصر کی سرکوبی کی جا رہی ہے جو امن عامہ میں خلل کا باعث بن سکتے ہیں اور اگر ایک ضلع کے ایک قصبے میں چند لوگوں نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے تو یہ کہنا کہ ملک میں امن وامان نہیں ہے اور یہ کہاں تک مناسب ہے کہ صوبے کے دیگر حصوں میں بدامنی ہے ۔ میں کیا عرض کروں ان کی خدمت میں صرف یہی عرض کروں گا کہ صوبے میں امن کو برقرار رکھنے کے لئے صوبے میں ان عناصر کا قلع قمع کرنے کے لئے حکومت بھرپور کوشش کر رہی ہے جو عنصر صوبے کے امن کو برباد کرنے کے لئے بیٹھا ہوا ہے ۔ حکومت تہیہ کئے ہوئے ہے کہ ایسے عنصر کو وہ finally اور حتمی طور پر ناکارہ کر دے گی ۔ جو لوگ قانون کے اور حکومت کے خلاف سر اٹھاتے رہے ہیں ان کی سرکوبی ہر مہذب حکومت کا فرض ہے اور یہ مقام مسرت ہے کہ یہ حکومت اپنے اس فرض کو خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہی ہے ۔

حضور والا ۔ زراعت کے بارے میں ارادتاً کچھ نہیں کہوں گا کیونکہ کل اس معزز ایوان میں مجھے ایک بہت ہی اہم تقریر سننے کا موقع میسر آیا کہ حزب اختلاف کے قائد نے کل اس انداز سے باتیں کیں تو واقعی مجھے یہ شبہہ ہو چلا تھا کہ یہ ہاؤس شاید ان کا طرف دار ہو جائیگا اور مجھے یہ ڈر پیدا ہوگیا تھا کہ ان کی

اعداد و شمار سے مرصع تقریر کہیں گورنمنٹ پارٹی کو متاثر نہ کر بیٹھے لیکن مقام مسرت ہے اور مقام افتخار ہے کہ قائد ایوان نے نہ صرف ان باتوں کا جواب دیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ان باتوں کا جواب ھی نہیں دیا ۔

وزیر خزانہ ۔ نہ صرف ان باتوں کا جواب دیا بلکہ یہ ظاھر کر دیا کہ صوبہ زراعت کے میدان میں غیر معمولی ترقی کر رھا ہے (نعرہھائے تحسین) انہوں نے حقائق کا سہارا لیکر یہ بات واضح کردی ہے کہ جو نصب العین فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے ملک کے لئے متعین کیا ہے میری مراد خوراک کے معاملہ میں خود کفیل ھونا ہے تو اس منزل کی طرف صوبے کے قدم کامیابی سے بڑھ رہے ھیں ۔ زمینوں کو سیم و تھور سے بچانے کے لئے حکومت مختلف تجاویز پر عمل کررھی ہے اور حمزہ صاحب آپ جانتے ھیں کہ آپ کے ضلع میں اور آپ سے ملحقہ اضلاع میں حکومت نے کیا کیا نہیں کیا ۔ اور آپ کے ضلع میں اور آپ سے ملحقہ اضلاع میں زمیندار خوش ہے مزارع خوش ہے اور یہ پہلی حکومت ہے جسنے ان کے مسائل کی طرف توجہ دی ہے ۔ اور سیم و تھور کی لعنت سے اس حکومت نے غریب دیہاتیوں کو محفوظ رکھنے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے ھیں ۔ حضور والا ۔ اب میں اس معزز ایوان کے ان معزز ارکان کا مشکور ھوں جنھوں نے اپنے علاقے کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار اس ایوان میں کیا ہے اور حکومت کی توجہ اپنے علاقہ کے مسائل کی طرف دلائی ہے میں آپ کے وسیلہ سے ان کو یقین دلاتا ھوں کہ حکومت تہیہ کئے بیٹھی ہے کہ وہ کم ترقی یافتہ علاقوں کو کم سے کم عرصہ میں ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لے آئے میں یہ اعلان کرتے ھوئے

خوشی محسوس کرتا ہوں کہ اگر منظور شدہ سکیموں کے متعلق کم ترقی یافتہ علاقوں کی جانب سے کوئی معقول تجویز پیش کی جائے گی تو حکومت ہر ممکن کوشش کرے گی کہ اس کے لئے مناسب رقم مہیا کرے ۔ حضور والا ۔ دنیا کا طریقہ ہے اور دنیا کا دستور ہے کہ جب وہ کسی ملک کی ترقی کے بارے میں رائے قائم کرتی ہے تو بجٹ کے اس حصہ کی طرف نظر کرتی ہے جو حصہ اخراجات سے تعلق رکھتا ہے اور لوگ دیکھتے ہیں کہ حکومت کن کاموں پر اور کس انداز سے کتنے عرصہ میں کیا کیا خرچ کر رہی ہے اور اخراجات کا نقطہ نظر سامنے رکھ کر ہی یہ رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ ملک یا صوبہ ترقی کی جانب قدم اٹھا رہا ہے یا تنزل کی طرف جا رہا ہے ۔ آئیے آج اس محفل میں اسی اصول کی روشنی میں اس امر کا جائزہ لیں کہ کیا یہ صوبہ اپنے اخراجات اس انداز سے کر رہا ہے کہ صوبہ ترقی کر رہا ہے یا اس انداز سے کر رہا ہے کہ لوگوں کی آمدنی ضائع کر رہا ہے ۔ میں حضور والا اختصار کے ساتھ اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آنے والے سال میں تعلیم کی مد میں بجٹ سے ۱۴ کروڑ روپیہ خرچ کے لئے مختص کیا گیا ہے اور ساتھ ہی اسی تعلیم کی مد میں غیر ترقی یافتہ علاقوں کے سلسلہ میں ۳۳ کروڑ کا خرچ مختص کیا گیا ہے اور زراعت میں حکومت نے ۲۲ سے لیکر ۳۰ کروڑ کا اضافہ کیا ہے اور بجلی پانی میں تقریباً ۸۲ کروڑ کا خرچ مختص کیا گیا ہے جو پچھلے تمام سالوں کی نسبت بہت زیادہ ہے ۔ اور تو اور پورے سال کے منصوبوں میں ۱۵۴ کروڑ کی بجائے ۲۱۲ کروڑ کا خرچ رکھا گیا ہے یہ الفاظ دیگر حکومت نے ۳۸ فیصد کا اضافہ کیا ہے ان عداد و شمار کے ہوتے ہوئے میں حزب اختلاف کے اراکین سے ایک عام فہم سوال پوچھتا ہوں کہ جو حکومت تعلیم کی

مد میں پچھلے سالوں کے مقابلہ میں زیادہ روپیہ خرچ کرے - جو حکومت زراعت کی مد میں پچھلے سال کے مقابلہ میں زیادہ خرچ کرے جو حکومت بجلی پانی کی مدوں میں پچھلے سال کی نسبت زیادہ خرچ کرے اورجو منصوبوں پرخرچ میں ۳۸ فیصدکا اضافہ کرے تو کیا اس حکومت کے بارے میں یہ رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ وہ حکومت صوبے کی ترقی کی طرف نہیں بلکہ تنزل کی طرف جا رھی ہے - کوئی انصاف سے محبت کرنیوالا ایسا شخص جو حقائق کو جھٹلانا نہ جانتا ھو اس کے لئے اور کوئی راستہ نہیں کہ وہ اس رائے کا اظہار کرے کہ صوبہ غیرمعمولی ترقی کر رھا ہے- حضور والا دو باتیں جن کی طرف میں اشارہ کرناضروری سمجھتا ہوں وہ یہ ھیں- شاید آپ کو یاد ھوگا کہ صدرمملکت کو شکایت تھی کہ صوبے کو ریونیو assign کیا جاتا ہے اور اس کا ۲۷ فیصد حصہ غیر ترقیاتی کاموں پر صرف کرتے ھیں - آج ھم اس قابل ھو گئے ھیں کہ سال رواں اور آئندہ سال میں ھم اس ریونیو assignment کی تمام کی تمام آمدنی ھم ترقیاتی کاموں پر صرف کریں حالانکہ ماضی میں ایسا نہیں ھوا اور اب ھم کر رہے ھیں - اور اس کے بعد آپ سن کر خوش ھونگے کہ ھم نے یعنی صوبے نے اس دفعہ اپنا حصہ جو ترقیاتی کاموں کے لئے دینا ہے اس میں اپنی جانب سے ۳۸ فیصد کا اضافہ کیا ہے اور وہ بھی جو صوبائی حصہ ہے وہ الحمد للہ قرضے سے پاک ہے - ماضی میں ایسا نہیں ھوا - دوسری بات جو ظاھر ھوتی ہے وہ یہ کہ حکومت ترقیاتی کاموں کو اولین اھمیت دیتی ہے - یہ دونوں باتیں ظاھر کرتی ھیں کہ صوبہ ترقی کی طرف تیزی سے جا رھا ہے - میں جناب والا - اس موقع پر پھر ایک بات دھراتا ھوں کہ دیہی عوام کی بہبود کے لئے آنے والے سال میں یعنی دیہی ترقیاتی پروگرام میں ۱۰۰ فیصد رقم کا اضافہ ھوا ہے -

یہ ایک ایسا کارنامہ ہے جس پر ہر حکومت بجا طور پر فخر محسوس کر سکتی ہے ۔ اس دفعہ ہم نے اس مد میں ۱۰ کروڑ روپیہ مختص کیا ہے لیکن سب سے زیادہ جو بات خوشی کی ہے اور جو خوشی کا سبب بنتی ہے وہ یہ کہ یہ تمام باتیں صوبہ ایسی صورت میں کر رہا ہے جبکہ حکومت نے صوبے کے عوام پر کوئی نیا ٹیکس عائد نہیں کیا ۔ حضور والا ۔ آپ دیکھیں گے کہ جیسا کہ میں نے آغاز میں کہا ہے کہ ہم نے صنعتی مزدوروں کی بہبود کے لئے ایسے حالات پیدا کر دئے ہیں کہ Group Term Insurance کے اشٹام میں کمی کردی ہے اور اس کے علاوہ بہت سی سہولتیں حکومت نے دی ہیں اور اگر ان کا جائزہ لیا جائے تو آپ محسوس کریں گے کہ ان رعایتوں کا اصل impact غریب طبقہ پر ہوا ہے ۔ حکومت کی کوشش ہے اور وہ اس بات پر قائم ہے کہ وہ صوبے کے عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا کی جائیں تاکہ وہ کم سے کم عرصہ میں اپنے معیار زندگی کو بڑھا سکیں ۔ حضور والا۔ میرا ارادہ تھا کہ اپنے بھائی حمزہ صاحب کی باتوں کا بھی جواب دوں لیکن جس عمدگی اور خوبصورتی سے اور محبت سے آج قائد ایوان نے اس مخصوص فقرہ کا جو وہ اپنے مخصوص دوستوں کے لئے مخصوص رکھتے ہیں اطلاق حمزہ صاحب پر کر دیا ۔ شائد وہ سمجھتے ہوں کہ حمزہ صاحب کو محبت کی ضرورت ہے اور محبت کی زبان کو بہتر سمجھیں گے ۔ تو مجھے آپ کے وسیلے سے ان کی خدمت میں عرض کرنا ہے

"تلخی سہی کلام میں لیکن نہ اس قدر
کی جس سے بات اس نے شکایت ضرور کی"

جناب والا۔ قبائلی علاقوں کے لوگ محب وطن ہیں ۔ قبائلی علاقوں کے لوگ ایسے بھی موجود ہیں جو علم وعرفان کے مالک ہیں ان میں ایسے لوگ

بھی موجود ھیں جنھوں نے ھر موقعہ پر پاکستان کی سالمیت کے لئے اپنی جانیں بھی پیش کیں (ھیئر - ھیئر)

خواجہ محمد صفدر - دریں چہ شک -

وزیر خزانہ - لیکن ایک ھی لاٹھی سے سب کو ھانکنا نہایت غیر مناسب ہے -

خواجہ محمد صفدر - ویسے انھوں نے ھانکا نہیں آپ ھنکوانا چاھتے ھیں -

وزیر خزانہ - بہر حال جناب والا - پیشتر اس کے کہ میں اپنی تقریر کو ختم کروں میں ایک بنیادی بات کی طرف اشارہ کئے دیتا ھوں - کسی قوم کی سربلندی کے لئے کسی قوم کے آگے بڑھنے کے لئے اتحار اور اندرونی اتحاد اشد ضروری ہے - کسی قوم کے آگے بڑھنے کے لئے ضروری ہے کہ اس کی صفوں میں تفریحی تنقید کرنے والوں کا ھجوم نہ ھو -

مسٹر حمزہ - کیا بات ہے -

وزیر خزانہ - تو جب میں نے یہ فقرہ آغاز میں کہا تھا تو میرے دوست جو اس جانب بیٹھے ھیں ناراض ھوئے تھے لیکن میرا اشارہ ان کی جانب نہ تھا - میرا اشارہ ایسے لوگوں کی جانب ہے جو اس ھاؤس سے باھر ھیں جن کا کام صبح شام حکومت پر جا و بیجا تنقید کرنا ہے اور جب حکومت اور قوم ان سے اپنی contribution کا مطالبہ کرتی ہے تو اس سلسلے میں وہ ھمیشہ فیل ھو جاتے ھیں -

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you very much.

وزیر خزانہ - میں حضور والا قائد حزب اختلاف کو کیسے یقین دلاؤں کہ ہم ان کو ملک کا دشمن تصور نہیں کرتے لیکن ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وہ حکومت کی جو سودمند کارروائیاں ہیں یا افادیت سے پر منصوبے ہیں ان کی تائید کرنے میں بخل سے کام لیتے ہیں حالانکہ ملک کے مفادات کا تقاضا یہ ہے کہ وہ حکومت جو عوام کی بہبودی کا اتنا خیال رکھتی ہو اور اس کی بھلائی کے لئے اتنا بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی ہو اس کے تمام ایسے منصوبوں کی تائید کرنی چاہئے مگر افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان کے پیش نظر ایک ہی بات ہے کہ ہم ان کو ملک کا دشمن تصور کرتے ہیں -

مسٹر حمزہ - آپ نے ہی ان کو ڈیفنس آف پاکستان رولز میں جیل یاترا کے لئے بھیج دیا تھا -

وزیر خزانہ - وہ تو لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ تھا -

مسٹر حمزہ - اچھا اچھا - کیا آپ کے پاس اور کوئی قانون نہ تھا -

وزیر خزانہ - انہی کے دوستوں نے ان کو بھیجا تھا - بہر حال میں اس مسئلہ میں نہیں جانا چاہتا - مجھے ان سے صرف یہی عرض کرنا ہے کہ میں اپنی تقریر کو ختم کرنے سے پہلے اس دعوت کو دوہراتا ہوں جو میرے فاضل بزرگ قائدایوان نے ابھی ابھی قائد حزب اختلاف کے سلسلہ میں بیان کی تھی کہ وہ ذرا غصہ سے بالاتر ہو کر سوچیں -

خواجہ محمد صفدر - غصے کی بات نہیں بلکہ آپ کے قول و فعل میں تضاد ہے -

وزیر خزانہ - اس جذبے کو پہچانتے ہوئے میں نے اس معزز ایوان میں پیش کش کی تھی کہ وہ اس Education Cess کا جائزہ لینے والی کمیٹی کی رکنیت قبول فرمائیں جو حال ھی میں حکومت نے قائم کی ہے - حکومت کی اس پیش کش سے یہ واضح اور عیاں ہو گئی ہے کہ حکومت کی نیت میں فرق نہیں - ان کی پیشکش دیانتداری پر مبنی ہے - وہ ہر اس شخص کی خدمت کرنا چاھتی ہے جو حکومت کے رفاہ عامہ کے کاموں میں حکومت کا ساتھ دینا چاھتا ہو - حکومت ہرگز یہ نہیں چاھتی کہ وہ لوگ جو صوبے کی یا حکومت کے بھلائی کے کاموں میں حکومت کا ساتھ دینا چاھتے ھیں ان کو پیچھے رکھا جائے - میں امید کرتا ہوں کہ میری اس وضاحت کے بعد قائد حزب اختلاف عوام کی خاطر، صوبہ کی سلامتی کی خاطر، صوبہ کی سر بلندی کی خاطر، اس عزم کی خاطر، جو ھماری پارٹی نے کیا ہوا ہے کہ وہ لوگوں کی اقتصادی حالت کو بہتر کریں گے - اپنے فیصلہ پر نظرثانی فرمائیں گے -

جناب والا - اب میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے بلند حوصلگی کا ثبوت دیتے ہوئے ھماری گزارشات کو تحمل سے سنا اور حکومت کو یہ موقع بہم پہنچایا کہ ھم اس ایوان کے مختلف گوشوں میں بیٹھے ہوئے ممبران کو سن سکیں - آخر میں میں یہ عرض کرنا چاھتا ہوں کہ جو ارشادات معزز اراکین نے فرمائے ھیں حکومت نے نہ صرف ان کا گہرا نوٹس لیا بلکہ حکومت یہ تہیہ کئے بیٹھی ہے کہ اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے وہ ان چیزوں پر جلد از جلد عمل پیرا ہوگی -

Mr. Speaker : I will now put the last motion of the Budget to the vote of the House. The question is :

That the West Pakistan Finance Bill, 1967 be passed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House is adjourned to meet again on Monday at 8.00 a. m.

The Assembly then adjourned (at 12.30 p.m.) till 8.00 a.m. on Monday the 3rd July, 1967.

Printed at Istiqlal Press, Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Monday, the 3rd July, 1967.
دو شنبہ - ۲۴ ربیع الاول ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8 - 00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ۝ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

(پ ۹- س ۷- ع ۲- آیات ۹۴ تا ۹۹)

اور ہم نے کسی علاقہ میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر وہاں کے باشندوں کو دکھوں اور مصیبتوں میں مبتلا کیا تاکہ وہ عاجزی اور زاری کریں۔ پھر ہم نے تکالیف کو آسودگی سے بدل دیا یہاں تک کہ وہ مال و اولاد میں زیادہ بڑھ گئے۔ تو کہنے لگے کہ اس طرح کا رنج و راحت تو ہمارے بڑوں کو بھی پہنچتا رہا ہے۔ تو ہم نے ان کو اچانک پکڑ لیا کہ وہ (بالکل) بے خبر تھے۔ اگر ان بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور پرہیزگار ہو جاتے تو ہم ان پر آسمان و زمین کی برکات کے (دروازے) کھول دیتے۔ مگر انہوں نے تو تکذیب کی پس اُن کے اعمال کی پاداش میں ہم نے ان کو پکڑ لیا۔ کیا بستیوں کے رہنے والے اس امر سے بے خوف ہیں کہ اُن پر ہمارا عذاب رات کو واقع ہو اور وہ بے خبر سو رہے ہوں۔ اور کیا اہل شہر اس سے بے خوف ہیں۔ کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آ نازل ہو۔ اور وہ کھیل کود میں مشغول ہوں۔ کیا یہ لوگ اللہ کے داؤں سے نہیں ڈرتے پس اللہ کے داؤں سے تو وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں۔ جو نقصان اٹھانے والے ہیں۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Chaudhri Muhammad Idrees.

RETIREMENT OF MR. MUSTAFA KHALID

***5026. Chaudhri Muhammad Idrees:** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration please refer to part (*a*) of answer to starred question 4384, placed on the Table of the House on 6th December 1966 and state :—

(*a*) the date on which Mr. Mustafa Khalid was compulsorily retired from the Police Department ;

(*b*) the authority which passed the order of his retirement;

(*c*) pay last drawn by him in the Police Department;

(*d*) the amount of monthly pension sanctioned to him;

(*e*) whether any appeal lay against his compulsory retirement;

(*f*) if answer to (*e*) be in the affirmative, to whom did it lie and whether he filed any appeal ;

(*g*) in case he filed an appeal (*i*) the date of filing the appeal (*ii*) the date on which the said appeal was decided and (*iii*) whether a copy of the order passed in appeal will be placed on the Table of the House ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (*a*) 30th June 1959 (A.N.).

(*b*) The President of Pakistan, under sub-clause (b) of clause (s) of Article 5 of Laws (Continuance in force) Order, 1958.

(*c*) Rs. 680 plus Pushto allowance of Rs. 100 per mensem and C. L.A. Rs. 85 per mensem.

(*d*) Nil, as Mr. Mustafa Khalid did not apply for a pension and was re-employed in the Bureau of National Reconstruction from 3rd November 1959.

(*e*) (*f*) and (g) There was no provision of appeal in the Laws (Continuance in force) Order 1958.

چودھری محمد ادریس۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ مصطفیٰ خالد پنشن کا حقدار ہے یا نہیں۔

پارلیمنٹری سیکرٹری۔ وہ پنشن کا حقدار ضرور ہوگا۔ لیکن پنشن کے لئے درخواست دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس افسر نے apply نہیں کیا۔

The reasons are best known to him. I understand, he was re-employed and he is getting now a pay of near about Rs. 1200.

He was drawing Rs. 680/- plus Rs. 185, *i.e.* he was somewhere near about Rs. 800 when he was compulsorily retired.

جب وہ re-employ ہوا تو اس کو تنخواہ بعد وضع پنشن ملتی تھی۔ اس کی کل تنخواہ تقریباً ۸۶۰ روپیہ تھی اس نے سوچا ہوگا کہ فی الحال پنشن نہ لوں۔

That will, of course, be held in abeyance.

سید عنایت علی شاہ۔ جو شخص screen out ہوتا ہے تو اس شخص میں بہت سی خامیاں ہوتی ہیں۔ ایسے شخص کو کسی responsible post پر لگانا نہیں چاہئیے۔ لہذا کیا پارلیمنٹری سیکرٹری بتائیں گے کہ اس شخص کے خلاف definite charges کیا تھے جو prove ہوگئے تھے۔

Parliamentary Secretary : He was removed from service on charges of inefficiency and was screened out. He was not dismissed or removed from service. This screening, of course, is not removal or dismissal; there is no bar for re-employment in such a case. He was inefficient as Police Officer but as a Deputy Director in BNR.

چودھری محمد ادریس۔ کیا آپ نے اس بات کو examine کرنے کی

کوشش کی تھی کہ اس کو اگر محکمہ پولیس میں promotion ملتی تو کیا اس کو اتنی تنخواہ ملتی جتنی اب مل رہی ہے -

مسٹر حمزہ - پارلیمنٹری سیکرٹری نے فرمایا ہے کہ ابھی تک مصطفے خالد نے پنشن کے لئے درخواست نہیں دی - جب وہ آئندہ درخواست دیں گے تو کیا اس درمیانی عرصہ کی ان کو پنشن دی جائے گی -

Parliamentary Secretary : We would certainly consider this case when he applies for that.

سید عنایت علی شاہ - کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جب ایک سرکاری ملازم inefficient ثابت ہو جاتا ہے تو پھر کسی responsible post پر کیسے efficient ہوسکتا ہے -

Parliamentary Secretary : Sir, I have already replied to this supplementary question.

چودھری محمد ادریس- کیا یہ حقیقت ہے کہ کوئی سرکاری ملازم جب re-employ ہوتا ہے تو اس کی تنخواہ fix ہو جاتی ہے اور re-employment کے بعد increment نہیں دی جاتی -

Parliamentary Secretary : Sir, it is like this that when some officer is compulsorily retired and if he likes to join the service again, he can get fixed pay from the Department ; he can also get pension if it does not enhance the original pay while working in his first department. He is getting more pay than he was getting in his parent Department and that's why, he did not apply for that.

SENIORITY OF LAWYER MAGISTRATES

*5033. **Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state the

approximate time by which the seniority of Lawyer Magistrates is likely to be determined alongwith the basis on which their seniority *vis a vis* P.C.S. Officers is being determined ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : The question of determination of *inter se* seniority of Lawyer Magistrates and Additional City Magistrates and other officers of the former Karachi administration who have been absorbed in the P.S.C. *vis a vis* other P.C.S. Officers who were already in the service is under the active consideration of Government. It is not possible to specify the time by which the case will be finalised. Every effort is, however, being made to decide the matter as expeditiously as possible.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ سابقہ صوبہ فرنٹئیر میں جو افسران دس پندرہ سال سے پی سی ایس گریڈ میں آ گئے ھیں ان کی seniority ابھی تک fix نہیں ھوئی ۔

Parliamentary Secretary : Actually, Sir, this does not arise out of this question. That will be coming later on. This was regarding the appropriate time by which the seniority of lawyer magistrates was likely to be determined along with the basis for that seniority. What the Member wants to know will be coming afterwards.

چودھری محمد ادریس ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ یہ case اب کس stage پر ھے ۔ یہ بہت سے افسران کا معاملہ ھے اس کا فیصلہ کرنے میں کون سی چیز حائل ھے ۔

Parliamentary Secretary : If you permit me Sir, I will read out the information which is with me :

> **A total of 79 lawyer Magistrates and Additional City Magistrates and other Officers of the former Karachi Administration were absorbed in the PCS (E. B) in October 1966.**

The question of determination of *inter se* seniority as also their seniority *vis-a-vis* other PCS Officers is a complicated matter. The question has come up before the Governors' Advisory Council and the Council of Ministers a number of times but it has not so far been possible to evolve a feasable formula which would not adversely affect the *inter se* rights and interests of lawyer magistrates and other officers absorbed in the PCS as well as other PCS officers.

The matter will be decided in consultation with the Public Service Commission.

I assure the House and Members that it will be done as early as possible. We are after it and trying to get it done at the earliest.

چودھری محمد ادریس۔ اس میں پی سی ایس افسران کے کوئی دوسرے معاملات بھی involved ہیں ۔ ان میں ایسے بھی ہیں جو بطور پی سی ایس confirm نہیں ہوئے بعض کو دفعہ ۳۰ کے اختیارات حاصل نہیں ہیں یا اسی طرح کی اور کئی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے ان میں heart burning ہوتی ہے ۔ اگر seniority fix ہو جائے تو heart burning ختم ہو جائے گی ۔

Parliamentary Secretary : That would be possible when we decide the *inter se* seniority of the lawyer magistrates. Since they have been absorbed in the PCS Executive Branch, their seniority will have to be determined.

مسٹر سپیکر ۔ چودھری صاحب ۔ کیا *inter se* seniority determine نہیں ہوئی ؟

چودھری محمد ادریس ۔ جی نہیں ۔

مسٹر سپیکر - لیکن آپ نے سوال میں یہ تو نہیں پوچھا تھا -

گل صاحب کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ان کی *inter se* seniority کیوں determine نہیں ہوئی ؟

Parliamentary Secretary : It will not be possible for me, but I will definitely look into the matter and if it is possible, I will certainly let him know.

CONDUCTING INQUIRIES AGAINST OFFICERS BY WEST PAKISTAN ANTI-CORRUPTION DEPARTMENT

***5068. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) the number of inquiries and investigations conducted by the West Pakistan Anti-Corruption Department against (*i*) C.S.P Officers serving under the Government of West Pakistan and (*ii*) other Class I Officers during 1965 and 1966 upto 30th November 1966 ;

(*b*) the number of cases out of those mentioned in (*a*) above in which the accused were challaned ;

(*c*) names with designations of the Officers out of those mentioned in (*b*) above who were convicted and the punishment awarded in each case ;

(*d*) the number of cases out of those mentioned in (*a*) above in which departmental inquiries were ordered ?

Parliamentary Secretary (Chandhri Imtiaz Ahmed Gill) : (*a*) Enquiries against two C.S.P. Officers serving under the Government of West Pakistan and against 181 other Class I Officers were made by

the Anti-Corruption Establishment during the period 1st January 1965 to 30th November 1966.

(*b*) Two cases against Class I Officers were put in courts.

(*c*) Both the cases are still pending in courts.

(*d*) 23 cases against Class I Officers were recommended for departmental action. In two of these cases, departmental enquiries have already been ordered by the competent authorities and entrusted to the Special Judge-*cum*-Enquiry Officer, Anti-Corruption, Lahore. In the remaining cases, the accused officers have been charge-sheeted. Their explanations to the charge-sheets, when received, will be considered by the competent authorities and if found unsatisfactory, the departmental enquiries against them will also be entrusted to the Special Judge-*cum*-Enquiry Officer, Anti-Corruption.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ ان کے جواب (ڈی) سے ظاہر ہوتا ہے کہ تحقیقاتی مقدمات میں سے ۲۳ cases کو انہوں نے دوبارہ محکمانہ کارروائی کے لئے بھیج دیا ۔ طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ محکمانہ کارروائی کے بعد انسداد رشوت ستانی کے عملہ کو واپس بھیجا جاتا ہے لیکن یہاں پر انسداد رشوت ستانی کے محکمہ نے واپس محکمانہ کارروائی کے لئے بھیج دیا ہے اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : May I make a submission ? The procedure is that the preliminary enquiry is done with a view to finding out whether there should be a Departmental enquiry or registration of a case. In a preliminary enquiry three things can emerge-either nothing is established against an Officer or a weak case

is established which will not stand successfully in a Court of Law in which case a departmental enquiry may be ordered or there is a case for prosecution in which case registration of offence is done and investigation undertaken which culminates into a presentation of the challan. Therefore, these are the three things which have got to be gone through.

چودھری محمد ادریس - جو دو سی ایس پی آفیسرز کے خلاف انکوائری شروع کی گئی تھی اس کا کیا بنا ؟

Parliamentary Secretary : It is still pending.

مسٹر حمزہ - کیا میں آپ سے پوچھ سکتا ہوں کہ یہ قیامت تک کے لئے pending رہیں گے یا اس سے پہلے ختم ہو جائیں گے -

Parliamentary Secretary : No. Mr. Hamza it is not like that. The delay is not that much. You have actually to probe into the matter..... Sir, the enquiry made in the question is actually from Ist January 1965 to 30th November 1966 and Sir, the earliest date would, of course, be the Ist of January 1965..... ...

مسٹر حمزہ - ڈھائی سال صرف بنتے ہیں !

Parliamentary Secretary : It is not definite that it was from the first of January. It would be anywhere in the middle of June and even 30th November, 1966, that could be there. It is not that late, of course, that it could be called inordinate delay.

مسٹر حمزہ - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو یہ احساس ہے کہ دو سی - ایس - پی افسروں کے علاوہ ۱۸۱ - دوسرے کلاس (۱) آفیسر جو تھے ان میں سے ایک کا بھی فیصلہ نہیں کیا گیا نہ کسی کے خلاف کوئی اقدامات ہوئے کیا آپ اس صورت حال سے مطمئن ہیں ؟

Parliamentary Secretary : I am satisfied with the *soorat-e-haal* as has been put by Mr. Hamza. If he wants the details I will give him a detailed reply if you allow me.

The position of these 181 cases is as under:

As I have already stated in my answer to part (*d*) of the reply that 32 cases were recommended for departmental action ان کے علاوہ جو ہیں وہ میں آپ سے عرض کرتا ہوں so that you may feel satisfied. Twenty cases were dropped after proper investigation and the present position of the remaining 138 cases is as under:

Enquiry completed but final reports are under scrutiny or preparation—17.

Enquiry completed but pending final orders of the Provincial Anti-Corruption Council - 15.

Cases referred to WAPDA for enquiry and report - 1. Under investi gation with the Anti-Corruption Establishment-10 This makes 138.

Regarding the cases of two Class I Officers-they were sent up for trial in a Court of Law. When the case is sub-judice, of course, we cannot tell them to decide the case very early. Of course the Judicial Court is a Judicial Court and they have to meet all regularities and they have to see that nobody is punished without fault.

Kazi Muhammad Azam Abbassi : May I know from the Parliamentary Secretary what is the stage of that case? Since when is that case pending before the Court of Law?

Parliamentary Secretary : Which case? - there are two cases.

Kazi Muhammad Azam Abbassi : Both cases against the CSP Officers.

Parliamentary Secretary: They are pending in the Court of Law.

The stage is not known to me for the time being. The stage is that they are pending before the Court of Law.

Kazi Muhamad Azam Abbassi : Since when are they pending before the Court of Law ?

Parliamentary Secretary : I am sorry, it is not possible for me to give any definite date.

سید عنایت علی شاہ ۔ میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ پوچھنا چاھتا ھوں کہ عام لوگوں میں یہ تاثر پایا جاتا ھے کہ محکمانہ کارروائی میں نرمی برتی جاتی ھے اور محکمہ کی خود اپنی prestige کا سوال آ جاتا ھے اور اس کا حشر سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ اس کو داخل دفتر کر دیا جائے اس صورت حال کی آپ وضاحت فرمائیں گے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ھر وہ آدمی جو black sheeted ھوتا ھے اس کو محکمہ خود removel کر دیتا ھے اور محکمہ کی prestige خود اسی میں ھے کہ ایسے آدمی کے ساتھ محکمہ کا نام نہ لیا جائے ۔

P.C.S. OFFICERS OF THE BOARD OF REVENUE

***5069. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration please refer to the answer to starred question No. 3620 by Mr. Hamza M.P.A. given on the floor of the House on 1st December 1966 and state the name of post held by

Mr. Akhtar Islam Ehsan, Deputy Secretary (Floods and Unification) of the Board of Revenue, before 18th July 1960 and the date since when he held that post ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Before his posting to Board of Revenue in July, 1960, the Officer held the post of Assistant to Commissioner (Development), Multan, with effect from 23rd January, 1950.

CONSTRUCTION WORK ON RAVI BRIDGE NEAR LAHORE

*5627. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(a) the progress of construction work on Ravi Bridge near Lahore and the total amount allocated for the purpose ;

(b) the time by which the said bridge is expected to be opened to traffic ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (a) Actually there are two bridge Projects over River Ravi near Lahore one concerning the replacement/renovation of old bridge and the other relating to the construction of a new bridge near Baradari downstream of the old bridge.

As regard the old bridge, the work has since been completed and the bridge opened to traffic on 26th of April, 1967. Rs. 39 lac were allocated for the year 1966-67 and Re. 1 lac is allocated for the year 1967-68.

Regarding new bridge, the bridge is almost half way through. About Rs. 86 lac were allocated during 1966-67 and Rs. 70 lac are allocated for the year 1967-68.

(b) As already mentioned in (a) above the old bridge has since been opened to traffic on 26th of April, 1967. The new bridge is expected to be ready by December, 1967.

میاں محمد شفیع - جناب والا - آپ نے فرمایا ہے کہ ۸۶ لاکھ روپیہ ۱۹۶۶-۶۷ء میں اور ۷۰ لاکھ روپیہ ۱۹۶۷-۶۸ء میں نئے پل کے لئے دیا گیا میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ کل estimate کتنا تھا اور agreement cost کیا تھی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب سپیکر - اس کی estimated cost ایک کروڑ ۴۵ لاکھ بنتی ہے -

میاں محمد شفیع - agreement cost کیا تھی -

پارلیمنٹری سیکرٹری - وہ بھی اتنی ہی ہوتی ہے -

میاں محمد شفیع - یہ کیسے ؟ آپ نے جواب میں تو کہا ہے کہ ایک کروڑ ۴۵ لاکھ روپیہ ہے -

سید عنایت علی شاہ - جیسا کہ کہا گیا ہے کہ ایک پل بن چکا ہے اور دوسرا پل بنایا جا رہا ہے - میں عرض کروں گا کہ صوبے کے دوسرے مقامات پر بھی جب پلوں کے بنانے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے تو یہاں دوسرا پل بنانے کی کیا وجوہات ہیں ؟

Mr. Speaker : This is a very general question.

میاں محمد شفیع - جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے فرمایا ہے کہ agreement cost ایک کروڑ ۴۵ لاکھ روپے ہے اور وہ دے دی گئی ہے

تو یہ ایک کروڑ ٥٦ - لاکھ روپیہ کیسے بتایا گیا ھے - آپ اپنے ریکارڈ پر دیکھیں کہیں غلطی تو نہیں ھوگئی ھے ؟

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) - جناب والا - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے جواب میں جو کہا ھے اس میں اس پل کی agreement cost ایک کروڑ ٥٣ لاکھ روپیہ ھے اور اسی کا contract دیا گیا ھے -

میاں محمد شفیع - تو پھر کیا وجہ ھے کہ ایک کروڑ ٥٦ لاکھ کی رقم دی گئی ھے - یہ رقم کیا agreement cost سے exceed کر رھی ھے -

وزیر مواصلات - ایک کروڑ ٥٦ لاکھ کی رقم جو رکھی گئی ھے وہ ابھی دی نہیں گئی ھے بلکہ یہ اس لئے رکھی گئی ھے کہ ممکن ھے زیادہ expenditure ھو جائے - صرف اتنی رقم کا provision کیا ھے -

سید عنایت علی شاہ - جناب والا - میں یہ پوچھنا چاھتا ھوں کہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے اس پل کا ٹھیکہ کس کو دیا اور ٹنڈر کس کے سامنے کھلے تھے اور ٹنڈر rate کیا تھا اور اس میں کوئی foreign exchange involved ھے یا نہیں -

Mr. Speaker : The Member should give a fresh notice for that.

CONSTRUCTING BRIDGE ON RAVI NEAR CHICHAWATNI

***5628. Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state the progress so far made on the bridge on river Ravi near Chichawatni and the time by which the

said work will be completed along with the total expenditure incurred thereon so far ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : 90% of the work on bridge proper, 75% work on its approaches and 70% work on the guide banks has been completed. The bridge is likely to be completed by October, 1967.

The expenditure incurred upto May 1967 is Rs. 50.41 lac.

سید عنایت علی شاہ ۔کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتا سکیں گے کہ پل مکمل ہونے تک کل کتنا خرچ آئے گا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ کل قیمت کا تخمینہ ۶۹ لاکھ ۲۲ ہزار ایک سو روپیہ ہے ۔

CONSTRUCTION OF BRIDGE NEAR JHELUM

*5629. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state the progress so far made on the construction of bridge near Jhelum and the time by which the said work will be completed alongwith the total expenditure incurred thereon so far ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : Nearly 82% of the work on the construction of the bridge near Jhelum has been completed upto May 1967. The bridge is likely to be completed by February 1968. The total expenditure incurred upto the end of May 1967 is Rs.1,41,81,174.

GOVERNMENT ACCOMMODATION FOR CLASS IV GOVERNMENT EMPLOYEES

*5812. **Malik Ghulam Ali :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(a) the total number of Class IV Government employees throughout the Province ;

(b) the number of employees out of those mentioned in (*a*) above who have been provided with residential accommodation ;

(c) whether Government intend to provide accommodation facilities to all Class IV Government employees; if so, when ?

Parliamentary Secretary (S & GAD) : (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Mr. Speaker, Sir, this question and Q. No. 5814 - both of these questions - have been transferred to the concerned department, *i.e.* Communications & Works Dept., and now they will be answered by that Department.

Minister for Communications & Works (Mr. Muhammad Khan Junejo) : Actually the required information is being collected and we will be able to reply on the next turn.

Mr. Speaker : Both the questions, No. 5812 and 5814, would be repeated on the next turn.

INSTALLATION OF A TUBEWELL FOR DRINKING WATER IN LADY WELLINGDON HOSPITAL, LAHORE

*6008. **Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that installation of a tubewell for drinking water in Lady Wellingdon Hospital, Lahore, by the Public Health

Engineering Department was sanctioned two years ago; if so, the estimated cost thereof ;

(b) whether it is a fact that the estimated cost thereof was enhanced to Rs. 1,33,000; if so, reasons therefor;

(c) whether it is a fact that the tubewell referred to above was then installed at a cost of Rs. 1,33,000;

(d) whether it is a fact that after the installation of the said tube-well it has been found by the Chemical Examiner that the water thereof is unfit for human consumption ;

(e) whether any investigation or examination of water was made before installing this tubewell; if not, reasons therefor?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (*a*) Yes. Estimate amounting to Rs. 70,100 for the installation of tube-well and the construction of 20,000 gallon water reservoir was sanctioned in 1964.

(e) The estimate was revised to Rs. 1,33,000 due to :—

(i) Deeper foundation of reservoir upto firm strata,

(ii) Increase in rates of material and labour.

(iii) Pipe connection which was not included in the original estimate.

(c) Yes.

(d) Question does not arise, as the water is always got tested before installation and not after installation.

(e) The water was got tested before installing the tubewell and as per report of the Public Analyst, it was regarded fit for drinking purpose.

سید عنایت علی شاہ - جواب کے حصہ (ب)کے جزو ۳ میں انہوں نے فرمایا ہے کہ اوریجنل تخمینہ میں پائیپوں کا کنیکشن شامل نہیں کیا گیا تھا تو کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ اس ضمن میں ان کا کیا تخمینہ ہے ؟

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جونیجو) - یہ جو تخمینہ میں ایزادی ہوئی تو وہ انہی پائیپوں کی وجہ ہی سے ہوئی ہے - اوریجنل تخمینہ جو تھا وہ تھا ۷۰ ہزار اور ایک سو روپیہ اور اب جو نظر ثانی شدہ ہے وہ ایک لاکھ ۳۳ ہزار اور اس میں دو چیزیں آ جاتی ہیں وہ یہ کہ ایک تو پائیپوں کے لئے زیادہ خرچ ہوا اور دوسرے یہ کہ ڈرلینگ زیادہ گہری کی گئی کیوں کہ ہمیں ایسی ہی ہدایات کی گئی تھیں تو ان وجوہات کی وجہ سے زیادہ خرچ آ گیا - تو اس ضمن میں ہم عین صحیح چیز نہیں بتا سکتے کہ قیمت کے متعلق پائیپوں کے اوپر کتنا تخمینہ تھا لیکن اگر ممبر صاحب اصرار کرتے ہیں تو وہ اس کے متعلق علیحدہ سوال دے دیں یا وہ میرے چیمبر میں آجائیں میں ان کو اس کا جواب دے دوں گا -

خان اجون خان جدون - انہوں نے تسلیم کر لیا ہے کہ اس کام پر اتنا روپیہ خرچ آیا ہے تو میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس ٹیوب ویل میں سے تسلی بخش پینے کا پانی نکل آیا ہے - کیا انہوں نے اس کے متعلق تسلی کر لی ہے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - ابھی حال ہی میں پانی کو ٹیسٹ کیا گیا تھا تو یہ معلوم ہوا کہ وہ پانی پینے کے قابل ہے -

---

جناب سپیکر ۔ متعدد بار جناب صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب یہ دہراتے رہے ہیں کہ اگر مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان میں کوئی قدر مشترک ہے تو وہ محض اسلام ہے ۔ اگر جغرافیائی نقطہ نظر سے دیکھا جائے تہذیب اور رسم و رواج کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو مشرقی اور مغربی پاکستان کا آپس میں کوئی تعلق نہیں دین ہی ایک ایسی بنیاد ہے جس نے ہمیں ایک قوم کے رشتے میں منسلک کیا ہے یا اس قوم کو ایک لڑی میں پرو دیا ہے ، جب حکومت یہ تسلیم کرتی ہے بلکہ اس ملک کا نام ہی اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا ہے تو پھر مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ حکومت ان تمام دعاوی کے باوجود اس قانون کی مخالفت کیوں کرتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت نے ان ممالک کو دیکھ لیا ہے کہ جنکی بیشتر آبادی مسلمانوں پر مشتمل ہے لیکن وہ اسلام سے گریزاں ہیں اور

وہ اسلام سے بھاگتے ہیں بلکہ وطنیت کے نعرے کو اپناتے ہیں ، ان کے انجام سے ہماری حکومت کو سبق سیکھنا چاہئے ۔ جہانتک اس مسودۂ قانون کا تعلق ہے ، اس ملک میں کسی شخص کو بھی اس امر سے اختلاف نہ ہوگا کہ یہ مسودۂ قانون قرآن اور سنت کے عین مطابق ہے کیونکہ یہ مسودۂ قانون اس سے پہلے بھی ایک بار اسلامی مشاورتی کونسل کے پاس ان کی رائے معلوم کرنے کی غرض سے بھیجا گیا تھا اور کونسل کی بھی یہ متفقہ رائے تھی کہ یہ مسودۂ قانون (ترمیم) اطلاق مسلم شخصی قانون (شریعت) مغربی پاکستان ، قرآن اور سنت کے عین مطابق ہے اور کونسل نے اسکی منظوری کی سفارش بھی کی تھی بلکہ اسکے دوسرے حصے میں کونسل نے یہ بھی کہا تھا کہ کونسل شرعی قانون کے نفاذ کی ملک کے اس حصے میں بھی جہاں پر کہ یہ نافذ نہیں ہے ، سفارش کرتی ہے اور اس سے آگے Central Institute of Islamic Research جو کہ جناب صدر صاحب نے قائم کر رکھا ہے ، کی بھی یہی رائے ہے کہ اس مسودۂ قانون کے پاس کرنے سے اسلامی قوانین کے نفاذ میں مدد ملے گی اور اس لئے یہ لازم ہے ۔ میں اسکی رائے کے آخری الفاظ جو کہ انگریزی میں ہیں پڑھ کر سناتا ہوں ۔

> " The proposed amendment, therefore, is not contrary to the Islamic provisions of the Constitution but in accordance with them. "

جناب سپیکر ۔ حکومت کی جانب سے یہ اعتراض بھی کیا جا سکتا ہے کہ بعض ایسے رائج الوقت قوانین اس قانون کے پاس ہونے سے متاثر ہوں گے جنکو آئین کے تحت تحفظ حاصل ہے ۔ لیکن میرے خیال میں حکومت کی جانب

سے اگر یہ اعتراض پیش کیا جائے تو بالکل بے معنی ہوگا اسکی وجہ یہ ہے کہ ایسے قوانین جن قوانین کے بارے میں حکومت کو یہ خدشہ ہے کہ اس مسودۂ قانون کے پاس ہو جانے سے وہ متاثر ہونگے، انکے متعلق آئین میں محض اتنا ہی تحفظ دیا گیا ہے کہ اسکو ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا ہے لیکن یہ تحفظ اس قانون میں اس معزز ایوان کے ذریعے ترمیم کرنے میں کسی لحاظ سے بھی مانع نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ میرے نزدیک اور ہر مسلمان کے نزدیک وہ قانون جو کہ اللہ کی کتاب سے ٹکراتا ہے ، بالکل بے معنی ہے اور کوئی بھی مسلمان اس پر عمل کرنے کے لئے تیار نہیں ہو سکتا ۔ جبتک میں اس ایوان میں ہوں ، میں اس قسم کے مسودات قانون پیش کرتا رہوں گا اور جبتک یہ حکومت یہ اعلان نہیں کر دیتی ہے کہ یہ ایک لادینی حکومت ہے ، اس قسم کے مسودات قانون پیش کرنا میرا فرض ہے بلکہ ہر رکن جو کہ مسلمان ہے یا مسلمانوں کے نمائندے کے طور پر اس ایوان میں بیٹھا ہے یہ اس کے بھی فرائض منصبی میں سے ہے ۔ میرے نزدیک حکومت وقت لادینی حکومت ہے ۔ اسلام سے یا دین سے اس کا کوئی واسطہ نہیں ، کیونکہ ہم ہمیشہ تضاد کے شکار رہے ہیں ۔ حکومت کا رویہ یہ ثابت کرتا ہے کہ اس کے اقوال اور ہیں اور آپ کے فعل اور ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کو چاہئے کہ اس بل کے objects یا principles کو بیان کریں ایک short statement دیں ۔ کوئی لمبی تقریر نہ کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس مسودہ قانون کی وضاحت کے لیےمیرے نزدیک تو یہ مختصر تقریر ہے آپ کے نزدیک لمبی ہوگی ۔

میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ قران کے احکام پر آپ کس طرح اعتراض کر سکتے ہیں قرآن میں اس ضمن میں واضح احکامات یہ ہیں ۔ میں اس کا ترجمہ پڑھ کر سناتا ہوں ۔

(تفہیم القران ۔ سورۃالمائدہ)

''اور ہم نے اس کو انجیل عطا کی جس میں رہنمائی اور روشنی تھی اور وہ بھی توراۃ میں سے جو کچھ اس وقت موجود تھا اس کی تصدیق کرنے والی تھی اور خدا ترس لوگوں کے لئے سراسر ھدایت اور نصیحت تھی ۔ ھمارا حکم تھا کہ اھل انجیل اس قانون کے مطابق فیصلہ کریں جو اللہ نے اس میں نازل کیا ہے ، اور جو لوگ اللہ کے نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلہ نہ کریں وھی فاسق ہیں ''۔

جناب سپیکر ۔ ان آیات کی تفسیر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے حق میں جو خدا کے نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلہ نہ کریں تین حکم ثابت کئے ہیں ۔ ایک یہ کہ وہ کافر ہیں ۔ دوسرے یہ کہ وہ ظالم ہیں ۔ تیسرے یہ کہ وہ فاسق ہیں ۔ اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ جو انسان خدا کے حکم اور اس کے نازل کردہ قانون کو چھوڑ کر اپنے یا دوسرے انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین پر فیصلہ کرتا ہے وہ اصل میں تین بڑے جرائم کا ارتکاب کرتا ہے ۔ اولاً اس کا یہ فعل حکم خداوندی کے انکار کا ہم معنی ہے اور یہ کفر ہے ۔ ثانیاً اس کا یہ فعل عدل و انصاف کے خلاف ہے ۔ کیونکہ

ٹھیک ٹھیک عدل کے مطابق جو حکم ہو سکتا تھا وہ تو خدا نے دے دیا تھا اس لئے جب خدا کے حکم سے ہٹ کر اس نے فیصلہ کیا تو ظلم کیا ۔ تیسرے یہ کہ بندہ ہونے کے باوجود جب اس نے اپنے مالک کے قانون سے منحرف ہو کر اپنا یا کسی دوسرے کا قانون نافذ کیا تو دراصل بندگی اور اطاعت کے دائرے سے باہر قدم نکالا اور یہی فسق ہے یہ کفر اور ظلم اور فسق اپنی نوعیت کے اعتبار سے لازماً انحراف از حکم خداوندی کی عین حقیقت میں داخل ہیں ۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

''اے محمد! ہم نے تمہاری طرف یہ کتاب بھیجی جو حق لے کر آئی ہے اور الکتاب میں سے جو کچھ اس کے آگے موجود ہے اس کی تصدیق کرنے والی ہے اور اس کی محافظ اور نگہبان ہے ۔ لہذا تم خدا کے نازل کردہ قانون کے مطابق لوگوں کے معاملات کا فیصلہ کرو ، اور جو حق تمہارے پاس آیا ہے اس سے منہ موڑ کر ان خواہشات کی پیروی نہ کرو ہم نے تم سے ہر ایک کے لیے ایک شریعت اور ایک راہ عمل مقرر کی ہے اگرچہ تمہارا خدا چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت بھی بنا سکتا تھا لیکن اس نے یہ اس لیے نہیں کیا کہ جو کچھ اس نے تم لوگوں کو دیا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے'' ۔

اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو یہ احکامات نازل کئے ہیں ان سے ہمیں آزمایا ہے ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ہم آزمائش میں پورے

اترے ہیں یا نہیں اگر آزمائش میں پورے اترے ہیں تو ہم مسلمان کہلا سکتے ہیں اور یہ ریاست اسلامی ریاست کہلا سکتی ہے ۔ اگر تمام قوانین کو اپنی عملی زندگی میں اپنانا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہئے کہ جو قدم بڑھائیں یا جو قانون بنائیں اس کو اسلام کی روشنی یا اس کی روح کے مطابق ڈھالیں ۔

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Mr. Speaker Sir, I would also join Mr. Hamza in up holding the dignity of Islam and the rules of Quran and Sunah. This Government is, Inshallah a Muslim Government and it will promote the dignity of Islam. So Sir, the laws that are made by the State will always be made in keeping with the spirits of Islam and Quran and Sunnah. And we make it very clear that no law will be made which will be against Islam but there is a way of looking at the things. The way of looking at the things *i.e.* Mr. Hamza seeks to move a Bill in which the Muslim Personal Shariat Application Bill should be amended so that certain laws which are already there, may be amended, is not a proper one. I will request the august House to cast back its glance to the period prior to 1958. How many mosques, 'khanqahs' and 'dargahs' were being mismanaged ? What happening at various 'khanqahs'? What was happening on the occasions of various 'Urs' ceremonies at various 'khanqahs'? There used to be singing girls; there used to be people who were indulging in ... ...

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن خدا کے احکام سے منکر ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے مجھے حکم دیا تھا کہ اس مسودہ قانون کے متعلق اپنی معروضات پیش کرتے ہوئے اس کے اصولوں کے بارے میں ہی ذکر کروں چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا ۔ میں نے جو حوالہ جات دئے ہیں وہ مسودہ قانون کے مطابق تھے ۔ اب وزیر قانون

نے جو کچھ فرمایا ہے اس میں وہ سابقہ سیاست دانوں کی کارروائیاں بیان کرتے ہیں ۔ اور اپنی کامرانیوں اور کامیابیوں کا ذکر کرتے ہیں ۔

Minister for Law : Sir, I will invite attention of this House towards an article of the Constitution which says that no law shall be made so as to creat any kind of inconsistencies. And Sir, there is a very important enactment, *i.e.* The Muslim Waqf Ordinance, 1961. The administration of Waqfs Sir, is a great boon ; it is a service to Islam. Through that Ordinance, administration of mosques has been improved. There were 'Pesh-Imams' and 'Moazzans'' who were not being looked after. The provision for their salaries was made, otherwise they were at the mercy of the poeple. Now they are living happily. Cast a glance at the 'dargah'' of Hazrat Data Ganj Bakhsh (Rahamtulla-alai) Lahore ; how much has it been improved ; how much has it been renovated and what is the atmosphere now? The atmosphere there is quite Islamic; the atmosphere at various other 'khanqahs' is Islamic. Therefore, we would not like to disturb the Ordinance which has been brought and which is rendering services to Islam and my friend is seeking to dislodge all these laws. On this consideration alone, we oppose this Bill which has been moved by Mr. Hamza and Inshallah we are all Muslims. I do not think it is the monoply of the Opposition that they can always claim to be Islamic and the rest are un-Islamic. We do not regard them as non-Muslims ; we regard the Opposition Members as Muslims.

You should also wait and hear the result on the Day of Judgment. Don't pass Judgment lest you may be judged.

With these remarks I oppose this Motion.

Mr. Speaker : The question is :

> **That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1967.**

Those in favour may say Aye - (*Voices - Aye*)

Those against may say Noe - (*Voices - Noe*)

I think the "Noes" have it.

Khawaja Muhammad Safdar : Ayes have it. I demand a Division.

Mr. Speaker : Those in favour of leave being granted should rise in their places. (*Four Members rose in their places*).

Those against leave being granted should rise in their places. (*Seven Members rise in their places*).

خواجہ محمد صفدر - خدا کی شریعت کے خلاف ووٹ دے رہے ہو -

مسٹر حمزہ - تعداد ان کی کیا ہے ؟

Mr. Speaker : Seventeen against leave being granted and four in favour. The leave is refused.

Mr. Hamza : It means there is no quorum.

Mr. Speaker : The Member is raising this point of order just now. Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum; let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum.

THE NORTH WEST FRONTIER PROVINCE NEW IRRIGATION PROJECTS (CONTROL AND PREVENTION OF SPECULATION IN LAND) (AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Speaker : Next motion.

Nawabzada Rahim Dil Khan : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the North-West Frontier Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker Motion moved is :

That leave be granted to introduce the North-West Frontier Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Revenue : (Mr. Ghulam Sarwar Khan) : Not opposed.

The motion was carried.

Nawabzada Rahim Dil Khan : Sir, I beg to introduce the North-West Fronteir Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The North-West Frontier Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967 stands introduced.

THE PAKISTAN PENAL CODE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1967.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That leave be granted to introduce the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Opposed.

ملک محمد اختر- جناب سپیکر- مجھے نہایت ھی اھم مسودہ قانون کو پیش کرنے کی اس لئے ضرورت محسوس ہوئی کہ میں نے گورنر مغربی پاکستان کا ایک بیان جو انہوں نے سرگودھا سے جاری کیا تھا پڑھا تھا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ

> "The Khairpur Range Police, he added had been assured full Government assistance in bringing to an end the barbarious business in the area. Persons engaged in keeping forced labour camps by kidnapping children, he declared, would be awarded whipping and other severe punishment. Child-lifting, abduction and kidnapping of innocent, children, he said, was a very heinous crime and death should be the punishment to meet the ends of justice. Framers of law in the country must study this aspect for more severe punishment for such heinous offences, he added."

جناب والا - یہ گورنر صاحب کا framers of law کے لئے ایک کھلا حکم تھا جو انہوں نے فرمایا -

مسٹر حمزہ - وہ اللہ تعالی کا حکم نہیں مانتے تو گورنر صاحب کا حکم کیا مانیں گے -

ملک محمد اختر - بلکہ وہ چیلنج تھا اس کا پس منظر یہ ھے اور میں سب سے پہلے اس کی وضاحت ضروری سمجھتا ھوں کہ میں irrigation contractors کو بطور کلاس condemn کرنا نہیں چاھتا میرے بل سے مراد وہ اشخاص ھیں جو بچوں کو abduct کرتے ھیں اور abduct کرکے

فروخت کرتے ہیں اور ان بچوں سے بیس بیس گھنٹے بیگار لیا جاتا ہے ۔ میری مراد ان جمعداروں سے ہے اور ایسے اشخاص سے ہے جو اس ظالمانہ فعل کے مرتکب ہوتے ہیں لیکن سارا طبقہ خراب نہیں ہوتا اس میں اچھے لوگ بھی ہوتے ہیں جو ان کاموں کو مذمت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اس لئے میرا غلط تاثر نہ لیا جائے کہ میں irrigation contractors کو بطور کلاس condemn کر رہا ہوں ۔ یہ غلط ہوگا میری مراد قانون کو زیادہ واضح کرنا ہے اور یہ صرف بیگار کیمپوں کے متعلق ہی نہیں ہے بلکہ یہ ترمیم ان لوگوں کے متعلق ہے جو generally abduction کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میری ترمیم یہ ہے ۔

> "That Section 367 be renumbered as sub-section (1) and after sub-section (1) so amended the following be added, as sub-section (2) namely :
> 'whoever kidnaps or abducts any person with an intention to confine him in forced labour camps or slavery shall be punished with death or transporation for life and shall also be whipped".

یعنی وہ اشخاص جو کسی شخص کو اراتاً abduct کریں ۔ اور اس سے بیگار لیں یا اسے کسی کیمپ میں قید کرکے اس سے زبردستی کام لیں تو ایسے آدمیوں کو سزائے موت یا عمر قید ہونا چاہیئے ۔ جناب والا ۔ اس کے پہلے الفاظ ہیں whoever kidnaps یعنی وہ شخص جو اغوا کا مرتکب ہو اور میری مراد اس شخص سے ہے جو شخص گنجان آباد شہروں میں آ کر بچوں کو اغوا کرتا ہے اس کو سزائے موت یا عمر قید کی سزا دینا چاہیئے ۔ اگر میں contractors کو as a whole condemn کروں گا تو irrigation کا کام ہی

ختم ہو جائے گا میں تو abduction کو ختم کرنا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ ان کیمپوں میں جو طریقہ کار ہے وہ یہ ہے کہ ملتان ڈویژن کے تمام ranges مثلاً ڈیرہ غازی خان ، ملتان ، منٹگمری اور مظفر گڑھ ان چاروں کے چاروں اضلاع میں raids ہوئے اور کم و بیش ایک شخص سے زیادہ اشخاص برآمد کئے گئے جنہوں نے بتایا کہ انہیں early morning اٹھایا جاتا ہے اور اگلے دن شام تک کام لیا جاتا تھا ۔ اس کے متعلق ڈی ۔ آئی ۔ جی خیر ڈویژن مسٹر انیس الرحمان بیانات دے چکے ہیں اور اب ہم اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ abduction کا ایک یہ پہلو ہے اور abduction اس نیت سے کیا جاتا ہے کہ بردہ فروش ان لوگوں کو بیگار کیمپوں میں جمعداروں کے پاس بیچ دیتے ہیں اور وہاں ان سے اس قدر کام لیا جاتا ہے کہ وہاں بیمار پڑ جاتے ہیں ۔ جناب میرے پاس ایک تراشہ ہے جس میں لکھا ہوا ہے کہ حیدر آباد ڈویژن میں جب ان جنگلات میں raid کیاگیا تو وہاں helicopter سے پولیس اتاری گئی اور پی ۔ آئی اے اور پی ۔ اے ۔ ایف نے جس طرح سے تعاون کیا اس کے لئے جناب گورنر صاحب ان کے مشکور ہوئے اور انہوں نے لا اینڈ آرڈر کے سب سے بھیانک اور اس کے انسداد کے لئے اپیل کی ۔ ان کی اپیل پر چاہئے تھا کہ وہ حقیقت پسندی سے کام لیتے لیکن وہ اپنی پارٹی کی حمایت کرتے ہیں ۔ مجھے توقع تھی کہ اس کی مخالفت نہیں کی جائے گی ۔ بہرحال یہ حقائق ہیں اور میں وزیر قانون سے گذارش کرتا ہوں کہ وہ ہمیں ۱۸۳۳ء تک جب کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کا راج تھا وہ ہمیں اتنے پیچھے نہ لے جائیں ۔ اس زمانے میں غلامی تھی وہ ہمیں ۱۲۴ سال پیچھے نہ

لے جائیں اور اس چیز کا انسداد کریں اور انسداد کرتے وقت صرف ان لوگوں کو سزا دی جائے جو حقیقتاً اغوا کے مرتکب ہوئے ہیں اور جنہوں نے اس کو اپنا پیشہ ہی بنا رکھا ہے کہ بچوں کو اغوا کیا جائے۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Sir I have great sympathy with the victims of kidnapping and abduction, but with great deference to my friend, Malik Akhtar, I will invite his attention to the law which already existed, *i.e.* section 364-A. I will for his benefit read out :

> **"Whoever kidnaps or abducts any person under the age of ten years in order that such person should be murdered or subjected to grievous hurt of slavery or to the lust of any person shall be punished with death or with transportation for life or with rigorous imprisonment which may extend to 14 years and shall not be less than seven years."**

Therefore, a law already exists on the same lines and if my friend had taken a little trouble to study the law, probably he would not have taken the trouble of moving the amendment.

Then, Sir, the second objection to the passing of this amendment is that the Law Reforms Commission, headed by a Judge of the Supreme Court, Mr. Justice Hamoodur Rahman, has already been set up by the Government and the question of amending all the criminal laws and the question of simplifying the procedure is entrusted to that Commission. Therefore, since a particular high-powered body has been set up by the Central Government it would not be proper at this stage to allow this law to be introduced or passed, because it might conflict with the recommendations, which are to be made by the Commission.

On these considerations, I have opposed this, and I hope my friend will be satisfied. If he likes, we will forward this with the recommendation of the Provincial Government to the Law Reforms Commission,

which has been set up, for their favourable consideration, but at this stage, I do not think that we should undertake legislation on a subject of which a high-powered body has already been seized. It is purely on this ground that I have opposed it.

Mr. Speaker : The question is :

> That leave be granted to introduce the Pakistan Penal Code (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

The motion was lost.

(At this stage Mr. Senior Deputy Speaker Syed Yusuf Ali Shah took the Chair).

THE CANAL AND DRAINAGE (AMENDMENT) BILL 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion is by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idress : Sir, I beg to move:

> That leave be granted to introduce the Canal and Drainage (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is:

> That leave be granted to introduce the Canal and Drainage (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Communications : It is not opposed Sir.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir I beg to introduce the Canal and Drainage (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Canal and Draimage (Amendment) Bill, 1967 stands introduced.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion is from Babu Muhammad Rafique. He is not present. Next motion by Khan Ajoon Khan Jadoon.

THE WEST PAKISTAN TOBACCO BILL, 1967.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Tobacco Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Tobacoo Bill, 1967.

Minister of Law : It is not opposed ; it may be referred to the Standing Committee.

The motion was carried.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir I beg to introduce the West Pakistan Tobacco Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The West Pakistan Tobacco Bill, 1967 stands introduced.

THE AGRICULTURE PRODUCE MARKETS (AMENDMENT) BILL, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion is from Babu Muhammad Rafique and he is not present. Next, Sardar Qaisrani.

Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani : Sir I beg to move—

That leave be granted to introduce the Agriculture Produce Markets (Amendment) Bill, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the Agriculture Produce Markets (Amendment) Bill, 1966.

Minister of Agriculture : Not opposed.

The motion was carried.

Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani : Sir I beg to introduce the Agriculture Produce Markets (Amendment) Bill, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Agriculture Produce Markets (Amendment) Bill, 1966.

THE REGISTRATION (AMENDMENT) BILL, 1967

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion by Khawaja Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move—

That leave be granted to introduce the Registeration (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the Registration (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Law : Not opposed Sir.

The motion was carried.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to introduce the Registration (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Registration (Amendment) Bill, 1967 stands introduced.

Next motion is by Babu Muhammad Rafique. He is not present. It lapses.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, the next motion is mine.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member has withdrawn the notice.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : No, Sir ; I have not withdrawn it.

Mr. Senior Deputy Speaker : Your letter is in front of me.

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - میں نے دو نوٹس دئے ھیں - ایک نوٹس تو میں نے واپس لے لیا - باقی ایک ابھی ھے -

Mr. Senior Deputy Speaker : We are concerned with the Bill, which is now before the House.

رائے منصب علی خان کھرل - جناب والا - میں نے سابقہ نوٹس واپس لے لیا تھا لیکن جو fresh notice ھے اسکو واپس نہیں لیا -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - وہ آگے آئے گا -

رائے منصب علی خان کھرل - یہ کونسا نمبر ھے جناب -

Mr. Senior Deputy Speaker : It is at No. 13. Next comes No-12. It is from Babu Muhammad Rafique. He is not present.

THE WEST PAKISTAN ARMS (AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir I beg to move—

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is—

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Law : Sir, with regard to this I will make a short statement. There is already on the Agenda of today's business a Bill by Khan Ajoon Khan Jadoon, which seeks to repeal the proviso of section 13 ; that is in part III of today's business ; and that covers up the amendment, which is sought to be made by the Member, and that is going to be supported by the Government. In view of this statement, and in view of the position as it is, I don't think any useful purpose will be served by introducing this Bill or referring it to the Standing Committee, because the other proviso has already been recommended by the Standing Committee, and shortly that will become a part of law. I, therefore, think that the Member will not insist and he will withdraw. Of course, the attempt that he is making in amending the law has succeeded and he also is entitled to the credit.

Rai Mansab Ali Khan Kharal : Sir, after this explanation by the Minister of Law, I don't press the motion. I, therefore, ask for leave of the Assembly to withdraw my motion.

Mr. Senior Deputy Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw this motion.

The motion was, by leave withdrawn.

THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLE ORDINANCE (AMENDMENT) BILL, 1966

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I beg to move ;

> That leave be granted to introduce The West Pakistan Motor Vchicle Ordinance (Amendment) Bill, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Motor Vehicle Ordinance (Amendment) Bill, 1966.

Minister of Law : Not apposed

The motion was carried.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir I beg to introduce the West Pakistan Motor Vehicle ordinance (Amendment) Bill, 1966

Mr. Senior Deputy Speaker : The West Pakistan Motor Vehicle Ordinance (Amendment) Bill, 1966 stands introduced. Next motion by Chaudhri Anwar Aziz.

Chaudhri Anwar Aziz : I don't move this Bill.

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion is not moved. Next motion Mr. Noorani.

THE MUNICIPAL ADMINISTRTION ORDINANCE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Zain Noorani : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> Th at leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Minister of Basic Democracies : Not opposed.

The motion was carried.

Mr. Zain Noorani : I beg to introduce the Municipal Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Municipal Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN MUSLIM PERSONAL LAW (SHARIAT) APPLICATION (AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law(Shariat) Application (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion moved is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Law : Not opposed.

The motion was carried.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : I beg to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1967 stands introduced.

Next motion.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : I don't move it.

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion is not moved.

Next motion.

THE CODE OF CRIMINAL PROCEDURE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion moved is :

> That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Minister of Law : Opposed.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - سب سے پہلے میرے خیال میں کسی انسان کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنی چاہئے- اور اللہ تعالیٰ کی فرمان برداری کے بعد والدین کا مقام ہے ہمیں والدین کی فرمان برداری بھی کرنی چاہئے اور ان کی خدمت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرنا چاہئے -

سید عنایت علی شاہ - درمیان میں رسول کو تو چھوڑ ہی گئے -

مسٹر حمزہ - جو اللہ کی تابعداری کرے گا وہ یقیناً رسول کی بھی تابعداری کرے گا - آپ کے ہاں حکومت کے احکام اللہ کےاحکام سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں - اس لئے آپ ایسی باتیں نہ کریں - جو بھی اچھا اصول تھا زندگی گذارنے کا - جو بھی سنہرا اصول تھا اس حکومت نے اس کو پامال کرنا اپنا فرض اولین سمجھا ہے - اس لئے مجھے اس ایوان میں سرکاری پارٹی کے اراکین سے بڑی ہمدردی ہے سرکاری پارٹی کی سوچ کو خدا معلوم کیا ہوگیا ہے یہ کوئی اچھی چیز اپنانے کے لئے تیار نہیں - یہ حقیر سی رقم وصول کرکے اتنا بڑا ظلم اپنی جانوں پر کرتے ہیں -

یہ مسودہ قانون پیش کرنے سے میرا مقصد یہ تھا کہ ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۴۸۸ میں والدین کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ اپنی اولاد کو نان و نفقہ

مہیا کریں ۔ اور جو والدین خوشحال ہوں اگر وہ اپنی اولاد کی دیکھ بھال جیسی کہ چاہئے نہ کریں اور اولاد بدحالی کا شکار ہو تو اس اولاد کو یہ حق ہے کہ وہ عدالت سے رجوع کرے اور اولاد خوشحال ہو تو والدین کو بھی یہ حق ہونا چاہئیے کہ وہ عدالت میں جا کر ایسی نالائق اولاد سے جو ان کی ضروریات کا خیال نہ رکھے خرچ وصول کر سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ بعض اوقات جب افراد اپنی ذمہ داری کو نہیں پہچانتے تو سوسائٹی ان کو ایسی ذمہ داری قبول کرنے پر مجبور کر سکتی ہے ۔ اگر ایک انسان ذاتی طور پر کوئی نیکی نہ کرنا چاہے اور سوسائٹی اس پر اسے بطور فرض عائد کر دے تو بعض اوقات وہ خود ہی اس نیکی کو اپنا لیتا ہے ۔ اگر قانون موجود ہو تو وہ شخص اس کا خطرہ محسوس کرتے ہی کہ اس کے خلاف عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا جا سکتا ہے ۔ اس فرض کو بادل نخواستہ یا باامر مجبوری بجا لاتا ہے ۔ کسی بھی معاشرہ میں والدین کا جو مقام ہے ۔ مخفی نہیں ہوسکتا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member should be very brief.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ جب تک میں موضوع زیربحث کے متعلق بیان کروں اس وقت تک مجھے حق حاصل ہے کہ اپنے خیالات پیش کرتا رہوں ۔ والدین کے بارہ میں قرآنی احکامات یہ ہیں ۔

''اور تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ بجز اس کے کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو ۔ اگر ان

میں سے ایک یا دونوں تیری موجودگی میں بڑھاپے کو پہنچیں تو انہیں اف تک نہ کہہ ۔ اور نہ انہیں جھڑک بلکہ ان سے ادب سے بات کر ۔ اور ان کے لئے رحمت کے ساتھ انکساری کے بازو پھیلا دے اور کہہ اے رب ان دونوں پر رحم فرما جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا تھا ۔ تمہارا رب خوب جانتا ہے جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے ۔ اگر تم نیک عمل کرو گے تو یقیناً وہ ان لوگوں کو بخشنے والا ہے جو اس کی طرف رجوع کرتے ہیں ۔''

اس کی تفسیر اس طرح بیان کی گئی ہے اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے مقدم حق والدین کا ہے ۔ اولاد والدین کی خدمت گذار اور ادب شناس ہونی چاہئیے اور معاشرہ کا اجتماعی اخلاق ایسا ہونا چاہئے جو اولاد کو والدین سے بے نیاز بنانے والا نہ ہو ، بلکہ اسے والدین کا سعادت مند اور ان کے احترام کا پابند بنائے اور وہ ان کی اس طرح خدمت کرے جیسے وہ بچپن میں اس کی پرورش اور ناز برداری کر چکے ہیں ۔ یہ آئیت محض اخلاقی سفارش نہیں ہے بلکہ اس کی بنیاد پر والدین کے وہ شرعی حقوق مقرر کئے گئے ہیں ۔ جن کی تفصیل احادیث اور فقہ کی کتابوں میں ملتی ہے ۔ یہ اسلامی معاشرہ کی ذہنی اور اخلاقی تربیت ہے ۔ اسلام کے آداب و تہذیب میں والدین کے حقوق کی نگہداشت کو شامل کیا گیا ہے اور اس کے ذریعے خاندان کے ادارہ کو مضبوط اور مستحکم بنانے کی کوشش کی گئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ابھی جب وزیر قانون میری معروضات کا جواب دینے کے لئے اپنے فرض کی ادائیگی کے سلسلے میں کھڑے ہوں گے ۔ تو مجھے خدشہ ہے کہ وہ یہ بہانہ پیش کریں گے ۔ کیونکہ یہ اس سے پہلے بھی بہانہ پیش کیا جاتا رہا ہے کہ حکومت اصولی طور پر اس مسودہ قانون کے حق میں ہے ۔ اور اس سے کلی اتفاق کرتی ہے ۔ لیکن چونکہ مرکزی حکومت مغربی اور مشرقی پاکستان کے لئے ایک ہی قانون بنانا چاہتی ہے اس لئے مرکزی حکومت کی مقرر کردہ قانونی اصلاحات کمیشن کے سامنے یہ معاملہ پیش کیا جائے گا ۔ اور اس کی سفارشات آنے کے بعد مناسب ترامیم کی جائیں گی لیکن مجھے اس امر کا یقین ہے کہ جناب وزیر قانون صاحب بھی اس بات میں میرے ساتھ اتفاق کریں گے اور اس ایوان کے اور حکومت مغربی پاکستان کے دائرہ اختیار میں ہے کہ وہ اس قسم کے مسودہ قانون کو پاس کر سکے یا اس پر عمل کروا سکے ۔ اس قسم کا بہانہ آج سے تقریباً چار سال پہلے جب یہ مسودہ قانون اسی ایوان میں پیش کیا گیا حکومت کی طرف سے پیش کیا گیا تھا جیسا کہ بعد میں حالات نے ثابت کردیا کہ یہ بہانہ محض بہانہ تھا ۔ اگر حکومت کوئی کار خیر کرنا چاہتی ہے تو اس کے لئے کوئی امر مانع نہیں کہ فوری طور پر اس قسم کے مسودہ قانون کو قانون کی شکل دے دے ۔ حکومت جب یہ دعویٰ کرتی ہے کہ وہ مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان میں ایک ہی قسم قوانین نافذ کرنا چاہتی ہے تو ان کے لئے کریمینل لاء امنڈمنٹ ایکٹ کی زندہ مثال موجود ہے اور ساتھ ہی ساتھ وہ ریاستیں جو مغربی پاکستان میں موجود ہیں اور مشرقی پاکستان میں موجود نہیں ہیں وہ ان کے لئے ایک اچھی یا بری مثال ہیں ہماری حکومت نے عملاً ثابت کر دیا ہے کہ بعض قانون مشرقی

پاکستان میں موجود نہیں ہیں اور مغربی پاکستان میں موجود ہیں ۔ حال ہی میں پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس پاس کیا ہے ۔ آپ نے یہ عملاً دیکھ لیا ہے بلکہ اس ایوان میں میں انتہائی افسوس کے ساتھ یہ کہوں گا کہ ہم نے ماضی قریب میں اسکا مظاہرہ کیا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member cannot be allowed to make a speech, he should be very brief.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں اصولوں پر بحث کر رہا ہوں کہ اس قسم کے قوانین نہیں ہونے چاہئیں ۔ اس سے مختصر اور کیا ہو سکتا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: According to Rules of Procedure, the Member is allowed to make a brief speech.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے علم ہے کہ حکومتی پارٹی آج دو تین مسودات قانون اس ایوان میں پاس کروانا چاہتی ہے ان کے پاس یہی اعتراض ہے ورنہ میں بالکل متعلقہ باتیں عرض کر رہا ہوں میں بہت مختصر معروضات پیش کر رہا ہوں ہوسکتا ہے جیسا کہ انہوں نے عملاً ثابت کیا ہے میری معروضات کا ان پر کوئی اثر نہیں ہوگا آپ مجھے میرا فرض تو ادا کر لینے دیں کل خدا کے سامنے جاکر یہ تو کہہ سکوں کہ اے خدایا میں نے تو عرض کر دیا تھا اور وہ نہیں مانے تھے ۔ مجھے میرا فرض ادا کر لینے دیجئے اور کل ان کو جواب دینا پڑے گا ووٹ

دیتے وقت یہ احساس تو ہو کہ وہ کس قانون کے خلاف اپنا حق استعمال کر رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ والدین کی قربانی ۔ والدین کی شفقت ۔ والدین کی محبت اور جو کچھ بھی ایک والد اور والدہ اپنی اولاد کے لئے کرتی ہے دنیا میں اس سے اچھی مثال اس خلوص کی اور کوئی نہیں دی جا سکتی ۔ لیکن ہم نے یہ دیکھا ہے کہ معاشرے میں ایک چلن عام ہوگیا کہ جتنے دن ایک شخص سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا ہے وہ اس وقت تک اس کے راگ الاپتے ہیں جب وہ کوئی فائدہ نہیں پہنچاتا تو اس کو برا بھلا کہنا شروع کر دیتے ہیں ۔ ہم نے اس ایوان میں بھی دیکھا ہے اور اس ایوان سے باہر بھی ہم اتنے غرض مند ہوگئے ہیں ۔ اور ہم اپنے مفادات کے اتنے متوالے اور کوتاہ اندیش ہوگئے ہیں کہ ہم ایک محسن کے احسان کو چند دن کے بعد بھول جاتے ہیں ۔

Minister for Law : Point of order, Sir, is the Member relevant to the Bill which is being introduced ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر میں یہ عرض کر رہا تھا کہ والدین محسن ہوتے ہیں والدین سے بڑا محسن کوئی نہیں ہو سکتا ہے ۔ یہ سوسائٹی کا چلن ہوگیا ہے کہ لوگ عام طور پر محض اپنے فائدے کیلئے بھاگتے ہیں . جس دن ایک فرد یا ایک ادارہ کی طرف سے ہمیں فائدہ نہیں پہنچتا تو ہم نے اکثر

اوقات دیکھا ہے کہ وہی شخص جو فائدہ اٹھاتا ہے بعد میں اس پر نکتہ چینی کرنا شروع کر دیتا ہے ۔ ان کو پاگل گردانتا ہے اور وہ فرض جو اس کے ذمے ہوتا ہے کو ادا کرنے سے گریز کرتا ہے بلکہ وہ مجرمانہ گریز کرتا ہے ۔ جس انسان کے والدین اس دنیا میں موجود ہوں میں اسکو اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت سمجھتا ہوں ۔ جن لوگوں کے والدین زندہ ہیں ان کو یہ نعمت نصیب ہے ان کے والدین کا سایہ ان کے سر پر موجود ہے لیکن اگر وہ ان کی موجودگی کے باوجود ان کی دیکھ بھال نہیں کرتے تو آپ جانتے ہیں کہ کوئی والد یا والدہ اپنے بچے کو خراب نہیں کرنا چاہتے ان کو کبھی پریشان نہیں کرنا چاہتے بلکہ ان کے لئے ہر وقت وہ دعائیں کرتے ہیں ۔ اگر بعض اوقات ایسے حالات پیدا ہوں کہ اولاد خوشحال ہو اور والدین انتہائی کس مپرسی کی حالت میں ہوں اور وہ اپنا فریضہ ادا نہ کر رہے ہوں تو کم از کم سوسائٹی کو ایسے مواقع مہیا کرنے چاہئیں کہ والدین ایسی اولاد سے قانون کے ذریعہ (لڑائی جھگڑے اور فساد سے نہیں کیوں کہ وہ معذور اور کمزور ہوتے ہیں اور مجبور ہوتے ہیں) عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائیں اور اپنا حق لے سکیں ۔

جناب سپیکر۔ اگر مغربی اور دوسرے ترقی یافتہ ملکوں میں اس قسم کا مسودہ قانون پیش کیا جاتا تو اس حکومت کو حق پہنچتا تھا کہ وہ اسکی مخالفت کرے اس کی وجہ یہ ہے جیسا کہ آپکو علم ہے کہ انگلینڈ میں ایسے قوانین موجود ہیں کہ ایک آدمی جب بوڑھا ہو جاتا ہے ۔ اگر محنت مشقت

کرکے وہ کیا نہیں سکتا اور کسی دوسرے طریقے سے گزر اوقات نہیں کر سکتا تو حکومت اس کے لئے اس قسم کا انتظام کرتی ہے ۔ بوڑھے انسانوں کے لئے پنشن کا انتظام کرتی ہے تاکہ وہ سوسائٹی میں کسی دوسرے فرد کے محتاج نہ ہوں ۔ اگر حکومت اپنے ذمہ یہ فرض لیتی ہے ۔ ہماری حکومت کسی بوڑھے کو جو غربت کا شکار ہو اس قسم کی پنشن دینے کا اہتمام نہیں کرتی اسکے بعد اگر بوڑھا انسان یا بوڑھی عورت جس کی اولاد موجود ہو اور وہ ان کی دیکھ بھال نہ کریں تو حکومت جب خود ان کی دیکھ بھال کرنے کیلئے تیار نہیں تو اسکو یہ حق تسلیم کرنا چاہئے کہ وہ عدالت میں جا کر اپنا حق حاصل کریں لیکن ہماری حکومت کا رویہ اسکے بالکل برعکس ہے اسکی کیا وجہ ہے . . . . .

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ نے پھر تقریر شروع کر دی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ یہ تقریر نہیں ہے میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ہم نے عملاً یہ دیکھ لیا ہے کہ ہماری حکومت کے بیشتر ارکان ایوان کے کے اندر یا ایوان کے باہر اپنے محسن کو جب وہ ان کو کچھ دیتے ہیں یا ان سے کچھ ملنے کی توقع ہوتی ہے ان کو انسان کے درجہ سے اٹھا کر فرشتے بلکہ خدا سے بھی آگے لے جاتے ہیں لیکن جس دن وہ اقتدار کی کرسی سے ہٹ جاتے ہیں اور ان سے کچھ ملنے کی توقع نہیں ہوتی تو ان کو برا بھلا کہنا شروع کر دیتے ہیں اور حکمرانوں کی نقل عام طور پر عوام کرتے ہیں ۔

چودھری انور عزیز - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - جب بل move ہو جاتا ہے تو ممبر صاحب کو کہا جاتا ہے کہ آپ چھوٹی سی تقریر کر لیں اسکا مطلب یہ ہوتا ہے کہ بل ہاؤس کے سامنے ہوتا ہے - بل کے اغراض و مقاصد بھی ہاؤس کے سامنے ہوتے ہیں - ہاؤس تقریباً اپنا mind پہلے ہی make up کر چکا ہوتا ہے اور ممبر صاحب کو brief statement دینے کے لئے اس لیے کہا جاتا ہے کہ اگر کوئی بات جو بہت ضروری خیال کرے اور جو لکھنے سے رہ گئی ہو وہ ہاؤس کے سامنے پیش کر لے - اس brief statement کا یہ مطلب نہیں ہوتا ہے کہ آدمی پانی ہی پی کر کوسنا شروع کر دے - اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ہاؤس کو convince کرنے کی کوشش کریں - اگر ہاؤس آپ کی بات مان لیتا ہے تو درست ہے ورنہ صبر کریں - تلقین کے لئے کوئی اور جماعت join کریں -

مسٹر حمزہ - جناب انور عزیز صاحب کو خدشہ تھا کہ X X X X*

Chaudhri Anwar Aziz: Such remarks have been imputed to many Members by Mr. Hamza. He has used this words.

مسٹر حمزہ - آپ تمن صاحب کے پیچھے پھرا کرتے تھے لیکن آج ان کا نام بھی نہیں لیتے ہیں - ہم یہ کہتے ہیں کہ آپ ان کا نام بھی لینا پسند نہیں کرتے - حالانکہ مجھے پتہ ہے کہ آپ ان کی کوٹھی کے کتنے چکر لگاتے رہے ہیں -

چودھری انور عزیز - جناب والا - میں تو آپ کی کوٹھیوں کے بھی چکر لگاتا رہتا ہوں -

*Expunged as ordered by the Senior Deputy Speaker.

مسٹر حمزہ - مجھ سے آپ نے کیا لینا ہے -

چودھری انور عزیز - ان سے میں نے کیا لیا ہے -

مسٹر حمزہ - آپ ان سے اپنی پسند کے کام لیتے رہے ہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker: Mr. Hamza ! there should be no interruptions, please.

چودھری انور عزیز - جناب والا - حمزہ صاحب نے دو تین باتیں کہی ہیں -

and I would like the House to take cognizance of that.

ایک تو انہوں نے مجھے خوشامدی کہا ہے اور دوسرا یہ کہ میں نے اپنی ذات کے لئے فائدے ان کی کوٹھیوں کے چکر لگا لگا کر حاصل کئے ہیں - میں آپ کی وساطت سے ان کو یہ درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ وہ مجھے بتائیں کہ میں نے ان سے کیا لیا ہے - پھر کسی کو اس طرح سے رگیدنا اور یہ سمجھنا کہ سوائے ان کے اس دنیا میں اور کوئی ایماندار ہی نہیں رہا - میں بھی اپنے آپ کو ان سے کم ایماندار نہیں سمجھتا ہوں - اگر میں نے کوئی بے ایمانی کی ہے یا کسی وزیر صاحب سے کوئی ناجائز فائدہ اٹھایا ہو تو میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ اس ایوان میں کھڑے ہو کر مجھے بتائیں اور اگر وہ نہیں بتا سکتے ہیں تو پھر وہ اپنے الفاظ اسی طرح سے واپس لیں جس طرح کہ ایک شریف آدمی کو واپس لینے چاہئیں جبکہ وہ کوئی غلط حملہ کر دے - صرف یہ کہنا کہ وہی باعث عزت ہیں اور وہی باعث فخر ہیں

اور ہر کسی دوسرے آدمی کو خوشامدی سمجھنا یہ بات شرافت میں داخل نہیں ہے ۔ اور ہم ان کی بہت سی باتیں برداشت کرتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم خود یہ سمجھتے ہیں کہ اگرچہ یہ آپوزیشن چھوٹی سی ہے لیکن ہے بڑی ضروری اور ہر ملک میں آپوزیشن کو ہونا چاہئیے اور اس لئے ہم ان کی ذاتی طور پر بھی عزت کرتے ہیں ۔ انہوں نے کہا ہے کہ میں کوٹھیوں کے چکر لگاتا رہا ہوں میں ان کے پاس بھی کئی مرتبہ چکر لگاتا رہا ہوں اور یہ محض اس لئے کہ میں ان کی عزت کرتا ہوں اور ان کے علاوہ آپوزیشن کے دیگر جتنے بھی ارکان ہیں ان کی بھی عزت کرتا ہوں اور ان کے ساتھ اچھے مراسم رکھتا ہوں ، تو میرے متعلق یہ کہا جانا کہ میں نے ذاتی فائدے حاصل کئے ہیں میرے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے چونکہ میں اپنے حالات کے مطابق یہی ایک اپنی عزت بچائے پھر رہا ہوں کہ میں نے کبھی کسی سے بھی کوئی ذاتی مفاد حاصل نہیں کیا ۔ میں چاہتا ہوں کہ حمزہ صاحب یہاں پر یہ بتائیں کہ میں نے کیا ذاتی مفاد حاصل کیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس بات کا گواہ تو ہماری اسمبلی کا ریکارڈ ہے کہ جب تمن صاحب برسراقتدار تھے تو ان کی کس قسم کی تعریفیں ہوتی رہی ہیں اور جب وہ آج زندان کی دیوار کے پیچھے ہیں تو ان لوگوں کے منہ سے ان کے لئے ہمدردی کا ایک لفظ بھی نہیں نکلا ۔ جناب سپیکر ۔ آپ اسمبلی کی کارروائی کی رپورٹ منگوا کر دیکھیں ۔

چودھری انور عزیز ۔ یہ تو سیدھی سی بات ہے ۔ آپ مجھے بتا دیں کہ میں نے کیا ذاتی فائدے حاصل کئے ہیں ۔

مسٹر سینئرڈپٹی سپیکر - حمزہ صاحب - آپ بھی تشریف رکھیں اور چودھری صاحب - آپ بھی تشریف رکھیں -

چودھری انور عزیز - جناب والا - میں تشریف تو رکھتا ہوں لیکن مجھے آپکی مدد کی بڑی ضرورت ہے اور میں اس ایوان میں یہ point raise کرنا چاہتا ہوں کہ میری honour کو hit کیا گیا ہے اور میں بھی یہ کام بڑی آسانی سے کر سکتا ہوں مگر میں ذرا سا احترام کرنا جانتا ہوں اور اگر میری اس طرح سے بے عزتی کی گئی ہے تو

I want this House to take cognizance of what Mr. Hamza has said. I have been insulted by the gentleman who thinks that he is the sole representative of the people on this earth. I want him either to disown or own the statement and prove it. I say that I will resign my seat if it is proved that I have taken any favour from anybody. Otherwise he should have the cheek and courage, which I doubt he has, to withdraw his words here and feel sorry for insulting a Member of this House. I am also a Member of this House, I have the honour of representing a constituency and I am proud of representing that area. I have refused many offers that have been made to me because I want to represent my area in this House. I could have become a big officer if I had accepted the offers to go abroad but I came here to defend the honour of my area and enhance the respect of this House and this gentleman has the cheek to tell me that I am nothing but a 'khushamdi'. He thinks that I am nothing but a loafer in this city. After all what does he think of himself (*interruptions*).

Mr. Senior Deputy Speaker: The remarks made by Mr. Hamza against Chaudhri Anwar Aziz may please be withdrawn.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر- میں نے عرض کیا ہے کہ جتنی دیر لوگ برسراقتدار ہوتے ہیں اور میں نے تمن صاحب کی مثال دی ہے - آپ اپنی اسمبلی کا گذشتہ ریکارڈ منگوا کر دیکھیں میں یہ کہتا ہوں کہ جب لوگ برسراقتدار ہوتے ہیں تو یہ لوگ ان کی خوشامد کرتے ہیں (قطع کلامیاں) آپ نے جو کچھ لیا ہے وہ مجھے معلوم ہے اور آپ کو بھی معلوم ہے میں اسے ایوان میں نہیں کہنا چاہتا -

چودھری انور عزیز - اگر آپ کو علم ہے تو پھر آپ اس بات کو ثابت کریں کہ میں نے کیا فائدہ لیا ہے -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - مسٹر حمزہ کو ہم نہایت دیانت دار، با اصول اور اس ہاؤس کا ایک اچھا رکن سمجھتے ہیں لیکن میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ ہم عوام میں ان سے زیادہ مقبول ہیں اور سے زیادہ خوددار ہیں اور ان سے زیادہ دیانت دار ہیں اور اگر ہم نے کوئی بد دیانتی کی ہے تو وہ اس کو چیلنج کریں - میں ان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ وہ یہاں پر اس قسم کی باتیں کہنا چھوڑ دیں - وہ اپنے colleagues اور اپنے دوستوں اور اپنے بھائیوں پر خواہ مخواہ طنز کیا کرتے ہیں - یہ ان کی عادت ہے - وہ حکومت پر روزانہ نکتہ چینی کرتے ہیں اور بیجا کرتے ہیں لیکن ہم برداشت کرتے ہیں لیکن اگر وہ ایوان کے معزز اراکین پر بھی حملہ کریں تو ہم کبھی بھی برداشت نہیں کر سکتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی گھٹیا حرکت ہے ہم ان سے زیادہ خود دار اور ایماندار ہیں اور ہم ان کو جانتے ہیں - ہم

غیرملکی ایجنٹ نہیں ہے - ہم غدار نہیں ہیں ہم اس ملک کے وفادار ہیں - ہم بیرونی امداد پر نہیں چل رہے ہیں - ہم کسی کے پٹھو نہیں ہیں ہم کسی کے tout نہیں ہیں - ان کو اپنے الفاظ واپس لینے چاہئیں ورنہ ہم اس ایوان سے واک آؤٹ کر دیں گے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ تشریف رکھیں -

Minister of Agriculture (Malik Khuda Bakhsh): Sir, may I intervene. It is very painful that an Member should have accused another Member and should have imputed personal things to him. I would beg my friend, the Leader of the Opposition to intervene and advise Mr. Hamza to withdraw the words that have caused justifiable annoyance to Member of the House. The remarks were unprovoked. unmerited and uncalled for and I beg of him that as we have been moving along in a spirit of adjustment and a spirit of understanding. If this thing starts, I wovld beg of Mr. Hamza also, then there will be no end to it and there will be new recriminations which would not be the type of atmosphere which would be in accordance with the dignity of the House. I would request Mr. Hamza in the first instance ot withdraw those remarks which have caused justifible annoyance and if he is still not agreeable I would request the Leader of the Opposition to advise him to do so in the interest of harmony and goodwill in this House which has been a characteristic feature of this particular session.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ میں تقریر کر رہا تھا تو جناب انور عزیز صاحب درمیان میں کھڑے ہوئے اور انہوں نے اٹھ کر فرمایا کہ حمزہ ایوان میں ہمیشہ اس قسم کی باتیں کرتا ہے اور پالی پی پی کر کوستا ہے - تو میں نے ان سے کہا کہ چونکہ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے حکمران طبقے میں - - - (قطع کلامیاں) تو ان کو یہ خدشہ ہوا ہوگا - - - -

Minister of Law : On a point of order. When a Member is directed by the Chair to withdraw certain remarks is he entitled to make a speech on that.

Khawaja Muhammad Safdar : He is entitled to give personal explanation.

Minister of Law: He has, in conformity with the Parliamentary practice, to bow down to the ruling of the Chair and he must immediately conform to it. Instead of doing that he is adding fuel to the fire by not withdrawing the remarks and by making out a justification. I think the Member, in good spirit, should observe the decorum of the House and should at once obey the Chair by withdrawing the remarks. I think a ruling on this point is also called for by the Chair. The Chair may kindly ask the Member to conform first and then he may make any explanation, he wants. This does not appear in good taste that instead of conforming to the directive of the Chair he should go on offering a justification of the remarks which he made.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - ان کو اپنا مافی الضمیر تو بیان کرنے دیں - لاء منسٹر صاحب کس طرح کہتے ہیں کہ وہ یعنی حمزہ صاحب آپ کے حکم کی تعمیل کرنے کو تیار نہیں - ہر ایک کو حق حاصل ہے کہ وہ دل کی بات کہے - ابھی انہوں نے پہلا فقرہ بھی نہیں کہا تھا کہ آپ نے روک دیا - ممکن ہے کہ دوسرے یا تیسرے فقرہ میں آپ کے حکم کی تعمیل کر دیتے - دراصل مجھے تو یہ بھی معلوم نہیں کہ کیا ہوا ہے - اب آپ کے ارشاد سے بات سمجھ میں آئی ہے میری گذارش ہے ان کو اپنے آپ کی وضاحت تو کرنے دیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جب میں تقریر کر رہا تھا کہ حکمرانوں کی مثالیں تو اس قسم کی ہیں کہ جب وہ بر سر اقتدار ہوتے ہیں تو جائز و ناجائز ان کی خوشامد کی جاتی ہے جس کی عام طور پر توقع نہیں ہوتی - اور وہ کوسنا شروع کر دیتے ہیں - انور عزیز صاحب نے میری باتوں میں مداخلت کرنا پسند کیا اور کہا کہ حمزہ صاحب تو پانی پی پی کر کوستے ہیں اس قسم کی باتیں کرتے وقت میں نے کسی کا نام نہیں لیا تھا اگر یہ بات غلط تھی تو وہ چپ رہتے لیکن انہوں نے مداخلت کر کے ''چور کی داڑھی میں تنکا'' کا ثبوت دے دیا ہے -

دوسری بات یہ ہے کہ میں نے کسی کا نام نہیں لیا تھا نہ کسی حکمران کا نام لیا تھا لیکن یہ صحیح ہے کہ جس قسم کی خوشامد کی جاتی ہے وہ سوسائٹی کے لئے بلا بن گئی ہے - میں نے یہ عرض کیا تھا کہ بہت سے دوست جب بر سر اقتدار آتے ہیں مثلاً سابقہ گورنر صاحب کو لے لیجئے - جب وہ بر سر اقتدار تھے تو ان کی تعریفیں ہوتی تھیں اور اب جب کہ ان پر بغیر کسی گناہ کے کوئی مصیبت آ جاتی ہے تو ان لوگوں کی زبان سے ایک حرف نہیں نکلتا - بہرحال آپ کا حکم ہے تو واپس لیتا ہوں

Mr. Senior Deputy Speaker : The remarks made by Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly.

رانا پھول محمد خان - نہ ہم کسی کے خوشامدی ہیں نہ ہم کسی کے پٹھو ہیں - ہم تو ایک جماعت کے آدمی ہیں - جماعت جو فیصلہ کرتی ہے ہم اس پر کاربند ہوتے ہیں اس کے پابند ہیں ہم کسی فرد کے پابند نہیں

خواجہ صاحب جیل گئے تھے اور جب واپس آئے تو ہم نے اسی طرح ان کو عزت کی نگاہ سے دیکھا ہے ۔ ہماری مسلم لیگ پارٹی ہے ہم تو اس کی ہدایات کے مطابق کام کر رہے ہیں ۔ ان کی بات ماننا ہمارے لئے لازمی ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ رانا صاحب بات ختم ہوگئی ہے اب آپ تشریف رکھیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ مجھے اختتامی الفاظ تو عرض کرنے دیں ۔

Chaudhri Anwar Aziz : On a point of personal explanation.

جناب والا ۔ حمزہ صاحب مجھ پر احسان نہ کرتے تو یہ احسان ہوتا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ شریف لوگوں کی روایات یہ ہیں کہ جب کوئی آدمی یہ کہہ دے کہ میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس نے معافی مانگ لی ہے ۔ اس کے بعد جو غصے کی بات ہو وہ ختم کر دینی چاہئے ۔ لیکن جس طریقہ سے آپ کے سامنے یہ معاملہ آیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو دوبارہ doze دی گئی ہے ۔ اس لئے انہوں نے یہ کہا ہے کہ ''چور کی داڑھی میں تنکا'' ۔ حمزہ صاحب نے مجھ پر احسان کیا اور الفاظ واپس لے لئے ۔ یہ ایک سیدھی سی بات تھی جو آپ تک پہنچائی تھی جو آپ محفل کی گرمی میں بھول گئے ۔ میں نے یہ کہا ہے کہ انہوں نے مجھے خوشامدی کہا ہے ۔ یہ تو اپنی اپنی definition ہے ۔ ہوسکتا ہے ان کی ڈکشنری کے مطابق میں خوشامدی ہوں گا ۔ پھر انہوں نے کہا ہے کہ میں نے ذاتی فائدے حاصل کئے ہیں خوشامدی کہنا ان کی عادت ہوچکی

ھے ھمیں کہہ لیں ھم بھی سن سن کر اس کے عادی ھوچکے ھیں اگر کسی کو گالی دینے کی عادت ھوتی ھے تو دوسرے کو سننے کی عادت ھوجاتی ھے یہی حال خوشامد کے سلسلہ میں ھے ۔ انھوں نے مجھے خوشامدی کہا ھے میں نے کہا ٹھیک ھے ۔ اس کے بعد انھوں نے جو الزام لگایا ھے اس کے لئے میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاھتا ھوں کہ ۔

this is a very serious matter. At least it is very serious for me.

حضور انھوں نے کہا ھے کہ میں نے ثمن صاحب کی خوشامد کر کے ذاتی فائدے اٹھائے ھیں ۔ اول تو میرے متعلق یہ کہنا کہ میں اپنے دوست کو چھوڑ دیتا ھوں جب وہ اعلیٰ منصب پر نہ ھوں تو یہ بھی میرے ساتھ ظلم ھے ۔ دوسرے یہ کہ ثمن صاحب کے ساتھ میرے ذاتی مراسم نہ تھے ۔ یہاں پر جو کوئی آدمی آتا ھے کرسی پر بیٹھتا ھے ھم اس کے پاس جاتے ھیں اپنی عرضداشت پیش کرتے ھیں لیکن اس کا یہ مطلب لینا کہ ھم ان دوستوں کو چھوڑ دیتے ھیں جو اعلیٰ عہدوں پر نہیں ھوتے یہ میرے ساتھ بڑی زیادتی ھے ۔ اگر حمزہ صاحب چاھیں تو میں پرائیویٹ طور پر ان کو ثبوت دے سکتا ھوں ۔ کہ میرے دوست جو عہدہ سے اتر گئے تو میں نے ان سے اور زیادہ دوستی کی ھے میرا یہ قاعدہ رھا ھے کہ جب کوئی افسر ھمارے ضلع سے تبدیل ھوگئے اگرچہ پہلے ان سے مراسم نہیں تھے لیکن بعد میں ان سے زیادہ دوستی ھوگئی (شور) پھر جو وہ یہ کہتے ھیں کہ میں نے ذاتی فائدہ اٹھایا ھے میں نے اس کے لئے ان کو کھلا چیلنج دیا ھے مجھے بتائیں کہ میں

نے کیا ذاتی فائدے اٹھائے ہیں اگر ان کی نظر میں کوئی بات ہے تو ہاؤس کے سامنے رکھیں پریس کو پتہ چلے گیلری کو پتہ چلے لیکن کسی کی عزت کو اس طرح رگید دینا کہاں کی شرافت ہے ۔ مانا کہ وہ بڑے صاحب ایمان ہیں ۔ ان کا جذبہ ہے لیکن گدھے ۔ گھوڑے کی پہچان تو کر لیا کریں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کے حکم کے مطابق حمزہ صاحب نے الفاظ واپس لے لئے ہیں ۔ مجھے بھی افسوس ہے کہ انور عزیز صاحب کو رنج پہنچا ہے لیکن اس بات کو یہاں ختم کر دینا چاہئے ۔ اگر زیادہ طول نہ دیا جائے تو بہتر ہوگا ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے کبھی گذشتہ ریلوے بجٹ کے دوران تقریر کرتے ہوئے مثال دی تھی کہ اگر ایسی فروگذاشت کسی غیر ملک میں کوئی لاء منسٹر کرے تو زیادہ قابل مواخذہ سمجھے جاتے ہیں ۔ میں نے وہ بات کسی ارادے سے نہیں کہی تھی ۔ اگر انہوں نے اس بات کے لئے کوئی ایسا اثر قبول کیا تھا تو میں ان سے publicly apologize کرتا ہوں ۔

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : Thank you very much. Mr. Speaker, I am grateful to Malik Muhammad Akthar for having retraced his steps and for having remembered me so kindly in connection with the remarks which he had made the other day.

Now, coming to this amendment which is sought to be moved, as I have already submitted in connection with another Bill today, we are

opposing it as a point of principle. There in no questions of personal opposition and there is no question of opposition to the Opposition. The Central Government have set up a Law Reforms Commission headed by Mr. Justice Hamood-ur-Rehman and for the sake of uniformity in both the Wings there will be a uniform law after the recommendations made by the Commission. If this provision is also brought to the notice of the Commission, I am sure, they will take due cognizance of it and, on my own part, I assure the House that this will be forwarded to the Commission by me for their consideration. If they are able to see any substance in it, as Mr. Hamza has said, then they will make a consolidated recommendation in combination with all other matters which will be before the Commission. At this stage, I don't think it will be proper to move piece-meal amendments in the major laws because there will be amendment in the first instance and, when suggested by me there will be another amendment and the Standing Committee will be sitting over it and surely the attention which will be devoted by the Law Reforms Commission will be greater than the attention which will be bestowed by the Standing Committee of this House. Without meaning to detract from the efforts, from the energy and from the attempt made by the Standing Committee. I for one would think that it would be most appropriate that the Bill may not be moved at this stage and the matter may be referred to the Commission. I will forward it with my own recommendation for their due conideration. If this submission satisfies the Member, he may withdraw the Bill otherwise on these grounds I oppose it.

Mr. Senior Deputy Speaker: I will now put the motion to the vote of the House. The question is:

> That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

The motion was lost

THE REGISTRATION (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the Registration (West Pakistant Amendment) Bill, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

That leave be gtanted to introduce the Registration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966.

The motion was carried.

Minister of Law : Not Opposed.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to introduce the Registration (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Registration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN PRESS AND PUBLICATIONS (AMENDMENT) BILL, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Law : Not Opposed.

The motion was carried.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : The West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

Next motion please.

چودھری محمد ادریس - جناب والا - چونکہ جناب وزیر صاحب نے یقین دلایا ہے کہ اگر ضرورت محسوس ہوئی تو رولز میں ضروری امنڈمنٹ کرکے accept کر لیا جائے گا - اس لئے میں اس کی تحریک پیش نہیں کرتا ہوں -

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion is not moved.

THE WEST PAKISTAN CRIMINAL LAW (AMENDMENT) (REPEAL) BILL, 1967.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Criminal Law (Amendment) (Repeal) Bill, 1967.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Criminal Law (Amendment) (Repeal) Bill, 1967.

Minister for Law : Opposed Sir.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶) - جناب سپیکر - یہ مسودہ قانون جس کو میں منسوخ کرانا چاہتا ہوں یہ وہ بدنام زمانہ قانون ہے جسکو عرف عام میں جرگہ کا قانون کہتے ہیں - جو آج سے تقریباً ۴ سال پہلے جب اس قانون کا مسودہ اس ایوان میں پیش کیا گیا تو اسکے تین بڑے مقاصد حکومت کی جانب سے یا اسوقت جو وزیر قانون تھے انھوں نے بیان کئے تھے - انکا فرمان یہ تھا کہ انصاف سستا ہوگا اور مقدمات کا فیصلہ بہت جلد کیا جانے لگے گا اور تیسرا انکا سب سے بڑا دعویٰ یہ تھا کہ وہ افسر جو رشوت وصول کرتے ہیں یہ بیماری وبا کی صورت اختیار کر گئی ہے اسکے تدارک کیلئے افسران جو رشوت خور ہونگے انکے مقدمات کو جرگے کے سپرد کیا جائیگا اوز اس طرح

سمگلنگ اور غبن کے مقدمات کو جرگے کے سپرد کیا جائیگا اور ساتھ ہی حکومت نے یقین دلایا تھا کہ اس قانون کو جسمیں انتظامیہ کو بہت وسیع اختیارات حاصل ہوتے ہیں ۔ سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہیں کیا جائے گا ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے انتہائی افسوس کے کیساتھ کہنا ہے کہ وہ خدشات جو حزب اختلاف کیطرفسے اسوقت بیان کئے گئے تھے تمام کے تمام درست ثابت ہوئے ۔ وہ وعدے جو حکومت نے مغربی پاکستان کی آبادی کیساتھ کئے تھے وہ قطعاً پورے نہیں ہوئے بلکہ حالات پہلے سے بھی زیادہ دگرگوں ہوچکے ہیں ۔ جہاں تک مقدمات کے جلد فیصلہ کا تعلق ہے آپ کو یاد ہو گا کہ اس ایوان میں متعدد بار سوالات کے ذریعہ حکومت کے نوٹس میں یہ حقیقت لائی گئی کہ بہت سے مقدمات جو جرگے کے سپرد کئے گئے ایک ایک ڈیڑھ ڈیڑھ سال التوا میں پڑے رہے ۔ مجھے پھر سابق حکمرانوں کی کچھ باتیں کہنا پڑتی ہیں ہو سکتا ہے کہ ہمارے موجود حکمران انکی لغزشیں اپنے ذمہ لینے کیلئے تیار نہ ہوں لیکن یہ حقیقت ہے کہ انہوں نے یہ بتایا کہ ہم اس قانون کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال نہیں کریں گے لیکن جرگے کے ممبروں کا جب چناؤ ہوا تھا تو اسمیں سیاسی مقاصد حاصل کرنے کی حکومت کی طرف سے کوشش کی گئی ، اور آج سے چند دن پہلے جب مجھے مغربی پاکستان کے حکمران اعلیٰ جو کہ مغربی پاکستان کی انتظامیہ کو کنٹرول کر رہے ہیں ان سے ملنے کا اتفاق ہوا تو انہوں نے بتایا کہ انکی سب سے بڑی شکایت یہ ہے کہ جرگہ کے ممبروں کا چناؤ ہی درست نہیں ہوا ۔ اس ایوان میں کئی بار یہ خامی یہ غلطی اور یہ مجرمانہ غفلت بیان کی گئی اور اسکی بیسیوں

زندہ مثالیں پیش کی گئیں ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں تک رشوت ستانی غبن اور سمگلنگ کے تدارک کا تعلق ہے آج صبح اس ایوان میں جناب استیار گل صاحب نے جو کہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے پارلیمنٹری سیکریٹری ہیں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ تقریباً ڈھائی سال کا عرصہ گزر چکا ہے دو سی ۔ ایس ۔ پی افسروں اور ۱۸۱ ۔ کلاس (۱) اور کلاس (۲) افسروں کے خلاف رشوت خوری کے الزامات کی تحقیقات ہوتی رہی ہے لیکن ڈھائی سال کا عرصہ گزر جانے کے باوجود آج تک کوئی مقدمہ بھی تکمیل کو نہیں پہونچا اور اس ایوان میں معزز و محترم وزیر قانون صاحب بتلا چکے ہیں کہ پچھلے دو تین سال کے عرصہ میں لاہور اور راولپنڈی ڈویژن میں کسی رشوت خور افسر کے خلاف مقدمہ جرگہ کے سپرد نہیں کیا گیا ۔ آپ نے یہ قانون بناتے وقت ہمیں بتایا تھا کہ ہم تمام لوگوں کو برابر سمجھتے ہیں اور ان سے مساویانہ سلوک کرتے ہیں اور قانون کی نگاہ میں سب برابر ہیں یعنی equality before law ہے ۔ جناب والا ۔ سابق وزیر قانون اور زراعت جن کا نام ملک قادر بخش ہے جو اتفاق سے اسوقت وزیر نہیں رہے انہوں نے جب یہ مسودہ قانون پیش ہوا تھا یہ فرمایا تھا میں انکے الفاظ حرف بحرف پڑھ کر سناتا ہوں : ''کرمانی صاحب انکے وکیل بنکر بیٹھے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ اس میں اس قسم کا پراویژن نہیں تھا کہ سرکاری ملازمین پر بھی اسکا اطلاق ہو تو اس میں ہم نے یہ کہا ہے :

"every body is equal before law"

آگے چل کر وزیر قانون و زراعت فرماتے ہیں : ''ہم سے یہ تقاضا تھا کہ

سرکاری ملازمین پر check نہیں کی جاتی تو ہم نے دو شرطوں کے ساتھ جن میں عوام بھی شامل ہیں اسکا اطلاق کر دیا ہے۔" یعنی وہ اس وقت کرمانی صاحب سے خطاب کرتے ہوئے طنز کرتے تھے کہ ہم نے افسروں کا لحاظ نہیں کیا بلکہ اس قانون کے تحت افسروں کو بھی سزا دینے کا فیصلہ کیا کہ جو افسر رشوت وصول کریں گے ان کے خلاف اس قانون کے تحت کارروائی کریں گے - اسوقت انکا فرمانا یہ تھا - آج جناب وزیر قانون اس ایوان میں یہ فرمانے کی جرأت کرتے ہیں کہ "ہے تو وہی حکومت اور دور ایوبی ہے" جناب سپیکر جو کچھ میں نے عرض کیا ہے یہ مارشلا سے پہلے کی حکومتوں کی باتیں نہیں ہیں بلکہ یہ آج سے محض تین سال پہلے کی بات ہے -

ان کے وعدے وعید کے باوجود اس ایوان میں بتایا جاتا ہے کہ ایک افسر پر بھی رشوت خوری کا مقدمہ کسی جگہ پر نہیں چلایا گیا اور آج پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب یہ فرماتے ہیں کہ ۱۸۱ مقدمات تھے تو ان کے خلاف تحقیقات ہو رہی ہے لیکن ایک کے خلاف بھی مقدمہ جرگہ کے سپرد نہیں کیا گیا - جناب سپیکر - جب ان کے وعدے اس قسم کے ہیں اور قانون کو چاہے آپ آمرانہ کہئیے ، ڈکٹیٹرانہ کہئیے ، تشددانہ کہئیے آپ کو بہت وسیع اختیارات تھے اور قوم کو توقع تھی کہ ان وسیع اختیارات کے حصول کے بعد انتظامیہ کی برائیاں یا بیماریاں جو ان کو لاحق ہیں ان کا علاج آپ فوری طور پر کریں گے لیکن ایسا نہیں ہوا - جناب سپیکر - محض حمزہ عرض نہیں کرتا بلکہ اس ایوان کے جملہ ممبران نے یہ متفقہ رائے دی ہے کہ امن و امان کی حالت پہلے سے زیادہ بگڑ چکی ہے - لوگوں کی جان و مال

محفوظ نہیں ، بلکہ یہ وہ زمانہ ہے جب کہ آپ خود تسلیم کرتے ہیں کہ ہمارے صوبے کے سب سے اعلیٰ پولیس افسر ایک فرد کو کئی ماہ سے گرفتار کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں بمعہ دو تین ہزار پولیس کی فوج ظفر موج کے اور اس کے باوجود وہ اس میں کامیاب نہیں ہو سکے اور جیسا کہ آپ بتا چکے ہیں کہ آپ کے ہاں چوری ہوتی ہے ۔ حالانکہ پتہ لگتا ہے کہ چور فلاں جگہ موجود ہیں لیکن اس کے باوجود ان کو سزا نہیں دی جا سکتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جرائم پیشہ لوگوں کو سختی سے نہیں دبایا گیا ۔ وہ دندناتے پھر رہے ہیں بلکہ پہلے سے زیادہ دندناتے ہیں ۔ رشوت خوری پہلے سے بھی زیادہ ہوچکی ہے ۔ جہاں تک سمگلنگ کا تعلق ہے آج کے پاکستان ٹائمز میں ہے کہ کئی من سمگل شدہ چاندی کراچی میں پکڑی گئی بمعہ مہروں کے اور آج سے چند دن پہلے کراچی کے قریب لاکھوں روپیہ کا سونا سمگل کیا ہوا پکڑا گیا تھا اور ساتھ ہی ساتھ یہ بتایا تھا کہ تقریباً ۱۰ لاکھ روپیہ کا سمگل شدہ کپڑا بھی پکڑا گیا جو جھاڑیوں میں سے برآمد کیا گیا ۔ جناب سپیکر ۔ انقلابی حکومت کے کارنامے یہ ہیں ۔

بدنام سیاستدانوں کے زمانے میں جھاڑیوں کے ساتھ کانٹے ہوتے تھے اور بعض پیروں کی جھاڑیاں ہوتی تھیں جن کے ساتھ بیر ہوتے تھے ۔ اب جھاڑیوں کے نیچے سے ریشمی کپڑے نکلتے ہیں ۔ مولوی صاحبان جنت کا خاص تصور پیش کرتے ہیں کہ وہاں دودھ کی نہریں ہوں گی ۔ وہاں حوریں ہوں گی وہ یہ بھی بتاتے ہیں کہ انہوں نے ریشم پہنا ہوا ہوگا ۔ میرے خیال میں یہ جنت کا نظارہ ہم پاکستان اور کراچی کی بندرگاہ کے اردگرد دیکھتے ہیں جہاں کہ جھاڑیوں کے نیچے سے ریشمی کپڑے نکلتے ہیں ۔ اس حکومت کے کارنامے اور ہم کہاں تک بیان کریں ان کی خوبیاں کہاں تک بیان کی جائیں ۔

میاں محمد شفیع - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - کیا حمزہ صاحب مرنے سے پہلے ھی جنت کا نظارہ کر رھے ھیں -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ھے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رھا تھا کہ پہلے کہا گیا تھا کہ سمگلنگ بالکل ختم ھو جائے گی لیکن جس حد تک وہ ختم ھوئی ھے وہ تمام معزز ارکان کے سامنے ھے - ٹھیک ھے آپ بھی ویسے نمائندے ھیں جیسا کہ میں ھوں لیکن خدا را آپ اپنی ضمیر کی آواز کے مطابق آزادی سے اس ایوان میں رائے دیں - اس قانون کے نفاذ کے بعد وہ مقصد حاصل ھوا ھے یا نہیں - جناب سپیکر - اگر ایک دوائی ایسی ھو جس کے استعمال سے بیمار زیادہ بیمار ھو جائے یا ھوتا چلا جائے اور میں سمجھتا ھوں کہ وزیر قانون بھی مشہور سیاست دان ھیں اور ماھر قانون بھی اور عوام کی نبض پر انگلیاں رکھے ھوتے ھیں تو کیا اس بیمار کو وہ دوائی مزید دینے کی ضرورت ھے جس سے کہ اس کی بیماری میں اضافہ ھو چکا ھے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - حمزہ صاحب آپ تو تقریر کر رھے ھیں کیا یہ شارٹ سٹیٹمنٹ ھے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - عرض یہ ھے کہ جب معزز اراکین اس معزز ایوان میں کوئی بل پیش کرتے ھیں تو مجھے ایک زندہ مثال پیش کر دیں کہ وہ کس طرح کا شارٹ سٹیٹمنٹ ھوتا ھے - میں یہ عرض کر رھا تھا کہ قوم کی نبض پر آپ کی انگلیاں ھیں - آپ بہت بڑے نباض ھیں آپ بہت بڑے سیاست دان ھیں اور قومی تقاضوں اور حالات کے تقاضوں کو آپ سمجھتے ھیں

عوام الناس کی نمائندگی کرتے ہیں لیکن میں آپ سے التجا کروں گا کہ بحیثیت مسلمان کے ، انسان کے ، آپ آزادانہ رائے دیں آیا حکومت اس قانون کے نفاذ کے بعد وہ تمام مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی ہے یا نہیں جن کا وعدہ کیا گیا تھا ۔ میں اس چیز کا قائل نہیں ہوں کہ جس دوائی سے بیماری بڑھتی ہے اسی دوائی کو دیتا چلا جاؤں کیوں کہ یہ ثابت ہوا ہے کہ اس سے بیماری بڑھتی ہے اس کا یہ علاج نہیں ہے ۔ اس سے پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ معزز وزیر قانون اور زراعت ملک قادر بخش اس وقت فرمایا کرتے تھے کہ ہم اس کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کریں گے لیکن آپ نے سیاست کو محض جرگے کی نامزدگی سے شروع کیا اور اس کے بعد اب حالت یہ ہے کہ ریلوے کے بجٹ پر بحث کرتے ہوئے میں نے یہ عرض کیا تھا کہ سکھر میں ۳۰ ریلوے ملازمین کے خلاف جرگے کے قانون کے تحت کارروائی کی جا رہی ہے ۔ ویسے آپ برسراقتدار ہیں اور اگر میں یہ کہہ دوں اور آپ برا نہ مانیں کہ آپ کا حکم اللہ کے حکم سے بھی زیادہ اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اقتدار اور طاقت آپ کے پاس ہے ۔ پنجابی میں کہا کرتے ہیں ''گھسن نیڑے یا رب نیڑے'' آپ کے پاس گھسن ہے ۔ ٹھیک ہے اور میرا یہ ایمان ہے کہ خدا موجود ہے لیکن گھونسا طاقت اور ڈنڈا اور اختیارات اور حکمرانی آپ کی ہے ۔ آپ اگر ایک غلط چیز کو درست کہیں تو ہمیں ماننا پڑے گا ۔ اگر مرد کو آپ نامرد کہیں تو بھی ہمیں ماننا پڑے گا ۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ تمام مغربی پاکستان کی آبادی جانتی ہے کہ اس قانون سے صوبے کے حالات بدتر ہوگئے ہیں اگر کوئی جواز آپ کے پاس ہے تو وہ محض طاقت کا ہے اس کے علاوہ اس قانون کو قانون کی کتاب میں رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ۔ آپ اپنے ساتھ اور حکومت کے

ساتھ اور عوام الناس کے ساتھ جن کے آپ بھی خواہ بنے پھرتے ھیں زیادتی کر رھے ھیں آپ نے اس قانون کو بنایا اور بنا کر جس طریقہ سے اس کو استعمال کیا ھے وہ ھرگز درست نہیں ۔ کیا ھی بہتر ھوتا کہ آپ اپنی غلطی کا احساس کرتے ۔ محض قانون بنانے سے حالات نہیں بدل سکتے ۔ قانون انسانوں نے چلانا ھوتا ھے جب تک آپ انسانوں کی حالت نہیں بدلیں گے اپنے رویہ کو نہیں بدلیں گے کوئی اچھی مثال پیش نہیں کریں گے قانون بذات خود نافذ ھو نہیں سکتا جہاں تک قانون کا تعلق ھے میں اس ایوان میں یہ ثابت کرچکا ھوں کہ وہ قانون جس کے بارے میں ھمیں کسی مسلمان کو ذرہ بھر بھی اختلاف نہیں ھو سکتا وہ آپ کے نزدیک پرانا قانون ھے آپ اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ۔ جس قسم کا شیطانی قانون جس سے شیطانیت بڑھتی ھے جس سے ڈاکے اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ ھوتا ھے جس سے سمگلنگ پہلے سے کئی گنا بڑھ چکی ھے اور آج اختیارات کی حالت یہ ھے کہ آپ دن بدن اختیارات حاصل کرتے جاتے ھیں لیکن ان کے استعمال کا آپ کو طریقہ بھی نہیں آتا ۔ میں آپ کو بصد ادب بلکہ میں آپ سے دست بستہ التجا کروں گا کہ آپ کم از کم اس بارے میں بالکل غیر جانبدارانہ طور پر سوچ سمجھ کر اللہ کے سامنے جواب دھی کا احساس رکھتے ھوئے آج یہ فیصلہ کریں کہ اس مسودہ قانون کو میری معروضات کے مطابق منسوخ کرنا چاھئے یا اس کی موجودگی کے لئے کوئی وجہ جواز اب بھی باقی ھے ؟

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund); Sir, I have heard with great patience the speech made by Mr. Hamza but I fail to understand how this Criminal Law Amendment Act is responsible

for increase in the crime. It is good enough to say for the sake of appeal to the gallaries that by this law the crime has increased but how has it increased, the Member has not indicated. It is only an instrument of political agitation that this Bill has been produced for the purpose of victimizing harrassing, abusing and maligning the Government. The law has got various important features. My friends on the opposite side have always been clamouring for democratization of certain institutions. For their information may I call their attention to the fact that the Tribunal, under the Criminal Law Amendment Act, is formed from amongst the members of the public. The members of the public, who are people of status, education aud integrity, are placed on the panel and it is they who have to decide the fate of the people. I ask of them what is wrong about it ? Is it not in keeping with their agitation which they have always been keeping up and have always been saying that there should be democratization at this stage and there should be democratization at every level.

Here is an instance of democratization of the Tribunals where members from the public will sit and decide the cases. They know well, they know much more than the Magistrates and the Judges who are guided only by paper work and they know much more than the people who are confined to the four-corners of court-rooms. The members of the tribunal have been enabled to go out. There is a provision in the law that the Tribunal can go and visit the site, the Tribunal can make secret inquiries and the Tribunal can have all sorts of information made available to it for the purpose of arriving at just decisions. This is surely a step forward than what we had hitherto. Up to the year 1963, we had a law which was given to us by the Britishers where the Magistrate or the Judge would hear a witness and decide

what was deposed before him on oath and which was taken out on paper. He need not have gone into anything extraneous and he need not have gone out of the field of activity of the court for the purpose of deciding as to which way the justice lay. Today, the members are quite competent to find out facts, to find out the truth, wherever it may be embedded. They are competent to find out information from any source wherever it is available.

Khawaja Muhammad Safdar : Jurisprudence.

Minister of Law : Why to talk of Jurisprudence ?

From where have you got that Jurisprudence ? Is it a British innovation ?

Khawaja Muhammad Safdar : Fiqah-e-Islami.

Minister of Law : Fiqah-e-Islami is followed everywhere.

Sir, so far as the motto or the object of the law was concerned, it was to eradicate heinous offence. I ask the Members of the Opposition, those of them who have been practising in the courts of law, whether they have not come across almost every day with this foreign principle which is now available, namely, satisfaction of the court beyond reasonable doubt ? Does it not lead to frustration, disappointment and injustice ? It is very difficult to attain that standard that justice could be done if you keep in view the standard or satisfaction beyond reasonable doubt. Slightest doubt makes it incumbent upon a court of law to discharge or acquit the accused and what is said in the British Jurisprudence is that it is better that hundred persons should escape punishment rather than one innocent man is punished. This is alright, Sir, but under the garb of this theory people, who are really guilty are being acquitted. Therefore, I say that this law has enabled the Tribunal to find out the truth. Most heinous

offences, like murder, are committed in the shadow of the night and in the darkness of the night. There are offences of cattlelifting, where a pair of bullocks, owned by a cultivator, is lifted at night-time and the poor man is left with nothing. He is not only deprived of his livelihood but he is also deprived of all possible means of getting his livelihood. Such cases are to be referred to Jirga where the evidence is weak and the Tribunal will be able to find out and trace the culprit and punish him. This is another important feature of the law for the sake of which it is very necessary and incumbent that it should remain on the Statute Book. So far as the quickness of disposal and cheapness is concerned, nobody need have any lawyer even. The members are there to advocate the cause of justice and to find out the truth. Therefore, from the point of view of cheapness also this is a law which assists in the administation of justice. If I were to recount the objects of the law, I would require a whole day to convince this House and to convince my friends on the other side as to what are the important features of this law. This is a law which ultimately might, if the people of the country accept it, lead to jury-trial which is available in the most civilized countries. This is, in fact, a sort of trial which is available.

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

Minister of Law : Yes, it is.

مسٹر حمزہ - آج تک لاہور اور راولپنڈی ڈویژنوں کے کسی افسر کا کیس کیوں جرگہ میں نہیں بھیجا گیا ؟

Minister of Law : Yes, I am coming to the officers. So far as the officers are concerned I will stick to one sentence which has been uttered on the Floor of the House that in Lahore and Rawalpindi Divisions no case of corruption has been referred to Jirga so far during the last three years. For their information I might say that the Province does not consist of these two Divisions only. The Province consists of 12 Divisions

and elsewhere the cases might have been referred, If you want facts and figures, you can put a question and you will be given a reply. Then, Sir, only weak cases are to be referred generally. Now, imagine the case of corruption. A trap is laid if the officer asks for money immediately. The complainant goes to the Anti-Corruption Police and says, "so and so wants money". He is given some marked notes the numbers of which are taken down and the person is allowed to go and contact the defaulting officer. The Police force, the Magistrates, the Mashirs and the members from the public organise a raid and generally the officer who accepts bribe is caught red-handed. Now, in such cases, it is not necessary to refer the case to the Jirga. Here is a case where the accused should be tried and punished in the normal court of law. Only where the evidence is doubtful, only where the case is weak, the case shall be referred to the Jirga and, considering that principle, if in Lahore and Rawalpindi Divisions there have been no such weak cases what should Government do? Should the Government create cases for the purpose of feeding the Jirga? Should the Government send cases, which are not worthy of sending, for the purpose of feeding the Jirga? I don't understand the logic of all this. Its most important feature and the most valuable object is the spirit of compromise. There are certain communities in West Pakistan in which compromise is considered very valuable otherwise the two warring and fighting factions keep on fighting with each other. If there is a murder on one side committed by the members of the other faction then they don't care what is going to happen in a court of law. Whether the court of law convicts the accused or it acquits them does not matter but they must take revenge. Considering this aspect of the matter it was thought necessary that through Jirga, in a Tribunal, compromise

could be effected and one of underlying objects of this law was also the effect of compromise on the communities which carry on the vendetta for years and years. If a father has committed an offence, his son must pay for it or his grandson must pay for it. This is the spirit in some of communities and in order to over-come this spirit of revenge it was necessary that there should be some kind of reproachment which should be done through Tribunals. Therefore, keeping all this in view, this law need not be repealed and it should be kept on the Statute Book. With these words I resume my seat.

Mr. Senior Deputy Speaker: The question is :

> **That leave be granted to introduce the West Pakistan Criminal Law (Amendment) (Repeal) Bill, 1967.**

The motion was lost.

Mr. Senior Dehputy Speaker: We will now take up Part III i.e. bills which have been introduced already. First motion is from Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan; he is not present. Second motion is from Khan Ajoon Khan Jadoon; he is also not present.

THE WEST PAKISTAN CONTROL OF JAHEZ BILL, 1965

Mr. Senior Deputy Speaker: Next motion is from Sahibzadi Mahmooda Begum.

صاحبزادی محمودہ بیگم - جناب والا - میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں -

کہ مغربی پاکستان جہیز کنٹرول بل مصدرہ ۱۹۶۵ء کی جس کی سفارش مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور نے کی ہے فی الفور زیر غور لایا جائے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965, as recommended by the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs, be taken into consideration at once.

Mr. Senior Deputy Speaker : There is an amendment by Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani. Yes please move.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir I beg to move :

> That the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965, as recommended by the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs, be referred to a Select Committee consisting of the following Members :
>
> 1. Sardar Muhammad Ashraf Khan ;
> 2. Mr. Ahmedmian Soomro ;
> 3. Kazi Muhammad Azam Abbasi ;
> 4. Malik Qadir Bakhsh ;
> 5. Chaudhri Anwar Aziz ;
> 6. Chaudhri Muhammad Nawaz ;
> 7. Babu Muhammad Rafique ;
> 8. Nawabzada Rahim Dil Khan ;
> 9. Sahibzadi Mahmooda Begum ; and
> 10. The Mover.
>
> The quorum of the Committee shall be five Members.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion under consideradion, amendment moved is:

> That the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965, as recommended by the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs, be referred to a Select Committee consisting of the following Members :—
>
> 1. Sardar Muhammad Ashraf Khan ;
> 2. Mr. Ahmedmian Soomro ;
> 3. Kazi Muhammad Azam Abbasi ;
> 4. Malik Qadir Bakhsh ;
> 5. Chaudhri Anwar Aziz ;
> 6. Chaudhri Muhammad Nawaz ;
> 7. Babu Muhammad Rafique ;
> 8. Nawabzada Rahim Dil Khan ;
> 9. Sahibzadi Mahmooda Begum ;
> 10. The Mover.
>
> The quorum of the Committee shall be five Members.

There is no oppostion I will put the question.

The question is :

> That the West Pakistan Control of Jahez Bill, 1965, as recommended by the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs, be referred to a Select Committee consisting of the following Members :—
>
> 1. Sardar Muhammad Ashraf Khan ;
> 2. Mr. Ahmedmian Soomro ;
> 3. Kazi Muhammad Azam Abbasi :
> 4. Malik Qadir Bakhsh ;
> 5. Chaudhri Anwar Aziz ;
> 6. Chaudhri Muhammad Nawaz ;
> 7. Babu Muhammad Rafique ;
> 8. Nawabzada Rahim Dil Khan ;
> 9. Sahibzadi Mahmooda Begum ;
> 10. The Mover.
>
> The quorum of the Committee shall be five Members

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next two motions are from Khan Ajoon Khan Jadoon ; he is not present. Next motion is from Mr. Hamza ; he is also not present. Next motion Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani

---

THE BASIC DEMOCRACISE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1966

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir, I beg to move :

> That the Basic Democracies (West Pakistan Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Local Government, be taken into consideration at once.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That the Basic Democracies (West Pakistan Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Local Government be taken into consideration at once.

Minister for B.D. and Local Govt : Not Opposed.

The motion was carried.

Nawbzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir, I beg to move

خواجه محمد صفدر - اب تو شق وار بحث ہونی چاہئے -

The Member had moved that the Bill be taken into consideration and that motion has been carried. Now it has to be considered clause by clause into consideration.

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - لیکن اسکی opposition نہیں ہوئی -

Minister for Labour : Sir, at the time of the second reading of the Bill, every clause is to be put before the House.

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, I put the clause now. The question is :

That clause 2 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Short Title :

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, in the short title, it should be '1967' instead of '1966.'

Mr. Senior Deputy Speaker : Please move an amendment to that effect.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I move :

That in clause 1, for the figures '1966' the figures '1967' be substituted.

Minister of Basic Democracies : Sir, that amendment is accepted.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

That in clause 1, for the figures '1966' the figures '1967', be substituted.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That Short Title as amended be Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Now the Preamble, the question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion now.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir, I beg to move :

That the Basic Democracies (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 as amended be passed.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

That the Basic Democracies (West Pakistan Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

The motion was carried.

THE N.-W. F. P. PRE-EMPTION (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion, Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan.

Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan : Sir, I beg to move :

That the NWFP Pre-emption(West Pakistan Amendment) Bill, 1965, are recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

Minister of Revenue : Not opposed.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved, the question is :

That the NWFP Pre-emption(West Pakistan Amendment) Bill, 1965 are recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

حاجی سردار عطا محمد - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - یہ ساری کارروائی انگریزی زبان میں ہو رہی ہے اور یہ ایک اہم بل ہے جس پر ہم کچھ بولنا چاہتے ہیں اس لئے یا تو آپ ہی اس کے متعلق اردو میں کچھ وضاحت کر دیں اور یا پھر ان سے کہیں کہ وہ اردو میں بات کریں تاکہ ہم بھی سمجھ سکیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : It is not a point of order.

We shall now take up the Bill clause by clause. The question is :

That clause 2 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Preamble. The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Short Title.

Minister of Law : Sir, I may suggest a small amendment to move :

That in clause 1, for the figures '1966' the figures '1967' be substituted.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

That in clause 1, for the figures '1966', the figures '1967' be substituted.

Mr. Senior Deputy Speaker : There is no opposition.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That Short Title as amended be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, next motion.

Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan: Sir, I beg to move :

That the NWFP Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill 1965 as amended be passed.

Mr. Senior Deputy Speaker : motion moved is :

That the NWFP Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 as amended be passed.

The motion was carried.

THE QUETTA AND KALAT (CIVIL AND CRIMINAL LAW) ORDINANCE (AMENDMENT) BILL, 1966.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to move :

That the Quetta and Kalat (Civil and Criminal Law) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Home Affairs, be taken into consederation at once.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That the Quetta and Kalat(Civil and Criminal Law) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Home Affairs, be taken into consideration at once.

Minister of Law : Sir, I would make a short statement on this. For the information of the House I may say that the Quetta-Kalat civil and criminal laws are being reviewed and very shortly we will have a full-fledged law on this issue which will be all-embracing and the view-point of the learned Member will also be kept in view. In the light of what I have submitted now I will request the Member to seek leave of the House to withdraw this Bill and not to press it.

Khan Ajoon Khan Jadoon : In view of the statement of the Law Minister that we are going to have a law on this point shortly I would request for the leave of the House to withdraw this motion.

Mr. Senior Deputy Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his Motion ?

The motion was by leave withdrawn.

THE WEST PAKISTAN REDEMPTION AND RESTITUTION OF MORTGAGED LANDS (AMENDMENT) BILL, 1966.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion. Sahibzadi Mahmooda Begum.

صاحبزادی محمودہ بیگم - جناب والا - میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ :

مسودہ قانون (ترمیم) انفکاک و بحالی اراضیات مرہونہ مغربی پاکستان مصدرہ ۱۹۶۶ء جیسا کہ اس کے بارہ میں مجلس قائمہ برائے مال نے کی ہے فی الفور زیر غور لایا جائے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

> That the West Paktisan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

Minister of Revenue : No opposed.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

> That the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : We shall now take up the Bill clause by clause.

The question is :

That clause 2 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Dupty Speaker : Short Title.

Minister of Law : Sir, in the Short Title I beg to move :

That the Short Tittle be amended to read as follows :—

This Act may be called the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands (Amendment) Act 1967".

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

That the Short Title be amended to read as follows :—

"That this Act may be called the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands (Amendment) Act, 1967."

There is no opposition.

The motion is carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

The Short Title as amended be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

That the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands (Amendment) Bill, 1966 as amended be passed.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

> That the West Pakistan Redemption and Restitution of Mortgaged Lands (Amendment) Bill, 1966 as amended be passed.

The motion was carried.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion is Babu Muhammad Rafiq. The Member is not present.

As there is no other business left for today, the House is adjourned to meet again tomorrow, the 4th July, at 8.00 A.M.

The Assembly then adjourned (at 12.10 p.m.) till 8.00 a.m. on Tuesday, the 4th July, 1967.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIFTH SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 4th July, 1967.

سہ شنبہ - ۲۵ ربیع الاول ۱۳۸۷ھ

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi, (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ۭ وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

(پ ۲۷۔ س ۵۷۔ رکوع ۱۹۔ ایات ۲۰ تا ۲۱)

مسلمانو! تم اچھی طرح جان لو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل و تماشا اور زینت (و آرائش) اور آپس میں ایک دوسرے کے مقابلے میں فخر کرنا اور آپس میں ایک دوسرے کے مقابل مال کی کثرت اور اولاد کی کثرت دکھانا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے بارش جس کے باعث لہلہاتی ہوئی کھیتی کسانوں کو بہت اچھی لگتی ہے پھر وہ زور پر آتی ہے پھر تو اس کو دیکھتا ہے کہ زرد پڑ جاتی ہے پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے اور آخرت میں (کافروں کے لئے) عذاب شدید اور مسلمانوں کے لئے اللہ کی طرف سے بخشش اور رضامندی ہے۔ اور یاد رکھو دنیا کی یہ زندگی تو محض متاع فریب ہے۔

اے لوگو! اپنے پروردگار کی بخشش کی طرف دوڑو اور اس جنت کی طرف جس کا عرض آسمان و زمین کے برابر ہے۔ اور جو ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہے دے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour. Chaudhri Muhammad Nawaz.

FORCIBLE PURCHASE OF GUIDE BOOKS BY STUDENTS

***4229. Chaudhri Muhammad Nawaz:** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether Government is aware of the fact that the students are forced by teachers to buy guide books in most of the schools in the Province ;

(b whether it is a fact that Government have issued instructions to the effect that students should be discouraged to take help from guide books ;

(c) if the answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the action Government intend to take against those responsible for forcing the students to buy guide books ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (a) Occasionally there are complaints that students are required to buy guide books by teachers.

(b) Yes.

(c) Goverament issued directive to the competent educational authorities to take action against the defaulters.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ اگر یہ گائیڈ بکس اتنی ہی خراب چیزیں ہیں کہ وہ طلباء کو نقصان پہنچاتی ہیں تو محکمہ تعلیم ان گائیڈ بکس کو بند کیوں نہیں کر دیتا ۔

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ جناب والا ۔ ایک پریس کالفرنس

میں گورنر صاحب کی توجہ اس طرف دلائی گئی تھی جس کے بعد انہوں نے حکم دیا تھا اور اس سلسلے میں ایک پریس نوٹ بھی جاری کیا گیا تھا جس کے ذریعے تمام طلباء کو ان گائیڈ بکس کے استعمال سے منع کیا گیا تھا۔ ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کو بھی ہدایات جاری کی گئی تھیں کہ جو اساتذہ بچوں کو یہ ترغیب دیتے ہیں کہ وہ گائیڈ بکس پڑھ کر امتحانات دیں، ان کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔

چودھری محمد نواز۔ جناب والا۔ جناب وزیر موصوف کے جواب کے حصہ (الف) اور (ب) میں، تضاد ہے کیونکہ جب ان کے محکمے کے عام میں یہ بات تھی کہ طلباء کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ گائیڈ بکس خریدیں اور آپ نے اس سلسلے میں ہدایات بھی جاری کی تھیں، تو پھر کیا وجہ ہے کہ آپ کی ہدایات پر عمل درآمد نہیں ہوا اور آپ نے ان کے خلاف کیا کارروائی کی ہے۔

وزیر تعلیم۔ جناب والا۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں اور جہاں تک ہمیں علم ہے ان ہدایات پر سختی سے عمل کیا جا رہا ہے اور ان ہدایات کے جاری کرنے کے بعد ہمیں کوئی خاص شکایات اس سلسلے میں موصول نہیں ہوئیں لیکن اگر اس کے باوجود بھی کوئی شکایت موصول ہوئی تو ہم اس کے سخت ترین کارروائی کرنے کے لئے تیار ہیں۔

مسٹر حمزہ۔ جناب سپیکر۔ جیسا کہ جناب وزیر تعلیم نے فرمایا ہے کہ یہ امدادی کتابیں یا خلاصے کوئی اچھی چیز نہیں ہیں میں ان

سے دریافت کرتا ہوں کہ ان کے محکمے نے اس قسم کی کتابیں چھاپنے پر پابندی کیوں نہیں لگائی تاکہ نہ رہے گا بانس اور نہ بجے گی بانسری ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو علم ہے یہ محکمہ تعلیم کے بس سے باہر کی بات ہے اور یہ شاید پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس کے تحت رد کی جا سکتی ہیں یا کسی اور قانون کے تحت اسے روکا جا سکتا ہے ۔ بہر حال یہ ہمارے دائرہ اختیار سے باہر ہے ۔ لیکن ہماری کوشش یہی ہے کہ ایسی کتابیں سکولوں میں نہ پڑھائی جائیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کیا وزیر تعلیم مجھے یہ بتائیں گے کہ آیا حکومت کے محکموں میں آپس میں کوئی تعاون یا رابطہ نہیں ہے ۔ اگر حکومت کی پالیسی یہ ہے کہ ایسی کتابوں کو سختی سے روکا جائے ، تو کیا وزیر تعلیم نے وزیر اطلاعات کے ساتھ کوئی خط و کتابت یا تبادلہ خیالات کیا ہے ، اگر نہیں کیا ، تو کیوں ؟

وزیر تعلیم ۔ میں نے عرض کر دیا ہے کہ سیکرٹری محکمہ تعلیم کی طرف سے ڈائریکٹر محکمہ تعلیم کو خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں ۔

If you allow me to read the press note issued in this connection by the Government. It is really very very clear.

مسٹر سپیکر ۔ ان کا سوال یہ ہے کہ آیا آپ نے اس سلسلے میں محکمہ اطلاعات کو کوئی تحریک کی ہے ۔

وزیر تعلیم - جناب والا - یہ پریس نوٹ بالکل واضح ہے - اس میں یہ ہدایت جاری کی گئی ہے کہ طلباء کو گائیڈ بکس نہ پڑھائی جائیں اور نہ ہی ان کو اس قسم کی کتابیں پڑھنے کے سلسلے میں encourage کیا جائے - ویسے تو طلباء پرائیویٹ ٹیوشن بھی رکھ لیتے ہیں اور اس سے تو ہم ان کو نہیں روک سکتے - لیکن جہاں تک محکمہ تعلیم کا تعلق ہے ، ہم نے ان کو ہدایات جاری کر دی ہیں کہ صرف نصابی کتب ہی طلباء کو پڑھائی جائیں اور کلاسوں میں اساتذہ ان کو جو لیکچرز دیتے ہیں ان کو توجہ سے سنیں اور اپنے امتحانات پاس کریں اور اس سلسلے میں امدادی کتب سے امداد نہ لیں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں نے جو سوال کیا تھا ، جناب وزیر صاحب نے اس کا جواب نہیں دیا - میں نے یہ دریافت کیا تھا کہ اگر ان کے نزدیک اس قسم کی امدادی کتب طلباء کے لئے نقصان دہ ہیں تو کیا وہ اس مسئلے کے متعلق وزیر اطلاعات سے رابطہ پیدا کر کے اس قسم کی امدادی کتب پر پابندی لگانے کے لئے تیار ہیں -

وزیر تعلیم - جی ہاں - میں اس کے لئے تیار ہوں -

PRIMARY SCHOOL IN CHAK NO. 88/12-L (SMALL) TEHSIL AND DISTRICT SAHIWAL.

*4232. **Chaudhri Muhammad Nawaz**. Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that building for the primary school in Chak No 88/12-L, (Small) Tehsil and District Sahiwal, was

constructed about two years ago but the classes have not so far been started therein ; if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): A Primary School at Chak No. 88/12-L, Tehsil and District Montgomery has started functioning from 22nd October 1966.

ملک محمد اسلم خان ۔ یہ سکول کب بنایا گیا تھا ؟

Parliamentary Secretary: Sir, the answer is very clear. It says: "A Primary School at Chak No. 88/12-L, Tehsil and District Montgomery has started functioning from 22nd October 1966."

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ جواب یہ تھا کہ یہ سکول بن گیا ہے ۔ اس سکول نے کافی عرصہ کے بعد کام شروع کیا ہے اور اس نے بائیس جون ۱۹۶۶ء سے کام شروع کر دیا ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ اس سکول کی عمارت کافی عرصہ سے تیار تھی لیکن اس نے کام شروع نہیں کیا تھا جس کی وجہ یہ ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں پہلے تو سکولوں کے لئے عمارتیں نہیں ہوتیں ، اگر عمارتیں ہوتی ہیں تو پھر ان کے لئے اساتذہ دستیاب نہیں ہوتے اور کئی سکولوں میں تو کوئی چیز نہیں ملتی ، تو کیا اس سکول کے تاخیر سے کام شروع کرنے کی وجہ یہی تو نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب ۔ آپ کا سوال یہ ہے کہ اس سکول کی منظوری کب ہوئی تھی ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جی ہاں ۔

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ جناب والا ۔ جس طرح سوال سے ہی ظاہر ہے کہ سکول کی عمارت دو سال ہوئے کہ تعمیر ہو چکی تھی ۔ چنانچہ ۱۹ء ۔ ۱۹۶۵ء میں چونکہ فنڈز کی کمی تھی اس لئے اس سال کوئی پرائمری سکول نہیں کھولا گیا تھا اور اس لئے ہم اس سکول کے لئے بھی رقوم مہیا نہیں کر سکے تھے ۔ اب چونکہ مزید پرائمری سکول کھولے گئے ہیں اس لئے ان کی رقوم میں سے اس سکول کو بھی حصہ مل گیا ہے اور اس سکول نے بائیس جون ۱۹۶۶ء سے کام شروع کر دیا ہے ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ جواب سے ظاہر ہے کہ اس سکول نے دو سال کے بعد کام شروع کیا ہے ، تو کیا میں یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ پہلے تو وہ سکولوں کی عمارات کی تعمیر کی اجازت دے دیتے ہیں لیکن بعد میں ان کے پاس اتنا سامان اور اتنی رقم نہیں ہوتی کہ وہ کسی سکول کو جاری کروا سکیں ، تو کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ آپ سکولوں کی عمارات کی تعمیر کے ساتھ ساتھ ان کو اساتذہ کے تقرر اور دیگر سامان وغیرہ کے لئے بھی رقوم دے دیا کریں تاکہ سکولوں کا اجرا بروقت ہو سکے ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ جب یہ سکول تعمیر ہوا تو ساتھ ہی پاک بھارت جنگ شروع ہو گئی اور جتنے بھی فنڈز تھے ، وہ اس کے نتیجے کے طور پر freeze ہوگئے ۔ یہ کس کو معلوم تھا کہ بھارت پاکستان پر حملہ کر دے گا اور اس طرح ہمارے کئی ایک منصوبے ادھورے رہ جائیں گے ۔

ACTION ON RESOLUTION FOR MAKING PUSHTO AS MEDIUM OF INSTRUCTION UP TO PRIMARY CLASSESS IN FORMER N.W.F.P.

*5188. **Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether the resolution passed by the Provincial Assembly on the 2nd July, 1964 for making Pushto as the Medium of Instruction up to the Primary Classes in the former N.-W.F.P. has been accepted by Government ;

(b) if answer to (a) above be in the the affirmative, the action so far taken to implement it and if no action has been taken, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Not yet.

(b) Question does not arise.

بابو محمد رفیق ۔ "Not Yet" سے کیا مراد ہے ۔ کیا کبھی ہونے کی امید ہے ؟

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ "Not Yet" سے مراد ہے کہ فی الحال یعنی موجودہ وقت سے کوئی ایسی سکیم نہیں ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ کیا وزیر موصوف وہ وجوہات بتا سکیں گے کہ جن کی وجہ سے یہ مسئلہ ابھی تک معرض التوا میں پڑا ہوا ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ اس کی بڑی وجہ یہی ہے کہ تقریباً گذشتہ سو سال سے

سابق صوبہ سرحد اور بلوچستان میں جتنے بھی سکول ہیں ، ان میں Medium ofinstruction اردو ھی چلی آ رھی ہے اور اس کے پیش نظر اب اردو کو پشتو m:dium of instruction میں تبدیل کرنے سے بجائے فائدے کے الٹا نقصان ہی ھوگا کیونکہ باوجودیکہ ان علاقوں میں پشتو زبان بولی جاتی ہے لیکن پھر بھی ذریعہ تعلیم اردو زبان ھی تھا۔ بہر حال اب پشتو زبان کو پرائمری سکولوں میں لازمی قرار دے دیا گیا ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ وھاں پر ذریعہ تعلیم اردو ہے لیکن وھاں پرائمری سکولوں میں پشتو لازمی قرار دے دی گئی ہے ، تو کیا حکومت نے اس کے لئے کوئی نصابی کتابیں منظور کی ہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ جب کوئی مضمون کسی سکول میں لازمی طور پر پڑھایا جائے تو یہ لازمی ہوتا ہے کہ اس کے لئے نصاب بنایا جائے ۔

DANCING BY GIRLS STUDENTS IN SCHOOLS AND COLLEGES

***5231. Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that staging of Dramas and dancing by girl students in Schools and Colleges of the Province were disallowed some time ago under instruction of the Provincial Government ;

(b) whether it is a fact that the Central Government have recently directed the Provincial Goverenment to relax the said restrictions ; if so, the action taken by the Government in the matter ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) No. There was no ban imposed through certain guiding principles were laid down.

(b) No.

سید عنایت علی شاہ ۔ انہوں نے بتایا ہے کہ کوئی پابندی نہیں البتہ رہنمائی کے لئے چند اصول مرتب کئے گئے ہیں ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ اصول کیا تھے ؟

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ اس کی جب classification ہو گی ۔

It was considered as banned but it was clarified and guidelines were issued by the Director of Education to implement those. With your permission, Sir, I would read out for the benefiit of the Members :

"There is no intention on the part of....."

Mr. Speaker : There is no need to read it.

FIXING PAY OF TEACHERS THEOLOGY IN THE PROVINCE

*5235. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Education be pleased to state whether any scale of pay has been fixed for

teachers of theology at present serving in the Government educational institutions in the Province ; if not, the steps Government intend to take in the matter and to bring the theology teachers on an equal footing with other teachers ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Yes.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ اس میں دو سوال پوچھے گئے تھے ۔ ایک تو یہ کہ کیا ان کے لئے تنخواہوں کا کوئی scale fix کیا گیا ہے ۔ آپ نے کہا کہ جی ہاں ۔ لیکن یہ نہیں بتایا کہ دینیات کے اساتذہ کو دوسرے اساتذہ کے برابر لانے کے لئے کیا اقدام کیا ہے اس کے متعلق یہ جواب خاموش ہے ۔ کیا آپ اس کی تشریح فرمائیں گے ۔

Parliamentary Secretary : Sir, the scales of pay for teachers serving in the Government educational institutions have already been fixed vide Finance Department Notification No. 115/63-17/10, dated 26th February, 1965. These scales were fixed after careful scrutiny and persently the Government does not contemplate their revision to bring them at par with those of other teachers.

Teaching Holy Quran in Schools and Colleges of the Province

*5247. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) the arrangements which exists at present in Schools and Colleges of the Province for teaching the Holy Quran to muslim students and the time devoted each day to the teaching of the Holy Quran in each class ;

(b) whether any syllabus has been prescribed for teaching the Holy Quran to students in schools ;

(c) whether qualified teachers have been employed to teach the Holy Quran in schools and colleges, if not, the action Government intend to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Islamiyat which includes the teaching of the Holy Quran is a compulsory subject for muslim students for Classes I to X and elective subject in Higher classes. The Holy Quran Nazira is completed by the time the students pass Class VIII. At all stages of education, selected Suras and Ayats of the Holy Quran are taught with translation and explanation. The schools and colleges devote suitabe time according to the local conditions to the teaching of the Holy Quran. No schedule can be fixed for all the schools but the institutions are required to fulfil the requirements of the syllabus.

(b) Yes.

(c) Teachers who are competent to teach the Holy Quran teach it in Schools. In Colleges, there are separate lecturers of Islamiyat. Government have made Islamiyat compulsory in the Teachers Training Institutions so that in future all the teachers receive competence in teaching this subject in schools. Training is also imparted to in-service teachers, periodically.

Pension Cases of Teachers Transferred to Provincial Education Department by District Council, Rawalpindi.

*5554. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Education be pleased to state whether it is a fact that pension cases of some teachers whose services

were transferred to the Provincial Education Department by the District Council Rawalpindi in 1962 are still pending, if so, the number of the said cases and the time by which these cases will be finally decided ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : No.

TRANSFER OF LECTURERS IN GOVERNMENT COLLEGES OF RAWALPINDI REGION.

*5557. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Education be pleased to state the names of the lecturers in Government Colleges of Rawalpindi Region who were transferred from one place to another during the last three years after their stay at one station for only three months or even for lessers periods and the reasons for so quick transfers in each case ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) :

Name	*Reasons for transfer*
Government Inter College, Lyallpur	
1. Mr. Muhammad Anwar Ch., Lecturer in Chemistry.	He was transferred from Government Inter College, Lyallpur to Government Degree College, Lyallpur, on the recommendations of the Principal of the latter College, as he was suitably qualified and it was, therefore, considered advisable to post him in the Degree College.
Government Inter College, Kahuta.	
2. Mr. Munwar Hussain, Lecturer in Mathematics.	Personal request.

Government Inter College, Jhelum.

3.	Mr. Jamil Ahmad, Lecturer in Biology.	This Lecturer being M.Sc. in Zoology was unable to teach Inter. Classes in the subject of Biology. He was accordingly transferred to the Government College, Jhelum on the recommendation of his Principal.
4.	Mr. Abdul Majid, Lecturer in Biology.	Personal request.
5.	Mr. Riaz Hussain, Lecturer in Biology.	He was transferred as a result of the transfer of Mr. H. A. Rizvi, Lecturer in Biology, Government College, Mianwali who had completed more than three years at that station and was transferred to Jhelum, on his own request.

Government Training College, Lyallpur.

(b) Yes ; a proposal for the establishment of a teaching Hospital in the University of Peshawar for the above said purpose had been prepared and a scheme has now been finally approved by the Executive

Committee of the National Economic Council. The project will cost about Rs. 1.5 crore.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ اس پر کب تک عمل درآمد شروع کیا جائیگا ؟

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ جناب والا ۔ اس پر کام عنقریب شروع کیا جائیگا اور خیال ہے جون ۱۹۶۹ تک کام مکمل ہو جائیگا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ ۱۹۶۷-۶۸ء میں جو رقم provide کی گئی ہے کیا اسی سال کام مکمل ہو جائیگا ؟

وزیر تعلیم ۔ جناب والا ۔ ۱۹۶۶-۶۷ میں نیشنل اکنامک کونسل نے اس کی توسیع کر دی تھی ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ کام عنقریب شروع ہو جائیگا ۔ خیال ہے غالباً جون ۱۹۶۹ء تک کام مکمل ہو جائیگا ۔

MIDDLE SCHOOL IN CHAK NO. 43 FATEH TEHSIL CHISHTIAN

***7811. Sahibzada Noor Hassan :** Will the Minister of Education be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that middle school in chak No. 43 Fateh, Tehsil Chistian, was established by Government in 1952 on experimental basis ;

(b) whether it is a fact that the said school is running successfully for the last 15 years and seven teachers are working there at present ;

(c) whether it is a fact that the District Ins ector of Schools concerned made a recommendation for making the said Schools a permanent one and it was included in a list prepared for this purpose ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, why the said school has not been made permanent so far and whether Gevernment have any scheme under consideration in this regard ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) Yes. The middle classes were added in 1953 and not in 1952 on experimental basis on the undertaking that the expenditure for the middle classes would be borne by the public.

(b) Yes. Eight teachers and not seven are working in this school at present.

(c) Yes.

(d) The school could not be upgraded on account of the low priority that it received in the past. It will be considered for upgradaion during 1967-68 on the basis of merit.

صاحبزادہ نور حسن ۔ جناب والا ۔ جواب میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس سکول کو ۱۹۵۳ء میں یعنی آج سے چودہ سال قبل مڈل سکول کا درجہ دیا گیا تھا ۔ اب وہاں پر طلباء کی تعداد کافی ہے لیکن اس کے باوجود بھی وہاں آٹھ اساتذہ کو کم کیا جا رہا ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سکول کو ان چودہ سالوں میں مناسب ترجیح کیوں نہیں دی گئی ۔

Minister of Education (Mr. Muhammad Ali Khan) : It was considered for gradation in 1965-66 and again in 1966-67 but it was given a very low priority and coul l not be taken up. This year, it is being considered on merit basis.

SETTING UP OF A PRIMARY SCHOOL FOR GIRLS AT VILLAGE ALI GOHAR, TEHSIL BAHAWLANAGAR

*7813. **Pir Muhammad Zaman Chishti** : Will the Minister of Education be pleased to state : –

(a) whether it is a fact that one year ago the District Council Bahawalnagar approved setting up of a Primary School for Girls at Village Ali Gohar No. 326, Basti Ahmadpur Chishti, Tehsil Bahawalnagar ;

(b) whether it is a fact that the inhabitants of the said village constructed building for the said school on self help basis ;

(c) whether it is a fact that the concerned Inspector of Schools conducted on the spot inspection of the said school building and gave an assurance to the Chairman, Union Council Pir Sunder and village people to the effect that a lady teacher would be stationed at the said school at an early date ;

(d) whether it is a fact that no lady teacher has since been posted in the said school so far ; if so, reasons therefor and the likely date by which a lady teacher would be appointed there ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (a) No.

(b) Yes.

(c) No. The District Inspectress of Schools. Bahawalnagar visited the place at the request of the people of the ilaqa who assured that a girls school would soon be got sanctioned by the Government. It was on the basis of this assurance that the said District Inspectress of Schools promised to spare a teacher temporarily for this village in anticipation of Government sanction.

(d) No. A lady teacher has since joined there and started working from the 15th June, 1967 as a stop-gap arrangement.

مسٹر محمد زمان چشتی ۔ جناب والا ۔ میں اس میٹنگ میں خود موجود تھا اور یہ ڈسٹرکٹ کونسل میں منظور ہوا تھا لیکن ابھی تک وہاں کوئی استانی نہیں گئی ہے ۔ ہمارے وزیر صاحب بڑے شریف آدمی ہیں لیکن محکمے والے بڑے ہوشیار ہیں اور وہ ان کو اس قسم کی اطلاعات مہیا کر دیتے ہیں میں آپ کو یہ بتا رہا ہوں کہ وہاں پر کوئی استانی نہیں گئی ہے ۔

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ جناب والا ۔ جواب سے صاف ظاہر ہے کہ پندرہ جون سے ایک ایڈی ٹیچر وہاں تعینات کر دی گئی ہے ۔

مسٹر محمد زمان چشتی ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ابھی تک وہاں کوئی استانی نہیں گئی ہے اور اگر گئی ہو تو آپ جو سزا چاہیں مجھے دے دیں ورنہ پھر اس محکمے والوں کو سزا دیں کہ جنہوں نے یہ غلط اطلاع آپ کو دی ہے ۔

Mr. Speaker : Will the Minister please take it up and make a statement tomorrow?

Minister of Education : Yes, Sir.

SUBLETTING ROUTE PERMITS BY MALIK GHULAM NABI TO MR. NAZIR AHMAD

*7817. **Malik Muhammad Akhtar** : Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that in May, 1967 a telegraphic complaint was made by Malik Saeed Hassan a B.D. Member of Lahore against Ghulam Nabi, an *ex*-M.L.A. of the former Punjab to the Governor, West Pakistan and a copy thereof to the Commissioner Lahore Division alleging that the said Malik Ghulam Nabi has sublet the route permits as were granted to New Malik Transport Company to one Mr. Nazir Ahmad at Rs. 3,200 per month and the said Nazir Ahmad is benami owner of being vehicles plied against the said permits ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the action taken or intended to be taken by Government on the said complaint ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (a) Yes.

(b) The R.T.A. Lahore has issued show cause notice to Malik Ghulam Nabi, as required under section 62 of Motor Vehicles Ordinance, 1965, for considering suspension/cancellaton of permits.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب موصوف کو نوٹس جاری کئے ہوئے کتنا عرصہ ہوا ہے یعنی ان کو یہ نوٹس کس تاریخ کو جاری کیا گیا تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ تیس مئی ۱۹۶۷ء کو ۔

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

ملک محمد اختر ۔ لوٹ مچی ہوئی ہے ۔ کرپشن ہو رہی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیئے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں نے ایک سوال پوچھا تھا

جس کی باری پانچ جون کو تھی لیکن مجھے اس کا جواب موصول نہیں ہوا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کون سا سوال تھا ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ یہ نشان زدہ سوال تھا نمبر ۶۲۱۳ ۔ یہ پانچ جون کی فہرست میں چھپا تھا لیکن اس میں یہ لکھا تھا کہ جواب موصول نہیں ہوا ۔ تو میں آپ کی وساطت سے یہ گذارش کروں گا کہ ان کے پاس جواب آ گیا ہے ۔ وہ مجھے اس کا جواب دے دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ آپ میرے چیمبر میں تشریف لائیں وہاں اس سوال کا جواب منگوا کر دیکھیں گے کہ اس کی کیا صورت ہے ۔

———

SHORT NOTICE QUESTIONS AND ANSWERS.

Mr. Speaker : We will now take up short notice questions.

Mr. Zain Noorani may please read out his question.

CHARGING OF MUSLIM CESS FROM AGRICULTURAL LAND OWNERS OF KARACHI DISTRICT

***6257. Mr. Zain Noorani :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the Governmenr is Charging Muslim Cess. calculated at 9 paisa per rupee, from the agricultural land owners of to Karachi District ;

(b) whether the Muslim Cess is charged from the land owners in any other part of West Pakistan ;

(c) if answer to (b) above be in the negative, reasons for charging the said Cess in Karachi and whether Government intend to consider the advisability of discontinuing the charging of said Cess in future ;

(d) where and how has the amount realised as Muslim Cess, been utilised during the last five years ?

Minister of Revenue (Mr. Ghulam Sarwar Khan) : (a) A Muslim Cess on Land Revenue at 6 paisas per rupee and not 9 paisas in old 54 deh of Karachi District is being charged. The Cess is not charged in 37 dehs of Thatta district now attached to Karachi District.

(b) The information is being collected.

(c) The matter is being thoroughly examined in consultation with Basic Democracies and Education Departments and Commissioner, Karachi Division. For the time being the Revenue Officer have been directed not to recover the Cess.

(d) The amount has been credited to the General Revenue of Government.

Mr. Zain Noorani : Since I have a recent demand note from the Revenue Department over here, would the Minister of Revenue be kind enough to inform the House as to from what date the Revenue Officers have been asked not to collect this cess ?

Whatever has been collected has been collected. We will tell them not to collect beyond that.

Mr. Speaker : When has the Minister issued those instructions ?

Minister of Revenue : After the receipt of this question.

Mr. Zain Noorani : What is the origin of this cess and since when is it being collected ?

Minister of Revenue : We have asked the Commissioner, Karachi Division, and he has informed that this cess is being collected since 1952 from the 54 Dehs which were included in the Karachi Division. The 32 Dehs, which were added afterwards, from Thatta are not being levied with this cess.

Mr. Zain Noorani : Since, according to the Minister this cess is being collected from 1952, obviously, quite a sizeable amount must have been credited to the general revenue of the Government. I would like to ask the Minister, through you, Sir, whether the Government would consider transferring the total amount collected as Muslim Cess Fund in Karachi, and credited to the general revenue of the Government, to an appropriate head for some welfare scheme of the area from which it was collected as was done in the case of Sind Muslim Education Cess Fund.

Minister of Revenue : We will examine this aspect of the case.

Mr. Speaker : Next question, Mr. Jadoon.

PERMISSION TO M. P. AS TO STAY AT M. N AS HOSTEL AT RAWALPINDI

*7932. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that M. N. As have been permitted by Government to stay at M. P. As Hostel Lahore and make use of the facilities and amenities available to M. P. As whenever they visit Lahore on

official or private visit except when the Provincial Assembly is in session ;

(b) whether it is a fact that recently M. P. As have been permitted to stay at M. N. As Hostel Rawalpindi when they visit Rawalpindi on official duty only ;

(c) whether the Provincial Government has approached the Central Government to allow M. P. As to stay at M. N. As Hostel at Rawalpindi whenever they visit Rawalpindi even on private visit ;

(d) if answer to (c) above be in the affirmative, whether the said request has been accepted by the Central Government ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes ;

(b) Yes ;

(c) Yes ;

(d) Reply from the Central Government is awaited.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ جب مرکزی حکومت نے ہمیں یہ اجازت دے رکھی ہے کہ جب ہم وہاں ڈیوٹی پر جائیں تو ہم M.N.A.'s Hostel میں ٹھہر سکتے ہیں تو کیا اسکے لئے ہماری صوبائی حکومت نے ان سے کوئی request کی تھی ۔

Parliamentary Secretary : The Central Government has actually been moved by the Provincial Government on 8th June, 1967, for providing the same facilities and amenities to the MPAs, as have been provided to the MNAs during their stay in the Pipals. A reminder in this connection was also issued on 30th June, 1967, and through you, Mr. Speaker I assure the Members of this august House that they will be provided the same facilities and amenities as are being provided to the MNAs in the Pipals and it is their right and they must get it.

چودھری محمد نواز - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کے جواب سے یہ سمجھ لیا جائے کہ جو ایم پی اے صاحبان راولپنڈی جائیں تو اس ہوسٹل میں ٹھہر سکتے ہیں - پہلے آپ نے اطلاع دی تھی کہ کوئی ایم پی اے ڈیوٹی پر جائے تو پھر وہ ٹھہر سکتے ہیں کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اب کیا پوزیشن ہے -

Parliamentary Secretary : I think Sir, Mr. Nawaz has not actually understood my answer rightly. I said that they will be allowed the facilities, and of course, it will take some time.

SUIT FOR PRE-EMPTION OF AGRICULTURAL LAND SITUATED IN VILLAGE AFZALABAD, TEHSIL CHUNIAN

*7934. **Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a suit was instituted on 31st May, 1945 for pre-emption of agricultural land situated in village Afzalabad, Tehsil Chunian by Piar Singh, etc. against Malik Ilam Din, etc. in the Court of Civil Judge Lahore and the same was decreed in favour of Piar Singh and Arjan Singh, etc. on 12th March, 1947 on payment of Rs. 64,500 and the decree holder deposited the amount after deducting the expenses of the suit ;

(b) whether it is a fact that the said Piar Singh, etc. applied to the Civil Judge for execution of the decree and the possession of land was given to them on Ist May, 1947,—*vide* concerned Patwari's *Roznamcha* No. 540, dated Ist May, 1947 ;

(c) whether it is a fact that the above said Judgement debtor, Malik Ilam Din, applied to the Civil Court on 4th November, 1947 for the payment of Rs. 64,093 annas 10 ;

(d) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, (i) date of deposit of decretal amount by Piar Singh, etc. the decree holders (ii) the amount deposited (iii) number of deposit of the amount in Treasury or the Bank and number of Deposit with the Civil Court and (iv) date of withdrawal, number of cheque, name and address of the person who withdrew this amount ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Sir, I could not furnish reply; it may be deferred for 6th July.

Mr. Speaker : Has Ch. Muhammad Idress any objection ?

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ اس سے پہلے بھی میرے ایک اور سوال کا جواب نہیں دیا گیا ۔inspite of my repeated requests

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میرے پاس اس کا جواب ہے ۔ میں عرض کر دوں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ کو اعتراض تو نہیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ مجھے اعتراض تو نہیں لیکن میں عرض کروں گا کہ جب ہاؤس میں اس case کے متعلق سوال آیا تھا تو وزیر مال نے assurance دی تھی کہ وہ فائل مجھے دکھا دیں گے لیکن فائل نہیں دکھائی گئی ۔ اگر وزیر صاحب سیشن ختم ہونے سے پہلے مجھے دکھا دیں تو مہربانی ہو گی ۔

مسٹر سپیکر - آپ یہ بتائیں کہ اگر اسے ۶۷-۷-۶ تک ملتوی کر دیں تو آپ کو اعتراض تو نہیں -

چودھری محمد ادریس - جی نہیں -

Mr. Speaker : This question will be taken up on the 6th July.

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان) - جناب والا - فائل ہمارے پاس رکھی ہوئی تھی - دوسرے دن غالباً اتوار تھا میں نے اپنے پرائیویٹ سیکرٹری کو کہہ دیا تھا کہ ادریس صاحب کو فائل دکھا دی جائے - ادریس صاحب کو خود چاہئے تھا کہ آکر فائل دیکھ لیتے - یہ open file ہے اور کورٹ میں ہے اگر آپ حکم دیں تو وہاں سے منگوا لیں -

---

USE OF AGRICULTURAL MACHINERY AT SUBSIDIZED RATES BY MR. Z.A. BHUTTO, FORMER FOREIGN MINISTER OF PAKISTAN TO DEVELOP HIS LAND IN LARKANA DISTRICT

***7936. Sardar Ahmed Sultan Chandio** : Will the Miuister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a representation has recently has been made to the effect that Mr. Z.A. Bhutto, former Foreign Minister of Pakistan, used agricultural machinery at subsidized rates to develop his land in Larkana district from 1961 to 1966 ;

(b) whether it is a fact that the following persons got tractors at subsidized rates in Larkana district to develop their lands from 1961 to 1966—

1 Matoo Khan son of Fateh Muhammad.

2 Chuto Khan son of Muhammad Malook.

3 Kauro son of Grahi.

4. Ariz Muhammad son of Kadir Bux.

5. Ali Muhammad son of Sattar Dino.

6. Idan son of Muhammad Khan.

7. Nabi Bux son of Kadir Bux.

8. Rustam son of Udho Khan Aureja.

9. Shah Muhammad son of Dil Muhammad.

10. Umed Ali son of Achar Jakhro.

11. Muhammad Iqbal son of Muhammad Siddique.

12. Sedroo son of Ilahi Bux.

13. Udho son of Ghausal Bhutto.

14. Soomar Khan son of Wahid Bux.

15. Hajjan of Muhammad Saleh.

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, the names of *Dehs* where the said tractors were used and the details of land holdings of the said persons in the said *Dehs* ;

(d) the amount paid by each of the persons mentioned in (b) above as hire charges ;

(e) the period during which the said tractors were used by each of the said persons ;

(f) the terms and conditions on which the Agriculture Department gives the tractors at subsidized rates to small land holders and the names of the persons who hired tractors on subsidized rate; from 1961 to 1966 alongwith the areas they hold in their *khatus* records of lands in *Dehs* Rahuja, Izat Khan and Pano Dero and Sujawal in Larkana District ;

(g) whether it is a fact that a tractor was given at subsidized rate to Mst. Nasir Bibi daughter of Mr. Z.A. Bhutto for the development of her land in *Deh* Sujawal ; if so,

(i) the date on which the tractor was given and also the period for which the tractor remained on her land ;

(ii) the amount paid by her as hire charges ;

(iii) the area possessed by her in *Dehs* Rahuja and Izat Khan at the time she was given the tractor on subsidized rate ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) The tractors were used in Dehs Rahuja, Izat Khan Punju Dero and Sajawal. These persons have no land in these Dehs except Nabi Bux s/o Qadir Bakhsh and Soomar Khan s/o Wahid Bakhsh who are khatidar in Punju Abro and Punju Dero, respectively.

(d) The amount paid by the persons in question is shown against each :—

	Name of persons.	amount paid.
1.	Matoo Khan s/o Fateh Muhammad	Rs. 7750.00
2.	Ghutto Khan s/o Muhammad Maluk.	Rs. 5500.00
3.	Kauro s/o Gabi.	Rs. 7750.00
4.	Ariz Muhammad s/o Khuda Bux.	Rs. 4448,00
5.	Ali Muhammad s/o Sattar Dino.	Rs. 9211.00
6.	Idan s/o Muhammad Khan.	Rs. 2255.00
7.	Nabi Bux s/o Kadir Khan.	Rs. 7750.00
8.	Rustam s/o Udho.	Rs. 605.00
9.	Shah Muhammad s/o Dil Muhammad.	Rs. 5500.00

10.	Umed Ali s/o Ashar.	Rs. 10447.00
11.	Muhammad Iqbal s/o Muhammad Siddique.	Rs. 9324.00
12.	Sadoro s/o Illahi Bakhsh.	Rs. 7750.00
13.	Adho s/o Ghausal Bhutto.	Rs. 7750.00
14.	Soomar s/o Wahid Bux.	Rs. 7750.00
15.	Hajan s/o Muhammad Saleh.	Rs. 5270.00

(e) The period during which the tractors were used by each person is shown against each :—

	Name of persons.	Period (from)	to.
1.	Matto.	19.9.63	3.12.63
2.	Ghutto.	10.11.63	3.2.64
3.	Kauro.	10.6.63	18.9.63
4.	Ariz Muhammad.	21.5.65	30.6.65
5.	Ali Muhammad.	1.4.65	31.5.65
6.	Idan.	30.12.64	1.3.65
7.	Nabi Bakhsh.	4.12.63	26.3.64
8.	Rustam.	15.12.63	21.3.64
9.	Shah Muhammad.	13.4.64	9.8.64
10.	Umed Ali.	30-11-64	31.5.65
11.	Muhammad Iqbal.	21.11.64	31.3.65
12.	Sadoro.	1.1.64	30.4.64
13.	Udo.	28.4.63	4.8.63
14.	Soomar Khan.	24.1.62	29.4.62

23.2.66	3.3.66
4.3.66	15.5.66

(f) **Part I.**

Tractors used to be supplied to the Zamindars during the period in question on subsidized rates as follows :—

(i) where holding did not exceed 100 acres irrigated or 150 un-irrigated. 50%

(ii) where holding was from 100 acres upto 250 acres irrigated or 150—400 un-irrigated acres. 25%

(iii) where holding exceeded the above limits. no subsidy.

Part II.

The names of the following persons have come to notice so far who had hired tractors on subsidized rates from 1961 to 1966. These persons have no land hol lings in these Dehs. :—

1. Matoo Khan s/o Fateh Muhmmad,
2. Ghutto Khan s/o Muhammad Maluk.
3. Imam bux s/o Punhal Khan.
4. Fateh Muhammad s/o Moula Dino.
5. Kauro s/o Grahi,
6. Ariz Muhammad s/o Qadir Bakhsh.
7. Ghulam Rasul s/o Tagail Khan.
8. Haji Ali Muhammad s/o Sattar Dino.
9. Idan s/o Muhammad Khan.
10. Mst. Nazir Bibi d/o Mr. Z.A. Bhutto.

11. Nabi Bux s/o Qadir Bakhsh.

12. Abdul Wahid s/o Khuda Bakhsh.

13. Abdul Wahid s/o Abdul Majid.

14. Rustam s/o Udho Khan.

15. Shah Muhammad s/o Dil Muhammad.

16. Punhal s/o Imam Bakhsh.

17. Umed Ali s/o Ashar.

18. Muhammad Iqbal s/o Muhammad Siddique.

19. Sadoro s/o Ellahi Bakhsh.

20. Adho s/o Ghausal.

21. Soomar Khan s/o Wahid Bakhsh.

22. Soomar Khan s/o Wahid Bakhah.

23. Hajan s/o Muhammad Saleh.

(g) Yes.

(i) On 30th April, 1962 ; the tractors worked up to 3.7.1962 in Deh Rahuja and not in Deh Sajawal.

(ii) Rs. 6649.50

(iii) She had applied for use in Deh Sujawal and not in Deh Rahuja and Izat Khan on 23.12.63, but she had not land in her name in Deh Sujawal and Izat Khan at that time.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس جواب کو اردو میں سمجھنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جس وقت سوال پوچھا جا رہا تھا آپ نے اعتراض نہیں کیا تھا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ جو سوال پوچھا گیا ہے اس میں ایسے فقرے اور figures ہیں کہ میں آسانی سے ترجمہ نہیں کر سکوں گا ۔

I am sorry I won't be able to translate that.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جب کوئی معزز ممبر سندھی میں تقریر کرنا چاہتے ہیں آپ بجا طور پر اعتراض کرتے ہیں بلکہ اس پر اخلاقی دباؤ ڈالا جاتا ہے کہ وہ اردو میں تقریر کریں ۔ اب ایک معزز پارلیمنٹری سیکرٹری جو آسانی سے اردو میں اپنا مافی الضمیر بیان کر سکتا ہے تو اس کا انگریزی میں جواب دینے کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے طریقہ کار میں تھوڑا سا فرق ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ سوالات کے جوابات کے متعلق قاعدہ یہ ہے کہ جب ایک ممبر سوال کا نوٹس دیتا ہے تو لکھ دیتا ہے کہ جواب اردو میں دیا جائے ۔ جہاں تک معزز ممبر سردار احمد سلطان صاحب کا تعلق ہے انہوں نے یہ نہیں کہا تھا کہ اردو میں جواب دیا جائے ۔ اس لئے میں پارلیمنٹری سیکرٹری کو مجبور نہیں کر سکتا کہ اس سوال کا جواب اردو میں دیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں مجبوری کے بارے میں عرض نہیں کرتا لیکن یہ صحیح ہے کہ اخلاقی طور پر آپ معزز ممبران کو آمادہ کرتے رہے ہیں کہ اس زبان میں جواب پڑھا جائے یا تقریر کی جائے جو تمام ممبران سمجھ سکیں ۔

فاضل پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب اردو میں انگریزی کی بجائے بہتر طریقہ پر جواب دے سکتے ہیں ۔ اس سے سابقہ طریقہ کار میں تھوڑا سا فرق محسوس ہوتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگر جواب مختصر ہوتا تو میں ضرور کہتا کہ اردو میں پڑھ دیں لیکن جواب لمبا ہے اور میرے خیال میں ان کے پاس اردو میں جواب تیار نہیں ۔ اگر اردو میں جواب تیار ہے تو میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے کہوں گا کہ ضرور اردو میں جواب دیں اگر اردو میں جواب تیار نہیں تو پھر وہ انگریزی میں جواب دے سکتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ انتہائی اہم سوال ہے اور یہی وجہ ہے کہ قلیل المہلت سوال کی صورت میں پیش ہوا ہے ۔ چونکہ یہ سوال جناب بھٹو کے بارے میں ہے بہتر ہے کہ تمام ممبران اس جواب کو سمجھ لیں اور جو ضمنی سوال دریافت کرنا چاہیں آسانی سے دریافت کر سکیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی رولنگ چاہتا ہوں ۔ میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر مجھے سمجھنے کی ضرورت ہو تو کیا مجھے یہ حق ہے کہ مجھے سمجھایا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب میں رولنگ ۔ ۔ ۔

Parliamentary Secretary : Of course I am within my rights to answer in English. The reply was not specially asked for in Urdu.

لیکن جیسا کہ حاجی صاحب نے اور حمزہ صاحب نے تجویز فرمایا ہے

تو اس کے لئے میں یہ عرض کروں گا کہ اکثر و بیشتر آپ نے دیکھا ہو گا کہ سوال کا جواب written answer اردو میں مانگتے ہیں تو میں اردو میں ہی جواب دیتا ہوں لیکن جہاں تک سپلیمنٹری سوالوں کا تعلق ہے میں کوشش کرتا ہوں کہ اردو کے اردو میں جوابات دئے جائیں لیکن اس معاملہ میں میں نے اپنی difficulty ظاہر کر دی ہے کہ جواب لمبا ہے اگر اس کا ترجمہ کروں گا تو دیر لگے گی ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں نے آپ سے گذارش کی ہے کہ مجھے آپ اس پر رولنگ دیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب میں نے عرض کیا ہے کہ اگر آپ کسی سوال کا جواب مانگیں تو آپ کو بھی اس کا علم ہے کہ اس میں لکھتے ہیں کہ اس کا جواب اردو میں دیا جائے اور اگر آپ نہیں لکھیں گے تو میں پارلیمنٹری سیکرٹری کو مجبور نہیں کر سکتا کہ وہ اس کا جواب اردو میں دیں ۔ اس سوال کا نوٹس دیتے وقت چونکہ یہ کہا نہیں گیا تھا کہ اس کا اردو میں جواب دیا جائے اس لئے اس کا جواب اس وقت اردو میں تیار نہیں ہے کہ وہ اردو میں پڑھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں تسلیم کرتا ہوں جو کچھ آپ فرماتے ہیں اور میں بار بار سوال نہ کروں لیکن میری یہ آپ سے گذارش ہے کہ میں اس سوال کو سمجھنا چاہتا ہوں اور آیا یہ معاملہ ایسا ہے کہ مجھے سمجھایا جائے یا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ہر سوال کا جواب کسی ممبر کو سمجھانا جو ہے یہ ایوان کی ذمہ داری نہیں ہے اور نہ ہی یہ وزیر متعلقہ کی ذمہداری ہے اور نہ ہی پارلیمنٹری سیکرٹری کی ذمہ داری ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا جناب پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب فرمائیں گے کہ جیسا کہ سوال کے حصہ اے میں لکھا ہے ۔

"... used agricultural machinery at subsidized rates to develop his land in Larkana district from 1961 to 1966."

تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ سب سڈی جو دی گئی اس کی کل تعداد ان سالوں میں کیا تھی ؟

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ تقریباً ۹۸ ہزار subsidy کا amount بنتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ سوال پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب کو کب ملا ؟

وزیر زراعت ۔ میرا خیال ہے ۵ / ۶ روز ہوئے ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ یہ جو سب سڈی اور ٹریکٹرز مہیا کئے گئے ہیں تو اس سلسلے میں صرف دو حضرات کی زمینیں ہیں باقیوں کی زمین نہیں ہے ۔ تو جن کی زمینیں نہیں ہیں ان کو ٹریکٹرز کیوں مہیا کئے گئے اس کے وجوہات بیان فرمائیں ۔

وزیر زراعت ۔ اس معاملہ میں میں نے تحقیقات شروع کرا دی ہے ۔ جن کی زمینیں نہیں تھیں تو انہوں نے حلفیہ بیان دئے تھے تصدیق شدہ اوتھ کمشنر کی طرف سے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر زراعت یہ بتائیں گے کہ وہ افراد جنہوں نے رعایتی نرخوں پر یہ ٹریکٹرز استعمال کئے ہیں اور ان کی اراضی موقعہ پر موجود نہیں تو وہ بظاہر اس رعایت کے مستحق نہ تھے ۔ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس رعایت کے دینے سے حکومت کا کتنا نقصان ہوا ؟

وزیر زراعت ۔ ۹۸ ہزار روپیہ بنتا ہے میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے وہ تو نقصان ہو گیا اگر کسی کا زائد رقبہ ہو گا اور اس کو اس نے استعمال کیا ہو تو وہ علیحدہ بات ہے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر کچھ آدمیوں کے پاس اراضیات نہیں تھیں تو ان کو ٹریکٹرز دئے گئے اور اگر ان کے پاس اراضیات نہیں تھیں تو وہ دئے ہوئے ٹریکٹرز کن کی زمینوں پر استعمال کئے گئے ۔

وزیر زراعت ۔ اس کے متعلق انکوائری ہو رہی ہے لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ٹریکٹرز مسٹر بھٹو کی زمین پر استعمال کئے گئے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ٹریکٹرز تو ان کو دیتے ہیں جن کی زمینیں ہوں تو جن کی زمینیں نہیں تھیں ان کو کیوں دئے گئے ۔

وزیر زراعت ۔ لینڈ ہولڈرز کو عموماً دیتے ہیں یعنی جن کی ملکیت ہوتی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ الکوائری ہو رہی ہے میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کس تاریخ کو وہ شروع ہوئی ۔

وزیر زراعت ۔ تاریخ تو میں نہیں بتا سکتا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ الدازاً ۔

وزیر زراعت ۔ مجھے اس کا علم نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر میں یہ کہوں کہ اس سوال کے آنے کے بعد الکوائری شروع ہوئی ہے تو کیا یہ میرا کہنا درست نہ ہو گا ؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سوال گورنمنٹ نے خود کرایا ہے ۔

وزیر زراعت ۔ میرا خیال ہے کہ آپ کا اندازہ درست ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا جناب وزیر صاحب فرمائیں گے کہ سوال کے جواب کے حصہ اے میں بتایا گیا ہے کہ ۹۸ ہزار کی رقم بنتی ہے اور یہ رقم وزیر صاحب نے خود بتائی ہے کیا یہ کل رقم ہے ۔

وزیر زراعت ۔ میرا خیال ہے کہ یہ کل رقم ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا اس ضمن میں کوئی الکوائری ہو رہی ہے ۔

وزیر زراعت ۔ اس کے متعلق الکوائری ہو رہی ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ ذرا دوبارہ دیکھ لیں لفظ جو استعمال کئے گئے ہیں وہ

". . . at subsidized rates to develop his land in Larkana District from 1961 to 1966."

یعنی پارٹ (اے) میں اور آپ نے جواب میں فرمایا ہے کہ ۹۸ ہزار دوسرے پارٹ (بی) میں فرمایا ہے کہ ۱۵ آدمیوں کے نام ہیں تو میں پوچھتا ہوں کہ آپ نے ان کو کتنی گرانٹ سب سڈی کے طور پر دی ہے ۔

وزیر زراعت ۔ اس کے متعلق میں نے پہلے ہی بتا دیا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا مسٹر بھٹو کے علاوہ بھی اور منسٹرز ہیں جنہوں نے ان شرائط پر ٹریکٹر حاصل کئے ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member should give a fresh notice for that.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں قائد ایوان سے پوچھتا ہوں کہ جن لوگوں نے اپنی زمینوں کے لئے ٹریکٹرز حاصل کئے ہیں وہ کن شرائط پر کئے ہیں ؟

وزیر زراعت ۔ میرے خیال میں اس چیز کے بارے میں وضاحت کر دی گئی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا اوتھ کمشنر صاحبان نے حلف ناموں پر دستخط کئے تھے ؟ اور جن شرائط پر زمینداروں کو مشینری دی گئی ہے کیا آپ کے محکمہ نے اس امر کی تسلی نہیں کی یا پڑتال نہیں کی کہ زمین کو ہموار کرنے کے لئے وہ اس مشینری کو بجا طور پر استعمال میں لا رہے ہیں یا نہیں ۔ اگر انکوائری کے نتیجہ کے طور پر یہ بات ثابت ہو کہ تمام روپیہ

ضائع ہوا ہے تو آج آپ اس ایوان میں بتائیں کہ جو افسران اس چیز کے ذمہ دار ہیں کیا ان کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی ؟

وزیر زراعت ۔ یقیناً مناسب کارروائی کی جائیگی ۔

رانا پھول محمد خان ۔ کیا وزیر متعلقہ فرمائیں گے کہ آیا ٹریکٹرز یا بلڈوزر حاصل کرنے کے لئے صرف حلفی بیان ہی کافی ہیں کہ یہ اس شخص کی اپنی زمین ہے ۔

وزیر زراعت ۔ مختلف علاقوں میں مختلف رواج ہوتا ہے ۔ ہدایات یہی ہیں کہ حلفیہ بیان پیش کیا جائے یعنی تسلی ہو جانی چاہئے کہ اس کی اراضی ہے جس کے لئے وہ ٹریکٹر مانگ رہا ہے ۔

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا۔ جب ٹریکٹرز دیتے ہیں تو اس وقت بیان حلفیہ لیتے ہیں تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ وہ اس چیز کی شناخت کرتے ہیں یا نہیں یعنی جس شخص نے شناخت کیا اور بعد میں معاملہ کچھ اور ہی نکلے تو وہ شخص جس نے شناخت کیا ہو کیا وہ بھی دھوکہ دھی کے الزام میں ماخوذ ہوتا ہے اور کیا اس سلسلے میں اس کے خلاف مناسب کارروائی کی جاتی ہے ؟

وزیر زراعت ۔ یہ سارا معاملہ زیر تحقیق ہے ۔ جس شخص نے قانونی لغزش کی اس کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ شناخت تو غلط نہیں ہوئی ہو گی کیا آپ شناخت کنندہ کے خلاف بھی انکوائری چاہتے ہیں ؟

سید عنایت علی شاہ ۔ جن کو یہ ٹریکٹرز دئے گئے ہیں اور جنہوں نے اس کی تصدیق کی کہ ان کی واقعی زمین ہے اور اگر بعد میں کوئی چیز غلط ثابت ہو تو پھر اس کے لئے کیا طریقہ کار ہے ۔

وزیر قانون ۔ شناخت کرنے کی ضرورت نہیں اوتھ کمشنرز تو صرف اس چیز کی تصدیق کرتے ہیں کہ میں اس شخص کو جانتا ہوں وہ اس چیز کی تصدیق نہیں کرتے کہ جو کچھ لکھا ہے ٹھیک ہے یا غلط ۔ اوتھ کمشنر حلفیہ بیان دینے والے کی نسبت صرف یہ لکھتے ہیں کہ میں اس کو جانتا ہوں ۔ اور یہی چیز اس کے لئے کافی ہوتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر زراعت از راہ کرم یہ بتائیں گے کہ اس سوال سے جو صورت حال نمودار ہوئی ہے اور ملک میں ایسے حالات پیدا ہوئے ہیں کہ جب تک کوئی فرد بر سر اقتدار رہے تو اس کے اقتدار میں رہنے کے دوران ایسی چیزوں کا پتہ نہیں چلتا لیکن جب وہ کرسی سے ہٹ جاتا ہے تو یہ ساری چیزیں سامنے آ جاتی ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے ۔ یہ تو محض آپ کی تنقید ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا اس سے ظاہر نہیں ہوتا کہ ملک میں تحریر و تقریر کی آزادی نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ تو آپ کی تنقید ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ کیا یہ درست نہیں کہ متعلقہ وزیر کی ہدایت پر ٹریکٹرز اور فرٹیلائیزر کا استعمال کرایا گیا ۔

وزیر زراعت ۔ یہاں پر فرٹیلائزر کا سوال نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ یہ آپ کی ہدایت پر دئے گئے ہیں کیا یہ درست نہیں ۔

وزیر زراعت ۔ یہ میری ہدایت پر نہیں دئے گئے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ لیکن جس شخص نے حلف نامہ کی شناخت کی تھی اس کا نام کیا تھا اوتھ کمشنر کے روبرو کس نے شناخت کی تھی ۔

وزیر زراعت ۔ لال بخش نے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ مسٹر لال بخش کون ہے ؟

وزیر زراعت ۔ لال بخش مسٹر بھٹو کا منشی ہے ۔

مسٹر نثار محمد خان ۔ جناب والا ۔ سوال سے یہ ظاہر ہے کہ جن اشخاص کو ٹریکٹر مہیا کئے گئے ان کی وہاں کوئی زمین نہیں تھی ۔ کیا یہ ممکن نہیں کہ ان کے پاس وہاں پٹہ پر زمین ہو ۔

وزیر زراعت ۔ مجھے علم نہیں ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ یہ جتنی بے قاعدگیاں سندھ اور بلوچستان میں ہو رہی ہیں وہ صرف ایک شخص کی وجہ سے ہو رہی ہیں ۔ جسے کنٹرول کرنے میں حکومت ناکام رہی ہے ۔

وزیر زراعت ۔ میں اس کے متعلق ایک سوال کے جواب میں عرض کر چکا ہوں ۔ کہ ان کے خلاف باقاعدہ انکوائری کا آرڈر کر دیا گیا ہے ۔ آپ بھی ثبوت مہیا کریں ۔ تا کہ ان کے خلاف کارروائی کی جا سکے ۔

حاجی محمد مراد شاہ ۔ یہ ٹریکٹر جو دئیے جاتے ہیں ۲۵۰ گھنٹوں کے لئے دئیے جاتے ہیں یا دو مہینوں کے لئے دئیے جاتے ہیں ۔

How many hours ?

وزیر زراعت ۔ آپ نے صحیح فرمایا ہے ۔

حاجی گلاب خان شنواری ۔ جب کسی آدمی کے پاس زمین نہ ہو ۔ تو آپ اسے ٹریکٹر کیوں دیتے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں ۔ جس کی زمین نہ ہو اسے ٹریکٹر نہیں دینا چاہیئے ۔ لیکن جب کوئی شخص حلفیہ بیان دیتا ہے تو ہم اسے تسلیم کر لیتے ہیں ۔

رئیس خان محمد خان نظامانی ۔ ٹریکٹروں کے کرایہ کی ادائیگی کس نے کی ۔

وزیر زراعت ۔ یار محمد کا چیک ہے ۔ جمع لال بخش نے کرایا ہے ۔ یار محمد مسٹر بھٹو کے اسٹیٹ مینجر ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا اس سوال کے جواب سے یہ ظاہر نہیں ہوتا ۔ کہ محکمہ زراعت کی مشینری بہت بری طرح بد انتظامی کا شکار ہے ۔ کیا اس کی

بد انتظامی کی وجہ سے ملک غذائی قلت کا شکار ہے جو محکمہ زراعت کی نااہلی کی پیدا کردہ ہے ۔

وزیر زراعت ۔ میں آپ کے جذبات کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ لاکھوں کروڑوں روپے آپ اڑا رہے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ سوال کے حصہ (الف) میں یہ لکھا ہے ۔

"Whether it is a fact that a representation has recently been made to the effect that Mr. Z.A. Bhutto, former Foreign Minister of Pakistan, used agricultural machinery at subsidized rates to develop his land in Larkana district from 1961 to 1966."

میرا سوال یہ ہے ۔ آپ صرف یہ بتائیں کہ مسٹر بھٹو نے ۱۹۶۱ء سے ۱۹۶۶ء تک جو مشینری استعمال کی اس کی جو رقم ادا کرنی تھی اس کا ٹوٹل کیا بنتا ہے ؟

وزیر زراعت ۔ آپ مسٹر بھٹو کے بارہ میں کیسے کہتے ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ حصہ (الف) کا جواب فرما دیں ۔

وزیر زراعت ۔ وہ تو انہوں نے پڑھا دیا ہے ۔

چودھری محمد نواز ۔ اس جواب کے مطابق انہوں نے گورنمنٹ کی زرعی مشینری سے فائدہ اٹھایا ہے ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ وہ رقم کتنی ہے جو ان کی طرف سے واجب الادا ہے ۔

وزیر زراعت ۔ میں آپ کا سوال سمجھ نہیں سکا ۔

چودھری محمد نواز ۔ کیا ان کے برخلاف representation ہوئی ہے ۔

وزیر زراعت ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ representation موصول ہوئی ہے ۔ یہ جواب میں درج ہے ۔

مسٹر نثار محمد خان ۔ اگر یہ صاف ہو جائے کہ اجارہ دار ٹریکٹر لے سکتے ہیں ۔ جیسا کہ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کے خیال کے مطابق بعض جگہہ رواجی طور پر ایسا ہوتا رہا ہے ۔ اگر یہ ثابت ہو جاتا ہے تو مسٹر بھٹو کو بدنام کرنے کی یہ ناکام کوشش ختم ہو جائے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں وزیر زراعت سے ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ رواج کون سا ہوتا ہے ۔ سندھ میں رواج ہے کہ وہاں ہاڑیوں کو بھی اور کاشت کاروں کو بھی ٹریکٹر دیئے جاتے ہیں ۔ وہاں یہ رواج ہے ۔

وزیر زراعت ۔ مجھے اس کا علم نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ سب سے پہلے اس بد انتظامی کا انکشاف کب ہوا اور اس کی جو انکوائری ہے وہ کون کر رہا ہے ۔ اور کیا یہ انکوائری جوڈیشل ہے یا ایگزیکٹو ؟

وزیر زراعت ۔ انکشاف کے متعلق میں خواجہ صاحب کے سوال کے جواب میں عرض کر چکا ہوں کہ مجھے تاریخ کا پتہ نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جب بھٹو صاحب وزارت سے علیحدہ ہوئے ۔ کیا یہ اس کے بعد کی تاریخ تو نہیں ۔

وزیر زراعت ۔ مجھے یہ بھی یاد نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ جب ایک گواہ عدالت کے سامنے درست گواہی نہ دے تو اسے evasive گواہ کہا جاتا ہے ۔ یہ بھی evasive طریق سے گواہی دے رہے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ کیا آپ کو یہ تاریخ یاد ہے ؟

ملک محمد اختر ۔ میں تو interested نہیں ۔

وزیر زراعت ۔ تو میں کیسے interested ہوں ۔ (تالیاں)

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب قائد ایوان سے یہ دریافت کیا گیا تھا کہ کیا انہوں نے انتظامیہ یا عدلیہ کے کسی آفیسر کو تحقیقات پر مامور کیا ہے ۔ انہوں نے اس کا جواب نہیں دیا ۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ مسٹر غلام فاروق کے بارہ میں بھی تحقیقات کرانا چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker : This is not a supplementary arising out of this question.

مسٹر حمزہ ۔ میں پچھلے حصہ کو واپس لیتا ہوں ۔ مگر وہ پہلے حصہ کے بارہ میں جواب دیں ۔

وزیر زراعت ۔ میں سمجھا نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ اس کی انکوائری کے لئے کوئی جوڈیشل افسر مقرر ہوا ہے یا کوئی ایگزیکٹو افسر ۔

وزیر زراعت ۔ وہ جوڈیشل افسر نہیں ہے ۔

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا ۔ میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان دو اشخاص امام بخش اور فتح محمد نے جو بیان حلفی داخل کئے تھے وہ بیان حلفی کس تاریخ کو داخل کئے گئے ۔ آیا وہ زندہ بھی تھے یا مر گئے تھے ؟

ملک محمد اختر ۔ دو دن بعد پوچھیں جب XXXXX ۔*

وزیر زراعت ۔ مجھے اس کا پتہ نہیں ۔

والا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک اختر صاحب کو یہ الفاظ واپس لینے چاہئیں ۔

Mr. Speaker : I have not taken notice of these words. And those words will not form part of the proceedings of the Assembly (*cross-talks*).

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں پہلے باتیں ہو لینے دیجئے ۔ پھر سوال پوچھیں تاکہ آپ کا سوال سمجھ آ سکے ۔ (وقفہ)

Yes Haji Sahib.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی وساطت سے ملک صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ سوال کے حصہ "الف" میں پوچھا گیا تھا کہ "مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی اراضی کی ترقی کے لئے رعایتی شرحات پر زرعی مشینری استعمال کی ہے" انہوں نے اس کے جواب میں "جی ہاں" کہا ہے ۔ میں اب یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ مشینری اس کے نام پر تھی یا کسی اور ناموں سے تھی ؟

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ مشینری دوسرے ناموں پر لی گئی ہے ۔ جو ۵ ، نام میں نے عرض کئے ہیں اس میں ان کا نام نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں آپ کو قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ پڑھ کر سناتا ہوں وہ یہ ہے کہ "اے آنکھوں والو یہ عبرت کا مقام ہے ۔ ۔ ۔ ۔"

Mr. Speaker : No more supplementaries on this Short Notice Question ; next question please.

GOVERNMENT TRACTORS USED FOR THE IMPROVEMENT OF LANDS IN NAUDERO

*7937. **Sardar Ahmed Sultan Chandio :** Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Mr. Imam Bux son of Punhal Khan and Mr. Fateh Muhammad son of Maula Dino applied and got Government tractors to be used for the improvement of their lands ;

---

*Expunged as ordered by the Speaker.

(b) whether it is a fact that the said two persons died long ago and they did not possess any land in Naudero for which the tractors were hired ; if so, (i) who used the said tractors (ii) who paid the hire charges (iii) who certified the diaries that the work has been done on the land ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) The enquiries reveal that they had died long before applications for tractors were submitted in their names.

(i) The tractors were made available by the Assistant Agricultural Engineer, Larkana for the above said persons on their applications supported by affidavits. It may be mentioned that there are no khatedars by the names of Imam Bux s/o Punhal Khan and Fateh Muhammad s/o Maula Dino in Tapo Neudero Taluka Ratodero. According to the enquiries, however, the tractors were used on the lands of Mr. Z.A. Bhutto and his family members in Deh Panjodero.

(i) The hire charges were deposited in their names by cheques drawn by Yar Muhammad, Estate Manager of Mr. Z.A. Bhutto.

(iii) Diaries from 1-6-65 to 10-6-65 bear the thumb impression mark as of Imam Bakhsh. Other diaries do not bear certificate of any one.

The diaries pertaining to the work done on the land of Fateh Muhammad purport to bear the signature of Fateh Muhammad.

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب عالی ۔ امام بخش اور فتح محمد نے کون سی تاریخ کو بیان حلفی داخل کئے تھے ۔ آیا وہ اس وقت زندہ بھی تھے یا وہ مر گئے تھے ؟

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ انکوائری سے تو یہی معلوم ہوا ہے کہ وہ مر چکے ہیں ۔ بعد میں ان کے دستخط یا انگوٹھا

لگایا گیا ۔ تاریخ کا تعین تو اس وقت نہیں کر سکتا کہ کس تاریخ کو بیان حلفی دیا گیا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ ان کا بیان حلفی کسی نے پیش کیا ہوگا اور اس کو کسی نے تصدیق کیا ہوگا ۔ آپ کہتے ہیں کہ وہ بیان حلفی بوگس تھے ۔ آپ بتا سکتے ہیں کہ اوتھ کمشنر کے سامنے بیان حلفی کس نے تصدیق کئے تھے ؟

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ پہلے ضمنی سوال میں جو تاریخ پوچھی گئی تھی اس کے متعلق پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے پوچھا ہے انہوں نے بتایا ہے کہ وہ تاریخ ۲۱ جون ۱۹۶۵ء ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ یہ دریافت فرمائیں کہ اوتھ کمشنر کے روبرو کس نے تصدیق کی تھی ؟

وزیر زراعت ۔ لال بخش کا اس میں نام ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ کیا وزیر زراعت از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ جب انہیں پتہ چل چکا تھا کہ مردہ آدمیوں کے بیان حلفی تصدیق ہوئے ہیں ۔ جن اشخاص نے وہ بیان حلفی تصدیق کئے تھے کیا ان کے خلاف کوئی کیس رجسٹر ہوا ؟

وزیر زراعت ۔ جہاں تک مجھے علم ہے ابھی تک کیس رجسٹر نہیں ہوا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب قائد ایوان مجھے بتائیں گے کہ اس سوال سے یا ان سوالوں کے جواب سے جو صورت حال نمودار ہوئی ہے کیا اس سے ظاہر نہیں ہوتا کہ حالات مارشل لا کے ایام سے پہلے کی نسبت اب زیادہ خراب ہیں اسی لئے ایبڈوزدہ افراد کو وزیر بنایا جا رہا ہے ؟

Mr. Speaker : Dis-allowed.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ جب ۲۵۰ at a stretch گھنٹے ۔ ۔ ۔ ۔ ٹریکٹر دیئے جاتے ہیں تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ امام بخش اور فتح محمد کو کتنے گھنٹے کے لئے ٹریکٹرز دیئے گئے ؟

وزیر زراعت ۔ جہاں تک کاغذات کا تعلق ہے اس میں ریکارڈ یہ ہے کہ امام بخش کو ۳۲۶ گھنٹے کے لئے ٹریکٹر دیا گیا دوسرے شخص یعنی فتح محمد کو ۹۰ گھنٹے کے لئے ٹریکٹر دیا گیا ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جن لوگوں کے نام لئے گئے ہیں یہ کسی نہ کسی طرف سے مسٹر بھٹو سے متعلق ہیں ۔ کوئی ان کا منشی ہے ۔ کوئی اسٹیٹ آفیسر ہے کوئی خزانچی ہے اور کوئی اکاؤنٹنٹ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر زراعت ۔ امام بخش اور فتح محمد کے متعلق مجھے کوئی پتہ نہیں ہے کہ ان کا مسٹر بھٹو سے کیا تعلق ہے ۔ جس نے بیان حلفی تصدیق کیا ہے اس کا نام لال محمد ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ ان دو سوالوں کے جوابات سے

معلوم ہوتا ہے کہ تمام جعل سازی ہوئی ہے ۔ یہ تمام کام ناجائز ہوا ہے اور ناجائز طریقے سے ٹریکٹرز استعمال کئے گئے ہیں کیا آپ اس ہاؤس کو یقین دلائیں گے کہ گورنمنٹ ان افسران کے خلاف جنہوں نے اپنا اثر و رسوخ استعمال کیا ہے کارروائی کرے گی ؟

وزیر زراعت ۔ ان افسران کے خلاف جنہوں نے یہ کارروائی دیدہ و دانستہ طور پر کی ہے کارروائی کی جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا قائد ایوان ہمیں بتائیں گے کہ ان افسران کے خلاف بھی جن کو حکومت نے الیکشن میں ناجائز طور پر استعمال کیا تھا انکوائری کرنے کا ارادہ ہے ؟

Mr. Speaker : Not arising out of this question. (*cross-talks*).

وزیر زراعت ۔ یہاں تو ٹریکٹرز کا معاملہ ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ جس محکمہ کے متعلق آج اتنی بد عنوانیاں ظاہر ہوئی ہیں X X X X ۔*

Mr. Speaker : 'Un-called for' ; will the Member please withdraw his words ?

Malik Muhammad Akhtar : I withdraw Sir.

Mr. Speaker : These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

وزیر زراعت ۔ میں اس وقت وزیر نہیں تھا ۔

---

*Expunged as ordered by the Speaker.

چودھری محمد ادریس ۔ کیا قائد ایوان اس ایوان کو یہ یقین دھانی کرائیں گے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب قائد ایوان نے بتایا ہے کہ وہ اس وقت وزیر نہیں تھے تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ اس وقت سیکرٹری زراعت تھے ۔

وزیر زراعت ۔ کچھ وقت کے لئے تھا ۔

وزیر زراعت ۔ تو کیا آپ پر کوئی ذمہ داری عاید ہوتی ہے ؟ اخلاقی ہی سہی ۔

وزیر زراعت ۔ آپ پر اور مجھ پر اخلاقی ذمہ داری عاید ہوتی ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جن اشخاص نے غلط کاریاں کرکے اور اس قسم کی بے قاعدگیاں کرکے ناجائز فائدہ اٹھایا ہے ، کیا آپ ان کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور کیا آپ اس ایوان کو assure کریں گے کہ آپ ان کو spare نہیں کریں گے ؟

وزیر زراعت ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ جہاں تک میرے محکمے کے افسران کا تعلق ہے ، میں نے آپ کو assure کر دیا ہے کہ ان کو spare نہیں کریں گے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ میں نے محکمہ کے متعلق نہیں پوچھا ہے ، میں

نے تو ان افراد کے متعلق پوچھا ہے جنہوں نے ناجائز کارروائیوں سے actually benefit اٹھایا ہے ۔

وزیر زراعت ۔ اس کے متعلق تو Law of the Land موجود ہے اور اسی کے مطابق تحقیقات کے بعد کارروائی ہوگی اور اگر وہ قابل مواخذہ ہوں گے تو یقیناً ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی ۔

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر موصوف سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو تمام گھپلا ہوا ہے ، اس کا مرکزی کردار کون ہے ۔

Mr. Speaker : Next question.

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ کیا جناب وزیر زراعت از راہ کرم یہ بیان فرمائیں گے کہ جناب ان ٹریکٹروں کے کرائے کی ادائیگی بھٹو صاحب کے مینجر نے کی ہے تو کیا اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ اس سے سارا مفاد بھٹو صاحب نے حاصل کیا ہے اور ان کی زمین کو درست کیا گیا ہے ، تو کیا وہ بھٹو صاحب کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ معاملہ زیر تحقیقات ہے اور پھر سوال اس وقت کسی کے خلاف کارروائی کرنے کا نہیں ہے بلکہ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ وقت کے قانون کے مطابق اس کی چارہ جوئی کی جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب قائد ایوان اور وزیر زراعت مجھے از راہ کرم یہ بتائیں گے کہ سرکاری املاک اور مشینری کا جو ناجائز استعمال ہوا ہے ، اور جیسا کہ جناب رانا پھول محمد خان صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کی ذمہ داری جناب زیڈ ۔ اے ۔ بھٹو پر عاید ہوتی ہے ، تو کیا اس قسم کی ذمہ داری اس وقت کے جو سیکرٹری زراعت تھے ان پر عاید نہیں ہوتی ، اگر ان پر کوئی ذمہ داری عاید ہوتی ہے تو آپ ان کے خلاف کیا اقدامات کریں گے ۔

وزیر زراعت ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اس معاملہ میں powers delegated ہوتی ہیں اور نیچے ہی سارا کاروبار ہوتا رہتا ہے اور نہ کسی سیکرٹری زراعت کو کن فیکولی اختیارات ہوتے ہیں اور نہ ان کے پاس جام جم ہوتا ہے کہ اس کو ہر چیز ہر وقت نظر آتی رہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ اگر وہ بذریعہ سیکرٹری یا متعلقہ وزیر ناجائز مراعات حاصل نہیں کرتے رہے تو کیا ہم اس سے یہ نتیجہ اخذ کریں کہ جناب بھٹو دوسروں سے سازش کرتے رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member may draw any conclusion. What information does he want ?

Malik Muhammrd Akhtar : I again allege that that was done with the connivance of the Minister and the Secretary.

Mr. Speaker : No inferences. What supplementary does the Member want to make ?

Malik Muhammad Akhtar : I allage that these irregularities by Mr. Bhutto were committed with the connivance of the Minister and the Secretary.

Mr. Speaker : The Member can make supplementaries but no allegations.

صاجزادہ نور حسن ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ایسی بدعنوانیاں عوام کے سامنے اس وقت کیوں لائی جاتی ہیں جب وزراء یا برسراقتدار لوگ اپنے اقتدار سے ہٹ جاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Next question.

Mosque of WAPDA House Lahore

***7941. Mian Muhammad Shafi :** Will the Minister of Irrigation and Power be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that a Mosque has been constructed inside the WAPDA House Lahore in lieu of the existing temporary Mosque just outside the building under construction ; if so, whether the said Mosque is intended exclusively for the use of occupants of the said building or will be opened to the public at large ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government would ensure through a sign-board that it is a public Mosque for use at all hours ?

Minister of Irrigation and Power (Makhdum Hamid-ud-Din) : (a) Yes. The Mosque will be opened to the occupants of the building and the members of the public Management of the Mosque would be with WAPDA.

(b) A sign board will be put up to indicate the location of the Mosque. The Mosque will be kept open for prayers.

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو مسجد اس وقت exist کر رہی ہے اور وہاں پر بورڈ بھی لگا ہوا ہے کہ اس کو ایئر کنڈیشن کیا جائے گا ، تو اس کی کیا پوزیشن ہوگی ، کیا اس کو شہید کر دیا جائے گا یا اس کو exist کرنے دیا جائے گا ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ کون سی مسجد ؟

مسٹر سپیکر ۔ میاں صاحب آپ اپنا سوال دھرا دیں ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ واپڈا ہاؤس کے ساتھ ہی سڑک پر جو مسجد بنائی گئی ہے جس میں کہ دو سال سے نماز ادا کی جا رہی ہے اور وہاں پر بورڈ بھی لگا ہوا ہے کہ اسے ایئر کنڈیشنڈ کر دیا جائے گا ، آپ اس کے متعلق کیا فرماتے ہیں ، آیا اسے شہید کر دیا جائے گا یا وہ exist کرے گی ۔

وزیر آب پاشی و برقیات ۔ آپ نے اپنے سوال میں کہا ہے کہ وہ عارضی طور پر بنی ہوئی ہے ، آپ نے تو خود اپنے سوال میں اسے عارضی بتایا ہے ۔

میاں محمد شفیع ۔ یا تو آپ میرا سوال نہیں سمجھے یا پھر میں ہی آپ کا جواب نہیں سمجھا ۔ میں کہہ رہا ہوں آپ جو عارضی مسجد کہہ رہے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ دونوں ہی باتیں ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ یا تو آپ میرا سوال نہیں سمجھے یا میں آپ کا جواب نہیں سمجھا میرے خیال میں اس بارے میں آپ کی رائے حتمی اور فیصلہ کن ہو سکتی ہے ۔ (قطع کلامیاں)

میاں محمد شفیع ۔ جناب والا ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ جسے عارضی مسجد کہہ رہے ہیں وہاں دو سال سے نماز ادا کی جا رہی ہے آپ اس مسجد کا کیا کریں گے ، اس کی کیا پوزیشن ہو گی ۔

وزیر آب پاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ اس کے متعلق تو چونکہ یہاں پر بات نہیں کی گئی ، نہ اس کے مستقبل کے متعلق نہ اس کی موجودہ حالت کے متعلق ، نہ اس کی ملکیت ہمارے پاس ہے ، نہ اس کی تولیت ہمارے پاس ہے نہ ہم اس کے متولی ہیں ، تو ہم اس کے ساتھ بحیثیت محکمہ کے متعلق نہیں ہیں ، یہ عامتہالمسلمین کی ملکیت ہے ، اس کے علاوہ میں کچھ عرض نہیں کر سکتا کیونکہ اس کے ساتھ ہمارا براہ راست تعلق نہیں ہے ۔

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE.

ROUTES NO. 2 AND 2-A OF LAHORE OMNI BUS SERVICE

***7847. Babu Muhammad Rafiq :** Will the Parliamentary Secretary, Transport be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that routes No. 2 and 2-A of Lahore Omni Bus Service run from Krishan Nagar to R.A. Bazar *via* Lahore Railway Station and Egerton Road ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the number of buses plying on these routes the total mileage of each route from Krishan Nagar and the time in which it is covered ;

(c) whether it is a fact that there are other routes also running from R.A. Bazar, Sadar Bazar and other places in Cantt. towards the Lahore Railway Station ; if so, the total number of routes and mileage covered by each of the route per trip alongwith the running time ?

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : (a) Yes.

(b) 20 buses are plying on routes No. 2 and 2-A (16 on Route No. 2 and 4 on Route No. 2-A). One way distance of Route No. 2 and 2-A is 11.8 and 12 miles respectively. The running time of these routes is I hour and 12 minutes.

(c) The following routes are also running from Cantt. towards Railway Station :—

Route Number	Name of Route	Mileage covered per single trip	Running Time
32	Railway Station-General Hospital *vis* Sadar and R.A. Bazar.	11 miles	... 1 Hour.
8	Shahdara Town-Sadar Bazar *via* Dharampura.	12 miles	... I hour and 12 minutes
54 School Bus	Sadar Bazar-Gulberg *via* Dharampura and Railway Station.	14 miles	... I hour and 15 minutes

Peak Hour Shuttle	Railway Station-R.A. Bazar-Sadar Bazar.	7 miles	... 40 minut.es

---

*۱۷۸۷ - **خالزاده تاج محمد خان بنگش** - کیا وزیر محنت از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کراچی ، حیدرآباد ، ملتان ، سرگودھا ، لاہور ، راولپنڈی اور پشاور ریجنوں میں مین پاور ایمپلائمنٹ ونگ میں درجہ اول کی آسامیوں کی موجودہ تعداد کیا ہے -

(ب) متذکرہ ونگ میں درجہ اول کے افسروں کی ریجن وار تعداد کیا ہے -

(ج) اگر پشاور ریجن میں درجہ اول کا کوئی افسر نہ ہو تو وہ کب سے نہیں ہے -

(د) اگر سرحدی ریجن میں دوسرے ریجنوں کے افسر متعین کئے گئے ہوں تو آیا سرحدی ریجن میں ترقی کے لئے موزوں افسر دستیاب نہیں تھے -

وزیر محنت (ملک اللہ یار خان) - (الف) حیدرآباد میں درجہ اول کی فی‌الحال ایک اسامی خالی ہے -

(ب) درجہ اول کے افسران کی تعداد ریجن کے لحاظ سے مندرجہ ذیل ہے :-

۱ - کراچی ۲

۲ - حیدرآباد ، خیرپور ، کوئٹہ قلات - ۲

۳ - ملتان ۱

۴ - سرگودھا ۱

۵ - لاہور ۳

۶ - بہاول پور ۲

۷ - پشاور کوئی نہیں

(ج) از ۱۹۶۲ء

(د) مین پاور اور ایمپلائمنٹ ونگ میں درجہ اول افسروں کی مختلف مقامات پر تعیناتی کا ان افسران کے وطنی ریجن سے کوئی تعلق نہیں ہوتا صرف ۱۹۶۴ء میں ایک فرنٹیئر ریجن کا افسر باہر تبدیل کیا گیا تھا اس سے قبل فرنٹیئر ریجن کی درجہ اول کی اسامیاں اسی ریجن کے افسران سے متواتر بارہ سال تک پر کی جاتی ہیں - درجہ دوئم سے درجہ اول مین ترقی پانے کے لئے درجہ دوئم کے افسران کی تعداد کے مطابق درجہ اول کا حصہ قائم کیا جاتا ہے اور تمام ریجن میں سے سب سے سینئر افسر سے ایسی اسامی پر کی جاتی ہے پشاور ریجن کے درجہ دوئم کے افسر مقابلتاً سروس میں جونیئر ہیں اور اس لئے ترقی کے لئے ان کی باری نہیں آئی یہ ذکر کر دینا مناسب ہے کہ موجودہ توقعات کے مطابق پشاور ریجن سے رکھنے والے درجہ دوئم کے افسر کی ترقی کا امکان سال رواں کے ختم ہونے سے پہلے ہی ہے -

OFFICERS DUE FOR RETIREMENT IN MANPOWER AND EMPLOPMENT WING

*7873. **Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash :** Will the Minister of Labour be pleased to state :—

> That leave be granted to introduce the punjab Agricultural Produce Market (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I introduce the Punjab Agricultural Produce Markets (West Pakistan Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The Punjab Agricultural Produce Markets (West Pakistan Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

THE MUNICIPAL ADMINISTRATION (AMENDMENT) BILL, 1967

Mr. Speaker : Next motion.

میاں عنایت علیشاہ ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں ۔

کہ مسودہ قانون (ترمیم) انصرام بلدیہ مصدرہ

۱۹۶۷ء پیش کرنے کی اجازت دیجائے ۔

Mr. Speaker : Motion moved is :

That leave be granted to introduce the Municipal Administration (Amendment) Bill, 1967.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

سید عنایت علیشاہ (پشاور ۔ ۴) ۔ جناب سپیکر ۔ وزیر بلدیات جناب یاسین وٹو صاحب نے اس نیک مقاصد رکھنے والے ترمیمی مسودہ قانون کی مخالفت کرکے ہمیں افسوسناک حد تک مایوس کر دیا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں ابھی آپ کو پر امید کر دوں گا ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ ہمارے لئے یہ باعث تشویش بھی ہے اور باعث پریشانی بھی ہے ۔ جناب صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کا جو انتخابی منشور ہے اس میں انہوں نے بار بار واشگاف الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ جمہوری اداروں کو مستحکم اور مضبوط بنایا جائے ۔ اور جمہوری ارکان کو زیادہ سے زیادہ با اختیار بنایا جائے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جب تک عوامی نمائندے بااختیار نہیں ہونگے اس وقت تک وہ ٹھوس اور موثر کام نہیں کر سکیں گے اور علاقے اور عوام کے مطالبات وہ بہتر طریقہ پر نہیں چلا سکیں گے ۔

جناب والا ۔ یونین کونسلوں اور ڈسٹرکٹ کونسلوں اور ڈویژنل کونسلوں کی مثالیں نہایت واضح ہیں یہ ترمیمی بل میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس ۱۹۶۰ء سے تعلق رکھتا ہے جس میں ایک سیکشن ۲۲- ہے اور وہ سیکشن

۲۲ - چیئرمین میونسپل کمیٹیوں کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ اپنے جمہوری اختیارات کسی ممبر کسی سرکاری افسر یا کسی دیگر شخص کو دے دیں - جناب والا - اس آرڈیننس کے تحت دو قسم کے اختیارات چیئرمین کو تفویض ہو چکے ہیں اور یا وائس چیئرمین کو تفویض ہو چکے ہیں - وائس چیئرمین عام طور پر میونسپل کمیٹی کا elected ہوتا ہے اور وائس چیئرمین کے اختیارات چیئرمین کے اختیارات کے مقابلہ میں محدود ہوتے ہیں اور کم ہوتے ہیں جہاں تک وائس چیئرمین کی ڈیوٹیز کا تعلق ہے وہ میونسپل کمیٹی میں بااختیار ہوتا ہے - سیکشن ۲۲ - چیئرمین کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ اپنے کسی ملازم کسی ممبر کو اپنے اختیارات تفویض کر دے - بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ بعض افسر اپنے ذاتی رنج کی وجہ سے اپنی کسی ذاتی رنجش کی وجہ سے یہ چاہتے ہیں کہ یہ اختیارات وائس چیئرمین کو نہ دئے جائیں اور وہ کسی ذمہ دار افسر کو اختیارات تفویض کئے جاتے ہیں - یہاں صورت حال بہت دگرگوں ہو جاتی ہے - قانونی طور پر وائس چیئرمین ان کا افسر ہوتا ہے اور چونکہ چیئرمین اپنے اختیارات اس افسر کو دئے ہوتا ہے تو میرا مقصد اور مطلب یہ تھا کہ چیئرمین اپنے اختیارات کسی ماتحت افسر کو نہ دے جو چیئرمین کے ماتحت ہے - اس کے اختیارات اس سے وسیع ہیں - میں یہ امنڈمنٹ اس لئے لانا چاہتا ہوں کہ یہ جمہوری قدروں کی آئینہ دار ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ وزیر بلدیات اس پر پھر غور فرمائیں گے -

مسٹر حمزہ - ہاتھی کے دانت کھانے کے اور ہوتے ہیں دکھانے کے اور ہوتے ہیں -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہاں السانوں کی باتیں ہو رہی ہیں ہاتھیوں

کی باتیں نہیں ہو رہی ہیں - ابھی جب میں یہ عرض کروں گا کہ میں نے اس مسودہ قانون کی مخالفت کیوں کی تو مجھے امید ہے کہ میرے فاضل دوست کی مایوسی امید میں بدل جائیگی اور حقیقت میں وہ یہ محسوس کریں گے کہ میری مخالفت اس کے اتفاق سے کہیں زیادہ مفید ہے۔

جناب والا - میرے فاضل دوست جس مسودہ قانون کے ذریعہ یہ ترمیم لانا چاہتے ہیں کہ چیئرمین صاحب کو یہ اختیار نہ ہو کہ وہ کسی افسر کو وائس چیئرمین سے زیادہ اختیارات دے سکیں -

میں فاضل ممبر کے اس جذبے کی قدر کرتا ہوں - اور ان کا یہ جذبہ اور ارشاد حکومت کی پالیسی کے عین مطابق ہے - جناب والا - جس طرح کہ آپ کے علم میں ہو گا کہ بی ڈی کے نظام میں بتدریج یہ کوشش کی جا رہی ہے اور ہر ایک مرحلہ پر عمل درآمد کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ اس کو بہتر سے بہتر بنایا جائے - پہلے نامزدگیاں تھیں وہ ختم کر دی گئیں - پہلے وائس چیئرمین نہیں تھے اب وائس چیئرمین کر دئے گئے ہیں - میونسپل کمیٹیوں میں نامزدگیوں کو ختم کر دیا گیا ہے - اور جتنے غیر سرکاری ممبران ہوتے تھے وہ اب منتخب ہوتے ہیں اور وائس چیئرمین کو اختیارات دئے گئے ہیں - میں فاضل ممبر کی ترمیم کے اصولی طور پر حق میں ہوں اور اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس سے فاضل ممبر کی خواہش کی پوری تکمیل کی جائے گی - جناب والا - کسی قانون کی ترمیم کی دو صورتیں ہوتی ہیں - ایک تو یہ کہ اس بارے میں قانون میں یا ایکٹ میں یا آرڈیننس میں ترمیم کی جائے اور جس صورت میں میرے فاضل دوست

یہ چاہتے ہیں کہ اس بل کی تحریک کی جائے تو اس سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بہتر طریقہ تو یہی ہو گا کہ پہلے یہ سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جائے ۔ جب یہ وہاں جائے گا تو ظاہر ہے کہ زیر بحث آئے گا ۔ جو ترمیم میرے فاضل دوست نے پیش کی ہے وہ بہت اچھی ہے جائزہ لیا گیا ہے کہ اس کے متعلق اس طریقہ سے بھی ترمیم ہو سکتی ہے کہ رولز میں ترمیم کر دی جائے ۔ یہ آرڈرز ایسے ہونگے کہ رولز میں اس کی پرووِیژن کی جا سکتی ہے اور جب کسی مسودہ قانون میں یہ چیز موجود ہو کہ ترمیم رولز میں لائی جا سکتی ہے تو اس سے ہر منشا پورا کیا جا سکتا ہے تو میرے خیال میں یہ نامناسب نہیں کیونکہ ایسی صورت ہے کہ رولز میں ترمیم کر دی جائے ۔ میں فاضل ممبر کو آپ کی وساطت سے یقین دلاتا ہوں کہ یہ تجویز نہایت مفید تجویز ہے اور میں ان کی تجویز رولز میں ترمیم کے لئے پورے طور پر قبول کرتا ہوں اور جتنی ترامیم اس سے پیشتر ہو چکی ہوئی ہیں ان پر بھی عمل درآمد ہو رہا ہے اور جو مزید ہوں گی ان پر بھی انشاءاللہ جلد عمل درآمد شروع ہو جائیگا ۔ اور پھر جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کے ممبران کو یہ اطلاع دینی چاہتا ہوں کہ صدر مملکت کی یہ خواہش ہے کہ یہ نظام پروان چڑھے اور بتدریج ترقی کرے اور اس معاملہ میں ایوان کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دئے جائیں اور ہم جناب صدر مملکت کی منشا اور ہدایت کے تحت اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ وائس چیئرمین کے جو اختیارات ہیں جو ان کو اس وقت حاصل ہیں ان سے زیادہ کسی اور افسر کو نہ دئے جائیں اور ساتھ ہی ہم یہ کوشش کریں گے کہ وائس چیئرمین کے جو

موجودہ اختیارات ہیں وہ پہلے سے زیادہ کر دئے جائیں ۔ ان معروضات کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ میرے فاضل دوست کی مایوسی نہ صرف امید کی روشنی میں بدل جائے گی بلکہ ان کی خواہش کی تکمیل بھی ہو گی اور مجھے امید ہے کہ وہ اپنے اس بل کو واپس لے لیں گے اور ان کی منشا پوری ہوگی یہ قوم کی خدمت ہے اور واقعی قابل ستائیش ہے ۔

Mr. Speaker : Will the Minister amend the rules in respect of the Municipal Committees or the District Councils also ?

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں جناب والا دونوں میں کروں گا ۔

Mr. Speaker : I will now put the motion to the vote of the House.

سید عنایت علی شاہ ۔ میں واپس لے لوں گا یقین دہانی انہوں نے دیدی ہے ۔

Mr. Speaker : The Member may please ask for leave of the House to withdraw his motion.

Syed Inayat Ali Shah : Sir, I ask for leave of the Assembly to withdraw my motion.

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his motion ?

The motion was, by leave, withdrawn.

Mr. Speaker : Next motion.

Syed Inayat Ali Shah : I do not want to move Sir.

Mr. Speaker : The motion is not moved. Next motion please.

Chaudhri Muhammad Idress : I am not moving it Sir.

Mr. Speaker : The motion is not moved. Next motion.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Not moving Sir.

Mr. Speaker : The motion is not moved. Next.

THE CIVIL PROCEDURE CODE (AMENDMENT) BILL, 1967.

Chaudhri Muhammad Idrees : I beg to move Sir—

That leave be granted to introduce the Civil Procedure Code (Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the Civil Procedure Code (Amendment) Bill, 1967.

Minister of Law : Not opposed Sir.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to introduce the Civil Procedure Code 'Amendment) Bill, 1967.

Mr. Speaker : The Civil Procedure Code (Amendment) Bill, 1967, stands introduced.

Mr. Speaker : Now we come to PART II of the Orders of the Day i.e., Bills which have been introduced already.

Minister of Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Sir, before you proceed further, I would like to make a request to my friend, the Leader of the Opposition. There are five bills and the same principle is involved. If he could agree to take all these bills together, I think there will be no objection.

خواجہ محمد قنفدر ۔ جناب مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

Mr. Speaker : Which are those bills ?

Minister of Food & Agriculture : Bills Nos. 1 & 4 .....

Mr. Speaker : Not No. 2.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب قائد ایوان نے پہلے پانچ کہا تھا ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ آپ پانچویں سوار ہیں (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر ۔ ہم دھلی نہیں جا رہے ابھی پنڈی جا رہے ہیں ۔

خان اجون خان جدون ۔ نمبر ۲ رہ گیا ہے ۔

Minister of Food & Agriculture : Nos. 1,2,4, 8 and 10.

Mr. Speaker : Is there any opposition to this suggestion ?

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir.

Mr. Speaker : There is no opposition and we will take these five bills together. First is from Chaudhri Muhammad Nawaz ; item No. 1.

THE WEST PAKISTAN WATER AND POWER DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 1966

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir I move—

> That the West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Irrigation and Power, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is—

> That the West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1966.

as recommended by the Standing Committee on Irrigation and Power, be taken into consideration at once.

Khawaja Muhammad Safdar (Sialkot - I) : I would say a few words Sir, although I am not opposing it.

جناب والا ۔ میں اس مسودہ قانون کی مخالفت کے لئے کھڑا نہیں ہوا بلکہ میں محترم چودھری محمد نواز صاحب کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں کہ انہوں نے نہ صرف محنت شاقہ کے بعد ان پانچ اور بڑی بڑی ریاستوں کے قلعوں کی حدود کے اندر داخل ہونے کی کامیاب کوشش کی ہے گورنمنٹ کو آمادہ کر لیا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ گویا ہر اچھی بات وہ مانتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے اس پر شک ہے اور شدید اختلاف ہے ویسے میری دعا ہے کہ خدا آپ کو ہدایت دے ۔

وزیر تعلیم ۔ آمین !

خواجہ محمد صفدر ۔ آمین ۔ اور آپ کو بھی ۔ تو جناب والا یہ بڑے بڑے خود مختار اداروں کے متعلق جو اس صوبے کے ۵ کروڑ باشندوں کا روپیہ بے دردی سے صرف کر رہے ہیں مگر ان کے اخراجات کی جانچ پڑتال اس اسمبلی کے احاطہ اختیار میں نہیں ہے ۔ وہ صرف ایک کام جانتے ہیں کہ وہ اس اسمبلی کے ذریعے سے روپیہ حاصل کر لیں باقی کسی قسم کی ذمہ داری ان کے ذمہ نہیں ہے کہ اس روپیہ کا حساب اس معزز ایوان کے سامنے پیش

کریں اور اس صوبے کے پانچ کروڑ سے زائد افراد کے سامنے اپنے اعمال و افعال کے لئے جواب دہ ہوں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پہلا قدم ہے ۔ اور مجھے یقین ہے ۔ کہ آئندہ بھی چودھری محمد نواز صاحب اسی طرح محنت کرنے کے بعد گورنمنٹ کو آمادہ کر لیں گے ۔ ابھی ہمیں صرف اس قدر اختیارات ملے ہیں ۔ کہ ہم ایک سٹینڈنگ کمیٹی میں ان اداروں کے حساب کتاب کی پڑتال کر لیں ۔ ابھی تک ہمیں یہ حق بھی نہیں تھا کوشش ہونی چاہئے کہ کسی وقت اس ایوان کو یہ اختیارات بھی مل جائیں کہ ان اداروں کے بجٹ بھی ریلوے کی طرح یہاں سے پاس ہوا کریں ۔ یہ خیال کہ وہ ادارے اگر خود مختار ہوں گے تو کام بسرعت سر انجام پائے گا غلط ثابت ہوا ہے ۔ گذشتہ دس گیارہ برس میں نہ کام بسرعت تکمیل کو پہنچا اور نہ خرچ کم ہوتا رہا ۔ وافر خرچ ہوا ۔ روپیہ کا حد درجہ ضیاع ہوا ۔ جہاں تک کارکردگی کا تعلق ہے اس کے متعلق میں زیادہ کہنا نہیں چاہتا ۔ واپڈا کے متعلق پھر کسی وقت بحث کریں گے ۔ صرف اتنا کہنا کافی ہے کہ یہاں اگر کوئی شخص بھی کام خراب کر دے تو لوگ کہتے ہیں کہ اسے واپڈا ہو گیا ہے گویا واپڈا ہر قسم کی خرابیوں کا مجموعہ بن گیا ہے ۔ ان چند الفاظ کے ساتھ میں چودہری محمد نواز صاحب کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on

Irrigation and Power, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : We will now take up the Bill clause by clause.

The question is -

That clause 2 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is -

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : There is one amendment in clause 1 by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : I beg to move -

That in clause 1, line 2, for the figures "1966", the figures "1967", be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is:

That in clause 1, line 2, for the figures "1966", the figures "1967" be substituted.

Minister of Irrigation & Power (Makhdum Hameed-ud-Din) : I only agree to the extent as it has been recommended by the Standing Committee.

مسٹر سپیکر ۔ کیا آپ اسے oppose کرتے ہیں ؟

Minister of Irrigation & Power : Not opposed.

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 1, line 2, for the figures "1966", the figures "1967", be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put clause 1 to the vote of the House.

The question is :

That clause, 1, as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Nawaz : I beg to move -

That the West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1966 as amended be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as amended, be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the West Pakistan Water and Power Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

The motion was carried.

THE THAL DEVELOPMENT (AMENDMENT) BILL, 1966.

Mr. Speaker : Next motion please.

Chaudhri Muhammad Nawaz : I beg to move -

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is -

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, be taken into consideraration at once.

Minister of Agriculture : Not opposed.

Mr. Speaker : The question is :

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now we will take up the Bill clause by clause. There is an amendment in clause 2 of the Bill by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : I beg to move -

That in clause 2 of the Bill, in the proposed Section 49 (A) of the Principal Act, in sub-section (4) thereof at line 2, between the words "Auditor General" and the words "shall be furnished", the words "together with his report thereon" be inserted.

Mr. Speaker : Amendment moved is -

That in clause 2 of the Bill, in the proposed Section 49 (A) of the Principal Act, in sub-section

(4) thereof at line 2, between the words "Auditor General" and the words "shall be furnished", the words "together with his report thereon" be inserted.

Minister of Agriculture : Not opposed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I move :

That the word "be" occurring in clause 2 of the Bill, in the proposed Section 49-B of the Principal Act, be deleted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That the word "be" occurring in clause 2 of the Bill, in the proposed Section 49-B of the Principal Act, be deleted.

Minister of Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : Not opposed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put clause 2 to the vote of the House.

The question is -

That clause 2, as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now we come to clause 1 and there is an amendment by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : I beg to move -

That in clause 1, line 2, for the figures "1966", the figures "1967" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That in clause 1, line 2, for the figures "1966", the figures "1967" be substituted.

Minister of Agriculture : Not opposed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :

That Short Title, as amended, be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now the Preamble. The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Nawaz : I beg to move :

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the Thal Development (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

The motion was carried.

THE PROVINCIAL INDUSTRIAL DEVELOPMENT CORPORATION (WEST PAKISTAN) ORDINANCE (AMENDMENT) BILL, 1966.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister for Law : Sir, No. 4, may be moved.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Industries and Commerce, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Industries and Commerce, be taken into consideration at once.

Minister for Law : Not opposed Sir.

Mr. Speaker : The question is :

> That the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Industries and Commerce, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : We will now take up the Bill clause-by-clause. Clause 2, and there is an amendment by Chaudhri Muhammad Idrees ; please move.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

That in clause 2 of the Bill for the proposed sub-section (6) of section 19 of the Principal Act, the following be substituted :—

"(6) A statement of the accounts of the Corporation and the report of the Auditor General on the said accounts, together with the report of the Auditor General on accounts of undertakings and companies, referred to in sub-section (3), shall be furnished to the Government by the Corporation after the end of every financial year."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 2 of the Bill for the proposed sub-section (6) of section 19 of the Principal Act, the following be substituted :—

"(6) A statement of the accounts of the Corporation and the report of the Auditor General on the said accounts, together with the report of the Auditor General on accounts of undertakings and companies, referred to in sub-section (3), shall be furnished to the Government by the Corporation after the end of every financial year."

Minister for Law : Not opposed Sir.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put clause 2 to the vote of the House. The question is :

That clause 2, as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Clause 3 : The question is :

That clause 3 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Clause 4 : The question is :

That clause 4 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Preamble : The question is :

That Preamable be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Short Title : The question is :

That Short Title be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, if I am correct, I may bring to your kind notice that the clause 4, in the new section 21-A (2), I think the language is not correct. It reads :

> "(2) The Committee on Public Accounts shall scrutinize and examine the reports referred to it under sub-section (1) in the same manner as, and shall in respect thereof perform the same functions and exercise the same powers as are required... ...".

Word 'as' has been used here twice and I think there should be only one 'as' either the first one or the second one ; I prefer the second one, and then that will read like this :

> "..... perform the same functions and exercise the same powers as are required by it to be performed and exercised....."

Mr. Speaker : I think there is no harm.

Minister for Law : Yes Sir. I think both can find place in law, and there is nothing wrong about it.

Mr. Speaker : Next motion please.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as amended, be passed.

Mr. Speaker : There is no opposition. I will put the question. The question is :

> That the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) Ordinance (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN AGRICULTURAL DEVELOPMENT CORPORATION (AMENDMENT) BILL, 1966.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, be taken into consideration at once.

Minister for Law : Not opposed Sir.

Mr. Speaker : The question is :

> That the West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture. be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : We will no take up the Bill clause be clause. Clause 2 ; there is an amendment by Mr. Zain Noorani ; he is not present. Next amendment by Khan Ajoon Khan Jadoon.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to move :

> That for sub-clause (a) of clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, the following be substituted, namely :—
>
> "(a) sub-section (2) shall be omitted and shall be deemed always to have been omitted;"

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That for sub clause (a) of clause 2 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, the following be substituted, namely :—

"(a) sub-section (2) shall be omitted and shall be deemed always to have been omitted;".

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next amendment.

Chaudhri Muhammad Idrees : I beg to move -

That in clause 2 (c) of the Bill in the proposed sub-section (5) of Section 80 of the principal Ordinance, between the words "Auditor General" and the words "shall be furnished" the words "together with his report thereon" be inserted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is :

That in clause 2 (c) of the Bill in the proposed sub-section (5) of Section 80 of the principal Ordinance, between the words "Auditor General" and the words "shall be furnished" the words "together with his report thereon" be inserted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put the clause to the vote of the House. The question is :

That clause 2, as amended, do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Clause 3 ; and there is an amendment by Mr. Zain Noorani ; he is not present. Next amendment by Khan Ajoon Khan Jadoon.

Khan Ajoon Khan Jadoon: Sir, I beg to move :

مسٹر سپیکر ۔ جدون صاحب ۔ آپ تشریف رکھیں ، کیونکہ صورت یہ ہے کہ آپ کی یہ ترمیم نئی کلاز نمبر ۳ میں ہے اس لئے جب کلاز نمبر ۳ put ہوگی تو پھر اس کے بعد یہ ترمیم پیش کی جائے گی ۔

Mr. Speaker : I will now put clause 3 to the vote of the House.

The question is :

That clause 3 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to move -

That after clause 3 of the Bill as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture the following new clause be added, namely :—

"(4) After Section 81 of the said Ordinance as amended the following new Section shall be inserted namely :—

'81-A. The provisions of Section 80 and 81 as so modified by the West Pakistan Agricultural Development Corporation Amendment Act 1967 shall, so far as may be, also apply to the accounts of the Corporation for the period prior to the coming into force of the West Pakistan Agricultural Development Corporation Amendment Act, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved is -

That after clause 3 of the Bill as recommended by the Standing Committee on Food and Agriculture, the following new clause be added, namely :—

"(4) After Section 81 of the said Ordinance as amended the following new Section shall be inserted namely :—

'81-A. The provisions of Section 80 and 81 as modified by the West Pakistan Agricultural Development Corporation Amendment Act 1967 shall, so far as may be, also apply to the accounts of the Corporation for the period prior to the coming into force of the West Pakistan Agricultural Development Corporation Amendment Act, 1967.

Voices : Not Opposed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Preamble. The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Clause 1. There is an amendment by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

That in clause 1 of the Bill for the figures "1966" the figures "1967" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved is -

That in clause 1 of the Bill for the figures "1966" the figures "1967" be substituted.

Voices : Not Opposed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :

That Short Title, as amended, be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion please.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

Mr. Speaker : The question is :

> That the West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

The motion was carried.

THE KARACHI DEVELOPMENT AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 1966.

Mr. Speaker : Next motion.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

> That the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Local Government, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is :

> That the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Local Government, be taken into consideration at once.

Minister of B.D. & Local Government : Not Opposed.

Mr. Speaker : The question is -

> That the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Local Government, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now we will take up the Bill clause by clause. Clause 2. There is an amendment by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir, I beg to move :

> That in clause 2, for the proposed Article 27 (A the following be substituted :—
>
> "27(A). (1) The Statement of Accounts of the Authority referred to in clause (2) of Article 25 together with the report of the Comptroller and Auditor General of Pakistan, if any, under clause (3) thereof and the annual report referred to in Article 27 shall be laid before Provincial Assembly of West Pakistan as soon as may be following the receipt thereof by the Provincial Government and the Provincial Assembly shall refer the same to its Committee on Public Accounts for scrutiny.
>
> (2) The Committee on Public Accounts shall scrutinize and examine the reports referred to it under sub-section (1) in the same manner as,

and shall in respect thereof perform the same functions and exercise the same powers as are required by it to be performed and exercised in respect of Appropriation Accounts of the Provincial Government and the report of the Comptroller and Auditor General of Pakistan thereon.

(3) The Authority shall produce such documents and furnish such explanation and information to the Committee referred to in sub-section 1 as the Committee may require at the time of examination of the Accounts.

(4) Government may require the Authority to furnish it with —

(i) any return, statement, estimate, statistics or other information regarding any matter under the control of the Authority or

(ii) a report on any such matter ; or

(iii) a report on any document in the charge of the Authority; and the Authority shall comply with every such requisition."

Mr. Speaker : Amendment moved is :

That in clause 2, for the proposed Article 27 (A) the following be substituted :—

"27(A). (1) The Statement of Accounts of the Authority referred to in clause (2) of Article 25 together with the report of the Comptroller and Auditor General of Pakistan, if any, under clause (3) therefore and the annual report referred to in Article 27 shall be laid before Provincial Assembly of West Pakistan as soon as may be following the receipts thereof by the Provincial Government and Provincial Assembly shall refer the same to its Committee on Public Accounts for secrutiny.

(2) The Committee on Public Accounts shall scrutinize and examine the reports referred to it under sub-section (1) in the same manner as, and shall in respect thereof perform the same functions and exercise the same powers as, are required by it to be performed and exercised in respect of Appropriation Accounts of the Provincial Government and the report of the Comptroller and Auditor General of Pakistan thereon.

(3) The Authority shall produce such documents and furnish such explanation and information to the Committee referred to sub-section 1 as the Committee may require at the time of examination of the Accounts.

(4) Government may require the Authority to furnish it with —

(i) any return, statement, estimate, statistics or other information regarding any matter under the control of the Authority or

(ii) a report on any such matter ; or

(iii) a report on any document in the charge of the Authority and the Authority shall comply with every such requisition."

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 2, as amended do stand part of the Bill.

The motion was carried.

PREAMBLE.

Mr. Speaker : Preamble. The question is :

That Preamable be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 1.

Mr. Speaker : Clause 1. There is an amendment by Chaudhri Muhammad Idrees.

Chaudhri Muhammad Idrees : Sir I beg to move -

In clause 1 of the Bill, for the figures "1966" the figures "1967" be substituted.

Mr. Speaker : Motion moved is --

In clause 1 of the Bill, for the figures "1966" the figures "1967" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put clause 2 to the vote of the House.

The question is -

That Short Title as amended, be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion please.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move :

That the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966. as amended be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as amended be passed.

Mr. Speaker : The question is :

That the Karachi Development Authority (Amendment) Bill, 1966, as amended, be passed.

The motion was carried.

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں صرف ایک منٹ کی اجازت چاہتا ہوں کہ یہ پہلا موقع ہے کہ کسی پرائیویٹ ممبر کے پانچ بل بہت ہی کم وقت میں پاس ہوئے ہیں ۔ میں آپ کی وساطت سے ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ساتھ ہی ساتھ حکومت جس طرح سے مہربانی کرتی رہی ہے یہ اس کا بین ثبوت ہے کہ یہ کہنا غلط ہے کہ اسمبلی کو کوئی اختیار نہیں ۔ ایک ہی دن میں پانچ بلوں کا پاس ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ اسمبلی با اختیار ادارہ ہے میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ یہ آپ کی رہنمائی کی وجہ سے ہوا ہے اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی آپ رہنمائی کرتے رہیں گے ۔

Minister of Law : I now request that if the Leader of the Opposition has no objection, Bill No. 9 of 1966, item No. 7, may be given priority over others. It consists of only one line, and it is from Khan Ajoon Khan Jadoon.

Mr. Speaker : Has Khawaja Sahib any objection ?

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir.

Mr. Speaker : So there is no objection to this proposal.

The West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966.

Mr. Speaker : Now we will take item No. 7 of Khan Ajoon Khan Jadoon.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to move -

> That the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Home Affairs, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is -

> That the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Home Affairs, be taken into consideration at once.

Mr. Zain Noorani : Sir, if you permit a verbal amendment to be moved ; it is 1966 here, and instead it should be 1967.

Mr. Speaker : That would be an amendment in clause 1. I will consider it at that time.

Now I will put the question. The question is :

> That the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966 as recommended by the Standing Committee on Home Affairs, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : We will take up the Bill clause by clause.

CLAUSE 2.

Mr. Speaker : Clause 2 : The question is :

> That clause 2 do stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Preamble. The question is :

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 1.

Mr. Speaker : Clause 1. Does Mr. Zain Noorani want to move the amendment ?

Mr. Zain Noorani : Sir I move -

That in clause 1 of the Bill, for the figure "1966" the figure "1967" be substituted.

Mr. Speaker : Amendment moved, the question is —

That in clause 1 of the Bill, for the figure "1966" the figure "1967" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Short Title. The question is :

That Short Title be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion please.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir I beg to move —

That the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966 as amended, be passed.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1966 as amended, be passed.

Mr. Speaker : The question is -

> That the West Pakistan Arms (Amendment) Bill 1966 as amended be passed.

The motion was carried.

Mr. Speaker : We will now revert to item No. 3, relating to Mr. Muhammad Aurangzeb Khan Awan. He is not present,

---

THE WEST PAKISTAN CRIMINAL LAW (AMENDMENT) BILL, 1966.

Mr. Speaker : Next comes item No. 5, by Mr. Hamza.

Mr. Hamza : Sir I move -

> That the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Home Affairs, be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : Motion moved is -

> That the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Bill, 1966, as recommended by the Standing Committee on Home Affairs, be taken into consideration at once.

Minister of Law : Opposed Sir.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - انسان کے عارضی ہونے میں کسی انسان کو شک و شبہ نہیں ہو سکتا اور وزارت جتنی عارضی ہے میرے خیال میں اس قدر عارضی اور کوئی چیز نہیں - اس دور کے لوگ تو

ان وزراء کو رحم کی نگاہ سے دیکھتے ہیں پہلے اگر کوئی شک و شبہ تھا تو اب وہ بھی نہیں ہے ۔ اس کے باوجود جناب وزیر قانون نے جو ذاتی طور پر نہایت ہی شریف النفس انسان ہیں اور میں ان کا بے حد احترام کرتا ہوں ۔ ان کے ذمہ یہ کار خیر سونپا گیا ہے (میں تو اسے کار خیر ہی کہہ سکتا ہوں کہ وہ اس مسودہ قانون کی مخالفت کریں جو قرآن اور سنت کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے اس حقیر انسان نے اس ایوان میں پیش کیا تھا ۔ مجلس قائمہ برائے امور داخلہ نے بھی جس میں سوائے میرے تمام کے تمام معزز ارکان حکومتی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں اس مسودہ قانون کو منظور کرنے کی سفارش کی ہے ۔ لیکن جناب وزیر قانون نے ان کی رائے کو اہمیت نہیں دی ۔ خیر وہ بھی انسان ہیں ۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہ ایوان اس مجلس قائمہ برائے امور داخلہ سے زیادہ اختیار رکھتا ہے ۔ یہ ایوان اس کا پابند نہیں کہ محض سفارشوں پر عمل کرے ۔ لیکن اس مسودہ قانون کے بارے میں حکومت وہ عذر جسے عذر لنگ کہتے ہیں پیش نہیں کر سکتی اگر حکومت یہ چاہتی ہے کہ مشرقی اور مغربی پاکستان میں ایک جیسے قوانین ہوں ۔ کیونکہ یہ ایسا قانون ہے جو محض مغربی پاکستان ہی میں لاگو ہے یا نافذ ہے اور میرا خیال ہے کہ جناب وزیر قانون میری معروضات کے بعد اس کی مخالفت کرتے ہوئے جب تقریر فرمائیں گے تو یہ جواز پیش کریں گے اور یہ لازماً کہیں گے کہ یہ وہ قانون جس میں ترمیم کرنا مقصود ہے کو آئین کے تحت تحفظ حاصل ہے اگر اس میں ترمیم کر دی جائے تو اس کو عدالتوں میں ہائی کورٹ میں یا سپریم کورٹ میں

چیلنج کیا جا سکے گا ۔ میرے خیال میں یہ اعتراض بے معنی ہے اور اس کا حقائق سے تعلق نہیں ہے کیونکہ اگر اس مسودہ قانون کو منظور کر لیا جائے اور کریمنل لا امنڈمنٹ ایکٹ میں ترمیم کر دی جائے تو وہ اس قانون کا حصہ بن جائے گا اور اس کو عدالتوں میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا ۔ حکومت کی جانب سے جو اعتراض یا جواز پیش کیا جانا ہے اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے یہ مسودہ قانون پیش کرکے کریمنل لا امنڈمنٹ ایکٹ میں سے دفعہ ۲۸ (اے) کو حذف کرنے کی تحریک کی تھی وہ دفعہ ۲۸ ۔ (اے) کیا ہے اس میں لکھا ہوا ہے :-

"An offence under Section 498 of the Pakistan Penal Code, if referred for decision to a Tribunal, may be compounded by the husband of the woman alleged to have been enticed or detained.

The composition of an offence under this Section or Section 28 shall have the effect of acquittal of the accused with whom the offence has been compounded."

جناب سپیکر ۔ اب اس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ دفعہ ۴۹۸ ۔ کیا ہے جس کے بارے میں اس دفعہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ فریقین کے درمیان راضی نامہ ہو سکتا ہے ۔

دفعہ ۴۹۸ ۔ اس کا عنوان ہے "بہ نیت مجرمانہ کسی عورت کا پھسلا لے جانا نکال لے جانا یا روک رکھنا ۔

کوئی شخص کسی عورت کو جو کسی دوسرے
شخص کی زوجہ ہے اور جس کو وہ جانتا ہو یا

باور کرنے کی وجہ رکھتا ہو کہ وہ کسی دوسرے شخص کی زوجہ ہے اس شخص کے پاس سے یا کسی اور شخص کے پاس جو شخص مذکور کی جانب سے اس عورت کا محافظ ہو نکال لے جائے یا پھسلا لے جائے اس نیت سے کہ عورت مذکور کسی شخص سے جماع کرائے یا اس نیت سے کسی ایسی عورت کو چھپائے یا روک رکھے تو شخص مذکور کو دونوں قسموں میں سے کسی قسم کی قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد دو دو برس تک ہو سکتی ہے یا جرمانے کی سزا یا دونوں سزائیں دی جائیں گی ۔"

جناب سپیکر ۔ یہ ظلم ہے اور اللہ کے حکم کے صریحاً خلاف ہے بلکہ میں یہ کہوں گا کہ موجودہ آئین کے خلاف ہے یہ واضح طور پر صدر مملکت نے ہم سے وعدہ کیا ہے بلکہ یہ اس آئین کے بنیادی اصولوں میں سے ہیں کہ وہ تمام کے تمام قوانین جو کہ اس ملک میں نافذ ہیں یا آئندہ بنائے جائیں گے قرآن و سنت کے مطابق ہوں گے بلکہ پرنسپلز آف پالیسی میں یہ ہے ۔

"No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and all existing laws shall be brought in conformity with the Holy Quran and Sunnah."

یہ ایسا آئین ہے جس کا ہم نے حلف اٹھایا ہے اور جس کی حفاظت کرنا تمام

وزرائے کرام کا فرض منصبی ہے لیکن اگر جناب وزیر قانون یہ اعتراض فرمائیں کہ اس مسودہ قانون کے متعلق جو کچھ میری معروضات میں نے پیش کی ہیں یہ قرآن و سنت کے مطابق نہیں ہیں اس کے بارے میں دو رائیں ہو سکتی ہیں تو میں وزیر قانون کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ اس آئین کے تحت ہی جناب صدر مملکت نے اسلامی مشاورتی کونسل مقرر کی ہے اس نے بھی یہی رائے دی ہے کہ اس مسودہ قانون کو منظور کرنا قرآن و سنت کے تقاضوں کے عین مطابق ہے بلکہ لازم ہے ۔ میں اس کی رائے اس ایوان میں پڑھ کر سنا دوں ۔

> "After thorough discussion on the proposed Bill and the material received from the Islamic Research Institute and the members of the Council, the Advisory Council of Islamic Ideology is unanimously of the opinion that the proposed amendment in the West Pakistan Criminal Law Amendment Act, 1963, on which opinion has been sought is in full consonance with the provisions of Islamic Law and morality."

جناب سپیکر ۔ مشاورتی کونسل کی یہ متفقہ رائے ہے ۔ جناب وزیر قانون یہ بھی فرما سکتے تھے کہ مسلمانوں کے بعض فرقے اس میں اختلاف رکھتے ہیں اور چونکہ اس کے متعلق مختلف فرقوں میں اختلاف ہے اس لئے ہم اس رائے کو اور اس مسودہ قانون کو منظور نہیں کر سکتے لیکن کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی جس میں مسلمانوں کے جتنے بھی فرقے ہیں کے علماء موجود ہیں انہوں نے متفقہ رائے دی ہے کہ اسلامی قانون اور اسلامی اخلاقیات کا یہ تقاضا ہے کہ اس مسودہ قانون کو منظور کیا جائے ۔ حقیقت

یہ ہے کہ انگریزوں نے جب اس ملک کو اپنے قبضہ میں لیا تو ہندوستان کے بعض علاقوں پر مسلمان حکومت کرتے تھے انہوں نے ہماری مجبوریوں کی وجہ سے جو سب سے بڑا مذاق یا ہمارے اخلاق کو تباہ کرنے کے لئے جو خطرناک سازش کی اس کی سب سے اہم کڑی یہ تھی کہ زنا کو جرم قرار نہیں دیا اور اس سے بھی بڑھ کر انہوں نے اس ملک میں جو قانون نافذ کئے ان میں یہ گنجائش رکھی کہ اگر ایک عورت کے ساتھ کوئی دوسرا شخص زنا کرے اور اس کو اغوا کرکے لے جائے تو اسے قابل راضی نامہ جرم قرار دیا ۔ یہ دین میں مداخلت کی خطرناک مثال تھی آپ کو یاد ہوگا کہ انگریزوں کے خلاف متحدہ ہندوستان کے علماء اسی لئے شروع سے لیکر آخر تک نبرد آزما رہے بلکہ پاکستان کی تحریک کا مقصد بھی یہی تھا کہ ہم اس قسم کے قوانین کو ختم کر دیں اور کم سے کم پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے بعد اس قسم کے قوانین کی اسلامیہ جمہوریہ پاکستان میں کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہئے ۔ میں حیران ہوں کہ حکومت اپنے تمام تر دعوؤں کے باوجود اس قسم کے قانون کو سختی سے نافذ کرنا چاہتی ہے اور جب اس کو اس بارے میں قطعی طور پر شک و شبہ بھی نہیں ہے کہ یہ قانون جس شکل میں موجود ہے وہ قرآن و سنت کے خلاف ہے اور وہ اس کو ڈھٹائی کے ساتھ موجودہ حالت میں رکھنے کے لئے تلی ہوئی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس زنا کے متعلق جو قرآن کے احکامات ہیں وہ قرآن کی زبان میں ہی عرض کروں گا ؟

جناب سپیکر ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اور صاف صاف آئیتیں نازل کی ہیں تاکہ تم سمجھو اور احکام الٰہی کی پابندی کرو اور پھر اللہ تعالیٰ فرماتے

ہیں کہ زنا کرنے والا مرد اور عورت جو بھی ہوں ان کو سو سو درے لگاؤ اور تم اللہ تعالیٰ کے احکامات کے ہوتے ہوئے کسی قسم کی نرمی نہ کرو اگر اللہ پر اور قیامت پر تم ایمان رکھتے ہو۔ جناب سپیکر۔ قرآن میں واضح احکامات ہیں کہ زنا کے جرم کا مرتکب جو شخص بھی ہو اس کے ساتھ کسی قسم کی نرمی کا برتاؤ نہیں کرنا چاہئے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات میں سے یہ ہے کہ جب ان کو سزا دی جائے تو برسرعام دی جائے تاکہ دوسرے لوگوں کو اس سے نصیحت ہو۔ جناب سپیکر۔ یہ ایسا جرم ہے جو محض افراد کے درمیان نہیں بلکہ میں تو کہوں گا کہ یہ معاشرے کے ساتھ زیادتی ہے اور اسلامی معاشرے میں اس قسم کے جرم کو کسی صورت میں بھی برداشت نہیں کیا جاتا بلکہ اس کو سختی سے ختم کرنے کی کوشش کی جانی چاہئے۔ میرے نزدیک موجودہ حکومت کی اسلام دوستی محض اس حد تک محدود ہے کہ وہ اسلام کو بطور ڈھال کے استعمال کرے اور وقتاً فوقتاً عام لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے اسلام کے نام کو استعمال کرے۔ جب کریمنل لا امینڈمنٹ ایکٹ پاس کیا جا رہا تھا تو اس وقت بھی اس ایوان میں واضح طور پر بتا دیا گیا تھا کہ یہ دفعہ قرآن اور سنت کے خلاف ہے لیکن اس کے باوجود حکومت نے اس کو پاس کروایا۔ میں اس حکومت سے پوچھتا ہوں جو کہ چکلوں کو ختم کرنے کا دعویٰ کرتی ہے جس نے اس قسم کا آرڈیننس پاس کیا کہ ہم اس قسم کی خرافات کو مغربی پاکستان میں برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو کیا وجہ ہے کہ آپ قرآنی احکامات کی صریح خلاف ورزی کو کیوں برداشت کر رہے ہیں۔ میرے

نزدیک یہ بات قطعاً قابل اعتراض نہ ہوتی اگر ہماری حکومت کھل کر یہ اعلان کر دیتی کہ یہ ایک اسلامی حکومت نہیں بلکہ غیر اسلامی حکومت ہے ۔ ہندوستان کی حکومت تو یہ ناز کر سکتی ہے کہ اس ملک میں جو آئین ہے اس کا دین کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بلکہ وہ ایک لا دینی مملکت ہے ۔ مگر وہ لوگ جو پاکستان کو اسلامی جمہوریہ پاکستان کہتے ہیں اور پاکستان کی حکومت اپنے آپ کو ایک دینی حکومت کہلاتی ہے اور اس کے امیر کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ اس ملک میں اسلامی اقدار کو اپنانا چاہتے ہیں ۔ اسلامک سوشلزم رچانا چاہتے ہیں اگر یہ حکومت اس قسم کا کام کرتی ہے تو اس پر مجھے اعتراض ہوتا ہے ۔ اگر وزیر قانون یہ اعلان کر دیں کہ اس حکومت کو دین سے قطعاً کوئی تعلق نہیں تو میں اس کو بخوشی قبول کروں گا ۔ جناب سپیکر ۔ دین کا بظاہر دوست بن کر یہ عوام سے ایسا دھوکہ کر رہے ہیں جو کہ انگریز بھی نہ کر سکے تھے ۔ یہ اس ایوان میں فرماتے ہیں کہ ہم نے اوقاف کا محکمہ بنایا اور اوقاف کے محکمے کو اسلامی روایات کے مطابق چلاتے ہیں حالانکہ حقیقتاً حال یہ ہے کہ اس محکمے کا فرض علماء کے دماغوں کو اپنی منشاء کے مطابق ڈھالنا ہے ۔ ان کے دماغوں کو اپنا آلہ کار بنانا ہے ۔ آپ یقین کیجئے عوام الناس تو یہ کہتے ہیں کہ ہماری حکومت کا دین اکبر کا دین الٰہی ہے جس کو وہ اپنی اغراض کے تابع رکھنا چاہتی ہے اور آج اس ایوان میں جناب وزیر قانون نے اس مسودہ قانون کی مخالفت کر کے یہ ثابت کر دیا کہ اس حکومت کا وہ دین نہیں ہے جو اللہ کی طرف سے نازل ہوا بلکہ اس کا وہ دین ہے جو اس کی اغراض کے

تابع ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اس قسم کے قانون کی مخالفت کرتا ہوں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارا عقیدہ ہے ہے کہ ہم تمام مسلمان اپنے دین کے تابع ہیں اور دین کو کس کے تابع کہنا یہ الفاظ درست نہیں یہ ان کو واپس لینے چاہئیں ۔ اور میں احتجاج کرتا ہوں ۔ اس کے بعد حکومت کی جو مرضی ہو وہ کرے مگر یہ کہنا کہ دین تابع ہے یہ الفاظ غیر موزوں ہیں اور ان کو یہ واپس لینے چاہئیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب رانا صاحب کو میری بات سمجھ میں نہیں آتی میں ان کے اس اعتراض کا جواب نہیں دے سکتا ۔ میں حکومت کے کے بارے میں عرض کر رہا ہوں ۔ قرآنی آیات کے مطابق عرض کر رہا ہوں ۔ کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کی یہ رائے ہے کہ مسودہ قانون جو ایوان میں پیش کیا گیا ہے وہ قرآن و سنت کے عین مطابق ہے اور اگر حکومت پھر بھی اس پر اصرار کرتی ہے تو میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ حکومت دین کو اغراض کے اور ذاتی مقاصد کے تابع سمجھتی ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے ہمیں پاکستان دیا اور کئی قربانیوں کے بعد دیا اور پاکستان کا جو معمار تھا اس کا یہ وعدہ تھا کہ یہاں اسلامی قانون ہوگا اور قرآن و سنت کے مطابق ہوگا ۔ تو اس آواز پر مشرق و مغرب کے تمام مسلمان لبیک کہہ کر اپنی بروسز ۔ اپنی جاگیریں اپنی عزت اور اپنی جھونپڑیاں چھوڑ کر یہاں آئے اور انیس سال ہو گئے ہیں لیکن افسوس کا

مقام ہے کہ جس بات کو انگریز نے بھی نہیں چھیڑا تھا اس حکومت نے اس کو چھیڑا ہے بلکہ یہ پوری قوم کو چھیڑنا ہے ۔ افسوس یہ ہے کہ ایسا کیوں کیا جاتا ہے ۔ زانی اور زانیہ کو قرآنی حکم کے مطابق سو سو کوڑے مارنے چاہئیں اور قرآن کا فرمان ہے کہ ایسا کرنے میں تم کو ان کی حالت پر ترس نہ آئے اور ترس کھانے کا جذبہ اللہ کے دین کے معاملہ میں دامن گیر نہ ہو اگر تم آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو ۔ یہ الفاظ ہیں اور ساتھ ساتھ جو آپ نے وعدے کئے ہیں وہ میں آپ کو قرآن و حدیث سے بتا دیتا ہوں ۔

و اوفوا بعهد الله اذا عهدتم

اور پورے کرو عہد اللہ تعالیٰ کے ۔ جو آپ نے وعدہ کیا ہے ۔ اس میں تمام مسلمانوں کو شامل ہونے کا حق ہو گیا ہے ۔ اب تک لاکھوں لوگ اس قانون کے تحت اپنے مقامات عالی شان چھوڑ کر فٹ پاتھ پر زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ اب آپ نے ان کو ٹھیس پہنچائی ہے ۔ افسوس ہے کہ یہ بات آپ کو زیب نہیں دیتی ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ میں آپ کو یہ بھی بتا دیتا ہوں کہ یہ ملک اللہ تعالیٰ کا ہے اس نے ہمیں اس ہاؤس میں بھیجا ہے ۔

و لله ما فی السموت و ما فی الارض
والی الله ترجع الامور ۔

اور اللہ تعالیٰ کا ہے جو آسمانوں میں ہے اور زمینوں میں ہے اور اسی

اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کئے جاؤ گے ۔ اللہ تعالیٰ کا حکم رائج ہونا چاہئے انگریز کے قانون کو رائج نہیں ہونا چاہئے اگر اللہ تعالیٰ سے لڑائی کا چیلنج کرتے ہیں ۔

ولا تجد لسنتنا تحویلا ۔

اور آپ ہمارے قانون میں کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے ۔ ہمیں واجب ہے ۔ ہمیں یہ حق نہیں کہ ہم اس میں زیر زبر کی تبدیلی کریں ۔ خود نبی کریم نے تیئیس برس نبوت کی زندگی بسر کی ۔ ان کے لئے اللہ تعالیٰ کیا کہتا ہے ۔

ومن یطع اللہ و رسولہ و یخش اللہ
و یتقہ فاولئک ھم الفائزون ۔

وہ جو حکم مانے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا اور ڈرے اللہ تعالیٰ سے ۔ اور بچتا رہے اس کی مخالفت سے ۔ میری صاحب اقتدار حضرات سے یہ گزارش ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مخالفت سے بچتے رہیں خود کو اس کی مخالفت میں نہ ڈالیں ۔ اپنے بچوں کو بھی نہ ڈالیں اور قوم کو بھی نہ ڈالیں ۔ وہی بامراد ہیں آپ ہمیں کس طرف دھکیل رہے ہیں ۔ کیا آپ نے فرنگی کے اس قانون میں کوئی تبدیلی کی ہے ؟

ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ و دین
الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ولو کرہ
المشرکون ۔

وہی ہے جس نے بھیجا اپنے رسول کو ھدائیت اور دین دے کر تاکہ اسے غالب کر دے اور سب دینوں پر ۔ جتنے قانون ہیں برطانیہ کا ہے امریکہ کا ہے ۔ سب پر غالب کر دے ۔ اگر یہ برا مانیں مشرک لوگ ۔ ہم لوگوں کو بھی ڈرنا چاہئے ۔ اگر مسلمانوں نے اس پاکستان کو قبول کیا ہے تو اس کی وجہ یہی تھی کہ یہاں قرآن و سنت کے مطابق قانون ہوگا ۔ اللہ تعالیٰ کا قانون ناقابل تغیر ہے ۔

لا تبدیل لخلق اللہ ۔

آپ اس میں تبدیلی نہ لائیں ۔ بار بار انہوں نے فرمایا ہے چنانچہ میں آپ کو گذارش کر رہا ہوں اسی لئے مجھے اللہ تعالیٰ نے اس ھاؤس میں بھیجا ہے ۔ خدا کے نزدیک جو پسندیدہ دین ہے وہ اسلام ہے ۔ آپ اس پر رہیں ۔ اسے مت چھوڑیں ۔ اس سے روگردانی مت کریں ۔

ان الدین عند اللہ الاسلام ۔

کسی سے یہ مخفی نہیں ہے ۔ حجتہالوداع کو یہ آیت اتری تھی ۔

الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت
علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام
دینا ۔

آج ہم نے مکمل کر دیا تمہارے لئے تمہارا دین ۔ اور میں نے پوری کر دی تم پر اپنی نعمت اور پسند کیا تمہارے لئے دین اسلام ۔ اگر اس گارنٹی کے لئے بھی ہم ادھر نہ دیکھیں تو یہ ہماری بدقسمتی ہے ہمارے ملک کی بدقسمتی ہے ۔ اور قوم کی بدقسمتی ہے ۔

فان حزب اللہ ھم الغلبون ۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بے شک اللہ تعالیٰ کی جماعت غالب رہے گی ۔ آپ ہمیشہ یہ دعویٰ کرتے ہیں ۔ صدر صاحب کی یہ تقریر ہے ۔ گورنر صاحب کی تقریر ہے کہ آپس میں اتحاد کریں اور طاقت بنائیں ۔ میں بھی آپ کو دعوت دیتا ہوں ۔ صاحب اقتدار لوگوں کو اور پورے ہاؤس کو ۔

وا عتصموا بحبل اللہ جمیعاً ولا تفرقو ۔

اللہ تعالیٰ کی رسی کو مل کر مضبوط پکڑ لو اور تفرقہ اندازی نہ کرو ۔ میں صاحب اقتدار حضرات سے پوچھتا ہوں ۔ یہ ہمیں دوسری لائینوں پر اتحاد کے لئے کہہ رہے ہیں ۔ یہ حق بجانب ہیں یا ہم حق بجانب ہیں ۔ ہم انہیں اس دین پر چلنے کے لئے کہتے ہیں مگر یہ ہمیں دوسرے قانون کے مطابق چلانا چاہتے ہیں اور ہم اسے قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ۔

ولا تتبعوا خطوت الشیطن انہ لکم عدو مبین ۔

شیطان کی تابعداری مت کرو کیونکہ وہ آپ کا کھلا دشمن ہے ۔ ان الفاظ پر میں گذارش کرتا ہوں کہ آپ اس کا ثبوت دیں اور اس قانون کی مخالفت نہ کریں اور اسے مان لیں ۔ یہ ترمیم اسلامی قانون کے مطابق ہے ۔

وزیر قانون (مسٹر اللہ بچائیو غلام علی اخوند) ۔ جناب سپیکر ۔ جس نظریہ سے پاکستان وجود میں آیا ہے ۔ صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب

خان ۔ حکومت پاکستان ۔ گورنر مغربی پاکستان اور حکومت مغربی پاکستان اس پر قائم ہیں ۔ یہ کہنا کہ ہم اسلام کو تباہ کرتے ہیں نعوذ باللہ یہ بہت بڑا بہتان ہے ۔ میں آپوزیشن کے ممبر صاحبان سے پوچھتا ہوں کہ سال ۱۹۶۲ء سے پہلے کوئی کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی عمل میں لائی گئی تھی یا قائم کی گئی تھی ۔ اگر کسی نے اسے قائم کیا ہے تو وہ فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب خان ہیں ۔ جتنے بھی قوانین ہیں ۔ اور وہ لا محدود ہیں ۔ وہ ہر سال اس کونسل کو بھیجے جاتے ہیں ۔ اور اسے حق ہے کہ وہ ان کی جانچ پڑتال کرے اور اپنا فتویٰ پیش کرے کہ وہ کون کون سے قوانین ہیں جنہیں از روئے اسلام نہیں رکھنا چاہئے اور جن میں ترمیم ہونی چاہئے ۔ لہذا جیسے پینل کوڈ کے متعلق حکومت کو ان کے مشورے کا فائدہ ملے گا ۔ جیسے وہ مشورہ دستیاب ہوگا ۔ انشاء اللہ حکومت پاکستان میں اسلامی قانون رائج کرے گی ۔ اور وہ دن دور نہیں ہے جب اسلامی قانون اس ملک میں رائج کیا جائے گا ۔ (تالیاں)

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ اتھارٹی کے متعلق گزارش یہ ہے کہ انہوں نے خود یہ مفروضہ قائم کیا ہے کیونکہ جہاں سے مشینری آ رہی ہے انہوں نے کہا تھا کہ ان کی زندگی ۱۰ ہزار گھنٹہ ہو گی ۔ زرعی ترقیاتی کارپوریشن کی جو مشینری آئی ہے وہ روس اور دوسری جگہوں سے آئی ہے انہوں نے یہ تصور کیا ہے کہ اس کی زندگی ۱۵ ہزار گھنٹہ ہو گی ۔ بہر حال حکومت نے ان دونوں کے متعلق ایک کمیٹی مقرر کر دی ہے کہ وہ ان کو دیکھے اور ایک بنیاد قائم کر دی جائے ۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ان میں تھوڑا بہت تفاوت ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ محکمہ زراعت پیشگی رقم لیتے ہیں اور وہ deferred payment لیتے ہیں ان حالات میں میں بالعموم پیشگی کو پسند کرتا ہوں تا کہ روپیہ کی وصولی میں دقت پیش نہ آئے اس لئے تھوڑا بہت تفاوت ہے ۔ یہ گزارش کی گئی ہے کہ ان میں جو تھوڑا بہت تفاوت ہے اس کے متعلق معاملہ زیر غور ہے انشاءاللہ اس سیشن سے فارغ ہونے کے بعد اس بات کا تصفیہ کر لیں گے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ ایک چیز تو یہ ہے کہ کرایوں میں اتنا نمایاں فرق ہے تو لوگوں میں کسی حد تک بے اطمینانی اور بدگمانی پھیل جاتی ہے تو کیا جناب وزیر موصوف یہ یقین دہانی کرائیں گے کہ ایک مہینے کے اندر اندر ان کرایوں میں مناسبت پیدا کی جائیگی ۔

وزیر زراعت ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ فرق ضرور ہے لیکن کوئی قابل ذکر فرق نہیں ہے مثلاً ۲۰ D T D ہے جو کہ ۳۵ ہارس پاور کا ٹریکٹر ہے اس کا کرایہ چھبیس روپے ہے اور یہ محکمہ زراعت کا ہے اور کوئٹہ اور قلات ڈویژن کے لئے اس کا رعائیتی کرایہ اٹھارہ روپے ہے اور A.D.C. کے پاس یہ ٹریکٹر ہے ہی نہیں ۔ اسی طرح Russian P M 100 محکمہ زراعت کے پاس ہے جو کہ ۱۰۸ ہارس پاور کا ہے اس کا کرایہ پچیس روپے اور غلام محمد بیراج میں چھبیس روپے یعنی ایک روپے کا فرق ہے اور کوئٹہ قلات ڈویژن میں سترہ روپے ہے کیونکہ وہاں پر رعائت دی جاتی ہے تو جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ تفاوت ہے تو سہی لیکن اتنا قابل اعتراض نہیں ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ ملک صاحب فرماتے ہیں کہ ان کرایوں میں کوئی قابل ذکر تفاوت نہیں ہے لیکن جو statement مجھے انہوں نے دی ہے اور اس میں جو کچھ انہوں نے دیا ہوا ہے ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر زراعت ۔ میں معذرت کے ساتھ عرض کروں گا کہ وہ درست نہیں تھی میں نے اسے درست کیا ہے اور جو میں یہاں پر پڑھ رہا ہوں وہ درست ہے اور آپ کے پاس جو ہے وہ غلط ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ آپ نے statement میں یہ دیا ہے کہ

"No subsidy is given in the rates now fixed. However in the case of Quetta and Kalat Divisions and Lasbela District the old rates along with subsidy have been retained".

تو کیا باقی مغربی پاکستان میں آپ نے subsidy نہیں دی ہے ۔

وزیر زراعت ۔ subsidy تو وہاں پر بھی دی ہے لیکن کوئٹہ اور قلات کو زیادہ subsidy دی گئی ہے اور دوسرے علاقوں میں کم دی گئی ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ آپ نے دو تین conditions بتائی ہیں ۔ پچیس فیصد اور پچاس فیصد کچھ hours کے لئے ، تو کیا یہ conditions کوئٹہ قلات پر بھی حاوی ہیں یا وہاں پر حاوی نہیں ہیں ۔

وزیر زراعت ۔ میں اس کے متعلق واضح طور پر نہیں کہہ سکتا ہوں ۔ میرے خیال میں یہ وہاں پر حاوی نہیں ہیں ۔ چونکہ مجھے یاد نہیں ہے اس لئے میں پورے وثوق کے ساتھ نہیں کہہ سکتا ہوں ۔

BULLDOZERS IMPORTED FOR QUETTA AND KALAT DIVISIONS

*4581. **Babu Muhammad Rafiq** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that 16 new Bulldozers were imported by the Government for Quetta and Kalat Divisions ;

(b) whether it is a fact that due to some technical defect most of the said Bulldozers are out of order ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the total number of defective Bulldozers hours done so far by each, reasons of their being out of order, and action the Government intend to take for removing the Technical fault ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) Eleven Bulldozers developed certain major or minor defects.

(c) Statement containing the requisite information is placed on the table of the House.

TOTAL NUMBER OF BULLDOZERS—16

S.No.	Name of hours done up to 30.9.1966.	Area levelled (acres). up to 30.9.1966	Defects developed and action taken to remove the same.
1.	TD-15/4A 914	151	No defect, working.
2.	TD-15/5A 331	53	—do—
3.	TD-8A 567	90	—do—
4.	TD-18A 886	147	—do—
5.	TD-19A 792	132	—do—
6.	TD-7A 206	30	Engine defective. Needs overhaul.
7.	TD-11A 594	96	—do—
8.	TD-12A 179	27	—do—
9.	TD-13A 802	131	—do—
10.	TD-14A 647	106	—do—

11.	TD-16A 211	34	—do—
12.	TD-9A 384	59	—do—
13.	TD-10A 322	52	Has defective fuel system, but working; Output is however low.
14.	TD-15A 483	76	—do—
15.	TD-17A 449	71	—do—
16.	TD-3/6A 176	29	Fuel injection pump was defective on arrival. Now put on work, but not working satisfactorily.

بابو محمد رفیق ۔ میں پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی توجہ اس طرف دلاؤں گا کہ آپ جن کو بالکل نئے ٹریکٹر کہہ رہے ہیں ۔ ان کے انجنوں کو صرف دو تین سو گھنٹے چلنے کے بعد over hauling کی ضرورت پڑ گئی ہے تو کیا آپ نے اس بارے میں کوئی تحقیقات کرائی ہے کہ آیا ان کی مشینری defective سپلائی کی گئی تھی یا محکمے کی غفلت کی وجہ سے ان کی مشینری خراب ہو گئی ہے ؟

وزیر زراعت ۔ آپ کا سوال موصول ہونے پر میں نے اس بارے میں تحقیقات کا حکم دے دیا ہے کہ اس کے متعلق مناسب تحقیقات کی جائے اور اتفاق سے جو جو سوالات آپ نے کئے ہیں میں نے بھی وہی سوالات کئے ہیں کہ اگر کمپنی نے غلط قسم کے ٹریکٹر مہیا کئے ہیں ۔ تو ہمیں ان سے معاوضے کا مطالبہ کرنا چاہیئے اور اگر وہ یہاں پر خراب ہوئے ہیں تو پھر یہ ہمارے محکمہ

کی غفلت ہے لہذا اس کے متعلق تحقیقات ہو رہی ہیں تو اگر آپ سوال دے دیں گے تو میں اس کا جواب اگلے سیشن تک دے دوں گا کہ اس تحقیقات کا کیا نتیجہ برآمد ہوا ہے۔

SERVING PORK IN HOTELS OF THE PROVINCE

*5211. **Mian Nazeer Ahmad**: Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that pork is served in some of the Hotels and Restaurants in Lahore, Karachi, Rawalpindi and Hyderabad ; if so, the names thereof and the reasons for allowing the serving of pork therein ;

(b) whether Government intend to impose restrictions on serving pork in the Hotels of the Province ; if so, when and if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) In Lahore pork is being sold in the Falettis Hotel to foreigners only.

In Karachi Pork is served to foreigners and non-Muslims on demand at Boat Club (Lalazar) Beach Luxury Hotel and Sea Bird (B.O.A.C. Hotel for passengers only).

Pork is not served in any Hotel and Restaurant at Hyderabad and Rawalpindi.

(b) As pork is not being sold to Muslims and is being served to foreigners and non-Muslims the question of imposing restrictions does not arise.

میاں نذیر محمد ۔ جناب والا ۔ کراچی اور لاہور کے جن ہوٹلوں کے نام درج کئے گئے ہیں ۔ آیا حکومت کو یہ یقین ہے کہ صوبے میں سوائے ان ہوٹلوں کے باقی تمام شہروں کے ہوٹلوں میں یہ گوشت پکا کر مہیا نہیں کیا جاتا ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جی ہاں ۔ ہمیں یہ یقین ہے کہ یہ گوشت دوسری جگہوں میں مہیا نہیں کیا جاتا ۔

TRACTORS IMPORTED BY AGRICULTURAL DEVELOPMENT CORPORATION FOR DISTRIBUTION IN PESHAWAR DIVISION.

*5606. **Khanzada Taj Muhammad Khan Bangash** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) the total number of Tractors imported by the Agricultural Development Corporation during 1966 for distribution in Peshawar Division ;

(b) the total number of Tractors out of those mentioned in (a) above distributed amongst the agriculturists during the said year ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) No tractor was imported in 1966 particularly for Peshawar Division.

(b) One.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے سوال کے جواب میں صرف یہ لکھا ہے کہ ۱۹۶۶ء کے دوران میں خاص طور پر پشاور ڈویژن کے لئے کوئی ٹریکٹر درآمد نہیں کیا گیا ہے لیکن حصہ (ب) میں وہ یہ فرماتے ہیں کہ "جزو الف بالا میں متذکرہ ٹریکٹروں میں سے ایک" تو اس سے تو

یہی اندازہ ہوتا ہے کہ پشاور ڈویژن کے لئے کوئی ٹریکٹر درآمد ہوا ہے ، تو کیا وہ اس کی وضاحت کریں گے ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ عرض یہ ہے کہ ٹریکٹر کسی علاقے کے لئے درآمد نہیں کئے جاتے بلکہ سارے مغربی پاکستان کے لئے کئے جاتے ہیں اور ما سوائے ایگریکلچرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے کہ انہوں نے زدزوگر ٹریکٹر درآمد کئے ہیں اور دراصل اس کی ضرورت بھی یوں ہوئی کہ غلام محمد بیراج اور گدو بیراج کے علاقوں میں لوگوں کو تکلیف تھی تو انہوں نے مناسب سمجھا کہ اس کو درآمد کیا جائے ۔ اس کے علاوہ ہم محکمانہ طور پر درآمد نہیں کر رہے ہیں اور دیگر یہ کہ دوسرے علاقے بھی درآمد نہیں کر رہے ہیں ۔ مگر جیسا کہ بنوں کے کسی صاحب نے خرید رکھا ہے اور جیسا کہ چودھری عید محمد صاحب کے سوال کے جواب میں میں نے پچھلے دنوں عرض کیا تھا کہ لاہور کے سارے ریجن میں بھی تیس بکے تھے اس لحاظ سے جو سوال پیدا ہوتا ہے ۔ متذکرہ ٹریکٹر کا ، وہ اس کے متعلق ہے جو کہ A.D.C. نے درآمد کئے تھے اور ان میں سے ہی ایک بنوں چلا گیا ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ ٹریکٹروں کی ضرورت تو مغربی پاکستان کے تمام علاقہ جات میں ہے اور لوگوں کو اس کی بہت زیادہ ضرورت بھی ہے ۔ تو کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ تمام مغربی پاکستان کے basis پر ٹریکٹر درآمد کئے جائیں اور region-wise کچھ کوٹہ مقرر کر دیں تا کہ لوگ اس سے مستفید ہو سکیں ۔

وزیر زراعت ۔ جہاں تک ٹریکٹروں کی مانگ کا سوال ہے مجھے اس سے بالکل اتفاق ہے کہ اس کی مانگ ہر روز بڑھ رہی ہے اور اس مانگ میں اسقدر اضافہ ہو رہا ہے کہ یہ مانگ بمشکل پوری ہوتی ہے ۔ بلکہ لوگوں کی بڑی خواہش ہے اور اس کی تکمیل نہیں ہو رہی ۔ ہماری حکومت نے کچھ عرصہ ہوا عالمی بینک سے قرضہ بھی لیا تھا جو کہ ہم نے تین سال میں وصول کرنا تھا لیکن مانگ کی زیادتی کی وجہ سے وہ قرضہ بھی دو سال میں ختم ہو گیا ۔ اب بھی barter deal میں رومانیہ اور روس سے ٹریکٹر درآمد کئے جا رہے ہیں لیکن اس کے لئے علاقے کی تقسیم کا سوال پیدا نہیں ہوتا کیونکہ دراصل یہ ٹریکٹر ہم خود درآمد نہیں کرتے وہ تو تجارتی ادارے درآمد کرتے ہیں جن کی ایجنسیاں مختلف علاقوں میں ہوتی ہیں اور یہ کام ان کے سپرد ہوتا ہے کہ جس قسم کی مانگ ہو اسی طرح سے اسے پورا کیا جاتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر زراعت کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ مغربی پاکستان میں سال رواں میں دیہاتیوں اور کاشتکاروں کو ٹریکٹر درآمد کرنے کے لئے انفرادی طور پر مرکزی حکومت کی جانب سے لائسنس دئیے گئے تھے لیکن وہ تمام کے تمام لائسنس ایک مقامی فرم کی معرفت دئے گئے تھے کہ وہ اجتماعی طور پر ان سب ٹریکٹروں کو اکٹھا درآمد کرے جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ جہاں تک مجھے اس وقت یاد ہے اس ٹریکٹر کی قیمت جہاں کراچی میں نو ہزار اور کچھ روپے پڑتی ہے ۔ اس فرم نے ان لائسنسداروں کو جن کے نام وہ لائسنس جاری ہو چکے ہیں ،

ان سے بارہ ہزار اور کچھ سو روپے طلب کئے ہیں یعنی تقریباً چار ہزار روپے فی ٹریکٹر ان سے زیادہ طلب کیا ہے اور وہ یہ اصرار کر رہے ہیں کہ اس سے کم قیمت پر وہ ٹریکٹر نہیں دیں گے ۔ تو کیا اس مسئلے پر جناب وزیر زراعت کچھ غور فرمائیں گے کہ وہ تنیتیس فیصد رقم کیوں زیادہ طلب کر رہے ہیں ؟

وزیر زراعت ۔ میں یہ گزارش کروں کا کہ یہ درآمدی لائسنس جسے O.G.L. کہتے ہیں ۔ حکومت پاکستان کے کنٹرولر امپورٹس اینڈ ایکسپورٹس جاری کرتے ہیں اور یہ شکایت میرے نوٹس میں بھی آئی ہے اور میں نے اسکی طرف توجہ بھی دلائی ہے بلکہ یہ بھی عرض کیا ہے کہ اگر یہ روپیہ زیادہ لیا جا رہا ہے تو یہ ایک طرح کی بڑی زیادتی ہے ۔ اس کے متعلق چارہ جوئی ہو رہی ہے ۔ بہر حال یہ شکایت میسی فرگوسن کے ٹریکٹروں کے بارے میں آئی ہے اور میں نے اس کے مالک کو بھی بلانے کی کوشش کی ہے کہ ان سے دریافت کروں کہ یہ کیا بات ہے کہ یہ نو ہزار کہتے ہیں اور آپ بارہ ہزار لیتے ہیں ۔ تو آخر یہ کیا بات ہے ۔ لیکن اتفاق سے وہ یہاں پر موجود نہیں ہیں اور ڈھاکہ گئے ہوئے ہیں اور جونہی وہ آ جائیں گے میں ان سے بات کر لوں گا ۔ دراصل جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ صوبائی حکومت کی چند حدود ہیں ۔ بہر حال میں کوشش کروں گا کہ زمینداروں کو جتنی بھی تکالیف ہیں ۔ ان کو حتی المقدور دور کیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ صوبائی حکومت اس میں بلا واسطہ مداخلت نہیں کر سکتی لیکن مرکزی حکومت کو

ہماری حکومت اس دھاندلی سے آگاہ کر سکتی ہے کہ جو لائسنس آپ کی طرف سے دئیے گئے تھے اور آپ نے جس پالیسی کی بنا پر ایک خاص کمیٹی کو وہ لائسنس دئیے تھے - اب ان سے ان کی قیمتیں بھی مقرر کرائی جائیں -

وزیر زراعت - ہم یقیناً اس کے متعلق مرکزی حکومت کو approach کریں گے - ہمیں اس میں کوئی اعتراض نہیں ہے بلکہ ضرور کریں گے لیکن ذرا میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ پوزیشن کیا ہے کیونکہ جس طرح آپ کو اس بارے میں اطلاع ہے - مجھے بھی ہے اور اسی سیشن کے دوران ہمیں یہ اطلاع ملی ہے -

خواجہ محمد صفدر - ہمارے ضلع میں ۶۱ لائیسنس دئے ہوئے ہیں اور سارے کے سارے لوگ چلا رہے ہیں کہ ان سے ڈیڑھ گنا قیمت وصول کی جا رہی ہے -

میجر ملک محمد علی - جناب والا - اس سلسلہ میں میں وزیر صاحب کی خدمت میں گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جو ٹریکٹر امپورٹ کئے جاتے ہیں یعنی جو فرم میسی فرگوسن کے ٹریکٹر امپورٹ کرتی ہے اس نے monoply بنا رکھی ہے وہ کئی فالتو اخراجات شامل کر دیتے ہیں اور زمینداروں کو مجبوراً اس قیمت پر خریدنا پڑتے ہیں - کراچی میں ٹریکٹر کی جو قیمت ہے دوسرے علاقوں میں users کو eventually اس سے بہت زیادہ قیمت پر ملتے ہیں زمینداروں کا بہت نقصان ہوتا ہے - خواجہ صاحب نے جو فرمایا ہے کہ اب قیمت اس سے بھی بڑھ گئی ہے - یہ ٹھیک ہے بالخصوص ان حالات میں جب ٹریکٹر بہت کم تعداد میں آ رہے ہیں اور

وہ زیادہ مقبول ہیں ۔ مقامی طور پر ڈیلرز فالتو رقم بھی حاصل کرتے ہیں ۔ دراصل ڈیلرز ٹریکٹروں کے agents سے مل کر اپنے آدمیوں کے نام پر منگوا لیتے ہیں اور فالتو قیمت وصول کرتے ہیں ۔ یہاں تک کہ چھ چھ ہزار روپیہ زیادہ حاصل کرتے ہیں ۔ میں وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ مسئلہ نہایت اہم ہے اور زمینداروں کی متعدد شکایات ہیں ۔ ان کے ہاتھ بند ہیں ۔ نیز یہ ٹریکٹر مارکیٹ میں available نہیں ۔ اے ڈی سی کا کنٹرول ہے اور وہ sub-agents کے ذریعہ ٹریکٹروں کی تقسیم کرتے ہیں ۔ کیا وزیر صاحب اس طرف توجہ دیں گے ؟

Mr. Speaker : Will the Member please finish his speech?

وزیر زراعت ۔ اس پر اے ڈی سی کا کنٹرول نہیں ۔ ممکن ہے آپ کا مطلب اے ڈی بی سے ہے ۔ یہ ایک سنٹرل institution ہے ۔ مجھے احساس ہے اور میں کوشش کر رہا ہوں ۔ کہ کسی طرح سے میسی فرگوسن والوں سے اس بارے میں بات چیت کروں ۔ یہ حقیقت ہے کہ ڈیمانڈ کے مقابلہ میں یہ ٹریکٹر بہت کم تعداد میں آ رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ آج مرکزی حکومت سابقہ وزرا کی جانچ پڑتال کر رہی ہے ۔ کیا میسی فرگوسن کی فرم کسی سابقہ مرکزی وزیر یا اس کے بھائی کی ہے ۔ کیا حکومت اس سلسلہ میں سابقہ مرکزی وزرا کے بارے میں ایسا ہی سلوک روا رکھے گی جیسا کہ مسٹر بھٹو سے سلوک روا رکھا ہے ؟

Mr. Speaker : The supplementary does not arise out of this question.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب وزیر زراعت سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا وہ سال رواں میں مغربی پاکستان کے زمینداروں کو مزید او جی ایل پر ٹریکٹر منگانے کی سہولت بہم پہنچائیں گے ۔

وزیر زراعت ۔ میں اس کے لئے سفارش کرنے کو تیار ہوں ۔ او جی ایل چونکہ سنٹرل گورنمنٹ کا مسئلہ ہے اس لئے اس سلسلہ میں کئی قسم کی قباحت پیدا ہوتی ہے ۔ براہ راست نہیں آ سکتے ۔ بلکہ ڈیلرز کے ایجنٹوں کے معرفت ٹریکٹر آتے ہیں ۔ اس پر حکومت پاکستان کا کنٹرول نہیں اس لئے اس کو آسانی سے نہیں کیا جا سکتا ۔ یہ اچھا خاصہ پیچیدہ اور اہم مسئلہ ہے یہ ٹھیک ہے کہ زراعت کو اس سے بہت فائدہ ہے اس لئے ہم اس کی طرف جلد از جلد توجہ دے کر کوئی صحیح طریقہ تلاش کرنے کی کوشش کریں گے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جیسا کہ میجر محمد علی صاحب نے فرمایا ہے کہ وزیر صاحب اے ڈی بی پر زور دیں کہ مناسب قیمتوں پر ٹریکٹر مہیا کریں ۔

وزیر زراعت ۔ میجر صاحب نے جن الفاظ میں فرمایا ہے ہم اس سے بھی زیادہ اے ڈی بی کو کہہ چکے ہیں ۔ دوبارہ پھر کہہ دیں گے ۔

SETTING UP MARKET COMMITTEES IN SINDH AND N.-W.F.P.

*5631. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Market Committees have been set up only in the former Punjab Area ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether it is intended to set up Market Committees in the former Province of Sindh and N.-W.F.P. if not reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) No.

(b) The Punjab Agricultural Produce Market Act of 1939, is already extended to the whole of West Pakistan (except Tribal Areas) and action is being taken to set up Market Committees in other parts of the Province also.

بابو محمد رفیق ۔ کیا اسے Tribal Area میں بھی extend کرنے کا ارادہ ہے ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ ابھی ارادہ نہیں ہے ۔

PROVIDING MORE VETERINARY HOSPITALS IN THE PROVINCE

*5637. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) the number and locale of Veterinary Hospitals in the Province ;

(b) whether it is a fact that the present number of the said hospitals is not sufficient to meet the requirements of the people ; if so, the action Government intend to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): (a) The number of Veterinary Hospitals in the Province is 425. A statement showing their location is placed on the Table of the House.*

(b) Although the number of ful-fledged Hospitals in the Province is inadequate, efforts are being made to raise their number from within the the available resources.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب عالی ۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ صوبہ میں وٹرنری ہسپتالوں کی تعداد ۴۲۵ ہے اور گوشوارہ کے مطابق سابقہ صوبہ سرحد میں صرف ۲۶ وٹرنری ہسپتال ہیں ۔ جو ساڑھے سترہ فیصد کوٹا کے حساب سے ۷۳ بنتے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں ۴۸ ہسپتال کم ملے ہیں ۔ کیا وزیر صاحب اس پر دوبارہ غور فرمائیں گے اور ان کو at par لانے کی کوشش کریں گے ؟

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ سب ہسپتال مغربی پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے کے بنے ہوئے ہیں ۔ اور یہ تخصیص نہیں کی گئی تھی کہ کتنے ادھر جاتے ہیں اور کتنے ادھر آتے ہیں ۔ زیادہ تر یہ پنجاب اور سندھ میں تھے ۔ آپ کے علاقہ میں کم تھے ۔ ان کی تفاوت تو پہلے سے موجود ہے۔ اب جتنے نئے بنائےجائیں گے تو حالات اور ضرورت کا لحاظ رکھتے ہوئے تقسیم کئے جائیں گے ۔ پہلے بالعموم ڈسٹرکٹ بورڈ نے ایسے ہسپتال بنائے تھے اور وہی ان کے اخراجات برداشت کرتے تھے ۔

---

*Please see Appendix I at the end.

خواجہ محمد صفدر - اب بھی یہ ذمہ داری ڈسٹرکٹ کونسلوں کی ہے -

وزیر زراعت - جی ہاں - لوکل باڈیز کو ہی یہ کام کرنا پڑے گا -

مسٹر سپیکر - شاہ صاحب یہ جو تناسب آپ نے بیان فرمایا ہے کیا یہ آبادی کے لحاظ سے ہے - یا cattle wealth کی بنا پر ہے -

سید عنایت علی شاہ - میں نے آبادی کے لحاظ سے کیا ہے -

ملک محمد اختر - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - معراج دین صاحب پینسل سے میری طرف اشارہ کر رہے ہیں -

مسٹر سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں -

مسٹر حمزہ - کیا میں وزیر صاحب سے دریافت کر سکتا ہوں کہ سابقہ صوبہ سرحد میں مویشیوں کے علاج کے علاوہ دوسرے مریضوں کا علاج بھی ہوتا ہے ؟

سید عنایت علی شاہ - اگر حمزہ صاحب چاہیں تو ان کا علاج ہو سکتا ہے -

---

CULTIVATION OF WHEAT IN SAHIWAL DISTRICT

*5663. **Chaudhri Muhammad Nawaz**: Will the Minister of Agriculture be pleased to state the acreage of land under cultivation of wheat in 1966-67 in Sahiwal District and the total anticipated yield therefrom

alongwith the annual demand and consumption thereof in the said district ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : The area, expected production of Wheat crop and annual food requirements in Sahiwal district for the year, 1966-67 are given below —

Area of wheat		758,700
Expected production of wheat	...	343,800
Non-availability of foodgrains	...	302,800
Food requirements	—	317,000

CONTROL OF TRAFFIC IN KARACHI

*5691. **Mian Saifullah Khan** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) the number of car driving licences and heavy truck or bus driving licences issued in Karachi during 1964-65 and 1965-66 ;

(b) the number of cars, motor rickshaws buses and trucks, separately, challaned in Karachi during 1964-65 and 1965-66 ;

(c) the total amount of fine collected by Government from the challans mentioned in (b) ;

(d) the categories and number of Police Officers, Constables and others engaged by the Police Department at present for the control of traffic in Karachi ;

(e) the number of traffic accidents and deaths therefrom in Karachi during 1965-66 ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill):

(a) 1964-65 — 1965-66

11,799 — 12,341

(b) *Year*	*Cars*	*Motor Rick-shaws*	*Buses*	*Trucks*
1964-65	3,479	14,150	27,484	9,926
1965-66	12,224	12,667	58,773	18,985

(c) 1964-65 — 1965-66

Rs. — Rs.

5,27,228 — 6.83,143

(d) S.P.	...	1
D.S.P/A.S.P.	...	1
M.M.P.Is.	...	2
T. Is.	...	2
S.-Is.	...	22
A.S.-Is.	..	4
H.Cs.	...	45
F.Cs.	...	439

(e) *Year*	*Total Accidents*	*Total Deaths*
1965	1,106	282
1966	1,042	253

CONDEMNED PRISONERS IN JAILS OF BAHAWALPUR DIVISION

*5720. **Mr. Abdul Qayyum Qureshi**: Will the Minister of Jails be pleased to state :—

(a) the number of condemned prisoners in the Jails of Bahawalpur Division ;

(b) the number of condemned prisoners who were hanged during the years 1964-65, 1965-66 and 1966-67 uptil now in each Jail of the said Division ?

Minister of Jails (Malik Allah Yar Khan) : (a) 117.

(b)	1964-65	1965-66	1966-67 (upto 28-2-67)
Old Central Jail, Bahawalpur	16	...	...
New Central Jail, Bahawalpur	...	3	3
District Jail, Rahimyar Khan	..	..	..
District Jail, Bahawalnagar	...	...	...
Total	16	3	3

SMUGGLING OF ILLEGAL AMMUNITION FROM TRIBAL AREAS

*5788. **Chaudhri Idd Muhammad** : Will the Parliamentary Secretary Home, be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that illegal ammunition is being smuggled from Tribal Areas to other parts of the province ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, (i) the total number of illegal ammunition recovered since 1963, in each of the Division of Peshawar, D.I. Khan and Quetta and the number of persons arrested therefor ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes through the Peshawar and D. I. Khan Divisions only.

(b) Total number of illegal ammunition recovered since 1963 in each of the Division of Peshawar, Dera Ismail Khan and Quetta –

Division	Cartridges/ rounds/ bullets	Component parts	Gun powder	Total number of persons arrested therefore
Peshawar	6215	A huge quantity recovered.	6 maunds 27 seers and 9 chhtanks.	29
Dera Ismail Khan	4719	Ditto	Nil	12
Quetta	Nil	Nil	Nil	Nil

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ انہوں نے ۱۹۶۳ء سے لے کر اب تک کے عرصہ کے بارے میں جواب میں بتایا ہے کہ پشاور ڈویژن سے ۶۳۱۵۔ کارتوس اور ڈیرہ اسمعیل خان ڈویژن سے ۶۷۱۹۔ کارتوس اور اسی طرح بارود برآمد ہوئی ہے تو اس حساب سے سرحدی علاقہ کی ۴۵ لاکھ کی آبادی کے لئے فی دن ۹۔ کارتوس اور تین سیر ۲ چھٹانک بارود برآمد کی گئی ہے جس کے متعلق حمزہ صاحب ببانگ دہل کہتے ہیں کہ یہاں لوگ سمگلنگ کرتے ہیں اور یہ ان کی سمگلنگ کی داستان سناتے ہیں تو یہ جو فیگرز آپ نے دی ہیں آپ سے میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کا basis کیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔۔ میں نے عرض کیا ہے اور اس کا basis آپ جانتے ہیں کہ ہماری جو پولیس ہوتی ہے وہ ان چیزوں کو پکڑنے کی

کوشش کرتی ہے لیکن اس کے باوجود تھوڑا بہت کارتوس اور ammunition سمگل ہو جاتا ہے۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ پوری vigilance سے کام لیں تو جن cases کو پکڑا ہے اس کے مطابق ہم نے فیگرز دی ہیں۔

میجر ملک محمد علی - میں جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ضلع میں تو یہ اسلحہ اور ammunition بڑی تعداد میں آ رہا ہے اس کی وجہ سے ہم ایک مخمصہ میں پھنسے ہوئے ہیں کیا اس کے لئے کوئی خاص اقدامات اٹھائیں گے کہ ہمارے یہاں بہت ammunition آ رہا ہے ؟

Parliamentary Secretary : As the Member has pointed out some specific instances, we will certainly look into that.

CASES REGISTERED UNDER SUPPRESSION OF PROSTITUTION ORDINANCE IN LAHORE DIVISION.

*5789. **Chaudhri Idd Muhammad :** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to ssate :—

(a) the number of cases registered under the Suppression of Prostitution Ordinance during 1966 in whole of Lahore Division ;

(b) the number of cases out of that mentioned in (a) above in which the accused were convicted by the Courts ;

(c) the number of cases out of that mentioned in (a) above still pending with the police and in the Courts of the said Divisions, separately ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) 161.

(b) 31.

(c) (i) Pending with Police	Nil
(ii) Pending in Courts	118

The remaining 12 cases resulted in acquittal.

میاں محمد شفیع ۔ آپ نے (سی) میں فرمایا ہے کہ ۱۱۸ ۔ cases pending ہیں کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ کتنی مدت سے یہ معرض التوا میں ہیں ۔

پارلیمنٹری سیکریٹری ۔ جناب والا ۔ مدت کے متعلق تو میں نہیں عرض کر سکتا لیکن آپ سوال سے خود اندازہ لگا سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : The Member should give a fresh notice.

Parliamentary Secretary : Mr. Speaker, Sir, kindly allow me to explain it. The question was : "The number of cases registered under the Suppression of Prostitution Ordinance during 1966."

تو ظاہر ہے کہ ایک سال سے pending نہیں ہے ۔

AMOUNT ALLOCATED FOR DEVELOPMENT SCHEMES IN LAHORE DIVISION

*5829. Malik Ghulam Ali : Will the Minister of Finance be pleased to state the amount out of that allocated for Development Schemes in Lahore Division during the years 1964-65 and 1965-66, that remained unspent at the end of each year alongwith the reasons therefor and how the said unutilized funds were utilized ?

Minister of Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : The information is being collected from the departments concerned.

NON-UTILIZATION OF GRANTS FOR SCHEMES IN SAHIWAL DISTRICT

***5919. Mian Nazeer Ahmad** : Will the Minister of Finance be pleased to state the amount surrendered by each Department during the years 1964-65 and 1965-66 due to non-utilization of grants allocated for the development and implementation of schemes in Sahiwal District alongwith the reasons thereof ?

Minister of Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : The information is being collected from the departments concerned.

TRAFFIC ACCIDENTS IN MULTAN DIVISION

***6070. Mian Nazeer Ahmed** : Will the Parliamentary Secretary Home, be pleased to state :—

(a) the number of persons below the age of 16 years and above 16 years who died in traffic accidents in Multan Division during 1964, 1965 and 1966 ;

(b) the number of culprits arrested, challaned and convicted in these cases ;

(c) the minimum and maximum punishment awarded to the culprits mentioned in (b) above ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) :

(a) No. of persons died in traffic accidents

Years	*Below 16 years*	*Above 16 years*
1964 ...	35	85
1965 ...	35	102
1966 ...	41	151

(b)	*Arrested*	*Challaned*	*Convicted*
1964 ...	110	110	44
1965 ...	125	125	54
1966 ...	135	135	42

Punishment

(c)	*Minimum*	*Maximum*
1964 ...	1½ years R. I. and fine Rs. 110.	4 years' R. I.
1965 ..	Fine Rs. 100	... Ditto.
1966 ...	3 months' R. I.	... 2 years' R. I. and a fine of Rs. 1,000.

سید عنایت علیشاہ ۔ جناب والا ۔ یہ گوشوارہ جو ہمیں دیا گیا ہے اسکے پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ تین سال میں گرفتار شدہ اور ماخوذ لوگوں میں سزایاب بہت کم ہوئے ہیں تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اسکی وجوہات کیا ہیں ؟

Parliamentary Secretary : Regarding this, Sir, the cases are either acquitted, discharged or still pending. I have this statement and I have got the figures and I will read :

Year.		Discharged	Acquitted	Pending.
1964	...	9	53	4
1965	...	12	35	24
1966	...	6	43	44

REVISION OF JIRGA PANELS

*6072. **Mian Nazeer Ahmad** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that some time ago the Provincial Governor directed all the Commissioners in the Province to revise forthwith the Jirge Panels already set up in the Districts and Tehsils of the Province under the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Act ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the number of persons in the Multan Division as have been (i) removed from the panels (ii) included in the panels and out of the new Members the number of those who were convicted for taking part in the Pakistan movement ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) (i) Multan District ... 10
Sahiwal District ... 15
Dera Ghazi Khan District ... 7
Muzaffargarh District ... Nil

(ii) Sahiwal District ... 15 (non so convicted)
Muzaffargarh District ... Nil
Multan District ... Cases regarding

Dera Ghazi Khan District	inclusion of new Members in the panel still under consideration of the Deputy Commissioners concerned will be finalized as soon as possible.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ ضلع ملتان کے جرگہ کے ممبروں کو جرگے سے کب علیحدہ کیا گیا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اس کی صحیح تاریخ تو میں نہیں عرض کر سکتا کیونکہ فاضل ممبر نے یہ نہیں پوچھا تھا ۔

Sir the questi asked was :

> "whether it is a fact that sometime ago the Provincial Governor directed all the Commissioners in the Province to revise forthwith the Jirga Panels already set up in the Districts and Tehsils of the Province . . "

I cannot tell him the exact date at this moment. It not possible for me.

Minister of Law : Approximately, it is since the end of the last year.

مسٹر حمزہ ۔ کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب بتائیں گے کہ جناب گورنر صاحب نے یہ احکامات کیوں جاری کئے کہ جرگہ کے ممبروں کی جو نامزدگی ہوئی ہے اس پر نظرثانی کی جائے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اس کے متعلق عرض ہے کہ جرگہ

کے ممبروں میں سے کچھ ایسے تھے جو کام میں دلچسپی نہیں لیتے تھے اور ٹریبونل کی نشستوں میں حاضر نہیں ہوتے تھے تواس چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ کام میں دیر نہ ہو ایسا کیا گیا چونکہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم عوام کے دروازے تک جلد سے جلد انصاف پہونچا سکیں اس لئے ان کو علیحدہ کیا گیا ۔ کیونکہ بعض لوگ سست ہوتے ہیں اور وہ وقت پر نہیں آتے تو ایسے لوگوں کے لئے یہ کیا گیا کہ ان کو علیحدہ کر دیا جائے اور ان کی جگہ دوسروں کو نامزد کر دیا جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ جناب گورنر صاحب کے نوٹس میں یہ حقیقت لائی گئی تھی کہ بعض جرگہ کے ممبر بذات خود جرائم پیشہ تھے اور اگر وہ جرائم پیشہ نامزد کئے گئے تو ان افسروں سے یہ توقع کرنا کہ اس قسم کے آدمیوں کو نامزد نہیں کریں گے یہ کہاں تک درست ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ اگر حمزہ صاحب کا یہ خیال ہے تو ہو سکتا ہے کہ تھوڑے بہت لوگ ایسے ہوں تو ان کو علیحدہ کر دیا گیا ہے ۔

REMOVAL OF OF JIRGA MEMBERS FROM THE LIST

*.6073. **Mian Nazeer Ahmad :** Will the Parliamentary Secrey Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that Jirga Members who deliberately absent

themselves from two consecutive sittings of the Court are liable to be removed from the list ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, the number of such members who were so removed from the regular list in 1964, 1965 and 1966, respectively in the Multan Division ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes. This provision was added in the West Pakistan Criminal Law (Amendment) Act, 1963, with effect from 27th April 1966.

(b) 1964 ... Does not arise.

1965 ... Ditto.

1965 ... 11

NON-PAYMENTS OF PRICE TO ZAMINDARS BY FACTORY OWNERS AND AHRATIS

*6216. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state whether Government is aware of the fact that the Zamindars and Cultivators are not paid the price of their Agricultural Produce by the factory owners and Ahratis promptly ; if so, whether Government has taken or intends to take any steps in this behalf ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Most of the Dealers, Ahratis and Factory owners pay promptly to the Growers, whereas some of them delay payment. These transactions create contractual obligations and the remedy is already provided under the law

---

COTTON GINNING

*6217. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Agriculture be pleased to state :—

(a) whether Government is aware of the general complaint that majority of the cotton ginners mix cotton of good quality with the prohibited inferior quality of cotton; and the ginning is not upto the standard ;

(b) whether it is a fact that due to complaints made by the foreign buyers of cotton, Government engaged an expert from U. K. as adviser ;

(c) whether it is a fact that the said adviser has recommended revival of the old system of checking through Cotton Inspectors ; if so, the time by which Government intends to revive the said system ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes. A few complaints of mixing of cotton were received and prompt action was taken against the defaulters under the West Pakistan Cotton Control Act/Rules, 1966.

(b) No. However, an Expert namely Dr. Munro of the British Cotton Growing Association visited West Pakistan to advise the Government on the improvement of cotton production.

(c) No. However he has recommended that a staff of Inspectors with adequate technical knowledge is required to check the sources of pure seed and to ensure its movement along the proper channels.

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا آنریبل منسٹر صاحب فرمائیں گے کہ یہ انسپکٹر پہلے رکھے ہوئے تھے اور پھر ان کو ہٹا دیا ۔ جب ان کے متعلق اکسپرٹ کی رائے تھی کہ ان کو رکھا جائے تو ان کو ہٹانے سے کیا فائدہ ہوا ۔

وزیر زراعت (ملک خدا بخش) ۔ جو اکسپرٹ نے رائے دی ہے وہ یہ ہے کہ ایک خاص قسم کے انسپکٹر کی ضرورت ہے جو administrative معاملات کا انسپکٹر ہو جو seeds کو purity کے متعلق مشورہ دیتا ہو

وہ اس بات کو بھی جانتا ہو کہ ginning فیکٹری میں کس طریقہ سے کاروبار ہوتا ہے ۔ ڈاکٹر منرو صاحب نے جو کچھ رائے دی ہے ہم نے اس پر کوئی اپنا فیصلہ نہیں کیا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب "ڈاکٹر،، بچہ صاحب یہ بتائیں گے کیوں کہ میں ان کو زراعت کا بہت بڑا ماہر سمجھتا ہوں اور ان کو آنریری ڈگری دینے کا حق رکھتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب آپ ان کو وزیر زراعت ہی کہیں تو مہربانی ہو گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا میں "ڈاکٹر،، کا لفظ ان کے ساتھ استعمال کر سکتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جو کچھ میں نے عرض کیا ہے یعنی آپ ان سے وزیر زراعت ہی کہہ کر سوال put کریں تو بہتر ہوگا ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا وزیر متعلقہ از راہ کرم فرمائیں گے کہ اگر آپ نے ڈاکٹر منرو کی تجویز کے مطابق چند آدمی بھرتی کیے ہیں تو کیا ان بد قسمت لوگوں کو جنہوں نے ۱۶ سال ملازمت کی اور اتنے سالوں کی ملازمت کے بعد ان کو نکالا گیا اگر آئندہ پھر بھرتی ہوئی تو ان کو دوسروں پر ترجیح دی جائے گی ؟

وزیر زراعت ۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ ان کے حقوق پر غور کیا جائے گا ۔ میں "ڈاکٹر،، حمزہ صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ مریض کے علاج کی کوشش کر رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ مجھے افسوس ہے کہ وزیر صحت یہاں موجود نہیں ہیں ۔ ورنہ دونوں "ڈاکٹروں" سے فائدہ اٹھا سکتے تھے ۔ (قہقہہ)

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا ماہر کی سفارشات پر عمل در آمد کیا جائے گا اور کیا جلد از جلد کیا جائے گا ۔

وزیر زراعت ۔ اس ضمن میں پوری کوشش کی جائے گی ۔ سٹاف رکھنے کے لیے فائننس ڈیپارٹمنٹ اور پبلک سروس کمشن سے پوچھنا پڑتا ہے ۔

INSTALLATION OF TWO HYDRO-ELECTRIC POWER STATIONS IN CHITRAL AND DROSH

*6260. **Ataliq Jaffar Ali Shah** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that electricity has not so far been supplied for public use in Chitral State ;

(b) whether it is a fact that a survey for installation of two Hydro-Electric Power Stations in Chitral and Drosh was completed by the WAPDA last year*;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, the date by which the work on these projects is expected to be started ;

(d) whether any arrangements have been made to acquire machinery for the said purpose ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) Yes. Feasibility Report of Chitral Hydel Scheme has been prepared and is now under review while the report for Drosh is under pr-ep aration.

(c) The date by which the work on these projects would be started is not yet known. This will be known after the schemes have been submitted to the Government and are approved.

(d) The question does not arise at this stage.

اتالیق جعفر علیشاہ ۔ چترال ھائیڈل سکیم کی رپورٹ کا جائزہ کب تک مکمل ہو گا اور سکیمیں گورنمنٹ کو کب تک منظوری کے لیے پیش ہوں گی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ کوشش یہ کی جاتی ہے کہ جتنی جلدی ہو سکے اس ضمن میں اقدامات کیے جائیں ۔ میں صحیح تاریخ تو نہیں بتا سکتا مگر ان کو کہہ دیا جائے گا کہ جتنی جلدی ہو سکے وہ اس کو کر دیں ۔

SCHOOLS AND DISPENSARIES IN CHITRAL STATE

*6261. **Ataliq Jaffar Ali Shah** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that most of the schools and dispensaries in Chitral State are run by the State ;

(b) whether it is a fact that due to limited resources, the said state finds it difficult to bear the expenses of the said schools and dispensaries ;

(c) if answer to (a) and (b) above be in the affirmative, whether Government intend to take over the said schools and dispensaries ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes.

(b) Yes.

(c) 9th and 10th classes of High School, Booni and 7th and 8th classes of Girls Middle School, Chitral have been taken over by Government with effect from 1st July 1965 and 1st October 1961 respectively.

So far as Dispensaries are concerned, of the 13 Dispensaries presently run by Chitral State authorities, 4 Dispensaries have been proposed to be taken over by Government for which necessary staff has been sanctioned. As soon as the codal formalities in taking over the Dispensary buildings are completed, requisite staff will be appointed.

اتالیق جعفر علیشاہ ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ابھی تک دو سکولوں کی صرف چار جماعتوں کو حکومت نے اپنی تحویل میں لیا ہے ۔ کیا حکومت ان سکولوں کو اسی طرح جماعت وار اپنی تحویل میں لے رہی ہے یا سکولوں کو as a whole لے لے گی ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ کوشش کی جاتی ہے کہ جتنی جلدی ہو سکے حکومت جتنے زیادہ سے زیادہ سکول اور ڈسپنسریاں اپنی تحویل میں لے لے بہتر ہوگا تاکہ ہم وہاں کے عوام کو مزید سہولتیں فراہم کر سکیں لیکن جناب والا ۔ آپ جانتے ہیں کہ ایک ہی وقت پر تمام چیزیں نہیں ہو سکتیں ۔ کوشش کی جا رہی ہے اور میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ آئندہ چند سالوں میں ہم مزید سکول اور ڈسپنسریاں اپنی تحویل میں لے لیں گے اور انشاء اللہ کوشش کی جائے گی کہ زیادہ سے زیادہ سہولتیں ان دوستوں کو بہم پہنچائی جائیں ۔

سید عنایت علیشاہ ۔ ڈسپنسریوں کے متعلق انہوں نے فرمایا کہ عملہ کی منظوری دے دی گئی ہے جونہی شفاخانوں کی عمارتیں حاصل کر لیں گے عملہ وہاں کام کرنا شروع کر دے گا ۔ کیا میں معلوم کر سکتا ہوں کہ اس سلسلہ میں حکومت جو قواعد و ضوابط تیار کر رہی ہے ان کی تشریح کیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ ٹرائیبل ایریا کے متعلق وہاں کی عمارتیں وغیرہ جو ہیں ان کو ہم اپنی تحویل میں لے رہے ہیں ۔ we extend our laws to that area مگر اس میں کچھ ٹیکنیکل hitches ہوتی ہیں ۔ which take some time but I assure the Member that it will be done as early as possible.

MAKING BRIDGES ON ROAD FROM LOWARI PASS TO CHITRAL TRUCK-WORTHY

*6262. **Ataliq Jafar Ali Shah :** Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that the road from Lowari Pass to Chitral accommodates medium trucks but the four bridges lying on this road are very old having been built in about 1928 and these bridges cannot sustain loaded trucks with the result that passengers and goods are unloaded and re-loaded at each bridge-head causing great loss of time and inconvenience to the passengers ;

(b) if the answer to (a) above be in the affirmative, have the Government any plan to make the said bridges truck worthy?

Parliamentary Secaetary : (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) The read from Lowari Pass to Chitral is only fit for light traffic *i.e.* Jeeps,

Cars and Land Rovers. It does not accommodate medium trucks (Gatoos) loaded with timber, etc.

The bridges have been designed for light traffic and cannot stand the heavy loaded trucks.

(b) There is no such proposal of strengthening these bridges.

اتالیق جعفر علیشاہ ۔ آپ نے سوال کے حصہ (الف) کا جو جواب دیا ہے وہ درست نہیں ہے ۔ دراصل گرمیوں میں لواری سے چترال کے درمیان سڑک پر تین ٹن کے وزن کے ٹرک چل سکتے ہیں مگر بیچ میں جو پل آتے ہیں وہاں پر سامان کو اتارنا پڑتا ہے ۔ چونکہ یہ راستہ چترال کا ایک واحد راستہ ہے تو کیا حکومت چترال کے لوگوں کی تکالیف اور مشکلات کے پیش نظر ان پلوں کو مضبوط کرنے پر غور فرمائے گی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض یہ نہیں کی کہ اس پر ایک ٹرک چل سکتا ہے ۔ غالباً میرے فاضل دوست نے توجہ نہیں فرمائی میں نے گذارش کی ہے کہ لائٹ ٹریفک کے لئے پل بنائے گئے تھے اور لائٹ ٹریفک ہی وہاں چل سکتا ہے تو جو جائیں گے وہ پل سے تو گزریں گے ۔

اتالیق جعفر علیشاہ ۔ ہاں یہ تو ٹھیک ہے The roads can accommodate trucks ; only the bridges need to be strengthened.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ فی الحال کوئی تجویز نہیں ہے اگر فاضل

ممبر اس چیز پر مصر ہیں تو یقیناً ہم اس پر غور کرنے کی پوری کوشش کریں گے ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ مجھے پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا ہے کہ انہوں نے جواب میں فرمایا ہے کہ متوسط ٹرکوں کے لئے یہ پل استعمال کئے جاتے ہیں ۔ میری گزارش ہے کہ وہاں تو پہلے ہی ۵۰۰ ہنڈرڈ ویٹ کے ٹرک چل رہے ہیں اور ٹمبر کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لے جا رہے ہیں تو کیا اس کے پیش نظر آپ ان پلوں کو اس قابل بنا دیں گے کہ ان پر کچھ زیادہ وزن کے ٹرک چل سکیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ سڑکوں پر وزنی ٹرکیں ضرور چلتی ہیں وہ ایک دم نہیں بیٹھ جاتیں ۔ سوال تو یہ ہے کہ ان کی طاقت اس قدر نہیں ہے کہ وہ زیادہ دیر تک وزنی ٹریفک کو برداشت کر سکیں بہر حال میری گذارش ہے اور میں اعتراف کرتا ہوں کہ پل اس قدر طاقتور نہیں ہیں کہ ان پر سے زیادہ دیر تک وزنی ٹریفک گزرتے رہیں ۔ اور اس سلسلے میں فی الحال حکومت کے زیر غور کوئی تجویز نہیں لیکن چونکہ یہ علاقے کی ڈیمانڈ ہے اور میں فاضل ممبر کے سوال کی تعریف کرتا ہوں اور اس کو اچھا سمجھتا ہوں اور ہم انشاء اللہ اس پر جلد از جلد غور کریں گے ۔

DELAY IN MIDDLE STANDARD EXAMINATION IN CHITRAL

*6263. **Ataliq Jaffar Ali Shah** : Will the Parliamentary Secretary Home be pleased to state :—

(a) whether it is a fact that this year examination papers of Middle Standard Examination did not reach Chitral in time with the result that the said examination was much delayed ; if so, reasons therefor ;

(b) the arrangements Government intend to make in this connection in future?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : (a) Yes. Question papers could not reach Chitral due to the cancellation of AIR transportation because of bad weather.

(b) All attempts covering all risks could be made next year to have the delivery of Questions papers made well in time.

اتالیق جعفر علیشاہ ۔ وہ risks کون سے ہیں اور ان کے لئے آپ آئندہ سال کیا انتظام کریں گے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ ان کے متعلق گزارش یہ ہے کہ ہم نے پرچے ہوائی جہاز میں بھیجے تھے لیکن افسوس ہے کہ وہ وقت پر نہ پہنچ سکے اور پانچ متواتر پی آئی اے کی پروازیں خرابی کی وجہ سے کینسل کر دی گئیں ۔ آئندہ ہم یہ انتظام کر رہے ہیں کہ ہم وقت سے کافی دیر پہلے بھیجا کریں تاکہ پرچے وقت پر پہنچ جائیں ۔

CULTURAL PROGRAMME AT ALHAMRA

*6393 **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Information be pleased to state :—

(a) whether M.N. As. and M. P.As. staying at Pipals were invited by the Director of Protocol to Cultural Programme at Alhamra on 9th March 1967 ; if so, the names thereof and the order of seats reserved for them at Alhamra ;

(b) the total number of invitees alongwith their names, designation and order of their seats at the said programme ?

Minister for Information (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : (a) (i) Yes.

(ii) Fifty M.N.As. and M.P.As. staying at Pipals were invited to the function. Their names are not available.

(iii) It was an informal show reserved for their Majesties and the senior officer who were supposed to be on duty. The decision to allow M.N.As. and M P.As. staying Lahore at that time was taken very late, only two hours before the show. Therefore, the list of their names could not be prepared. For the same reasons whatever seats were available were provided to M.N.As. and M.P.As.

(b) There were about 260 invitees whose list is attached.*

The M.P.As/M.N.As. who were staying at the Pipals and who did not belong to Lahore were given cards on the spot and no record of their names was kept.

Order of seats—

Front row—Empress and Shahinshah of Iran, President of Pakistan, Governor of West Pakistan and Ambassador of Iran with their wives.

2nd row—Iranian Ministers, Central Ministers, security staff of the Shahinshah, President, Governor and the Chief Secretary with their wives.

3rd row and 4th row—Provincial Ministers and members of the entourage of the Iranian Party.

5th row—M.N.As. and M.P.As.

Last—Extra chairs were placed for the relations of artists and othen performers.

**Please see Appendix II at theend.*

چودھری محمد ادریس ۔ جناب والا ۔ میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جس دن یہ فنکشن ہوا تو ایم پی اے کو بلایا گیا اور ان کو بلا کہ سب سے پیچھے بٹھایا گیا یعنی سب سے پچھلی قطار میں تو اس سے میں سمجھتا ہوں کہ ہماری بے عزتی کی گئی ہے ۔ اس دن کرمانی صاحب وہاں ذاتی طور پر موجود تھے کیا ان کو یہ معلوم ہے کہ ہم کو پچھلی رو میں بٹھا دیا گیا تھا اور جو فنکار اور فنکارین تھیں ان کے والدین اور رشتہ داروں اور ان کے دوستوں کو پہلی رو میں بٹھایا گیا تھا ۔

وزیر اطلاعات (سید احمد سعید کرمانی) ۔ جناب والا ۔ قصہ یہ ہے کہ یہ شو دراصل پرائیویٹ تھا ۔ شہنشاہ و ملکہ ایران کے لئے ۔ تو شو کے صرف دو گھنٹے پہلے فیصلہ کیا گیا کہ ایم پی اے اور ایم این اے حضرات کو مدعو کیا جائے ۔ اور جو لاہور کے ایم ۔ پی ۔ اے ۔ یا ایم ۔ این ۔ اے حضرات ہیں یا جو لاہور میں مقیم تھے ان کو بھی مدعو کیا جائے ۔ چونکہ فیصلہ تاخیر سے ہوا اس لئے نشستوں کا انتظام خاطر خواہ نہ ہو سکا اور انہیں آخری رو میں جگہ ملی ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ کیا آنریبل منسٹر یہ فرمائیں گے کہ ایم ۔ پی ۔ اے اور ایم ۔ این ۔ اے حضرات کے متعلق یہ فیصلہ کیوں تاخیر سے کیا گیا ، جب کہ ایئر پورٹ پر جانے کے لئے ان کو invite کر لیا گیا تھا ۔

وزیر اطلاعات ۔ پہلے تو یہی فیصلہ تھا کہ شہنشاہ اور ملکہ اور ان کے

مصاحبین اور پریذیڈنٹ صاحب اور گورنر صاحب وہاں تشریف فرما ہوں گے - بعد میں یہ سوچا گیا کہ ایم - پی - اے اور ایم - این - اے حضرات کو بھی مدعو کر لیا جائے - یہ فیصلہ تقریب سے دو گھنٹے پہلے کیا گیا - اگر پہلے فیصلہ کیا گیا ہوتا تو یہ شکایت پیدا نہ ہوتی - پھر بھی جتنے ایم - پی - اے اور ایم - این - اے حضرات دیگر اضلاع سے آئے ہوئے تھے ان کو ذاتی طور پر دعوت نامے دیئے گئے اور ان کی غالب اکثریت شو دیکھنے کے لئے وہاں موجود تھی -

Major Malik Muhammad Ali : Sir, I would like to know from the Minister that, taking of the decision for allotting seats for the MPA and MNAs, I would say, involves as a pre-requisite availability of suitable accommodation commensurate with their rank ; would you kindly state if this was a proper decision ; if this is a proper explanation ?

وزیر اطلاعات - جہاں تک ایم - پی - اے اور ایم - این - اے حضرات کے سٹیٹس کا تعلق ہے حکومت ہمیشہ کوشش کرتی ہے کہ اسے مجروح نہ ہونے دیا جائے - اس خاص موقعہ پر مشکل یہ آ گئی کہ فیصلہ تاخیر سے کیا گیا - پہلی قطاروں میں معزز مہمان شہنشاہ ایران اور ان کی ملکہ اور ان کے مصاحبین اور صدر مملکت اور مرکزی اور صوبائی وزراء اور چیف سیکرٹری اور دیگر سیکرٹری صاحبان اور ان کی بیگمات کے لئے نشستیں مخصوص ہو چکی تھیں - چونکہ یہ فیصلہ تاخیر سے ہوا اس لئے ان کی نشستوں کو اس شارٹ نوٹس پر تبدیل نہیں کیا جا سکتا تھا - اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا درست نہیں کہ حکومت ایم - پی - اے اور ایم - این - اے حضرات کے سٹیٹس کا احترام نہیں کرتی -

مسٹر حمزہ ۔ XXXXXXX*

وزیر اطلاعات ۔ یہ پبلک کے نمائندے ہیں اور معزز حضرات ہیں ان سے کیا خدشہ ہو سکتا تھا ۔

سید عنایت علیشاہ ۔ اسی لئے آپ کو بلایا نہیں گیا تھا ۔

Mr. Speaker : The supplementary put by Mr. Hamza was not proper and he should refrain from putting such supplementaries. I would not make further remarks about that supplementary, but he should refrain from doing so. The supplementary put by Mr. Hamza is expunged from the proceedings of the Assembly.

رانا پھول محمد خان ۔ کیا جناب کرمانی صاحب یہ فرمائیں گے کہ ایم ۔ پی ۔ اے حضرات کا جو درجہ ہے وہ صوبائی سیکرٹریوں سے کتنا نیچے ہے ۔ یا ان کے برابر ہے ۔

وزیر اطلاعات ۔ جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے ایم ۔ پی ۔ اے صاحبان کا درجہ صوبائی سیکرٹریوں سے اوپر ہے ۔ اور ایم ۔ این ۔ اے صاحبان کا سنٹرل گورنمنٹ کے سیکرٹریوں سے اونچا ہے ۔ اور یہ کوشش کی جاتی ہے کہ ان کے درجہ کو نہ صرف برقرار رکھا جائے بلکہ اس کے متعلق کسی قسم کی شکایت پیدا نہ ہو ۔

چودھری عبدالغنی ۔ عالی جاہ ۔ یہ پہلا واقعہ نہیں ہوا ھارس شو میں بھی ہمیں دھکیلا گیا تھا ۔ وہاں انتظامیہ کے جو بچے تھے وہ بھی اگلی نشستوں پر بیٹھے تھے مگر ہمیں پچھلی نشستوں پر بٹھایا گیا ۔

**Expunged as ordered by the Speaker.*

وزیر اطلاعات ۔ ہارس شو کا تعلق صوبائی انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ سے نہیں ہے ۔ اگر ایسی شکایت ہے تو حکومت ہارس شو کی انتظامیہ کے نوٹس میں لائے گی ۔ کہ وہ آئندہ احتیاط فرمائیں ۔ اور ایم ۔ پی ۔ اے ۔ ایم ۔ این ۔ اے ۔ حضرات کو ان کے سٹیٹس کے مطابق نشستیں مہیا کی جائیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ اس شو کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ فیصلہ تاخیر سے ہوا تھا ۔ اس لئے ایم ۔ پی ۔ اے اور ایم ۔ این ۔ اے حضرات کو ان کے سٹیٹس کے مطابق نشستیں نہ دی جا سکیں حقیقت یہ ہے کہ شالا مار میں جو بھی سرکاری تقریب ہوئی ۔ اس میں ہمارا بہت برا حال ہوا ابھی حال ہی میں جب زمبیا کے پریذیڈنٹ آئے تو بہت سے دوست بطور احتجاج وہاں نہ گئے ۔ کیا یہ اس لئے تو نہیں تھا کہ اس کا انتظام ڈسٹرکٹ اتھارٹیز نے کیا تھا ۔ محکمہ انفرمیشن نے نہیں کیا تھا ۔ انہوں نے اپنے آدمی آگے بٹھا دیئے تھے ۔

وزیر اطلاعات ۔ یہ نیا سوال ہے ۔ اگر ان کا الزام صحیح ثابت ہوا تو حکومت مناسب کارروائی کرے گی ۔ جو تقاریب انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ منعقد کرتا ہے ان میں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جاتا ہے کہ ایم ۔ پی ۔ اے اور ایم ۔ این ۔ اے حضرات کے مقام کو کسی صورت میں بھی ٹھیس نہ پہنچائی جائے ۔ اگر اس کا انتظام ڈسٹرکٹ اتھارٹیز نے کیا تھا تو یہ سوال آپ کو اس محکمہ سے پوچھنا چاہئے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ کیا کرمانی صاحب یہ فرمائیں گے کہ ایسی تقاریب جن میں ایم ۔ پی ۔ اے حضرات کو بہت پیچھے رکھا جائے کیا وہ اس کے متعلق نوٹس لیتے ہوئے کوئی کارروائی کریں گے یا خود اس کا بائیکاٹ کر دیں گے ۔

وزیر اطلاعات ۔ میں پورے خلوص سے رانا صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ کی نہ کبھی ایسی نیت ہے نہ آئندہ ہو گی ۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ آئندہ ایسی کوئی شکایت پیدا ہونے کا احتمال نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Order of Precedence کے مطابق ایم ۔ پی ۔ اے حضرات کا بائیسواں یا تیئسواں نمبر ہے اسی کے مطابق ان کی نشستیں ہوں گی ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی ۔ کیا آپ ایسا نوٹس بھی جاری کرنے کی ضرورت سمجھتے ہیں کہ ڈویژنل کمشنر صاحبان ایم ۔ پی ۔ اے حضرات سے ان کے سٹیٹس کے مطابق پیش آئیں ۔

وزیر اطلاعات ۔ ایم ۔ پی ۔ اے حضرات پبلک کے نمائندے ہیں ان کا احترام کرنا حکومت کا فرض ہے ۔ اگر ماضی میں ایک آدھ بار کہیں کوتاہی ہوئی ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ وہ ایم ۔ پی ۔ اے حضرات کو ان کے مقام سے محروم کرنا چاہتی ہے ۔ ہماری ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے اور رہے گی کہ جو اونچا مقام اور

سٹیشن ایم - پی - اے حضرات کا ہے وہ ہر صورت میں برقرار رہے - میں اس سلسلے میں مزید ہدایات جاری کرنے والا ہوں -

چودھری محمد ادریس - جناب کرمانی صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کا محکمہ آئندہ محتاط رہے گا - بعض دفعہ ان کے محکمہ کو بھی oust کر دیا جاتا ہے - اور ڈسٹرکٹ اتھارٹیز خود انتظام سنبھال لیتی ہیں - کیا وہ گورنمنٹ کی طرف سے یقین دلائیں گے کہ جب گورنمنٹ یہ انتظام کرے گی ، تو وہ ایم - پی - اے اور ایم - این - اے حضرات کا جو درجہ ہے اسے قائم رکھے گی -

وزیر اطلاعات - آپ نے میری مشکل حل کر دی ہے - آپ نے by implication یہ اقرار کر لیا کہ جو تقاریب انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ منعقد کرتا ہے اس میں ممبر مرکزی اسمبلی اور ممبر صوبائی اسمبلی کے مقام کا بڑا احترام کیا جاتا ہے - جو تقاریب جیسا کہ فاضل ممبر صاحب نے کہا ہے مقامی ایڈمنسٹریشن منعقد کرتی ہے اس کے بارے میں حکومت ان کو مناسب ہدایات جاری کر دے گی کہ وہ ممبر مرکزی اسمبلی اور ممبر صوبائی اسمبلی کے status کو کسی صورت میں بھی مجروح نہ ہونے دیں - تیسری تجویز یہ ہے جیسا کہ چودھری ادریس صاحب نے کہا ہے کہ یہ تقاریب مقامی انتظامیہ نہ کیا کرے اس کے متعلق میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت اس پر بھی ہمدردانہ غور کرے گی -

مسٹر حمزہ - کیا جناب کرمانی صاحب کے علم میں یہ بات ہے کہ بعض اضلاع کے ڈپٹی کمشنر اور سپرنٹنڈنٹ پولیس صاحبان ہم پر یہ الزام

لگاتے ہیں کہ ہمیں انہوں نے منتخب کروایا ہے کیا اگر آپ کے علم میں اس قسم کی بات لائیں تو آپ ان کے خلاف کارروائی کریں گے ؟

Mr. Speaker : This supplementary does not arise out of this question.

The Question Hour is over.

مالکانہ حقوق دے دیں ۔ اگر اس سے کوئی خرابی ہوگی تو اس کو رفع کر دیا جائے گا ۔ ہمارے لینڈ ریفارم کی جو پالیسی ہے اس میں یہی ہے کہ کسی زمین کو اتنا کم نہ کرنا چاہئے کہ وہ اکنامک ہولڈنگ نہ رہے میں ان گزارشات کے ساتھ جناب خان غلام سرور خان صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اس پر ہمدردی سے غور فرمائیں اور ان زمینداروں کی امداد فرمائیں ۔

قاضی غلام شبیر (جھنگ ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ ۱۹۵۲ء میں ہاڑا شرائط کے تحت زمینیں الاٹ کی گئی تھیں اور وہ تین قسم کی الاٹمنٹ تھیں نمبر (۱) اور نمبر (۲) فوجی اور سول افسروں کو دے دی گئیں اور نمبر ۳ ناکارہ اور بنجر زمینیں تھیں وہ مزارعین کو الاٹ کی گئیں ۔ ہر ایک الاٹمنٹ دو مربع کا ہوا تھا اور کچھ عرصہ کے بعد اس کی شرح نصف ہو گئی یعنی نصف زمین گورنمنٹ کی ہوگئی اور نصف مزارع کی ہوگئی پھر گورنمنٹ نے اپنا حصہ نیلام کرنا شروع کر دیا ۔ جن کو الاٹ ہوئی تھیں وہ پریشان ہو گئے اور ان کو تکلیف بھی ہوئی وہ اپنی زمینوں کو جدید طریقوں سے آباد نہیں کر سکتے تھے اور نہ اپنی معاشی حالت کو سدھار سکتے تھے اور یہ تمام مسئلے گورنمنٹ عالیہ کے اپنی زمین کو نیلام کرنے سے پیدا ہوئے ۔ تو بہتر یہ رہے گا کہ گورنمنٹ کا جو حصہ ہے وہ ان ہی الاٹیوں کے ہاتھ فروخت کیا جائے اس سے گورنمنٹ کو نقصان نہیں ہوگا اور نہ الاٹیوں کو نقصان ہوگا بلکہ الاٹیوں کی حوصلہ افزائی ہوگی کیونکہ انہوں نے جانفشانی اور محنت سے زمین کو آباد کیا ہے لہذا میں وزیر مال سے گزارش کرتا

ہوں کہ مخدوم اختر علی شاہ صاحب نے جو ریزولیوشن پیش کیا ہے اس کو منظور فرمایا جائے اور میں اس کی پرزور تائید کرتا ہوں ۔

چودھری عبدالغنی (بہاول پور - ۳) - جناب والا - یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور یہ بہت اہم ریزولیوشن ہے - یہ زمینیں کاشتکاروں کو دی جانی چاہئیں - میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں ۔

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ - ۳) - جناب والا - زیر بحث ریزولیوشن میں یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ زمینیں جو محنت کش کاشتکاروں نے اپنی انتہائی محنت اور اپنی کوشش اور اپنے اخراجات کے بعد آباد کی ہیں ان زمینوں کو کسی اور طریقہ سے فروخت کیا جائے یا نیلام کیا جائے یا ان زمینوں کو ان سے حاصل کر لیا جائے اور سرکاری تحویل میں دینے کے بعد کسی اور طریقہ سے ان کو استعمال کیا جائے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا معقول ریزولیوشن ہے کہ وہ زمینیں جن لوگوں نے اس کی بے رونقی اور اس کی بد صورتی کو دور کیا ہے اور ان میں ہریالی اور دلکشی پیدا کی ہے ان کے ہاتھوں سے نکال کر ان غیر متعارف لوگوں کے ہاتھوں میں دے دی جائیں جو زمین کی نشو و نما اور ترقی سے بالکل نا واقف ہیں میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس طرح ملک کی اور زراعت کی ترقی میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہوگا جناب اگر یہ زمینیں فروخت کرنا ہیں تو اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اس کو اڈھولک بجا کر بازار بازار بیچتے پھریں اور ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ان زمینوں کو ان معقول ہاتھوں سے نکال کر ایسے ہاتھوں میں دے دیں جو ہاتھ اس قابل نہیں ہیں اور ایک طریقہ یہ ہے کہ ان زمینوں کو ان ہاتھوں میں

دے دیں جو ان زمینوں سے خاطر خواہ پیداوار حاصل کر سکیں اور اس میں تبدیلی کر سکیں اور موثر طریقہ سے اس میں پیداوار کا اضافہ کر سکیں ۔ میں جناب والا ۔ اس ریزولیوشن کی اہمیت اس لئے سمجھتا ہوں کہ یہ ریزولیوشن اس وقت آیا ہے کہ جس وقت ہماری گورنمنٹ نے یہ اعلان کیا تھا کہ ہماری قوم زراعت کے محاذ جنگ پر لڑ رہی ہے ۔ دنیا کی کسی جنگ میں ایسا نہیں ہوا کہ کوئی ہتھیار ایسے ہاتھوں سے نکال کر جو اس ہتھیار کو چلانا جانتے ہوں ایسے ہاتھوں میں دے دیا گیا ہو جن میں توانائی اور طاقت نہ ہو اور وہ اسے چلا نہ سکے ہوں ۔ اور کبھی ایسا نہیں ہوا کہ کوئی ہتھیار ایسے ناعاقبت اندیش ہاتھوں میں دے دیا گیا ہو جو محاذ جنگ پر فتح یاب نہ ہو سکتے ہوں ۔ اگر ایسے ہاتھوں میں ہتھیار کو تھما دیا جائے تو ظاہر ہے کہ نتیجہ کیا ہوگا اور آج کے حالات کے تقاضوں کو جانتے اور بوجھتے ہوئے جب کہ ہماری قوم زراعت کے محاذ جنگ پر جنگ کر رہی ہے مناسب یہی ہے کہ اس ہتھیار کو ایسے ہاتھوں میں نہ دیا جائے جو اس کے اہل نہ ہوں ۔ جناب والا ۔ اگر ایسا کیا گیا تو یہ ہمارے معاشی استحکام کے لئے سراسر نقصان دہ ہوگا زراعت کے محاذ پر اگر فتح کا ڈنکا بجانا ہے تو اس قسم کے مشکوک حالات پیدا نہ کئے جائیں ۔ تو جناب والا ۔ اس میں ایک بات قابل ذکر ہے کہ اگر گورنمنٹ اپنی پالیسی کا اس طرح اعلان کر دے کہ جو لوگ کسی بنجر زمین کو آباد کریں ۔ یا بنجر ترین زمین کو آباد کر لیں تو ان کو اپنے حصہ کے علاوہ حکومت کا جو حصہ ہوگا وہ معقول قیمت کے عوض انہیں دے دیا جائے گا ۔ اگر ایسا کر دیا جائے تو

میں سمجھتا ہوں کہ وہ زرعی محاذ جنگ جس کو فتح کرنے کا ہم تہیہ کئے ہوئے ہیں اور جس کا ہم بار بار اعلان کر چکے ہیں ہم ان زمینداروں میں اس قدر طاقت اور جذبہ پیدا کر سکیں گے ہم ان میں ہمت پیدا کر دیں گے اور کسان اور کاشتکار اپنے آپ کو زیادہ خوشحال تصور کرنا شروع کر دیں گے اور وہ لوگ زیادہ محنت اور دلچسپی کے ساتھ ان زمینوں کو آباد کریں گے اور زیادہ جلدی کریں گے ۔ جناب والا ۔ یہ فطرت کا تقاضا ہے اور اس کو کوئی روک نہیں سکتا۔ لیکن اس ریزولیوشن میں جناب والا۔ کسی ایک ضلع یا ایک تحصیل یا ایک پرگنے کا ذکر نہیں کیا گیا ہے ۔ ریزولیوشن کی معقولیت اپنی جگہ موجود ہے تو میں جناب والا ۔ وزیر مال صاحب کی خدمت میں عرض کئے بغیر نہیں رہ سکوں گا کہ ہر جگہ چاہے کوئی جگہہ چاہے بھی کیوں نہ ہو جہاں کہ کسانوں اور زمینداروں کو ایسی صورت حال کا سامنا کرنا پڑے تو ان کو امداد دینی چاہئے تمام صوبہ میں باڑہ شرائط پر گورنمنٹ کا حصہ کسانوں سے لیکر نیلام کیا جا رہا ہے ۔ کئی جگہوں پر ایسی صورت حال ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات کے پیش نظر سارے صوبے میں پابندی لگا دینی چاہئے اور انتہائی معقول قیمت وصول کرکے یہ زمین ان کی ملکیت کر دینی چاہئے ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ زراعت میں دل کشی پیدا ہو جائے گی اور ایسا کرکے ہم معاشی نظام میں استقامت پیدا کریں گے اور بے روزگاری کا سدباب بھی کر سکیں گے اور جو uneconomic holdings ہیں اور جو ہمارے صوبے کا سب سے بڑا پرابلم ہے اس کی طرف ہم موثر اور جاندار قدم اٹھا سکیں گے ۔ جناب والا ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی حمایت کرتا ہوں اور میں یہ کہوں گا کہ گورنمنٹ کو اس کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے بلکہ سیشن ختم ہونے سے پہلے اس پر عمل درآمد شروع کر دینا چاہئے ۔

چودھری محمد ادریس (جھنگ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ باڑہ شرائط کا یہ مسئلہ صرف اس تحصیل کا مسئلہ نہیں ہے جس کے متعلق فاضل محرک نے اپنے ریزولیوشن میں ذکر کیا ہے ۔ یہ مسئلہ جناب والا ۔ صوبہ کے اکثر اضلاع کے الاٹیوں کا مسئلہ ہے اور سابق پنجاب کے اکثر اضلاع میں اس قسم کی شرائط پر فوجی ملازمین کو اور سول ملازمین کو اور چھوٹے مالکان کو مزارعین کو آج سے ۱۶ سال پیشتر یہ الاٹمنٹیں کی گئی تھیں ۔ اس ریزولیوشن میں فاضل محرک نے صرف اپنی تحصیل کا ذکر کرکے اس مسئلہ کو اس ایوان میں پیش کیا ۔ اصل میں ہمیں تمام مزارعین اور تمام الاٹیوں کے لئے غور کرنا ہے کیونکہ یہ مسئلہ ہی اس نوعیت کا ہے کہ سب کے لئے غور کرنا لازمی ہے ۔ تو اس مسئلے کو صرف ایک تحصیل تک ہی محدود نہیں رکھنا چاہئے ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) ۔ پھر بھی یہ اتنا اہم مسئلہ ہے کہ فاضل محرک کے اس ریزولیوشن کی وجہ سے حکومت کی توجہ اس طرف مبذول ہو گئی ہے ۔ میں فاضل محرک کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ صدر محترم ۔ مجھے ہرگز یہ امید نہ تھی کہ خان غلام سرور خان اس ریزولیوشن کی مخالفت کریں گے ۔ غالباً انہوں نے چند قانونی نکات کو پیش نظر رکھ کر اور ان کے جواز کو مدنظر رکھتے ہوئے یا ان پیچیدگیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جو آج سے ۲ سال پیشتر پیدا ہوئی تھیں اس کی مخالفت کرنی مناسب

سمجھی - قانونی پہلو انہوں نے پیش کئے ہیں جن کی بنا پر اس مسئلے کی مخالفت کی جا رہی ہے - میں اس سوال کو زیر بحث لا کر خان غلام سرور خان صاحب کو اس بات پر قائل کرنے کی کوشش کروں گا کہ وہ اب بھی اس کی مخالفت نہ کریں بلکہ اس کو پاس ہونے دیں اور اس کا خاطر خواہ حل ہونے دیں - اپنی سطح پر اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کرتے ہوئے اپنے دوسرے ممبران کو قائل کرکے کاشتکاروں اور زمینداروں کے لئے یہ اچھی چیز ہونے دیں - یہ مسئلہ صرف الاٹیوں کی ذات ہی سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ ملک کے مفادات اس سے وابستہ ہیں - گل صاحب نے اشارتاً میرے ان خیالات کی طرف اشارہ کیا جن کو میں آگے لے جانا چاہتا ہوں - جب زرعی اصلاحات کا ذکر کیا جاتا ہے تو ہمارے سامنے دو چیزیں آتی ہیں - ایک تو یہ کہ بڑے زمینداروں سے زائد اراضی لیکر چھوٹے کاشتکاروں کو تقسیم کر دی جائے - اور کسی شخص کے پاس ایک معقول حد سے زائد زمین نہ ہو کیونکہ اگر اس کے پاس زمین بہت زیادہ ہے تو وہ خاطر خواہ طریق پر اس کا انتظام نہیں کر سکتا - اور اس سے بڑا مفاد حاصل نہیں کر سکتا اور پھر یہ بات تھی کہ وہ لوگ مفاد اٹھانے کی اہلیت رکھتے تھے وہ محروم ہو جاتے تھے - دوسرا پہلو یہ تھا کہ ملک کی چھوٹی زمینداریوں کو یکجا کیا جائے اور آئندہ کے لئے fragmentation of holdings کو روکا جائے اور پابندی لگائی جائے کہ بڑی زمین کو چھوٹی زمینوں میں تقسیم نہ ہونے دیا جائے اور نہ فروخت کرنے کی اجازت دی جائے - میں جناب والا - آپ کی توجہ اس کے دوسرے پہلو کی طرف مبذول کراؤں گا جتنی چھوٹی زمینیں ہوں گی

ان سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکے گا ۔ کاشتکاروں کو ان کی کاشت میں دقت ہو گی ۔ معاشی حالت بھی اچھی نہ ہو سکے گی اور مشینری کے ذریعے سے بھی کاشت نہیں کی جا سکے گی ۔ اسی لئے جناب والا ۔ جب لینڈ کمیشن مقرر کیا گیا تو اس وقت سے یہ مسئلہ زیر غور آتا رہا ہے ۔ اس پر میں چند حوالے جناب کی خدمت میں پیش کروں گا جس سے یہ ظاہر کیا جائے گا کہ fragmentation of holdings کو روکنا کس قدر ضروری ہے ۔

"The size of cultivating units in West Pakistan is generally small. If the cultivation units is small the resources of the farmer, of family man-power, of animals and equipment are inefficiently utilized thereby causing the cost of production to rise and reducing the net profit of the farm operation."

یہ جناب رائے تھی لینڈ کمیشن کی اس مسئلہ کے متعلق ۔

The Land Reforms Commission observed that the holdings were becoming smaller and smaller on account of the unrestricted use of the rights of getting joint holdings partitioned. The resultant units of cultivation after partition were becoming incapable of proper, efficient and effective utilisation. It felt that the stage had arrived when effective steps should be taken to at least maintain the existing subsistence and economic holdings."

Then, Sir, there was the decision of the Land Reforms Commission in which they said that the unrestricted right of alienaion of any part of one's holdings was one of the most important causes of fragmentation of holdings. They said that the land owners particularly smaller land owners were alienating part of their land holdings in complete disregard of the necessity of efficient use of the land.

اور ان مشاہدات اور حقائق کے پیش نظر لینڈ کمیشن نے چھوٹی زمینوں کی فروخت پر پابندی لگا دی ۔ مارشل لا ریگولیشن کے پیراگراف ۲۴ میں پابندی لگا دی گئی ۔ اور مارشل لا ریگولیشن ۶۴ کا پیراگراف ۳ یہ ہے :-

"A joint holding with an area equal to that of an economic holding shall in no circumstances be partitioned."

"No person owning an economic holding shall be allowed to alienate by will, mortgage, gift or otherwiss, any portion of his holding."

جناب والا ۔ مجھے یہ احساس ہے کہ جس وقت یہ زمین الاٹ ہوئی مزارعین کو تقسیم ہوئی ۔ اس وقت ایک معاہدہ ہوا تھا سرکار اور ان الاٹیوں کے درمیان اور الاٹیوں سے یہ واضح شرط طے کی گئی تھی کہ جب دس سال کے بعد یہ رقبہ آباد ہو جائے تو اس کے نصف حصہ کی مالک سرکار ہوگی اور گورنمنٹ کو اپنا نصف حصہ فروخت کرنے کا حق ہوگا ۔ مجھے اس کا احساس ہے ، لیکن ۱۹۵۲ء سے لے کر آج کے حالات بالکل مختلف ہو چکے ہیں ۔ ۱۹۵۸ء میں جب لینڈ ریفارمز کمیشن معرض وجود میں آیا تو اس نے حالات کو بالکل مختلف کر دیا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ صحیح قانونی طور سے تو نہیں مگر اخلاقی طور سے گورنمنٹ کے اوپر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ مارشل لا ریگولیشن ۱۹۶۴ء کے تحت جو شرط وہ دوسروں پر لگاتی ہے گورنمنٹ کو خود بھی اس کا پابند ہونا چاہئے ۔ جب مجھے اور میرے دوسرے حصہ داروں کو اجازت نہیں

کہ ہم اپنی زمین تقسیم کر سکیں تو گورنمنٹ کو بھی یہ اختیار نہیں ہونا چاہئے کہ وہ الاٹیوں کے ساتھ اپنے حصہ کو تقسیم کر کے اسے کسی اور کے پاس بیچ سکے ۔ ۱۹۶۴ء میں جو اصلاحات نافذ کی گئی تھیں اخلاقی طور پر ان کے مطابق اب اس زمین کو بھی تقسیم نہیں ہونا چاہئے بلکہ ایسے حالات میں چاہئے کہ جس نے اسے آباد کیا ہے اسے اسی کے پاس رہنے دیا جائے ۔ جناب والا ۔ یہ صرف زرعی پیداوار بڑھانے کا مسئلہ نہیں ہے ۔ اس کے اوپر بہت سے فاضل دوست بحث کر چکے ہیں ۔ یہ ایک انتظامی مسئلہ بھی بنتا جا رہا ہے ۔ میں بحیثیت ایک وکیل کے جانتا ہوں کہ حکومت کی اس پالیسی نے میری تحصیل میں انتظامی مسائل کو کس حد تک ناقابل حل بنا دیا ہے ۔ آپ اندازہ کیجئے کہ ہر شخص کو اس چیز سے کتنی محبت ہو جاتی ہے جو اس کے قبضہ میں ہو خواہ وہ چند دن تک اس کے پاس رہے ۔ میرے ہاتھ میں یہ پنسل ہے مجھے ضرور تھوڑا سا افسوس ہوتا ہے وہ مزارعین اور کاشتکاران وہ سمال ہولڈر جو دس سال سے اس زمین کو کاشت کر رہے ہیں اور جنہوں نے اسے اپنی زمین سمجھ کر آباد کیا ۔ جو وہاں رہ رہے ہیں ۔ جو دس پندرہ سال سے اپنی معاشی حالت کو درست کرنے کی جد و جہد کر رہے ہیں ۔ جب آپ اس زمین کا نصف حصہ جو انہوں نے آباد کی ہے کسی دوسرے شخص کو دے دیں گے ۔ تو انہیں کتنی تکلیف ہوگی ۔ ان کا دل کس طرح بے چین ہوگا ۔ ایک طرف ان کے جذبات ہیں ۔ دوسری طرف یہ قباحت ہے کہ جب گورنمنٹ کوئی زمین نیلام کرتی ہے تو باہر

کے لوگ جن کا اس علاقہ سے کوئی واسطہ نہیں ۔ وہاں کسی قسم کی رشتہ داری نہیں ۔ جن کا وہاں کوئی مفاد نہیں ۔ وہ آ کر بڑھ چڑھ کر بولی دے کر مقامی لوگوں کے مقابلہ میں زمین لے جاتے ہیں ۔ پھر ان کے مسائل شروع ہوتے ہیں ۔ قبضہ کے پیداوار کے مقدمے شروع ہو جاتے ہیں ۔ مقدمہ بازی کا ایک سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ۔ اس غلط پالیسی کی وجہ سے یہ انتظامی مسائل پیدا ہو رہے ہیں ۔ آپ کو پیسہ چاہئے ۔ پیسہ وہ الاٹی دینے کے لیے تیار ہیں ۔ اگر وہ زمین ان کو مناسب قیمت پر دے دی جائے ۔ جب آپ لوگوں سے زمین حاصل کرتے ہیں ۔ کسی پبلک ورک کے لیے رفاہی کام کے لیے یا کسی اور سرکاری مقصد کے لیے تو انہیں ۵ سال کی اوسط قیمت دیتے ہیں ۔ اس سے زائد آپ کبھی نہیں دیتے ۔ آپ یہی لینڈ ایکویزیشن ایکٹ یہاں کیوں عائد نہیں کرتے ۔ ۵ سال کی جو اوسط قیمت ہے اس پر یہ زمین ان لوگوں کو دے دیں اس سے نہ صرف خوراک کا مسئلہ حل کرنے میں مدد ملے گی ۔ نہ صرف ان لوگوں کو مشکل حالات سے نکالنے میں مدد ملے گی بلکہ ایک انتظامی مسئلہ بھی حل ہو جائے گا ۔

جناب والا ۔ حکومت یہ کہہ سکتی ہے کہ قانونی طور پر ہمیں حق حاصل ہے جس کو چاہیں زمین فروخت کردیں ۔ مگر میں یہ عرض کرونگا کہ حکومت کی پوزیشن بالکل مختلف ہوتی ہے ۔ بالخصوص اس حکومت کی جو جمہوری ہو اور عوام کے نمائندوں کی ہو ، اس کے لئے یہ مناسب نہیں ہوتا کہ وہ سختی سے یا شدومد سے اپنے حقوق پر اصرار کرے ۔ آپ کے

پیسے وصول ہو جائیں گے اور ملک کے جو غریب کاشتکار ہیں ان کے مفاد کو بھی کسی طرح سے نقصان نہیں پہنچے گا ۔ آپ کو پیسے مل جائیں گے اور ان کو زمین مل جائے گی ۔ یہ اتنا آسان کام ہے اگر ہم یہ کہتے کہ آپ انہیں یہ زمین مفت یا بطور خیرات یا گرانٹ دیں تو آپ اس سے انکار کر سکتے تھے ۔ لیکن جب ہم آپ کو پیسے دیتے ہیں تو پھر آپ کے لیے قانونی طور پر ۔ اخلاقی طور پر ۔ یا انتظامی طور پر ۔ یہ مناسب نہیں کہ آپ ہمیں یہ کہیں کہ یہ تمہارا حق نہیں ہے یہ ان مزارعین یا الاٹیوں کا حق ہے اور آپ انہیں یہ حق ضرور دیں ۔ اس لیے میں اس ریزولیشن کی حمایت کرتا ہوں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان ۔ ۷) ۔ جناب والا ۔ میں اس ریزولیشن کے لیے جو مخدوم صاحب نے اس معزز ایوان میں پیش کیا ہے انہیں دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ یہ بہت ہی مفید اور اہم ریزولیشن ہے جس کے بہت دو رس نتائج ہوں گے ۔ بہت ہی اچھا ہوتا اگر مخدوم صاحب یہ قرار داد پورے صوبہ کے لیے پیش کرتے ۔ میں اب بھی وزیر مال سے اپیل کروں گا کہ وہ اسے ایک تحصیل سے مخصوص نہ فرمائیں بلکہ اس پالیسی کو پورے صوبہ کے لیے تجویز فرمائیں ۔

جناب والا ۔ اس علاقہ میں بعض شرائط کے تحت یہ اراضیات دس سال کے لیے دی گئیں تھیں اس کا رقبہ دو مربعے مخصوص کیا گیا ۔ جس میں کاشتکار نے ایک چاہ لگانا تھا ۔ دس سال کا عرصہ گزر

چکا ہے اور کاشتکار نے وہ رقبہ آباد کر لیا ہے۔ یہ علاقہ ششماہی نہر کا ہے۔ میں بھی اس علاقہ سے تعلق رکھتا ہوں جہاں ششماہی نہر موجود ہے میں نے دیکھا ہے۔ جناب والا۔ کہ ششماہی نہر پر کاشتکاروں کو بہت تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور وہ بہت سی مشکلات کے بعد اس رقبہ کو آباد کر سکتے ہیں۔ یہ ایک فطری چیز ہے کہ جب ایک کاشتکار ایک بنجر رقبے کو آباد کرتا ہے تو اسے اپنے رقبے کے ہر انچ کے ساتھ لگاؤ ہو جاتا ہے۔ اسے اس رقبے سے ایسا پیار ہو جاتا ہے جیسے ماں باپ کو اپنی اولاد سے پیار ہوتا ہے۔ اگرچہ گورنمنٹ حق رکھتی ہے کہ وہ اپنی شرائط کے مطابق اپنے حصے کو کسی اور کے ہاتھ فروخت کر دے یا اس کو نیلام کر دے۔ مجھے اپنے دوستوں کے خیالات سے پورا اتفاق ہے کہ اس سے کشیدگی اور کشمکش بڑھے گی۔ جس شخص نے بڑی جانفشانی سے رقبہ آباد کیا ہے اس کے اور نئے آنے والے کے درمیان فسادات پیدا ہوں گے بجائے اس کے کہ اس علاقہ کو ترقی کے راستے پر لگایا جا سکے یہ ہمیں ایک ایسا راستہ دکھلا رہے ہیں کہ وہ بجائے اس کے کہ ترقیات پر اپنی محنت اور توجہ مرکوز کریں وہاں کے علاقے کے لوگ جھگڑے، فسادات اور مقدمہ بازی میں اپنا وقت ضائع کریں گے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ علاقہ بجائے ترقی کے تنزل کی طرف (خدا نہ کرے) چلا جائے گا۔ گورنمنٹ کا رجحان ہے کہ جو لوگ اپنے ہاتھ سے کاشت کرتے ہیں ان کی دل بستگی کی جائے لیکن ان لوگوں نے جنہوں نے دو مربع اراضی آباد کی ہو ان سے ایک مربع اراضی لے

کر اگر کسی اور کے ہاتھ فروخت کی جائے تو اس سے ان کی دلبستگی نہیں ہوگی بلکہ اس سے ان کی دل شکنی ہو گی ۔ اگر گورنمنٹ یہ چاہتی ہے کہ وہ اپنے ہاتھ سے کاشتکاری کرے اور اس کی دلبستگی کرے تو میں مخدوم اختر علی شاہ صاحب اور دوسرے دوستوں کا ہم نوا ہوں کہ ایک مربع اراضی جو گورنمنٹ کی ہے اس کو مروجہ اور معقول نرخوں پر انہیں کے ہاتھ فروخت کر دیا جائے ۔

جناب والا ۔ گورنمنٹ کی ایک مفید سکیم یہ ہے کہ منتشر اراضیات کو اشتمال کی صورت میں اکٹھا کیا جائے اگر گورنمنٹ اپنے رقبہ جات کو دوسروں کے پاس نیلام یا فروخت کرے گی تو اشتمال کی صورت میں نقصان ہوگا کیونکہ گورنمنٹ کے رقبہ جات یا املاک ایک جگہ موجود نہیں ہیں گورنمنٹ کا کوئی مربع کہاں پڑتا ہے کوئی مربع کہاں پڑتا ہے ۔ گورنمنٹ جب دوسرے لوگوں کو زمین دے گی اور اراضیات کا جب اشتمال کیا جائے گا تو ان کو گزند پہنچے گا ۔ اس لیے دونوں مربعے جو اس کے قبضہ میں ہیں اس کے پاس ہی رہنے دیئے جائیں ۔ اشتمال کی جو مفید سکیم آ رہی ہے اس کو اس سے تقویت پہنچے گی ۔

جناب والا ۔ اس کے علاوہ زرعی اصلاحات کا اہم مقصد یہ تھا کہ بڑی اراضیات کی limit مقرر کی جائے اور کم سے کم اراضیات کی بھی حد مقرر کر دی جائے کیونکہ ایک حد سے جو بڑھ جاتا تھا وہ بڑے زمیندار کہلاتے تھے اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ اپنی اراضیات کا وہ خیال نہیں رکھتے اس کے لیے ایک limit مقرر کر دی تاکہ وہ بجائے ترقی کے

ملک کو تنزل کی طرف لے جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ دو مربع اراضی والے کو بڑا زمیندار نہیں کہا جا سکتا ہے ۔ اگر اس کے پاس دو مربع اراضی رہنے دی جائے تو کاشتکاری کے اصول کے مطابق وہ چھوٹے ٹریکٹرز بھی استعمال کر سکتے ہیں ۔ اس سے زیادہ بہتر ترقی کر سکتے ہیں بجائے اس کے کہ دو مربع اراضی سے ایک مربع ہو جائے اس لحاظ سے بھی میں سمجھتا ہوں کہ اس دو مربع کو قائم رکھا جائے یہ ایک اکنامک یونٹ .....ہوگا ۔ جس میں کاشتکار چھوٹے ٹریکٹرز بھی استعمال کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں مخدوم صاحب کے ریزولیشن کی پر زور الفاظ میں تائید کرتا ہوں اور جناب وزیر مال صاحب کی خدمت میں پر زور اپیل کرتا ہوں کہ اس پالیسی کو جو میں نے عرض کی ہے اس تحصیل کے علاوہ پورے صوبہ پر لاگو کیا جائے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر مجھے افسوس ہے کہ جناب وزیر مال صاحب یہاں موجود نہیں ہیں اور وہ یہاں تشریف نہیں رکھتے ہیں لیکن لیڈر آف دی ہاؤس جو وزیر خوراک بھی ہیں ، جو ان سے بہت زیادہ تجربہ رکھتے ہیں میرے خیال میں وہ اس معاملہ میں دلی طور پر توجہ دیں گے اور مجھے مطمئن کرنے کی کوشش فرمائیں گے ۔ میں ایک کوتاہ عقل سا آدمی ہوں اور میری سمجھ بڑی محدود ہے اور میں چاہتا ہوں کہ میری پورے طور پر تسلی کی جائے ۔ ہمارے وزیر مال صاحب بے شک تجربہ کار بھی ہیں اس سے مجھے انکار نہیں اور

نہ کوئی اور صاحب انکار کر سکتے ہیں ۔ ان کی اہلیت اور قابلیت سے کسی کو انکار نہیں ہے لیکن میں ایک مشکل میں پھنس گیا ہوں جب انہوں نے اس ریزولیشن کی مخالفت فرمائی ۔

جناب والا ۔ میرے نزدیک یہ مسئلہ جیسا کہ میرے فاضل دوست سید دیوان غلام عباس بخاری اور چودھری محمد ادریس صاحب فرما چکے ہیں صرف ایک تحصیل کا مسئلہ نہیں اگر وہ اس کو ملکی نقطہ نظر سے سوچتے اور اس کو ملکی زاویہ سے دیکھتے تو اس کی اہمیت کا پورا پتہ چل جاتا ۔ ہمارے ملک میں اس وقت سب سے بڑا مسئلہ خوراک کا ہے اور اس سے کسی کو انکار نہیں کہ دفاع کے ساتھ ساتھ خوراک کو بھی اتنی ہی اہمیت حاصل ہے ۔ خوراک کا مسئلہ صرف زبانی باتیں کرنے سے حل نہیں ہوگا ۔ خوراک کا مسئلہ کسی پراپیگنڈا سے حل نہیں ہوگا ۔ خوراک کا مسئلہ ایسا مسئلہ نہیں ہے کہ ہم پمفلٹ چھاپ کر تقریریں کر کے لوگوں کو سنائیں تاکہ یہ مسئلہ سدھر سکے ۔ اس کے لیے عملی قدم اٹھانا ہوگا اس کے لیے بڑی سوچ بچار کی ضرورت ہو گی اس کے بعد اس کے صحیح نتائج نکل سکتے ہیں ۔ مجھے اس سے انکار نہیں کہ آجکل کے دور میں مشینری کا جس قدر فروغ ہے ۔ مشینری کی جس قدر اہمیت ہے ۔ مشینری کے جس قدر فوائد ہیں وہ لا محدود ہیں اس کی طرف جتنی توجہ دی جائے اتنی ہی کم ہے ہمارے وزیر خوراک اس کی طرف پوری توجہ دے رہے ہیں ۔ ہماری حکومت اس طرف پورے طور پر دلچسپی لے رہی ہے لیکن اس بات کا کیا جواب ہے میں یہ بات بڑے مودبانہ طور پر پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہمارا ملک اس وقت

اتنا ترقی یافتہ نہیں ہے کہ ہر کس و ناقص - ہر چھوٹا مزدور - ہر چھوٹا کاشتکار اور ہر علاقہ کا آدمی مشینری سے فائدہ اٹھا سکے گا - ان کو بخوبی علم ہے اور میں یہ کہوں گا کہ ۸۰ فیصد آبادی میں سے بمشکل ۲۰ یا ۲۵ فیصد ایسے زمیندار - ایسے کاشتکار یا ایسے لوگ موجود ہیں جو جدید مشینری سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور وہ لوگ جو شہروں کے نزدیک ہیں - وہ لوگ جن کی زمینیں یا جائدادیں زیادہ ہیں اور وہ لوگ جو تعلیم یافتہ ہیں - وہ اپنے رقبوں میں جا کر کاشت مشینری سے کر سکتے ہیں - میرا علاقہ ڈیرہ غازی خان اور مظفر گڑھ ہے میں وہاں کے لوگوں کو جانتا ہوں کہ وہاں ایسے لوگ موجود ہیں جو مشینری کے نام سے نا آشنا ہیں - جو شہروں میں آنا تک گوارا نہیں کر سکتے - جو شہروں میں رہنا پسند نہیں کرتے وہ گھبرا جاتے ہیں - ان کی اس وقت تک بیلوں سے کاشت ہے اور دیسی کاشت ہے - مشینری سے وہ نا واقف ہیں - مشینری سے وہ نا آشنا ہیں - اتنا بڑا طبقہ - اتنی بڑی قوم کا سرمایہ اور اتنی بڑی قوم اگر وہ اپنے ہاتھوں سے ہل چلا کر خود اپنے بیلوں کو ہانک کر زمین میں کاشت کریں تو آپ اس کے متعلق کیا وضاحت فرمائیں گے -

جناب والا - جس سکیم سے ان لوگوں کی صحیح امداد ہوتی ہے ، جس سکیم کے اپنانے سے ان عوام کی ہمدردیاں آپ حاصل کریں تو یہ وہ طبقہ ہے جو آپ کے خوراک کے مسئلہ میں بے حد اور کافی امداد دے سکتا ہے - اگر صرف مشینری والے طبقے کی پرورش کریں تو یہ نا مناسب ہوگا آپ ان لوگوں کو ہرگز نہ بھلائیں جو زمین کے تھوڑے تھوڑے رقبہ کے

مالک ہیں - جو تھوڑے تھوڑے رقبہ پر کاشت کرتے ہیں آپ کے پاس ان کی بڑی فوج ظفر موج موجود ہے وہ اس رقبہ کو پورے طور پر کاشت کر سکتے ہیں - آپ ان باڑہ شرائط میں ترمیم فرمائیں - میں یہ تو سمجھ سکا ہوں کہ وزیر مال صاحب کا انکار یا حکومت کا انکار اس لیے تھا کہ اس میں قانونی جواز تھا اور مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ اس میں انہوں نے اس لیے انکار فرمایا ہے کہ ان کی شرائط تھیں کہ ۱۰ سال کے بعد زمین واپس لے لیں گے مجھے اس سے انکار نہیں ہے اور انہوں نے اس بنا پر اس ریزولیشن کی مخالفت فرمائی ہے لیکن جہاں ہمارے اور بھی قوانین تبدیل ہو سکتے ہیں - جہاں ہم نے اس سے زیادہ اہم ترین معاملے کو وقت کے حالات کے مطابق ڈھالا ہے - - - - -

مسٹر حمزہ - ایبڈوزدہ نئے وزیر بھی ہو سکتے ہیں -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - یہ آپ اپنی تقریر میں فرما سکتے ہیں - جیسے حالات بدلتے جاتے ہیں اسی کے مطابق عمل ہوتا جاتا ہے - یہ کوئی وجہ نہیں کہ اتنے بڑے قانون میں تبدیلی ہو گئی ہے مگر ایک غریب کاشتکار کے مسئلہ میں صرف قانونی الجھن پھنس رہی ہے اس پر دوبارہ غور فرما لیں اور اس کو دوبارہ دیکھ لیں یہ کاشتکار بھی اپنے ہاتھوں سے کاشت کرتے ہیں یہ تھوڑا سا رقبہ ہے ۱۰ سال کی محنت سے انہوں نے دو مربع زمین آباد کی اور اس میں سے اگر ایک مربع اراضی مزید ان کو مل جاتی ہے تو یہ عین ان کا حق ہے -

اور انہی کو دیا جائے ۔ آپ اس پالیسی کو تبدیل کریں اور اس پر ضرور توجہ دیں ۔ میں صرف احمد پور کے متعلق نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ تمام ملک کا مفاد اس میں ہے ، اس لئے مناسب ہوگا کہ آپ اس پر دوبارہ غور فرمائیں ۔ مجھے آپ کے انکار کی وجہ صحیح معلوم نہیں ہوتی اور نہ میں اسے صحیح سمجھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میرے ضلع مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازی خان میں اب تک اتنے وسیع رقبے ہیں جو کہ ابھی آباد ہونے ہیں ۔ میں تو یہ خیال کر رہا تھا کہ آپ یہ کوشش کریں گے کہ وہ رقبے بھی آپ کاشتکاروں کو باڑہ شرائط پر دیں اور اگر آپ ان شرائط پر وہ رقبے دیں گے تو بہت جلد بہت زبردست تبدیلی وہاں پر آ سکتی ہے تو اس لئے مناسب یہی ہوگا کہ آپ اس پر ٹھنڈے دل سے سوچیں اور اس پر بڑے اطمینان سے غور فرمائیں کہ ان شرائط کو تبدیل فرمائیں ۔ اس سلسلے میں جو دوسرا مسئلہ آپ کے لئے پچیدہ ہوگا ، وہ انتظامیہ کا بھی ہوگا کیونکہ آپ نے دیکھا ہوگا کہ زمینداروں اور کاشتکاروں کا مسئلہ بعض حالات اور بعض اوقات میں بڑا اہم بن گیا ہے اور ان کے آپس کے تنازعات بڑی مشکل صورت اختیار کر گئے تھے جس میں حکومت کو بھی مداخلت کرنی پڑی تھی اور یہ وہ زمیندار اور کاشتکار تھے جن کے آپس میں نسلاً بعد نسلاً تعلقات چلے آ رہے تھے، وہ آپس میں بھائی بن کر رہے اور ایک دوسرے کی شادیوں میں شریک ہوئے ، لیکن وہ زمیندار اور کاشتکار بھی آپس میں بگڑ بیٹھے ۔ اب موجودہ صورت میں جب آپ نئے زمیندار وہاں پر لانا چاہتے ہیں کیونکہ جب ان زمینوں کا نیلام ہوگا تو لازمی طور پر وہاں ایک نیا طبقہ

آئے گا ۔ تو جب وہاں پر پرانے کاشتکار موجود ہیں ، تو آپ یہ توقع کیسے کر سکتے ہیں کہ ان کے تعلقات ان نئے زمینداروں اور کاشتکاروں کے ساتھ بہتر ہوں اور ان کے تعلقات آپس میں اچھے ہوں ، تو اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ انتظامی نقطہ نظر سے بھی شاید ایک الجھن پیدا ہوگی اور ان کی کشیدگی آپس میں بڑھے گی ۔ آپس میں کشیدگی بڑھنے سے مقدمہ بازی بڑھے گی اور مقدمہ بازی بڑھنے سے ان کا وقت ضائع ہوگا تو اس طرح کاشتکار طبقہ کے لئے آپ ایک اور تکلیف کا سبب بنیں گے ۔ اور جہاں کوئی کاشتکار کسی تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے ، اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ صحیح طور پر اپنا وقت اپنی زمینداری پر صرف نہیں کر سکتا جس کی وجہ سے آپ کے خوراک کا مسئلہ بھی لازمی طور پر متاثر ہوگا ۔ اس لئے میرے خیال میں آپ ان دو نقطہ ہائے نظر کی وجہ سے اس ریزولیوشن کو پاس ہونے دیں کیونکہ یہ ایک انتہائی موزوں ریزولیوشن ہے جس کے لئے میں مخدوم صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنے علاقے کے ایک عوامی مسئلہ کو اس کے ذریعے پیش کرنا چاہا ہے جو کہ میری دانست میں تمام ملک کے لئے بہتر ریزولیوشن ہے ۔

نوابزادہ رحمدل خان (بنوں ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ جب میں نے رات کو ایجنڈے میں یہ ریزولیوشن دیکھا تو میں نے اس کو سمجھنے کی کوشش کی ۔ پہلے تو میں نے اس کو "بڑا شریعت" پڑھا ۔ پھر میں نے سوچا کہ اردو کے لحاظ سے تو یہ غلط ہے اور یہ "بڑا شریعت" نہیں ہو سکتا بلکہ اسے "بڑی شریعت" ہونا چاہئے ۔ پھر میں نے سوچا کہ وہ کونسی شریعت ہوگی ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ ۔ اور حکومت تو ویسے بھی شریعت کے خلاف ہے ۔

نوابزادہ رحمدل خان ۔ پھر میں نے اپنے ذھن پر زور دیتے ہوئے سوچا کہ شاید یہ "باڑہ" ہے کیونکہ یہ باڑہ دریا چناب کے شہر کے قریب بہتا ہے ، تو میں نے سوچا کہ شاید اس کی کوئی شریعت ہوگی ۔ جب میں نے ریزولیوشن کے نچلے حصہ کو پڑھا تو میں نے سوچا کہ اس میں بھی کچھ فقرے غلط ہیں ۔ لیکن میں یہ سمجھ گیا تھا کہ یہ جو کچھ بھی ہے ، ہے تو زمین کے متعلق ہی اور اس کے ذریعے کچھ رعائتیں مانگی جا رہی ہیں ۔ اس کے بعد آج صبح بھی میں نے دو ایک دوستوں سے یہاں پر پوچھا کہ اس ریزولیوشن کا مطلب کیا ہے چنانچہ جہاں تک اس کا مقصد مجھے معلوم ہو سکا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ حکومت نے کاشتکاروں کو یا سابق فوجی افسروں کو بنجر زمینیں آباد کرنے کی غرض سے دی تھیں اور وہ ان شرائط پر دی تھیں کہ جب یہ آباد ہو جائیں گی تو ان زمینوں میں سے نصف زمین حکومت لے لے گی اور نصف حصہ ان کے پاس ہی رہے گا ۔ ۔ ۔

مخدوم اختر علی شاہ **قریشی** ۔ جناب والا ۔ میں فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ فوجی افسران وغیرہ کو جو زمینیں دی گئی تھیں ۔ ان پر "باڑہ شرائط" حاوی نہیں ہیں ۔ وہ زمینیں تو انہیں ان کی خدمات کے صلے میں دی گئی تھیں "باڑہ شرائط" تو صرف غریب کسانوں اور کاشتکاروں کے لئے تھی ۔

نوابزادہ رحمدل خان ۔ شکریہ ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے اس ریزولیوشن کی سپرٹ سے مکمل اتفاق ہے لیکن اس کے ساتھ ہی میں یہ

بھی عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اس ریزولیوشن کو اس طرح محدود نہیں کرنا چاہئے بلکہ چاہئے تو یہ کہ اگر تمام مغربی پاکستان میں اس قسم کی زمینیں ہوں تو اس رعایت کو ہر جگہ پر حاوی ہونا چاہئے۔ اور اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ جس طرح میں نے ابتدا میں ہی جناب کی توجہ لفظ "شریعت" کی طرف مبذول کرائی تھی اور جہاں تک کچھ تھوڑا بہت علم مجھے شریعت کے متعلق ہے۔ اسلامی اصول کے مطابق زمین کا مالک وہی ہو جاتا ہے جو کہ اسے آباد کرتا ہے۔ تو اگر ہم اس اصول کو مد نظر رکھیں، تو پھر یہ غیر آباد زمینیں جن لوگوں نے اپنی محنت اور کاوش سے آباد کی ہیں۔ وہ اس کے زیادہ حقدار ہیں کہ ان کو ان زمینوں کا مالک بنا دیا جائے بجائے اس کے کہ کوئی دوسرا شخص یہ زمینیں بذریعہ نیلام یا دوسری شرائط کے تحت یا کسی دوسرے ذرائع سے یا اپنی دولت کے بل بوتے پر حکومت سے حاصل کر لے اور جن لوگوں نے ان زمینوں کو آباد کیا ہے۔ انہیں ان سے محروم کر دیا جائے۔ مجھے اس کی یہ مثال دینی پڑے گی جیسے کہ ایک شخص کسی بچے کی پرورش کرتا ہے اس کو پالتا پوستا ہے۔ اسے تعلیم دلواتا ہے اور جب وہ بڑا ہو کر کسی قابل بنتا ہے تو وہ کسی اور جگہ چلا جائے یا جس طرح کہ آج کل کے زمانے میں ہو رہا ہے کہ وہ شادی کرکے والدین کو بالکل ہی بھلا دے۔ تو میری دانست میں یہ والدین کے ساتھ بڑی زیادتی تصور کی جاتی ہے۔ اور یہی مثال ان زمینداروں پر صادق آتی ہے کہ جب یہ زمینیں غیر آباد تھیں اور کس مپرسی کے عالم میں پڑی ہوئی تھیں۔ تو یہ غریب

لوگ آئے اور انہوں نے اپنی محنت ۔ اپنے سرمائے اور اپنا پسینہ بہا کر ان زمینوں کو آباد کیا اور ان کو قابل کاشت بنایا اور اب جبکہ یہ زمینیں کسی قابل ہو گئی ہیں اور ان کی وقت بڑھ گئی ہے ۔ تو اب ان سے یہ کہا جاتا ہے کہ تم اس کے مالک نہیں ہو بلکہ اب اس کا مالک کوئی اور ہوگا ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ یہ اصول یا یہ طریقہ نہ تو شرعاً ہی جائز ہے اور نہ ہی اخلاقی طور پر جائز معلوم ہوتا ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ اس ریزولیوشن کو تمام دوست متفقہ طور پر پاس کریں اور میں حکومت سے یہ درخواست کروں گا کہ اس ریزولیوشن پر فوری طور پر عمل درآمد کر دیا جائے اور اس کا اطلاق تمام صوبے پر ہونا چاہئے کہ جہاں کہیں بھی ایسی زمینیں ہوں ان کو آباد کرنے والوں کو یہ رعائت دی جائے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ مجھے یہ معلوم نہیں کہ محترم وزیر مال صاحب نے کن وجوہات کی بنا پر اس تحریک کی مخالفت کی تھی ، لیکن میں بھی اس تحریک کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ اگر مخالفت کی وجوہات ایک فقرے میں بیان کرنا مقصود ہوں تو میں اسے اس طرح عرض کروں گا کہ میں اس حق میں ہوں کہ جو لوگ اس وقت ایک مربعے کے مالک ہیں ۔ بجائے اس کے کہ ان کو دو مربعوں کا مالک بنایا جائے ۔ ان لوگوں کو یہ دوسرا مربعہ دے دیا جائے جن کے پاس ایک ایکڑ زمین بھی نہیں ہے جناب والا ۔ میں نے ایک فقرے میں اپنا مدعا تو بیان کر دیا ہے ۔ اب میں اس کی تشریح کرنے کی کوشش کروں گا ۔

جناب والا ۔ جن دوستوں اور احباب نے آج سے تقریباً پندرہ برس پیشتر

"باڑہ شرائط" پر زمینیں حاصل کی تھیں ، مجھے ان سے ہمدردی ہے - لیکن مجھے اپنے ان بھائیوں کے ساتھ مقابلتاً زیادہ ہمدردی ہے - جن کے پاس آج تک زمین نہیں ہے اور جو محض مزارع کی حیثیت سے زندگی بسر کرتے ہیں - مجھے ان بھائیوں سے ہمدردی ہے جن کو بعض اور سکیموں کے تحت حکومت نے زمینیں دی تھیں اور پھر جب ان سکیموں کو تبدیل کر دیا گیا تو ان سے زمینیں چھین لیں - اور اب وہ بے یار و مددگار گھوم رہے ہیں وہ کبھی ایک گاؤں کبھی دوسرے گاؤں جاتے ہیں کبھی ایک شہر جاتے ہیں کبھی دوسرے شہر جاتے ہیں -

جناب والا - حقیقت میں ۱۹۵۲ء میں جب سابقہ پنجاب میں زرعی اصلاحات نافذ ہوئیں - تو اس صوبہ میں ایک طبقہ ایسا پیدا ہوگیا جو کہ زمین کا مالک نہیں تھا اور وہ بڑے بڑے زمینداروں کے پاس بطور مزارع کام کرتا تھا - جب مالکان زمین نے ان کو بے دخل کر دیا تو وہ بے دخل مزارعین کے نام سے یاد کئے جاتے تھے - ان بے دخل مزارعین کو اس وقت کی حکومت نے آباد کرنے کے لئے باڑا شرائط پر سابقہ پنجاب کے مختلف اضلاع اور سرکاری اراضیات دیں اس شرط پر کہ ان سے اراضیات کی قیمت بالاقساط وصول کر لی جائے - لیکن موجودہ حکومت نے چند مصلحتوں کے پیش نظر خواہ وہ درست ہیں یا غلط اس سے بحث نہیں یہ فیصلہ کیا کہ میونسپل کمیٹی کی حدود سے باہر ایک خاص رقبہ سے مزارعین کو بے دخل کر دیا جائے مثال کے طور پر دوم درجہ کی میونسپل کمیٹی کی حدود سے ۵ میل کے اندر جس قدر رقبہ بے دخل مزارعین کو

۵۳ - ۱۹۵۲ء میں دیا جا چکا ہے واپس لے لیا جائے اور اس طرح اول درجہ کی میونسپل کمیٹی کی حدود سے ۱۰ میل کے اندر جس قدر سرکاری اراضی ان بے دخل مزارعین کو دی گئی وہ ان سے واپس لے لی جائے ۔ اس طرح ہم نے ایک غلط پالیسی کی بنا پر کم و بیش بارہ پندرہ سال کے بعد ان لوگوں کو جو اراضیات کے مالک بنے ہوئے تھے اپنی دانست کے مطابق ان کو وہاں سے اکھاڑ دیا ۔ صرف لائل پور کے گرد و نواح میں ۵ ہزار ایکڑ سرکاری اراضی سے ان لوگوں کو بے دخل کیا گیا ہے ۔ اس طرح سے مختلف اضلاع میں ہزاروں ایکڑ سرکاری زمین جو سابقہ حکومت کے وقت سے بے دخل مزارعین کاشت کرتے تھے اور ان کو ملکیت کے حقوق دیئے جا چکے تھے ان سے ان کو بے دخل کر دیا گیا ۔ وہ آج تک بے دخل ہیں ان کے پاس کوئی ذریعہ معاش نہیں ۔ ان کا پیشہ ۱۰۰ پشت سے کاشت کاری ہے ۔ جیسا کہ محترم قائد ایوان اپنے متعلق فرماتے ہیں کہ وہ کاشتکار کی حیثیت سے ۱۰۱ پشت سے چلے آ رہے ہیں حالانکہ ساری عمر وہ ملازمت میں رہے ہیں پنجاب کی روایات کے مطابق اتم کھیتی ہے اور تیسرے درجہ پر جا کر چاکری ہے ۔ انہوں نے تیسرے درجہ کو اختیار کیا ہے ۔ میرا مدعا یہ ہے کہ یہ اراضیات جو کہ بڑا شرائط پر دس سال کے لئے دی گئی تھیں اور دس سال کی بجائے اب ۱۵ سال تک ان مزارعین نے اپنے حصہ کی زمین اور سرکاری اراضی سے منفعت حاصل کی ہے ۔ قانوناً اور اخلاقاً اگر ان سے حکومت واپس لے لے تو کوئی جرم نہیں کوئی عیب نہیں کیونکہ ان کو ان شرائط پر دی گئی تھیں کہ اتنے عرصہ کے بعد نصف زمین ان کی ملکیت ہوگی اور نصف ان سے

حکومت واپس لے لے گی ۔ اس لئے بجائے اس کے کہ ان کو بازاری قیمت پر دیں یا جیسا کہ ادریس صاحب نے فرمایا کہ سابقہ پانچ سال کی اوسط قیمت پر دیں یا کسی طرح جیسا کہ محترم گل صاحب نے فرمایا ہے معقول قیمت پر دی جائیں ۔ میرا خیال ہے کہ ہمارے صوبہ کے لئے ہمارے ملک کے لئے جبکہ ہم نے صوبہ کو خوراک کے اعتبار سے خود کفیل بنانا ہے یہ بدرجہا بہتر ہوگا کہ ان دوسری بار بے دخل شدہ مزارعین کو زمینیں سستے داموں دے دی جائیں ۔ بازاری قیمت پر نہیں گورنمنٹ نے خود قیمت مقرر کی ہوئی ہے یعنی بعض سے -/۸ روپیہ فی یونٹ اور بعض سے -/۲۰ روپیہ فی یونٹ کے حساب سے قیمت وصول کی گئی ہے ۔ مناسب اقساط پر ان کو دے دی جائیں ۔ میں حکومت کی پالیسی سے کسی صورت میں بھی اتفاق نہیں کرتا ۔ میں نے اس موضوع پر بجٹ کے دوران اپنے جذبات اور خیالات کا اظہار بھی کیا تھا کہ حکومت اپنی اراضیات کو نیلام نہ کرے ۔ وہ ایسی وجوہات کیا تھیں ۔ اپنی جائداد کو فروخت کرنا ناجائز نہیں ۔ محض بجٹ میں رقم شامل کرنے کے لئے ایسا کیا گیا تھا ۔ اگر آپ نے اراضی فروخت کرنی ہے تو بجائے اس کے کہ وہ لوگ حاصل کریں ۔ جن کے پاس پہلے ہی بے پناہ اراضی ہے جو بڑے بڑے زمیندار ہیں ۔ جن کے پاس سرمایہ ہے وہ نیلام میں حاصل کریں یا یہ اراضیات وہ تجارتی طبقہ حاصل کرے جو محض اس لئے زمین حاصل کریں گے الا ماشاء اللہ جن میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو بلیک میں کمایا ہوا سرمایہ زرعی پیداوار کی آمدنی ظاہر کر سکیں اور ٹیکس سے بچ جائیں ۔ اس طبقہ کے اراضی خریدنے سے نہ تو حکومت کو کوئی منفعت ہوگی ۔ نہ ہی یہ طبقہ یا بڑے بڑے زمیندار مالک کو کوئی فائدہ

پہنچا سکتے ہیں ۔ نہ ہی دوسرا طبقہ جو تاجر طبقہ ہے ملک کو کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہے نہ ہی خوراک کی پیداوار میں کوئی اضافہ ہو سکتا ہے بلکہ تاجر طبقہ اپنے لئے آرام گاہ اور آسائش گاہ بنائیں گے اور خوراک پیدا نہیں کریں گے ۔ اور ان کے جو فرصت کے لمحات ہوں گے اس کے لئے اور اپنی آسودگی آسائش کے لئے Country Houses تعمیر کریں گے ۔ ان لوگوں کے ہاتھوں میں یہ اراضیات فروخت کرنے سے یہ امر بدرجہا بہتر ہے کہ ان لوگوں کو زمین دیں جن کو آپ نے خود بے دخل کیا ہے ۔ اسے یہاں تک ہی محدود نہ رکھیں بلکہ آپ اعداد و شمار کو دیکھیں ۔ اس صوبہ میں کم و بیش ۵۰ فیصد کاشت کار ایسے ہیں جن کی ملکیتی اراضیات ۵ ایکڑ سے کم ہے ۔ جن کی ملکیت صرف چند ایکڑ ہے یا بالکل مفقود ہے ان کی تعداد لاکھوں تک جائے گی ۔ اس صوبے کی ۸۵ ۔ فیصدی آبادی کا بالواسطہ یا بلاواسطہ انحصار زراعت پر ہے اس میں سے آپ یقین جانئے کہ ۵۰ ۔ فیصدی سے زیادہ آپ کو ایسے لوگ ملیں گے جو پیشے کے اعتبار سے کاشتکار ہیں ۔ اور وہ کوئی اور کام نہیں جانتے جنہوں نے صرف زمین کاشت کرنی ہے خواہ (الف) سے کریں یا (ب) سے کریں ان کا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں ہے ان کے ساتھ اگر وہ لوگ بھی شامل کر لئے جائیں جیسا کہ میں اپنے ضلع کے بارے میں جانتا ہوں ۔ ہمارے یہاں جس کے پاس ۱۰ ۔ ایکڑ زمین ہے وہ بڑا زمیندار ہے ۔ ہم اس کو ملتان لائل پور اور سرگودھا کے بڑے زمیندار کے مقابلے میں بڑا زمیندار سمجھتے ہیں ہمارے ضلع کے اکثر و بیشتر زمیندار

دو ایکڑ ایک ایکڑ اراضیات کے مالک ہیں ۔ اگرچہ دو چار مہاجر بھائی ہمارے ضلع میں آئے ہیں جن کے پاس ۵۰ - ۶۰ - ۷۰ ۔ ایکڑ زمین ہے ورنہ وہاں کے رہنے والے ان میں سے یعنی ۱۹ لاکھ کی آبادی میں کسی کے پاس ۸ - ۱۰ - ایکڑ سے زیادہ اراضی نہیں ہے ۔ اسی طرح سے دوسرے اضلاع میں بھی ان لوگوں کو جو زمین کی کاشت کرنا جانتے ہیں اور جن کا ذریعہ معاش یہی ہے مگر اراضی کے مالک نہیں ہیں ان کو زمینیں آسان شرائط پر دینی چاہئیں بجائے اس کے کہ جو لوگ کاشتکار نہیں ہیں یا جن کے پاس ۲۰ - ایکڑ ہیں ان کو ۲۵ ایکڑ مزید دے دیں چلئے میں اس کو ایک اور طرح سے آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں بجائے اس کے کہ آپ ایک شخص کو ۲۵ ۔ ایکڑ یا دو افراد کو ساڑھے بارہ بارہ ایکڑ دیں مگر جن کے پاس ہی اپنی اراضی موجود ہے ۔ آپ ان لوگوں کو زمینیں دیں جو بیروزگار ہیں اس سے آپ کی قومی دولت میں اضافہ ہوگا اور وہ لوگ محنت کریں گے آپ کے لئے اناج پیدا کریں گے اور آپ کی قومی دولت میں اضافہ کریں گے ۔ ان وجوہات کی بنا پر میں اس ریزولیوشن کی مخالفت کرتا ہوں ایک بات اور عرض کر دوں کہ ایک اور سکیم سابق پنجاب میں رائج ہے اور وہ grow more food سکیم کہلاتی ہے ۔ یہ سکیم اب بند ہو چکی ہے ۔ میں گورنمنٹ کی پالیسی نہیں سمجھ سکا شاید یہ میرے فہم و ادراک کی خرابی ہے ۔ بہر حال مسئلہ مشکل ہے اور اس میں گورنمنٹ نے ایک تخصیص کر دی ہے اور وہ یہ ہے کہ یہ سکیم ۱۹۵۶ء میں رائج ہوئی تھی جن

لوگوں نے اس سکیم کے تحت ۱۹۵۶ء میں اراضیات حاصل کی تھیں - ان کو ملکیت نہیں دی جائے گی مگر جنھوں نے ۱۹۵۸ء میں یا اس کے بعد اراضی حاصل کی تھیں ان کو ان اراضیات کی ملکیت دے دی جائے گی - میں حیران ہوں کہ ایک ہی قسم کی شرائط ہیں ایک ہی سکیم ہے ایک شخص دو سال پہلے یا ایک سال پہلے آپ سے اراضی لیکر آپ سے شرائط طے کرنے کے بعد اس میں ٹیوب ویل لگاتا ہے آپ کی سکیم تکمیل کے لئے سعی کرتا ہے آپ کہتے ہیں کہ نہیں جن کو اراضی ۱۹۵۶ء میں ملی ہے ان کو ملکیت نہیں ملے گی - لیکن جن کو ۱۹۵۸ء میں ملی ہے ان کو ملکیت ملے گی - مجھے معلوم نہیں کہ اس میں مصلحت کیا ہے -

چودھری محمد ادریس - اس میں پہلے کے اثرات ہیں -

خواجہ محمد صفدر - اور وہ اثرات کیا ہیں مجھے معلوم ہیں - کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ ۱۹۵۸ء کے بعد بڑے بڑے لوگوں نے اراضی لی ہے اور اس سے پہلے ان غریب لوگوں نے یعنی اس زمانے میں جس کو آج کل کی سرکاری زبان میں سیاہ دور کہتے ہیں چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں نے زمینیں حاصل کی تھیں اس لئے ان کی کوئی داد فریاد نہیں ہے اور ۱۹۵۸ء کے بعد جس کو زرین دور کہا جاتا ہے اس دور میں بڑے بڑے لوگوں نے وزراً نے اور امراً نے زمینیں حاصل کی تھیں ان کے اثر و رسوخ کی وجہ سے ان کو ملکیت دے دی جائے گی - چلئے اگر آپ ان سے بھی زمینیں واپس لینا چاہتے ہیں تو یہ زمینیں یا تو ان کو دے دی جائیں جو کاشت کرتے ہیں یا پھر میں

نے تین قسم کے لوگ آپ کے سامنے پیش کئے ہیں ۔ باڑا سکیم کی شرائط پر جن لوگوں نے زمینیں حاصل کی تھیں اور جن کو اس حکومت نے بے دخل کر دیا ہے ان کو دے دی جائیں یا جن مزارعین کے پاس بالکل اراضی نہیں ان کو یہ اراضی دے دی جاویں ۔ یا جن کے پاس پانچ ایکڑ یا اس سے کم اراضی ہے ان کو یہ اراضی دے دی جاوے ۔ لیکن جب لاکھوں کی تعداد میں ہمارے پاس ایسے کاشتکار موجود ہیں جن کے پاس زمینیں نہیں ہیں یا جن کے پاس دو تین چار ایکڑ تک زمینیں ہیں ۔ ساڑھے بارہ ایکڑ اراضی کے مالک بھی لینڈ ریفارم کے تحت گزارہ ملکیت والے کہلاتے ہیں ۔ اس حد سے کم اراضی کے مالک ہمارے صوبہ میں لاکھوں ہیں ۔ یا جن لوگوں کو میونسپل حدود کے ۱۰ ۔ یا ۵ ۔ میل کے حدود کے اندر ہونے کی وجہ سے بے دخل کیا گیا ہے ان کو زمینوں کی ضرورت ہے ان کو یہ زمین دے دی جائے ۔ تیسرے وہ لوگ جنہوں نے grow more food کے تحت ۱۹۵۶ء میں اراضی حاصل کی مگر بعد میں گورنمنٹ کی غلط پالیسی کی وجہ سے بے اثر اور بے سہارا ہو گئے تھے اور جن کی اراضی چھین لی گئی تھی اور جن کو آپ مالک تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں یعنی یہ زمیندار نہیں ہیں اور کاشتکار بھی نہیں ہیں یعنی جن کو برادری سے آپ خارج کر رہے ہیں ۔ ان کو اراضی دی جاویں ۔ جناب والا ۔ ان باتوں کے باوجود کہ مجھ کو ان لوگوں سے جن کو باڑا سکیم کے تحت زمین ملی ہے ہمدردی ہے میں اس بنا پر اس ریزولیوشن کی مخالفت نہیں کر رہا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خان اچون خان جدون ۔ میں نے سمجھا کہ آپ اس کی حمایت کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نے پہلے ہی فقرہ میں کہا تھا کہ میں مخالفت کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ لیکن مجھے ان سے زیادہ ان لوگوں سے ہمدردی ہے جن کے پاس زمین نہیں ہے ۔ میں گورنمنٹ کا پوائنٹ آف view نہیں جانتا جب تک کہ وزیر مال تقریر نہ فرماویں مجھے معلوم نہیں ہو سکے گا ۔ جناب والا ۔ ان مختصر سی گزارشات کے بعد نہایت ادب سے اپنے بھائیوں کی خدمت میں آپ کے توسط سے درخواست کروں گا کہ وہ ان لوگوں پر رحم فرمائیں جو کہ لاکھوں کی تعداد میں اس صوبے میں موجود ہیں جن کا پیشہ کاشتکاری ہے اور جن کا ذریعہ معاش کاشتکاری ہے اور جن کے پاس اراضی نہیں ہے وہ محض مزارع ہیں ان کو زمینیں دی جائیں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس قرار داد کی مخالفت کے لئے کھڑا ہوا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ مخدوم اختر قریشی صاحب نے جس تحصیل کے متعلق یہ قرار داد پیش کی ہے مجھے بھی اس تحصیل سے ملحقہ علاقہ میں رہنے کا شرف حاصل ہے مجھے یہ کہتے ہوئے قطعی ہچکچاہٹ نہیں کہ انہوں نے زیادہ سے زیادہ چند سو باڑا شرائط کے الاٹیوں کے حقوق یا ان کی دقتوں اور تکالیف کا احساس کیا لیکن انہوں نے اسی تحصیل میں ہزاروں کی تعداد میں وہ کاشتکار جو صحیح معنوں میں کاشتکار ہیں جو اپنے ہاتھ سے کاشتکاری کرتے ہیں اور جو بہتر کاشتکار ہیں اور جن کے پاس ایک مرلہ زمین بھی

نہیں کی دقتوں ، پریشانیوں ، بد حالیوں اور ان کی کسمپرسی کا ان کو قطعی احساس نہیں ۔ ہماری حکومت خود جانتی ہے اور تیسرے پنجسالہ منصوبے میں واضح طور پر یہ بتایا گیا ہے کہ ہمارے ملک کی ۲۰ ۔ فیصد سے زیادہ آبادی بے روزگاری یا نیم بے روزگاری کا شکار ہے اور یہ بھی تسلیم کرتی ہے کہ باوجود تمام کوششوں کے صنعتی میدان میں ہم روزگار کے زیادہ مواقع مہیا نہ کر سکے جس سے آئندہ چند سال میں بے روزگاری آسانی سے ختم ہو سکے اس کا یہ مطلب ہے کہ حکومت کے پاس جتنی اراضیات ہیں جن کو ہم سرکاری اراضیات کہتے ہیں اور وہ اراضیات جو کہ حکومت باڑہ شرائط کے تحت آباد کرنے والے افراد سے ایک ایک مربعہ اراضی واپس لے گی وہ بھی سرکاری ہوگی اور اس اراضی پر الاٹیوں کا حق نہیں ہے جو حق تحریری یا اخلاقی طور پر ان کو حاصل نہیں ہے ۔ ایک ایک مربعہ اراضی جو واپس لی جائے گی میں سارے ملک کی آبادی کا حصہ ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا آبادی کا بیشتر حصہ جو بیروزگاری یا نیم بیروزگاری کا شکار ہے جو کاشتکاری کے پیشہ سے تعلق رکھتا ہے حکومت اگر ان کو آباد کرنا چاہے تو یہ زمین موقعہ ہے جس قدر اس سے استفادہ کیا جا سکتا ہے کرنا چاہئے ۔ جناب سپیکر ۔ اس ایوان میں بعض معزز اراکین نے یہ فرمایا ہے کہ جدید طریقوں سے کاشتکاری لازمی ہے لیکن جب ایک فرد کے پاس کم از کم دو مربعہ اراضی ہو تو وہ یہ طریقہ کاشت اختیار کر سکتا ہے ۔ یہ نسخہ چند سو افراد کے لئے تجویز کیا ہے تاکہ ان سے ایک مربعہ زمین واپس لے لی جائے ۔ اس کا ایک اچھا طریقہ

یا کامیاب نسخہ یہ بھی ہے کہ وہ لوگ جن کے پاس زرعی اصلاحات کے باوجود بھی سینکڑوں مربعہ زمین ہے کیا یہ بہتر نہیں کہ ہم ملکیت کی حد کو کم کرکے ان افراد میں تقسیم کر دیں جن کے پاس زمین تھوڑی ہے یا جن کے پاس زمین موجود نہیں ہے ۔ یہ بھی مناسب اور موزوں طریقہ ہے اور میں ان لوگوں کو جو کہ محض جدید طریقوں سے کاشت کے بہت شائق ہیں سے کہوں گا کہ مسئلہ محض پیداوار کا نہیں بلکہ یہ ایک انسانی مسئلہ ہے ۔ میرے نزدیک جس طریقہ سے یہ زمینیں حاصل کی گئیں یا زمین تقسیم کی گئی ہے وہ اسلام کے مطابق جائز نہ تھا ۔ اگر وہ اس مشینی طریقہ کے استعمال کے بڑے شائق ہیں تو میرے نزدیک یہ طریقہ بہت مفید ثابت ہوگا ۔ اگر آپ مشینی طریقہ سے زیادہ پیداوار کر سکتے ہیں تمام دنیا جانتی ہے اور یہ مسلمہ اصول ہے کہ اگر کاشتکار اپنی زمین کو خود کاشت کرتا ہے تو لازمی طور پر فی ایکڑ پیداوار ان افراد سے زیادہ کرتا ہے جو اپنے ہاتھ سے کاشت نہیں کرتے ۔ جناب سپیکر ۔ جناب خواجہ صفدر صاحب نے ضلع لائل پور کا ذکر کیا اور جب قریشی صاحب نے اپنی تحصیل کے لئے باڑہ شرائط کے الاٹیوں کو ایک مربعہ کی بجائے دو مربعہ زمین دلوانے کی تجویز پیش کی ہے میں جناب وزیر مال کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ تحصیل شورکوٹ ۔ جھنگ ۔ منٹگمری تمام سابقہ پنجاب کے علاقے ہیں ۔ جہاں جہاں آپ نے باڑہ شرائط پر زمین لوگوں کو دی ہوئی ہے اور یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ جنہوں نے زمین کو آباد کیا ہے وہ ایک مربعہ زمین کی بجائے

دو مربعہ زمین کے مالک بننے کی جدوجہد کر رہے ہیں ۔ لیکن اس صوبہ میں آپ ان لوگوں کی زبوں حالی کا اندازہ لگائیے جنہوں نے ۱۹۵۶ء سے لیکر ۱۹۶۶ء تک زمین کو آباد کیا اور وہ زمین بھی چھ آٹھ ایکڑ تھی اور انہوں نے اس یقین کے ساتھ آباد کیا کہ وہ اس کے مالک ہوں گے بلکہ بیشتر حالات میں وہ اقساط بھی ادا کر رہے تھے آپ نے ان کو بیک جنبش قلم زمین سے علیحدہ کیا اور ان کو بیروزگاری کے سمندر میں پھینک دیا ۔ تو میں جناب وزیر مال سے التجا کروں گا بلکہ ان کے سامنے ہاتھ پھیلا کر خیرات مانگتا ہوں خیرات ہی سمجھ کر دے دیں وہ لوگ جو کہ بیچارے بیروزگار ہیں جن لوگوں کا حق تھا اور محض اس بنا پر کہ سرکاری زمین جو انہیں الاٹ کی گئی تھی شہر کے ۵ میل کی حدود کے اندر تھی اس ناکردہ گناہ کی بنا پر انہیں بیروزگار بنایا گیا اور ان کے حقوق کو پامال کیا ۔ آپ برائے مہربانی نظر ثانی کریں اراضیات جہاں کہ ان کا لینا حکومت کا حق ہے وہاں عوام کا بھی حق ہے ۔ ان لوگوں کو مناسب اقساط پر مناسب قیمتوں پر اراضیات دے دی جائیں ۔ اسکے علاوہ میرے بڑے بھائی اور انتہائی قابل احترام ساتھی رحم دل خان صاحب کو پنجابیوں پر بہت رحم آیا اور میں یقیناً ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں لیکن ان کی اور جناب وزیر مال کی خدمت میں ایک زندہ مثال پیش کروں گا وہ یہ ہے کہ میں نے اسی اسمبلی کی میعاد کے دوران ایک سوال ضلع کوہاٹ کے متعلق کیا تھا جہاں کہ آفریدی آباد ہیں ۔ یہاں آباد ہوئے ۱۵۰ سال سے لیکر ۲۰۰ سال کا عرصہ گزر چکا ہے وہ سرکاری زمین پر جو کہ تقریباً ۱۵۰۰ ایکڑ ہے کئی پشتوں سے کاشت کر رہے ہیں ۔ ان لوگوں نے اس زمین کو محنت شاقہ

سے آباد کیا ۔ وہاں مسجدیں اور مکانات بھی تعمیر کئے لیکن حکومت نے اس زمین کا ایک بڑا حصہ ملک الرحمن کیانی کو بہت سستے نرخوں فروخت کرنے کا فیصلہ کیا میں ان احباب سے جو کہ باڑہ شرائط کے تحت دی گئی اراضیات کے الاٹیوں سے ہمدردی کرتے ہیں ۔ جو کہ ایک مربعہ مزید زمین طلب کرتے ہیں میں پوچھتا ہوں کیا وہ افریدی ہمارے سرحدی بھائی وہ ہمارے انسان بھائی وہ ہمارے مسلمان بھائی جن کے باپ دادا نے اس زمین کو آباد کیا تھا اور جو وہاں ۲۰۰ سال سے آباد تھے ان کو بیک جنبش قلم وہاں سے کیوں علیحدہ کیا جا رہا ہے ۔ کیا ان کو یہ حق نہیں ہے کہ ان کو سرکاری زمین ایک ایک مربعہ کی صورت میں یا چار چار ایکڑ کی صورت میں مناسب اور سستے نرخوں پر اور اقساط پر دے دی جائے کیا ان کو اس ملک میں باعزت شہری کے طور پر جینے کا حق نہیں ہے کیا ان کو روزگار مہیا کرنا ہماری حکومت کا فرض نہیں ۔ کیا ملک کی غذائی پیداوار میں ان کا حصہ نہیں ہے کیا وہ اپنی اور ہماری قوم کی خدمت نہیں کر رہے ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک مسئلے کو دوسرے مسئلے سے ہٹا کر یا علیحدہ کرکے سوچا نہیں جا سکتا ۔ اگر آپ محض باڑہ شرائط کے الاٹیوں کی دقتوں کا اندازہ لگائیں گے ۔ اور اس کے علاوہ جو کچھ بھی ملک میں ہو رہا ہے اس سے بے خبر یا لا تعلق رہیں گے یا آنکھیں بند رکھیں گے ۔ پھر تو آپ کے پاس اس کے لئے جواز ہے ۔ لیکن اگر آپ ملک میں پھیلی ہوئی بے روزگاری کو دیکھیں گے ۔ ان لوگوں کے حالات دیکھیں گے جن کے پاس زمین نہیں ہے ۔ ملکی مسائل کو دیکھیں گے کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ غذا

پیدا کرنی ہے ۔ اس کا تقاضا یہ ہے کہ کاشتکار کا ۔ اس انسان کا جو ہل چلاتا ہے ۔ جس کا زمین کے ساتھ تعلق دائمی ہو ۔ مجھے یہ جان کر انتہائی دکھ ہوا ہے ۔ میرے بعض بھائی جو بڑے بڑے زمیندار ہیں کہتے ہیں کہ اس شخص کو جو الاٹ کرواتا ہے اس زمین کے ساتھ محبت ہو جاتی ہے جو اس نے دس یا پندرہ سال پہلے باڑہ شرائط پر حاصل کی تھی ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں ۔ وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ وہ لوگ جو پشت ہا پشت سے بطور مزارعین زمین کو کاشت کر رہے ہیں ۔ کیا انہیں اس زمین سے محبت نہیں ہوتی ۔ کیا ان کے دل میں احساس نہیں ہوتا ۔ کیا ان کی ضروریات نہیں ہیں ۔ آپ ایک مربعہ والوں کو تو دو مربعہ والے بنانا چاہتے ہیں ۔ مگر آپ یہ خیال نہیں کرتے کہ ملک کی مفاد کا تقاضا ہے کہ وہ افراد جو ہل چلاتے ہیں جن کے ہاتھ ہم سے زیادہ محنت ہیں ۔ جو کاشتکاری کو ہم سے بہتر جانتے ہیں ۔ وہ جو عملاً کاشتکار ہیں ۔ صرف بنگلوں میں بیٹھ کر کاشتکاری کی باتیں نہیں کرتے زمین پر جن کا زیادہ حق ہے ۔ حکومت کو چاہئے کہ قومی مفادات کو سامنے رکھے ۔ ان کے حالات کو سامنے رکھے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ آپ انہیں مفت زمین دے دیں ۔ آپ انہیں مناسب اقساط پر زمین فروخت کر دیں ۔ اس طرح آپ کو زمین کی قیمت بروقت اور مناسب مل جائے گی ۔ اور آپ کو قطعاً یہ شکایت نہ ہوگی کہ ان اراضیات کی فروخت سے آپ نے جو قیمت حاصل کرنی تھی وہ حاصل نہیں ہوئی ۔

جناب خواجہ صاحب نے اراضیات کی نیلام کی صورت میں فروختگی کو

پسند نہیں کیا ۔ میں بھی ان کا ہم خیال اور ہمنوا ہوں ۔ میں حکومت کو صرف یہ احساس دلانا چاہتا ہوں کہ آپ کا یہ نقطۂ نظر کہ آپ اپنی زمین کو ان ہاتھوں میں فروخت کرتے ہیں جو خود حل نہیں چلاتے ۔ ملکی مفاد کے لحاظ سے مناسب نہیں ۔ جیسا کہ قائد محترم نے بتایا کہ بیشتر کاروباری لوگوں میں یہ رجحان پایا جاتا ہے کہ وہ انکم ٹیکس سے بچنے کے لئے زرعی اراضیات خریدتے ہیں ۔ اور اس طرح پچھلے دس سال میں غیر حاضر زمینداروں کی ایک بڑی کلاس پیدا ہو گئی ہے ۔ حالانکہ صدر مملکت کے لینڈ ریفارمز کمیشن مقرر کرنے کا بڑا مقصد یہ تھا کہ غیر حاضر زمینداروں کو ختم کیا جائے ۔ مگر آپ نے زمین کو افسروں کے درمیان تقسیم کرکے ایک نیا مسئلہ کھڑا کر دیا ہے ۔ آپ زمین کی بلا شرائط نیلامی ہی کو لیجئے ۔ اگرچہ اس سے آپ کو چند لاکھ روپے زیادہ وصول ہو جاتے ہیں مگر دوسری طرف یہ لوگ انکم ٹیکس میں لاکھوں روپے کم دیتے ہیں جس سے قوم و ملک کا نقصان ہوتا ہے ۔ پھر یہ لوگ اتنے اچھے کاشتکار ثابت نہیں ہو سکے جتنے وہ لوگ جن کا آبائی پیشہ زمین کاشت کرنا ہے ۔ ان معروضات کے پیش نظر میں اس قرار داد کی مخالفت کرتا ہوں اور جناب وزیر مال سے التجا کرتا ہوں کہ وہ کاشتکار برادری کے ان لوگوں کے جو صحیح معنوں میں کاشتکار ہیں ۔ کاشتکار سے میری مراد فیوڈل لارڈز یا بڑے بڑے زمیندار نہیں جیسے قائد ایوان اس لفظ سے مراد لیتے ہیں ۔ حقوق کی حفاظت کریں ۔ اور یقین کیجئے کہ جب آپ ان کے حقوق کی حفاظت کریں گے تو آپ اپنی قوم اور اپنے ملک کی بھی حفاظت اس سے بڑھ کر کریں گے ۔

بابو محمد رفیق (لورا لائی ۔ سبی) ۔ جناب والا ۔ پہلے میرا خیال

تھا کہ اس قرار داد کی تائید کروں ۔ لیکن اپنے دوست خواجہ صفدر صاحب اور حمزہ صاحب کی تقاریر سننے کے بعد میرے خیالات میں طلاطم پیدا ہو گیا ہے ۔ وہ کیوں ؟ جیسا کہ اس ایوان میں میرے بعض دوستوں نے کہا ہے ۔ وہ زمین جسے کوئی زمیندار یا کاشتکار آباد کرتا ہے وہ اس کی اولاد کے برابر ہوتی ہے ۔ اس سے اتنا لگاؤ یا محبت ہو جاتی ہے کہ بیان نہیں کر سکتا ۔ میں بھی سمجھتا ہوں کہ زمین ایک متبنیٰ بیٹے کی طرح ہے ۔ جو شخص ایک غیر آباد زمین کو آباد کرتا ہے اگر پھل آنے تک اس سے چھین لیا جائے تو اس کو سخت تکلیف ہوتی ہے ۔ میں خواجہ صاحب اور حمزہ صاحب کا ہمنوا ہوں کہ جب ایک طرف ہم ۲۵ ایکڑ والوں کو ۵۰ ایکڑ کے مالک بنانا چاہتے ہیں تو دوسری طرف یہ نہیں چاہئے کہ وہ کاشتکار جن کی زمین میونسپلٹی کی حدود کے اندر ہے اور جو اسے مالہا سال سے grow more food کے تحت آباد کر رہے ہیں وہ ان سے چھین لی جائے ۔ حکومت ایک طرف تو یہ کہتی ہے کہ ملک میں غذائی قلت کا سامنا ہے اور دوسری طرف ملک میں لاکھوں ایکڑ زمین غیر آباد پڑی ہوئی ہے ۔ آپ کوئٹہ قلات کی طرف جائیں ۔ میدانوں کے میدان خالی پڑے ہیں لیکن حکومت نے ان کو آباد کرنے کی طرف کوئی توجہ نہیں کی ۔ میں حکومت کو اس طرف توجہ دلاؤں گا کہ جن علاقوں میں لوگوں کے پاس کم زمین ہے انہیں سندھ ، پنجاب ، فرنٹیئر اور بلوچستان کے ان علاقوں میں زمینیں دی جائیں جہاں لاکھوں ایکڑ زمین غیر آباد ہے آپ ان زمینوں کو اپنے قبضہ میں رکھنے کی کوشش نہ کیجئے بلکہ ایسے لوگوں میں بانٹ دیجئے جو دن رات

کوشش کرکے غذائی قلت پر قابو پانے میں مدد گار ثابت ہوں گے ۔ جب تک آپ یہ زمینیں عوام میں تقسیم نہیں کریں گے آپ غذائی قلت پر قابو نہیں پا سکیں گے ۔ کہنے کو تو ہم نے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ کے اختتام پر بھی کہا تھا کہ ہماری غذائی قلت دور ہو جائے گی لیکن ہم اس سے بھی زیادہ غذائی قلت سے دو چار ہیں ۔ میں آپ کے توسط سے حکومت سے کہوں گا کہ اگر یہ اسمبلی اس ریزولیوشن کو پاس کرے تو آپ ان کاشتکاروں کی طرف بھی اپنی نظر رکھیں جن کو آپ نے بے دخل کیا ہے ۔ میں ان گزارشات کے ساتھ یہ کہوں گا کہ حکومت کو فوری طور پر اس طرف قدم اٹھانا چاہئے تاکہ جو زمین لوگوں نے مختلف ذرائع سے آباد کی ہے وہ ان کو واپس دلائی جائے ۔

مسٹر محمد ہاشم لاسی (لس بیلا ۔ قلات) ۔ جناب والا ۔ میں جناب اختر علی شاہ قریشی کی تجویز کی تائید کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ ہمارے بہت سے دوستوں نے اس سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور اس تجویز کے متعلق وہ بہت کچھ عرض کر چکے ہیں ۔ میں بھی مختصر الفاظ میں ان کی تجویز کی تائید کرنا چاہتا ہوں ۔

جناب والا ۔ سب سے پیشتر میں عرض کروں گا کہ ان کاشتکاروں کو یہ زمین جن شرائط کے تحت الاٹ کی گئی تھی اس میں شک نہیں کہ ہماری حکومت اگر ان سے زمین کسی طریقے سے بھی لے لے تو ہماری حکومت پر یہ الزام تراشی نہیں ہو سکتی ہے کیونکہ حکومت کی شرائط واضح اور صاف ہیں ۔ لیکن جناب والا ۔ میں اپنے وزیر مال صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ

ان غریب کاشتکاروں کو جس وقت یہ زمین دی گئی وہ یہ سمجھتے تھے کہ ہم اس بنجر اور غیر آباد ٹیلوں کو جس وقت آباد کریں گے اس وقت جو زمین قابل کاشت بنا کر ہموار بنائیں گے ہم سے قطعی طور پر ہماری حکومت یہ زمین واپس نہیں لے گی انہوں نے اسی ارادے اور اسی چیز کو مد نظر رکھتے ہوئے اس زمین پر حد سے زیادہ محنت اور کوشش کی اور اس زمین کو آباد کیا ۔

جناب والا ۔ اب ان سے اس زمین کو واپس لینا محض اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حکومت اس کو نیلام کرکے زیادہ سے زیادہ رقم وصول کرے گی ۔ میں اس سلسلہ میں بھی گزارش کروں گا کہ ان غریب کاشتکاروں کا حق ہے اس زمین سے اگر حکومت کو تقریباً فی ایکڑ دو سو یا پانچ سو روپیہ زیادہ ملتا ہے وہ منافع حکومت کے لئے اتنا کارآمد ثابت نہیں ہو سکتا اگر وہ ان غریب زمینداروں یا کاشتکاروں کو یہ زمین پچاس یا سو روپیہ کم قیمت پر دے دی جائے کیونکہ یہ ان کا حق ہے انہوں نے اس زمین کو قابل کاشت بنایا ہے ۔ آج اس زمین کو اس قابل بنایا ہے آپ اس کو نیلام کرنے کے لئے نظر رکھتے ہیں ۔ اور دوسری چیز وہ غریب زمیندار جس نے اس زمین کو قابل کاشت بنایا ہے اگر وہ زمین آپ ان کو نہیں دیتے اور یہ کسی سرمایہ دار کے سامنے نیلام کی جاتی ہے اور وہ زمیندار حسب استطاعت اس نیلام کے دوران بولی بول دے گا اگر وہ خرید نہیں سکے گا اور وہ نہیں خرید سکے گا اور وہ طاقت ور اور سرمایہ دار کے مقابلہ میں بولی نہیں دے سکے گا اور وہ سرمایہ دار زیادہ سے زیادہ بولی دے کر زمین لے جائے گا لیکن اس کا نتیجہ

کیا نکلے گا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہمیشہ اس قطعہ زمین پر جو دو مربع آپس میں ملے جلے ہیں اختلاف رہے گا اس سے ہمارے نظام اور ہمارے معاشرہ میں کئی قسم کی خرابیاں پیدا ہونے کا امکان ہے - ہمارے وزیر مال جو ایک نہایت ہی تجربہ کار شخصیت ہیں میں ان سے گزارش کروں گا کہ اگر اس میں کچھ قانونی پیچیدگیاں ہیں تو ان کو حل کرنے کے بعد میں ان سے توقع کرتا ہوں کہ یہ زمین جو نیلام کے لئے متعین کی گئی ہے ان غریب کاشتکاروں یا مزارعین کو واجبی قیمت پر دے دی جائے - ان الفاظ کے ساتھ میں مخدوم اختر علی صاحب کے ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں -

جناب والا - میرے محترم دوست خواجہ محمد صفدر صاحب اور حمزہ صاحب نے اس تجویز کی بہت مخالفت کی ہے اسکا مجھے سخت افسوس ہوا ہے - میں نے اس ہاؤس میں اکثر دیکھا ہے کہ وہ عام لوگوں کو بتانے کے لئے اور ہم پر واضح کرنے کے لئے ہمیشہ کاشتکار طبقے اور اس عوامی طبقے کے لئے بہت لمبی چوڑی تقاریر یہاں پر کرتے ہیں مجھے بے حد افسوس ہوا کہ انہوں نے اس ریزولیوشن کی مخالفت کس بنا پر کی ہے - انہوں نے اس تجویز کی مخالفت کو صرف ان الفاظ میں واضح کیا ہے کہ ۱۹۵۶ء میں یا اس کے بعد یا اس سے پیشتر بہت سے لوگوں کو زمینوں سے بے دخل کیا جا رہا ہے اسلئے ان لوگوں کو بھی بے دخل کیا جائے - جناب والا - میں ان سے گزارش کروں گا کہ اگر ان کو واقعی ان لوگوں کے ساتھ ہمدردی ہے تو جس طرح مخدوم اختر علی صاحب نے ایک ریزولیوشن اس ہاؤس میں

پیش کیا ہے ان کو بھی ایسا کرنا چاہئے تھا - اور وہ یہ کریں کہ جو غریب کاشتکار جو دس بارہ سال سے قابض ہیں کیوں نہ زمین ان کو دی جائے وہ اسکے لئے تیار ہو کر آئیں اور عام لوگوں کو اپنے بیانات سے بتائیں اور واضح کریں کہ واقعی ہم لوگوں سے ہمدردی رکھتے ہیں لیکن اسکے یہ معنی قطعی نہیں ہیں کہ ان غریب کاشتکاروں کو اس بنا پر زمین کیوں دی جائے کہ اور لوگوں کو زمین نہیں دی گئی ہے - میں ان سے کہتا ہوں اگر ان کو اور لوگوں کے ساتھ ہمدردی ہے اور یقیناً ہماری حکومت ہر آدمی کے ساتھ ہمدردی رکھتی ہے اور اپنے عوام کے لئے اس قسم کی سہولتیں مہیا کرنے کے لئے تیار ہے تو میں واضح الفاظ میں کہتا ہوں کہ یہ حکومت قطعی نہیں چاہتی ہے کہ ہم غریب کاشتکاروں یا اس غریب طبقہ کو کسی قسم کی تکلیف پہنچائیں - تو میں ان سے دوبارہ گزارش کروں گا اگر آپ ان لوگوں کے ساتھ ہمدردی کرنا چاہتے ہیں تو آپ حضرات کا بھی اخلاقی فرض ہے کہ جس طرح ہمارے دوست اختر علی شاہ صاحب نے ایک ریزولیوشن اس ہاؤس کے سامنے پیش کیا ہے وہ خود بھی ایک ریزولیوشن ان لوگوں کی ہمدردی کے لئے پیش کریں لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا صرف وہ تقریریں ہی کرنا چاہتے ہیں -

جناب والا - میں اپنے وزیر مال صاحب کی خدمت میں پر زور الفاظ کے ساتھ التجا کروں گا کہ جو ٹیکنیکل خامیاں اور جو پیچیدگیاں اس سلسلہ میں ہیں ان کو فوری طور پر دور کر کے از راہ کرم ان غریب کاشتکاروں کو یہ زمین عنایت فرمائی جائے -

جناب والا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ دوبارہ اس ریزولیشن کی تائید کرتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں پہلے یہ سوچتا تھا کہ میں اس کے اوپر بات نہ کروں لیکن میں نے جب اس گرما گرم بحث کو سنا میں اس سے بڑا متاثر ہوا کہ اس ریزولیشن پر جن دوستوں نے تقاریر کی ہیں ان کی تقریریں سنکر میری آنکھوں میں آنسو آ جاتے تھے ، لیکن جب اس کی مخالفت پر بات کی گئی تو اور زیادہ میری آنکھوں میں آنسو آ گئے کیونکہ ان لوگوں کے پاس ایک مربع زمین ہے لیکن جن کے پاس ایک ایکڑ بھی زمین نہیں ہے ان کے لیے یہ راستہ ہے کہ ان کو زمین دیں ۔ لیکن اس سے یہ خدشہ پیدا ہوتا ہے اور جیسا کہ ہماری گورنمنٹ کی پالیسی ہے کہ جس پر یہ مہربان ہو جائے ۔ جب کسی کی کارکردگی پر یا اس کی احسن خدمات پر یا شخصی طور پر راضی ہو جائے تو یہ تمام زمین جو دو مربع سے ایک مربع واپس لیا جاتا ہے میری سمجھ کے مطابق یہ زمین ان لوگوں میں تقسیم کریں گے ۔ مجھے شبہ ہے کہ یہ ان ہاڑیوں کو نہیں ملے گی جن کے لیے یہ ہم سے مانگ رہے ہیں ۔ ان کے پاس ہر حربہ موجود ہے یہ کسی نہ کسی حربہ سے جن لوگوں نے دو مربعے زمین آباد کی ہے ۔ وہاں باغات لگائے ہیں اور وہاں مشینیں لگائی ہیں ۔ یہ ان لوگوں کو نہیں دیں گے ۔ یہ جو اچھی کارکردگی سے کام کرتے ہیں یعنی یہ ان لوگوں کو دیں گے جو لاٹ صاحب کے دفاتر میں بیٹھے ہیں ۔ میں اس پر زیادہ بحث اس لیے بھی نہیں کرنا چاہتا

ہوں کہ گورنمنٹ side والے میرے دوست جو بھی قرارداد یا بل پیش کرتے ہیں تو ڈر یہ ہوتا ہے کہ وہ ایک لفظ کہنے پر اسے واپس لے لیں گے ۔ اس لیے اس پر زیادہ لمبی چوڑی بات کرنے کی زحمت گوارا کرنا بڑا فضول ہے اور اس کے علاوہ مجھے یہ ڈر بھی ہوتا ہے کہ جب ایسے بل وغیرہ پیش کیے جاتے ہیں تو وہ صرف اس غرض کے لیے پیش کیے جاتے ہیں کہ صرف لاہور آنے جانے کے لیے اسے سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیج دیا جائے تو مجھے یہ حق ہے ۔ ۔ ۔ ۔ اور مجھے یہ شبہ نہیں ہے کہ اب بھی ان کا یہ خیال ہوگا ۔ لیکن اسی طریقے سے جہاں تک میں نے مشاہدہ کیا ہے ، گورنمنٹ کی پارٹی کی طرف سے جتنے بل سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیجے گئے تھے ، وہ پیش نہیں ہوئے ، تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جیسا آپ کی نیت ان کو ایوان میں پیش کرنے کی نہیں تھی تو پھر آپ نے کرایوں پر ہزاروں روپے کیوں خرچ کئے اور پچاس روپے روز کے حساب سے کیوں ضائع کئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب سپیکر ۔ حاجی صاحب بالکل relevant نہیں ہیں ۔ ان کو ہدایت فرمائیں کہ وہ اس تحریک کے متعلق تقریر کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں اس قرارداد کی مخالفت کرتے ہوئے عرض کر رہا ہوں کہ مجھے یہ ڈر ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ کیا کسی معزز کن کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی

دوسرے معزز رکن کی نیت پر حملہ کرے اور اس طریقے سے اس ایوان میں تنقید کرے کہ ہمارا مقصد صرف یہ ہے کہ ہم صرف کرائے وصول کرتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو بل بھی پاس ہوئے ہیں وہ بڑے با مقصد تھے وہ بڑے مفید تھے اور جن سے صوبے کے عوام کی بڑی خدمت ہوتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ ایسا کہتے ہیں تو یہ ان کی اپنی لاعلمی ہے اور ان کو یہ الفاظ واپس لینے چاہیئں ۔ وہ ہر وقت دوسروں کی نیت پر حملہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں حالانکہ ان کو اپنی نیت کے بارے میں بھی بالکل علم نہیں ہے کہ یہ کس حد تک جائز ہے اور کس حد تک صحیح ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ چونکہ حاجی صاحب بزرگ ہیں ۔ اس لئے ان کو یہ حق پہنچتا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے کسی پر حملہ نہیں کیا ہے اور میں نے جو الفاظ کہے ہیں میں وہ پھر دہرا دیتا ہوں ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے کہ ایسا تو نہیں ہوگا ۔ لیکن مجھے ایسا شبہ ہوتا ہے اور یہ شبہ اس بات سے پیدا ہوا ہے کہ آپ نے جن قراردادوں اور بلوں کو سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیجا ہے وہ کل بھی آپ نے پیش نہیں کیے اور اس سے مجھے یہ ڈر ہوتا ہے ۔ یہ شبہ ہوتا ہے اور خدا کرے کہ ایسا نہ ہو آپ نے بل کا نوٹس دیا ہے لیکن اس کو پیش نہیں کیا ۔ (قطع کلامیاں) ۔ اب میں اس پر دوبارہ غور کرنے سے قاصر ہوں ۔ اب بھی یہ بل

کی صورت میں آئے گا اور پھر بھی واپس جائے گا ۔ اس لیے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

وزیر مال (مسٹر غلام سرور خان) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ یہ ریزولیوشن سابقہ پنجاب کی ایک بہت ہی مشہور سکیم سے تعلق رکھتا ہے جس کو کہ "باڑہ سکیم" کہتے ہیں ۔ یہ سکیم سال ۱۹۳۵ میں ملتان اور ساہیوال کے اضلاع میں لاگو ہوئی تھی اور سال ۱۹۳۶ء میں اسے جھنگ اور مظفر گڑھ کے اضلاع میں بھی لاگو کیا گیا تھا جس کی سب سے بڑی دو شرائط یہ تھیں کہ زمین کے آباد ہو جانے پر اس کے نصف حقوق ملکیت اس آباد کار کو ملیں گے اور باقی نصف رقبے کے حقوق ملکیت سرکار کے پاس رہیں گے ۔ اب اس وقت جو ریزولیوشن پیش کیا گیا ہے ، اس کا مقصد یہ ہے کہ اس نصف رقبے کے حقوق ملکیت جو کہ سرکار کے پاس ہیں وہ اس آباد کار کے پاس بیچ دیے جائیں جس نے کہ اسے آباد کیا ہے ۔ اس ریزولیوشن کا مختصراً مقصد یہی ہے ۔ اس سلسلے میں جتنے بھی معزز اراکین نے تقاریر فرمائی ہیں ۔ یہ بات ہر معزز رکن نے تسلیم کی ہے کہ چونکہ اس آباد کاری کی ایک شرط یہ تھی کہ نصف رقبہ سرکار کے پاس رہے گا اور یہ کہ یہ اقرار تحریری بھی تھا ۔ لہذا وہ مزارعین اس اقرار کے پابند ہیں اور وہ قانونی طور پر یہ مطالبہ نہیں کر سکتے کہ یہ تمام رقبہ ان کو دے دیا جائے ، تو جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے ۔ میرا خیال ہے کہ تمام معزز اراکین اس بات پر متفق ہیں کہ اس نصف رقبے پر ان متعلقہ آبادکاروں کا کوئی حق قانونی طور پر نہیں بنتا ۔ چنانچہ اس

سلسلے میں مجھ سے یہ دریافت کیا گیا کہ اگر میں نے اس ریزولیوشن کی مخالفت قانونی نقطہ نگاہ سے کی ہے ۔ تب تو ٹھیک ہے اور اگر میں نے اس کی مخالفت قانونی نقطہ نگاہ سے نہیں کی ہے تو شاید اس کی مخالفت کا اور کوئی جواز نہیں بنتا تو میں اس جواز کے متعلق کچھ معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ لیکن اس سے پہلے میں خواجہ محمد صفدر صاحب کے ایک اعتراض کا جواب دینا مناسب سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ انہوں نے پچھلے دونوں اپنی ایک تقریر کے دوران میں فرمایا تھا کہ سرکاری زمینیں کسی حالت میں بھی فروخت نہیں کرنی چاہئیں ۔ چنانچہ انہوں نے یہی بات آج بھی قدرے اختصار کے ساتھ فرمائی ہے ۔ مجھے تو اچھی طرح یاد ہے کہ اس روز انہوں نے سرکاری زمینیں بیچنے کے سلسلے میں "بیوقوفی" کا لفظ استعمال کیا تھا جو کہ مجھے بڑی اچھی طرح سے یاد ہے ۔ لیکن آج میں خواجہ صاحب کی اس بات پر حیران ہوں جب کہ انہوں نے یہ فرمایا کہ سرکار کو یہ زمینیں بیچ دینی چاہئیں ۔ اسی روز انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ سرکاری زمینیں کسی صورت میں بھی نہیں بیچنی چاہئیں لیکن آج وہ یہ فرما رہے ہیں کہ یہ زمینیں بیچ دینی چاہئیں ۔ حالانکہ سرکار نے کسی وقت بھی یہ نہیں کہا کہ وہ یہ زمینیں بیچ رہی ہے ۔ سرکار نے یہ زمینیں sale کے لیے offer نہیں کی ہیں ۔ علاوہ ازیں ایک فاضل رکن جناب محمد ہاشم لاسی صاحب نے فرمایا ہے کہ ان زمینوں کو نیلام نہ کیا جائے تو ان کی خدمت میں بھی یہ گزارش کروں گا اور جیسا کہ میں نے ابھی ابھی عرض کیا ہے کہ حکومت نے یہ

زمینیں ہرگز فروخت کے لیے offer نہیں کی ہیں لیکن زیر بحث ریزولیوشن یہ ہے کہ ان کو فروخت کیا جائے ورنہ حکومت نے تو نہیں کہا ہے کہ ہم بیچ رہے ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ خواجہ صاحب نے اس بات کی مخالفت کیسے کی ہے اور یہ کہہ دیا ہے کہ سرکار کو یہ زمینیں بیچ دینی چاہئیں کیونکہ اس روز وہ اس قسم کے کسی بھی اقدام کی مخالفت کر چکے ہیں ۔ تو اس طرح سے انہوں نے خود اپنی تردید کر دی ہے ۔ اس لیے میں خواجہ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ خود اس کا فیصلہ کر لیں کہ وہ کونسی بات پر قائم رہنا چاہتے ہیں اور جس وجہ سے میں نے اس ریزولیوشن کی مخالفت کی ہے ، شاید اس کا علم بھی معزز اراکین کو ہوگا لیکن میں پھر بھی عرض کیے دیتا ہوں کہ شاید سب معزز اراکین کو اس بات کا علم ہوگا کہ حکومت کی بہت سی commitments بھی ہیں ۔ بہر حال اراضیات اس وقت بیچی جاتی ہیں جبکہ ان کو بیچنے کی ضرورت ہو ، جب کسی انسان کو کسی چیز کی ضرورت پڑے اور اس کا یہ خیال ہو کہ اسے آج اس چیز کی ضرورت نہیں ہے اور یہ کہ شاید اسکی ضرورت کل پڑ جائے گی تو پھر وہ اس چیز کو نہیں بیچا کرتا اور یہی حالت حکومت کی بھی ہے ۔ اگر حکومت کو اس بات کی ضرورت ہو کہ اراضیات اس کی ضروریات سے وافر ہیں اور انہیں فروخت کر دینا چاہئیے تو پھر حکومت اسکو فروخت کر دے گی لیکن اگر حکومت کا یہ خیال ہو کہ اسے آج تو ان اراضیات کی ضرورت نہیں ہے لیکن اسکی ضرورت کل پڑ جائے گی ، تو وہ ان اراضیات کو نہیں بیچے گی ۔

لہذا اسوقت میں یہ عرض کروں گا کہ سرکار کی بہت سی commitments ہیں ۔ منگلا ڈیم ۔ چشمہ بیراج ۔ تربیلا ڈیم کے لوگ جن سے زمین لی گئی ہے اور شہدا کے ورثا اور کشمیری مہاجر ہیں جن کے پاس کچھ بھی نہیں جن کو ہم اپنے پاس سے کھانا وغیرہ کھلاتے ہیں ۔ ان لوگوں کو زمین دینی ہے ۔ ان کے لئے حکومت کو خود زمین کی ضرورت پڑے گی ۔ یہ فیصلہ کن بات ہے کہ جن کے پاس ایک مربع زمین ہے ان کو زمین دی جائے یا جنکے پاس کچھ نہیں ان کو دی جائے اور جنکو نکال دیا گیا ہے جن سے ترقیات کی سکیموں کے لئے زمین حاصل کی گئی ہے ان کو زمین دی جائے ۔ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اس پر حکومت کو بہت سوچ بچار کرنا ہے ۔ اگر ان لوگوں کو زمین دے دی گئی جن کا واقعی حق ہے مگر ایسے لوگ بھی ہیں جنکا زیادہ حق ہے اور زیادہ مستحق ہیں تو کیا بعد میں یہ کہیں گے کہ ہائے ان کو زمین نہ دیتے تو اچھا ہوتا ۔ جناب والا ۔ میں نے اس تجویز کی مخالفت اسلئے کی ہے کہ آپ کو پہلے اچھی طرح سوچ لینا چاہئے ۔ جہاں تک اس تجویز کا تعلق ہے میں صرف اس حد تک ہی مخالفت کرتا ہوں کہ ہمیں پہلے سوچنا ہے غور کرنا ہے کیونکہ یہ بڑا غور طلب معاملہ ہے ۔ ایک شخص جس نے زمین کو آباد کیا ہے اسکے آباد کرنے میں اسنے اپنا پسینہ بہایا اسکو اسکے ساتھ یقیناً دلچسپی بھی ہوگی ۔ کوئی attachment ضرور ہوگی ۔ اگر اس سے وہ زمین چھین لی جائے تو واقعی بہت افسوس ہوگا لیکن اسکا دوسرا پہلو بھی ہے ۔ سرکار کو خود زمین کی ضرورت پڑے گی ۔ اسکے بعد یہ عرض کروں گا کہ اگر کسی شخص کے پاس ایک مربع زمین ہے (میں زمینداراںہ نقطہ نگاہ سے عرض کرتا ہوں) اور اسکو دوسرا مربع بھی

دے دیا جائے ۔ اس سلسلہ میں sentimental طور پر حمزہ صاحب نے اور خواجہ صاحب نے بھی جذبات کو appeal کیا ہے کہ اگر ایک شخص کے پاس ایک مربع زمین ہے اسکو دوسرا مربع بھی دے دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک کاشتکار دو مربع زمین کو کنٹرول نہیں کر سکتا ۔ اسلئے دو مربع زمین زیادہ ہو گی ۔ یہ بات قابل غور ہے ۔ بہر حال جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اس تجویز پر ہم ہمدردانہ غور کریں گے ۔ ساتھ ہی ساتھ جیسا کہ خواجہ صاحب نے تجویز پیش کی ہے کہ جن کاشتکاروں کے پاس بالکل زمین نہیں ان کو زمین دی جائے کیونکہ بے دخل مزارعین زیادہ مستحق ہیں ہم اس پر بھی غور کریں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں مشکور ہوں ۔

وزیر مال ۔ میں اس تجویز کی مخالفت کرتا ہوں اور اس وقت یہ منظور کرنے کے قابل نہیں ہم اس پر ضرور غور کریں گے ان وجوہات کی بنا پر میں مخدوم صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اس ریزولیوشن کو واپس لے لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ یہ وہی ہوا جو میں نے پہلے عرض کیا تھا ۔

مخدوم اختر علی شاہ قریشی ۔ جناب والا ۔ میں ان فاضل ممبران کا مشکور ہوں جنہوں نے اس ریزولیوشن کی حمایت کی ہے ۔

اس ہاؤس میں اکثریت ایسے ممبران کی تھی جنہوں نے میرے ریزولیوشن کی حمایت کی ۔ میں مطمئن بھی ہوں اور میری حوصلہ افزائی بھی ہوئی ہے لیکن اسکے ساتھ ہی میں خواجہ صاحب کو جنہوں نے بات کا بتنگڑ بنا دیا ہے جواب دینا چاہتا ہوں ۔ انہوں نے چند ایک points پیش کئے ہیں جنکی وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ (شور)

انہوں نے حقائق پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی تھی ۔ (شور)

جناب میری چند گزارشات ہیں وہ ضرور سن لیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ یہاں تو کوئی ایسی بات نہیں کہی گئی جو پردہ کے ضمن میں آتی ہو ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order.

مخدوم اختر علی شاہ قریشی ۔ آپ نے ایسی باتیں کی ہیں اور ایسی تقریریں کی ہیں جو مزارعین پر حاوی ہیں اور جو ان کے نزدیک Land Less تھے میں ثابت کروں گا کہ وہ ایک مربع کے مالک تھے ان کو دس سال سے زمین الاٹ ہوئی ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ یہ بتائیں کہ فاضل وزیر صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے کیا اس کے پیش نظر آپ یہ ریزولیوشن واپس لیتے ہیں ۔

لیڈر آف دی ہاؤس بھی آپ کی تسلی فرما دیں گے ۔ (شور)

وزیر خوراک (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں معزز ممبر کو تسلی دیتا ہوں کہ ان کی تجویز پر ہمدردی سے غور کیا جائے گا ۔ محترم وزیر مال نے فرمایا ہے کہ وہ پوری ہمدردی سے اس پر غور کریں گے ۔ آپ کے حقوق اور ان تمام واقعات کا ضرور خیال رکھا جائے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ محترم وزیر مال نے جب وضاحت کر دی ہے اور یقین دلایا ہے تو اسکے بعد قائد ایوان کی طرف سے یقین دلانا کیا ان کی یقین دھانی کی توہین نہیں ۔ اس کی کیا ضرورت تھی ۔ (شور)

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

وزیر خوراک ۔ یہاں توہین کی کوئی بات نہیں ۔ ایک ہی بات ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ایک ہی بات ہے ۔ وہ بھی افسر تھے آپ بھی افسر رہ چکے ہیں ۔ (شور)

مخدوم اختر علیشاہ قریشی ۔ انہوں نے تمام واقعات کو غلط طریقہ پر پیش کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ یہ بتائیں کہ کیا آپ اس ریزولیوشن کو واپس لینا چاہتے ہیں ؟

مخدوم اختر علیشاہ قریشی ۔ جناب والا ۔ میں وزیر مال اور قائد ایوان کی یقین دھانی پر اس ریزولیوشن کو واپس لیتا ہوں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ نے کیا کہا ہے ۔ پھر فرمائیے ۔

مخدوم اختر علیشاہ قریشی ۔ میں محترم وزیر مال کی یقین دھانی پر اسے واپس لیتا ہوں ۔

ایک معزز ممبر ۔ ان کو ھاؤس سے اجازت لینی چاہئے ۔

مخدوم اختر علیشاہ قریشی ۔ جناب والا ۔ میں اس ریزولیوشن کے واپس لینے کی ھاؤس سے اجازت چاہتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his Resolution.

The Resolution was, by leave, withdrawn.

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب میری یہ عرض ہے کہ جیسا کہ میں نے مکاشفہ کرکے بتایا تھا کہ وہ واپس لے لیں گے وھی ھوا ۔ اسلئے ان کو چاہئے کہ مجھے مبارک باد دیں ۔

RE : FIXATION OF A SEPARATE QUOTA ON THE BASIS OF POPULATION FOR THE RURAL CANDIDATES FOR ADMISSION TO PROFESSIONAL COLLEGES, SCHOOLS AND POLYTECHNIC INSTITUTIONS.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next resolution please.

رانا پھول محمد خان : جناب والا ۔ میں یہ قرار داد پیش کرتا ہوں کہ :۔

اس ایوان کی رائے یہ ہے کہ صوبہ کے تمام پیشہ وارانہ کالجوں ، سکولوں ، پولی ٹیکنیک اداروں میں داخلہ کے سلسلہ میں دیہی علاقہ جات سے تعلق رکھنے والے طلباء کا علیحدہ کوٹہ ان علاقہ جات کی آبادی کی اساس پر مقرر کیا جائے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Resolution moved is :

> This Assembly is of the opinion that a separate quota on the basis of population be fixed for candidates from rural areas for admission to all professional Colleges, Schools and Polytechnic Institutions in the Province.

Minister of Education : Opposed.

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ کی ایک ترمیم ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں اس کو move نہیں کرتا ہوں ۔

رانا پھول محمد خان (لاہور ۔ ۷) ۔ جناب والا ۔ میری طرف سے یہ تحریک ایک تحریک ہی نہیں ہے بلکہ اگر میں یہ کہہ دوں تو بیجا نہ ہوگا کہ یہ اس صوبے کی ۸۵ ۔ فیصد دیہاتی آبادی اور دیہاتی عوام کی پکار ہے ۔ جناب والا ۔ ہمارے دیہات میں تعلیمی معیار شہریوں کے برابر نہیں ہے ۔ ہمارے بچے ابتدائی تعلیم اس طریقہ سے حاصل نہیں کرتے جس

طریقہ سے شہروں میں بسنے والے لوگوں کے بچے حاصل کرتے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ہمارے بچوں کو پیشہ وارانہ کالجوں یعنی میڈیکل کالج اور انجینئرنگ کالجوں اور پولی ٹیکنیک اداروں وغیرہ میں داخلہ کی رکاوٹیں اسی لئے ہوتی ہیں کہ وہ فرسٹ ڈویژن اور سیکنڈ ڈویژن نہیں حاصل کرتے ہیں جناب والا ۔ اسی وجہ سے ہمارے بچوں کو روزگار مہیا نہیں ہوتا چونکہ ان کو فرسٹ ڈویژن حاصل نہیں ہوتا اور وہ ان اداروں میں داخلہ نہیں لے سکتے اسلئے اور ان حالات کے پیش نظر مجھے یہ تحریک پیش کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی ۔ جناب والا ۔ اگر آپ اندازہ لگائیں تو میری یہ تحریک صدر ایوب کی ان خواہشات کے عین مطابق ہے جنکا وہ بار بار اعلان کر چکے ہیں کہ اس ملک کے پسماندہ علاقوں کو ترقی دے کر اس ملک کے پسماندہ عوام کو ترقی دے کر ان کا معیار زندگی بلند کیا جائے گا ۔ حضور والا ۔ اس ۸۵ ۔ فیصد آبادی کا معیار زندگی اسوقت تک بلند نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ ان کو تعلیم کی وہ سہولتیں مہیا نہ کی جائیں جو امیروں اور شہروں میں بسنے والے لوگوں کے بچوں کو مہیا ہیں ۔ جناب والا ۔ ہمارا معیار زندگی اسوقت تک بلند نہیں ہو سکتا جب تک کہ ہمیں ملازمتوں میں ہمارا پورا حق نہ دیا جائے اور ہمیں وہ پورا حق اسلئے نہیں ملتا کہ ہمارے بچے فرسٹ ڈویژن میں پاس نہیں ہوتے کیونکہ ان کی تعلیم کا معقول انتظام نہیں ہے جناب والا ۔ اگر آپ نظر غور سے دیکھیں تو میں یہ گزارش کروں کہ اس ملک کی فوج میں سپاہی ہیں تو وہ ہم ہیں اور شہروں میں بسنے والوں کی کوٹھیوں میں کام کر رہے ہیں تو

وہ ہم ہیں کاروں کے دروازے کھولنے پر ہیں تو وہ ہم ہیں ان کے گھروں میں نوکر ہیں تو وہ ہم ہیں چپراسی ہیں تو وہ ہم ہیں - سی - ایس - پی اور پی - سی - ایس اور پی - ایس - پی ہم پر حکومت کر رہے ہیں اور وہ ۱۵ - فیصد سے زیادہ نہیں ہیں - میں یہ نہیں کہتا کہ وہ ہمارے بھائی نہیں ہیں وہ بھی ایسے ہی پاکستانی ہیں جیسے ہم ہیں لیکن جناب والا - یہ انصاف نہیں ہے کہ ۸۵ - فیصد آبادی کو جو ان کے لئے خوراک پیدا کرے جو ان کے لئے دودھ پیدا کریں جو ان کے لئے لکڑی مہیا کریں جو اس ملک کی حفاظت کریں ملازمتوں میں حصہ نہ ملے - اور ان کے کھانے پینے کا انتظام نہ ہو - یقین کیجئے کہ شہر میں رہنے والوں کے لئے تو بہت اچھے انتظامات ہیں اور ان کے بچے سکولوں میں بہت اچھی طرح تعلیم حاصل کرتے ہیں لیکن ایک کسان گھاس پر لیٹتا ہے اور زمین پر بیٹھتا ہے اسکے پاس چارپائی نہیں ہے اور وہ اسلئے کہ اسکا ذریعہ معاش اتنا نہیں ہے کہ وہ یہ انتظامات کر سکے وہ اپنا پیٹ نہیں پال سکتا اسلئے جناب والا - یہ ضروری ہے کہ ہمارے لئے ۵ - فیصد نشستیں مخصوص کر دی جائیں اور وہ دیہاتی بچوں کے داخلے کے لئے ہوں جناب والا - اس ملک کے دیہات میں صدر ایوب جیسے صدر پیدا ہو سکتے ہیں جنکو دنیا کے بہترین مدبرین میں شمار کیا جاتا ہے - جناب والا - یہ دیہات اگر سر فضل حسین جیسے لوگ پیدا کر سکتا ہے تو یہ دیہات اچھے جنرل بھی پیدا کر سکتا ہے لیکن افسوس کہ داخلہ نہ ملنے کی وجہ سے یہ اچھے افسر پیدا نہیں کر سکتا اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں وہ مواقع مہیا نہیں کئے جاتے اسلئے مجھے یہ ضرورت پیش آئی کہ میں یہ تحریک پیش کروں -

جناب والا ۔ اسکے بعد میں یہ گزارش کروں گا کہ ملازمتوں میں بھی ہمیں حصہ نہیں ملتا اگر آپ غور سے دیکھیں تو دیہاتوں کی حالت یہ ہے کہ وہاں ہسپتال بھی صدر ایوب کے زمانے میں قائم کئے گئے ہیں لیکن وہاں ڈاکٹر رہنا پسند نہیں کرتے اسلئے کہ وہ شہری ماحول میں پیدا ہوئے ہیں اور شہری ماحول میں انہوں نے پرورش پائی ہے اور شہر میں جو آسانیاں ہیں وہ انہیں دیہات میں مہیا نہیں ہو سکتیں اسلئے ہمیں ڈاکٹر بھی مہیا نہیں ہوتے تو اسطرح ۸۵ ۔ فیصد آبادی میں سے بیشتر آبادی نے آج تک انگریزی دواؤں کا استعمال نہیں کیا وہ بھی یہاں تیز رفتار علاجوں سے مستفید ہو سکیں گے ۔ جناب والا ۔ میں یہ گزارش کروں اگر آپ نظر غور سے دیکھیں تو ہماری حالت یہ ہے کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے ہمیں انسان نہیں شمار کیا جاتا تھا آپ اندازہ لگائیں کہ اس وقت جب چینی کا راشن ہوتا تھا تو دیہات میں ایک چھٹانک فی کس اور شہر میں بسنے والے ہمارے بھائیوں کو جنکے حقوق ہمارے برابر ہیں چار سے آٹھ چھٹانک فی کس کے حساب سے چینی ملتی تھی لیکن ہمارے لئے اب مقام شکر ہے کہ صدر ایوب کے دور میں ہم یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہم بھی اس ملک کے شہری ہیں اسی لئے مجھے یہ مطالبہ کرنے کی جرأت ہوئی ہم جاگ اٹھے ہیں ہمیں یہ محسوس ہو چکا ہے کہ ہم ۱۹۵۸ء سے پہلے والے عوام نہیں ہیں بلکہ اب ہم اس ملک کے بسنے والے شہریوں اور اس ملک کے بسنے والے لوگوں کے برابر کے حصہ دار ہیں اسلئے میں جناب والا ۔ یہ گزارش کروں گا کہ ہمیں ملازمتوں میں بھی حصہ نہیں ملتا اور میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ دیہات میں بسنے والے لوگوں کے لئے بھی سی ۔ ایس ۔ پی اور پی ۔ سی ۔ ایس اور

پی - ایس - پی میں ملازمتوں میں ۸۵ - فیصد سیٹیں مخصوص کی جائیں جب تک آپ ایسا نہیں کریں گے اسوقت تک میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے حقوق پورے نہیں کئے جاتے ان الفاظ کے ساتھ میں وزیر تعلیم سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ دیہات سے اچھی طرح واقف ہیں - انہیں ہماری تکالیف کا احساس ہے ان تکالیف کو مد نظر رکھتے ہوئے وہ اس ہاؤس میں اعلان کریں گے اور اس قرار داد کو منظور کرکے وہ اس بات کا ثبوت دیں گے کہ موجودہ حکومت صرف چند خاندانوں کی میراث نہیں بلکہ یہ پاکستان میں بسنے والے ہر فرد کے لئے اتنی ہی مفید ہے جتنی کہ ۱۹۵۸ء سے پہلے کی وزارتیں چند امیروں کے لئے مفید تھیں - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

مسٹر نثار محمد خان (پشاور - ۵) - جناب والا - جو تقریر رانا پھول محمد خان نے کی ہے اس کا میں خیر مقدم کرتا ہوں لیکن جہاں تک اس ریزولیوشن کا تعلق ہے تو یہ ریزولیوشن اپنے مقصد کو حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے گا - اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں جناب والا - میں ایک گاؤں سے تعلق رکھتا ہوں جو گل آباد ہے اور تحصیل چارسدہ میں ہے جہاں تک میں سمجھتا ہوں رانا پھول محمد خان کے ریزولیوشن کا مقصد یہ ہے کہ دیہاتی لڑکوں کے لئے شہر میں تعلیم کے لئے ۸۵ - فیصدی کوٹہ مقرر کیا جائے تو میرے خیال میں اس سے مقصد حاصل نہیں ہوگا - جناب والا - میں خود ایک گاؤں کا رہنے والا ہوں میں نے پاکستان میں جو

ذرائع تعلیم تھے ان کے ذریعے تعلیم حاصل کی ۔ میرے والد ملازم پیشہ تھے انہوں نے مجھ کو وہاں سے تعلیم مکمل ہونے کے بعد لارلس کالج میں بھیج دیا اور پھر وہاں سے مجھ کو انہوں نے ولایت بھیج دیا ۔ آج میرا لڑکا ایچیسن کالج لاہور میں تعلیم پا رہا ہے ۔ اگر جناب والا ۔ دیہاتی باشندوں کے لئے یہ سہولت دی جائے تو یہ مال دار لوگوں کے ہاتھ میں ایک اور ہتھیار آ جائے گا ۔ جناب والا ۔ میرے خیال میں ایجوکیشن کا سسٹم جو ہے اگر اس میں کچھ تبدیلیاں پیدا کی جائیں تو پھول خان صاحب کی جو نیت اور مقصد ہے وہ شاید پورا ہو سکے اور وہ خواہ دیہی علاقے سے تعلق رکھتے ہوں یا شہری ہوں اور جہاں کہیں بھی اچھے سکول ہوں وہاں وہ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں وزیر تعلیم سے درخواست کروں گا کہ اس کی بجائے اگر وہ یہ کوشش کریں کہ ہر ایک سکول میں خواہ وہ گاؤں میں ہو خواہ وہ شہر میں ہو ایک جیسی مراعات طلباء کے لئے فراہم کر دیں اور اگر ایسا کر دیا جائے تو مقصد حاصل ہو سکے گا ۔ اس کے علاوہ انگلستان میں ایک سسٹم رائج ہے اس کے مطابق فرسٹ سیکنڈ ڈویژن کے سلسلے کو ختم کیا جائے ۔ جناب والا ۔ فرسٹ ڈویژن لینے والے طالب علم کی قابلیت اور ذہانت کا یہ معیار نہیں ۔ جناب والا ۔ آپ سب جانتے ہیں کہ ایک سٹوڈنٹ محنت کرکے فرسٹ کلاس حاصل کر سکتا ہے ۔ اگر گاؤں کے لڑکوں کے لئے مراعات اور سہولتیں موجود نہ ہوں اگر وہ قابل بھی ہو تو اس کی قابلیت شہروں کے طالب علموں کی قابلیت کے مقابلہ میں کم ہی ہوگی

کیونکہ وہ اس سٹینڈرڈ تک نہیں آ سکے گا محض اس وجہ سے کہ وہ سہولتیں اور مراعات جو شہر کے طالب علموں کو حاصل ہیں وہ دیہات کے طالب علموں کو حاصل نہیں ہیں ۔ اگر آپ کالج کے طلباء کے نتائج دیکھیں تو شاید یہ بات پایۂ ثبوت تک پہنچ جائے گی کہ وہ طلباء جو میٹرک میں تھرڈ ڈویژن حاصل کر چکے ہیں تو وہ کالج جا کر بہ نسبت دوسروں کے فرسٹ ڈویژن حاصل کر لیتے ہیں ۔ اچھے نتائج حاصل کرتے ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ اگر کوٹہ سسٹم کر دیا جائے تو یہ مال دار طبقہ کے ہاتھ میں ایک اور ہتھیار آ جائے گا ۔

Major Malik Muhammad Ali (Sargodha-III): Mr. Speaker, Sir, with your permission I would like to talk in a practical manner. The Resolution before the House is that a separate quota, on the basis of population, should be fixed for candidates from rural areas for admission to all professional Colleges, Schools and Polytechnic Institutions in the Province. I think, the mover has touched an important point but in its basis, it is critical of our present educational policies. The mover in the very outset implies that the set up, as it is, has not done justice to the major portion of the population in this Province. It is based on realities. There is a vast difference of circumstances that prevail today, in our rural areas. But my friend, touches the key point when he says that the product of the educational system from the rural areas, when compared under a competitive system, with the product from the urban area, is at a disadvantage. I think here it is apt to say, rather to repeat, a saying that man is the product of his environment. This is a time old maxim and accepted on all hands. A student from the rural areas is at a disadvantage. He does not have the facilities which are available to students from the urban areas. I would, in the beginning take up the case of a student who comes from the rural area.

It is frequent that his parents are not educated. Educated parents are of great help to a child in the early age of his development. In fact even more so than the education at a primary school or secondary school level. Educated parents will help him a lot in building up his moral and spiritual texture. It so happens that unfortunately the bulk of the population now residing in rural areas are not educated. It also is a fact and accepted by all, that we are at present taking no steps for adult education. It goes beyond saying that in the circumstances, the boys from the rural areas have a handicap. The environments in rural areas are in so many ways to the disadvantage of the students from those areas. The life in our present day rural areas is very hard. The population is facing and tackling the basic issues of making the two ends meet. Their major problem is how to live-how to earn a livelihood respectably and how to avoid the vicissitudes of weather, time and circumstances. Boys, even at the school going age are affected by all these things-the floods, the locusts and so on and so forth. These things continue to take a lot of time of the boys and affect them in their education. If we go to their schools we find that the educational facilities now available are most unsatisfactory. This House is aware that a learned Member from Karachi was dis-satisfied with the state of affairs and said that two teachers per primary school was not a satisfactory position, and I was asking myself the question that what about that school teacher-plus-chaprasi, in my village, who is frequently even not present in that school. The educational facilities in the schools of this day, in rural areas fall short, by any standard. I would, at this stage, say that the intention is to draw the balance. The country does not have the resources to equip all our schools with qualified teachers in the rural areas. Similarly we do not have the resources to give them all the equipment for these schools. The schools are deficient, to begin with, of buildings, of shade, of educational facilities like books, black-boards, teaching material etc. It is all absent. But this country is far away from the stage when we shall be able to equip our schools in rural areas and be at par with schools in the urban areas. Then why are people amazed or shocked to

listen to a proposal that we accord them a bias. We give them an advantage from those in the urban areas, in getting seats for technical institutions.

I would draw the attention of the House to certain pointers. These pointers are significant and they would eminently bring out that there is a difference in the rural areas and in the urban areas, which works to the disadvantage of the boys from rural areas. For these tendencies I have topped the list with a major tendency of the population shifting to urban areas. Why? A big subject by itself, and there is a time-limit, but we allknow that there is a reason why this population is shifting. The atmosphere in urban areas is conducive to such a shift. This is a cumulative factor, becoming a problem. We are facing it, and it would continue. Yet the fact remains that most people agree that there is something for which people move to the urban areas. It is not vice versa.

Another tendency or a fact is that the majority of jobs, lucrative and tempting posts, are held or go to a majority of the students from urban areas. Take the competitive exams. The results, by and large, always fall in favour of students coming from urban areas. You take up fancy appointments in administration, judiciary ; take up the appointments in science, medicine, or arts, by far, a large majority goes to people, who come from urban areas. But what is the result ? In this very House it has been said and proved that it is leading to certain administrative problems. Can we find enough doctors for rural areas ; doctors for hospitals in rural areas ? Similar is the case of professors, engineers, scientists. Can we find them ? No. The tendency is there. People wish to live in places where there are better amenities of life. This is an inte.esting phenomena we are facing. We have no means at present to tackle it. Therefore, let us own that a boy from a rural area is at a disadvantage. I stand an example, but I would be then going into personal matters ; I was educated from place to place, as far away from the Punjab as the Aligarh University and knocked around. I did B. A. from that University, and fell through a competitive examination, entered military

service and am out. A boy from the rural area has neither the opportunity for planned career, but far less the means to do it.

Another tendency: scholarships go, by and large, to students from urban areas. Prizes in Arts, in Science, in social and cultural activities, invariably or frequently go to the boys or competitors, who come from urban areas. Here and there, you will find a successful person, , a good leader, a good administrator, or in time a successful politician, who has come from the rural areas. But only an exception. An exception is not the case in point. I am talking about the . . .

Mr. Hamza: Rural as well as feudal.

Major Malik Muhammad Ali: . . . majority of the boys. (Sir I would request him not to interrupt me.)

A majority of the boys from rural are as are condemned to a shapeless career. The facilities are so few and far between ; the requirements of life so exacting, and subject to so many vicissitudes, with the result that in the long run the boy who started a career with certain plans, ends up in a very different situation. There is no planned career ; therefore, naturally there is no success. That is why my learned friend, Rana Phool Muhammad, raised this issue that let us given these fellows a sporting chance. They are also your brethren of this very country. Give them a helping hand ; they start with so many disadvantages and they come handy to you in time of need. Whenever the country needs them, which is for defence, a bulk come from the rural areas. When the chips are down, and you are hard up and looking over your shoulders, who will come and spill the guts out? A chap from the rural areas. Therefore, I would say that give him a chance. There is also a saying that the rich get richer, the developed yet developed further, industrial areas even more so, and unfortunately the least developed get more afflicted. Do we not have in our bountry also at this very stage of our development concentration of industries at certain places, of educational institutions also at certain places? All the facilities for knowledge, like the libraries are

also in the same set set of places. We would like to spread out and reach out to places where none of these things are available, and most needed. The affliction, the disease, the poverty and the ignorance is so rampant in rural areas, and the least looked after.

At this stage, I would say that a majority of seats in the technical institutions, which my learned friend has referred to, inevitably go to candidates from the urban areas. This is another tendency, and like it or not, unless you have a quota system, you are not going to have people from rural areas with technical qualifications, and you would continue to face your problem of not getting technicians who would go out and live in the rural areas. You would continue getting such problems. The NWFP will not have a lady teacher because nobody is wliling to risk life. Lady teachers are not willing to go there. But if you have suitably qualified persons from those regions, surely, most of them would have a feeling for their place, for their people and a regard for developing and educating their brethern in that place and they will look after them. How could you expect of a Shehri Babu to go out in a Tribal Belt area and be a Doctor ?

Malik Muhammad Akhtar : Don't condemn 'Shehris'. They are much better in the Army. Most of them are Officers. Just check out how many of them have been killed in the recent war with India.

Major Malik Muhammad Ali : I, at this stage, would like to mention a few points which, in practice, are of considerable advantage to the students who come from towns.

Minister of Information & Finance : I will request Malik Muhammad Akhtar to let us hear the speaker.

Malik Muhammad Akhtar : We are not Shehri Babus ; we are soldiers.

Minister of Information & Finance : I think those people who are thinking in these terms are not doing any service to anybody.

Nawabzada Rahimdil Khan : Point of order. Malik Akhtar has just now said that we are soldiers and not Babus. Well, one of our Members is Babu Muhammad Rafiq. So, in this way, he has committed contempt of one of the Members of this House and he should apologise for it.

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order. The Member may please try to conclude.

Major Malik Muhammad Ali : I was going to elaborate on the point that there are certain advantages to students who come from urban areas. We are all familiar that education, by now, has become a technical process which, if started at an early age of childhood, goes a long way well over about a span of 16 years. In fact, in certain technical aspects you add another three years and only then it is some-what complete. It requires basic ingredients in the student so that he can make the best use of education given to him. He has to have certain aptitudes and certain talents in him so that he is able to profit by the education imparted to him. The Government in our country is putting up with considerable expense to get suitably qualified technical personnel at these technical colleges. I would here like to bring out that the fees are nowhere near the expenses which the government has to foot. Each student, that is admitted in a technical college or a school, is being subsidized with a large amount by government which is the public exchequer. Therefore, the public is footing the bill for the education of this boy or girl at a rate much higher than his own parents. His parents give small fee his education, his expenses of maintenance and of clothing but the government, which is the public exchequer, foots a heavy bill in certain cases as much as four hundred rupees per month. Now, after the education is complete and he has qualified, in very many cases, the gentleman with technical qualification likes to seek opportunities of employment which are most lucrative.

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member may please resume his seat. He has already spoken for fifteen minutes.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب سپیکر - مجھے چند مختصر گزارشات کرنی ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ جو بنیادی خرابی ہے اس کا علاج کیا جائے - میں شہری اور دیہاتی کی تفریق میں نہیں پڑنا چاہتا میں یہ سمجھتا ہوں کہ جتنے داخلے ٹیکنیکل کالجز یا ٹیکنیکل اداروں میں ہوں وہ merit پر ہونے چاہئیں اور اگر ہمارے دیہاتی بھائیوں کے لئے اس قدر ادارے نہیں ہیں جہاں پر انہیں مکمل طور پر داخلے مل سکیں تو ہمیں چاہئے کہ ہم ان کے لئے سکول یا ٹیکنیکل سکولز یا ایسے ادارے مہیا کریں - ابھی یہاں پر یہ بھی کہا گیا ہے اور میں اس کو دہرانا نہیں چاہتا کیونکہ انہوں نے اس انداز میں بات نہیں کی ہے لیکن میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ۱۹۶۵ کی جنگ میں جو زیادہ افسران شہید ہوئے ہیں وہ افسران زیادہ شہروں سے تعلق رکھتے تھے - جناب سپیکر - جہاں ہمارے دیہاتی بھائیوں نے ملک کے دفاع کے لئے قربانیاں دی ہیں اور جو تناسب شہری شہیدوں کا تھا وہ بھی کم نہ تھا- وہ شہری تھے - - - -(قطع کلامیاں)

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ملک صاحب اپنی تقریر میں غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں - میرا خیال ہے ان کی معلومات اتنی نہیں ہیں - اگر وہ حساب لگائیں اور دیکھیں - - - - مجھے یہ اعتراف ہے کہ شہری بھی اتنے ہی لڑے ہیں جتنے کہ دیہاتی لڑے ہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order.

ملک محمد اختر - جناب والا - رانا پھول محمد صاحب کے ریزولیوشن سے اگر اتفاق کیا جائے - - - -

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ پہلے کہا گیا ہے کہ اس قسم کی بحث ایوان میں چھیڑنا کہ ۱۹۶۵ کی جنگ میں دیہات والوں نے زیادہ قربانیاں دی ہیں یا شہر والوں نے زیادہ قربانیاں دی ہیں یا فوجی افسران شہری زیادہ تھے یا دیہاتی زیادہ یا جو سپاہی ہیں اور انہوں نے جو اپنی جانیں قربان کی ہیں وہ دیہاتوں سے تھے یا شہروں سے متعلق تھے میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہے اس قسم کا تعصب پھیلانا حب الوطنی نہیں ہے ۔ نہ یہ کوئی قوم اور ملک کی خدمت ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

ملک محمد اختر ۔ اس گناہ کا ارتکاب آپ کی جانب سے ہوا ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ اختر صاحب کو اس قسم کے الفاظ واپس لینے چاہئیں اور ان کو اس قسم کا تعصب نہیں پھیلانا چاہئے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ ریکارڈ موجود ہے ۔ اس کا ارتکاب آپ کی طرف سے ہوا ہے شہری بابو کہہ کر طعنہ دیا گیا ہے اس کے جواب میں مجھے یہ بات کہنی پڑی ہے ۔ (قطع کلامیاں) ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ ہم نے ون یونٹ کے قیام کے بعد وہ جو صوبہ جاتی تعصب تھا اس کو ختم کرنا تھا چہ جائیکہ ہم نشستوں کو محفوظ کر کے ایک شہری اور ایک دیہاتی میں تفریق پیدا کریں ۔ اس وقت ٹیکنیکل یونیورسٹی کا پراسپیکٹس میرے ہاتھ میں ہے ۔ ۔ ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ جو رانا بھول خان صاحب نے ریزولیوشن پیش کیا ہے اس کی تائید میں میں ملک اختر صاحب کی ذات کو پیش کرتا ہوں ۔ اس ایوان میں دیہاتی ممبران کی تعداد زیادہ ہے لیکن ایوان میں بہت سا وقت لاہور کے جو ممبر ملک اختر صاحب ہیں وہ لے جاتے ہیں یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے حقوق غصب ہو رہے ہیں ہم اپنے حقوق مانگتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ یہ مجھے credit نہیں ہے بلکہ آپ کا discredit ہے کہ آپ نہیں بولتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ میرے پاس یونیورسٹی کا ایک پراسپکٹس ہے اور اس میں اس وقت جو طریقہ کار ہے مجھے اس پر اعتراض ہے ۔ مثلاً اس میں لکھا ہے کہ راولپنڈی ۔ سرگودھا ۔ لاہور ۔ ملتان اور بہاول پور کے لئے ۳ ۲ سیٹیں ہیں ۔ اور تمام مغربی پاکستان کے لئے ۱۷ سیٹیں ہیں ۔ ڈیفنس سروسز کے نامزدگان کے لئے ۲۰ سیٹیں ہیں اگر ان کے لئے ۲۰ کی بجائے ۵۰ ہوں تو بھی مجھے اعتراض نہیں ہے ۔

لیکن All West Pakistan basis پر انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں سترہ نشستوں کا مخصوص کرنا اور خاص اضلاع کے لئے جس میں ہمارا لاہور ، راولپنڈی ، سرگودھا ، ملتان اور پشاور ڈویژن بھی آتے ہیں ۔ دو سو تیرہ نشستیں مخصوص کرنا ، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ون یونٹ کی سپرٹ کے منافی ہے ۔ ہمیں اچھے سائنسدان اور اچھے ڈاکٹر چاہئیں ۔ البتہ ہمارے دیہاتی بھائیوں کی اس تکلیف کا ۔ ۔ ۔ ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ملک اختر صاحب غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں کیونکہ جہاں تک ون یونٹ کا تعلق ہے ، اس میں تو دیہات بھی شامل ہیں ۔ ون یونٹ کا مطلب یہ تو نہیں ہے کہ اس میں صرف شہری علاقے ہی شامل ہیں اس لئے اگر یہ ریزولیوشن پاس ہو جائے تو اس سے ون یونٹ پر کوئی زد نہیں پڑتی ۔

ملک محمد اختر ۔ وہ میری تقریر کا جواب دے رہے ہیں یا کہ انہوں نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے ۔ آپ انہیں قواعد و ضوابط بتا دیں تاکہ ان کو معلوم ہو سکے کہ پوائنٹ آف آرڈر کس چیز کا نام ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : That was not a point of order.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ آپ نے دیکھا ہے کہ ملک اختر صاحب کو کئی بار interrupt کیا گیا ہے ، پنجابی میں کہا جاتا ہے کہ *X X X X X X X تو اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ اگر کوئی اچھا ممبر کوئی پوائنٹ آف آرڈر raise کرے ، تو اس کو تو سن لیا کریں لیکن اگر مرغی کی اذان والی بات ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو اس پر غور نہیں کرنا چاہئے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is also not a point of order.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے ایوان میں ابھی ابھی *X X X X X

Mr. Senior Deputy Speaker : This is not a point of order.
(*Interruptions*).

**Expunged as ordered by the Senior Deputy Speaker.*

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ admissions محض merits پر ہونی چاہئیں ۔ البتہ ہمارے دیہاتی بھائیوں کے لئے اس قدر مواقع اور سہولتیں ہونی چاہئیں جس طرح کہ شہر کے باقی ہائی سکولوں اور مڈل سکولوں میں موجود ہیں ۔ اگر حکومت چشم پوشی کرکے تعلیم کے لئے مناسب provision نہیں کرتی ہے ، بلکہ میں یہ پھر دھراتا ہوں کہ ہماری مرکزی حکومت کے جو وزیر برائے تعلیم ہیں ، ان کا ایک بیان آیا ہے جس کے مطابق ہمیں تعلیم کے لئے آئندہ پندرہ برسوں میں دس گنا زیادہ fund درکار ہوں گے ۔ تو یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ زیادہ allocations کرے اور آبادی کے ہر حصے کے لئے زیادہ مواقع بہم پہنچائیں کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کر سکے بجائے اس کے کہ ہم ایک کوٹہ مقرر کرکے جہاں پر ایک First Divisioner داخلہ لے سکتا ہو وہاں ہم اس کوٹہ سسٹم کے تحت ایک Third Divisioner کو داخلہ دے کر برے سائنسدان اور برے ڈاکٹر پیدا کریں ۔ دراصل اس مرض کے علاج کی طرف کوئی بھی توجہ نہیں دے رہا ہے اور وہ یہ ہے کہ تمام ملک میں تعلیم کو عام کیا جائے اور اس کے لئے ان اکیس خاندانوں کی دولت کو چھینو ، تمام بنکوں کو قومی ملکیت قرار دو ، تمام بیمہ کمپنیوں کو قومی ملکیت قرار دو اور اس طرح روپیہ pool کرکے تعلیم پر خرچ کریں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں نہایت ادب کے ساتھ یہ گزارش کروں گا کہ میرا ریزولیوشن نہ تو بنکوں کے متعلق

ہے اور نہ بیمہ کمپنیوں کے متعلق ہے ، اس لئے میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ ملک اختر صاحب کس موضوع پر تقریر فرما رہے ہیں کیونکہ میں نے تو ریزولیوشن میں نہ بنکوں کا ذکر کیا ہے اور نہ اس قسم کا کوئی مطالبہ ہی کیا ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ وہ ریزولیوشن ہی کے سلسلے میں بات کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ ان کے اس ریزولیوشن کے لئے بجٹ مہیا کیا جائے ۔

خان محمد انور علی خان بلوچ ۔ جناب والا ۔ رانا پھول محمد خان صاحب ٹھیک فرما رہے ہیں ۔ ملک اختر صاحب کو relevant ہونا چاہئے ۔ وہ تو اپنے خاندان کے متعلق بات کر رہے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میرا اندازہ ہے کہ آپ ان اکیس خاندانوں میں شامل نہیں ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ بلوچ صاحب ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ میرا خیال ہے کہ معزز اراکین کو ملک اختر صاحب پر اعتراض نہیں کرنا چاہئے کیونکہ ان پر حمزہ صاحب کا اثر پڑ گیا ہے ۔ کیونکہ حمزہ صاحب ٹوبہ ٹیک سنگھ کے رہنے والے ہیں اور ان پر سکھوں کا اثر زیادہ ہے ۔ اس لئے ان پر بھی اثر پڑ گیا ہے ۔ اس لئے کوئی بات نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس برائی کا اصل علاج یہ ہے کہ funds کی کمی ہے اور تعلیم کے لئے allocations ناکافی ہیں اور کسی برائی کا علاج برے طریقے سے نہیں کیا جاتا ۔ میں یہاں پر مثالیں دے سکتا ہوں کہ وہ بچے جنہوں نے ایف ۔ ایس ۔ سی میں فرسٹ ڈویژن کے معیار سے بھی زیادہ نمبر حاصل کئے ہیں ، ان کو بھی داخلے نہیں ملتے ہیں ۔ ان کے مقابلے میں تھرڈ ڈویژن میں پاس ہونے والے طلباء کو ان فنی اداروں میں داخلہ دینا ، ان لڑکوں کے ساتھ انتہائی زیادتی اور ظلم ہوگا ۔ جب تک آپ تعلیم کو عام نہیں کریں گے ، اس وقت تک اس ملک میں صحیح جمہوریت اور صحیح آزادی ، دونوں ہی چیزیں مفقود ہوں گی ۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ تعلیم زیادہ ہو لیکن اس کے لئے آپ کو کیا راستہ اختیار کرنا چاہئے ۔ آپ کو یہ راستہ اختیار کرنا چاہئے کہ آپ زیادہ سہولتیں مہیا کیجئے ، زیادہ allocations of funds کیجئے ۔ ہمیں سب تفریق سے بالاتر ہونا چاہئے ۔ ہم سب بھائی ہیں اور ہمارے دیہاتی بھائی بھی ہمدردی کے اسی قدر مستحق ہیں ، بلکہ میں تو شہری ہوتے ہوئے بھی ان کے حق کو اپنے حق سے زیادہ فائق سمجھتا ہوں لیکن اس کے لئے حکومت مجرمانہ غفلت سے کام لے کر ان کو سہولتیں فراہم نہیں کر رہی ہے ۔ یہ فنی اداروں کے مسئلے کے متعلق کہہ رہے ہیں ، میں کہتا ہوں کہ آپ ایک معمولی ماڈل سکول کے مسئلے کو لیں ۔ سنٹرل ماڈل سکول میں داخلے کے وقت کیا ہوا ۔ جناب کرمانی صاحب فرمائیں کہ ان کے پاس کتنے لوگ اس سلسلے میں آئے ۔ جناب وزیر تعلیم صاحب فرمائیں کہ ان کے پاس کتنے لوگ یہ شکایت لے کر

آئے کہ ان کے بچوں کو وہاں داخلہ نہیں مل رہا ہے ۔ آپ زیادہ سکول کھولیں ۔ آپ اتنے دعوے development کے کرتے ہیں اور آپ نے اس پر کروڑوں روپیہ خرچ کیا ہے اور آپ کے بجٹ کے قرطاس ابیض میں تین پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ کے لئے گنجائش رکھی گئی ہے ، بتائیے کیا پانچ کروڑ انسانوں کے لئے صرف چودہ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ رکھنے والی حکومت ایک مہذب اور متمدن حکومت کہلا سکتی ہے ۔ یہ حکومت کی gross negligence ہے کہ جو ہمارے دیہاتی بھائیوں کو فنی تعلیم کے مواقع فراہم نہیں کرتی اور جہاں تک ان اداروں میں داخلے کا تعلق ہے ، میں حکومت سے پھر یہ اصرار کروں گا کہ داخلے محض merits پر ہونے چاہئیں ۔ دشمنوں نے ہمارے ارد گرد جو گھیرا ڈال رکھا ہے ، اگر آج ہم بہترین انجینئر اور سائنسدان پیدا نہیں کرتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

میاں محمد شفیع ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ حکومت اپنے آپ کو کس طرح مہذب کہلاتی ہے ، تو میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ مہذب حکومت ہی ہے کہ جس کے لئے ملک اختر صاحب برابر خواہش کر رہے ہیں کہ وہ اس میں شامل ہو کر وزیر بنا دیئے جائیں اور ان کو وزیر اس لئے نہیں بنایا جا رہا ہے کہ وہ خود شروع سے ہی تھرڈ ڈویژن میں پاس ہوتے رہے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : That is not a point of order.

ملک محمد اختر ۔ لاہور کے یہ تین ممبر خود کچھ حاصل نہیں کر سکے ہیں تو وہ مجھے کیا دیں گے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ کیا وہ اس لئے اس جانب نہیں آ رہے ہیں کہ انہیں اس طرف سے کچھ مل نہیں رہا ہے ، تو کیا اگر ان کو کچھ مل جانے کا یقین دلا دیا جائے تو وہ اس طرف آ جائیں گے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member may please take his seat. (*interruptions*).

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ مجھے میاں شفیع صاحب نے بتایا ہے کہ ملک اختر صاحب تھرڈ ڈویژن والوں پر یہ جو اعتراض کر رہے ہیں کہ ان کو داخلہ نہیں ملنا چاہیئے ۔ وہ تو خود through out تھرڈ ڈویژن میں پاس ہوتے رہے ہیں لیکن اس کے باوجود ان کو داخلہ ملتا رہا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں ہمیشہ distinguished position حاصل کرتا رہا ہوں ۔ دراصل آج میرے دوست Holiday mood میں ہیں اور وہ ریزولیوشن میں interested نہیں ہیں ۔ در اصل یہ حمزہ صاحب سے ڈر گئے ہیں کہ کہیں ان کا کلبوں میں جوئے والا ریزولیوشن نہ آ جائے اور اسی لئے وہ پاکٹی دامان کی حکایت کو بڑھائے جا رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ زیادتی ہو گی اگر میں مزید

وقت لوں ۔ بہر حال اتنا ضرور عرض کروں گا کہ حکومت کو چاہیئے کہ ہمارے دیہاتی بھائیوں کے لئے زیادہ مواقع مہیا کرے لیکن اس سلسلے میں کسی قسم کا کوٹہ مقرر کرنا زیادتی ہے اور حکومت کو ایسا نہیں کرنا چاہیئے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Before the House is adjourned I would like to expunge the remarks made by Mr. Hamza and Rai Mansab Ali Khan Kharal, from the proceedings of the Assembly.

The House is now adjourned to meet at 8 a.m tomorrow.

The Assembly then adjourned (at 1.30 p.m.) till 8.00 a.m. on Thursday, the 6th July, 1967.

APPENDICES

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 5637)

List of Full Fledged Veterinary Hospitals in West Pakistan

Name of Region	*Name of District*	*Civil Vety: Hospitals*
1	2	3
Peshawar	Hazara	Mansehra
		Abbottabad
		Haripur
		Kaghan
		Bala Kot
		Batagram
		Paris
	Merged Area	Nikapani
		Biari
	Mardan	Mardan
		Swabi
		Nawan Kili
	Kohat	Kohat
		Hangu
		Teri
	Peshawar	Peshawar
		Charsadda
		Nowshera
	D.I. Khan	D.I. Khan
		Kulachi
		Tank
		Chodwan Chodwan

1	2	3
	Bannu	Bannu
		Scrai
		Lakki
		Kakki
	Lahore	Ali Raza Abad
		Manga
		Kahana Nau
		Padhana
		Qasur
		Lulliani
		Raja Jang
		Kot Radha Kishan
		Bhai Pheru
		Khudian
		Chunian
		Kangan Pur
		Pattoki
	Sialkot	Sialkot
		Kotli Loharan
		Phuklian
		Daska
		Ghuinke
		Sambrial
		Satrah
		Budah Goraya
		Pasrur

1	2	3
		Chawinda
		Khanpur Syedan
		Narowal
		Qila Soba Singh
		Zafar Wal
		Rayya
		Shakar Garh
		Mangri
		Kot Naian
		Lessor Kalan
		Kanjrur
	Gujranwala	Gujranwala
		Wandho
		Nowshera Virkan
		Kamoke
		Qila Didar Singh
		Wazirabad
		Akal Garh
		Dilawar Cheema
		Gukhur
		Hafiz Abad
		Pindi Bhattian
		Kalu Tarar
		Sukheki
	Sheikhupura	Sheikhupura
		Sangla Hill
		Kaloke
		Khanga Dogran

1	2	3
		Shah Kot
		Manawala
		kauraK
		Feroze Watwan
		Warburton
		Nankana Sahib
		Malowal
		Bara Garh
		Malikpur
		Syed Wala
		Lambre
		Norang
		Burj Atari
		Muridke
		Gharial Kalan
		Sharakpur
	Rawalpindi	Rawalpindi
		Bharacao
		Taxila
		Basali
		Chantara
		Gujjar Khan
		Daultala
		Murree
		Kotli Stian
		Kahuta

1	2	3
	Campbellpur	Campbellpur
		Hazro
		Hasan Abdal
		Fateh Jhang
		Pindi Gheb
		Domeli
		Tala Gang
		Tamman
		Lawa
	Gujrat	Gujrat
		Ajnala
		Jalalpur Jattan
		Shadiwal
		Mangowal
		Tanda
		Kharian
		Lala Musa
		Dinga
		Kotla Arbab Ali Khan
		Kerian Wala
		Dilawar pur
		Phalia
		Qadirabad
		Malikwal
		Joklian
		Mandi Bahand Din

1	2	3
		Rukkan
		Khohar
		Miana Gondal
		Mianwal
	Jhelum	Jhelum
		Domeli
		Dina
		Darapur
		Sohawa
		Chakwal
		Ghudial
		Bhown
		Balkasar
		Dumman
		Pind Dadan Khan
		Jalal pur Sharif
		Choua Sadan Shah
		Buchal Kalan
		Lilla
	Sargodha	Sargodha
		Baghtan Wala
		Chak 103-NB
		Chaukera
		Sillanwali
		Chak 36-SB
		Chak 114-SB
		Bhalwal

1	2	3
		Bhera
		Phullarwan
		Midranjha
		Miani
		Sardarpur Noor
		Kot Momin
		Shahpur Sadar
		Shadiwal
		Kot Chughata
		Jalalpur Jadid
		Farooqa
		Jhawarian
		Khushab
		Nowshera
		Mitha Tiwana
		Adhi Kot
		Anga
		Gunjial
		Chak 26-MB
		Khabeki
		Noorpur Thal
	Lyallpur	Lyallpur
		Chak2-JB
		Chak 30-JB
		Chak Jhumra
		Dhing Not
		Chak 24-JB

1	2	3
		Thikriwala
		Samundri
		Chak 45-GB
		Chak 483-GB
		Tandilianwala
		Chak 509-GB
		Jaranwala
		Chak 96-GB
		Lundianwala
		Khurianwala
		Awagat
		Satian
		Sial
		Toba Tek Singh
		Gojra
		Pir Mahal
		Chak 761-GB
		Kamalia
		Chak 254-GB
		Chak 328-GB
		Pacca Anna
		Chak 312-GB
	Lyallpur	Chak 338-GB
	Jhang	Jhang
		Mochiwala
		Shah Jewana
		18-Hazari

1	2	3
		Chiniot
		Lallian
		Bhonwana
		Thathi Bala Raja
		Shorakot
		Haweli Bahadur Shah
		Ahmedpur Sial
		Kot Bahadur
	Mianwali	Mianwali
		Patti Massan
		Daud Khel
		Chakrala
		Musa Khel
		Wan Bashran
		Piplian
		Isa Khel
		Kamar Mashani
		Kalabagh
		Bhakkar
		Mankera
		Dara Khan
		Kallur Kot
		Jandianwala
		Fazil
	Multan	Multan
		Qadirpuran

1	2	3
		Nawabpur
		Kabirwala
		Sardarpur
		Sarai Siddu
		Khanewal
		Mian Channu
		Jehanian
		Chak 135/10.R.
		Vehari
		Burewala
		Luddan
		Mailsi
		Tiba Sultanpur
		Jhandirwah
		Lodhran
		Kuhdoom Ali
		Kehror Pakka
		Shuja Abad
		Jalalpur Pirwala
		Alipur Sadaat
	Sahiwal	Sahiwal
		Noor Shah
		Arrappa
		Chichawatni
		Okara
		Gojera
		Kohla

1	2	3
		Renala Khurd
		Sher Garh
		Pak Patton
		Sheikh Fazi
		Arif Wala
		Chak Mehdi Khan
		Depalpur
		Baseepur
		Hujra
		Haveli
	Muzaffargarh	Muzaffargarh
		Rangpur
		Rohillanwali
		Kinjhar
		Khangarh
		Alipur
		Shehr Sultan
		Jatoi
		Seetapur
		Leiah
		Keror Lalison
		Kot Sultan
		Kot Adeu
		Manawan
		Gujrat
	D.G. Khan	D.G. Khan
		Mohtan

1	2	3
		Kot Chhutta
		Choti Zeri
		Khar
		Rajanpur
		Sikhaniwala
		Rojhan
		Mithan Kot
		Jampur
		Dajal
		Lal Garh
		Muhammad Pur
		Taunsa
		Vehoa
		Shaddoolundi
	Bahawalpur	Bahawalpur
		Yaman
		Head Rajkan
		Ahmed Pur East
		Uch Sharif
		Hasilpur
		Qaimpur
		Kherpur Tamewali
		Khunja Dinga
		Bahawalnagar
		Dunga Bunga
		Fort Abbas

1	2	3
		Fort Maroot
		Haroon Abad
		Faqir Wali
		Kichi Wala
		Chistian
		Dehrawala
		Bkhanshan Khan
		Minchanabad
		Sadiq Ganj
	Rahim Yar Khan	Rahim Yar Khan
		Kot Sanaba
		Chak 51/B
		Liaqat pur
		Khan Bela
		Pakka Lran
		Feroza
		Khanpur
		Bagho Bahar
		Chachran
		Sadiqabad
		Chak 173/P
		Jamal Din Wali
		Manthar
		Ahmad pur Lane
	Hyderabad	Hyderabad
		Matli
		Pind Ghulam Ali

1	2	3
		Tando Allah Yar
		Hala
	Sanghar	Sanghar
		Chunyari
		Khipro
		Sinjhoro
		Tando Adam
		Shahdadpur
	Tharparkar	Mirpur Knan
		Jamee Abad
		Digri
		Patharo
		Islam Kot
		Umer Kot
		Chachro
		Tando Jan Muhammad
		Diplo
		Nagar Parkar
	Dadu	Dadu
		Sehwan
		Mehar
		Thano Bulla Khan
		Khairpur Nathan Shah
		Johi
	Larkana	Larkana
		Ratodero

1	2	3
		Kambar
		Naseer Abad
		Shahdad Kot
		Miro Khan
		Bokri
	Khairpur	Khairpur
		Setharja
		Gambat
		Kot Deji
	Nawab Shah	Nawab Shah
		Sakrund
		Moro
		Naoshahro Peroze
		Kandiaro
	Karachi	Karachi
بابو محمد رفیق - جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بڑی تکلیف کا باعث ہے کہ پیپلز میں ہمارے پاس لوگ آتے ہیں جن کے ہم نمائندے ہیں ہمیں ان کی مشکلات کو سننا ہوتا ہے - ہمیں یہ سہولت ضرور ملنی چاہئے کہ ان لوگوں کی تکالیف کو ہم حکومت تک پہنچائیں اس لئے آپ اس کو دوبارہ take up کریں - اگر تین کی بجائے ایک اوپریٹر کام کر سکتا ہے تو یہ بہتر ہے - اس لئے میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ فنانس والوں سے دوبارہ اس مسئلہ کو take up کریں - میں اس چیز کے حق میں ہوں کہ ایسی تکالیف کو جلد دور کرنا چاہئے - میرے دوست چودھری صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ چھوٹی سی چیز ہے - میں کہتا ہوں کہ اگر آپ آج چھوٹی چھوٹی تکالیف حل نہیں کریں گے تو کل بڑی کیسے حل کر سکیں گے اس لئے میں اس کی تائید کرتا ہوں -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا میں گزارش کروں گا کہ جیسا کہ چودھری انور عزیز صاحب نے چھوٹا سا مسئلہ قرار دیا ہے میں اس کو بڑا مسئلہ قرار دیتا ہوں - ا ں کی وجہ یہ ہے کہ لاہور ہمارا مغربی پاکستان کا دارالخلافہ ہے اور ہم قوم کے نمائندے ہیں - تمام مغربی پاکستان میں ٹیلیفون کی حالت یہ ہے کہ اگر آپ اس کام کو پایہ تکمیل تک نہیں پہنچائیں گے تو پھر نیچے والے اس کی کوئی پرواہ نہیں کریں گے - پورے مغربی پاکستان میں

ٹیلیفون کی یہی حالت ہے ۔ جنیجو صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کا تعلق مرکز کے ساتھ ہے ۔ میں ان سے گزارش کروں گا کہ مرکز کو کون کہے گا وہ بھی تو آپ کی ذمہ داری ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

وزیر مواصلات (مسٹر محمد خان جنیجو) ۔ ابھی رائے صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے یہ کہا تھا کہ جب میں پیپلز میں گیا تھا تو میں نے وہاں جا کر وعدہ کیا تھا اور وہ پورا نہیں ہوا ۔ اس معاملہ میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے یہ عرض کروں گا کہ جب میں پیپلز میں گیا تھا تو میں نے ممبران سے مشورہ کیا تھا کہ یہاں کیا کیا renovation ہونی چاہئے تاکہ ان کو پورا کرنے کی کوشش کی جائے ۔ ان کی ضروریات کو کچھ حد تک پورا کیا ہے کچھ فرنیچر کی replacement کی گئی ہے ۔ اور میں معزز ممبران کی تسلی کے لئے عرض کروں گا کہ ممبران کی سہولتوں کے لئے ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے تاکہ جتنا وہ یہاں رہیں آرام سے ہیں ۔ اب اس پریولیج موشن کے متعلق جو بحث ہو رہی ہے ۔ جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ متعلقہ محکمہ کو refer کیا جائے کہ ہر کمرہ میں ٹیلیفون provide کیا جائے اگر یہ proposal accept نہ ہو سکی تو پھر ہم کوشش کریں گے کہ ہر منزل پر Extra Telephone رکھا جائے ۔ اس سے فائدہ ہو گا کہ وقت کی بچت ہو جائے گی اور ممبران کو سہولت مہیا ہو جائے گی ۔ میں اس proposal کو Finance Department سے personal level پر اٹھاؤں گا اور ان سے درخواست کروں گا کہ اسے sympathetically کیا جائے ۔

چودھری محمد نواز۔ جناب والا اس وقت تین ٹیلیفون ,,اے،، ,,بی،، اور ,,سی،، بلاک میں لگے ہوئے ہیں یہ ٹیلیفون صرف سیشن کے دوران رہتے ہیں اب سیشن ختم ہو گیا ہے تو ,,بی،، اور ,,سی،، بلاک میں سے ٹیلیفون اٹھا دئے جائیں گے اور ,,بی،، اور ,,سی،، بلاک والوں کو ٹیلیفون کال ,,اے،، بلاک میں جا کر سننا پڑے گی ۔ بعض اوقات ٹرنک کال ہوتی ہے یا اگر وہاں سے ٹرنک کال بک کی جائے تو دو دو گھنٹہ وہاں انتظار کرنا معمولی بات ہے ۔ بعض اوقات کال آتی ہے تو زیاد، دیر رک نہیں سکتی یا ہم مل نہیں سکتے ۔ ہمیں اس طرح کی بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے میں درخواست کرتا ہوں کہ ,,بی،، اور ,,سی،، بلاک میں اسی طرح سے ٹیلیفون لگے رہنے دیں جس طرح اب ہیں ۔ ان کو قطعاً نہ اٹھایا جائے اور باقی جیسا کہ اجون خان صاحب نے فرمایا ہے اوپر کی منزل میں بھی ٹیلیفون رکھ دئیے جائیں تاکہ ممبران کو تکالیف نہ ہوں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے ٹیلیفون ایکسچینج کی جو proposal تھی وہ ایمرجینسی کی وجہ سے turn down ہو گئی ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ اس پر تیس چالیس ہزار روپیہ سے زیادہ خرچ نہیں ہوگا یہ ایسی رقم نہیں جو حکومت نہ دے سکے ۔ اگر حکومت اتنی رقم نہیں دے سکتی تو ممبران کے الاؤنس سے رقم کاٹ کر ٹیلیفون لگا دئے جائیں ۔ مجھے امید ہے کہ قائد ایوان کم از کم دس ہزار روپیہ تو ضرور دے دیں گے ۔

ملک محمد اختر۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں جناب حیران ہوں اسبات کو سن کر کہ آپ نے proposal دی تھی لیکن گورنمنٹ نے turn down کر دی ۔ آپ soverign باڈی ہیں آپ بجٹ بناتے ہیں آپ

ایک ہزار کے بجائے ۱۰ ہزار روپے بجٹ میں رکھیں اور ٹیلیفون لگوائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ آرڈر آرڈر ۔ چودھری صاحب آپ نے ٹیلیفون کی خرابی کے متعلق جو پریولیج موشن دیا ہے اس کے متعلق ایوان کی رائے یہاں واضح طور پر بیان کی گئی ہے اور فاضل وزیر صاحب نے بھی اس کو سنا ہے میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک آپ کی تکالیف کا تعلق ہے جو تکالیف میرے نوٹس میں آئی ہیں میں فاضل وزیر communications کے نوٹس میں لاتا ہوں اور مجھے آج تک خوشی اور مسرت ہے کہ ہمیں ان سے پورا پورا تعاون ملتا رہا ہے ۔ وزیر مواصلات نے آپ کی سہولتوں کے لئے کبھی تعرض یا تامل نہیں کیا لیکن جہاں تک آپ کی تکالیف کا تعلق ہے ہمیں پورا پورا احساس ہے کہ یہ تکالیف دور ہونا چاہئیں ۔ لیکن جیسا کہ آپ صاحبان کو معلوم ہے کہ یہ معاملہ سنٹر سے متعلق ہے اور فاضل وزیر مواصلات نے فرمایا ہے اس معاملہ میں پوری پوری دلچسپی لیں گے اور اس معاملہ کی اچھی طرح سے دیکھ بھال کرکے جو بھی مناسب قدم ہو سکے گا اس کے لئے جلد سے جلد کوشش کریں گے کہ ٹیلیفون کنکشن بحال کر دیا جائے ۔ اور دیگر تکالیف رفع کی جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ خاصے effective اور powerful منسٹر ہمیں اور جہاں تک ان کے اپنے محکمہ کا تعلق ہے وہ جس سے جو کچھ commit کرتے ہیں اسے نبھانے کی کوشش کرتے ہیں اور اپنے محکمہ پر ان کا بڑا hold ہے مجھے توقع ہے کہ آپ کی شکایات جلد سے

جلد حل ہو جائیں گی ایسی صورت میں آپ اس معاملے کو press نہ کریں - اور یہ وزیر مواصلات پر چھوڑ دیں تو یہ مسئلہ حل ہو جائیگا -

چودھری محمد ادریس - مجھے کوئی اعتراض نہیں -

رانا پھول محمد خان - آپ نے فرمایا ہے کہ وزیر مواصلات بڑے powerful وزیر ہیں اور ان کا محکمہ پر بڑا hold ہے تو کیا کچھ ایسے بھی وزیر ہیں جن کا hold نہیں ہے -

مسٹر سپیکر- میرے اس observation سے ہاؤس کو یا کسی شخص کو یہ تاثر نہیں لینا چاہئے کہ میرے observation کا یہ مطلب تھا میرا observation صرف ان ہی تک محدود تھا اور میں نے ان ہی کے متعلق یہ عرض کیا تھا میں نے ان کے متعلق صرف نہیں کہا تھا میں ہر وزیر صاحب کی پوری پوری عزت کرتا ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ ہر وزیر اپنے محکمہ کے متعلق effective ہے - اور ان کا پوری طرح سے اپنے محکمہ پر کنٹرول ہے اور آپ کے حقوق کی وہ نگہداشت کر سکتے ہیں -

ADJOURNMENT MOTIONS

RAPE OF A MARRIED WOMAN BY A CONSTABLE OF P.S. TOBA TEK SINGH

Mr. Speaker : We will now take up adjournment motion by Malik Muhammad Akhtar; it is No. 200. Yes, Mr. Law Minister.

Minister of Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund): Sir, in this connection, I had made a statement already but you were pleased to observe that the facts of the investigations should also be had. I have made further inquiries and I am informed that during the course of investigation Mst. Halima who is the complainant, had admitted before the D.S.P. in the presence of her husband Mr. Hafeez and in the presence of some respectable persons of the town, that the allegation of rape was false. In view of this statement and other facts of the investigation, I think it was not thought appropriate to suspend the Constable concerned ?

Mr. Speaker : Has the case been cancelled ?

Minister for Law : Not yet Sir, pending investigations. The D.S.P. Incharge of the investigations has retired lately and the matter has not been finalised as yet.

Mr. Speaker : But the investigation has so far revealed that no rape has been committed.

Minister for Law : Sir, the investigations has revealed that the complainant herself stated that the allegation was false.

Malik Muhammad Akhtar : But what about the medical report ?

Minister for Law : Yes Sir, I thought the Member will ask for it and for your information I may state.....*(interruptions)*.

Mr. Speaker : I think the prosecutrix does not admit that she was raped.

Minister for Law : Yes Sir.

Mr. Speaker : Let me have the views of Malik Muhammad Akhtar ; yes please.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - یہ بالکل ایسا ہی case ہے جس کے متعلق سابق وزیر اس ہاؤس - - -

مسٹر سپیکر - ملک صاحب یہ فرمایئے کہ ان کا جو کچھ بیان ہے اس کے بعد آپ کیا فرمانا چاہتے ہیں -

ملک محمد اختر - جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ کہہ رہا ہوں کہ پولیس نے اپنے کو بدنامی سے بچانے کے لئے اس عورت پر دباؤ ڈال کر جو حالیہ واقعہ اس ہاؤس میں پیش کیا گیا ہے اس سے زبردستی سٹیٹمنٹ لے لیا ہے کہ اس کے ساتھ کوئی واقعہ نہیں ہوا - اس کی further analysis کے لئے میں میڈیکل رپورٹ مانگتا ہوں جو اس case کے متعلق ہے - آخر آپ نے مقدمہ درج کیا تو مقدمہ درج کرنے کے بعد آپ - میڈیکل رپورٹ مرتب کی ہو گی - اگر وزیر قانون سمجھتے ہیں کہ پولیس الزام سے مبرا ہے تو وہ میڈیکل رپورٹ اس ہاؤس میں کیوں نہیں پڑھتے - ظاہر ہے کہ جو لوگ خود گناہ کرنے والے ہوں یعنی پولیس خود گناہ کرے اور ایک عورت جو ان کے چنگل میں ہو تو پولیس کے اعلیٰ افسر یعنی اسسٹنٹ ڈی-ایس-پی وغیرہ نے اپنی بدنامی کی وجہ سے اس عورت پر influence کیا اور اس سے ضرور ایسا سٹیٹ منٹ لے لیا ہے - میں عرض کرتا ہوں کہ ہاؤس میں کیوں میڈیکل رپورٹ نہیں پڑھتے میں سمجھتا ہوں کہ یہ case متعلقہ ڈسٹرکٹ پولیس سے نکال کر کرائم برانچ کی پولیس کے حوالے کیا جائے - تا کہ جو صحیح واقعات ہیں وہ منظرعام پر آئیں - اور اگر میڈیکل رپورٹ ہے تو وہ influence کرکے حاصل کی گئی ہے - جناب یہ پولیس سرجن سے رابطہ قائم کئے ہوئے ہیں میں مطالبہ کرتا ہوں کہ یہ جو معاملہ ہے اس کی کسی اور ایجنسی سے انکوائری کرائی جائے - مثلاً کرائم برانچ ہے یا سپیشل پولیس ہے

تا کہ صحیح واقعات منظر عام پر آئیں ۔ میں allege کرتا ہوں کہ ڈی۔ایس۔پی نے اپنے محکمہ کو بدنامی سے بچانے کے لئے عذر گناہ بدتر از گناہ کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کا یہ قیاس ہے یا اس کے متعلق آپ definite اطلاعات رکھتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ اس کے متعلق میں بالکل convinced ہوں

This is my conviction.

آخر لا منسٹر صاحب میڈیکل رپورٹ کیوں نہیں پڑھتے ۔ وہ پڑھیں ۔

Mr. Speaker : I do not think the Minister has the medical report with him.

Minister for Law: For the information of my friend and the House, I may say that she was immediately sent for a medical examination. No mark of violence was detected on her person. If any forcible offence is committed on anybody, it does leave some mark of violence on the person of that man.

Malik Muhammad Akhtar : Then it means that the rape was committed with the consent of the woman.

Minister for Law : I am not saying this she herself has denied it.

Malik Muhammad Akhtar : Then the rape was committed by her consent I say.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جو شخص جس حلقہ کی نمائندگی کرتا ہے اس کو معلوم رہتا ہے اس کے علاوہ آپ کو ذاتی طور پر علم ہے ویسے میں ان معاملوں میں اس ایوان میں اس حد تک وضاحت نہیں کرنا چاہتا جس سے بعض ایسی باتیں جو کہ اس ایوان میں کہنا مناسب نہیں ہیں کہا جا سکیں ۔ لیکن میں وزیر قانون کی خدمت میں مودبانہ

عرض کروں گا کہ عام طور پر ہمارے ملکی حالات ایسے ہیں اور ٹوبہ ٹیک سنگھ اس سے مستثنیٰ نہیں ہے اگر کوئی پولیس کا اہل کار چاہے وہ چھوٹا ہی اہل کار کیوں نہ ہو اس قسم کی حرکت کرتا ہے تو محکمہ کے ذمہ دار افسران اسے اپنے وقار کا مسئلہ بنا لیتے ہیں ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جناب ڈی۔ایس۔پی اتفاق سے انتہائی دیانتدار افسر تھے لیکن وہ ریٹائر ہو گئے ۔ انہوں نے خود پرچہ درج کیا ۔ گواہان پر بیرونی دباؤ ڈالا گیا اور وہ اپنے بیانات سے منحرف ہو گئے ۔ جب یہ حالات ہوں تو حکومت کچھ نہیں کر سکتی ۔ میں حکومت سے درد مندانہ عرض کروں گا کہ ہمارے ملک میں یہ ماحول ہے کہ اس قسم کے جرائم کے ارتکاب کے باوجود ایک عام آدمی جرات نہیں کر سکتا کہ کھلے بندوں مقدمے کی پیروی کر سکے ۔

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I will have to stand on my legs. I demand that the Law Minister should be ordered to read out the medical report before this House.

Mr. Speaker : I don't think he has the report with him.

ملک محمد اختر ۔ وہ کہتے ہیں کہ تشدد نہیں ہوا لیکن وہ rape کو deny نہیں کر رہے Why has he not sent for the medical report میں کہتا ہوں کہ ایڈیشنل ایس ۔ پی کو معطل کرنا چاہئے جس نے ایسی رپورٹ بھیجی ۔ ایک تو rape ہوا اور ان کے کہنے کے مطابق میڈیکل رپورٹ سے ثابت ہوتا ہے کہ rape ہوا ہے لیکن تشدد نہیں ہوا ۔ تشدد تو نہیں کیا گیا لیکن یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ٹھیک ہے کہ اس عورت کے ساتھ زنا کیا گیا اور ان کے کہنے کے مطابق زنا بالجبر نہیں تھا ۔ جناب سپیکر میں اس پر شدید احتجاج کرتا ہوں ۔ کیا عوام کو اس طرح ہی تحفظ دیں گے پولیس کے ہاتھوں ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی کی عزت محفوظ

نہیں ۔ اگر میڈیکل رپورٹ سے rape پایا جائے تو میں کہتا ہوں کہ اس ایڈیشنل ایس ۔ پی کو معطل کیا جائے اور اس کو معطل کرنے کا حکم دیا جائے ۔

The motion may be deferred for one hour. We would like to hear what is the medical report in this case. It is a shameful action.

Mr. Speaker : As has been statted by the learned Law Minister the facts have been denied....

Malik Muhammad Akhtar : Not denied. He has admitted rape.

Mr. Speaker : No interruption while I am giving my ruling.

Malik Muhammad Akhtar : I apologise.

Mr. Speaker : You can have interruptions in a parliamentary way when the Ministers are on their legs but not when I am giving my ruling.

Malik Muhammad Akhtar : I apologise.

Mr. Speaker : The Prosecutrix herself has denied the allegations made in the adjournment motion itself. The motion, therefore, is not based on the proved facts. It it ruled out of order.

———

DEMOLITION OF A PLATFORM USED FOR PRAYERS IN NAZIMABAD BY THE KARACHI MUNICIPAL CORPORATION

Mr. Speaker : Next motion is again from Malik Muhammad Akhtar.

Minister for B. D. & Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, this is No. 201. In this adjournment motion what the Member wants to discuss is :

> "...the Karachi Municipal Corporation with the aid of Local Police has demolished a platform used for prayers in block No. 2, Nazimabad, Karachi. The plot has been converted into garden. Police escort equipped with tear gas has been deputed to protect the plot. The publication of the news has perturbed the mind of the public of West Pakistan."

The factual position about this case is that the plot in question is in front of an old Imambara and is reserved for municipal park as it belongs to the K. M. C. Within the last few months some people unauthorisedly raised an unauthorised kutcha platform for offering prayers. Since it was felt that the institution of this unauthorised platform may lead to some sectarian trouble it was decided by the D. C. Karachi and the Chairman, K. M. C. that the same may be removed. Accordingly the platform was removed by the K. M. C. authorities under the supervision of the S.D.M. Karachi and the local police. Eversince the removal of this structure no delegation has either been received by the D. C. Karachi or by the Chairman of the K. M. C. According to the Chairman, K. M. C., as well as D. C., Karachi there was no agitation over this issue.

As such there is no urgency in the matter and the motion may be ruled out of order.

This action by the authorities was taken under the ordinary administration of law. It is not correct to say that by demolishing that platform that plot has been turned into a garden. As a matter of fact this plot was actually reserved for that purpose. Some people had unauthorisedly occupied it for saying prayers I agree that to say prayers is a noble cause. It is the duty of every Muslim. But, I hope the Member will agree, while earmarking some plots for that purpose the law shall not be ignored and every thing will be done according to law. Islam stands for and preaches to protect the rights of other and the rule of law. So, Sir, whatever has been done has been done in the administration of law.

In these circumstances this motion may be ruled out of order.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - جناب وزیر متعلقه نے اعتراف کیا هے که وه جگه ایسی هے جس کو بطور مسجد استعمال کیا گیا نماز کے لئے - تو جب کسی جگه کو بطور مسجد استعمال کیا جائے تو اس کے بعد پاکستان کی حکومت میں کسی اهلکار کو یه جرات نهیں هونی چاهئے که اس جگه کو مسمار کرے- اگر یه گارڈن پلاٹ تها تو اس کا پلیٹ فارم جس کو نماز کے لئے استعمال کیا گیا اس کو چهیڑنے کی کسی کو جرات نهیں هونی چاهئے تهی - رپورٹ کے مطابق tear-gas squad متعین کیا گیا اور پولیس بهی تعینات کی گئی اور اس کے بعد مزید بدامنی نه

پھیلی ۔ جناب والا۔ یہ پہلا واقعہ نہیں۔ اس سے پیشتر بھی میونسپل کمیٹی کے اداروں نے اکثر ایسی جگہوں کو مسمار کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت نے غفلت کی ہے جو پہلے ان کو کھلے بندوں چھٹی دیدی تو ایسی چیزیں میں سمجھتا ہوں کہ جائز نہیں ہیں ۔

Mr. Speaker : I agree with the Minister for Basic Democracies that action has been taken in the ordinary administration of law. The motion is, therefore, ruled out of order.

Next motion is by Haji Sardar Atta Muhammad.

HARASSMENT OF SINDH UNIVERSITY STUDENTS BY ARMED POLICE

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں کہ ایک فوری اور اہمیت عامہ رکھنے والے معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کیجائے ۔ معاملہ یہ ہے کہ سندھ یونیورسٹی کے تقریباً ڈھائی ہزار طلبا کے مستقبل کے تباہ ہونیکا خطرہ پیدا ہوگیا ہے کیونکہ امتحانوں میں صرف ایک ماہ رہ گیا ہے لیکن طلبا اس کی تیاری کرنے کے قابل نہیں ہیں ۔ اس کیوجہ یہ ہے کہ یونیورسٹی اولڈ کیمپس اور نیو کیمپس اور تقریباً تمام ہوسٹلوں میں مسلح پولیس کا سخت پہرہ ہے جو کہ طلبا کو ہراساں کر رہے ہیں ۔ جو طلبا گھروں میں رہتے ہیں وہ گھروں سے اس لئے باہر نہیں نکلتے کہ ان کو ہر وقت اپنے اوپر غنڈوں کے حملہ کا خطرہ ہے ۔

Minister of Education : Opposed Sir. This adjournment motion does not pertain to any single matter.

مسٹر سپیکر ۔ آپ اس کے متعلق اپنا نقطہ نگاہ پیش کر سکتے ہیں ۔

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ جناب والا ۔ یہ تحریک specific نہیں ہے ۔ دوسری عرض یہ ہے کہ یہ تازہ ترین واقعہ نہیں ہے ۔ یہ specific اس لحاظ سے نہیں ہے کہ اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ مسلح پولیس یونیورسٹی کے اولڈ اور نیو کیمپس میں موجود ہے جس سے طلبا ہراساں ہو رہے ہیں ۔ دوسری بات اس میں یہ بیان کی گئی ہے کہ جو طلبا ہوسٹلوں میں نہیں رہتے ہیں ۔ اپنے گھروں میں رہتے ہیں ۔ انہیں یہ خطرہ ہے کہ وہ اپنے گھروں سے باہر نکلیں گے تو غنڈے ان پر حملہ آور ہو جائیں گے ۔ جہاں تک مجھے علم ہے اور اس تحریک کے محرک کو بھی علم ہو گا ۔ کہ یہ یونیورسٹی یکم جون سے بند ہو چکی ہے ۔ موسم گرما کی تعطیلات شروع ہو چکی ہیں چند دنوں سے اس یونیورسٹی میں طلبا کے دو طبقوں میں کچھ کشیدگی اٹی جاتی ہے ۔ کچھ طلبا سٹرائیک پر تھے کچھ ایسے تھے جو اس کے مخالف تھے ۔ ان میں آپس میں کشیدگی تھی ۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے ایم ۔ پی ۔ اے حضرات ایم ۔ این ۔ اے حضرات اور شہر کے دیگر معززین کی میٹنگ بلا کر انہیں کہا کہ وہ امن کی اپیل کریں ۔ ۷ مئی کو یونیورسٹی دوبارہ کھل گئی ۔ کچھ عنصر ایسا تھا جن کی خواہش تھی کہ یونیورسٹی بند رہے ۔ انہوں نے جگہ بہ جگہ ان لڑکوں پر حملے کرنے شروع کر دئیے جو اس سٹرائیک کے حق میں نہ تھے ۔ وائس چانسلر کی درخواست پر پولیس کو متعین کیا گیا تا کہ مزید گڑ بڑ نہ ہو ۔ چونکہ پولیس کو وہاں ۱۹ مئی سے متعین کیا گیا ہے لہذا میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی آج کی بات نہیں ہے ۔

دوسرے عرض یہ ہے کہ کمشنر نے وہاں کے معزز شہریوں کی یک کمیٹی مقرر کی ہے تا کہ وہ طلبا کو سمجھائیں اور ان کی جو آپس

کی چپقلش ہے وہ ختم ہو جائے ۔ ساتھ ہی ساتھ وائس چانسلر نے ہوسٹل میں رہنے والے طلبا کے لئے ایک کمیٹی بنائی ہے ۔ ان میں کچھ سندھی ہیں کچھ غیر سندھی ہیں ۔ کچھ ایسے لوگ ہیں جو سٹرائیک کے مخالفین میں سے تھے ۔ کچھ ایسے ہیں جو اس کے حق میں تھے ۔ ان کی میٹنگیں وقتاً فوقتاً ہوتی رہتی ہیں اور وائس چانسلر صاحب خود اس میں حصہ لیتے رہتے ہیں ۔

میں ایوان کی اطلاع کے لئے یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہاں حالات قابو میں ہیں ۔ مکمل کنٹرول میں ہیں ۔ جس وقت وائس چانسلر صاحب یہ محسوس کریں گے کہ وہاں پولیس کے پہرے کی ضرورت نہیں اسے ہٹا دیا جائیگا ۔ ویسے بھی آج کل وہاں چھٹیاں ہیں ۔ طلبا کی غالب اکثریت اپنے اپنے گھروں کو چلی گئی ہے ۔ تھوڑے سے طلباً وہاں رہ رہے ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ پولیس کے پہرے سے وہ کیوں ہراساں اور پریشان ہیں ۔ وہ تو ان کی حفاظت کے لئے وہاں موجود ہیں ۔ ان حالات کے پیش نظر میں اس قرار داد کی مخالفت کرتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیر پور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے یہ جو تحریک پیش کی ہے ۔ یہ چھوٹا مسئلہ نہیں ۔ یہ بہت بڑا ہو گیا ہے ۔ اس سے ہمارے تعلیم منسٹر صاحب کو انکار نہیں ۔ اس سے پہلے بھی کئی بار وہاں اس خطرہ کے پیش نظر جنیجو صاحب اور تعلیم منسٹر صاحب گئے ۔ مگر انہوں نے اس بات کے اوپر قابو نہیں پایا ۔ مجھے ڈر ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔

منسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ کو یہ کیسے معلوم ہے کہ منسٹر صاحبان وہاں گئے تھے ۔

حاجی سردار عطا محمد - اخبارات میں تھا - ہر جگہ تھا -

مسٹر سپیکر - کیا وہ اس معاملہ کے لئے وہاں گئے تھے - اس کا مطلب ہے کہ یہ معاملہ آپ کے علم میں پہلے سے تھا -

حاجی سردار عطا محمد - اب جب میں نے یہ تحریک پیش کی ہے تو یہ لئے مسئلہ کے متعلق کی ہے - آپ مجھے بھلائیں نہیں - میں بالکل صحیح بات پیش کرتا ہوں - یہ مسئلہ اچانک پیدا ہوا ہے - اس لئے میں منسٹر صاحب اور گورنر صاحب تک یہ آواز پہنچانے میں حق بجانب ہوں کہ بعض لوگ اس یونیورسٹی کو ہم سے چھیننا چاہتے ہیں - وہ چاہتے ہیں کہ یہ یونیورسٹی بند ہو کر کراچی یا اور کہیں چلی جائے - اور اس سکیم میں کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کو ماخوذ کرتے ہیں - کمشنر صاحب نے جو کمیٹی بنائی ہے اس پر کسی کو اعتماد نہیں - وہ کمیٹی کیا کام کرے گی آپ صوبائی اسمبلی سے پانچ ممبر لیں اور قومی اسمبلی سے دو ممبر لیں اور آپ اور قائد ایوان مل کر اس مسئلہ کو حل کریں - آپ اسے چھوٹا نہ سمجھیں - یہ بہت اہم مسئلہ ہے - سندھ میں اس کی وجہ سے بہت انتشار ہے - اور یہ چیز پاکستان کے لئے بہت خطرناک ہے - آپ اسے معمولی سمجھ کے کبھی پولیس بلا لیتے ہیں کبھی لڑکوں کو جیل میں ٹھونس دیتے ہیں - ایک ماہ امتحان میں رہ گیا ہے وہ کیسے امتحان دیں گے - آپ کمشنر کے اوپر یہ بوجھ نہ ڈالیں اور کوئی طریقہ سوچیں یہ آپ کا مسئلہ ہے - آپ کو اسے حل کرنا ہے - میں اب آپ کو قرآن پاک کی ایک آئیت سناتا ہوں -

هو الذی جعلکم خلائف الارض و رفع بعضکم فوق بعض درجت لیبلوکم فی ما اتکم ان ربک سریع العقاب و انه لغفور رحیم ۔

"اور وھی ھے جس نے بنایا تمہیں خلیفہ زمین میں اور بلند کیا تم میں سے بعض کو بعض پر درجوں میں" جو آپ کو منسٹر بنایا گیا ھے ۔ آپ کو درجہ دیا گیا ھے ۔ یہ آزمائش کے طور پر ھے "تاکہ آزمائے تمہیں اس چیز میں جو اس نے تمہیں عطا فرمائی ۔ بے شک تمہارا رب بہت جلد سزا دینے والا ھے اور یقیناً وہ بخشنے والا اور رحم فرمانے والا ھے"

اب میں آپ کو ایک حدیث سناتا ھوں ۔

یسروا ولا تعسرو و سکنو ولا تنفروا

"آسانی کرو ۔ اور تکلیف میں مبتلا نہ کرو ۔ اور تسکین دو ۔ اور نفرت پیدا نہ کرو"

آپ وھاں نفرت پیدا کر رھے ھیں ۔ میری یہ گذارش ھے کہ مجھے یہ تحریک بحث میں لانے کی اجازت دی جائے ۔ ھاؤس اس پر بحث کرے اور سوچ سمجھ کر اس کے متعلق فیصلہ کرے ۔

منسٹر سپیکر ۔ فاضل وزیر تعلیم نے یہ واضح فرمایا ھے کہ سندھ یونیورسٹی میں ۱۹ مئی سے پہرا موجود ھے اور حاجی عطا محمد صاحب نے بھی اس امر کو تسلیم کیا ھے کہ یہ واقعہ ھوا ھے اور یہ پہرہ کافی عرصہ سے وھاں موجود ھے ۔ اور یہ معاملہ ان کے نوٹس میں پہلے بھی موجود تھا ۔ جب یہ ان کے علم میں تھا کہ فاضل وزرا بھی وھاں گئے تھے تو میں سمجھتا ھوں کہ ان حالات کے پیش نظر یہ حالیہ وقوع پذیر واقعہ نہیں ھے اس لئے یہ تحریک التوا خلاف ضابطہ قرار دی جاتی ھے ۔

Minister of Irrigation & Power: Sir I have to make a brief statement.

Mr. Speaker: After the leave applications and the motions for extension of time are over,

LEAVE OF ABSENCE OF M. P. As.

Mr. Speaker : Now we will take up the leave applications of Members.

Malik Kibat Khan

Secretary : The following application has been received from Malik Kabit Khan, M. P. A. :—

گذارش ہے کہ سائل مورخہ ۲۳ جون
۱۹۶۷ء تا ۲۶ جون ۱۹۶۷ء بیمار رہا ہے اس
لئے از راہ کرم سائل کو ان ایام کی چھٹی عطا
فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Pir Syed Nasir-ud-Din Shah

Secretary : The following application has been received from Pir Syed Nasir-ud-Din Shah, M. P. A. :—

بندہ مورخہ ۱۴ جون ۱۹۶۷ء کو ریونیو کی
میٹنگ میں بوجہ بیماری حاضر نہیں ہو سکا ۔
لہذا رخصت منظور فرمائی جاوے

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SYED SHER ALI SHAH

Secretary : The following application has been received from Syed Sher Ali Shah, M. P. A.:—

> "I could not attend the Session of the Provincial Assembly on 19th and 20th June, 1967, due to some urgent work at my home. I, therefore, request that you would kindly move the Provincial Assembly to grant me leave for 19th and 20th June, 1967."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS SARDAR SHABBIR AHMAD KHAN

Secretary : The following applitcation has been received from Rais Sardar Shabbir Ahmad Khan, M. P. A. :—

> "I am suffering from flue. It is, therefore, requested that I may be allowed absence for one week, i.e., 22th June, 1967 to 28th June 1967 from the proceeding of the Assembly."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SARDAR BAHADUR NAWAB MUHAMMAD KHAN JOGEZAI TUMANDAR

Secretary : The following application has been received from Sardar Bahadur Nawab Muhammad Khan Jogezai Tumandar, M. P. A.:—

گذارش ہے کہ بندہ کافی دنوں سے بیمار
ہے ۔ اور کوئٹہ ملٹری ہسپتال میں زیر علاج
ہے ۔ اس لئے بیماری کی وجہ سے اجلاس میں
شرکت نہیں کر سکا ۔ لہذا التماس ہے کہ

۲۲ مئی ۱۹۶۷ء سے لیکر تا اجلاس کے اختتام
تک چھٹی منظور فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MAHMOOD AZAM FOROOQI

Secretary : The following application has been received from Mr. Mahmood Azam Farooqi, M. P. A. :—

"I am to-day leaving Lahore on some private engagements and shall not be able to attend the current Assembly Session from 30th June, 1967 to the end. I shall be grateful, therefore, if you will kindly arrange for the requisite leave to be granted to me."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. ABDUR REHMAN

Secretary : The following application has been received from Mr. Abdur Rehman, M. P. A. :—

گذارش ذیل ہے ۔ میں بیمار ہوں اور گھر
میں بھی بیماری ہے واپس گھر جا رہا ہوں ۔
اسلئے اسمبلی کے اجلاس کے باقی دنوں میں
شرکت کرنے سے معذور ہوں مہربانی فرما کر
مورخہ ۱۴ جون ۱۹۶۷ء سے اجلاس کے اختتام
تک کی رخصت عنایت فرما کر مشکور فرمایا
جاوے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. ABDUR REHMAN

Secretary : The following application has been received from Mr. Abdur Rehman, M. P. A. :—

گذارش ہے کہ مورخہ ۷ جون ۱۹۶۷ء
اور ۹ جون ۱۹۶۷ء کو میں حاضری کے
رجسٹر میں حاضری نہیں لگا سکا ۔ کیونکہ
میں بیمار تھا اور اسمبلی نہیں آ سکا مہربانی
فرما کر ان دنوں میں میری حاضری شمار
کی جاوے کیونکہ میں لاہور میں تھا ۔ مگر
حاضری نہیں لگا سکا ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN SAIFOOR KHAN

Secretary : The following letter has been received from Khan Saifoor Khan, M. P. A. :—

گذارش ہے کہ میں نے مورخہ ۳۰ جون
۱۹۶۷ء تک چھٹی حاصل کی تھی ۔ چونکہ
میں بیمار ہوں اور چلنے پھرنے سے قاصر ہوں ۔
اس لئے میں یکم جولائی ۱۹۶۷ء کو اسمبلی میں

حاضر نہ ہو سکونگا ۔ اس لئے برائے مہربانی
تا اختتام اسمبلی چھٹی دی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS ATTA MUHAMMAD KHAN MARI BALOCH

Secretary : The following letter has been received from Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch, M.P.A :—

"I have remained absent from Seasion on 27th and 28th June, 1967 because I had to go to attend the Meeting of the ETA Hyderabad held on Tuesday 27th June. Kindly grant leave."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS ATTA MUHAMMAD KHAN MARI BALOCH

Secretary : The following application has been received from Rais Atta Muhammad Khan Mari Baloch, M.P.A:—

"I could not attend the meeting of Standing Committee of Revenue due to illness. The meeting was held on 29th and 30th March, 1967. Kindly grant the leave."

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR MUAMMAD MUSA KHAN BUGHIO

Secretary : The following application has been received from Mr. Muhammad Musa Khan Bughio, M.P.A. :—

> "Due to illness I failed to attend the meetings of Assembly held from 18th June, 1967, to 26th June, 1967.
>
> House may, therefore, kindly be moved for my leave for said dates."

Mr. Speaker : The question is :

> That the leave asked for be granted

The motion was carried.

HAJI IMAM ALI UNAR

Secretary : The following application has been received from Haji Imam Ali Unar, M.P.A :—

> "I have to go my village due to important domestic affairs. Therefore kindly grant me leave from 3rd July, 1967 and onwards."

Mr. Speaker : The question is :

> That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. JAFAR HUSSAIN JAFFERY.

Secretary : The following application has been received from Mr. Jafar Hussain Jaffery, M.P.A :—

> "I have not been able to attend the sittings on 24th, 26th, 27th and 28th June due to my illness. I would, therefore, request your honour to grant me the leave for the above four days."

Mr. Speaker : The question is :

> That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZIR AHMED

Secretary : The following application has been received from Mian Nazir Ahmed, M.P.A :—

گذارش ہے ۔ کہ میں مورخہ ۲۸ جون
۱۹۶۷ بوجہ بیماری اسمبلی کا اجلاس اٹینڈ
نہیں کر سکا ۔ میری مورخہ ۲۸ جون ۱۹۶۷ء
کی چھٹی منظور فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZAR MUHAMMAD KALUKA

Secretary : The following application has been received from Mian Nazar Muhammad Kaluka, M.P.A. :—

بندہ مورخہ ۲۳ جون اور ۲۴ جون کو
کسی ضروری کام کے لئے گھر چلا گیا تھا ۔
برائے مہربانی دو دن کی رخصت منظور فرمائی
جاوے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NAWABZADA SHEIKH UMER

Secretary : The following application has been received from Nawabzada Sheikh Umer, M.P.A. :—

گذارش ہے ۔ کوئٹہ اور کراچی اہم اور
ضروریات کی وجہ سے میں ۹ جون سے ۱۲
جون تک اسمبلی اجلاس میں شرکت نہ کر
سکا ۔ مہربانی فرما کر ۹ جون سے ۱۲ جون
تک کی رخصت عطا فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker : The question is:

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

PIR QURBAN ALI

Secretary : The following application has been received from Pir Qurban Ali, M.P.A. :—

"I am leaving Lahore on 3rd July to attend to call from Home on very urgent matter hence I will not be able to attend the Assembly meeting on 3rd July and onwards. Therefore, you will be pleased to place this application before the Hon : House for granting leave for the period 3rd July and onwards."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

QAZI GHULAM SHABBIR

Secretary : The following application has been received from Qazi Ghulam Shabbir, M.P.A. :—

گذارش ہے ۔ کہ بوجہ بیماری میں ۵ جون
۱۹۶۷ء ، ۲۰ جون ۱۹۶۷ء ، ۲۶ جون

۱۹۶۷ء اور ۲۹ جون ۱۹۶۷ء کو اسمبلی کے
اجلاس میں شرکت نہیں کر سکا۔ لہذا التماس
ہے کہ ان ایام کی رخصت عطا فرمائی جائے۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN MUHAMMAD ISLAM

Secretary : The following application has been received from Mian Muhammad Islam, M.P.A :—

گذارش ہے۔ کہ بندہ ۲۹ جون ۱۹۶۷ء
کو بغرض شہادت ایک دن کے لئے خان پور
چلا گیا تھا۔ برائے مہربانی چھٹی کی اجازت دی
جاوے۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAWAJA JAMAL MUHAMMAD KORAIJA

Secretary : The following application has been received from Khawaja Jamal Muhammad Koraija, M.P.A. :—

مجھے چند ضروری کاموں کے لئے گھر
جانا پڑا لہذا ۲۶ جون سے ۳۰ جون تک کی
رخصت منظور فرمائی جاوے۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

RAIS SARDAR SHABBIR AHMAD KHAN

Secretary: The following telegram has been received from Rais Sardar Shabbir Ahmad Khan, M.P.A :—

> "Due to death of my uncle and ill health I could not attend this Session from 21st June and find unable to attend till the end of the Session. Please excuse my absence from the Session and Home Affairs Committee as well which falls due in August."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NAWABZADA GHULAM QASIM KHAN KHAAWANI

Secretary: The following application has been received from Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani, M.P.A. :—

> "I could not attend the Assembly Sessions on 30th May, 12th, 17th, 26th, 27th and 30th June, 1967, due to some private work. I request that my absence on the above dates may please be condoned."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN GUL HAMEED KHAN

Secretary: The following application has been received from Khan Gul Hameed Khan, M.P.A. :—

گذارش ہے ۔ کہ بندہ نے ڈسٹرکٹ
کونسل میانوالی کی بجٹ میٹنگ میں شمولیت
کرنی ہے ۔ لہذا مجھے ۲۷ جون ۱۹۶۷ء کی
رخصت عطا فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUNAWAR KHAN

Secretary: The following application has been received from Mr. Munawar Khan, M.P.A. :—

"On receipt of an urgent call from home, I shall be proceeding to my home District Bannu, to-morrow in the morning.

Please grant me leave for the remaining days."

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN MUHAMMAD AFREEN KHAN

Secretary: The following application has been received from Khan Muhammad Afreen Khan, M.P.A :—

میں کچھ دنوں سے بیمار ہوں ۔ اس لئے
مورخہ ۳ جون سے ۶ جون تک چھٹی دے
کر ممنون فرماویں ۔ میں یہیں لاہور میں
ہوں ۔ اور علاج کرا رہا ہوں ۔

Mr. Speaker: The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. MUHAMMAD UMER QURESHI

Secretary: The following application has been received from Mr. Muhammad Umer Qureshi, M.P.A. :—

گذارش ہے ۔ کہ مورخہ یکم جولائی سے
۳ جولائی ۱۹۶۷ء تک میری چھٹی منظور کی
جاوے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

PIR ALI GOHAR CHISHTI

Secretary : The following application has been received from Pir Ali Gohar Chishti, M.F.A. :—

میں ۷ جون اور ۸ جون کو ضروری کاموں
کی وجہ سے اپنے آبائی گاؤں گیا تھا ۔ جس
کی بنا پر اسمبلی میں حاضری نہ دے سکا ۔
لہذا میری چھٹی منظور فرمائی جاوے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

PIR ALI GOHAR CHISHTI

Secretary : The following application has been received from Pir Ali Gohar Chishti, M.P.A. :—

میں مورخہ ۱۵ جون تا ۱۹ جون تک
بیمار ہونے کی وجہ سے اسمبلی میں حاضری
نہیں دے سکا ۔ لہذا میری چھٹی منظور کی
جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN ABDUL SUBHAN KHAN

Secretary : The following application has been received from Khan Abdul Subhan, Khan, M.P.A. :—

میں ۲۲ مئی سے ۲ جون تک بہت
ضروری کام پر مصروفیت کی وجہ سے اسمبلی
کے اجلاس میں حاضر نہ ہو سکا ۔ براہ
مہربانی یہ رخصت منظور کیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

KHAN ABDUL SATTAR KHAN MOHMAND

Secretary : The following application has been received from Khan Abdul Sattar Khan Mohmand, M.P.A. :—

گذارش ہے ۔ کہ مورخہ ۲۲ مئی ۱۹۶۷
سے ۲۶ مئی ۱۹۶۷ کی چھٹی بوجہ بیماری
عنایت کریں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIR WALI MUHAMMAD KHAN TALPUR

Secretary : The following telegram has been received from Mir Wali Muhammad Khan Talpur, M.P.A. :—

"Request leave from 29th June till session due to unavoidable circumstances".

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN MEHRAJ DIN

Secretary : The following application has been received from Mian Mehraj Din, M.P.A. :—

"Due to an urgent piece of work, I could not attend Session on 6th July, 1967 and 7th July, 1967.
Leave may kindly be granted."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SAHIBZADA NOOR HASSAN

Secretary : The following application has been received from Sahibzada Noor Hassan, M.P.A. :—

"Due to the death of my uncle I could not take part in the proceedings of the Assembly on 3rd of July 1967. Kindly grant me leave for the same day."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MAKHDUM AKHTAR ALI SHAH QURESHI

Secretary : The following application has been received from Makhdum Akhtar Ali Shah Qureshi, M. P. A :—

"As I was unwell and could not attend the Session on 3rd July, 1967. Please excuse my absence and oblige."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MAKHUM AKHTAR ALI SHAH QURESHI

Secretary : The following application has been received from Makhdum Akhtar Ali Shah Qureshi, M.P.A. :—

> "As I could not attend the Session on 29th June, 1967, I had to seek interview with Field Marshal Mohd Ayub Khan, President of Pakistan at Rawalpindi. Please excuse my absence and oblige."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MALIK QADIR BAKHSH

Secretary : The following application has been received from lik Qadir Bakhsh, M.P.A. :—

گزارش ہے ۔ کہ بوجہ ضروری کاروبار میں
مورخہ ۳ جولائی اور ۴ جولائی ۱۹۶۷ ء کو
اسمبلی سیشن میں حاضر نہ ہو سکا ۔ ان دو روز
کی رخصت عطا فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZIR AHMAD

Secretary : The following application has been received from Mian Nazir Ahmed, M.P.A. :—

گذارش ہے ۔ کہ میں مورخہ ۳ جولائی ۱۹۶۷ء
کو اسمبلی کے اجلاس میں شرکت نہیں کر

سکا ۔ مورخہ ۳ جولائی ۱۹۶۷ کی چھٹی منظور
کی جائے

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. FIDA HUSSAIN HAKRO

Secretary : The following application has been received from Mr. Fida Hussain Hakro, M.P.A. :—

میں بوجہ بیماری اپنے ذاتی معالج کے پاس
کوئٹہ چلاگیا تھا جس وجہ سے میں اسمبلی کے
اجلاس میں یکم جولائی ۱۹۶۶ تا ۱۲ جولائی ۱۹۶۶
تک حاضر نہ ہو سکا ۔ لہذا چھٹی منظور
فرمائیں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MR. NISAR MUHAMMAD KHAN

Secretary : The following application has been received from Mr. Nisar Muhammad Khan, M.P.A. :—

"I was not able to attend the Assembly meeting on the 28th June, 1967 for private reasons. May I please be granted leave."

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

ATALIQ JAFER ALI SHAH

Secretary : The following application has been received from Ataliq Jafer Ali Shah M.P.A :—

"I attended Assembly on 20th June but forgot to sign the register. This may kindly be rectified.

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

MIAN NAZAR MUHAMMAD KALUKA

Secretary : The following application has been received from Mian Nazar Muhammad Kaluka, M.P.A. :—

میں مورخہ ۲۹ مئی ۶۷ ، ۳۱ مئی
۱۹۶۷ ء کو بیماری کی وجہ سے اجلاس میں
شرکت نہ کر سکا ۔ مہربانی فرما کر ان دنوں
کی چھٹی عنایت فرمائی جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEES' REPORT

Mr. Speaker : Now there are some motions for extension of time ; yes Khawaja Sahib.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of Standing Committee on Revenue on the Registration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 55 of 1966) be extended up to 31st December, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of Standing Committee on Revenue on the Registration (West Pakistan Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 55 of 1966) be extended up to 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That the time for the presentation of the report of Standing Committee on Revenue on the Registration (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 8 of 1967) be extended up to 31st December, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for the presentation of the report of Standing Committee on Revenue on the Registration (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 8 of 1967) be extended up to 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani : I beg to move :

> That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Food and Agriculture on the Agriculture Produce Markets (Amendment) Bill, 1966 (Bill No 57 of 1966) be extended upto 31st December, 1967.

Mr. Speaker: Motion moved the question is :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Food and Agriculture on the Agriculture Produce Markets (Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 57 of 1966) be extended upto 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani : I beg to move :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Food and Agriculture on the Punjab Agricultural Produce Markets (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 18 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Food and Agriculture on the Punjab Agricultural Produce Markets (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 18 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I beg to move :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Industries and Commerce on the West Pakistan Tobacco Bill, 1967 (Bill No. 34 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Industries and Commerce on the West Pakistan Tobacco Bill, 1967 (Bill No. 34 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I beg to move :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the North-West Frontier Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967, (Bill No. 33 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Revenue on the North-West Frontier Province New Irrigation Projects (Control and Prevention of Speculation in Land) (Amendment) Bill, 1967, (Bill No. 33 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Chaudhri Anwar Aziz : I beg to move :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Communications and Works on the West Pakistan Motor Vehicle Ordinance (Amendment) Bill, 1966 (Bill No. 44 of 1966) be extended upto 31st December, 1967.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Communications and Works on the West Pakistan Motor Vehicle Ordinance (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 44 of 1966) be extended upto 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Chaudhri Anwar Aziz : I beg to move :

That the time for presentation of the report on the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 39 of 1967) by the Standing Committee be extended upto 31st December, 1967.

حاجی سردار عطا محمد - جناب سپیکر - میں ایک منٹ کے لئے کچھ عرض کرنا چاھتا ھوں وہ یہ کہ میں انگریزی نہیں سمجھتا لیکن اردو سمجھ لیتا ھوں - میرا اندازہ ھے کہ اس وقت بلوں کے لئے مہلت مانگی جا رھی ھے - اگر یہ صحیح ھے تو میں اس کی مخالفت کرتا ھوں - اس کی وجہ یہ ھے کہ ھمارے ملک پر یہ خرچ اخراجات کا فضول بوجھ ھے کیونکہ میں نے دیکھا ھے کہ ان میں کئی ایسے بل بھی ھیں جن پر بہت خرچ ھوا ھے لیکن وہ پیش نہیں ھوئے - میں سمجھتا ھوں یہ بالکل فضول ھے - میں قوم کے چوکیدار کی حیثیت سے اس کی مخالفت کرتا ھوں اور عرض کرتا ھوں کہ ان کو التوا میں نہ ڈالا جائے -

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for presentation of the report on the West Pakistan Press and Publications (Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 39 of 1967) by the Standing Committee be extended upto 31st December, 1967.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Next motion.

Mr. Zain Noorani : I beg to move :

> That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Local Government on the Municipal Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 5 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

حاجی سردار عطا محمد - جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ھے - اب بھی آپ کی وساطت سے ھاؤس کے سامنے وھی الفاظ کہتے ھوئے مخالفت کرتا ھوں کہ رپورٹ کے لئے مہلت نہ دی جائے -

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

> That the time for presentation of the report of the Standing Committee on Local Government on the Municipal

Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1967 (Bill No. 5 of 1967) be extended upto 31st December, 1967.

The motion was carried.

STATEMENT OF THE MINISTER FOR IRRIGATION AND POWER REGARDING THE COMMISSIONING OF MANGLA POWER GENERATORS AND RECLAMATION SHOOTS IN GUJRANWALA

Mr. Speaker : The Minister for Irrigation and Power wanted to make a statement. Yes, Makhdoom Sahib.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمید الدین) ۔ جناب سپیکر۔ جیسا کہ اس معزز ایوان کے علم میں ہے کہ ہمارا ملک ایک زرعی ملک ہے اور زرعی معاشرہ ہونے کی حیثیت سے اس کی خوشحالی اور اس کی ترقی کا مدار زرعی انقلاب پر ہے ۔ زراعت اس وقت منقلب ہو سکتی ہے اور اس کی ترقی اس وقت ہو سکتی ہے جب اس کی ضرورت کے کفیل یعنی پانی کی بہم رسانی ہو اور جب وہ زرعی ضروریات کا کفیل ہو گا تب ہی ہمارا معاشرہ رو بہ اصلاح اور رو بہ ترقی ہو سکتا ہے ۔ پانی ایک ایسی چیز ہے کہ اس کی بہم رسانی ہو اس کی کثرت ہو اور اس کا بہاؤ ہو اور یہ سب کچھ بندے کے ہاتھ میں نہیں بالکہ خالق کے ہاتھ میں ہے ۔ تو جناب کی یقین دھانی اور یاد دھانی کے لئے میں یہ عرض کروں گا کہ چند دن ہوئے اس معزز ایوان میں چند علاقوں کی سیرابی کے متعلق تشویش کا اظہار کیا گیا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تشویش بجا تھی ۔ صحیح تھی اور جذبات حب الوطنی کے تحت تھی ۔ اس تشویش سے ہم بھی معرا نہ تھے ۔ بہر حال ملک کے ادنے خادم ہونے کی حیثیت سے یہ ہماری ذمہ داریوں میں تھا اور میں نے اپنے ایک بیان کے ذریعے عرض کیا تھا کہ یہ مجبوری کے تابع ہے اور اس میں کسی قسم کی کوئی

غفلت نہیں ۔ جب بھی اللہ کے فضل و کرم سے حالات اجازت دیں گے ہم جملہ سہولتوں کو بروئے کار لائیں گے اور تکالیف کو اولین فرصت میں دور کرنے کی کوشش کریں گے ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے اعتراف ہے کہ یہ مسئلہ ان علاقوں کا مسئلہ تھا جہاں سے برآمد کے لئے چاول پیدا ہوتے ہیں اور اس سے زر مبادلہ حاصل کرتے ہیں وہ زر مبادلہ ہمارے ملک کے اندرونی ترقیاتی منصوبوں کی آبیاری کے لئے ترقیاتی منصوبوں پر صرف ہوتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے ان علاقوں کے کاشتکاروں کا پورا احترام ہے ۔ ان علاقوں کے فرزندان زراعت ملک کا بڑا سرمایہ ہیں ۔ ان کی مساعی ان کی جد و جہد حیات افروز ہے ۔ اس لئے میرے دل میں ان کا بڑا احترام ہے اور مجھے ان کی ضرورت کا اعتراف ہے ۔ میں ان تقاضوں کے پیش نظر اور ان جذبات کا حامل ہو کر اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے یہ عرض کروں گا کہ اللہ تعالی کے فضل و کرم سے جو ہم نے اس کی بارگاہ میں التجا کی تھی وہ قبول ہو گئی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ راوی میں پانی آ گیا ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اس غرض کیلئے ہم نے دو دن سے منگلا کو جاری کر دیا ہے اور reclamation shoots کیلئے جو کہا گیا تھا کہ کھول دئے جائیں گے تو وہ کھول دئے گئے ہیں ۔ اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ ہم نے پہلے بھی ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اگر صبح کا بھولا ہوا شام کو گھر آئے تو اسے بھولا ہوا نہیں کہتے ۔

Mr. Speaker : That is no point of order.

وزیر آبپاشی و برقیات - جناب سپیکر۔ ایک دوسری اطلاع بھی میں دے دینا چاہتا ہوں کہ ابھی چند دن ہوئے خواجہ صفدر صاحب قائد حزب اختلاف نے واپڈا کے متعلق کچھ فرمایا تھا تو میں ان کی اطلاع کیلئے عرض کرتا ہوں کہ موجودہ حکومت ہر وہ اقدام کرنے کے لئے ہر وہ تجویز قبول کرنے کیلئے تیار ہے جس کے ذریعہ اندرون ملک جمہوریت کو اور جمہوری اداروں کو اور جمہوری قدروں کو جلا حاصل ہو توانائی حاصل ہو - میں ان کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے واپڈا کی کارکردگی کے متعلق جو کچھ فرمایا وہ ہمارے لئے حوصلہ افزائی کا باعث ہوا اگر تعمیری تنقید بھی ہوتی رہے جس کا ہم نے ہمیشہ خیر مقدم کیا ہے تو بہت اچھا ہے - ابھی چند دن ہوئے میں نے اس معزز ایوان کے اندر یقین دلایا تھا کہ اللہ کے فضل و کرم سے جولائی کے پہلے ہفتہ میں منگلا کی commissioning ہو جائے گی - یہ ایسی اطلاع تھی جسکے متعلق محترم حمزہ صاحب کو اور محترم دوست قائد حزب اختلاف کو احتمال تھا تو میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ جولائی کے پہلے ہفتہ میں منگلا سے اس وقت اللہ کے فضل و کرم سے ایک لاکھ کلوواٹ جنریشن capacity دی جا رہی ہے اور لائل پور کا تھرمل پاور سٹیشن کا ایک یونٹ ۳۳ ہزار کلوواٹ سے پھر کرنٹ دے رہا ہے میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ ہم احتیاطاً ان کو دیکھ رہے ہیں اور تقریباً ۴ - ۵ - دنوں میں ہم اسبات کا اعلان کر دیں گے کہ بجلی کے connections سے متعلق اس وقت جس قسم کی پابندی ہے وہ جملہ پابندیاں ہٹا دی جائیں گی -

جناب سپیکر - میں بہت شکر گذار ہوں کہ جناب نے مجھے سٹیٹ منٹ کی اجازت مرحمت فرمائی ان الفاظ کے ساتھ میں اس معزز ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

مسٹر سپیکر - مخدوم صاحب ضلع گوجرانوالہ کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ان کی جانب سے میں reclamation shoots لگنے پر آپ کا شکر گذار ہوں -

PIRVATE MEMBERS' BUSINESS

RESOLUTIONS

re : FIXATION OF A SEPARATE QUOTA ON THE BASIS OF POPULATION FOR THE RURAL CANDIDATES FOR ADMISSION TO PROFESSIONAL COLLEGES, SCHOOLS AND POLYTECHNIC INSTITUTIONS (*resumption of discussion*).

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the resolution moved by Rana Phool Muhammad Khan that this Assembly is of the opinion that a separate quota on the basis of population should be fixed for candidates from rural areas for admission to all professional Colleges, Schools and Polytechnic Institutions in the Province. Khawaja Muhammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱) ۔ جناب والا ۔ کل محترم محرک نے زیر بحث تحریک اس ایوان میں پیش فرمائی تھی اور اس تحریک کے متعلق اپنے جذبات و احساسات اور خیالات کا بھی اظہار فرمایا تھا ۔ اس تحریک کی غرض و غایت یہ ہے جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں کہ دیہاتی آبادی کے لئے جسے عام طور پر اس صوبے کی ۸۵ فیصد آبادی تسلیم کیا جاتا ہے پیشہ ورانہ کالجوں ، سکولوں اور یونیورسٹیوں میں آبادی کے تناسب سے ان کے لئے داخلہ کا کوٹا مقرر کیا جائے ۔

(اس مرحلہ پر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ سید یوسف علی شاہ کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

تقریر کے دوران محترم محرک نے ارشاد فرمایا کہ چونکہ دیہات میں تعلیمی سہولتیں بہت کم میسر آتی ہیں اس وجہ سے اس قسم کے پیشہ ورانہ سکولوں اور کالجوں میں دیہات سے تعلق رکھنے والے بچے اپنی تعداد کے مطابق داخلہ حاصل نہیں کر سکتے اور یہی وجہ ہے اور اس بات کا نتیجہ ہے کہ صوبہ بھر میں اعلیٰ ملازمتوں میں جن میں اعلیٰ مناصب مثلاً سی۔ایس۔ای ۔ پی۔ایس۔پی ۔ پی سی ایس وغیرہ شامل

ہیں ہمارے دیہات سے تعلق رکھنے والے اس صوبہ کے باشندوں کو اپنی تعداد کے مطابق حصہ نہیں مل رہا ۔ فاضل محرک نے اور اس کے بعد محترم میجر صاحب نے اس امر پر کوئی روشنی نہیں ڈالی کہ دیہاتی بچوں سے یا دیہات میں رہنے والوں سے ان کی کیا مراد ہے ۔ انہوں نے یہ بات بھی اس ایوان میں ثابت کرنے کی سعی نہیں فرمائی کہ ان کو کس طرح یہ خیال پیدا ہوا کہ اعلیٰ مناصب اور اعلیٰ ملازمتوں میں دیہات سے تعلق رکھنے والے افراد کی مناسب نمائندگی نہیں ہو رہی ۔ میرا خیال تھا کہ اس ریزولیوشن یا اس تحریک کی تائید میں وہ ان دو باتوں کے متعلق ضرور کچھ فرمائیں گے لیکن افسوس ہے کہ میری یہ خواہش اور میری یہ امید پوری نہ ہو سکی ۔ بہرحال جو کچھ اس تحریک سے اور ان دو محترم بزرگوں کی تقاریر سے میں اخذ کر سکا ہوں اس کے متعلق میں اپنے خیالات کا اظہار اس معزز ایوان میں کر رہا ہوں ۔ میرا خیال ہے کہ فاضل محرک مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ دیہاتی آبادی سے ان کی مراد وہ تمام لوگ ہیں جو دیہات مین بستے ہیں یا دیہات میں اپنی کسی قسم کی جائیداد رکھتے ہیں ان کو دیہات میں رہنے والا کہا جائے کیونکہ میں یہ باور نہیں کر سکتا کہ محترم محرک کی نظر میں جناب قائد ایوان جو کہ گذشتہ ۳۵ سال سے دیہات کی بجائے شہروں مین زندگی بسر کر رہے ہیں اور جن کی اللہ کے فضل و کرم سے لاہور شہر میں نہایت عالیشان کوٹھیاں بھی ہیں ان کو جناب محرک دیہاتی برادری سے نکال کر شہری تصور کریں گے ۔ اسی طرح بیشمار وہ دوست جو ترک سکونت کرکے خواہ آسائیش کے حصول کے لئے ۔ خواہ ملازمت کے سلسلے میں خواہ کاروبار کے لئے دیہات سے شہروں میں آباد ہو چکے ہیں ایک دو یا چار پشتوں سے لیکن ان کی جائداد ان کی اراضیات

اب بھی دیہات میں موجود ہیں تو ان کو میرا خیال ہے جناب محرک دیہاتی ہی تصور کریں گے ۔ اگر یہ تعریف جو میں نے دیہاتی آدمیوں کی کی ہے درست ہے تو میں اس تحریک کے دوسرے حصے کی طرف آتا ہوں کہ یہ ان کا محض مفروضہ ہے کہ دیہات سے تعلق رکھنے والے آدمیوں کو اعلیٰ مناصب اعلیٰ عہدوں اعلیٰ ملازمتوں سے شہر میں بسنے والے لوگ اپنی ان سہولتوں کے باعث جو کہ ان کو شہر میں رہنے سے حاصل ہیں دور رکھے ہوئے ہیں یہ درست نہیں ۔ جناب والا ۔ میرے محترم دوست نے جو اس تحریک کے محرک ہیں اور جناب میجر صاحب نے جو اس قرار داد کے موید ہیں انہوں نے یہ دعویٰ ضرور کیا کہ دیہاتی بھائیوں کو ان کا حصہ نہیں مل رہا لیکن انہوں نے ہمارے سامنے کسی قسم کے اعداد و شمار پیش نہیں کئے جن سے ان کے اس دعویٰ کی تصدیق ہو ۔ آئیے ہم اس مفروضے سے اس دعویٰ کے تجزیہ کی کوشش کریں اور میں سب سے پہلے اسی ایوان سے شروع کرتا ہوں ۔ اس ایوان میں اس وقت ۱۳ محترم بزرگ بحیثیت وزیر تشریف فرما ہیں ۔ ان میں شہری کتنے ہیں صرف ایک ۔

رانا پھول محمد خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں خواجہ صاحب کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ میرا مقصد میری تقریر سے واضح ہو گیا تھا وہ طلبا ہیں جو دیہاتی سکولوں میں تعلیم پاتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ جناب والا ۔ محترم محرک کو یاد دلائیں کہ انہوں نے بہت زور دار الفاظ میں یہ ارشاد فرمایا تھا کہ سی ایس پی اور پی ایس پی اس قسم کی دو ملازمتوں میں بھی ۸۵ فیصد کوٹہ دیہاتی عوام کے لئے مقرر کیا جائے ۔ میں کوئی ایسی بات نہیں

کہہ رہا جو انہوں نے نہیں کی ۔ مجھے یہ پورا پورا احساس ہے کہ جو کچھ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے صرف اس کے متعلق ہی کچھ عرض کروں اور میں اپنی طرف سے کوئی بات عرض کرنے کی جسارت نہیں کروں گا ۔ جناب والا ۔ اس صوبے کے اعلیٰ ترین مناصب میں سے وزراء کا منصب ہے ۔ اس صوبائی حکومت میں اللہ کے فضل و کرم سے ۱۳ وزراء صاحبان ہیں ۔ اس وقت ۱۱ ہیں یا ۱۳ ۔ چلئے ۱۱ ہوں ۱۲ ہوں ۱۳ ہوں میں اس جھگڑے میں نہیں پڑنا چاہتا ۔ جہاں تک میرا علم ہے اس تعریف میں جو کہ ابھی میں نے دیہاتی آبادی کی کی ہے اس کے متعلق وزیر خزانہ صاحب ایسے ازرگ ہیں جو شہری کہلائے جا سکتے ہیں ۔ بیگم صاحبہ کے محترم خاوند صاحب کی لاڑکانہ کے ضلع میں سینکڑوں ایکڑ اراضی ملکیتی ہے میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان مناصب میں جو کہ ۱۱ ۔ ۱۲ یا ۱۳ ہیں ان میں سے جہاں تک مجھے علم ہے صرف ایک محترم منسٹر یعنی وزیر خزانہ کو اس تعریف کے مطابق شہری کہا جا سکتا ہے ۔ باقی سارے کے سارے دیہاتی کہلائیں گے ۔ اگر وہ ۱۳ ہیں تو ان کے کہنے کے مطابق یعنی ان میں سے ۱۵ فیصد یعنی ڈیڑھ تو ضرور شہری ہونا چاہئے تھا یعنی وزارت میں دیہاتی اپنے تناسب سے زیادہ ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر چودھری محمد ادریس صاحب نے اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ڈھائی منسٹر شہری ہیں ۔ نصف آپ کس کو گنتے ہیں اس کی وضاحت فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا

خیر اس کو جانے دیجئے - آج صبح میں نے لائیبریری سے سول لسٹ منگوائی - افسوس کہ مجھے اس سے چنداں مدد نہیں مل سکی کیونکہ اس میں سکونت درج نہیں ہے یعنی آبائی سکونت درج نہیں ہے - وہ مقام درج ہے جہاں کسی صاحب کو تعینات کیا گیا لیکن وہ اس کی سکونت نہیں بن سکتی - لیکن میں اس کے متعلق صرف جناب محرک کی خدمت میں عرض کروں گا کہ سول لسٹ کا میں نے مطالعہ کیا ہے کہ listed post holders یا اس سے اونچی اسامیاں جو کہ پی - سی - ایس صاحبان کو ملتی ہیں ان میں کل ۱۶ اصحاب ہیں جو اس فہرست میں شامل ہیں اور ان میں سے اکثر و بیشتر کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں ان میں شہری صرف ایک ہے - سینئر سکیل گروپ (اے) میں کوئی شہری نہیں ہے - گروپ (بی) یہ سندھ کے افسران سے متعلق ہے - اور وہاں سابقہ صوبہ پنجاب کی طرح شہری اور دیہاتی کی تخصیص ابھی پیدا نہیں ہوئی - گروپ (سی) سینئر سکیل میں کل ۳۹ اسامیاں ہیں - جن میں سے بیشتر کو میں جانتا ہوں ان میں سے صرف ۹ شہری ہیں - گروپ بی میں کل ۱۲ ہیں ان میں صرف ایک شہری ہے - یہ میں نمونہ کے طور پر پیش کرتا ہوں - حال ہی میں ایک سوال کے جواب میں نئے بھرتی شدہ تحصیلداروں کی فہرست پیش کی گئی تھی - ان کی تعداد ۶۰ تھی -

چودھری انور عزیز - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - میں بصد ادب عرض کرونگا کہ خواجہ صاحب براہ کرم اس ریزولیوشن کو ایک بار پھر ملاحظہ فرمائیں - یہ ریزولیوشن ملازمتوں کے متعلق نہیں ہے - رانا پھول محمد خان صاحب نے کل جو باتیں ملازمتوں کے متعلق کی تھیں وہ نتیجہ کے طور پر کی تھیں - خواجہ صاحب پہلے اس ریزولیوشن

کے متعلق فرمائیں کہ آیا وہ اس کے حق میں ہیں یا خلاف ہیں ۔ یہ ریزولیوشن ایسے اداروں میں ان لڑکوں کے داخلے کے متعلق ہے جو دیہاتی سکولوں میں تعلیم پا رہے ہیں ۔ جو لوگ رہتے شہروں میں ہیں اور ان کی جائیداد گاؤں میں ہے وہ اس زمرے میں نہیں آتے ۔ خواجہ صاحب سے درخواست ہے کہ وہ اس ریزولیوشن کے متعلق تقریر کریں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ خواجہ صاحب بالکل relevant ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس فہرست میں سے جہاں تک میں نے دیکھا ہے کوئی بچہ ایسا نہیں جسے شہری کہا جا سکے ۔ میں اس بات پر جھگڑا نہیں کر رہا ۔ یہ باتیں میں اس لئے نہیں کر رہا ہوں کہ شہری اور دیہاتی میں تمیز پیدا کروں ۔ کل جو باتیں اس ایوان میں ہوئی ہیں میں ان مفروضوں کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کر رہا ہوں ۔ کل اس ایوان میں اس قسم کی باتیں ہوئی تھیں کہ کسی خاص طبقہ یا برادری یا علاقہ کی حق تلفی ہوئی ہے ۔ میں صرف اس کے متعلق عرض کر رہا ہوں ۔ اب میں اپنے محترم دوست چودھری انور عزیز صاحب کے ارشاد کے مطابق اس ریزولیوشن کے متعلق اپنی گذارشات اس ایوان میں پیش کرونگا ۔ شاید میں ان کی خدمت میں ایسی گذارشات پیش کر سکوں کہ وہ مجھ سے اتفاق فرمائیں ۔

جناب والا ۔ اس سلسلہ میں چند ایک مثالیں دینے سے میری غرض و غایت یہ تھی کہ میں یہاں اصل حالات کو پیش کروں کیونکہ ہم بالعموم اپنے ذہن میں ایک بات قائم کر لیتے ہیں اور پھر اس مفروضے پر ایک عمارت تعمیر کرنا شروع کر دیتے ہیں ۔ در اصل یہ طریقہ کار

درست نہیں ۔ درست یہ ہو گا کہ ہم پہلے کسی مسئلہ کے حسن و قبح کے متعلق پوری پوری چھان بین اور تحقیقات کریں اور اس کے بعد اس کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کریں ۔ (قطع کلامیاں) میرے محترم دوست نے اچھی بات کی ہے ۔ اس تحریک کے الفاظ یہ ہیں کہ تمام پیشہ ورانہ کالجوں سکولوں اور اداروں میں دیہاتی طلبا کے لئے آبادی کی بنا پر علیحدہ کوٹا مقرر کیا جائے اور اس کے لئے انہوں نے جواز یہ فرمایا تھا کہ دیہات میں تعلیم کا معیار اچھا نہیں ہے ۔ اگر میرے محترم دوست جو اس تحریک کے محرک ہیں یہ مطالبہ فرماتے کہ دیہاتی سکولوں میں بہتر اساتذہ مقرر کئے جائیں ۔ اگر وہ یہ مطالبہ فرماتے کہ دیہاتی سکولوں میں سائنس کلاسز کا انتظام کیا جائے ۔ وہاں بہتر لیبارٹیریز مہیا کی جائیں ۔ وہاں بہتر لائیبریریاں مہیا کی جائیں ۔ تو میں یقیناً ان کی حمایت کرتا اور ان کے ساتھ مل کر محترم وزیر تعلیم کی خدمت میں گذارش کرتا کہ اگر اس قسم کی کوئی تفریق موجود ہے تو اسے اولین فرصت میں مٹا دیا جائے ۔ لیکن جناب والا ۔ میں اپنے ذاتی تجربہ سے عرض کروں گا کہ دیہات اور شہروں کے ان سکولوں میں جو گورنمنٹ چلا رہی ہے ۔ آجکل چنداں فرق نہیں ہے ۔ پرائیویٹ سکولوں کی جنہیں گورنمنٹ گرانٹ دیتی ہے علیحدہ بات ہے ۔ اگر کسی سکول کی انتظامیہ انجمن اچھی ہے تو سکول اچھا ہے اگر بری ہے تو سکول کا حال بھی برا ہے ۔ میں چند گورنمنٹ سکولوں کو جانتا ہوں جن کی حالت چنداں قابل رشک نہیں ۔ اس کے مقابلہ میں ہمارے ضلع میں گھوئینکی میں ڈسٹرکٹ کونسل کا ایک ہائی سکول ہے ، جو گذشتہ کئی سال سے ہمارے ضلع کے سب سکولوں سے جن میں شہر کے پندرہ بیس سکول بھی شامل ہیں ۔ بہتر نتیجہ دکھا رہا ہے ۔ میٹرک کا بھی اور مڈل کا بھی ۔ اور اس اعلیٰ کارکردگی کے عوض وہاں کے

ہیڈ ماسٹر کو سہگل صاحبان تقریباً تین گنا زیادہ تنخواہ دے کر سہگل آباد کے ہائی سکول میں بطور ہیڈ ماسٹر لے گئے ہیں ۔ یہ سکول ایک چھوٹے سے گاؤں میں ہے ۔ سیالکوٹ شہر میں پندرہ بیس سکول موجود ہیں ۔ مگر وہ ان سب سے بہتر ہے اور کئی سال سے متواتر بہتر چلا آ رہا ہے ۔ گورنمنٹ تو شہری اور دیہاتی سکولوں میں کوئی تخصیص نہیں کرتی ۔ البتہ کچھ ہمارا اپنا قصور ضرور ہے ۔ اچھے کوالیفائیڈ لوگ اچھے پڑھے لکھے اساتذہ میں سے اکثر دیہات میں جانا پسند نہیں کرتے ۔ میرے محترم دوست نے یہ بھی گلہ کیا تھا کہ دیہاتوں میں ڈاکٹر صاحبان نہیں جانا چاہتے وہ بالکل درست ہے مگر اس کا یہ حل نہیں ہے کہ دیہات کے بچوں کو ڈاکٹر بنایا جائے اور زیادہ تعداد میں ان کو ڈاکٹر بنایا جائے ۔ میں ذاتی تجربے کی بنا پر کہتا ہوں کہ دیہاتوں سے تعلق رکھنے والے جتنے بھی بچے ڈاکٹر بنے ہیں وہ کسی گاؤں میں کیا خود اپنے گاؤں میں جانا پسند نہیں کرتے اس کی وجہ معاشی ہے ۔ ان کو وہ سہولتیں میسر ہونی ضروری ہیں جو کسی شہر میں میسر ہوتی ہیں ۔ وہاں ان کی آمدنی کے ذرائع مسدود ہیں وہاں کوئی پرائیویٹ پریکٹس نہیں ہو سکتی ۔ وہاں ان کو وہ سوسائٹی میسر نہیں آ سکتی اس لئے ہمارے ایم ۔ پی ۔ اے حضرات جن میں میں بھی شامل ہوں روز وزرا حضرات سے یہ کہتے رہتے ہیں خصوصی طور پر وزیر تعلیم صاحب اور وزیر صحت صاحبہ سے کہ ایک ڈاکٹر دیہاتی ڈسپنسری میں تعینات کیا گیا ہے مہربانی کیجئے اسکو کسی شہر میں تبدیل کر دیا جاوے ۔ میں بھی اس گناہ کا مرتکب ہوا ہوں اور میرے دوسرے دوست بھی میرے ساتھ شامل ہیں ۔ اقتصادی طور پر اور معاشرتی طور پر بہتر یہ ہے کہ آپ ان اساتذہ کیلئے جن کو آپ رورل سکولوں میں بھیجنا چاہتے ہیں یا جن ڈاکٹروں کو رورل ڈسپنسریوں میں بھیجنا

چاھتے ھیں ان کے لئے بہتر تنخواہ - ان کے لئے بہتر الاؤنس ان کے لئے بہتر رھائش کا انتظام کیجئے - ایک لڑکا خواہ کسی چھوٹے سے گاؤں سے تعلق کیوں نہ رکھتا ھو جب کسی میڈیکل کالج میں پانچ یا چھ سال زیر تعلیم رھتا ھے اسکے طرز بود و باش اور اسکے فکر و نظر میں تغیر آجاتا ھے وہ دوبارہ اپنے گاؤں میں جانا پسند نہیں کرتا - یہ فطرتی امر ھے - ان کو ترغیب دینی ھوگی اور وہ ترغیب یہ ھے کہ انکو زیادہ تنخواہ دیں تب ھی وہ کسی دیہاتی ڈسپنسری میں جائیں گے - اس مسئلہ کا حل یہ نہیں کہ کوٹا مقرر کریں اس مطالبہ کے سیاسی عواقب اور نتائج کی طرف غور کیجئے جو بھائی اس مسئلہ کواس طرح سوچتے ھیں وہ فاش غلطی کر رھے ھیں۔ اس کا حل یہ نہیں ھے بلکہ اس کا حل یہ ھے کہ دیہاتی ڈسپنسریوں میں درست اور اچھے ڈاکٹر بھیجیں - دیہاتی علاقوں میں اچھے اساتذہ بھیجیں - میں جناب محرک اور تمام دوسرے دوستوں کے ساتھ ھوں کہ جو یہ چاھتے ھیں کہ دیہاتوں میں بہتر اساتذہ اور بہتر ڈاکٹر جائیں لیکن ساتھ ھی آپ اس حکومت سے مطالبہ کریں کہ وہ ایسے حالات پیدا کرے کہ ان سکولوں میں بہتر اساتذہ اور ان ڈسپنسریوں میں بہتر ڈاکٹر جانے کے لئے تیار ھو جائیں - جناب والا - یہ مسئلہ اگر اس طرح بھی پیش کیا جاتا مثال کے طور پر ۱۰۰ روپیہ ماھوار سے کم آمدنی والے احباب کے بچوں کے لئے مناسب تعلیم اور مناسب تربیت کے لئے ان کو وہ تمام سہولتیں بہم پہنچائیں جو کہ ان کے والدین مہیا نہیں کر سکتے یعنی جو سکولوں میں پڑھتے ھوں ان کو بھی وظائف دیئے جائیں اور جو کالجز میں پڑھتے ھوں ان کو وظائف دیئے جائیں اگر وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاھیں تو ان کے لئے مواقع مہیا کیجئے - میں اپنے دوستوں کا ھمنوا ھوں کہ خواہ کوئی شخص شہر میں رھتا ھو خواہ وہ دیہات میں رھتا ھو اگر اس کے ذرائع آمدنی محدود ھیں اگر وہ دو وقت کی روٹی

اپنے لئے اور اپنے بال بچوں کے لئے نہیں کما سکتا ہے تو وہ اپنے بچوں کو تعلیم کہاں سے دے گا ۔ اس کے بچے اگر بیمار پڑ جائیں وہ ان کو طبی سہولتیں کہاں سے مہیا کر سکے گا اس لئے یہ مسئلہ دیہاتی اور شہری کا نہیں ہے ۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ اس معاشی تفریق کو دور کیا جائے ۔ ہمارے دیہاتوں میں بھی بڑے لینڈ لارڈز ہیں ۔ اس معاشی تفاوت کو دور کیا جائے اگر یہ دور نہیں ہو سکتی ہے تو جو ہمارے بھائی معاشی بدحالی میں مبتلا ہیں ان کے بچوں کی تعلیم کے بہتر ذرائع مہیا نہیں ہو سکتے ہیں ۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ شہروں میں بھی اکثر و بیشتر آبادی اپنے بچوں کو تعلیم نہیں دلا سکتی ہے ۔ اس طرح دیہات میں اکثر و بیشتر آبادی اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ نہیں کر سکتی ہے یہ ان کی معاشی بدحالی کا نتیجہ ہے اس لئے نہیں کہ وہ دیہات میں رہتے ہیں یا شہر میں رہتے ہیں ۔ مثال کے طور پر کل میرے محترم دوست نثار محمد صاحب نے اپنی مثال دی تھی کہ وہ ایک گاؤں کے رہنے والے ہیں اور ان کے والد بزرگوار کی معاشی حالت اتنی اچھی تھی کہ انہوں نے اپنے بچے کو انگریزی سکولوں میں پڑھایا تعلیم کے لئے انگلستان بھیجا ۔ اسی طرح شہر میں کتنے بچے ہیں جو انگریزی سکولوں میں تعلیم پاتے ہیں اور انگلستان جاتے ہیں ۔ یہ مسئلہ دراصل معاشی ہے یہ مسئلہ طبقاتی نہیں ہے ۔ اس کو ہمیں اس طرح حل کرنا ہو گا کہ اگر ہماری گورنمنٹ کے پاس ذرائع و وسائل ہوں تو ہم اس کو مجبور کریں کہ اس صوبہ میں بسنے والے تمام وہ لوگ جن کی آمدنی ۱۰۰ روپیہ سے کم ہو آج کے مہنگائی کے زمانے میں ۱۰۰ روپیہ کوئی بڑی چیز نہیں ہے ۔ ان کے بچوں کی تعلیم مفت ہو ۔ بلکہ ان کی کتابوں کا بھی انتظام کیا جائے ان کے پارچات کا

بھی انتظام کیا جائے اور ان کے لئے جیب خرچ بھی مہیا کیا جائے - - - -

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member may please try to conclude.

Khawaja Muhammad Safdar: Ten minutes more.

Mr. Senior Deputy Speaker: The Member has already taken more than fifteen minutes.

Khawaja Muhammad Safdar: Alright Sir, I leave this matter here and then I come to the other effects upon the society..

جناب والا - اس اجلاس کے دوران میرے لئے بعض مسائل انتہائی سوھان روح بنے رہے ھیں - میرے گردوپیش میرے دائیں بائیں جو طبقاتی نعرے بلند ھوتے تھے - جو علاقائی نعرے بلند ھوتے تھے تقریروں کے دوران یا سوالات کی شکل میں آپ یقین کیجئے مجھے ان سے انتہائی تکلیف ھوتی تھی - اس لئے نہیں کہ میں اپنے آپ کو اپنے ان بھائیوں اور بزرگوں سے زیادہ محب‌الوطن سمجھتا ھوں - حاشا و کلا اس مسئلہ میں شاید میں سب بھائیوں سے پیچھے ھوں یہ میرے سارے بھائی انتہائی محب الوطن ھیں - شاید جو جذبہ ان کے دلوں میں موجزن ھے وہ میرے دل میں نہ ھو یا کم ھو اور میں ان کو اپنے سے آگے سمجھتا ھوں لیکن پھر بھی اس صوبائی اسمبلی کے اس معزز ایوان میں تقریباً ڈیڑھ ماہ سے میں یہ سنتا چلا آ رھا ھوں کسی گوشے سے کبھی یہ کہا جاتا تھا کہ سابقہ صوبہ سرحد کی حق تلفی ھورھی ھے - کبھی یہ کہا گیا کہ سابقہ پنجاب کی حق تلفی کی گئی - کبھی یہ کہا گیا کہ سابقہ صوبہ سندھ کی حق تلفی ھو رھی ھے کبھی بلوچستان کی حق تلفی کے متعلق کہا گیا - بہاول پور والوں نے اپنی سابقہ ریاست کا رونا رویا اور ساتھ ھی ساتھ کبھی یہ

بھی نعرے سنے کہ اس صوبہ میں برادریاں بھی مختلف ھیں یعنی کوئی کاشتکار برادری ھے - - -

رانا پھول محمد خان - کسی نے پنجاب کے متعلق نہیں کہا ھے -

وزیر مال - انہوں نے خود کہا تھا -

خواجہ محمد صفدر - میں نے خود کہا ھے جس طرح مجھے کہنا چاھئے تھا - - -

جناب والا - میں نے اس ایوان میں اپنے نہایت ھی محترم بزرگوں کی زبانوں سے طبقاتی نعرے ھی نہیں بلکہ برادری کے نام پر بھی نعرے سنے ھیں یہ تحریک بھی اس برادری کے نعرے کی ایک کڑی ھے - مجھے اس سے انتہائی رنج ھوا ھے -

جناب والا - جب تحریک پاکستان کے ایک ادنے سپاھی کی حیثیت سے میں مختلف اضلاع میں گھوما پھرا کرتا تھا تو اس زمانے میں بھی برادری کا نعرہ سنا جاتا تھا - اس وقت یہ نعرہ ان لوگوں کی زبان سے سنا جاتا تھا جوکہ اس تحریک کے مخالف تھے اور جوکہ برادری کے نام پر ووٹ حاصل کرنا چاھتے تھے اور جن کے نزدیک ھندو سکھ مسلمان اور جاٹ بھائی بھائی تھے اور باقی سب ملچھ تھے - یہ نعرہ بلند کرنے والے یونینسٹ تھے -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - خواجہ صاحب اس بات کی وضاحت کریں کہ اس ایوان مین برادری کا نعرہ کس نے لگایا ھے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ تشریف رکھیں - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - آج بیس سال کے بعد مرحوم یونینسٹ پارٹی کا نعرہ دوبارہ اس ایوان میں سن کر حقیقت یہ ہے کہ میرا خون کھولتا ہے - یقین جانیئے کہ یہ پاکستان اس لئے معرض وجود میں نہیں آیا تھا کہ یہ کسی ایک طبقے یا کسی ایک برادری یا کسی ایک علاقے کی جائیدا بن جاوے - پاکستان کو اللہ کی امداد اور نصرت سے قائداعظم علیہ الرحمتہ نے محض اس لئے حاصل کیا تھا کہ یہ مسلمانوں کا وطن ہے - یہ وطن اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا - کاشتکار برادری کے نام پر یہ وطن حاصل نہیں کیا گیا تھا - دیہاتی یا شہری کے نام پر یہ وطن حاصل نہیں کیا گیا تھا - اس وقت صرف ایک ہی نعرہ تھا کہ ہم مسلمان ہیں اور اسلام کی رو سے ہی اپنی زندگی بسر کرنے کے لئے ہمیں ایک وطن درکار ہے جہاں پر ہم اپنی معاشرت ، اپنے رہن سہن ، اپنی چال ڈھال اور اپنی نشست و برخاست کو اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھال سکیں - اس وقت یہ کہا گیا تھا - اور اسلام کیا کہتا ہے - اسلام کہتا ہے کہ سب مسلمان بھائی بھائی ہیں - مساوی ہیں سب یکساں ہیں - اور اللہ کے نزدیک وہی زیادہ قریب ہیں جو کہ زیادہ متقی ہیں اور یہی نہیں بلکہ یہ بات ہمارے آئین میں بھی درج کر دی گئی - میں آپ کے سامنے آئین کی وہ متعلقہ دو سطریں پڑھ دیتا ہوں - صفحہ نمبر ۱۱ پر درج ہے - - -

مخدوم اختر علی شاہ قریشی - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پاکستان میں ہم سب بھائی بھائی ہیں

لیکن پاکستان کی اسی فیصد آبادی دیہات میں بستی ہے لیکن میڈیکل کالجوں سے جو ہمارے بھائی ڈاکٹر بن کر نکلتے ہیں وہ شہری ہوتے ہیں - میں ملک اختر صاحب کی طرح دیہاتی اور شہری تخصیص پیدا نہیں کرنا چاہتا لیکن آپ خود ہی دیکھیں کہ نوے فیصد ڈسپنسریاں اور ہسپتال شہروں میں قائم کی گئی ہیں - - - - - -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

خواجہ محمد صفدر - میں نے ابھی ابھی عرض کیا ہے کہ آپ آئین کے صفحہ نمبر ۱۱ کو ملاحظہ فرمائیں -

(1) Islam ;
(2) National solidarity ;—

"Parochial, racial, tribal, sectarian and provincial prejudices amongst the citizens should be discouraged."

یہ ہمارے آئین کی ایک دفعہ ہے اور یہاں تک ہی نہیں ہے بلکہ میں ان کو یقین دلاؤں کہ نہ صرف آئین میں ہی یہ درج ہے بلکہ جناب صدر مملکت نے مارشل لاء کے نفاذ کے فوراً بعد قوم کو خطاب کرتے ہوئے سابق بدنام سیاستدانوں کے گناہوں کو گنواتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ ان سابق سیاستدانوں کے پاس کوئی پروگرام نہیں ہے - محض نعرے ہیں اور وہ بھی اس بناء پر کہ کوئی علاقائی نعرہ لگاتا ہے توکوئی ذات اور برادری کا نعرہ لگاتا ہے تو میں جناب محرک کی خدمت میں وہ الفاظ پڑھ کر سنا دیتا ہوں -

"There has been no limit to the depth of their baseness. ("Their" means the old politicians)....."

جو پرانے یعنی سابق بدنام سیاستدان ہیں -

I am quoting from the speeches and statements of Field Marshal Muhammad Ayub Khan, President of Pakistan, Vol I, Page 2 :

> "There has been no limit to the depth of their baseness, chicanery, deceipt and degradation, having nothing constructive to offer. They used provincial feelings, sectarian, religious, racial differences, as set out, to set a Pakistani against a Pakistani."

چودھری انور عزیز ۔ یہ غلط بات پڑھ کر الزام لگا رہے ہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ آپ صدر مملکت کی تقاریر کے وہ اقتباسات بھی پیش کریں کہ جن میں انہوں نے کہا ہے کہ پسماندہ علاقوں کی پسماندگی کو دور کیا جائے گا اور لوگوں کا معیار زندگی بلند کیا جائے گا ۔

چودھری انور عزیز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب سے میں یہ درخواست کروں گا کہ پہلے تو انہوں نے آئین کی ایک دفعہ پڑھ ڈالی اور پھر صدر مملکت کی کسی تقریر کا اقتباس پڑھ دیا ۔ تو وہ مجھے یہ بتائیں کہ ان کے کس لفظ سے اس ریزولیوشن پر زد پڑتی ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ یہ آج سیالکوٹ کی آپس میں کیوں جنگ شروع ہو گئی ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ اس لئے کہ جھنگ کے ممبر غدار ہو گئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں نے ابھی ابھی عرض کیا تھا کہ ہمارے فکر و نظر میں اور ہمارے قول و فعل میں جو تضاد پیدا ہوتا جا رہا ہے ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - ہمارے ہمسایہ ضلع کے ممبر کے لئے ''غدار،، کا لفظ استعمال کیا گیا ہے - میں اس پر سخت احتجاج کرتا ہوں اور آپ سے یہ التجا کروں گا کہ اس لفظ کو اسمبلی کی کارروائی سے حذف کر دیں -

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر - لیکن میں نے تو یہ لفظ نہیں سنا -

چودھری انور عزیز - میں ان بزدلوں میں سے نہیں ہوں کہ جو ایک لفظ کہہ کر مکر جاتے ہیں میں نے یہ الفاظ کہے ہیں اور میں ان کو واپس لیتا ہوں -

وزیر بلدیات - الفاظ واپس لینے کا لطف آ گیا -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پاکستان کی بقاء اور اس کی تعمیر و ترقی اس بات میں مضمر نہیں ہے کہ ہم یہاں پر طبقاتی - علاقائی اور برادری کے نعرے بلند کریں اس کی ترقی کا راز صرف ایک اور ایک ہی بات میں ہے کہ ہم سب صرف زبان سے ہی نہیں بلکہ فکر و عمل سے بھی اپنے آپ کو پاکستانی بنائیں اسی صورت میں ہی ہمارا یہ وطن عزیز ترقی کر سکتا ہے اور میں یہ سب کچھ اپنی جانب سے نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ میں پھر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان صاحب کی ایک تقریر جو کہ انہوں نے گورنمنٹ کالج کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے ۷ اپریل ۱۹۶۰ء کو فرمائی تھی ان کی تقریروں کے مجموعہ کی دوسری جلد صفحہ نمبر ۳۰ پر وہ فرماتے ہیں -

"In order to be a Pakistani it is not enough to live within the territorial limits of Pakistan. A far greater and much more urgent requirement to breathe and act like a Pakistani, the sense of being a Pakistani has become the

physical as well as the emotional basis of our entire body and soul. Without this, all talk of independence remains unreal and imperfect."

میں اس کا مطلب مختصر الفاظ میں محرک کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

"پاکستانی ہونے کے لئے یہ کافی نہیں کہ ہم پاکستان کی حدود کے اندر رہائش رکھیں بلکہ اس سے بڑی ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم پاکستانی کی حیثیت سے سانس لیں پاکستانی کی حیثیت سے محسوس کریں ۔ پاکستانی کی حیثیت سے سوچیں اور ایک پاکستانی کی حیثیت سے اس پر عمل کریں ۔ پاکستانی ہونے کی حیثیت سے احساسات نہ صرف جسمانی طور پر بلکہ روحانی طور پر ہم پر مسلط ہونے چاہئیں ۔ ورنہ اگر ایسا نہیں تو ہم کسی صورت میں بھی پاکستانی نہیں اور پاکستانی کہلانے اور آزاد رہنے کے مستحق نہیں ۔"

یہ جناب صدر صاحب کے ارشادات ہیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ یہ قرار داد ان کے فرمان کے مطابق ہے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ رانا صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ پاکستان

کی بقا ۔ پاکستان کی فلاح و بہبود اس بات میں مضمر ہے کہ ہم اپنے بہترین talents بہترین صلاحتیں اور بہترین قابلیتوں کو خواہ ہم مکران میں ہوں خواہ ہم پشاور میں ہوں یا لنڈی کوتل میں ہوں خواہ بہاولنگر میں ہوں خواہ سندھ میں خواہ پنجاب کے کسی علاقہ میں ہوں ان کو بروئے کار لائیں ۔ اگر آپ اپنی بہترین صلاحتیوں کو بروئے کار نہیں لا سکتے تو یقین رکھیں کہ یہ پاکستان کبھی نہیں پنپ سکے گا کبھی ترقی نہیں کر سکے گا ۔ کبھی اوج پر نہیں جا سکے گا ۔ پاکستان کو بہترین انجینئروں کی ضرورت ہے بہترین ڈاکٹروں کی ضرورت ہے بہترین administration کی ضرورت ہے تا کہ ہمارا وطن عزیز ترقی کرے ۔ اس لئے کسی ایک طبقہ کے متعلق یہ کہنا کہ اس سے اچھے اور بہتر صلاحیتوں کے انسان پیدا ہی نہیں ہو سکتے ۔ میں اسے غلط سمجھتا ہوں کہ کوئی طبقہ بہتر صلاحیتوں سے مبرا اور عاری ہے ۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ آپ ایک ایسا ریزولیوشن لائیں کہ دیہات میں سکول بہتر ہوں۔ وہاں پر اساتذہ بہتر ہوں ۔ لیبارٹریز بہتر ہوں پھر ہم آپ کے ساتھ ہیں ۔ اگر یہ نہیں چاہتے تو اس سے پہلے ہی مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان دو حصوں میں بٹا ہوا ہے اور اب ون یونٹ کے خلاف ہر طرف سے آواز اٹھائی جاتی ہے آپ مزید طبقاتی اور برادری کے نام پر اسے تقسیم کرنا چاہتے ہیں اگر یہ بات ہے تو میں اس میں شامل ہونے کو تیار نہیں ہوں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ مجھے اجازت دی جائے میں اس کا جواب دینا چاہتا ہوں ۔

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Watto): With your permission I have to make a statement on the Floor of the House about a matter which was the subject of an adjournment motion. This being the last day, I may

kindly be given just three or four minutes. I will read out the statement.

Karachi University and certain other consumers like Malir Cantt., P.A.F., Drig Road, Civil Airport draw water from Damloti well where the water accumulates through natural filteration. The other consumers, mentioned above, have not complained about the quality of water as they have their own chlorination system to sterilize the water before supply to the consumers. At the time of the complaint, the Damloti Conduit was giving about two million gallons of water per day from Malir Wells which are completely sealed and covered, and as such, there are no chances of any contamination in the conduit itself which, besides being closed and sealed, is 6 to 15 feet deep from ground level. The alleged water analysis carried out by the University Analyst indicated polution of sewerage contamination whereas there is no sewerage system anywhere along the route up to the University Campus. K.D.A. had advised all the organisations, which draw water from such conduit on a bulk supply basis, to chlorinate the same before the water enters their own distribution system. Such sterilization is being done by other bulk users drawing water from these conduits and, as such, K.D.A. has never received any complaint from the other bulk users. The Government, soon after receiving the complaint about the contaminated water being supplied to the Karachi University, directed the Commissioner, Karachi, to look into the matter and report. The Commissioner, Karachi, appointed the Director of Basic Democracies, Karachi, to thoroughly investigate in the matter, Director, B.D., Karachi, after reaching at the spot, reported that as a matter of fact the sunk-well University Reservoir was open and lower than the ground level. As such, the rain water over-flowed into the well and affected the purity of water. The University Analyst had, in fact, tested the water from the sunk well which was obviously contaminated for the reasons given above.

Commissioner, Karachi, had, however, been advised to request the University authorities for taking appropriate measures to cover the sunk well with a view to avoid contamination.

The lastest position is that the Commissioner has now reported on telephone that Karachi University authorities have got no complaint about the contamination of water being supplied to them.

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی ڈبلیو - ۱۵۳ - زون ۳) جناب والا - رانا پھول خان صاحب کا زیر بحث ریزولیوشن اس امر کی دلیل ہے

اور میں غفلت نہ کروں گی اگر میں یہ کہوں کہ تعلیم کی نسبت دیہات سے تھوڑی نا انصافی ہو رہی ہے - اور یہ ریزولیوشن اس کا آئینہ دار ہے - ملک کی ۹۵ فیصد یا ۸۵ فیصد آبادی بلا شک و شبہ دیہات میں موجود ہے - یہ ہم سب کا اور ہماری حکومت کا فرض ہے کہ ہم ان کے لئے زیادہ سے زیادہ تعلیمی سہولتیں مہیا کریں - میں رانا پھول خان کا بڑا احترام کرتی ہوں لیکن میں بنیادی طور پر اس ریزولیوشن کے مخالف ہوں - میں سمجھتی ہوں کہ یہ ریزولیوشن ان تکالیف کی وجہ سے پیش ہوا ہے جو وہ دیہاتی طبقہ میں محسوس کرتے ہیں - میں خود دیہات سے تعلق رکھتی ہوں - میں خود ایک دیہاتی ہوں - مجھے یہ معلوم ہے کہ دیہاتوں میں سکولوں کا معیار کافی ناقص ہے اس کے باوجود یہ سمجھتی ہوں کہ ہم کو ایک طبقاتی جنگ میں مبتلا نہیں ہونا چاہئے اس سے کبھی فائدہ نہیں ہو سکتا - ریزرو سیٹوں کا سلسلہ تو متحدہ ہندوستان میں ہندوؤں سکھوں اور مسلمانوں کے لئے ہوا کرتا تھا - یہ ملک اس basis پر نہیں لیا تھا کہ ہم اس میں کسی وقت بھی ریزرو سیٹوں کے لئے معاملہ پیش کریں گے - رانا صاحب سمجھدار آدمی ہیں اورمیں سمجھتی ہوں کہ یہ ریزولیوشن نہایت دیانتداری پر مبنی ہے وہ دیانتداری سے سمجھتے ہیں کہ دیہاتوں میں تعلیم کا معیار بہت ناقص ہےاوردیہاتمیں زیادہسےزیادہ تعلیمی سہولتیں مہیا ہونی چاہئیں - میں اس سے سو فیصد اتفاق کرتی ہوں - لیکن میں سمجھتی ہوں کہ یہ ریزولیوشن جو پیش کیا گیا ہے اس کے الفاظ صحیح نہیں - کیونکہ ہم ریزرو سیٹیں مہیا نہیں کر سکتے - اس سے طبقاتی جنگ شروع ہونے کا اندیشہ ہے - کیا آپ ۲۰ سال کے بعد اب دیہاتیوں اور شہریوں میں نئی جنگ پیدا کرنے کی سوچ رہے ہیں - میں سمجھتی ہوں کہ ان کو یہ ریزولیوشن واپس لینا چاہئے اور اس ریزولیوشن

کو اس شکل میں لائیں کہ ملک میں محدود وسائل کے باوجود یہ ہماری مختلف قسم کی مشکلات کو حل کر سکے اور ہماری حکومت کو کوشش کرنی چاہئے کہ ہمارے بچوں کو مفت اور لازمی میٹرک تک تعلیم دینے کا انتظام کرے ۔ اس وقت اس امر کی ضرورت ہے اور ہماری حکومت کا یہ فرض ہے کہ ملک سے جہالت کو دور کر دیا جائے ۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ مفت لازمی میٹرک تک تعلیم دی جائے خواہ حکومت کتنی ہی مشکلات میں ہو ۔ اور یہ کام وار فٹنگ پر ہونا چاہئے ۔ جہاں تک دیہاتی طلبا کا تعلق ہے یہ ٹھیک ہے کہ ان کے وسائل محدود ہیں لیکن ہمیں حکومت سے مطالبہ کرنا چاہئے کہ آپ نے وسائل کے اندر رہ کر زیادہ سے زیادہ سکول پولی ٹیکنک اور انجینئرلنگ سکول کالجوں کو زیادہ سے زیادہ مراعات دیں ۔ میں تو سمجھتی ہوں کہ شہریوں کو تعلیم کے معاملہ میں زیادہ مراعات نہیں ہیں ۔ ہمارے محدود وسائل اس کی اجازت نہیں دیتے لیکن جو ہیں ان کو سال رواں کے لئے اگر روک دیا جائے اور دیہاتوں میں مراعات زیادہ دی جائیں تو شہری عوام شاید اس پر اعتراض نہیں کریں گے ۔ لیکن reserved seats کا مطالبہ میرے خیال میں ایک ایسا مطالبہ ہے جس کے منظور کرنے سے ایک نئی طبقاتی جنگ کی حوصلہ افزائی ہو گی اور شہریوں اور دیہاتیوں کے درمیان ایک ایسی خلیج پیدا کرنا ہے جو کبھی بھی دور نہیں ہو سکے گی ۔ میں رانا صاحب کی خدمت میں یہ عرض کروں گی اور ایجوکیشن منسٹر صاحب کی خدمت میں بھی عرض کروں گی کہ ہر ڈسٹرکٹ میں اور ہر ڈویژن میں زیادہ سے زیادہ اچھے تعلیمی ادارے کھولے جائیں ۔ میں ہمیشہ اپنی بجٹ کی تقریر میں یہ کہتی رہی ہوں کہ ملک کے لئے تین چیزوں کی سب سے زیادہ ضرورت ہے اور وہ بہت اہم ہیں ۔ جو تعلیم

صحت اور زراعت ہیں ۔ خدا کے فضل سے گذشتہ دنوں سے زراعت پر پوری توجہ دی جا رہی ہے لیکن جہاں تک صحت اور تعلیم کا تعلق ہے حکومت کو کچھ مجبوریاں ہوں گی لیکن چونکہ حاجتمند دیوانہ ہوتا ہے اور ہم دیوانے ہیں ہم اپنی تکالیف اس وقت حکومت کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ تعلیم اور صحت کے معاملات کو war footing پر طے کیا جائے ۔ جہاں تک صحت کے معاملات ہیں اور تعلیم کے معاملات میں عوام کی شکایات ہیں ان کو خواجہ صفدر صاحب نے بیان فرمایا ہے اور جملہ ارکان نے بھی فرمایا ہے کہ دیہات کی ۹۹ فیصد ڈسپنسریاں ڈاکٹروں سے خالی ہیں یہ کتنا المیہ ہے کہ ۸۵ فیصد آبادی جس کے لئے رانا صاحب سیٹیں reserve کروانا چاہتے ہیں اور اس لئے کروانا چاہتے ہیں کہ وہ بھی شہر میں آ جائیں اور وہ بھی یہاں کالجوں میں آ جائیں میں بھی ۲۰ سال سے باوجود اس کے کہ دیہاتی ہوں لاہور میں رہتی ہوں میں یقین دلاتی ہوں کہ لاہور کے کالجوں کا معیار دن بہ دن گرتا جا رہا ہے ابھی چند دن ہوئے حمزہ صاحب اس کے گواہ ہیں میں ان کے شہر میں گئی تھی گوجرہ میں ایک پرائیوٹ کالج ہے مجھے وہاں جانے کا اتفاق ہوا مجھے وہاں یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی کہ ان کے کالج کا معیار ہمارے ہاں کے کالجوں سے بہتر ہے ۔ تو میں حکومت سے استدعا کروں گی کہ وہ زیادہ سے زیادہ کالج اور سکول دیہات میں کھولیں اور وہاں اچھا سٹاف مہیا کریں ۔ ایسا نہ ہو کہ جو بچے وہاں پڑھتے تھے ان ہی کو وہاں رکھ لیا جائے کیونکہ وہ پڑھانا نہیں جانتے یہ بڑی tragedy ہے میں نے اس کو بجٹ کی تقریر میں عرض کیا تھا کہ اچھے پڑھے لکھے لوگ جن میں ڈاکٹر پروفیسر شامل ہیں وہ باہر سے پڑھ لکھ کر آتے ہیں ان کو اچھی تنخواہ دینا بہت ضروری ہے کیونکہ وہ تنخواہ کی کمی کی وجہ سے پھر دوسرے

ممالک میں چلے جاتے ہیں اس لئے رانا صاحب کا ریزولیوشن نہایت نیک نیتی پر مبنی ہے مگر اس سے ان کے جذبات کی صحیح ترجمانی نہیں ہوتی میں سمجھتی ہوں کہ یہ ریزولیوشن اگر ایسے الفاظ میں ہوتا کہ دیہات میں زیادہ سے زیادہ ہر قسم کے پولی ٹیکنیک، انجینئیرنگ اور دوسرے کالج کھولے جائیں اور وہاں اچھا سٹاف رکھا جائے تو بہتر ہوتا ۔ وہاں کے سکولوں میں بورڈنگ کا ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ بورڈنگ نہ ہونے کی وجہ سے بچے روزانہ ۱۰ میل نہیں آ جا سکتے ۔ جیسے یہاں کا سنٹرل ماڈل سکول ہے اور اس میں بورڈنگ ہے اسی طرح وہاں اس کے ساتھ بورڈنگ ہونا چاہئے تا کہ بچے وہاں رہ سکیں اور آنے جانے کی زحمت سے بچ سکیں ۔ کیا عرض کروں عجب مشکل ہے کہ ایک وزیر کو میں نے criticise کیا تھا تو وہ ناراض ہو گئیں اب شاید وزیر تعلیم صاحب نہ ناراض ہو جائیں کیونکہ بڑی مشکل یہ ہوتی ہے کہ جس وزیر کو criticise کیا جاتا ہے تو وہ ناراض ہو جاتا ہے اور وزیر صاحبان یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ہمارا ذاتی محکمہ ہے ۔

وزیر تعلیم (مسٹر محمد علی خان) ۔ کم سے کم میں ناراض نہیں ہوتا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ خواتین ایک دوسرے سے بہت جلد ناراض ہوتی ہیں ۔ (قہقہہ)

صاحبزادی محمودہ بیگم ۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ جو محکمے ہیں وہ کسی وزیر کے نہیں ہیں یہ ہمارے اپنے محکمے ہیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ وزیر بھی اپنے ہیں ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم - لیکن ہوتا یہ ہے کہ جو وزیر ہم سے ناراض ہوتے ہیں - - -

وزیر بنیادی جمہوریت - وزیر ناراض نہیں ہوتے محکمے تبدیل ہو جاتے ہیں -

مسٹر حمزہ - یا وہ محکمہ سے ناراض ہو جاتے ہیں -

صاحبزادی محمودہ بیگم - میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ محکمے ہمارے اپنے ہیں ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ ان میں جو نقائص ہیں ان کے متعلق عرض کریں - میں نے وزیر تعلیم کی خدمت میں پہلے بھی عرض کیا تھا اور میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ تیسرے پنج سالہ منصوبے کو آج تین سال گذر چکے ہیں اس کے لئے ۹۹ کروڑ روپیہ رکھا گیا تھا جہاں تک میں نے بجٹ دیکھا ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک اس پر ۳۰ کروڑ روپیہ صرف کیا گیا ہے یا صرف کیا جا رہا ہے تو میں وزیر تعلیم سے پر زور مطالبہ کرتی ہوں اور وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کرتی ہوں کہ تعلیمی معیار کو بلند کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ تعلیم کے لئے صدر مملکت پاکستان نے اور گورنر صاحب نے جو کمال مہربانی سے رقم ۵ سال کے لئے منظور کی ہے وہ اسکو پوری طرح خرچ کریں اور اس کو صدر مملکت اور گورنر نے اس ٹارگٹ پر ۵ سال کے لئے یہ رقم دی تھی کہ اس ٹارگٹ یعنی تیسرے پنج سالہ منصوبے میں اس کو خرچ کیا جائے اگر وہ رقم بچتی ہے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ ہماری یہ بد نصیبی ہے کہ جو رقم ہمیں تعلیم پر خرچ کرنے کے لئے ملی تھی اس کو ہم پورا خرچ نہیں کر سکے - میں رانا صاحب کی خدمت میں نہایت ادب سے عرض کروں گی کہ وہ اس ریزولیوشن کو واپس لے لیں اور اسکو کسی اور شکل میں پیش کریں - اور وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض

کرزں گی جیسا کہ میں نے پہلے بھی ان سے کہا تھا کہ وہ ہمیں ایک زنانہ میڈیکل کالج ضرور دیں یہ ہمارا بار بار مطالبہ ہے وہ سنتے سنتے تھک گئے ہوں گے اور میں دھرائے چلی جاتی ہوں ۔ اس کے بعد میں رانا صاحب سے عرض کروں گی کہ وہ اس ریزولیوشن پر نظر ثانی فرمائیں اور پھر اس ہاؤس میں پیش کریں ۔ وزیر تعلیم سے میری دوبارہ عرض ہے کہ وہ جتنے سکول اور کالج لڑکوں کے لئے کھولیں اتنے ہی خواتین کے لئے کھولیں ۔

نواب زادہ چودھری اصغر علی (گجرات ۔ ۱) ۔ صاحب سپیکر ۔ مجھے اس سیشن میں کچھ عرض کرنے کا موقع ہی نہیں ملا ۔ میں سمجھتا تھا کہ شاید یہاں بولنے کی گنجائش ہی نہیں ہوگی بہر حال آج ایک ایسا مسئلہ در پیش ہے اور میں آج ڈر رہا ہوں کہ میں اپنے آپ کو دیہاتی کہوں یا نہ کہوں کیونکہ اگر دیہاتی کہوں گا تو بیگم صاحبہ کے بقول طبقاتی جنگ میں شامل ہو جاؤں گا ۔ حضور عالی ۔ یہ قدرتی بات ہے کہ ہم جہاں کے آباد کار ہیں اور جہاں آباد ہیں اسی جگہ سے اپنے آپ کو منسوب کریں گے جو سیالکوٹ سے آتے ہیں وہ سیالکوٹی کہلائیں گے لاہور والے لاہوری کہلائیں گے اور جو لائل پور والے ہیں وہ لائل پوری کہلائیں گے ظاہر ہے کہ جو شخص جس جس علاقہ سے تعلق رکھتا ہے اور جو اس کا پیشہ ہے اس کے متعلق ہی کہے گا اور اپنی تکالیف بیان کرے گا ۔ حضور والا ۔ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ پٹواریوں کی انجمن ہے ۔ چپراسیوں کی انجمن ہے ۔ مزدوروں کی انجمن ہے اور تمام جہاں کی انجمنیں ہیں لیکن بیچارے دیہاتیوں کے متعلق کوئی بات کیجاتی ہے تو وہ قابل اعتراض ہے ۔ حتمی طور پر میرا خیال ہے کہ ہمیں بیوقوف سمجھا جاتا ہے گویا کہ ان کی بات کرنی ہی نہیں

چاہئے - ہمیں حتمی طور پر پسماندہ سمجھا جاتا ہے اور ۸۵ فیصد آبادی کو کوئی بات نہیں کرنے دیتا - الیکشنوں میں جناب والا - ہمارے ووٹ زیادہ ہیں - یعنی حکومت کے تمام ٹیکس - فوج اور باقی سب کام ہم چلائیں اور حتیٰ کہ اس ملک کی تمام آبادی کے کھانے کے لئے غلے کا انتظام ہم کریں تو جناب والا - ہم رازق نہ سہی کم از کم ہم اس دیس کی آبادی کا ان داتا کہلانے کے حقدار ہیں - ہم چاول پیدا کرتے ہیں - حکومت اس کا زر مبادلہ کھاتی ہے - یہ جو بڑی بڑی بلڈنگیں اور محلات ہیں یہ بھی ہم اپنے سر پر سیمنٹ اور ریت کی ٹوکریاں اٹھا اٹھا کر بناتے ہیں - حضور والا - جب فوج میں سینہ سپر ہونے کا وقت آتا ہے ہم آگے جاتے ہیں لیکن پھر بھی ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ طبقہ جات کی یا طبقاتی بات کرتے ہیں تو ہم قابل گردن زدنی ہو جاتے ہیں اگر ہم اپنے گھر میں باپ کے سامنے کہتے ہیں کہ ایک بھائی کو تم نے سوٹ سلوا دیا اور ایک کو اچکن بھی سلوا دی تو اگر تیسرا بھائی یہ کہے کہ ایک کوٹ مجھے بھی لنڈے بازار سے ہی لے دو تو اس نے کیا جرم کیا ہے (ہیر-ہیر) تو یہ جناب والا طبقے کی کوئی چیز نہیں ہے - یہ ہمارا حق ہے - اس میں کوئی چیز طبقاتی نہیں ہے - ہم سب پاکستانی ہیں - ہم اپنے پیغمبر کے دور ہی میں دیکھیں کہ کتنے قبیلے اور مختلف خاندان تھے قریشی تھے عباسی تھے وغیرہ وغیرہ - جناب والا - یہ تو پرانی بات ہے - میں لیڈران سے عرض کروں گا کہ تمام طبقے زندہ رہ سکتے ہیں - ہماری مسلم لیگ ہے ہم سب اس کے سپاہی ہیں میں بھی اس کا سپاہی ہوں - یہاں تمام طبقے زندہ رہ سکتے ہیں - ایک وقت تھا جب کہ کوئی زمیندار اپنی انجمن مسلم لیگ سے وابستہ رہ کر نہیں بنا سکتا تھا - یہ ہمارے پچھلے دور میں ہوا تو میں یہ نہیں سمجھتا کہ ہمیں خاموش کرانے کی کوشش کیوں کی جاتی ہے کہ جب ہم بات کرتے ہیں تو کہتے

ہیں توبہ توبہ ۔ تم طبقے کا نام لیتے ہو ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ نواب زادہ صاحب قرار داد کے متعلق کوئی بات کہ یں ۔

نواب زادہ چودھری اصغر علی ۔ عرض کرتا ہوں جناب کہ بنیاد کے بغیر کوئی چیز نہیں ہوتی تو میں رانا صاحب کی تائید کرتا ہوں لیکن میں تھوڑی سی مخالفت اس چیز پر ضرور کروں گا کہ جناب میں تعصب نہیں رکھتا شہری اور دیہاتی میں ۔ میرا مقصد یہ ہے کہ دیہات کو بھی شہر کی طرح سہولتیں دی جائیں اور ان لوگوں کو ان جیسا بنا دیا جائے ۔ یعنی ہم اس بارے میں اس طرح سوچ سکتے ہیں کہ ایک بھائی کو فالج ہو رہا ہے اور ایک صحت مند ہے تو کیا یہ مناسب ہے کہ فالج والے کا علاج نہ کیا جائے اور الٹا یہ کہا جائے کہ یہ مفلوج ہے اور مفلوج خاندان سے تعلق رکھتا ہے اس لئے اس کے علاج کی ضرورت نہیں تو جناب والا ہم تو کہتے ہیں کہ ایک حصے کو مفلوج نہیں رکھنا چاہئے مناسب تو یہ ہے کہ تمام جسم طاقتور ہو اور صحت مند ہو تا کہ وہ سارا جسم اکٹھا اور صحیح کام کر سکے ۔ یہ آپ دیکھ رہے ہیں جو یہ ترقی اور جو یہ تعلیم سے متعلق چیزیں ہیں یہ تب ہی ہو رہی ہیں کہ ان کو حاصل کرنے والے صحت مند لوگ ہیں ۔ ویسے گورنمنٹ بھی مجبور ہے کہ جہاں کالجوں اور سکولوں کے کھولنے کی سہولتیں میسر ہوں وہ وہاں کھولتی ہے ۔ کسی ڈسٹرکٹ یا بڑے بڑے ہیڈ کوارٹرز پر جہاں کہ سہولتیں میسر ہوں وہاں قدرتی طور پر سکول اور کالج کھل جاتے ہیں ۔ اب ہماری گورنمنٹ یہ بھی چاہتی ہے کہ ہمارے شہروں میں آبادی زیادہ نہ بڑھتی جائے لیکن وہ آبادی بھی اس لئے بڑھتی ہے کہ جو چیزیں انسانی دماغ کو ترقی کی طرف کشش کرتی ہیں وہ شہروں میں ہیں تو

دیہاتوں کو چھوڑ کر یہ لوگ شہر میں آتے ہیں تو گورنمنٹ کو اس امر کا خیال کرنا چاہئے کہ دیہاتی لوگوں کو جو چیزیں نہ ملنے کی وجہ سے انہیں شہر میں کھینچ کر لا رہی ہیں وہ ہمیں ان تک پہنچانی چاہئیں ۔ ہماری گورنمنٹ کا فرض ہے کہ تمام آبادی کی تعلیم و تربیت اور تمام چیزوں کا خیال رکھے اور دوسرے یہ کہ گورنمنٹ کو جو دن بدن تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے وہ شہروں کی آبادی کے بڑھنے کا ہے اور اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ لاہور کی آبادی ایک لاکھ ہر سال زیادہ نہ بڑھ جائے۔ جب آبادی زیادہ ہو جائے تو پھر حضور والا غلے کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے ۔ راشن کا بندوبست بھی کرنا مشکل ہو جاتا ہے ۔ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ ترقی کی تمام چیزوں کو مفصلات میں بہم پہنچائی جائیں تاکہ یہ دیہاتی کسان جن سے ہمارے قائد ایوان ہر قسم کی پیداوار بڑھانے کی خواہش بھی رکھتے ہیں تو ضروری ہے کہ ان کو بھی تعلیم سے بہرہ ور کیا جائے ۔ جناب والا ۔ وہ تعلیم سے بہرہ ور نہ ہونگے تو وہ ترقی کیسے کریں گے ان چیزوں کے استعمال کو کیسے سمجھیں گے ۔ ٹریکٹرز بلڈوزر وغیرہ کا استعمال کیسے سیکھیں گے ۔ تو یہ ایسی چیزیں ہیں جن پر خیال کرنا نہایت ضروری ہے ان کے بغیر وہ ترقی کے راستے پر نہیں چل سکیں گے ۔ خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا کہ ڈاکٹروں کو سہولتیں نہیں ملتیں اس لئے وہ دیہاتوں میں نہیں جاتے تو اس سلسلے میں میں رانا صاحب کی تائید کروں گا کہ ہمیں سٹیج مقرر کرنی چاہئے ۔ اگر ہم دیہاتیوں کا نام لیں تو کہا جاتا ہے کہ اس سے آپ طبقاتی چیز پیدا کرتے ہیں ۔ میں تو کہتا ہوں کہ اس میں کوئی طبقاتی چیز نہیں ہے ۔ ہم سب بھائی بھائی ہیں لیکن اگر میں نے اپنی رہائش دیہات سے شہر میں اختیار کر لی ہے تو میں تو اپنے آرام اور سہولت کے

لئے شہر میں آیا تھا ۔ میں نے دیہات سے خلاصی کرائی میں نے شہر میں آ کر پیسہ لگایا مکان بنایا تعلیم حاصل کی اور پھر اگر گورنمنٹ کہے کہ واپس چلے جاؤ تو یہ کہاں تک مناسب ہے ہم جناب والا کہتے ہیں کہ تمام قسم کے کالج دیہاتوں میں بنائیں وہاں لوگوں کو سیٹیں بھی دی جائیں ۔ تاکہ وہ لوگ امتحانات پاس کرنے کے بعد دیہات میں جا کر کام کریں ۔ وہ مفصلات میں اس لئے جانے سے انکار نہیں کریں گے کہ وہاں سہولتیں نہیں ہیں ۔ وہ اس لئے وہاں جائیں گے کہ ان کے گاؤں وہاں پر ہیں ۔ ان کو وہاں رہنے کا آرام ہے ۔ ان کی وہاں برادری ہے باقی رہا یہ جو خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا تھا کہ بہت سے لوگ شہروں میں رہتے ہیں ۔ مگر ان کی جائدادیں دیہات میں ہیں ۔ ہم کسے دیہاتی سمجھیں کسے نہ سمجھیں ۔ میں اس کی وضاحت کئے دیتا ہوں کہ دیہاتی کسے کہتے ہیں ۔ دیہاتی وہ ہے جو دیہات میں رہے ۔ جو پینٹ کوٹ پہننے کے قابل نہ ہو ۔ وہ جو بس پر چڑھنے کے لئے آئے تو اسے یہ پتہ نہ ہو کہ کس سائڈ پر کھڑا ہونا ہے ۔ اگر آپ نے اپنی آبادی کے اس ۸۵ فی صد حصہ کو جگانا نہیں تو آپ کی قوم کبھی جاگ نہیں سکتی ۔ چند لوگوں کو لمبی کاریں اور اچھے گھر دے کر اور باہر سے آنے والوں کو بڑی بڑی بلڈنگیں دکھا کر ہم کاغذی ترقی تو دکھا سکتے ہیں لیکن یہ عملی ترقی نہیں ہو گی ۔

دوسرے دیہاتی انہیں کہتے ہیں جو شہر میں آ ہی نہیں سکتے ۔ ان کے حالات ان کی آمدنی اور خرچ اس چیز کی متحمل نہیں ہوتی کہ وہ شہر میں آ کر تعلیم حاصل کریں ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ جب تک یہ ۸۵ فی صد تعلیم حاصل نہیں کریں گے ۔ ہماری کبھی ترقی نہیں ہو گی ۔ (تالیاں) ۔

پھر وھی حال ھو گا جو حالی صاحب نے کہا ھے ۔

بچو گے نہ تم اور نہ ساتھی تمہارے
اگر ناؤ ڈوبی تو ڈوبیں گے سارے

اسلئے میں تو حیران تھا کہ خواجہ صاحب کو بھی تو فوراً اس قرار داد کی تائید کرنی چاھئیے تھی۔ ھم کوئی علاقائی یا طبقاتی تفریق پیدا نہیں کرتے۔ ھم تو صرف یہ کہتے ھیں کہ ھمیں بھی دوسروں کے صف بہ صف کھڑا کرنا چاھئیے ، تاکہ ترقی کے راستے پر سب اکٹھے گامزن ھوں ۔ ایک چیز انہوں نے ارشاد فرمائی ھے ۔ وہ کہتے ھیں مقابلہ ھو میں کہتا ھوں ھمارے ساتھ ھل چلانے کا کمپیٹیشن کر لیں ۔ غلہ پیدا کرنے کا مقابلہ کر لیں ۔ ھمارے ساتھ فوج میں جان پیش کر کے کہ کس کے زیادہ بچے فوج میں ھیں مقابلہ کر لیں (تالیاں) صرف کتابوں کے ٹسٹ سے دماغ ٹسٹ نہیں ھوتا ۔ میں نے پہلے بھی گورنمنٹ کے بڑے بڑے لوگوں سے سنا ھے وہ کہتے ھیں یہ جو نان آفیشل ھیں یہ سمجھدار نہیں ھیں ۔ یہ قابل نہیں ھیں ۔ میں یہ عرض کرتا ھوں کہ اب ھم میں باھر کا کوئی آدمی نہیں ۔ یہ جو بچے ھیں ۔ یہ جو نوجوان آج سی ایس پی اور پی سی ایس بنتے ھیں یہ کس کے بچے ھیں ؟ یہ ھمارے بچے ھیں ۔ ھم تو اُلو ھیں ۔ نہ پڑھے نہ لکھے بچوں کو لا کالج میں پڑھاتے ھیں ۔ رات دن اللہ تعالی سے دعا مانگتے ھیں ۔ یا اللہ یہ پاس ھو جائے تو فلاں خانقاہ پر چراغ جلائیں گے پھر وہ پاس ھو جاتے ھیں ۔ پھر وہ کمپیٹیشن میں بیٹھتا ھے اور سی ایس پی ھو جاتا ھے وہ تو بڑا قابل مانا جاتا ھے اور میں اس کا باپ بالکل ان پڑھ اور بیوقوف ھوں (تالیاں) جو آفیشل نہیں ھے نہ اُسے عقل ھے نہ ھوش ھے ۔ نہ اُسے ذمہ داری کا احساس ھے ۔ نہ وہ کوئی کام کر سکتا ھے جو ان پڑھ

باپ ایک بچے کو پڑھا لکھا کر سی - ایس - پی تک پہنچا سکتا ہے کیا وہ قابل اور عقلمند نہیں ہے - کیا اُس کی ہمت قابل داد نہیں ہے - میں ایمانداری سے کہتا ہوں کہ ہم زیادہ پڑھے لکھے لوگوں سے بہت اچھا کام کر سکتے ہیں میں تو یہ عرض کروں گا کہ اگر آپ نے ترقی کرنی ہے تو دیہات کی ترقی ضروری ہے دو بیل ہل کھینچتے ہیں - اگر ان میں سے ایک موٹا اور طاقتور اور دوسرا کمزور ہو تو ہل کبھی نہیں چلے گا - یا جناب والا - ایک بیل ہو اور دوسرا بھیسنا ہو تو یہ جوڑی کبھی نہیں چلے گی - (تالیاں) اس لئے میں تو حضور والا - یہ عرض کروں گا کہ ہم غلط تفریق نہیں چاہتے ہم سب بھائی ہیں نہ ہم کسی کو دیہاتی کہتے ہیں نہ شہری ہم کہتے ہیں کہ یہ صحیح نہیں ہے کہ ترقی کے تمام وسائل سمٹ کر شہروں میں آ جائیں - اور آبادی کا ۸۵ فیصد حصہ اس سے محروم رہے - جناب والا - آج کل باہر چاول کی کاشت ہو رہی ہے پچھلے دنوں اتنی سخت دھوپ تھی کہ ایم پی اے حضرات یہاں سے نکل کر ہوٹلوں تک جانے میں تپش محسوس کرتے تھے - اور اس دھوپ میں باہر لوگ کھیتوں میں گرم پانی میں کھڑے ہو کر اس چاول کی کاشت کرتے تھے - جس سے آپ شائد ۳۰ کروڑ روپیہ زر مبادلہ کماتے ہیں - یہ لوگ کمپیٹیشن میں کیسے آئیں یہ کاشتکار آپ کے لئے غلہ پیدا کریں - یا لاہور گورنمنٹ کالج میں تعلیم حاصل کریں اور شاید ان کو وہاں داخلہ بھی نہ ملے گا (تالیاں) ابھی تک تو دیہات میں پرائمری سکولوں کی سکیم بھی مکمل نہیں ہے - ان کے بچے کمپیٹیشن کے لئے کیسے تیار ہوں گے ؟ اس حساب سے تو وہ آئندہ کہیں سو سال میں آگے آئیں گے - پرائمری سکولوں کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے شاید موجودہ صدی تو ساری نکل جائے اور آئیندہ صدی میں کچھ توقع ہو (تالیاں) اس کے بعد ہمارے بچے

پرائمری پاس ہوں گے ۔ پھر وہ ہائی سکولوں میں جائیں گے ۔ پھر کالجوں میں جائیں گے ۔ پھر کہیں کمپیٹیشن دینے کے قابل ہوں گے ۔

خواجہ صاحب نے کہا تھا کہ گھوٹینکی میں ایک ہیڈ ماسٹر تھا جس کے سکول کا نتیجہ بہت اچھا رہتا تھا ۔ لیکن جیسا کہ انہوں نے خود ہی فرما دیا اسے بھی سہگل لے گئے ۔ ہمارے پاس کوئی ٹرینڈ ماسٹر تو رہنے نہیں دیتے ۔ ہم تعلیم کہاں سے دلائیں ۔ ہمارے تعلیم یافتہ ماسٹر بھی شہری لے جائیں گے اور تعلیم بھی لے جائیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ ڈپٹی سپیکر ۔ نوابزادہ صاحب آپ نے ۱۵ منٹ سے زیادہ تقریر کے لئے وقت لے لیا ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ جناب والا ۔ یہ تقریر سالوں میں ہمیں ایک بار نصیب ہوتی ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ ہوتی بھی آپ کی صدارت میں ہے ۔

نوابزادہ چودھری اصغر علی ۔ جناب والا ۔ میں بھی وقت آپ سے ہی مانگتا ہوں اور کوئی دیتا نہیں ہے (قہقہہ)

جناب والا ۔ میں تعلیم کے متعلق عرض کر رہا تھا کہ ہم کبھی مقابلہ میں نہیں آئیں گے ۔ گندم پر کنٹرول کر کے کل پرسوں شاید حکم ہو جائے کہ جن کے پاس گندم کے سٹاک برآمد ہوں گے ان کو جیل میں دے دیا جائے گا ۔ یہ کئی دفعہ حکم ہوا ہے پچھلی حکومتوں نے بھی ایسا کئی دفعہ کیا ہے جہاں ہم اپنی گندم کے سٹاک پر بھی جیل جا سکتے ہیں وہاں ہمارے بچے ہماری کارکردگی کی وجہ سے وہ اگر سی۔ایس۔پی یا پی۔سی۔ایس یا تحصیل دار یا تھانیدار نہ بنیں تو

چوکیدار ھی سہی کچھ تو بنیں ۔ ھمیں یہ مصیبت ھے کہ غلہ بھی ھم پیدا کرتے ھیں اور رشوت بھی سب سے زیادہ ھم دیتے ھیں ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب سے عرض کروں گا کہ ھمیں زیادہ سے زیادہ تعداد میں ملازم کرائیں کیونکہ ھمارے عزیز و اقربا ھم سے رشوت لیتے ھوئے کچھ تو شرمائیں گے ۔ یعنی ۸۵ فیصد آبادی رشوت دینے والی ھے ۔ (ھیئر ۔ ھیئر) حضور والا ۔ میں نے محترم ملک خدا بخش بچہ صاحب سے بھی عرض کیا تھا کہ جتنا سٹاف محکمہ زراعت کا فیلڈ میں کام کرتا ھے آپ ان کے تھوڑے سے کان کھینچیں کیونکہ وہ کام نہیں کرتے ھیں وہ کام اس لئے نہیں کرتے ھیں کہ ان کا ھمارے ساتھ تعلق نہیں ھے ۔ اگر ایک بھی تحصیلدار یا تھانیدار یا کوئی سی۔ایس۔پی یا پی۔سی۔ایس ھم میں سے ھو وہ یہ خیال کرے گا کہ دیہات والے بھی ترقی کریں اور ان کو بھی جاگنا چاھئیے ۔ لیکن یہ سمجھتے ھیں کہ ان کے لئے ایک سپاھی یا ایک پٹواری بن جانا کافی ھے ۔ اور یہ بچارے کسی کام کے نہیں ھیں ۔ میں اس لئے عرض کروں گا کہ ھمیں مقابلہ میں کبھی نہ لیا جائے کیونکہ کالج باھر نہیں ھیں ۔ اگر کوئی استاد بقول خواجہ صاحب کے اچھا پڑھاتا ھے تو دولتمند لوگ اس کو زیادہ تنخواہ دے کر لے جاتے ھیں ۔ لاھور میں کالجوں کے جو تعلیم یافتہ ھیں وہ مقابلہ کے امتحان میں آئیں گے یہاں کا ان پڑھ بھی ھمارے ایک میٹرک پاس سے اچھا ھے ۔ وہ ساری سڑکوں کے نام تو کم از کم جانتا ھے ۔ میں دعوے سے کہتا ھوں کہ باھر کے کالج کے کسی لڑکے کو بلا کر پوچھیں کہ فلاں سڑک پر جاؤ تو وہ ٹیکسی والے کو کہے گا کہ فلاں سڑک پر لے چلو یہ بچارے سڑکوں کے نام بھی نہیں جانتے ھیں یہ مقابلہ کے امتحان مین کیسے آئیں گے ۔

جناب والا - باقی رہا ترقی کے متعلق - میرا تعلق ضلع گجرات سے ہے - - -

حاجی سردار عطا محمد - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - مجھے یہ گذارش کرنی ہے کہ کل سے اس قرار داد پر بحث چل رہی ہے میرے خیال میں تمام ہمارے دوستوں نے اس کے حق میں تقاریر کی ہیں - ایک منٹ میں محرک اسے وزیر تعلیم صاحب کے کہنے پر واپس لے لے گا - یہ تمام فضول وقت ضائع کر رہے ہیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

نوابزادہ چودھری اصغر علی - حاجی صاحب اس طرح میرے خیال میں اسمبلی کی کوئی ضرورت نہیں ہے - اگر یہاں تقریریں نہیں کرنی ہیں تو اور کیا بات کرنی ہے -

حاجی سردار عطا محمد - وہ قرار داد واپس لے لیں گے -

نوابزادہ چودھری اصغر علی - حضور والا - میں رانا پھول محمد صاحب کی قرار داد کی تائید میں عرض کر رہا تھا جب آپ اتنی بڑی آبادی کے حصے کو نظر انداز کر دیں گے تو ایک بھائی دوسرے بھائی کے لئے ' اپنی قوم، اپنی ملکی ترقی کے لئے کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکے گا ؟ اس ۸۵ فیصد پسماندہ لوگوں کو تعلیم - ترقی اور ملازمتیں دے کر برابر نہ کیا جائے اس وقت تک ہم کسی صورت میں بھی دیہات کے تعلیم یافتہ ، لاہور کے کالجوں سے فارغ التحصیل طلبا سے مقابلہ نہیں کر سکتے - باقی یہ خیال ہو کہ ہم تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں اس میں تعصب جناب والا نہیں ہے - ڈاکٹر صاحب نے کہا ہے کہ

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا

ہم تعصب بالکل پیدا نہیں کرتے ۔ قائد اعظم کی کون سی برادری تھی ۔ انہوں نے کس برادری پر پاکستان حاصل کرنے کا دعوے کیا تھا ۔ ہم نے اس کے لئے اپنی جان و مال پیش کر کے ان کے ساتھ تعاون کیا اور پاکستان کا ظہور ہوا ۔ ہم نے کوئی برادری یا طبقہ پیدا نہیں کیا ہے ۔ باقی رہا کہ اگر انفرادی ترقی ہو تو قومیں ترقی کرتی ہیں افراد کا مجموعہ ہی قوم ہے ۔ جب افراد ترقی کریں گے تو قوم ترقی کرے گی ۔ جو ہر روز کہتے ہیں کہ مزدور طبقہ کی رہائش کے لئے بندوبست کیا جائے یہ کیا جائے وہ کیا جائے ان کو ہر ممکن سہولتیں دی جائیں وہ ایک طبقہ ہے ۔ وہ کام کرنے کا طبقہ ہم میں سے ہے ۔ یہاں کسی قوم یا برادری کا سوال نہیں ہے ۔ رانا پھول محمد خان صاحب نے دیہاتی کا نام لیا ہے کسی قوم کا نام نہیں لیا ہے کیونکہ آپ کے کاغذات میں دیہات اور شہر موجود ہیں ۔ ہماری میونسپل کارپوریشن یا میونسپل کمیٹیوں میں جو لوگ آباد ہیں ہم انہیں شہری کہتے ہیں ۔ ترقی کے دور میں خواجہ صاحب کو تمام حضرات کو مبارک باد دینی چاہئے کہ ترقی یافتہ لوگوں کو دیکھ کر ہمیں بھی ترقی کا شوق پیدا ہوا ہے ۔ ہم میں بھی ترقی کرنے کا شعور پیدا ہوتا ہے بجائے اس کے کہ یہ ہماری حوصلہ افزائی کرتے یہ فرماتے ہیں کہ ہم طبقاتی بات کرتے ہیں یہ طبقاتی بات نہیں ہے اسے طبقاتی کہنا بالکل غلط ہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں

مسٹر ملنگ خان (ہزارہ۔۵) ۔ جناب والا ۔ رانا پھول محمد خان صاحب کی اس قرار داد کی حمایت کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ حقیقت یہ

ہے کہ دیہاتیوں کو اس بری طرح سے نظر انداز کیا گیا ہے کہ ہر چیز شہری لوگ لے جاتے ہیں جیسے نوابزادہ صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ کوئی تعصب کی بات نہیں ہے یہ ترقی کے لئے ایک تجویز ہے کہ اگر دیہاتوں کے لوگوں کو تعلیم میں اس قسم کی مراعات دی جائیں اور محکمہ صحت میں ۔ محکمہ تعلیم میں اور دوسرے محکموں میں وہ آجائیں تو وہ دیہاتیوں کی بہتر طور پر خدمت کر سکیں گے ۔ مثال کے طور پر آج کل اس ہاؤس میں یہ رونا رویا جاتا ہے کہ دیہاتوں میں ہسپتال نہیں ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

(اس مرحلے پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

لیڈی ڈاکٹر جانے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ ڈاکٹر وہاں جانے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ منسٹر صاحبان اور سیکرٹری صاحبان کو کئی دفعہ کہا جاتا ہے ۔ ممبر حضرات ان کی خدمت میں آتے ہیں اور عوام کے مطالبات ہوتے ہیں کہ ہمارے ہسپتال میں ڈاکٹر نہیں ہے تو یہاں سے جواب ملتا ہے کہ وہاں کوئی ڈاکٹر وغیرہ جانے کے لئے تیار نہیں ہے اب اگر ڈاکٹر دیہات کے لکھے پڑھے ہوں اور اس کو اس لحاظ سے ملازمت میں ترجیح دی جائے تو وہ اس علاقے اور اس گاؤں سے اپنی وابستگی کے لحاظ سے بھی کیونکہ وہ وہاں کا رہنے والا ہو گا اور اس کو وہاں کے خوب و بد کا بھی علم ہو گا ۔ تو وہ لامحالہ وہاں کے لوگوں کی بہتر خدمات انجام دے سکے گا ۔ اور جیساکہ نوابزادہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ہر شخص یہ کوشش کرتا ہے کہ میں آباد ہو جاؤں تاکہ میرے بچوں کو اچھی تعلیمی سہولتیں مہیا ہو سکیں اور جیسے کہ یہاں پر ایچی سن کالج وغیرہ ہیں ۔ تو ان میں تعلیم پانے

والے لڑکوں کے ساتھ دیہات کے پرائمری سکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے بچے کیسے مقابلہ کر سکتے ہیں تو اگر دیہات کے لوگوں کو ان کی آبادی کے تناسب کے لحاظ سے محکمہ زراعت ، محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت میں ان کو ان کا حصہ دے دیا جائے ۔ تو وہ دیہاتی جوکہ اس ملک کی پچاسی یا اٹھاسی فیصد آبادی ہیں ان کی خدمت کا انہیں موقع مل سکے گا اور یہ ایک طرح سے ان کی اپنی خدمت ہی ہو گی کیونکہ وہ خود بھی دیہات کے رہنے والے ہوں گے ۔ اس لئے وہ ان کی خدمت میں زیادہ دلچسپی لینگے ۔ اور چونکہ اسے دیہات کے لوگوں کی تکلیف اور ضروریات کا بھی علم ہو گا اس لئے بھی وہ ان کے لئے زیادہ کار آمد ثابت ہو سکے گا ۔ تو اس لحاظ سے یہ ریزولیوشن بے حد مفید ہے اور یہ پاکستان کے دیہات کی تعمیر و ترقی کی جانب ایک قدم ہے اور اگر حکومت اس پر غور فرمائے تو یقیناً ایک ایسی بات ہوگی کہ جس سے دیہات ترقی کر سکتے ہیں ۔ شہروں میں وہ تمام سہولتیں میسرہیں جو کہ دیہات میں مفقود ہیں اور اس لحاظ سے بھی دیہاتی شہریوں کا زندگی کے کسی شعبے میں بھی مقابلہ نہ کر سکیں گے ۔ میری دوسری گزارش یہ ہے کہ فنی سکولوں میں دیہاتیوں کو اس لئے بھی از حد زیادہ ترجیح دینی چاہئے تاکہ وہ زراعت اور دیگر ہر قسم کے کسب مثلاً شہروں میں بجلی کے خراد کا کام ہوتا ہے آٹو موبائل انجینئرنگ کا کام ہوتا ہے اگر ان کو اس کے لئے ضروری تعلیم دی جائے تو ان لوگوں کو یہ سہولت ہو جائے گی کہ وہ سینکڑوں میل کا سفر طے کرکے شہروں کی طرف نہیں بھاگیں گے دیہات کے لوگوں کو بھی یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ان فنی سکولوں سے فائدہ اٹھائیں کیونکہ وہ بھی اسی پاکستان کے باشندے ہیں اور چاہئے تو یہ تھا کہ ان کو اس قسم کی سہولتیں اس سے بہت پہلے

مہیا کی جاتیں لیکن اب بھی وقت ہے اور پھول محمد خان صاحب نے اس سلسلے میں یہ ایک نہایت اچھی قرار داد پیش کی ہے جو کہ دیہاتی علاقے کے لئے اس قدر مفید ہے کہ اگر اس پر عمل کیا جائے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہمارے دیہات ترقی یافتہ نہ ہو سکیں ۔ بیرونی ممالک میں تو جس طرح ان کے شہر ترقی یافتہ ہیں اس طرح ان کے دیہات بھی ترقی یافتہ ہیں ۔ اگر ہم نے اس قرار دار پر عمل کیا تو مجھے یقین ہے کہ جہاں عام حالت کے تحت ہمارے دیہات کو ترقی کرنے میں چار سو سال لگیں گے اس طرح اس سے ایک چوتھائی مدت ہی میں وہ ترقی یافتہ ہو سکیں گے ۔ اس لئے میری استدعا ہے کہ اس قراردار پر ہمدردانہ غور کیا جائے اور جہاں تک ممکن ہو سکے دیہاتیوں کی سہولت کے لئے ہر شعبے میں ان کے لئے کوٹہ مقرر کیا جائے اور بالخصوص محکمہ صحت میں تو ان کے لئے کوٹہ مخصوص کرنا بے حد ضروری ہے تاکہ دیہات کے لوگوں کو طبی سہولتیں میسر ہو سکیں لیکن اگر بعض وجوہات کے پیش نظر ایسا نہیں کیا جا سکتا کہ دیہات کے لوگوں کو مختلف محکموں میں کوٹے کی بنیاد پر ملازمتیں دی جائیں تو پھر کم از کم یہ ضرور کر دیا جائے کہ ان اداروں کو دیہات میں منتقل کر دیا جائے ۔ کیوں کہ اگر ان اداروں کو دیہات میں منتقل کر دیا گیا تو اس سے یہ فائدہ ہو گا کہ شہر کے لوگ بھی وہاں جا کر تعلیم حاصل کر سکیں گے ۔ اور ان کو کم از کم یہ احساس ہو گا کہ دیہات کے لوگوں کو کیا تکالیف ہوتی ہیں ۔ اس کے علاوہ ان اداروں میں شہر کے لوگ بھی تعلیم حاصل کر سکیں گے ۔ اور ان کے ساتھ ساتھ وہاں کے مقامی باشندے بھی تعلیم حاصل کر سکیں گے ۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ اگر آپ دیہاتی آبادی کو ان کی آبادی کے تناسب کے لحاظ سے ان کا حصہ نہیں دینا چاہتے تو پھر کم

از کم یہ ضرور کر دیں کہ آپ اس قسم کے جتنے بھی نئے ادارے قائم کریں وہ دیہات میں قائم کریں تاکہ شہریوں کے ساتھ ساتھ دیہاتی بھی تعلیم حاصل کر کے دیہاتی عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کر سکیں ۔

میجر محمد اسلم خان (راولپنڈی - ۱) ۔ جناب سپیکر - جس طریقے سے یہاں پر یہ کہا گیا ہے کہ کون دیہاتی ہے اسی طریقے سے میں تو صرف یہ کہوں گا کہ میں راولپنڈی کا رہنے والا ہوں ۔ یہاں پر بہت سے ممبران گوکہ دیہات سے منتخب ہو کر آئے ہیں لیکن وہ شہروں میں رہائش پذیر ہیں لیکن پھر بھی وہ اپنے آپ کو دیہاتی کہتے ہیں حالانکہ اس لحاظ سے بہت سے اراکین دیہاتی نہیں کہلا سکتے ۔ بہر حال رانا پھول محمد خان صاحب کا یہ جو ریزولیوشن ہے اس سے ایک بات ضرور ظاہر ہوتی ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ جو ہمارا نظام تعلیم ہے ہمارا جو طرز تعلیم ہے اس میں بڑے نقائص ہیں اور اس میں جو سب سے بڑی کمی پائی جا رہی ہے وہ یہ ہے کہ ہماری پرائمری اور مڈل کی جو تعلیم دیہات میں دی جا رہی ہے ۔ اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی جس کی وجہ سے رانا صاحب نے یہ تکلیف محسوس کی اور جو اس ریزولیوشن کے پیش کرنے پر منتج ہوئی۔ اس ریزولیوشن کے پیش کرنے کا جو خیال ہے وہ بہت نیک ہے لیکن ریزولیوشن میں جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں ۔ ان سے مجھے کچھ شک پیدا ہو رہا ہے اور جس کی بناء پر میں اس وقت کچھ عرض کرنے کی غرض سے کھڑا ہوا ہوں ۔ چند روز ہوئے اردو زبان کی ترویج کے لئے ایک بل اس معزز ایوان میں پیش ہوا تھا جس کی مخالفت کر کے معزز ممبران نے اسے رد کر دیا تھا ۔ میں یہ سمجھتا

ہوں کہ اگر وہ اردو زبان کا بل منظور ہو چکا ہوتا تو مجھے یقین ہے کہ آج شاید رانا صاحب کو یہ ریزولیوشن پیش کرنے کی ضرورت پیش نہ آتی کیوں کہ ہمارے ہاں Parallel System of Education ہے جو کہ چل رہا ہے ۔ وہ ختم ہونے لگتا ۔ ہمارے ہاں Parallel System of Education کے ساتھ ساتھ privileged schools اور privileged colleges بھی ہیں یعنی استحقاق یافتہ سکول اور کالج بھی ہیں ۔ مثلاً comprehensive سکول ہیں ۔ پبلک سکول ہیں جہاں پر کہ یوروپین طرز تعلیم رائج ہے ۔ اس کے علاوہ کیڈٹ کالج ہے ۔ ایچی سن کالج ہے سابقہ پبلک سکول وغیرہ ہیں تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان استحقاق یافتہ سکولوں پر کروڑوں روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے اور اگر یہ دیکھا جائے کہ ایک استحقاق یافتہ سکول پر ایک کروڑ روپیہ خرچ آتا ہے اور اس میں صرف پانچ سو لڑکے تعلیم پاتے ہیں تو اس طریقے سے ہمارے ایک ہائی سکول پر تقریباً ایک لاکھ روپے کی لاگت آتی ہے اور اس میں تقریباً ایک ہزار طلبا تعلیم پا سکتے ہیں تو اگر ان استحقاق یافتہ اور نام نہاد معیاری سکولوں کو بند کر دیا جائے یا آئندہ کے لئے ان کا قیام ختم کر دیا جائے تو اس لحاظ سے ہم ان بچائی ہوئی رقوم سے تقریباً سو ہائی سکول کھول سکتے ہیں جن میں تقریباً ایک لاکھ طلبا تعلیم حاصل کر سکتے ہیں اور اس طرح تعلیم کو بھی زیادہ سے زیادہ فروغ حاصل ہو گا اور وہ اسی طرح سے دیہات میں بھی کھولے جا سکتے ہیں ۔ لیکن اس وقت جو تقریریں ہو رہی ہیں اور آبادی کے تناسب کا مقابلہ کیا جا رہا ہے کہ چونکہ اسی فیصد آبادی دیہات میں رہتی ہے اس لئے ان کے لئے کوٹہ مقرر کیا جائے تو پھر پسماندگی وغیرہ نہیں رہے گی میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح تو آپس میں ایک مقابلہ شروع ہو جائے گا اور وہ کبھی ختم نہیں ہو سکے گا ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ استحقاق یافتہ

سکول جو ہیں ان پر ہمارے قومی خزانے سے (قطع کلامیاں) جناب والا ۔ آج تک ہم نے یہی فیصلہ نہیں کیا کہ ہمارے نظام تعلیم کا مقصد کیا ہے ۔ کیا ہم نے ایک غیر جانبدار تعلیم پا کر معاملات کی objective study کرنی ہے یا ہم نے کارکنوں کا ایک لشکر پیدا کرنا ہے یا ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ آنکھوں کے علاوہ ہمارے پاس دماغ بھی ہے اور جو کچھ ہم پڑھتے ہیں اسے سمجھ بھی سکتے ہیں تو جو شخص دماغ رکھتا ہے وہ ایک نقطہ نظر بھی رکھتا ہے اور جو نقطہ نظر رکھتا ہے وہ زندگی کا ایک مقصد بھی رکھتا ہے اور یہی نقطہ نظر اور مقصد زندگی ہی نظام زندگی ہے ۔ جسے ہم کلچر کہتے ہیں ۔ جب پاکستان بنایا گیا تھا تو ہمارا ایک نقطہ نظر تھا ایک نصب العین تھا اور ہمارے ہاں زندگی کا ایک اصول ہے ۔

چودھری انور عزیز ۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وہ کلچر کی بات کرتے ہیں اور ہم ایگریکلچر کی بات کرتے ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جیسا کہ میرے دوست انور عزیز صاحب فرماتے رہتے ہیں کہ تعلیم کے لئے کیا ہونا چاہئے میں یہ عرض کروں گا کہ شاید وہ میری گزارشات سمجھے ہی نہیں ۔ دنیا کی کسی قوم نے اپنا نظام تعلیم objective studies کی بنیادوں پر نہیں رکھا اور اپنی نسلوں کو بے رنگ قسم کی تعلیم دینے کی کوشش نہیں کی ۔ نہ ہی دوسروں کی تعلیم کے سلسلہ میں اس طرح سے تلقین کی ہے جیسے کہ ہم نے کی ہے ۔ یعنی میکالے نے جو ہمارے لئے نظام تعلیم جاری کیا آزادی کے بعد بھی ہم اسی پر چل رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے ۔ یہ ایک نظریاتی ملک ہے اور یہاں پر مساوات کا ہونا نہایت لازمی ہے ۔ یہاں کے ہر شخص

کے حقوق برابر ہیں سکولوں اور کالجوں کے داخلوں کے لئے ہم نے یہ نہیں دیکھنا کہ کہاں کے لوگ لینے ہیں بلکہ ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ ان میں کیا اہلیت ہے ان میں صلاحیت ہے ان میں اس تعلیم کو پانے کے لئے ذہن ہے یا نہیں ۔ اس تعلیم کے رجحانات ہیں یا نہیں صرف یہ کہہ دینا کہ اتنے دیہاتی ہیں کافی نہیں ۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہئے کہ ایک اصول کے لئے ایک تعلیم کے لئے موزوں ہیں یا نہیں یہ نہیں کہ ہم نے ہر حالت میں لینے ہیں یہ چیز غلط ہے ۔

جناب والا ۔ ہمیں ان لوگوں کی ضرورت ہے جو ملک کی ترقی کے لئے سعی اور ملک میں تخلیقی کام سرانجام دیں ۔

یہ شہری اور دیہاتی آبادی کی نسبت کا جو طریقہ ہے وہ مستحق طلبا کو داخلہ سے محروم رکھنے کے لئے ایک ہوشیار طریقہ ہے ۔ یہ نامزدگی ملک کے لئے میرے خیال میں زہر قاتل ہے اور ملک بجائے آگے بڑھنے کے پیچھے کی طرف جائے گا ۔ اور بالکل ترقی نہیں ہو سکے گی ۔ ہمارا فرض یہ ہے کہ پاکستان کے تمام شہریوں کے ساتھ ہر سطح پر مساوی سلوک کیا جائے تمام بچوں کو فنی اداروں میں داخلہ ان کی قابلیت ان کی ذہانت اور ان کے رجحانات کے مطابق دیا جائے ۔ آبادی کے تناسب کے لحاظ سے فنی اداروں میں داخلہ کا کوٹا دینا حضرت قائداعظم کے فرمان کے خلاف ہے ان کی تقاریر میرے پاس نہیں لیکن جیسا کہ آپ کو معلوم ہے انہوں نے کہا ہے کہ یہ ملک سب کے لئے برابر ہے ۔ ہر شخص کو برابر کا حصہ ملے گا اور کسی کے لئے ذاتی ترقی کی کمی نہیں ۔ جس طرح صبح جناب قائد حزب اختلاف خواجہ صاحب نے فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی تقاریر کا حوالہ دیا تھا انہوں نے بارہا یہ کہا ہے کہ یہاں پر ہر شخص کے حقوق برابر ہیں ۔ یہ نہیں ہے

کہ اس کے لئے کوئی نسبت ہوگی یعنی کسی کو ۸۰ فیصد یا ۶۰ فیصد حصہ ملے گا ۔

جناب والا ۔ اس ملک میں پہلے ہی Regionalism بھائی بندی قوم بندی ، کنبہ پروری Nepotism کافی ہوتی جا رہی ہے اگر ہم نے داخلہ کے لئے بھی یہی طریقہ اختیار کر لیا تو پھر ون یونٹ کے جو بنیادی اصول ہیں ان کو کھوکھلا کر دیں گے ۔ ہمارا National out look یہ ہے کہ سب کے حقوق برابر ہیں اگر اس کے علاوہ ہمارا کوئی دوسرا نصب‌العین ہے تو وہ بتا دیا جائے ۔ میرے خیال میں ہمارا دوسرا نصب‌العین نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ ہم نے پہلے ہی میڈیکل کالجوں میں اسی Regionalism کی بنا پر سیٹیں الاٹ کرنی شروع کر دی ہیں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ باہر کے جو really capable students ہیں اور وہ طلبا جو Best talents ہیں ان کو اس لئے داخلہ نہیں مل سکتا کہ وہ Particular Region کے نہیں ہیں اس طرح سے ملک اور قوم کو نقصان ہو رہا ہے کوئی فائدہ نہیں ہوا ۔ اس کے بعد جناب والا ۔ میں تین پوائنٹ پیش کرتا ہوں جو نہایت ضروری ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آبادی کے لحاظ سے جیسا کہ ۸۰ فیصدی لوگ دیہات میں رہتے ہیں ان کو فنی اداروں میں کوٹا دیا جائے تو موزوں قسم کے طلبا کا immediately ملنا ناممکن ہو جائے گا ۔ اگر شہریوں کے حق کو پس پشت ڈال کر آبادی کے تناسب سے فنی اداروں میں داخلے کے لئے مطالبہ کیا گیا تو تعلیم کے لئے یا فنی تعلیم حاصل کرنے کے لئے جس قسم کے بچوں کی ضرورت ہو گی وہ نہیں ملیں گے ۔ اس کا یہ اثر ہو گا کہ ہمارے پاس وہ طلبا ہوں گے جو ذہن اور تعلیمی معیار میں واقعی پست ہوں گے اور جس قسم

کی تعلیمم کے لئے ان کو بھیجا جا رہا ہے اس میں وہ شاید ہی چل سکیں ۔ حکومت نے پہلے ہی ایسے علاقوں کو جنہیں پس ماندہ کہا جاتا ہے اور پس ماندہ قرار دیا ہے انہیں سیٹیں الاٹ کر دی ہیں ۔ اگر فنی اداروں میں میڈیکل کالجوں میں انجنیئرنگ کالجوں وغیرہ میں یہی حساب کیا گیا اور داخلہ کسی تناسب سے دیا گیا تو اس کا اثر یہ ہو گا کہ جو پس ماندہ علاقے ہیں جیسا کہ فرنٹیئر کے ہیں جہاں شہری اور دیہاتی کا کوئی فرق نہیں اور ان کو سیٹیں الاٹ کی گئی ہیں ۔ پھر جب ان کا کوٹا بھی مقرر ہو گیا تا کہ وہ اپنے علاقہ کی فلاح و بہبود کے لئے کچھ کریں تو ان کا پہلا کوٹا ضائع ہو جائے گا ۔ علاوہ ازیں ہم نے بہت سے پس ماندہ علاقوں کو وظائف دینے شروع کئے ہوئے ہیں اگر کوٹا Business شروع ہو گئی تو ممکن ہے ان کے جو وظائف ہیں وہ بند ہو جائیں ۔ ان کو جب سیٹیں نہیں ملیں گی تو وظائف کیسے ملیں گے ۔ متوازی نظام تعلیم کی وجہ سے تو ہر شخص کو پہلے ہی برابر کے حقوق نہیں مل رہے ۔ اب ہم نے ایک اور سسٹم شروع کر دیا ۔ پہلے یہاں پر ہم خاص قسم کے بیوروکریٹ پیدا کرتے ہیں جو استحقاق یافتہ سکولوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں کچھ ایسے ہیں جو ہائی سکولوں میں ہیں جہاں ذریعہ تعلیم اردو ہے ۔ اگر یہ کوٹا سسٹم شروع ہو گیا تو ایک اور طبقہ پیدا ہو جائے گا یعنی ایک ہی ملک میں ایک ہی ذریعہ تعلیم کی بجائے تین سسٹم شروع ہو جائیں گے ۔ اس سے یہ ہو گا کہ ذہین طلبا کا یا ان لوگوں کا حصہ جو ان فنی اداروں میں جا کر تعلیم حاصل کر سکتے ہیں دیہاتیوں کو دیا جائے گا تو وہ بے وجہ مارے جائیں گے ۔ ان کے ساتھ بالکل صریحاً اور سراسر نا انصافی ہو گی ۔

Mr. Speaker : The Member may please try to conclude his speech

within 2 minutes now.

میجر محمد اسلم جان ۔ Very well, Si .

جناب والا ۔ قران کریم میں فرمایا گیا ہے کہ تمام انسان یکساں ہیں ۔ گر کسی کو فضیلت حاصل ہے تو وہ اس کے اخلاق کی وجہ سے ہے اور ان میں زیادہ معزز وہ ہے جو زیادہ متقی ہے ۔ ایک برادری ایک قوم ایک قبیلہ کو دوسرے قبیلہ پر کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے ۔ کہ وہ اپنے حقوق کو دوسروں پر بڑھا چڑھا کر رکھے۔

جناب والا ۔ شہریوں میں اور دیہاتیوں میں علیحدہ علیحدہ قبیلے کیوں بنائے جا رہے ہیں اس ملک میں ہر شخص کو برابر کا حق ہے ۔ جو طالبعلم قابل ہے اس میں قابلیت ہے ذہانت ہے شعور ہے رجحان ہے وہ open competition میں آئے ۔ جس کا حق ہے وہ اپنا حق لے اور جو اس قابل نہیں ہے وہ کسی دوسری طرف چلا جائے ۔

نوابزادہ رحمدل خان (بنوں ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ اس موضوع پر بہت سے معزز ممبران نے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے بعض ممبر صاحبان نے ایک ہی تقریر میں متضاد خیالات کا اظہار کیا ہے ۔

جناب والا ۔ ایک طرف تو یہ کہا گیا ہے اور کہا جا رہا ہے کہ اس سے علاقائی تعصب پھیلے گا اگر یہ ریزولیوشن اس ہاؤس نے پاس کر دیا اور اس سے مساوات یعنی equal opportunity کی خلاف ورزی ہو گی اور یہ طبقاتی جنگ کا باعث بنے گی لیکن اس کے ساتھ وہی مقرر فرماتے ہیں کہ انہیں ان علاقوں مثلاً فرنٹیئر وغیرہ سے ہمدردی ہے کیونکہ ان کو جو representation دی گئی ہے اور سپیشل سیٹیں دی گئی ہیں یہ

چیز ان پر اثر انداز ہو گی ۔ میں حیران ہوں کہ اگر اصولاً اس چیز کو تسلیم کرتے ہیں کہ فرنٹیئر کے لوگ طبقاتی representation کے حقدار ہیں تو انکو یہ تسلیم کرنا چاہئیے تھا کہ دیہاتی لوگ بھی اس representation کے حقدار ہیں ۔ جناب والا ۔ میں خواجہ صاحب محترم کا جواب دوں گا جو انہوں نے فرمایا کہ تمام کے تمام کو برابر کے حقوق میسر ہونا چاہئیں ۔ میں کہوں گا کہ دیہاتی طبقہ کے ۸۵ فیصد لوگوں کو انکے حقوق نہیں دئیے گئے ہیں اور یہ آئین اور اخلاق اصول کی خلاف ورزی کی گئی ہے جس کی رو سے یہ تعین کیا گیا تھا کہ تمام لوگوں کو برابر کے حقوق دلوائے جائیں گے ۔ میں ایک پوائنٹ کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں جناب والا ۔ ایک شہر میں رہنے والے غریب سے غریب بچے کو ۱۰ - ۱۰ قدم کے فاصلہ پر سکول جانے میں جو مشکلات در پیش ہوتی ہیں تو کیا ایک دیہاتی بچے کو ۶ - ۶ ، ۷ - ۷ - ۱۰ ، ۱۰ - ۱۲ - ۱۲ - میل روزانہ سکول آنے جانے میں دقت نہیں ہوتی ہے اور کیا آپ اسکو برابر کے حقوق دے رہے ہیں میں کہتا ہوں کہ آپ اسکے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں ۔ اگر آپ نے ایک شہری بچے کو شہر میں ۱۰ قدم پر سکول جانے کی سہولت مہیا کی ہے تو دیہاتی بچہ بھی پاکستانی ہے اسکو بھی آپ یہ سہولت دیں کہ وہ بھی ۱۰ قدم پر سکول جائے ۔ پ ر ہم یہ نہیں کہیں گے کہ سیٹوں کا تعین کر دیں لیکن اگر آپ یہ مواقع دیہاتی بچوں کو نہ دیں تو ظاہر ہے کہ دور فاصلوں پر سکول جانے اور سکول سے آنے میں انکا وقت ضرور ضائع ہو گا ۔ میں نوابزادہ صاحب سے متفق نہیں ہوں گو انہوں نے مذاق میں کہا تھا کہ دیہاتی لڑکے شہری لڑکوں کے مقابلہ میں بیوقوف ہوتے ہیں ۔ وہ شہریوں سے زیادہ ذہین ہیں لیکن ہماری بد قسمتی ہے کہ ہمیں وہ سہولتیں حاصل نہیں ہیں جو شہری بچوں کو حاصل ہوتی ہیں اسی وجہ سے ہمارے

بچوں کا وقت ضائع ہوتا ہے اگر وہ وقت study کرنے کیلئے دیا جائے تو میرے خیال میں کوئی شہری بچہ دیہاتی بچہ کا مقابلہ نہیں کر سکے گا۔

جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں ایک تجربہ کی بنا پر عرض کرتا ہوں ٹرائیبل لوگوں کو یہ رعایت آج کی نہیں ہے بلکہ یہ انگریزوں کے وقت سے رعایت دی گئی تھی اور ظاہر ہے کہ ان وجوہات کی بنا پر دی گئی تھی کہ ان کے یہاں سکول نہیں تھے ان کے پاس سڑکیں نہیں تھیں ان کے پاس دولت نہیں تھی اور اس لئے وہ ابتدائی تعلیم جسے پرائمری کہا جاتا ہے یا میٹرک تک تعلیم وہ ان سہولتوں کے ساتھ حاصل نہیں کر سکتے جیسی کہ دوسرے لوگوں کو وہ سہولتیں حاصل تھیں لہذا انہوں نے اس وجہ سے ان کے لئے کالجوں میں سیٹیں مقرر کر دیں لیکن اگر آپ ان کے کالج سے نتائج نکلوائیں تو میں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ ٹرائیبل لوگ شہریوں سے زیادہ اچھے نمبر حاصل کر گئے ہیں اور صرف اس بناء پر ان کو وہ سہولتیں میسر تھیں جو کہ ان شہریوں کو میسر تھیں اور جو ان کو پہلے میسر نہیں تھیں لہذا میں یہ عرض کروں گا کہ یہ سوال قطعی غلط ہے اور یہ اعتراض قطعی غلط ہے کہ برابر کے حقوق کی خلاف ورزی ہو گی بلکہ میں یہ کہوں گا کہ آئین کی اس شق کی تعمیل ہوگی جس میں یہ کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ہر شخص کو برابر کے مواقع میسر آئیں گے اگر آپ ان کو سکول نہیں دے سکتے سڑکیں نہیں دے سکتے وہاں بجلی نہیں ہے شہری بچے پنکھے کے نیچے پڑھتے ہیں وہاں پنکھے نہیں ہیں تو پھر آپ کو انہیں کسی نہ کسی طریقہ سے compensate تو کرنا ہی پڑے گا ۔ اور اس کا طریقہ یہ ہے

کہ ان کی آبادی کے تناسب سے ان کو کالجوں میں representation دیا جائے - پھر دیکھئے وہ آگے کیا کام کرتے ہیں - جناب والا - اب میں طبقاتی جنگ کے سلسلے میں عرض کروں گا کہ یہ argument قابل قبول نہیں ہے اگر مشرقی پاکستان کو مغربی پاکستان کے مقابلے میں weightage دیا جاتا ہے اور بجٹ میں بھی دیا جاتا ہے - فرنٹیئر ریجینز اور backward ایریاز کو weightage دیا جاتا ہے اور اگر ایسے ہی معاملات کا لحاظ کیا جاتا ہے اور ہم لوگ جو اس ہاؤس میں بیٹھے ہوئے ہیں وہ بھی کسی weightage کے تحت یہاں آئے ہوئے ہیں تو پھر کیا وجہ ہے اور مجھے اس معاملہ میں کوئی وجہ نہیں نظر آتی کہ دیہاتی طبقہ کو ۸۵ - فیصد weightage نہ دیا جائے جو سٹیٹ کا backbone ہے - اس کے بعد جناب والا - میں یہ عرض کروں گا کہ ۸۵ فیصد لوگ اگر پسماندہ سے پسماندہ تر ہوتے گئے اور اگر وہ تعلیم سے بے تعلیم ہوتے گئے اور ان کے مقابلے میں یہ مخصوص شہری طبقہ آگے بڑھتا گیا تو میرے خیال میں ہم کمیونزم کو دعوت دیں گے - آپ کمیونسٹ ملکوں کی مثال لیجئے جہاں صرف اس وجہ سے کمیونزم آیا کہ وہاں دو طبقے بن گئے ایک وہ طبقہ جس نے تمام دولت تمام انڈسٹری تمام ذرائع تعلیم اور تمام سہولتیں سمیٹ لی تھیں اور مزدور طبقہ کی حالت بد سے بد تر ہوتی گئی بالاخر وہ اس حد تک پہونچے کہ وہ بغاوت پر اتر آئے اور انہوں نے ان لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی - جو آسائش اور تعیش کی زندگی بسر کرتے تھے - میں اپنے شہری بھائیوں سے اپیل کروں گا کہ اگر آپ ان ہی نظروں سے دیکھتے رہے تو یہی نقشہ آپ کے سامنے آ جائےگا اور اگر آپ نے دیہاتیوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا اور اگر دیہات ڈاکٹر نہ بنا سکا اگر دیہات انجینیئر نہ بنا سکا اگر دیہات وکیل نہ بنا سکا اور تمام دولت اور تمام ملازمتیں تمام کارخانے

شہریوں کے ہاتھوں میں رہے تو یہ محدود طبقہ یعنی ۸۵ فیصد طبقہ کبھی خاموش نہیں رہے گا اور ایک وقت ایسا آئے گا کہ ۸۵ فیصد آبادی ان پر یلغار کر دے گی اور یہ دولت ان سے چھین لے گی اور ملک کے لئے بھی تباہی کا باعث ہو گی اور ان کے لئے بھی تباہی کا باعث ہوگی ۔ لہذا میں ان سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ ٹھنڈے دل سے غور کیجئے اور سوچئے کہ وہ بھی آپ کے بھائی ہیں اور وہ بھی اسی ملک میں پیدا ہوئے ہیں اور اسی ملک سے تعلق رکھتے ہیں وہ بھی اتنے ہی ذہین ہیں جتنے شہری بچے ہیں ۔ شہری بچے ماں کے پیٹ سے ذہانت لے کر نہیں آئے تھے اگر آپ شہری بچوں کو سہولتیں دیں گے اور دیہاتی بچوں کو سہولتیں نہ دیں گے تو میرے خیال میں یہ بچوں میں تفاوت پیدا کریں گے اور یہ نا انصافی کے مترادف ہو گا ۔ میجر صاحب نے قرآن کی آیات کی تلاوت فرمائی تھی میں بصد احترام ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ قرآن کے احکامات کے بموجب اسلام کا بنیادی اصول برابری کا ہے اور برابری کے اوپر ہمارے مذہب کی بنیاد ہے ۔ قرآن پاک میں آپ جہاں کہیں بھی نظر ڈالیں وہ یہ کہتا ہے کہ ''مساوی مساوی،، اور اسی مساوات کی بناء پر دیہاتی بچوں کو سہولتیں دیجائیں اگر وہ سہولتیں آپ ان کو نہیں دیتے تو آپ ان کو compensate کریں ۔ آپ دونوں چیزیں کر سکتے ہیں اور اگر آپ compensate نہیں کرتے تو یہ آپ تفاوت کرتے ہیں بلکہ قوم میں تفاوت کرتے ہیں اور آپ خود طبقاتی جنگ کے ذمہ دار ہیں ۔ یہ ریزولیوشن طبقاتی جنگ کا ذمہ دار نہیں ہو گا ۔

مسٹر حمزہ (لائل‌پور ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ میرے خیال میں اللہ تعالیٰ نے پیدائیشی طور پر انسان کو ایک جیسا پیدا کیا ۔ چونکہ ہم نے

عملی زندگی میں دیکھا ہے کہ ذہنی قابلیت امیروں اور غریبوں میں مساوی طور پر تقسیم ہے اور یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ وہ قوم جو ذہین بچوں کی تعلیم و تربیت میں لاپروائی برتے وہ دنیا میں کبھی ترقی نہیں کر سکتی - جہاں تک دوسرے مادی مسائل کا تعلق ہے وقتی طور پر آپ ان سے محروم ہو سکتے ہیں لیکن قوم کا وہ فرد جو ذہین ہو اگر اس کو اپنی ذہنی قابلیت کو بروئے کار لانے کے مواقع بہم نہیں پہنچائے جاتے تو اس سے بڑی کسی قوم کے ساتھ یا کسی قوم کے فرد کے ساتھ دشمنی نہیں کی جا سکتی - لیکن حکومتیں یا ریاستیں اس قومی خزانہ سے کس طرح استفادہ کرتی ہیں - اس کے دو ہی طریقے ہیں کہ تمام انسانوں کو تعلیم و تربیت کے برابر کے مواقع مہیا کریں - آج جو مسئلہ ہمارے سامنے زیر بحث ہے وہ یہ ہے کہ شہر میں رہنے والوں کو گاؤں میں رہنے والوں کے مقابلہ میں زیادہ تعلیم کی سہولتیں میسر ہوتی ہیں - اس لئے گاؤں کے طالبعلموں کو تحفظ دیا جائے - لیکن میرے نزدیک یہ قرار داد حکومت پر شدید ترین تنقید ہے ان افراد کی طرف سے جو کہ اس کی حمایت میں تقاریر کر رہے ہیں - چونکہ وہ اس بات کو باالواسطہ تسلیم کرتے ہیں کہ حکومت کے تمامتر دعوؤں کے باوجود آج تک تعلیم کی روشنی سے دیہات کی بیشتر آبادی محروم ہے - جناب سپیکر - میں ان سے ہمنوا ہوں ہماری حکومت کو چاہئیے کہ دیہات میں تعلیم و تربیت کے پھیلانے میں جو سہل انگاری سے آج تک کام لیا گیا ہے اس کو چھوڑیں اور دیہات میں تعلیم کے مواقع زیادہ سے زیادہ مہیا کریں - حزب اختلاف نے ہمیشہ شد و مد کے ساتھ یہ مطالبہ کیا اور ٹھوس تجاویز بھی پیش کیں - جناب سپیکر - ہماری طرف سے مطالبہ ہے کہ کروڑوں روپیہ جو کہ ایک مخصوص طبقہ کے محدود افراد کو تعلیم دینے کے لئے خرچ کیا جاتا

ہے وہ روپیہ عوام کے بچوں کی تعلیم کے لئے صرف کیا جائے ۔ اگر ہماری تجاویز پر عمل کیا جاتا تو میں سمجھتا ہوں کہ میرے دیہاتی بھائیوں کو آج یہ شکایت نہ ہوتی ۔ لیکن میرے دیہاتی بھائیو جہاں دیہات میں تعلیم کے مواقع کم ہیں کیا آپ کو یہ علم نہیں کہ دیہات کے ہاری کا بیٹا ۔ مزارع کا بیٹا چاہے وہ کتنا ہی ذہین کیوں نہ ہو جب تک اس کو مفت تعلیم نہ دی جائیگی ۔ جب تک اس کو مفت کتابیں مہیا نہ کی جائیں گی ۔ جب تک اس کے باپ کی مالی حالت بہتر نہ ہو گی وہ تعلیم نہیں پا سکتا ۔ آپ یاد رکھیے یہی حالت ۔ یہی صورت حال اس شہر میں بسنے والے مزدور کے بچے کی بھی ہے ۔ مجھے شہر کے مزدوروں کے بچوں کی بابت علم ہے ۔ میں ذاتی طور پر جانتا ہوں کہ بعض مزدوروں کے ایسے بھی بچے ہیں جو انتہائی ذہین ہوتے ہیں لیکن ان کا باپ مجبور ہے ۔ ماں مجبور ہے کہ وہ اپنی مالی پریشانیوں کی وجہ سے ان کو تعلیم نہیں دلوا سکتے ۔ مزدوروں کے وہ خوبصورت بچے جن سے وہ اتنی ہی محبت کرتے ہیں جتنی کہ آپ اپنے بچوں سے کرتے ہیں لیکن ہوتا کیا ہے کہ وہ انہیں اپنی مالی مجبوری کی بنا پر ۵/۶/۷/۸ سال کی عمر میں جبکہ وہ ابھی معصوم ہی ہوتے ہیں دوسرے لوگوں کے گھروں میں کام کرنے کے لئے بھیجتے ہیں ۔ وہ دوکانوں پر سودا بیچتے ہیں ہوٹلوں میں لوگوں کو کھانا مہیا کرتے ہیں ان کے سامنے جا کر روٹی پیش کرتے ہیں ۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ تعلیمی سہولتیں جتنی شہروں میں مہیا ہیں اتنی گاؤں میں مہیا نہیں لیکن میں یہ کہوں گا کہ بنیادی مسئلہ اقتصادی ہے ۔ جہاں نوابزادہ صاحب ہمیں انقلابات کی یاد دلاتے ہیں تو میں ان سے کہوں گا کہ ایک دولتمند جو کہ گاؤں میں رہتا ہے وہ اپنے بچوں کو انگلستان میں بھیج کر تعلیم دلوا سکتا ہے لیکن وہ مزدور جو شہر میں رہتا ہے

چاہے کالج یا سکول اس کی جھونپڑی کی دیوار کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو وہ اس کو تعلیم نہیں دلوا سکتا ۔ جناب سپیکر ۔ ہمیشہ وہ احباب جو آج یہ کہتے ہیں کہ گاؤں یا دیہاتوں میں تعلیم کا کیوں مناسب انتظام نہیں کیا گیا وہ کیا اس وقت ایوان میں موجود نہ تھے جب اس ایوان میں میزانیہ پاس ہوا اور ہم لوگوں نے روپیہ ان تعلیمی اداروں پر صرف کرنے کی اجازت دی جہاں محض دولتمندوں کے بچے تعلیم پاتے ہیں ۔ کیا وہی تمام رقومات ہمارے بدنصیب طبقہ کے بچوں کی تعلیم پر صرف نہیں کی جا سکتی تھیں ؟ اس وقت تو آپ خاموش رہے ۔ میں یہ ضرور کہوں گا اس قسم کی قرار دادوں سے سابقہ ذیلدراوں کی خواہش پوری ہو سکتی ہے ان کو خوشی ہو سکتی ہے ۔ خضر حیات خان ٹوانہ کو مسرت ہو سکتی ہے لیکن جب کہ پاکستان کو معرض وجود میں آئے ۲۰ سال گذر چکے ہیں ہمیں قطعاً کوئی مسرت نہیں بلکہ ہمیں یہ احساس ہوتا ہے کہ ہمارے مسائل کتنے پیچیدہ ہیں اور ہمیں کس طرح آگے بڑھنا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں رانا پھول خان صاحب سے انتہائی مودبانہ عرض کروں گا کہ آپ کی طرف سے جو قرار داد پیش کی گئی ہے اگر ہم اس کو پاس بھی کر دیں اور حکومت اس پر عمل در آمد کرنا شروع کر دے اس میں بہت سی بنیادی غلطیاں ہیں اور اس کو عملی جامہ پہنانا بہت مشکل ہو گا اس میں بہت سی دقتیں ہوں گی ۔ کیا آپ کو علم نہیں کہ پسماندہ علاقوں کے طالب علموں کے لئے جو نشستیں آپ نے مخصوص کی ہیں لاہور اور لائلپور اور گوجرانوالہ میں رہنے والے طالب علم کسی نہ کسی طریقہ سے اس علاقے کے باشندے بن جاتے ہیں اور اس علاقے کے طالب علموں کا حق مار کر وہ ان تعلیمی اداروں میں پہنچ جاتے ہیں ۔ لیکن جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ آپ یہ تخصیص نہیں کر سکتے

مجھے شہروں کے بارے میں پتہ ہے اگر آپ ان افراد کو جن کی گاؤں میں جائیداد ہے یہ خوشحال طبقہ شہروں میں رہتا ہے وہ یقیناً دیہاتی بنے گا اور دیہات کے نام پر دیہاتیوں کے حقوق کو پامال کرے گا ۔ یہ چیز میں اس سے پہلے بھی کہتا رہا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے یہ مطالبہ بنیادی طور پر غلط ہے اور اس قسم کے نعرے محض لوگوں کو غلط راستوں پر لگانے کے لئے لگائے جاتے ہیں اور حکومتیں ہمیشہ اس سے فائدہ اٹھاتی رہی ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ میں ہر حکومت سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ غریبوں کی عام انسانوں کی اور اس آبادی کے بارے میں جس کے بارے میں آپ کا فرمان ہے کہ ۸۵ فیصد وہ دیہاتیوں میں رہتی ہے آپ نے اس کی فلاح و بہبود کے لئے کیا اقدامات کئے ہیں ۔ کیا شہر میں رہنے والے تمام دولتمند ہیں؟ کیا گاؤں میں رہنے والے تمام غریب ہیں ۔ میں پوچھتا ہوں کہ دیہات کے وہ بچے جو کہ اپنے زمینداروں کے گھروں میں بیگار کا کام کرتے ہیں ۔ ان کے بچوں کو کھلاتے ہیں ان کے بچوں کی دیکھ بھال کرتے ہین اوران کے دوسرے چھوٹے چھوٹے کام کرتے ہیں اور وہ لوگ جو کہ آج ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ وہاں تعلیم نہیں ہے یقین کیجئے کہ اگر وہاں سکول بھی موجود ہوں گے اور یہی نظام موجود رہا تو مزارعین کے بچے قطعاً تعلیم نہیں پا سکیں گے ۔ اور کوئی زمیندار جو کہ زمیندار ہونے پر فخر کرتا ہے اس کے لئے یہ ممکن نہیں کہ وہ اپنے بچوں کو تعلیم دلوا سکے ۔

ایک ممبر ۔ غلط ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ہم نے یہ عملی زندگی میں دیکھا ہے ۔ میں آپ کو مثال دیتا ہوں کہ تحصیلداروں کی بھرتی کے لئے سب سے پہلے جب یہ پی سی ایس کا چناؤ کرتے تھے حکومت کی طرف سے ہدایات

جاری ہوئیں کہ ان لوگوں کو چنا جائے جو گاؤں سے تعلق رکھتے ہوں لیکن جب حکمرانوں نے دیکھا کہ اس طرح ہم اپنی پسند کے لوگوں کو نواز نہیں سکتے تو حکومت نے اختیارات واپس لے لئے ۔

حکومت یہ اختیارات اپنے پاس رکھتی ہے ۔ میں آج بھی برملا کہتا ہوں کہ اٹھاون تحصیلدار بھرتی کئے گئے ہیں اگر یہ ثابت کر دیا جائے کہ ان میں سے ایک بھی کسی غریب کاشتکار کا بچہ ہے ۔ اور پھر میں اس قرار داد کی حمایت نہ کروں تو مجھ جیسا غدار اور کوئی نہیں ہو سکتا ۔ یہ کہتے ہیں کہ دیہات کے بچے مقابلہ کے امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ وہ جنہیں نوازنا چاہتے ہیں انہیں نہیں نواز سکتے ۔ اگر غریب کاشتکاروں کے بچوں کو نوازنا مقصود ہو تو میں انہیں چیلنج کرتا ہوں کہ اس وقت غریب کاشتکاروں کے کئی فرسٹ ڈویژن گریجویٹ اور فرسٹ ڈویژن ایم ۔ اے جوان بچے موجود ہیں ، جن کو نظر انداز کر کے بڑے بڑے زمینداروں کی سفارشوں سے پاس ہونے والے ، ناجائز طریقوں سے پاس ہونے والے ، تھرڈ ڈویژن میں پاس ہونے والے لڑکوں کو جو overage ہو چکے تھے ، تحصیلدار بنا دیا گیا ہے ہم آج ان کی باتوں سے متاثر ہو جائیں ۔ اگر ان کا ہسٹری شیٹ ہمارے سامنے نہ ہو ہمیں پتہ ہے کہ اس سے پہلے کس قسم کے نعرے لگائے جاتے تھے ۔ اور ان نعروں کی کیا غرض و غایت تھی ۔ ملک میں بد انتظامی کا رونا ہے بے انصافی کا رونا ہے میں جناب نواب زادہ اصغو علی خان صاحب کی خدمت میں عرض کرونگا کہ آپ فرماتے ہیں کہ مقابلہ اسے کہتے ہیں جب دو بیل برابر ہل چلاتے ہوں میں اسے تسلیم کرتا ہوں لیکن یہاں تو مقابلہ کا سوال ہی نہیں ۔ نوکر شاہی اس حد تک آپ کی حکومت نے ہم پر مسلط کر دی ہے کہ ایک سی ۔ ایس ۔ پی کا لڑکا ناجائز ذرائع سے اور سفارش

سے سی - ایس - بی ہو جاتا ہے - ایک طرف آپ اس کی حمایت کرتے ہیں - اور دوسری طرف کہتے ہیں کہ ہم کام کرنے والے کاشتکار ہیں - گرمیوں کی دھوپ میں چاول کاشت کرتے ہیں - میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا - کہ وہ ان دونوں میں سے ایک راستہ اختیار کریں - ایک وقت میں دو باتیں نہ کہیں - یا کاشتکاروں سے ہمدردی کریں - یا حکمرانوں کے ساتھ ملیں - کیونکہ یہ حکومت غریب کاشتکاروں اور مزدوروں کی فلاح و بہبود سوچنے والی حکومت نہیں - اگر یہ حکومت غریبوں اور کاشتکاروں کی بھلائی چاہنے والی ہے تو اس کے بعد میری ایک قرار داد ہے اس میں فیصلہ کر دیجئے کہ گورنمنٹ اپنی ایک کروڑ ایکڑ زمین غریب کاشتکاروں میں تقسیم کر دے -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - حمزہ صاحب اپنے ریزولیوشن پر تقریر فرما رہے ہیں یا میرے ریزولیوشن پر -

مسٹر سپیکر - وہ صرف دلیل پیش کر رہے ہیں اب وہ اگلے پوائنٹ پر آتے ہیں -

مسٹر حمزہ - میرے معزز بھائی نے ایک غلط مفروضہ پیش کیا تھا -

نواب زادہ اصغر علی خان - پوائنٹ آف آرڈر حضور والا - حمزہ صاحب کے بعد مجھے بھی تھوڑا سا وقت دینا چاہئیے کیونکہ انہوں نے مجھے بھی ایڈریس کیا ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان کا استدلال غلط مفروضہ پر مبنی ہے - ان کا مفروضہ یہ تھا کہ ہم دیہات یا گاؤں کے طالب علموں کو فنی اور پیشہ ور تعلیمی اداروں میں ترجیح دیں

گے یا انہیں خاص نشستیں مہیا کریں گے ، تو اس طرح ہمارے ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں جہاں کہ لوگ عام طور پر کام کرنا پسند نہیں کرتے ، وہاں یہ طالب علم کام کرنا پسند کرینگے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ جانتے ہیں کہ اس وقت ہمارے پاس ایسے ڈاکٹروں یا انجینیئروں کی کوئی کمی نہیں ، جو دیہات سے تعلق رکھتے ہیں ۔ ایسے لوگ سینکڑوں نہیں ، ہزاروں کی تعداد میں اس وقت موجود ہیں ۔ مگر اس کے باوجود وہ دیہات میں اپنے بھائیوں کی خدمت کرنے کے لئے تیار نہیں ۔ اس لئے سمجھنا چاہئیے کہ مسئلہ دیہاتی اور شہری کا نہیں ۔ بلکہ اس سے بہت زیادہ پیچیدہ ہے ۔ خدارا اس پر ٹھنڈے مزاج سے غور کرنے کی کوشش کیجئے ۔ محض جذبات میں آنے یا چند حکمرانوں کو خوش کرنے کی ضرورت نہیں ۔ ہمارے بیشتر وزرا صاحبان دیہات سے تعلق رکھتے ہیں ہمارے صدر مملکت اور گورنر صاحب دیہات کے رہنے والے ہیں ۔ ہمیں اس پر قطعاً کوئی اعتراض نہیں ۔ ہمیں ان سے ، ان کی بہت سی پالیسیوں سے شدید اختلاف ہے ۔ لیکن اگر میں یہ کہوں کہ مجھے ان سے اس لئے اختلاف ہے کہ وہ ضلع ہزارہ کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہوئے ، یا گورنر صاحب سے اس لئے اختلاف ہے کہ وہ بلوچستان کے کسی چھوٹے سے گاؤں میں ایک غریب خاندان میں پیدا ہوئے تو یہ ناروا ہو گا ۔ میرے نزدیک یہ چیز ان کے لئے باعث عزت و فخر ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ نواب زادہ اصغر علی ذاتی وضاحت کے سلسلہ میں ۔۔۔۔۔

نواب زادہ اصغر علی خان ۔ حضور والا ۔ جناب حمزہ صاحب نے اشارہ کیا ہے کہ میں گورنمنٹ کی خوشامد بھی کرتا ہوں ۔ اور زمینداروں اور کاشتکاروں کے حق میں بھی کہتا ہوں ۔ وہ تو مجھے بالکل پتہ نہیں

کہ میں نے گورنمنٹ کی خوشامد کون سی کی ہے ۔ میں نے بحیثیت زمیندار یا کاشتکار گورنمنٹ سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ ہم دیہات میں رہنے والے ایسے بڑے بڑے تعلیم یافتہ نہیں ہیں پسماندہ ہیں ، میں نے یہ کہا ہے کہ اگر ترقی ایک جگہ پر مذکور ہو گئی ، تو دیہاتی سب دیہات خالی کرنے کے بعد شہروں کے ارد گرد اکٹھے ہو جائیں گے اور اس سے حکومت کے لئے تکلیف پیدا ہو جائیگی ۔ کیونکہ اپنی اولاد کی تعلیم و ترقی اور بہتری ہر انسان کو سب سے زیادہ عزیز ہوتی ہے ۔ کئی لوگ فی الواقع اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے دیہات چھوڑ کر شہر میں آباد ہو گئے ہیں ۔ اس سے گورنمنٹ کی تکلیفات میں اضافہ ہو گا ۔ کیونکہ شہری آبادی کا اضافہ گورنمنٹ کی ذمہ داریوں میں اضافہ کرتا ہے ۔ تو میں نے تو بحیثیت زمیندار یا بحیثیت کاشتکار بجائے گورنمنٹ کی خوشامد کرنے کے یہ عرض کیا ہے ۔ کہ وہ اپنی جو ترقی ہے ، جس سے پاکستان ایک آزاد مملکت کی حیثیت سے اپنا مقام حاصل کر رہا ہے ، اسے دیہات میں بھی پھیلائیں ۔

میاں محمد اسلام (رحیم یار خاں ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میں رانا صاحب کی قرار داد کی پوری پوری تائید کرتا ہوں ۔ (تالیاں) ہمارے دیہات میں جو تکالیف ہیں ۔ اگر وہ شہروں میں ایک سال کے لئے آجائیں تو ان کی بے چینی کسی وقت بھی ختم نہیں ہو گی ۔ جناب والا ۔ ہمارے دیہات میں چار لاکھ آبادی کے لئے ایک ہائی سکول ہے ۔ جب کہ شہروں کے لئے پچاس ہزار کی آبادی کے لئے دو تین ہائی سکول ہیں ۔ میں وزیر تعلیم کی خدمت میں گذارش کرونگا ، بلکہ ان سے پر زور اپیل کرونگا ۔ کہ ہمارے دیہات کے لئے علیحدہ کوٹا مقرر کیا جائے ۔ تاکہ سی ۔ ایس ۔ پی افسران ہمارے دیہات میں سے بھی منتخب ہوں ۔ دیہات کے یہ افسران ہماری تکالیف کو زیادہ بہتر سمجھیں گے یہ

نسبت شہری افسران کے ۔ شہر کے جو سی ۔ ایس ۔ پی افسران ہیں ۔ اس پر میں تنقید نہیں کرتا لیکن افسوس کی بات ہے کہ تمام شہری جو سی ۔ ایس ۔ پی مقرر ہو کر آتے ہیں وہ جب گرداوری کرنے کے لئے جاتے ہیں تو ان کو کوئی پتہ نہیں ہوتا کہ گندم کیا چیز ہے ۔ گنا کیسے کاشت کیا جاتا ہے ۔ ہمارے دیہاتی جو افسر منتخب ہوں گے ان کو ہماری تمام تکالیف اور ہمارے حالات کا علم ہو گا اور وہ ہماری تکالیف کو رفع کرنے کی پوری کوشش کریں گے ۔

جناب والا ۔ میں وزیر صاحب کی خدمت میں بھی گذارش کرتا ہوں کہ ڈویژنل کونسل سے جو بھی سکولز کمشنر صاحب سے سفارش ہو کر آتے ہیں ان کے دفتر میں آ کر ایسا ہوتا ہے کہ ایک تحصیل کے تمام کے تمام سکولز منظور ہو جاتے ہیں اور باقی تمام کے تمام سکولز ختم ہو جاتے ہیں ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ اس کیلئے کوٹا مقرر کیجئے تحصیل وار اور ضلع وار پورے پورے حقوق ملنے چاہئیں ہمارے جو ہائی سکولز ہیں ان کی کمی کو پورا کرنے کیلئے توجہ فرمائیں ۔ اور ان حالات میں گورنمنٹ ان پر نظر ثانی کرے اور ہمارے کوٹا میں اضافہ کرے ۔

جناب والا ۔ میرے بھائی حمزہ صاحب نے کہا ہے کہ ہمارے صدر محترم اور گورنر صاحب دیہات کے رہنے والے ہیں میں ان سے اتفاق کرتا ہوں ہمیں اس بات کی خوشی ہے مگر اسکے ساتھ ہی ساتھ سی ۔ ایس ۔ پی آفسر میری نظر میں کوئی ایسا نہیں ہے جو دیہاتی ہو ۔ ہمیں اس بات کا کوئی رنج نہیں ہے کہ شہر میں سے کیوں ہیں لیکن اگر دیہات سے ہولگے تو تمام حالات و واقعات کا ان کو پوری طرح سے علم ہو گا ۔ وہ رشوت نہیں لیں گے اور اتنی کرپشن نہیں ہو گی اس لحاظ

سے وہ ہماری پوری معاونت اور امداد کریں گے ۔

آخر میں میں جناب وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ وہ ہمارے تمام مطالبات پر پوری ہمدردی کے ساتھ غور فرمائیں ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی - سبی) - جناب سپیکر - میں رانا پھول محمد صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ایک نہایت ہی اہم ریزولیوشن اس ہاؤس میں بحث کیلئے پیش کیا ہے جس کی میں تائید کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔ مجھے اپنے دوست حمزہ صاحب سے یہاں تک تو اتفاق ہو سکتا ہے کہ شہری غریب مزدوروں کے بچوں کے لئے بھی وہی سہولتیں میسر ہونی چاہئیں اور ان کو بھی وہی سراعات ملنی چاہئیں تا کہ وہ امیر اور اچھے طبقے کے بچوں کے ساتھ اپنی تعلیم مکمل کر سکیں ۔ اور وہ اپنے جوہر دکھا سکیں ۔ لیکن جہاں تک انہوں نے اس مسئلہ کے ٹیکنیکل پہلو پر کہا ہے کہ اس پر عمل در آمد نہیں ہو سکتا تو اس کیلئے میں کوئٹہ قلات کی مثال دوں گا جہاں پر یہ مسئلہ پہلے کسی نہ کسی صورت میں قائم ہے ۔ جیسا کہ آپکو معلوم ہو گا کہ کوئٹہ قلات پسماندہ علاقہ کیلئے پہلے ہی سیٹیں مقرر کی ہوئی ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - آپ یہ جان کر بہت خوش ہونگے کہ کوئٹہ قلات بہت پسماندہ علاقہ ہے اور وہاں سے خاص مفادات اٹھانے کیلئے ہمارے بعض دوست سیالکوٹ کے رہنے والے ہوتے ہیں اور وہ وہاں منتقل ہو جاتے ہیں کیونکہ وہاں کاروبار بہتر چل سکتا ہے ۔

بابو محمد رفیق ۔ جہاں تک ان کا یہ سوال ہے یہ طریقہ وہاں پر پہلے آزمایا جا چکا ہے جو انہوں نے اعتراض کیا ہے کہ پنجاب کے

لوگ یا سندھ کے لوگ وہاں سے ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ حاصل کر کے سیٹوں پر آسکتے ھیں میں ان کی خدمت میں گذارش کروں گا یہ مسئلہ بھی حل کر لیا گیا ھے ۔ یہ اس طرح حل ھوا ھے کہ جو بچے وھاں پرائمری یا مڈل یا میٹرک میں تعلیم پاتے ھیں اسکو تصدیق کرکے ھم نے اپنی سیٹیں لینی ھیں ۔ اب خواجہ صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ انھوں نے وزرا کے متعلق کہا ھے کہ ان کی جائیدادیں دیہات میں ھیں یا دوسرے بعض لوگوں کی جائیدادیں دیہات میں ھیں لیکن وہ شہروں میں آکر بس گئے ھیں میں انہیں دیہاتی نہیں کہوں گا بلکہ میں ان لوگوں کو دیہاتی کہوں گا جن کے بچے پرائمری ،مڈل یا ھائی سکولوں میں وھاں تعلیم پاتے ھیں جنہیں یہ سہولتیں میسر نہیں ھیں جو شہروں میں میسر آ سکتی ھیں ۔ میری نظر میں وہ دیہاتی لوگ ھیں جنکو سہولتیں میسر نہیں نہ کہ وہ لوگ جن کے بچے بڑے بڑے شہروں میں ھوں اور انہیں تمام سہولتیں وغیرہ میسر آ سکتی ھوں ۔ رانا صاحب کا مطلب یہ تھا کہ ان بچوں کیلئے صحیح مراعات اور سہولتیں گاؤں میں اور دیہاتی علاقوں میں میسر نہیں آتیں ان کیلئے مخصوص کوٹا مقرر کیا جائے تا کہ وہ بھی ھر شعبہ زندگی میں اپنے مقام حاصل کر سکیں ۔

جناب والا ۔ ان گزارشات کے ساتھ میں اس ریزولیوشن کی تائید کرتا ھوں ۔

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ ۔ ۴) ۔ جناب والا ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب کی تقریر کو سنے ھوئے بڑا عرصہ ھو گیا ھے اور اس ھاؤس میں کافی وقت گزر گیا ھے لیکن میرے ذھن میں ابھی تک وہ تازہ ھے ۔ ان کی تقریر اس قدر موثر تھی ۔ اس قدر جامع تھی لیکن وہ بالکل اس قسم کی تقریر تھی جس سے معلوم ھوتا تھا کہ وہ اپنے اصل نقطہ سے

ہٹ کر تھی کسی طور پر بھی وہ اپنے پوائنٹ کو نہیں جیت سکے ۔ جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے اپنی تقریر میں ایک پوائنٹ بیان کیا اور اس کی مختلف شکلیں ہمارے سامنے پیش کیں ان کا کہنا یہ ہے کہ قوم کو ذہین ترین بچوں کی ضرورت ہے اس لئے یہ کوٹا سسٹم جو رانا پھول محمد خان صاحب نے اپنے ریزولیوشن میں پیش کیا ہے اس کو منظور نہیں کرنا چاہئیے ۔ پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر ذہین ترین بچے صرف شہروں میں پیدا ہوتے ہیں تو ان کی پارٹی کی طرف سے دوسرے اصحاب نے فرمایا کہ ذہنی طور پر شہری اور دیہاتی میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا ۔ اس کے بعد خواجہ صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے ۔ اور انہوں نے پہلی تقریروں میں کئی دفعہ کہا ہے کہ اگر اکنامکس کے میدان میں جائیں تو اس کے متعلق آپ کہتے ہیں کہ جن لوگوں کے پاس دولت زیادہ ہے ان کے لئے کوئی ایسے ذرائع اختیار کئے جائیں کہ دولت عوام تک پہنچ جائے ۔ جب وہ انڈسٹریز کے میدان کے متعلق بات کرتے ہیں تو وہاں پر یہ کہتے ہیں کہ ایسے ذرائع اختیار کئے جائیں کہ جن لوگوں کے پاس زیادہ انڈسٹریز ہیں وہ ایسے علاقوں میں چلی جائے جہاں پر انڈسٹریز پہلے نہیں ہیں ۔ یا ان لوگوں کو انڈسٹریز دی جائیں جن کے پاس پہلے انڈسٹریز نہیں ہیں ۔ جب یہ فوج کے متعلق کہتے ہیں تو یہ پارٹی لیول پر یہ کہتے ہیں کہ ہر طبقہ سے فوج میں آدمی ہونے چاہئیں لیکن جب تعلیم کے میدان میں ہم بات کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ لوگ زیادہ فنی تعلیم حاصل کر رہے ہیں وہ دیہات والوں کو کیوں تعلیم نہیں مل رہی ہے مہربانی کر کے دیہات والوں کو بھی فنی تعلیم دی جائے وہاں پر یہ ہمارے آڑے آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ذہین ترین لڑکے نہیں مل سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ گورنمنٹ کا مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ ایسا کام کرے جو کہ انسان انفرادی طور پر نہ کر

سکے - یہ اتنا بڑا مسئلہ ہے یہ ۸۵ فیصد آبادی کی تعلیم کا مسئلہ ہے یہ کوئی آدمی انفرادی طور پر پورا نہیں کر سکتا اس لئے اس مسئلہ کے لئے گورنمنٹ کی امداد کی ضرورت ہے - جو بچے ایسے علاقوں میں ہیں جہاں پر تعلیم عام نہیں ہے وہ ان کا مقابلہ کیا کریں گے وہ بچے تو اس ماحول میں نہیں پلے ہیں - رانا پھول محمد خاں صاحب کے ریزولیوشن کو غور سے دیکھیں جو کہ اپوزیشن کی طرف سے کسی نے پڑھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی میں سمجھتا ہوں کہ صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ نے بھی اس کو غور سے نہیں پڑھا ہے - انہوں نے صرف یہ کہا ہے کہ پروفیشنل کالجوں میں سکولوں میں پولی ٹیکنک Institutes میں ان لڑکوں کو داخلہ دیا جائے جو آبادی کے تناسب سے دیہاتی سکولوں سے آئے ہیں یہ کہیں نہیں کہا گیا دیہاتی شہروں میں آ کر وہی فوائد حاصل کرتا ہے جو شہر والوں کو حاصل ہیں - - -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - وقت ختم ہو رہا ہے یا تو وقت بڑھا دیا جائے یا پھر انور عزیز صاحب کی تقریر ختم ہونے تک وقت بڑھا دیا جائے -

مسٹر سپیکر - وقت نہیں بڑھایا جا سکتا ہے - آپ تشریف رکھیں -

چودھری انور عزیز - جناب والا - مختلف طریقوں سے یہ الزام لگانے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ ریزولیوشن کسی نہ کسی طبقاتی جنگ کو ہوا دے رہا ہے - اگر اس کو غور سے دیکھا جائے تو وہ سیاسی حقیقتیں بھی آپ کے سامنے آئیں گی - سیاست میں بھی اکثریت کو لوگوں کے ووٹ حاصل ہوتے ہیں اور جن لوگوں کو ووٹ حاصل ہوتے ہیں وہ اپنا حق بھی مانگتے ہیں - آج دیہاتی اس قدر چوکنا ہے وہ اس قدر

پڑھ گیا ہے کہ وہ اپنا حق مانگنے لگ گیا ہے ۔ اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں بھی اس قسم کی مراعات دی جائیں جو کہ شہریوں کو میسر ہیں جن کے اوپر میرا ٹیکس بھی خرچ کیا جاتا ہے تو میں سمجھتا ہوں اس سے کوئی طبقہ بھی جنگ کو ہوا نہیں دے رہا ہے بلکہ وہ اپنا حق مانگ رہا ہے جو کہ اس کو ملنا چاہئے ۔

خواجہ صاحب نے مذہب کے نام کو بھی درمیان میں لانے کی کوشش کی ہے کہ ہم سب مسلمان ہیں تو خواجہ صاحب کو شاید یہ علم نہیں ہے کہ مذہب دو دھاری تلوار ہے ۔ جب ہم پر حملہ کرتے ہیں تب تو وہ مذہب کا سہارا لے لیتے ہیں لیکن جب ہمارے حق کی بات آتی ہے تو پھر وہ یہ کہتے ہیں کہ یہ بات غیر مذہبی ہے ۔ اگر مذہب کی بات یہی ہے کہ شہریوں کو یہ حقوق دیئے جائیں اور دیہاتیوں کے بچوں کو یہ کہہ دیا جائے کہ چونکہ وہ پہلے ہائی سکولوں سے اچھی تعلیم حاصل نہیں کر سکے ہیں اس لئے پولی ٹیکنیک انسٹیٹوٹس میں ان کو داخلہ نہیں مل سکتا اور یہ کہ اچھے بچے صرف شہروں ہی میں ہوتے ہیں تو یہ کہاں کا اسلام ہے ۔ اسلام تو ہے یہ کہ آپ بھی ہمارے ساتھ مساوات کا سلوک کریں ۔

Mr. Speaker : The Member may please resume his seat. It is now 1·30 p.m.

PROROGATION OF THE ASSEMBLY

Mr. Speaker : I have received the Order of Prorogation, which I will read before the House.

> In exercise of the powers vested in me by clause (1) of Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Muhammad Musa, Governor of West Pakistan, hereby prorogue the Provincial Assembly of West Pakistan with effect on and from the afternoon of 6th July 1967.

The Assembly is, therefore, prorogued.

The Assembly then stood prorogued.

APPENDIX I

(Ref: Starred Question No. 3809)

THE STATEMENT SHOWING THE NAMES AND ADDRESSES UNITS ALONG WITH THE QUOTA AND VALUE OF BIDI LEAVES ISSUED TO THEM BY LAHORE ZONE.

S.No.	Name of Units	Quantity	Amount
1	2	3	4
1	M/s Haji Bidi Factory, P.O. Amarsiddu, Ferozepur Road, Lahore.	8 bags and 7 puddas.	Rs. 4,318.22
2	M/s M. Munawar & Sons, Chowk Badar Din, Icchra, Lahore.	6 bags	3,000.00
3	M/s Pak United Traders, Kacha Shirazi Chowk Mattee Shad Bagh, Lahore.	20 bags	10,000.00
4	M/s Ashfaq Ahmad (Rani Bidi Factory) 145/2 Shad Bagh, Lahore.	8 bags	4,000.00

APPENDIX

9419

1	2	3	4
5	M/s Sultan Bidi Factory, Paisa Akhbar, Lahore.	8 bags	4,000.00
6	M/s Muhammad Aziz Khan and Co., Karishan Gali No. 4, Rly. Road, Lahore.]	30 bags	15,000.00
7	M/s Crown Bidi Factory, Kardar Park, Lahore.	42 bags	21,000.00
8	M/s Siraj Bidi Factory, Bazar Kalan, Chiniot, Jhang Sadar.	4 bags	2,000.00
9	M/s Rais Bidi Factory, Paisa Akhbar Building, Lahore.	10 bags	5,000·00
10	M/s Saleem and Co. 29-Brandreth Road, Lahore.	13 bags	6,500.00
11	M/s Musawar Hussain Rizvi, Arjan Road, Karishan Nagar, Lahore.	7 bags	3,500.00
12	M/s Data and Hazara Bidi Factory, Shad Bagh, Lahore.	28 bags	14 000 00
13	M/s Khushnood Bidi Factory, Takya Said Shah, Mohani Road, Lahore.	7 bags	3,500.00
14	M/s F M. Qureshi Bidi Mfg., Paisa Akhbar, Anarkali, Lahore.	13 bags	6,500.00
15	M/s Top Chap Bidi Factory, Railway Road, Lahore.	26 bags	13,000.00

1	2	3	4
16	M/s Associated Commerce, Anarkali, Lahore.	17 bags	8,500.00
17	M/s Rafia Bidi Factory, Bhati Gate, Lahore.	10 bags	5,000.00
18	M/s National Bidi Factory Mayo Road, Lahore.	26 bags	13,000.00
19	M/s Zareen Trading Corporation, Rang Mahal, Lahore.	15 bags	7,500.00
20	M/s S. Ghulam Muhammad Bidi Factory, Baghbanpura, Lahore.	11 bags	5,500.00
21	M/s Muhammad Yousuf and Co., Lohari Gate, Lahore.	9 bags	4,500.00

STATEMENT (RAWALPINDI)

S.No.	Name & Address of the Party	Quantity bags	Value Rs.	Date of release
1	2	3	4	5
1	Punjab Bidi Factory u/47-A Raja Bazar Rawalpindi.	15	7,500.00	13-1-1965
		30	15,000.00	25-10-1965
		23	10,450.00	25-10-1965
		25	12,500.00	6-1-1965
		93	45,465.00	
2	S Wahid Ali, 4-G/273 Wah Cant.	11	5,500.00	13-1-1965
		17	7,735.00	25-10-1965
		25	12,500.00	6-1-1966
		53	25,735.00	

1	2	3	4	5
3	Tariq Bidi Factory, Zafarul Haque Road, Rawalpindi.	20	10,000.00	13-1-1965
		23	10,000 00	25-10-1965
		25	12,500.00	6-1-1966
		68	32,965.00	
4	Faiz Bidi Factory, T/64., Bradari Road, Rawalpindi.	17	9,500 00	13-1-1965
		22	10,010.00	25-10-1965
		25	12,500.00	6-1-1966
		64	32,375.00	
5	Abu Naraira Nasim Ahmed & Co. R/651 Naya Mohala, Rawalpindi.	23	11,500.00	13-1-1965
		25	11,375 00	25-10-1965
		25	12,500,00	6-1-1966
		73	35,375.00	
6	Khalid Bidi Factory, H/848 Nitarpura Chaklala Road, Rawalpindi.	7	3,500 00	22-2-1966

1	2	3	4	5
7	A. Raquim, 7 F/233 Wah Cantt.	7	3,500.00	21-2-1966
8	Azad Bidi Factory, Gowalmandi, Rawalpindi.	7	3,500.00	22-2-1966
		4	2,000.00	11-5-1966
9	Asif Bidi Factory, Mamoofi Road, Rawalpindi.	7	3,500.00	22-2-1966
10	Hamdard Bidi Factory, Gowalmandi, Rawalpindi.	7	3,500.00	22-2-1966
		4	2,000.00	11-5-1966
11	Jamal Bidi Factory, F/14, Chittian Hattian, Rawalpindi.	7	3,500 00	22-2-1966
12	Bina Bidi Factory, R/437, Circular Road, Rawalpindi.	4	2,000.00	7-5-1966

STATEMENT SHOWING THE DISTRIBUTION OF BIDI LEAVES
PESHAWAR ZONE.

S. No.	Name of the Unit	Month	Qty. issued	Price
			Bags.	Rs.
1	S. Bashir Din and Co., Peshawar Cantt.	March, 1965	18	9,000 00
2	Afghan and Co.	March, 1965	18	9,000.00
3	Farid Khan and Co., Swabi, District Mardan.	May, 1965	50	25,000.00
4	S. Bashir Din and Co., Peshawar Cantt.	May, 1965	50	25,000.00
5	Tariq Bidi Factory, Peshawar City.	May, 1965	50	25,000.00
6	Ijaz Bidi Factory Peshawar Cantt.	May, 1965	30	15,000.00
7	Farid Khan and Co., Swabi, District Mardan.	Oct. 1965	40	20,000.00
8	S. Bashir Din and Co., Peshawar Cantt.	Nov. 1965	14	7,000.00
9	Tariq Bidi, Factory, Peshawar City.	Nov. 1965	14	7,000.00
10	Mirza Bidi Factory Peshawar Cantt.	Nov. 1965	10	5,000.00

STATEMENT SHOWING THE DISTRIBUTION OF BIDI LEAVES MULTAN

S. No.	Name of the Unit	Month	Qty. issued in Bags.	Price in rupees
1	M. S. Bashir & Co., Bidi Mfg. 2076/Hussainagahi, Multan.	January, 1966	8	40,000.00
2	do	February, 1966	18	9,000.00
3	Salim Bidi Manufacturing, 766-Khaji Mohalla, Multan,	January, 1966	5	2,500.00
4	do	February, 1966	15	7,500.00
5	Rafique & Co. 547/Haram Gate, Multan.	January, 1966	3	1,500.00
6	Qaumi Corporation, Chowk Bazar, Bahawalpur.	do	8	40,000 00
7	do	February, 1966	15	7,500.00
8	Rafique & Co. 547/Haram Gate, Multan.	January, 1966	10	5,000.00

PROFORMA SHOWING DISPOSAL OF RAW MATERIAL.

FEBRUARY/MARCH 1965 OLD, UNITS.

S. No.	Name & Location of the Industry.	Name of industry under which classified	Redg. No. & date of the visit	Description of material	L.C. No.	Selling price in Rs.	Qty. issued Bora-Pura	Value in Rs.	Material lifted/ unlifted	Balance	Remarks
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
	THATTA										
1	Muhammad Siddiq son of Jumo Soomro at village Daroo, Distt. Thatta.	Biri Mfg.	...	Beedi leave	L.C. No. 18288 & 18597	500	0-3	125	Lifted		
2	Umar, son of Kasim Soomro, Shahi Bazar at Daroa' Thatta.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
3	Muhammad Ramzan Muhammad Alam at Daroo Thatta.,	do	...	do	do	500	1-3	625	do		
4	Budhomal Nathomal at Jhimpir	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
5	Heman das Assomal at Jhimpir	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
6	Hotomal Ishardas at Jhimpir	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
	SUKKUR										
7	Aslam Biri Factory Market, Chabutra Chowk at Rohri.	do	...	do	do	500	1-3	625	do		
8	Punhoo son of Shahoo Laharki Bazar at Rohri.	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
9	Hassan Ali Datar Dino Sh., Old Fish Market at Rohri.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
10	Mukhdoom Shafi Muhammad son of Abdullah at Dargh Gali at Rohri.	do	...	do	do	500	1-0	500	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
11	A. Hussain Biri Factory, Shahi Bazar, Rohri.	do	...	do	do	500	18-0	9,000	do		
12	Akhtar Beedi Factory, Prop. Akhtar Hussain, H. No. 249-A, Rohri.	do	...	do	do	500	1-3	625	do		
13	Jamaluddin, son of Yakoob, Shahi Bazar at Rohri.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
14	Haji Muhammad son of Shahib Dino, Dhak Bazar, at Rohri.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
15	Muhammad Hashim, Dhak Bazar, Rohri.	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
16	Muhammad Ibrahim son of Nathu, Station Road, at Rohri.	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
17	Sh. Shafi Muhammad son of Batar Dino, at Rohri.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
18	Muhammad Hussain, son of Hadi Bux, Lohrki Bazar at Rohri.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
19	Shaheen Bidi Works, Khatri Pura, B-90, Sukkur.	do	...	do	do	500	7-6	3,750	do		
20	Charagh Ali son of Munawar Ali.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
21	Sukkur Bidi Factory, Prop. Gobind Ram, B-3/1735, She. Sheen, Street, Near Miani Road, Sukkur.	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
22	Zakir Bidi Works, Prop. Zakir Muhammad Sharif, Ghari-abad, Sukkur.	do	...	do	do	500	1-6	750	do		
23	Lal Bux, son of Jan Muhammad Bidi Mfg. Chari, Sukkur.	do	...	do	do	500	1-0	500	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
24	Abdul Nabi Bakhsh, Neemki Chari, Sukkur.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
25	Ghulam Hussain Ali Muhammad, Minara Road, Sukkur.	do	...	do	do	500	1-0	500	do		
26	Kabir Ahmad son of Rajab, Shikar Pur Road, Sukkur.	do	...	do	LC18288 & 18597	500	0-6	250	do		
27	Abdul Majid son of Ghulam Sarwar, 196/2, Neemak Chari, Sukkur.	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
28	Sehraj son of Jewanmal at Panun Akil, Sukkur.	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
29	Hondraj son of Johamal, Shahi Bazar, at Ghotki.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
30	Kachomal Goplamal near Shahi Bazar, at Ghotki.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
31	Topanmal at Shahi Bazar, Ghotki.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
32	Nanikmal son of Viroomal, Shahi Bazar at Ghotki.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
33	Dulhamal Didomal, Shahi Bazar at Ghotki.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
34	Sabir Ali Khan at Ghotki	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
35	Ghashmal Totamal at Ghotki	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
36	Muhammad Ramzan, Urdu Bazar at Sheikhpura.	do	...	do	do	500	0-3	125	do		
37	Shaheen Bidi Works, Lakhidar at Sheikhpura.	do	...	do	do	500	31-9	15,875	do		
38	King Bidi Factory, Thakerthi Bazar Store Gang, at Sheikhpura.	do	...	do	do	500	1-6	750	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
39	Rawalmal son of Dhanrajmal at Madhaji, Tehsil Ghari Yasin,	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
	KHAIRPUR										
40	Ghulam Nabi son of Pir Bux, Shahi Bazar at Rani Pur.	do	...	do	do	500	2-9	1,375	do		
41	Nabi Bux son of Muhammad Ramzan, Shahi Bazar at Rani Pur.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
42	Allah Wasayo son of Dhani Bux, Shahi Bazar, Rani Pur.	do	...	do	do	500	1-3	625	do		
43	Memon Muharram Ali son of Penyal Khan, Memon Mohallah, Ranipur.	do	...	do	do	500	1-6	750	do		
44	Arab son of Muhammad Ramzan at Ranipur.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
45	Muhammad Daood at Ranipur	do	...	do	do	500	1-0	500	do		
46	Jindal son of Karal at Ranipur	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
47	Atta Muhammad, son of Gul Muhammad at Ranipur, Taluka Gambat.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
48	Shafi Muhammad son of Dur Muhammad, Chausol Bazar at Khairpur.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
49	Ganshomal son of Techomal, Shahi Bazar at Khairpur.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
50	Bhajomal son of Shewanmal Vegetable Market at Khairpur.	do	...	do	do	500	1-6	750	do		
51	Thakemal son of Lekhemal, Mohallah Ali Raza Shah at Khairpur.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
52	Abdul Wahid Noor Khan, Jilani Mohallah at Khairpur.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
53	Moula Bux son of Muhammad Ashar Soomro, Mall Road, Khairpur.	do	...	do	do	500	2-0	1,000	do		
54	Rijho Wohramal, Mohallah Ali Raza Shah at Khairpur.	do	...	do	do	500	0-6	250	do		
55	Muhammad Yousuf Gul Muhammad, Shahwani B/Mfg. Mall Road at Khairpur.	Biri	...	do	do	500	2-3	1,125	do		
56	Sakhimal son of Takhumal, Shahi Bazar, Khairpur.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		
57	Habib Rehman son of Jamaluddin, Ghosal Bazar, Khairpur.	do	...	do	do	500	1-0	500	do		
58	Ali Dino son of Amir Bux, Daya Shahi Bazar, Khairpur.	do	...	do	do	500	0-9	375	do		

1.	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
59	Mr. Janmal son of Desoomal Shahi Bazar, Luqman.	do	...	do	do	500	1-3	625	do		
60	Ideal Bidi Factory, Prop. Lal Bux son of Mistri Motal Sheikh Shahi at Khura, Taluka Gambat.	do	...	do	do	500	0-5	250	do		
61	Leco son of Razik Dino Domani, Shahi Bazar at Khura.	do	...	do	do	500	1-0	500	do		
62	Faiz Muhammad son of Yar Muhammad Memon Shahi Bazar at Khura.	do	...	do	do	500	1-6	750	do		
63	Lal Bux son of Kanwan Shahi, Shahi Bazar at Gambat.	do	...	do	do	500	1-0	500	do		

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12
